فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّيْنِ

فتاویٰ قاسمیہ

منتخب فتاویٰ

حضرت مولانا مفتی شبیر احمد القاسمی

خادم الافتاء و الحدیث جامعہ قاسمیہ

مدرسہ شاہی مرادآباد، الہند

(جلد ۱۳)

المجلد الثالث العشر

بقية النكاح

الى باب المهر

۵۳۴۹ ـــــــــ ۵۹۴۳

ناشر

مکتبہ اشرفیہ، دیوبند، الہند

01336-223082

فتاویٰ قاسمیہ

صاحب فتاویٰ

حضرت مولانا مفتی شبیر احمد القاسمی

پہلا ایڈیشن محرم الحرام ۱۴۳۷ھ

ناشر

مکتبہ اشرفیہ، دیوبند، ضلع سہارنپور، الھند

01336-223082

ASHRAFI BOOK DEPOT

DEOBAND, SAHARANPUR, INDIA

Phone: 01336-223082

Mob. : 09358001571،08810383186

مکمل اجمالی فہرست ایک نظر میں

❖❖ ❍❖❍

فہرست مضامین

۱۵/ بقیة کتاب النکاح

۱۰/ باب الشهود والتوکیل في النکاح

مسئلہ نمبر .... صفحہ نمبر

۱۱/ فون،انٹرنیٹ اور کورٹ میرج کا نکاح

۱۲/ باب النکاح الصحیح

١٣/باب من یحل نکاحه

۱۴/باب نکاح الحاملة والمزنية

۱۵/ باب من لا یحل نکاحہ

۱۶/ باب استبراء الرحم

۱۷/ باب المحرمات

۱۸/ باب المحرمات بالصهرية

۱۹/ باب الجمع بین المحارم

۲۰/ باب النکاح الفاسد والباطل

۲۱/ باب نکاح منکوحة الغیر

۲۲/ باب نکاح المعتدة

۲۲/ باب نکاح المطلقه

۲۴/ باب الولایۃ والکفاءۃ

۲۴/باب خیار البلوغ

۲۵/ باب المهر

۱۵/ بقیة كتاب النكاح

(۱۰) باب الشهود والتوكيل في النكاح

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا ☆ عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

کراماً کاتبین کو گواہ بنا کر نکاح کرنا

۸ سوال [۵۳۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مثلاً ہندہ ہے جو کہ عاقلہ، بالغہ اور تعلیم یافتہ ہے اور زید یہ بھی بالغ عاقل اور تعلیم یافتہ ہے، دونوں ایک ہی خاندان کے ہیں اور ایک ہی محلّہ میں رہتے ہیں، ہندہ نے بغیر اپنے والدین اور دیگر گھر والوں کی اجازت کے زید سے اپنا نکاح اپنی پسند اور مرضی سے کرلیا یعنی ہندہ اور زید نے چھپے طور سے بغیر اپنے والدین اور دیگر گھر والوں کی اجازت سے اپنے اپنے پسند اور خوشی سے نکاح کر لئے اور حق زوجیت بھی کرنے لگے اور اس نکاح کو قریب قریب دو ماہ ہوگئے ہیں اور ابھی تک ان دونوں کے گھر والوں کو یہ معلوم نہیں ہوا کہ زید اور ہندہ دونوں میں زوجیت کا رشتہ قائم ہوگیا۔ تو سوال یہ ہے کہ یہ نکاح درست ہوا کہ نہیں اور گواہ کراماً کاتبین جو دو فرشتے ہیں، ان کو مقرر کئے ہیں یعنی کراماً کاتبین جو دو فرشتے ہیں، ان کو گواہ بنا کر زید اور ہندہ نے اپنا نکاح کیا ہے، تو آیا کراماً کاتبین فرشتوں کو گواہ بنا کر نکاح کرنا درست ہے کہ نہیں؟ چونکہ یہ مسئلہ بہت سنگین اور پیچیدہ ہے۔ اور نیپال میں واقع ہوا ہے؛ اس لئے اس کا جواب قرآن وحدیث کی روشنی میں مکمل ومدلل مع تفصیل اور حوالے کے جلد از

جلد جواب دینے کی زحمت فرمائیں مہربانی ہوگی۔

المستفتی: محمد قاسم آزاد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کراماً کاتبین (دوفرشتوں) کوگواہ بنا کر جونکاح منعقد کیا گیاہے، وہ شرعاً باطل ہے، وہ دونوں شرعاً میاں بیوی نہیں کہلائیں گے، دونوں کا ساتھ رہنا حرام کاری ہوگا۔ نکاح کے صحیح ہونے کیلئے دومسلمان مرد یاایک مسلمان مرداوردو عورتوں کاموجود ہونا شرط ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/۸۵)

اوراللہ تعالیٰ حاضروناظر ہیں، اس کے باوجوداللہ کوگواہ بنا کرنکاح کیاجائے، تو درست نہیں ہے؛ بلکہ ایمان کاخطرہ ہے۔

تزوج امرأة بشهادة الله ورسوله لم يجز ؛ بل قيل يكفر الخ .

(در المختار، كراچي ۳/ ۲۱، زكريا ٤ /۸۷)

وشرط حضور شاهدين (إلى قوله) مسلمين لنكاح مسلمة الخ .

(الدر المختار، كراچي ۳/ ۲۱ زكريا ٤ /۸۷-۹۱۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

الجواب صحیح:	کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ	۴/ربیع الاول ۱۴۱۱ھ
۱۴۱۱/۳/۴ھ	(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/ ۲۱۴۸)

کیا صحت نکاح کے لئے شرعی نصاب شہادت لازم ہے؟

سوال [۵۳۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کسی نے دوگواہوں کے سامنے نکاح نہیں کیا؛ بلکہ جس لڑکی سے ایجاب وقبول کیا اس کے علاوہ دوبالغہ لڑکیاں موجود تھیں انہوں نے سنا؟ اس صورت میں نکاح ہوایانہیں؟

المستفتی: عبداللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح صحیح ہونے کے لئے دو مسلمان مرد یا ایک مسلمان مرد اور دو مسلمان عورتوں کا بطور گواہ موجود ہونا لازم ہے، لڑکا لڑکی کے علاوہ صرف دو عورتیں یا دو بالغ لڑکیاں موجود ہوں، تو اس سے نصاب شہادت پورا نہیں ہوتا؛ اس لئے مسئولہ صورت میں نکاح صحیح نہیں ہوا۔

عن عمران بن الحصينؓ، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لانكاح إلا بولي، وشاهدي عدل. (مصنف عبد الرزاق، النكاح، باب النكاح بغير ولي، المجلس العلمي ٦/١٩٥، رقم: ١٠٤٧٣، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ١٨/١٤٢، رقم: ٢٩٩)

عن عائشةؓ، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا نكاح إلا بولي، وشاهدي عدل، وما كان من نكاح على غير ذلك، فهو باطل. الحديث (صحيح ابن حبان، باب الولي، ذكر نفي إجازة عقد النكاح بغير ولي شاهدي عدل، دار الفكر ٤/٣١٠، رقم:٤٠٧٧، المعجم الأوسط، دار الفكر ٦/٤٢٨، رقم: ٩٢٩١، سنن الدار قطني، دار الكتب العلمية بيروت ٣/١٥٥، رقم: ٣٤٨١)

ولاينعقد بشهادة المرأتين بغير رجل. (عالمگيري، كتاب النكاح، الباب الأول في تفسير النكاح شرعاً......زكريا ديوبند ١/٢٦٧، ٢٦٨، زكريا جديد ١/٣٣٢)

وفي التاتارخانية: وفي الخانية: ولاينعقد بشهادة امرأتين بغير رجل، والخنثيين إذا لم يكن معهما رجل الخ (تاتارخانية، كوئٹہ ٢/٦٠٨، زكريا ديوبند ٤/٣٧، رقم:٥٤٥٤، قاضيخان على هامش، الهندية ١/٣٣١، زكرياجديد ١/٢٠٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ر صفر المظفر ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/ ۹۴۵۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۲/۱۲ھ

نکاح میں قاضی کے علاوہ دو گواہوں کا ہونا شرط ہے

سوال [۵۳۵۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح اگر دولہن کے والد نے پڑھایا اور نکاح میں گواہ میں صرف دو آدمی ہوں، ایک گواہ دولہن کے والد جس نے نکاح پڑھایا اور دوسرا گواہ دولہا کے والد تو کیا، وہ نکاح صحیح ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دولہا اور دولہن کے والد کا گواہ بننا شرعاً جائز ہے، ان دونوں کی گواہی کے ساتھ نکاح درست ہو جائے گا؛ جبکہ نکاح خواں ان کے علاوہ کوئی تیسرا آدمی ہو۔ سوال نامہ میں نکاح خواں ہے اور نکاح خواہ کے علاوہ صرف ایک آدمی موجود ہے؛ لہٰذا دو گواہوں کا ثبوت نہ ہوسکا؛ بلکہ ایک ہی گواہ کی موجودگی میں نکاح ہوا ہے؛ اس لئے نکاح درست نہ ہوگا۔

ومن أمر رجلاً بأن يزوج ابنته الصغيرة، فزوجها والأب حاضر بشهادة رجل واحد سواهما جاز النكاح. (هداية، كتاب النكاح، المكتبة الأشرفية ٢/٣٠٧، الدر المختار مع الشامي، كتاب النكاح، زكريا ٤/٩٤، كراچي ٣/٣٤، هندية، كتاب النكاح، الباب الأول في تفسيره الخ، زكريا ١/٢٦٨، زكريا جديد ١/٣٣٣)

ويشترط العدد فلا ينعقد النكاح بشاهد واحد. (هندية، زكريا ١/٢٦٧، زكريا جديد ١/٣٣٢)

(۲) سوال نامہ کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ امام صاحب نے نکاح پڑھایا دولہا اور دولہن کے والد گواہ ہیں، تو ایسی صورت میں نصاب شہادت پورا ہو چکا ہے؛ لہٰذا نکاح جائز اور درست ہے۔

وشرط حضور شاهدين حرين أو حر وحرتين، مكلفين، سامعين قولهما معًا على الأصح فاهمين مسلمين. (الدر المختار مع الشامي، كتاب النكاح، زكريا

٤/٨٧تا٢ ٩، كراچي ٣/٢١تا٢٣، هداية، المكتبة الأشرفية ٢/٣٠٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ / ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/ ۱۲۰۱۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۶/۴/۲۱ھ

بغیر گواہ کے نکاح کی ایک صورت

سوال [۵۳۵۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید سنی صحیح العقیدہ ہے، اس نے اس طرح نکاح کیا کہ ایک تحریر جس پر یہ مضمون رقم ہے۔

''میں (زید کا نام) ابن (باپ کا نام) نے (لڑکی کا نام مع باپ کا نام درج ہے) سے اتنے مہر کے عوض اپنے نکاح میں قبول کیا، کیا تم نے بھی قبول کیا؟ لڑکی نے کہا ہاں! میں نے بھی قبول کیا۔ اس کے بعد لڑکی نے اس لڑکے سے کہا میں اتنے مہر کے عوض میں تمہارے نکاح میں آئی، تم نے قبول کیا؟ لڑکے نے کہا ہاں! میں نے بھی قبول کیا۔

اس طرح دونوں نے ایجاب وقبول بغیر گواہان کے کیا، اس نکاح کی شرعی حیثیت کیا ہوگی؟ ایجاب وقبول کے بعد زید نے یہ تحریر سنی قاضی کو دے کر نکاح کی رسید حاصل کر لی۔ عرض یہ کرنا تھا کہ اس نکاح میں کوئی گواہ نہیں تھا، صرف لڑکا اور لڑکی نے ایجاب وقبول کیا، کوئی تیسرا نہیں تھا حتی کہ قاضی صاحب بھی نہیں تھے، اس تحریر کے نیچے لڑکے اور لڑکی نے دستخط کر کے قاضی کو یہ تحریر دے دی، قاضی صاحب نے ان کو نکاح کی رسید دیکر نکاح ہوجانے کی تصدیق کر دی۔ کیا یہ نکاح شرعاً جائز ہوا یا نہیں؟ ارشاد فرمائیں اور شکریہ کا موقع دیں۔

المستفتی: انتخاب عارف صدیقی، قادری امروہہ (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حسب تحریر سوال لڑکے اور لڑکی نے آپسی رضا مندی سے بغیر گواہان کے جو نکاح کیا ہے، وہ نکاح شرعاً منعقد نہیں ہوا؛ اس لئے کہ نکاح کے

صحیح ہونے کے لئے کم سے کم دو مسلمان مرد یا ایک مسلمان مرد اور عورتوں کا ہونا وجوبی شرط ہے، اس شرط کے بغیر نکاح منعقد نہیں ہوتا؛ لہٰذا مذکورہ نکاح جو لڑکے اور لڑکی نے بغیر گواہوں کے آپسی رضامندی سے کرلیا ہے، وہ منعقد ہی نہیں ہوا، دونوں آپس میں ایک دوسرے کے لئے اجنبی ہیں، دونوں کا ساتھ میں رہنا حرام کاری اور بدکاری ہے اور محض ان دونوں کے دستخط سے قاضی صاحب نے جو نکاح کی رسید دی ہے، اس کا شرعاً کوئی اعتبار نہیں۔

ولاینعقد نكاح المسلمين إلا بحضور شاهدين، عاقلين بالغين مسلمين رجلين أو رجل وامرأتين. (هداية، ۲/ ۳۰۶، شامی کراچي ۳/ ۲۱-۲۲، البحر الرائق ۳/ ۱۵۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/ ۱۲۱۴۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴/ ۷/ ۱۴۳۶ھ

قاضی وگواہوں کے انتقال کی وجہ سے نکاح کا حکم

سوال [۵۳۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہندہ اور زید دونوں آپس میں میاں بیوی کی طرح زندگی بسر کررہے ہیں، لوگوں نے ان دونوں سے پوچھا کہ تم دونوں کا نکاح کس نے پڑھایا اور گواہ کون ہے؟ تو دونوں یہ بتلاتے ہیں کہ قاضی اور گواہان کا انتقال ہوگیا، واقعہ کے مطابق یہ بتائیے کہ ان دونوں کے کہنے سے نکاح کا وجود ہوا یا نہیں؟ اگر نکاح کا وجود نہیں ہوا تو دوبارہ نکاح کرنے کے لئے ہندہ پر عدت واجب ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد مسرور عالم، پورنوی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ہندہ اور زید کا اگر واقعۃً گواہوں کی موجودگی میں نکاح ہوا تھا جیسا کہ سوال نامہ میں مذکور ہے، تو قاضی اور گواہوں کے انتقال کی وجہ سے

ان کے نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ نیز گواہوں کی موجودگی میں نکاح ہونے کا دونوں طرف سے ایک ساتھ اقرار کافی ہے۔

ولو أقرت المرأة في صحة، أو مرض بأنها تزوجت فلاناً بكذا، ثم جحدته فإن صدقها الزوج في حياتها يثبت النكاح. (عالمگیري، الباب السادس عشر في الإقرار بالنكاح والطلاق ٤/٢٠٧، ٢٠٦، زكريا جديد ٤/٢١٢)

ولوأقرت المرأة في صحة، أو مرض، أنها تزوجت فلانًا بكذا، ثم جحدته، فإن صدقها الزوج في حياتها يثبت النكاح لما بينا أن جحودها بعد الإقرار باطل. (المبسوط للسرخسي، دارالكتب العلمية بيروت ١٨/١٤٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/۸۰۳۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۵/۸ھ

عاقدین اور دو گواہوں کی موجودگی میں نکاح کا حکم

سوال [۵۳۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکا لڑکی اور دو گواہ ایک ساتھ بیٹھے، ان میں سے ایک گواہ نے لڑکی کا نام مع ولدیت پتہ بتلا کر لڑکے سے کہا کیا تم نے لڑکی کے ساتھ نکاح قبول کیا، لڑکے نے تین مرتبہ قبول کیا، ایسے ہی لڑکے کا نام مع ولدیت پتہ بتلا کر لڑکی سے کہا کیا تم نے لڑکے کے ساتھ نکاح قبول کیا، لڑکی نے بھی تین مرتبہ قبول کیا وضاحت فرمادیں۔

المستفتی: عبد اللہ، مرادآبادی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس شکل میں اگر کوئی مانع عقد موجود نہیں ہے، تو نکاح شرعی طور پر درست ہو چکا ہے؛ اس لئے کہ لڑکا لڑکی مجلس میں موجود ہیں اور ان کے علاوہ دو مسلمان گواہ بھی اسی مجلس میں موجود ہیں اور نکاح کے درست ہونے کے لئے اتنا کافی ہے۔

ولو زوج بنته البالغة العاقلة بمحضر شاهد واحد جاز، إن كانت ابنته حاضرة؛ لأنها تجعل عاقدة. قال الشامي: كونها بنته غير قيد فإنها لو وكلت رجلا غيره فكذلك. (شامي، كتاب النكاح، مطلب في عطف الخاص على العام، كراچي ٣/٢٥، زكريا ٤/٩٥)

امرأة وكلت رجلا بأن يزوجها رجلاً فزوجها بحضرة امرأتين والموكلة حاضرة، قال الإمام نجم الدين يجوز النكاح. (هندية، كتاب النكاح، الباب الاول، زكريا ١/٢٦٩، زكريا جديد ١/٣٣٤)

لو وكلت امرأة رجلاً أن يتزوجها فعقد بحضرة رجل، أو امرأتين جاز، إن كانت حاضرة. (تبيين الحقائق، مكتبه امدادية ملتان ٢/١٠٠، زكريا ديوبند ٢/٤٥٨، هكذا في الفتاوى التاتار خانية، زكريا ٤/٤٢، رقم:٥٤٧٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍صفر المظفر ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۸۹۶/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۲/۲۱ھ

زوجین کا دو گوہوں کی موجودگی میں نکاح کرنا

سوال [۵۳۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے دوسرے شخص کو بلایا اور کہا کہ یہ لڑکی دو جگہ سے طلاق شدہ ہے، پہلے شوہر سے ایک لڑکی ہے جو بیمار رہے، بعد کو دوسرا نکاح کیا اس نے بھی طلاق دیدی، اب یہ محنت مزدوری کرتی ہے میں اس سے نکاح کرنا چاہتا ہوں، آپ شہر امام معصوم علی صاحب کو لاکر میرا نکاح کرادیں شخص مذکور نے کہا کہ قانونی طلاق نامہ ہے یا نہیں؟ جواب ملا کہ قانونی ڈر سے قانونی طلاق نامہ تحریر نہیں کیا، نہ اس کے والدین ہیں، نہ حمایتی، شخص مذکور نے کہا کہ اگر یہ معاملہ شرعاً پاک وصاف ہے تو شرعاً نکاح کرلو، جب قانوناً طلاق نامہ حاصل ہوجائے،

تو پھر قانوناً نکاح کرلینا، شرعاً نکاح کا طریقہ یہ ہے، آپ دونوں میں سے ایک دوسرے سے کہہ دیں کہ میں نے اپنا نکاح تمہارے ساتھ بالعوض دین مہر مبلغ اتنے کیا، دوسرا یہ کہہ دے کہ قبول کیا میں نے اس کو اس ایجاب وقبول کے سننے والے دو گواہ ہوں۔ اس طرح سے آپ شرعاً میاں بیوی ہوجائیں۔ بعدہ عدالت سے فسخ نکاح کا فیصلہ حاصل کرکے قانوناً نکاح کرلینا، شخص اول نے ایک صاحب کو بلالیا، دونوں کی موجودگی میں لڑکے نے لڑکی سے کہا کہ میں نے اپنا نکاح بالعوض دین مہر مبلغ پانچ ہزار روپیہ معجّل تمہارے ساتھ کیا، لڑکی نے کہا کہ قبول کیا میں نے اس کو، لڑکی کے والد والدہ بھائی کوئی نہیں ہے۔

(۱) سوال یہ ہے کہ نکاح شرعاً درست ہوگیا یا نہیں۔

(۲) لڑکا پٹھان برادری کا ہے، لڑکی ترک برادری کی؛ لہٰذا کفو میں نکاح درست ہوگیا یا نہیں؟

المستفتی: سر تاج احمد، محلّہ قاضی ٹولہ، دیوان بازار مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب دو گواہوں کے سامنے مرد وعورت نے باقاعدہ ایجاب وقبول سے نکاح کرلیا ہے، تو شرعاً نکاح معتبر ہوچکا ہے، بشرطیکہ اس سے قبل جس کے نکاح میں تھی اس نے طلاق دیدی ہو اور عدت بھی گذر گئی ہو۔

النكاح ينعقد بالإيجاب والقبول (وقوله) ولاينعقد نكاح المسلمين إلا بحضرة شاهدين حرين مسلمين بالغين الخ. (الجوهرة النيرة، كتاب النكاح، امدادية ملتان ٢/٦٦، دارالكتاب ديو بند ٢/٦٤، ٦٥)

اور کفو کا اعتبار یوں ہوتا ہے کہ اونچی ذات کی عورت، نیچی ذات کے مرد کے نکاح میں ولی کی مرضی کے بغیر نہ جائے اور یہاں پر پٹھان اونچی برادری سمجھی جاتی ہے اور ترک اس سے نیچے سمجھی جاتی ہے؛ اس لئے اس نکاح میں کفو کا اشکال بھی نہ ہوگا۔

الكفاءة معتبرة...... من جانبه أي الرجل؛ لأن الشريفة تأبي أن تكون فراشاً للدني، ولذا لاتعتبر من جانبها؛ لأن الزوج مستفرش فلا تغيظه دناءة

الفراش الخ (الدر المختار، كتاب النكاح، باب الكفاءة، زكريا ديوبند ٤/٦ ٢٠، ٢٠٧، كراچي ٣/٨٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ر محرم الحرام ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹۸۶/۲۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۳/۱/۱۸ھ

کیا مجلس نکاح میں رجسٹرڈ گواہوں کا ہونا ضروری ہے؟

سوال [۵۳۵۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کیا ایسے گواہوں کی گواہی پر جنہوں نے لڑکی سے ذاتی طور پر رابطہ قائم نہ کیا ہو اوراس کے نکاح اور دین مہر کے متعلق رائے نہ لی ہو، کیا ان حالات میں نکاح ہو جائے گا؟

المستفتی: محمد نعیم الدین، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مجلس نکاح میں اگر عورت کا وکیل یا ولی مثلاً باپ وغیرہ موجود ہو، تو خود عورت کا مجلس میں حاضر ہونا یا گواہوں کا جا کر اس سے رابطہ قائم کرکے رائے لینا ضروری نہیں، گواہوں کو صرف نفس عقد کا علم ہو جانا کافی ہے۔

و إن كانت غائبة و لم يسمعوا كلا مها بأن عقدلها و كيلها، فإن كان الشهود يعرفونها كفىٰ ذكر اسمها إذا علموا أنه أرادها وإن لم يعرفوها لا بد من ذكر اسمها، واسم أبيها و جدها. (شامي، كتاب النكاح، مطلب الخصاف كبير في العلم يجوز الإقتداء، زكريا ديوبند ٤/ ٩٠، كراچي ٣/٢٧)

رجل زوج ابنته من رجل في بيت و قوم في بيت آخر يسمعون ولم يشهدهم، إن كان من هذا البيت إلى ذلك البيت كوة رأوا الأب منها تقبل شهادتهم......وقبل عن الزوج واحد من القوم، لايصح النكاح.

وقيل: يصح، وهو الصحيح و عليه الفتوى. (هندية، كتاب النكاح، الباب الأول، زكريا ديوبند ١/٢٦٨، زكريا جديد ١/٣٣٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ رصفر المظفر ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۰۱۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۲/۶ھ

گواہوں کو متعین کئے بغیر مجمع عام میں نکاح پڑھانا

سوال [۵۳۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا نکاح ہوا اور زید کے نکاح کے وقت زید کے گھر والے بھی موجود تھے اور زید خود بھی موجود تھا اور لڑکی کے گھر والے بھی موجود تھے اور مولوی صاحب نے گواہ بنائے بغیر زید کا نکاح پڑھا دیا اور بعد میں بھی کوئی گواہ نہیں بنایا، تو کیا نکاح درست ہوگیا یا نہیں؟ اگر نہیں ہوا تو کیا نکاح کے درست ہونے کی کوئی صورت ہے یا نہیں؟ تفصیل سے جواب تحریر فرمائیں۔

المستفتی: نورالدین، دیوریاوی، متعلم مدرسہ شاہی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر پوری مجلس اور مجمع میں سے لڑکی اور لڑکے کو پہچاننے والے کم از کم دو آدمی ہیں اور نکاح کے الفاظ بھی سنے ہیں، تو نکاح صحیح اور درست ہو چکا ہے، گواہ کے لئے مجمع میں دو آدمی کو نامزد کرنا نکاح کے صحیح ہونے کے لئے شرط نہیں ہے۔

ولا يخفىٰ أنه إذا كان الشهود كثيرين لا يلزم معرفة الكل؛ بل إذا ذكر اسمها وعرفها اثنان منهم كفىٰ الخ. (شامي، كراچي ٣/٢٢، زكريا ديوبند ٤/٩٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ رمحرم الحرام ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/ ۲۹۸۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۳/۱/۱۸ھ

اجازت کے بعد مجمع عام میں رجسٹرڈ گواہوں اور وکیلوں کی عدم موجودگی میں نکاح

سوال [۵۳۵۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر وکیل وگواہ نے لڑکی سے اجازت لے کر نکاح خواں کے سامنے گواہی دیدی، پھر مہر پر جھگڑا ہوگیا، وکیل وگواہ دوبارہ لڑکی کے ولی کے پاس چلے گئے نکاح خواں نے وکیل وگواہ کی عدم موجودگی میں نکاح پڑھادیا، تو کیا یہ نکاح درست ہے؟ جبکہ لڑکی نکاح کی اجازت دے چکی ہے۔

المستفتی: عبدالسمیع نجیب آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس وقت نکاح خواں نکاح پڑھ رہا تھا، اس وقت وہاں پر اگر لوگوں کا مجمع موجود رہا ہے اور مجمع میں سے دو یا دو سے زائد لوگوں نے ایجاب وقبول کے الفاظ سن لئے ہیں بس صرف نامزد گواہوں نے نہیں سنا ہے، تو ایسی صورت میں بھی نکاح صحیح اور درست ہوجاتا ہے۔

ولایخفیٰ أنہ إذا کان الشہود کثیرین لا یلزم معرفۃ الکل؛ بل إذا ذکر اسمہا وعرفہا اثنان منہم کفیٰ الخ. (شامي، کتاب النکاح، مطلب الخصاف کبیر في العلم یجوز الإقتداء بہ، زکریا دیوبند ۴/ ۹۰، کراچي ۳/ ۲۲)

ولو بعث مرید النکاح أقواماً للخطبۃ، فزوجہا الأب، أو الولي بحضرتہم صح، فیجعل المتکلم فقط خاطباً والباقي شہودا بہ یفتیٰ. (الدر مع الرد، کراچي ۳/ ۲۷، زکریا دیوبند ۴/ ۹۷، ۹۸)

وفي الفتاوی بعث أقواماً للخطبۃ فزوجہا الأب بحضرتہم، فالصحیح الصحۃ وعلیہ الفتوی؛ لأنہ لا ضرورۃ في جعل الکل خاطبین، فیجعل المتکلم خاطباً فقط والباقي شہوداً. (مجمع الأنہر، قبیل باب المحرمات،

مصري قديم ۱/۳۲۲، دارالکتب العلمیة بیروت ۱/ ۴۷۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ ذی الحجہ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۷۷۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۶/ ۱۲/ ۱۴۱۴ھ

گواہوں کی تعیین کئے بغیر مجلس کے نکاح کا حکم

سوال [۵۳۵۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ قاضی صاحب نے زید کا نکاح حاضرین مجلس کے سامنے بغیر دو گواہوں کو متعین کئے لڑکی کے والد کی اجازت سے صرف حاضرین کو گواہ بنا کر پڑھا دیا۔

(۲) قاضی صاحب نے زید سے کہا کہ فلانہ بنت فلاں تمہاری زوجیت میں آنا چاہتی ہے۔ کیا تم نے قبول کیا زید نے کہا کہ میں نے قبول کیا، تو کیا مذکورہ نکاح اور صرف حاضرین مجلس کو گواہ بنا کر نکاح پڑھا دینے سے نکاح ہو گیا یا نہیں؟ نیز بوقت نکاح لڑکا ولڑکی دونوں بالغ تھے۔

المستفتی: محمد قربان علی، مدھوبنی، متعلم مدرسہ شاہی، عربی ہفتم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) جب قاضی صاحب نے دو گواہوں کو متعین کئے بغیر حاضرین مجلس کو گواہ بنا کر زید کا نکاح پڑھا دیا، تو عقد نکاح منعقد ہو گیا۔ اب دوبارہ نکاح پڑھانے کی ضرورت نہیں؛ اس لئے کہ نکاح کے صحیح ہونے کے لئے گواہوں کو نامزد کرنا شرط نہیں ہے؛ بلکہ دو مسلمانوں کا جانبین کے ایجاب وقبول کے الفاظ کا سننا لازم ہے۔ اور جب حاضرین مجلس میں سے جانبین کے ایجاب وقبول کے الفاظ دو یا دو سے زائد افراد نے سن لیا ہے، تو سننے والے خود بخود گواہ ثابت ہو گئے نامزد کر کے متعین کرنا لازم نہیں؛ بلکہ صرف آسانی کے لئے نامزد کیا جاتا ہے۔

لایخفیٰ أنه إذا کان الشهود کثیرین لا یلزم معرفة الکل؛ بل إذا ذکر اسمها وعرفها اثنان منهم کفیٰ. (فتاوی شامي، کتاب النکاح، مطلب الخصاف کبیر في العلم یجوز الإقتداء به، کراچي۳/۲۲، زکریا٤/۹۰)

(۲) ''آنا چاہتی ہے'' اس لفظ کا استعمال دوطریقے سے ہوسکتا ہے۔

(۱) مجلس نکاح سے باہر تو ایسی صورت میں یہ الفاظ الفاظ ایجاب وقبول کے قابل نہیں ہوں گے؛ اس لئے اس سے نکاح منعقد نہیں ہوگا۔

(۲) مجلس نکاح میں ایجاب وقبول کے وقت میں ایجاب وقبول کی جگہ پر یہ الفاظ استعمال کئے گئے ہیں اور پھر لڑکے نے انہیں الفاظ کو ایجاب سمجھ کر قبول کرلیا، تو نکاح صحیح ہوجائے گا؛ اس لئے کہ نکاح میں آنا چاہتی ہے یہ استقبال کا صیغہ ہے اور مجلس نکاح میں ایجاب کی جگہ پر استقبال کے صیغہ کا استعمال درست ہے؛ اس لئے کہ استقبال کا صیغہ حال کے معنی میں ہوتا ہے اور یہاں بھی ''آنا چاہتی ہے'' اگرچہ استقبال ہے؛ لیکن ایجاب کی جگہ پر حال بن سکتا ہے۔

ینعقد النکاح بلفظ یصلح للحال، والاستقبال مثل أتزوجک وأنکحک.
(فتاوی تاتارخانیة، کوئٹه ۲/۵۸۰، زکریا دیوبند ٤/٥، رقم:٥٣٦٣، حاشیة چلپي، مکتبه امدادیه ملتان ۲/۹٦، زکریا ۲/٤٤٨)

فإذا قال في المجلس زوجت، أو قبلت......والثاني المضارع المبدوء بهمزة، أو نون، أو تاء وفي الشامي تحت قوله المبدوء بهمزة کأتزوجک بفتح الکاف وکسرها. (الدر المختار مع الشامي، زکریا٤/۷۰، تا۷۲، کراچي ۳/۱۰، ۱۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶/ ۷۶۴۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۵/۱۶ھ

زید نے قرآن پر ہاتھ رکھ کر کہا تو میری بیوی اور لڑکی نے کہا تو میرا شوہر ہے

سوال [۵۳۶۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید وہندہ نے قسم کھائی زید نے قرآن پر ہاتھ رکھ کر یوں کہا تو میری بیوی ہے اور ہندہ نے قرآن پر ہاتھ رکھ کر یوں کہا کہ تم میرے شوہر ہو، دونوں نے یہ قسم کھائی اور زید نے کہا میں نکاح میں ۲۵ ر ہزار روپیہ ادا کروں گا اور ہندہ نے اس بات کو قبول کرلیا اور اس کے ساتھ ساتھ دو گواہ بھی موجود تھے، ان دونوں کے سامنے یہ بات چیت طے ہوئی۔ اب ہندہ کی شادی ان کے والد نے خالد سے جبراً کیا لڑکی بالکل راضی نہیں ہے، ان کے والد نے دھمکی دے کر وہاں کروائی، اب بھی لڑکی راضی نہیں ہے۔

اب دریافت طلب یہ مسئلہ ہے کہ خالد سے نکاح ہوا یا نہیں؟ اور ہندہ اور زید نے جو قرآن پر ہاتھ رکھ کر قسم کھائی تھی اس کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: مسرت حسین، نئی بستی مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر سائل کا بیان سچا ہے اور بوقت ایجاب وقبول دو گواہ بھی موجود تھے یا ایک مرد اور دو عورتیں موجود تھیں، تو زید کے ساتھ ہندہ کا نکاح شرعی طور پر صحیح اور درست ہو چکا ہے؛ جبکہ ہندہ اور زید دونوں ایک ہی برادری کے ہوں اور اس کے بعد ہندہ کے والد نے خالد کے ساتھ جو نکاح کیا ہے، وہ شرعاً صحیح نہ ہوگا؛ اس لئے کہ ہندہ زید کی بیوی ہو چکی ہے شرعاً بالغہ کا نکاح ہم برادری میں ولی کی اجازت کے بغیر بھی صحیح ہو جاتا ہے۔

عن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: الأيم أحق بنفسها من وليها، والبكر تستأذن في نفسها، وإذنها صماتها، قال: نعم!.

(صحيح مسلم، النكاح، باب استئذان الثيب في النكاح......النسخة الهندية ۱/ ٤٥٥، بيت الأفكار، رقم: ۱٤۲۱، مسند الدارمي دار المغني ۳/ ۱۳۹۸، رقم: ۲۲۳٤)

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي الخ. (در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/ ۱۵۵، كراچي ۳/ ۵۵، هندية، زكريا ديو بند ۱/ ۲۸۷، زكريا جديد ۱/ ۳۵۳، ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۱/ ٤۸۸، تبيين الحقائق، امداديه ملتان ۲/ ۱۱۷، زكريا ۲/ ٤۹۳، البحر الرائق، كوئٹه ۳/ ۱۰۹، زكريا ۳/ ۱۹۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶؍ رجب المرجب ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۵۱۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۷/۶ھ

بغیر گواہ کے نکاح

سوال [۵۳۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک مرد اور ایک عورت آبادی سے بہت دور جنگل میں خلوت نشیں ہیں اور آپس میں نکاح کرنا چاہتے ہیں اور گواہ وہاں موجود نہیں ہیں، اگر گواہ تلاش کیا جائے، تو زنا میں ملوث ہونے کا یقینی خطرہ ہے، تو ایسی صورت میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: مولانا محمد اطہر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: دو گواہوں کی موجودگی کے بغیر ان دونوں کا آپس میں نکاح قطعاً درست نہیں ہوگا چاہے زنا میں مبتلا ہونے کا اندیشہ کیوں نہ ہو، اگر نکاح ہی کرنا ہے تو کہیں سے بھی دو گواہ فراہم کر کے ان کی موجودگی میں نکاح کرلیں ورنہ زنا کاری ہوگی، اس کے علاوہ کوئی اور شکل نہیں۔

عن ابن عباسؓ، أن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: البغايا اللاتي ينكحن أنفسهن بغير بينة. (المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ۱۸۲/۱۲، رقم:۱۲۸۲۷، سنن الترمذي، كتاب النكاح، باب ماجاء لانكاح إلا ببينة، النسخة الهندية ۲۱۰/۱، دارالسلام رقم:۱۱۰۳، السنن الكبرى للبيهقي، دار الفكر ۳۲۹/۱۰، رقم:۱٤۰۲۲)

عن عمران بن حصين، أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لانكاح إلا بولي، وشاهدي عدل. (المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ۱٤۲/۱۸، رقم:۲۹۹، مصنف عبد الرزاق، المجلس العلمي ۱۹۵/٦، رقم:۱۰٤۷۳)

ولاينعقد نكاح المسلمين إلا بحضور شاهدين حرين عاقلين بالغين مسلمين رجلين أو رجل، و امرأتين. (هداية، كتاب النكاح اشرفيه ديوبند ۳۰٦/۲)

عن ابن عباسؓ أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: البغايا اللاتي ينكحن أنفسهن بغير بينة. (ترمذي شريف، كتاب النكاح، باب ماجاء لانكاح إلا ببينة، النسخة الهندية ۲۱۰/۱، دارالسلام رقم:۱۱۰۳، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ۱۸۲/۱۲، رقم:۱۲۸۲۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۶۸۲/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۶/۱۰ھ

محض ایک عورت کی موجودگی میں عقد نکاح

سوال [۵۳۶۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک بالغ لڑکے نے ایک بالغ لڑکی سے بہ خوشی ایک مہذب عورت کی موجودگی میں کہا کہ کیا تو نے مجھے بحیثیت شوہر قبول کیا، اس پر لڑکی نے بخوشی جواباً کہا ہاں میں نے قبول کیا، اس طرح تین بار اقرار کیا گیا، تو کیا اس طرح شرعاً لڑکی لڑکا شوہر

اور بیوی ہو گئے؟ اور کیا اس طرح سے قبول کر لینے کے بعد لڑکی اگر کسی اور سے شادی کرنا چاہے، تو کیا اس کو اجازت ہے یا پہلے والے لڑکے سے طلاق لینی ہوگی؟ ان دونوں کے درمیان جسمانی رشتہ زنا کاری کہلائے گا یا نہیں؟

المستفتی: انوار احمد، حافظ بنے کی پلیہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عقد نکاح کے صحیح ہونے کے لئے اس طرح ایجاب وقبول کے وقت میں عاقل، بالغ، دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کا موجود ہونا لازم ہے اور صورت مذکورہ میں صرف ایک ہی عورت موجود ہے، اس لئے یہ نکاح منعقد نہیں ہوا، اس سے دونوں کا ساتھ رہنا زنا کاری ہوگی لڑکی اپنی مرضی سے جب چاہے دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے۔ نیز اس لڑکے کے ساتھ بھی نکاح ہوسکتا ہے۔ (مستفاد: امداد المفتیین ۲/ ۵۲۱)

عن أبي الزبيرؓ، أن عمر أتي برجل في نكاح لم يشهد عليه، إلا رجل، وامرأة، فقال عمر: هذا نكاح السر، ولانجيزه، ولوكنت تقدمت فيه لرجمت، قال محمد: وبهذا نأخذ؛ لأن النكاح لايجوز في أقل من شاهدين وإنما شهد على هذا الذي رده عمر رجل وامرأة، فهذا نكاح السر؛ لأن الشهادة لم تكمل، ولو كملت الشهادة برجلين، أو رجل وامرأتين كان نكاحاً جائزاً.

(مؤطا إمام محمد، كتاب النكاح، باب نكاح السر، اشرفي بكڈپو ٢٤٦، رقم: ٥٣٤)

وشرط حضور شاهدين (أي يشهد ان على العقد) حرين أو حر، وحرتين مكلفين سامعين قولهما معًا على الأصح الخ. (در مختار مع رد المحتار، كتاب النكاح، كراچي ٣/ ٢١، ٢٢، زكريا ٤/ ٨٧تا ٨٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱؍ جمادی الثانیہ ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۱۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۶/۲ھ

نکاح میں دو عورتوں کو گواہ بنانا

سوال [۵۳۶۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے عمر کی لڑکی کو دھمکی دے کر عمر کی غیر موجودگی میں اور سب گھر والوں کی غیر موجودگی میں؛ جبکہ عمر وعمر کی اہلیہ و بڑا لڑکا، عزیز واقارب سب حیات ہیں، زید کہتا ہے کہ میں نے عمر کی لڑکی سے چھپ کر نکاح کیا ہے اور دو عورتیں گواہ ہیں، زید کہتا ہے کہ میں نے ایک لاکھ روپئے کے مہر بندھوائے ہیں؛ جبکہ زید کی مالی حالت دس ہزار روپیہ کی بھی نہیں ہے، زید کے حالات سے سب گاؤں والے عزیز واقارب واقف ہیں کہ زید ایک جھوٹا، مکار، فریبی انسان ہے اور عیاش ہے، زید کی بیوی اور پانچ بچے موجود ہیں اور پریشان حال ہیں، زید کا باپ اس ضعیفی کے عالم میں زید کی بیوی، بچوں کا خرچ بڑی پریشانی سے برداشت کر رہا ہے، زید نے اس قسم کے حالات کئی جگہ کئے ہیں، زید کی ان حرکتوں سے زید کے گھر والے بہت پریشان ہیں آیا عمر لڑکی کا نکاح دوسری جگہ کرسکتا ہے یا نہیں؟ کیونکہ وہ مشکوک ہے زید ہم کفو بھی نہیں ہے۔

المستفتی: حامد حسین فاروقی، باب کاٹیہ جے پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: صرف دو عورتوں کی شہادت سے نکاح صحیح نہیں ہوتا؛ بلکہ نکاح کے صحیح ہونے کے لئے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت لازم ہے؛ اس لئے مذکورہ نکاح صحیح نہیں ہوا، مہر چاہے کتنا ہی زیادہ باندھا ہو۔

عن أبي الزبير، أن عمر أتي برجل في نكاح لم يشهد عليه، إلا رجل وامرأة، فقال عمر: هذا نكاح السر ولا نجيزه، ولو كنت تقدمت فيه لرجمت، قال محمد: وبهذا نأخذ؛ لأن النكاح لايجوز في أقل من شاهدين وإنما شهد على هذا الذي رده عمر رجل وامرأة، فهذا نكاح السر لأن الشهادة

لم تكمل، ولو كملت الشهادة برجلين، أو رجل وامرأتين كان نكاحاً جائزاً. (مؤطا إمام محمد، كتاب النكاح، باب نكاح السر، اشرفي بكڈپو ٢٤٦، رقم: ٥٣٤، هداية اشرفية ديوبند ٣٠٦/٢)

وشرط حضور شاهدين حرين أو حر، و حرتين الخ (در مختار، كتاب النكاح، زكريا ديوبند ٨٧/٤، ٨٩، كراچي ٢٢/٣)

ولاينعقد بشهادة المرأتين بغير رجل. (هندية، الباب الأول في تفسير النكاح......زكريا ديو بند ٢٦٧/١، ٢٦٨، زكريا جديد ٣٣٢/١)

ولاينعقد بشهادة امرأتين بغير رجل. (قاضي خان على هامش الهندية، زكريا ديوبند ٣٣١/١، زكريا جديد ٢٠٢/١، هداية، اشرفيه ديو بند ٣٠٦/٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍محرم الحرام ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳؍ ۵۱۰۸)

بغیر گواہوں کے ایجاب وقبول کرنے سے نکاح کا حکم

سوال [۵۳۶۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بالغ لڑکے نے بالغ لڑکی سے بغیر گواہوں کے ایجاب وقبول کیا، کیا ایسی صورت میں نکاح عند اللہ ہوگیا؟ اگر ہوگیا ہوتو وطی جائز ہوگی؟

المستفتی: شکیل احمد، قصبہ نہٹور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بغیر گواہ کے محض لڑکے اور لڑکی کے ایجاب وقبول کرنے سے نکاح منعقد نہیں ہوتا نہ عند اللہ اور نہ ہی عند الناس؛ اس لئے کہ نکاح کے منعقد ہونے کے لئے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کا موجود ہونا شرط ہے۔

عن ابن عباسؓ، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: البغايا اللاتي ينكحن أنفسهن بغير بينة. (سنن الترمذي، كتاب النكاح، باب ماجاء لانكاح إلا ببينة، النسخة الهندية ۱/ ۲۱۰، دارالسلام رقم: ۱۱۰۳، المعجم الكبير للطبراني، دار إحياء التراث العربي ۱۲/ ۱۸۲، رقم: ۱۲۸۲۷)

وشرط حضور شاهدين حرين أو حر و حرتين. (در مختار، كتاب النكاح، زكريا ديوبند ٤/ ٨٦تا ٩١، كراچي ۳/ ۲۱، ۲۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ شعبان المعظم ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲۶۸/۲۹)

بلا نکاح فرضی رسید کا حکم

سوال [۵۳۶۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری شادی کی نکاح کی رسید تیار کی گئی ہے، جس پر میرے فرضی دستخط بنائے گئے ہیں، نکاح میں میری اجازت بھی شامل نہیں ہے، نکاح کے گواہ کا کہنا ہے کہ میرے سامنے کوئی نکاح نہیں ہوا ہے کیا نکاح جائز ہے؟

المستفتية: حسین بانو ولد محمد اسلم، پیرزادہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جب لڑکی نے نکاح کی اجازت نہیں دی اور نہ ہی گواہوں کے سامنے یہ نکاح ہوا ہے، تو محض فرضی اور جعلی دستخط سے کسی کا نکاح درست نہیں ہوتا ہے؛ اس لئے اگر سوال نامہ میں جو کچھ لکھا ہوا ہے، وہ صحیح اور درست ہے، تو حسین بانو کا نکاح فرضی دستخط سے منعقد نہیں ہوا۔

عن جابرؓ، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لانكاح إلا بولي، وشاهدي عدل. (المعجم الأوسط، دارالفكر ٤/ ١٥٩، رقم: ٥٥٦٤)

عن أبي هريرةؓ، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لانكاح إلا بولي، وشاهدي عدل. (المعجم الأوسط، دار الفكر ٤/٣٩٦، رقم: ٦٣٦٦)

عن عائشةؓ، قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لانكاح إلابولي، وشاهدي عدل. (المعم الأوسط، دار الفكر ٦/٤٢٨، ٤٢٩، رقم: ٩٢٩١)

وشرط حضور شاهدين أي يشهدان على العقد. (الدر مع الرد، كتاب النكاح، كراچي ٣/٢١، زكريا ٤/٩٥) *فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم*

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ شعبان المعظم ۱۴۲۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۰۵۶/۳۸)

کیا نکاح کے گواہ باپ اور بھائی بن سکتے ہیں؟

سوال [۵۳۶۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح کے گواہ باپ اور بھائی بن سکتے ہیں؟

المستفتی: عبدالرشید

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: نکاح کے گواہ باپ اور بھائی بھی بن سکتے ہے۔

وكذا أي جاز النكاح لو زوجت المرأة نفسها بشهادة أبيها، وشاهد آخر. (خانية على الهندية، كتاب النكاح، فصل في شرائط النكاح ١/٣٣٣، زكريا جديد ١/٢٠٣)

ولو زوج بنتهٗ العاقلة البالغة بمحضر شاهد واحد جاز، إن كانت ابنتهٗ حاضرة؛ لأنها تجعل عاقدة وإلا لا. (شامي، زكريا ٤/٩٥، كراچي ٣/٢٥، المبسوط للسرخسي، دار الكتب العلمية بيروت ١٩/٣٢، البناية اشرفية ديوبند ٥/١٩، هداية، اشرفية ديوبند ٢/٣٠٧)

والأصل أن كل من صلح أن يكون ولياً فيه بولاية نفسهٖ صلح أن يكون شاهداً فيه......فإن الأب يصلح شاهداً. (شامي، كراچي ٣/ ٢٤، زكريا ديو بند ٤/ ٩٤- ٩٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰/ ۴۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۰/۶/ ۱۴۳۲ھ

زید نکاح کا منکر اور ہندہ مدعیہ ہو تو کس کا قول معتبر؟

سوال [۵۳۶۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا ہندہ سے دو گواہوں کی موجودگی میں نکاح ہوا، مگر زید حلفیہ کہتا ہے کہ میرا نکاح ہندہ کے ساتھ نہیں ہوا اور ہندہ کا حلفیہ دعویٰ ہے کہ میرا نکاح زید کے ساتھ ہوا اور زید نے میرے ساتھ تین راتیں بحیثیت شوہر گذاری بھی ہیں، اس صورت میں کیا زید کا نکاح ہندہ کے ساتھ ثابت ہوا یا نہیں؟ اگر ہوا تو اس صورت میں دوسرا نکاح ہونے کی صورت کیا ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

المستفتی: محمد مشرف لال مسجد روڈ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ہندہ اپنا نکاح زید کے ساتھ ہونے پر دو گواہ پیش کر دے، تو شرعاً ہندہ زید کی بیوی ثابت ہوگی، دونوں کا میاں بیوی کی طرح زندگی گذارنا درست ہوگا۔

ومن ادعت عليه امرأة أنه تزوجها، وأقامت بينةً فجعلها القاضي امرأته ولم يكن تزوجها وسعها المقام معه الخ. (هداية، كتاب النكاح،

فصل في بيان المحرمات، اشرفية ديوبند ۲/ ۳۱۳، هندية القسم التاسع المحرمات بالطلقات، زكرياديوبند ۱/ ۲۸۳، جديد زكريا ۱/ ۳٤۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶ ؍ربیع الاول ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷ ؍۲۶۰۴)

دولہن سے اجازت لیتے وقت گواہوں کی موجودگی

سوال [۵۳۶۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دولہن سے اجازت لیتے وقت گواہوں کا سامنے موجود ہونا ضروری ہے یا صرف ایجاب وقبول کے وقت ان کی موجودگی کافی ہے؟ ہمارے علاقہ میں دولہن سے اجازت لیتے وقت گواہوں کے موجود ہونے کا رواج ہے شریعت کی رو سے اس کا حکم بیان فرمائیں۔

المستفتی: محمد سالم، محلّہ بھٹی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دولہن سے اجازت لیتے وقت گواہوں کی موجودگی ضروری نہیں؛ البتہ گواہوں کا سامنے رہنا مستحسن ہے تاکہ بعد میں انکار کا کوئی راستہ باقی نہ رہے، ہاں مجلس نکاح میں نکاح خواں کے سامنے گواہوں کا موجود ہونا اور ایجاب وقبول کا سننا بھی لازم ہے۔

واعلم أنه لا يشترط الشهادة على الوكالة بالنكاح؛ بل على عقد الوكيل وإنما ينبغي أن يشهد على الوكالة إذا خيف جحد الموكل إياها.

(فتح القدير، كتاب النكاح، فصل في الوكالة بالنكاح وغيرها، زكريا ديوبند۳/ ۳۰۱، دارالفكر مصري قديم ۳/ ۳۱۲، ۳۱۳، كوئٹه ۳/ ۲۰۱، ۲۰۲، شامي، مطلب في الوكيل والفضولي في النكاح، زكريا ديوبند ٤/ ۲۲۱، ۲۲۲،كراچي ۳/ ۹۵)

ویصح التوکیل بالنکاح، وإن لم یحضره الشهود، وإنما یکون الشهود شرطاً في حال مخاطبة الوکیل المرأة. (الفتاوی التاتارخانیة، الفصل السادس عشر في الوکالة بالنکاح، زکریادیوبند ٤/ ١٤٦، رقم: ٥٧٨٠)

یصح التوکیل بالنکاح وإن لم یحضره الشهود. (هندیة، الباب السادس في الوکالة بالنکاح وغیرها، زکریا ١/ ٢٩٤، زکریا جدید ١/ ٣٦٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷؍ ۸۰۴۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۶؍۵؍۱۴۲۲ھ

کیا لڑکی سے اجازت لیتے وقت گواہوں کا سامنے ہونا ضروری ہے؟

سوال [۶۹ ۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اپنی بہن کا نکاح کرانا چاہتا ہے، زید نے اپنی بہن سے اجازت لی کہ میں بحیثیت وکیل فلاں شخص سے اتنے مہر پر آپ کا نکاح کرانے جارہا ہوں، تو کیا آپ اجازت دیتی ہیں، انہوں نے اجازت دیدی؛ لیکن اس وقت کوئی گواہ موجود نہیں تھا، لوگوں کا کہنا ہے کہ دو گواہوں کی موجودگی میں اجازت لینا ضروری ہے، اس کے بغیر نکاح درست نہیں ہوتا، زید کا کہنا ہے کہ لڑکی کی طرف سے انکار کا اندیشہ بھی نہیں ہے، پھر غیر محرم کا بحیثیت گواہ گھر جانا اور لڑکی کی باتیں سننا بہتر اور مناسب نہیں، اسی کو حضرت مولانا یوسف لدھیانویؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ اجنبی اور نامحرم گواہوں کا لڑکی کے پاس اجازت کے لئے جانا خلاف غیرت ہے، معلوم نہیں لوگ اس خلافِ غیرت رسم کو کیوں سینہ سے چمٹائے ہوئے ہیں۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، کتاب النکاح ۵/ ۵۶) آیا اس صورت میں از روئے شریعت گواہوں کا ہونا ضروری ہے؟ کیا زید کا مذکورہ موقف شریعت کی نظر میں درست ہے؟

المستفتی: محمد فیروز عالم، ندوی خیرآبادی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح کی صحت کے لئے کم سے کم دو گواہوں کا ہونا شرط ہے اوران دونوں گواہوں کا مجلس نکاح میں موجود ہونا لازم ہوتا ہے، مگرلڑکی سے اجازت کے وقت ان دونوں گواہوں کا موجود ہونا لازم نہیں ہے، گواہوں کے بغیر بھی اجازت درست ہوجاتی ہے اور گواہوں کے سامنے اجازت لینا بہتر ہے اور ان گواہوں کا محرم ہونا ضروری ہے، غیرمحرم کا اجازت کے وقت وہاں موجود رہنا انتہائی بے غیرتی اور بے شرمی ہے اور گناہ بھی ہے؛ اس لئے اجازت کے وقت اگر گواہوں کوساتھ میں لے جانا ہے، تو ان گواہوں کا محرم ہونا ضروری ہے۔

ويصح التوكيل بالعبارة، أو الكتابة، ولايشترط بالاتفاق الإشهاد عند صدور التوكيل، وإن كان يستحسن للتوكيل أن يشهد على التوكيل للاحتياط خوفاً من الإنكار عند النزاع. (الفقه الإسلامي وأدلته، كتاب النكاح، المبحث الثالث: الوكالة في الزواج قديم۹/ ٦٧٢٦، هدیٰ انٹرنیشنل دیوبند ٧/ ٢١٩، البحرالرائق، زكريا ديوبند ٣/ ١٤٦، كوئٹه ٣/ ٨٢، هندية، زكريا ديوبند ١/ ٢٩٤، الفتاوى التاتارخانية، زكريا ٤/ ١٤٦، رقم: ٥٧٨٠، شامي، زكريا٤/ ٢٢١-٢٢٢، كراچي ٣/ ٩٥، فتح القدير، زكريا٣/ ٣٠١، كوئٹه ٣/ ٢٠١، ٢٠٢، دار الفكر مصري قديم٣/ ٣١٢، ٣١٣)

إن السنة في الاستئذان أن يرسل إليها نسوة ثقات ينظرن ما في نفسها والأم بذٰلک أولىٰ؛ لأنها تطلع على مالايطلع عليه غيرها الخ. (شامي، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ٣/ ٥٨، ٥٩، زكرياديوبند ٤/ ١٥٩، الموسوعة الفقهية الكويتية ٤١/ ٢٦٣) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍رجب المرجب ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۲۰۵/۴۰)

لڑکی نے کہا ابا جی مالک ہیں تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۳۷۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حاجی نواب الدین اور موسیٰ گجر حقیقی بھائی ہیں، موسیٰ کا لڑکا عالمگیر شادی شدہ ہے اور حاجی نواب الدین کی لڑکی جوان ہے عمر ۲۰ ر سال کنواری ہے، حاجی صاحب نے ایک دن یہ خیال کیا کہ میں اپنی لڑکی سائرہ خاتون کا نکاح اپنے بھتیجے عالمگیر سے کرادوں گا؛ لیکن حاجی نواب الدین کے بڑے لڑکے نے اعتراض کیا کہ عالمگیر شادی شدہ ہے، ہم اپنی بہن سائرہ کا نکاح اس سے نہیں کراتے عمر بھر اس کو رونا ہے؛ لیکن حاجی صاحب اپنے بڑے لڑکے سے چوری چوری ایک ملا کو اپنی لڑکی کا نکاح عالم گیر کے ساتھ کرانے کے لئے بلایا اور پوری حقیقت گم شدہ کی اور پھر ملا نے لڑکی کو عالم گیر کے بڑے بھائی کے گھر بلا کر پوچھا کہ سائرہ خاتون تمہارے ابا عالم گیر سے نکاح کر رہے ہیں، کیا تمہاری مرضی ہے عالمگیر سے نکاح کرنے کی؟ پہلے تو لڑکی خاموش رہی پھر غصہ میں آ کر کہا کہ ابا جانیں، اس وقت عالمگیر کا بڑا بھائی نور عالم اور نور عالم کی بیوی موجود تھی، لڑکی سائرہ خاتون اپنے پڑوسی کے گھر میں چلی گئی، ملا نے حاجی نواب الدین سے کہا کہ میں نے تمہاری لڑکی سائرہ کے نکاح کی اجازت لے لی، تب حاجی صاحب نے کہا کہ ملا جی میری لڑکی کا عالمگیر سے نکاح کردو، ملا نے عالمگیر کو اس کے بڑے بھائی نور عالم اور لڑکا، باپ حاجی نواب الدین ملا نے یہ چار آدمی یعنی عالمگیر، اس کا بڑا بھائی نور عالم، حاجی صاحب اور قاضی صاحب یہ چار آدمی تھے، حاجی صاحب نے اجازت دی عالمگیر نے قبول کرلیا، نکاح کرادیا ملا نے، مگر اس میں نہ تو عالمگیر نے مہر بتایا نہ حاجی صاحب نے اپنی لڑکی کا مہر مانگا، اس بات کا ۳ ر دن کے بعد گھر میں حاجی صاحب کے بڑے لڑکے کو پتہ چلا، دونوں باپ بیٹے لڑ پڑے، تب لڑکی سائرہ کو پتہ چلا لڑکی پریشان ہوئی؛ کیونکہ اس سے پہلے کسی نے سائرہ کو پتہ نہ دیا تھا نکاح کا، سائرہ

نے فوراً کہا کہ ابا نے بہت غلط کیا ایسا نہ کرنا تھا، میں اپنے بڑے بھائی کی مرضی پر چلوں گی، تب بڑے بھائی نے سائرہ خاتون کے لئے اپنی بہن کا نکاح دوسرے لڑکے محمد امین جو کہ عالمگیر کا بھانجہ ہے، اس سے نکاح کر دیا؛ جبکہ وداعی اور تنہائی ابھی عالمگیر سے نہیں ہوئی تھی، لڑکی کہتی ہے ملا جھوٹ بولتا ہے کہ میں نے لڑکی سے اجازت مانگ لی ہے، ملا کہتا ہے نور عالم اور اس کی بیوی موجود تھی، میں نے اجازت لی؛ لیکن لڑکی نے ملا کو کئی آدمیوں میں جھوٹا کہہ دیا ملا نے جو گواہی پیش کی وہ بھی لڑکی نے توڑ دی اس کی گواہی میں نہیں مانتی یہ تو عالمگیر کا بھائی ہے۔ اب سائرہ خاتون ۲/سال سے اپنے والدین کے یہاں بیٹھی ہے، اس انتظار میں کہ میرا نکاح کونسا صحیح ہے، جو ابا نے کرایا یا بڑے بھائی نے محمد امین سے کرایا؛ لیکن لڑکی کی مرضی محمد امین کے ساتھ ہے۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب فرمائیں سائرہ کا نکاح عالمگیر سے ہے یا محمد امین سے؟

المستفتی: محمد معروف، ضلع نینی تال (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفیق: اگر عالمگیر کی طرف سے سائرہ کی اجازت پر شرعی گواہ پیش کئے جائیں یعنی دو عادل مرد یا ایک عادل مرد اور دو عادل عورتیں اس بات کی شہادت دیں کہ سائرہ نے نکاح کی اجازت دی ہے، تو سائرہ شرعاً عالمگیر کی بیوی ہوگئی ہے اور اگر اس طرح شرعی گواہ نہ ہوں اور سائرہ عدم اجازت پر حلفیہ بیان دے تو عالمگیر کے ساتھ نکاح نہیں ہوا؛ بلکہ محمد امین کے ساتھ جو نکاح بعد میں ہوا ہے وہی صحیح ہے۔

وماسوی ذلک من الحقوق یقبل فیه رجلان، أو رجل، وامرأتان سواء کان الحق مالاً أو غیر مالٍ مثل النکاح، والعتاق، والطلاق. (الجوهرة النیرة، کتاب الشهادت، مکتبه امدادیه ملتان ٢/٣٢٦، دارالکتاب دیوبند ٢/٣٠٩)

قال الزوج: للبکر البالغة بلغک النکاح، فسکت وقالت: رددت النکاح، ولابینة لهما علی ذلک ولم یکن دخل بها طوعا في الأصح،

فالقول قولها بيمينها على المفتىٰ به. (الدر مع الرد، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/١٦٧، ١٦٨، كراچي ٣/٦٣، ٦٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/رجب المرجب ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵/۱۳۲۵)

کیا نکاح میں وکیل اور گواہ کو عاقدین کا علم ہونا ضروری ہے؟

سوال [۵۳۷۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید شادی شدہ ہے بیوی بچے بھی ہیں، اسی دوران زید کو کسی غیر عورت سے محبت ہوگئی، وہ ایک بیوہ عورت ہے، اگر اس کو چھوڑتا ہے تو بے سہارا ہو جاتی ہے، اسی دوران زید کو اس بات کا بھی احساس ہوتا ہے کہ جو کچھ ہو رہا ہے یہ گناہ ہے کھل کر شادی نہیں کرسکتا؛ کیونکہ زید کی بیوی نہیں چاہتی ہے کہ میرے پاس کوئی سوکن ہو، ایک دن اس بیوہ کی لڑکی کی شادی تھی زید اس بیوہ سے پہلے طے کرتا ہے کہ جب میں نکاح پڑھانے آوں گا، تو تم لڑکی کے پاس رہنا جو مہر تمہاری بیٹی کی ہوگی وہی مہر تمہاری ہوگی، وکیل گواہ سامنے ہوں گے، تو جب زید نکاح پڑھانے لگا، تو لڑکی سے کہا تمہارا نکاح فلاں ابن فلاں سے اتنے دین مہر کے ساتھ کیا جاتا ہے، لڑکی نے کہا منظور ہے اس کے بعد ساتھ میں اس بیوہ سے پوچھا کہ تمہیں بھی منظور ہے اس نے کہا منظور ہے؛ چونکہ پہلے سے طے تھا، مگر وکیل وگواہ کو پتہ نہیں تھا کہ زید بھی اپنا نکاح بیوہ کے ساتھ کر رہا ہے، مگر ہاں سب کے سامنے کہلوایا۔ تو جواب دیں زید کا نکاح بیوہ سے ہوا یا نہیں؟

المستفتی: محمد خورشید عالم، مدرسہ مفید الاسلام، اندرا چوک، گنگا نگر (راجستھان)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: صورت مسئولہ میں زید کا نکاح بیوہ کے ساتھ

منعقدنہیں ہوا ہے؛ کیونکہ سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ بیوہ کے نکاح سے متعلق نہ وکیل کو کچھ خبر ہے، نہ ہی گواہوں کو کچھ علم ہے؛ حالانکہ نکاح منعقد ہونے کے لئے گواہ اور وکیل دونوں کو یہ علم ہونا ضروری ہے کہ فلاں لڑکی کا نکاح فلاں لڑکے کے ساتھ کیا جارہا ہے؛ لہٰذا اس کو بیوی کی طرح رکھنا زنا کاری ہوگی۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۱۰۱)

وشرط حضور شاهدين حرين، أو حر وحرتين، مكلفين سامعين قولهما معاً على الأصح فاهمين، أنه نكاح على المذهب الخ. (شامي، زكريا ٤/٨٧، تا٩٢، كراچي ٣/ ٢١، ٢٢، البحر الرائق، كوئٹه ٣/ ٨٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

الجواب صحیح:	کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ	۱۱؍ جمادی الثانیہ ۱۴۱۸ھ
۱۴۱۸/۶/۱۱ھ	(فتویٰ نمبر: الف ۵۳۴۱/۳۳)

ولی، گواہ اور نکاح خواں کے بغیر نکاح کرنا

سوال [۵۳۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اور ہندہ بغیر والدین کی اجازت کے بغیر کسی گواہ کے بغیر کسی مولوی کے نکاح کر سکتے ہیں مثلاً لڑکی نے کہا کہ میں اتنے مہر کے بدلے اپنا نفس بخش دیتی ہوں، لڑکے نے کہا مجھے قبول ہے، حکم خدا کے اور رسول کے قول امام اعظم کے اتنے مہر میں مجھے قبول ہے، اسی طرح لڑکی بھی کہتی ہے کہ حکم خدا اور رسول کے قول امام اعظم صاحب کے میں نے اتنے مہر کے بدلہ میں اپنا نفس بخش دیا ہے۔ کیا اس طرح نکاح ہوجاتا ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان فرمائیں۔

المستفتی: محمد ماسٹر غلام قادر، ہنڈر پونچھ، کشمیر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اگر لڑکا اور لڑکی دونوں بالغ ہیں اور دونوں کی برادری بھی ایک ہے اور دو بالغ مرد یا ایک بالغ مرد اور دو بالغہ عورتوں کی موجودگی میں اس

طرح نکاح کرلیں کہ لڑکی کہیکہ میں اتنے مہر میں اپنا نفس بخش دیتی ہوں۔ لڑکا کہتا ہے کہ میں نے قبول کرلیا تو شرعی طور پر نکاح صحیح اور درست ہو جائے گا؟ (اور حکم خدا اور رسول کے قول امام اعظم کے)وغیرہ الفاظ بڑھانے کی ضرورت نہیں ہے۔

وشرط حضور شاهدين حرين أو حرّ وحرّتين مكلفين سامعين قولهما معاً الخ. (در مختار، كراچي ٣/٢١، زكريا ٤/٨٧، ٩١)

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي الخ. (در مختار، كراچي٣/٥٥، زكريا ٤/١٥٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ رشوال المکرّم ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱ر ۳۶۴۷)

کیا صحت نکاح کے لئے وکیل اور قاضی کا ہونا لازم ہے؟

سوال [۵۳۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرا رشتہ چاند بی سے تقریباً آٹھ ماہ پہلے ہوا تھا، رشتہ کے بعد لڑکی کے والدین نے مجھے اپنے گھر بجنور بلایا اور مجھ میں اور لڑکی میں فون پر برابر رابطہ رہا؛ لیکن اس طرح نکاح کے بغیر فون پر بات کرنا اور گھر پر جانا مجھے قطعاً مناسب نہ لگا؛ اس لئے میں نے یہی بہتر سمجھا کہ جلد از جلد نکاح ہو جائے؛ چنانچہ ہم دونوں نے آپس کے مشورہ سے دو گواہوں۔ ۱. حافظ صلاح الدین۔۲. ندیم عابد کی موجودگی میں آپس میں ایجاب وقبول کیا اور میں نے چاند بی سے اس طرح کہا کہ میں تمہیں ایک ہزار روپئے مہر کے عوض اپنے نکاح میں لینا چاہتا ہوں، تو چاند بی نے کہا میں نے قبول کیا۔ واضح ہو کہ بوقت ایجاب وقبول مذکورہ دو گواہ ہی تھے، نہ قاضی تھا، نہ وکیل، تو کیا اس طرح میرا نکاح ہو گیا یا نہیں؟ لڑکی کے والد کا کہنا ہے کہ یہ نکاح صحیح نہیں ہوا، جس کی بنا پر وہ لڑکی کو بھیجنے پر راضی نہیں ہیں۔

المستفتی: ریاست علی، منڈی دھنورہ، جے پی نگر (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح کے صحیح ہونے کے لئے وکیل اور قاضی کا ہونا لازم نہیں؛ بلکہ صرف دو مردوں کا گواہ کے طور پر موجود ہونا کافی ہے؛ لہٰذا سوال نامہ میں جو شکل لکھی گئی ہے، اس سے نکاح صحیح اور درست ہوگیا ہے۔

اب شرعی طور پر ریاست علی اور چاندبی دونوں میاں بیوی بن چکے ہیں۔

النکاح ینعقد بالإیجاب و القبول (إلی قوله) بحضور شاهدین الخ.

(هدایة، کتاب النکاح، اشرفیة دیوبند ۲/ ۳۰۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ رجب المرجب ۱۴۲۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/ ۹۰۶۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵/ ۷/ ۱۴۲۷ھ

نکاح میں وکیل اور گواہ

سوال [۵۳۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح میں لڑکی کی جانب سے ایک وکیل طے ہوتا ہے اور نوشہ کی جانب سے دو گواہ طے ہوتے ہیں۔ اس کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

المستفتی: مدرسہ عربیہ اشاعت العلوم کرن کھیر، اکولہ، مہاراشٹر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بوقت نکاح لڑکی کی جانب سے ایک وکیل جو لڑکی سے اجازت لے کر کے آتا ہے، پھر اس کی اجازت سے نکاح خواہ نکاح پڑھا دیتا ہے، یہ جائز اور صحیح طریقہ ہے اور جہاں تک دولہے کی طرف سے دو گواہوں کی بات ہے، تو مجلس نکاح میں دو گواہوں کا ہونا صحت نکاح کے لئے شرط ہے اور یہ دو گواہ دولہے کی جانب سے بھی ہوسکتے ہیں اور دولہن کی جانب سے بھی ہوسکتے ہیں؛ لیکن بہتر یہی ہے کہ دولہن کے رشتہ داروں میں سے دو گواہ ہوں اور ان گواہوں کے سامنے دولہن کا وکیل دولہن

سے اجازت لے کر کے آ جائے، پھر انہی کی موجودگی میں ایجاب وقبول ہو جائے، جیسا کہ ہمارے اتر پردیش میں یہی دستور ہے۔

وشرط حضور شاهدين حرين، أو حر و حرتين، مكلفين سامعين قولهما معاً على الأصح. (الدر المختار مع الرد، زكريا ٤/ ٨٧تا ٩٢، كراچي ٣/ ٢١-٢٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ ذی قعدہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۸۱۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۱۱/۴ھ

نکاح میں وکیل باپ سے مراد کون ہیں اور وکیل محرم ہونا ضروری ہے؟

سوال [۵۳۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح کے رجسٹر میں جہاں لڑکا لڑکی اور گواہوں کے دستخط ہوتے ہیں اسی میں وکیل کا بھی دستخط ہوتا ہے، تو پوچھنا یہ ہے کہ اس وکیل سے کون سا وکیل مراد ہے؟ آیا جو لڑکا یا لڑکی کے گھر شادی کا پیغام لے کر جاتا ہے، وہی مراد ہے یا کوئی دوسرا؟ کیونکہ بعض علاقوں میں ایسا ہوتا ہے کہ نکاح پڑھانے کے وقت جب دو گواہ لڑکا اور لڑکی کے پاس جاتے ہیں، تو اس وقت ایک فرضی وکیل بنا لیا جاتا ہے، اور دونوں گواہوں کے ساتھ ساتھ وہ بھی لڑکا اور لڑکی کے پاس نکاح کے وقت موجود رہتا ہے، اس سے زیادہ اس کا اور کوئی کام نہیں ہوتا ہے، اسی کا دستخط نکاح رجسٹر میں ہوتا ہے، اس وکیل کو لڑکا یعنی دولہا میاں سسر کے درجہ تک مانتا اور عزت کرتا ہے اور عرف میں اس کو وکیل باپ یا وکیل سسر کے نام سے یاد کرتے ہیں اور لڑکی یعنی دولہن بھی اس کو باپ کے درجہ میں مانتی ہے اور ادب واحترام کرتی ہے اور باپ کا درجہ دے کر اس سے بول چال بھی کرتی ہے، تو کیا شرعی اعتبار سے اس طرح کا وکیل بنانا اور اس کو سسر کے درجہ تک سمجھنا یا لڑکی کا اس کو باپ کے درجہ تک سمجھ کر بول چال کرنا درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: اسرار الحق، مظاہری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: نکاح کے رجسٹر میں جن گواہوں اور وکیل کا نام لکھا جاتا ہے، اس سے وہ گواہ اور وکیل مراد ہیں، جو بوقت نکاح مجلس نکاح میں شریک ہوں، ان گواہان اور وکیل کا لڑکی کے لئے محرم ہونا ضروری ہے، نامحرم اجنبی مردوں کے لئے لڑکی سے اجازت لینے کے لئے جانا شرعاً ممنوع اور ناجائز ہے۔

وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِنْ وَرَآءِ حِجَابٍ . [الأحزاب :۵۳]

والنظر إلى الأجنبيات حرام. (هندية، زكريا ۳۲۹/۵، جديد زكريا ۳۸۲/۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵ محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۳۷۵/۳۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۱/۲۵ھ

قاضی کا انشاء پر دلالت کرنے والے حال کے صیغہ سے نکاح پڑھانا

سوال [۵۳۷۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ فقہ کی عبارت نکاح کے سلسلہ میں یہ ہے۔

النكاح ينعقد بالإيجاب و القبول بلفظين يعبربهما عن الماضي، أويعبر بأحدهما عن الماضي، والأخر عن المستقبل.

لیکن ناکح صاحب نے اس طریقہ سے ایجاب وقبول کروایا کہ تمہارا نکاح فلاں ابن فلاں سے بعوض مہر کیا جارہا ہے یا کیا جاتا ہے، تو مسئلہ یہ دریافت کرنا ہے کہ جو کیا جارہا ہے یا کیا جاتا ہے یہ کون سے صیغے ہوئے اور ان سے نکاح ہوا یا نہیں؟ اگر نہیں تو نکاح کے صحیح ہونے کی کیا صورت ہوسکتی ہے؟

المستفتی: محمد سلیم سینڈا، متعلم مدرسہ اشاعت العلوم خیرآباد، سیتار پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: انعقادنکاح کے لئے ماضی کا صیغہ استعمال کرنا زیادہ مناسب ہے؛ لیکن ایسے حال کے صیغوں سے جو انشاء پر دلالت کرتے ہیں، ان سے بھی نکاح منعقد ہوجاتا ہے؛ لہٰذا مذکورہ صیغہ کو ایجاب وقبول کے موقع پر استعمال کرنے سے نکاح منعقد ہوجائے گا۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/۲۳۴)

ینعقد النکاح بلفظ یصلح للحال و الاستقبال مثل أتزوجک وأنکحک.

(الفتاوی التاتارخانیة، کتاب النکاح، الفصل الأول، زکریا دیوبند ٤/٥، رقم: ٥٣٦٣، حاشیة چلپي، مکتبه امدادیة ملتان ۲/۹٦، زکریا ۲/٤٤٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱؍صفر المظفر ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۳۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/۲/۱۴۱۶ھ

حال کے صیغہ سے ایجاب وقبول کا حکم

سوال [۵۳۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح خواں نے نکاح پڑھانے میں ایجاب وقبول کے وقت حال کا صیغہ استعمال کیا، یعنی لڑکے سے کہا فلاں کی لڑکی کا نکاح اتنے مہر میں آپ کے ساتھ کیا جارہا ہے، تو نکاح صحیح ہوا کہ نہیں؟ جبکہ نکاح خواں کو یہ معلوم نہیں کہ حال کا صیغہ استعمال کرنے سے نکاح نہیں ہوگا، تو ایسی شکل میں اس کے پڑھائے ہوئے نکاح کا اعادہ کیا جائے یا کونسی شکل اختیار کی جائے؟

المستفتی: عبدالوحید، مہراج گنج (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح خواں کے صیغۂ حال کے مذکورہ جملہ کے بعد لڑکے نے اگر قبول کرلیا تھا، تو نکاح منعقد ہوگیا۔ اب اس کے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

وينعقد أيضاً بلفظين وضع أحدهما للمضي والأخر للاستقبال، أوللحال، فالأول الأمر كزوجني – والثاني المضارع (إلى قوله) إذا لم ينو الاستقبال. وفي الشامي لو قال بالمضارع ذي الهمزة أتزوجک، فقالت: زوجت نفسي انعقد. (شامي، زكريا ٤/٦٩–٧٢، كراچي ٣/١٠–١١)

ينعقد النكاح بلفظ يصلح للحال والاستقبال مثل أتزوجک، وأنكحک.

(الفتاوى التاتار خانية، زكريا ديوبند ٤/٥، رقم:٣/٥٣٦، حاشية چلپي على تبيين الحقائق، زكريا ديوبند ٢/٤٤٨، مكتبه امداديه ملتان ٢/٩٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍صفر المظفر ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/۶۰۴۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۲/۱۹ھ

قاضی کے پوچھنے پر زوجین کا راضی ہوں کہنا

سوال [۵۳۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر شرعی دو گواہوں کی موجودگی میں قاضی نے لڑکی سے صرف اتنا پوچھا کہ تم فلاں کے ساتھ نکاح کرنے کے لئے راضی ہو، لڑکی نے جواب میں کہا ہاں! میں راضی ہوں پھر لڑکے سے پوچھا تم راضی ہو، تو اس نے بھی جواب میں کہا ہاں میں راضی ہوں؛ لیکن لڑکے نے یہ نہیں کہا کہ میں نے قبول کرلیا۔

اب سوال یہ ہے کہ بغیر لفظ قبول کے صرف زوجین کا راضی ہوں، اتنا کہنے سے نکاح منعقد ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: محمد منصور علی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: صورت مسئولہ میں قاضی کے پوچھنے پر زوجین کا صرف راضی ہوں، کہنا ایجاب وقبول نہیں ہے؛ بلکہ محض نکاح کرنے پر رضا مندی کا

اظہار ہے اور اظہار رضا نکاح کا معاہدہ ہے، عقد نکاح نہیں ہے عقد نکاح کے لئے پھر سے ایجاب وقبول کرنا ضروری ہوگا۔

ولاینعقد بلفظ الإجارة في الصحيح والإعارة، والإباحة، والاحلال، والتمتع والإجازة والرضا ونحوها الخ. (عالمگیري، کتاب النکاح، الباب الثاني فیما ینعقدبه النکاح وما لاینعقدبه، زکریا دیوبند ۱/۲۷۲، جدید زکریا ۱/۳۳۷، تبیین الحقائق، مکتبه امدادیة ملتان ۲/۹۸، زکریا دیوبند ۲/۴۵۲)

وینعقد بإیجاب و قبول. (تنویر الأبصار مع الرد، زکریا ٤/٦٨، ٦٩، کراچي ٣/١٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍جمادی الثانیہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱؍۴۰۸۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۶/۱۳ھ

نکاح خواں اور اولیاء کی غیر موجودگی میں نکاح کرنا

سوال [۵۳۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک خاتون بنام سعیدہ بی اس کا میرے ساتھ تعلق ہوگیا، اس نے مجھے پسند کیا اور میں نے اس کو پسند، کلیر شریف کے درگاہ میں میرے اور اس کے درمیان نکاح ہوا اور نکاح کے وقت سید آل علی دوسرے مہتاب حسن اور میری سعیدہ بی کی سہیلی زہرہ کی موجودگی میں یہ نکاح عمل میں آیا، میں نے اس سے کہا کہ میں تمہیں اپنی بیوی تسلیم کرتا ہوں اور اس نے مجھ سے کہا کہ میں بھی آپ کو پسند کرتی ہوں اور ان تینمسلمان گواہوں کی موجودگی میں نکاح ہوا اور میں بریلی کا رہنے والا ہوں؛ جبکہ سعیدہ بی ضلع ہردوار موضع گڑگاؤں کی رہنے والی ہے، وہ مجھے اپنے گھر لے گئی تو آپ بتائے کہ ہمارا یہ نکاح شرعی طور پر صحیح ہوا یا نہیں؟ میں اس کو اپنے گھر لے جانا چاہتا ہوں اور وہ بھی میرے گھر آنا چاہتی ہے۔

المستفتی: معشوق حسین، بریلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اگر سائل کا بیان واقعی صحیح ہے اور معشوق حسین اور سعیدہ بی کے درمیان نکاح کے لئے جو ایجاب وقبول کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، ان کو سوال نامہ میں ذکر کردہ دونوں مرد گواہوں اور عورت نے سنا ہے، تو شرعی طور پر یہ نکاح درست ہو چکا ہے۔سعیدہ بی معشوق حسین کی بیوی بن گئی اور معشوق حسین پر سعیدہ بی کے لئے مہر بھی لازم ہو جائے گا۔اب چونکہ سوال نامہ میں مہر کا ذکر نہیں ہے؛ اس لئے سعیدہ بی کے لئے مہر مثل واجب ہو جائے گا۔اور اس مہر کے بارے میں سعیدہ بی سے معاملہ طے کرلے۔

وشرط سماع كل من العاقدين لفظ الآخر، ليتحقق رضاهما، وشرط حضور شاهدين حرين، أو حر و حرتين، مكلفين سامعين قولهما معاً. (الدرالمختار، كتاب النكاح، زكريا ديوبند ٤/٨٦تا٩١، كراچي ٣/٢١تا٢٢، وهكذا في مجمع الأنهر مصري قديم١/ ٣٢٠، دارالكتب العملية بيروت ١/ ٤٧١، ٤٧٢، هندية، زكريا١/٢٦٧، جديد زكريا ١/ ٣٣٢)

وكذا يجب مهر المثل فيما إذا لم يسم مهراً. (كتاب النكاح، باب المهر، شامي كراچي ٣/١٠٨، زكريا ديوبند ٤/ ٢٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰؍ربیع الثانی ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۰۱۸/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۴/۳۰ھ

قاضی اور مہر کی وضاحت کے بغیر نکاح کا حکم

سوال [۵۳۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے پڑوس میں ایک لڑکا محمد سلیم بن کالو قریشی میری لڑکی روبینہ خانم کو بہکا کر ساتھ لے کر فرار ہو گیا۔اب تک کوئی پتہ نہیں چل سکا ہے کہ دونوں کہاں ہیں، ان دونوں کے

فرضی نکاح کی رسید چاند پور تھانہ میں آئی ہے، جس کی ایک نقل آپ کی خدمت میں پیش کی جارہی ہے، اس رسید میں نہ یہ تذکرہ ہے کہ نکاح کہاں ہوا اور نہ قاضی کا پتہ ہے، نہ اس کی مہر ہے برائے مہربانی آپ واضح فرمائیں کہ کیا اس طرح کا نکاح شریعت میں جائز ہے یا نہیں؟ اور لڑکی کے ماں باپ کو ان حالات میں کیا کرنا چاہئے؟

المستفتی: خلیق احمد ہاشمی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اگر لڑکا لڑکی دونوں ہم کفو ہیں اور دونوں بالغ ہیں اور دو مسلمان گواہوں کے سامنے دونوں کا نکاح ہوگیا ہے، تو شرعی طور پر یہ نکاح درست ہو چکا ہے اور اگر دونوں ہم کفو نہیں ہیں، تو لڑکی کے ماں باپ کو اس نکاح پر اعتراض کا حق ہے۔

عن ابن عباسؓ، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الأيم أحق بنفسها من وليها. الحديث. (مسند أحمد بن حنبل ١/٢١٩، رقم:١٨٨٨، مصنف عبد الرزاق، المجلس العلمي ٦/١٤٢، رقم: ١٠٢٨٢، مسلم، كتاب النكاح، باب استئذان الشيب في النكاح...... النسخة الهندية ١/٤٥٥، بيت الأفكار، رقم: ١٤٢١)

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلارضیٰ ولي...... وله أي للولي...... الاعتراض في غير الكفء. (شامي، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ٣/٥٥، زكريا ٤/١٥٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
٢٥ رجب المرجب ١٤٣١ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ٣٩/١٤٤/١٠١)	٢٥/٧/١٤٣١ھ

والد کے اجازت لینے کی صورت میں وکیل اور گواہ کا حکم

سوال [٥٣٨١]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ اگر لڑکی کے والد خود لڑکی سے نکاح کی اجازت لے لیتے ہیں، تو وکیل اور گواہ کی ضرورت باقی رہتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: حمد الٰہی، محلّہ بھٹی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: دو مجلس الگ الگ ہوتی ہیں۔

(۱) مجلس اجازت جہاں پر لڑکی سے اجازت لی جاتی ہے، وہاں پر اجازت کے وقت گواہوں کا ہونا لازم نہیں ہاں البتہ احتیاط کے طور پر گواہوں کو لے جایا جاتا ہے تاکہ بعد میں لڑکی اجازت کا انکار نہ کرسکے۔

يصح التوكيل بالنكاح، وإن لم يحضره الشهود. (هندية، الباب السادس في الوكالة بالنكاح وغيرها، زكريا ديوبند ١/٢٩٤، زكريا جديد ١/٣٦٠)

اعلم أنه لاتشترط الشهادة على الوكالة بالنكاح؛ بل على عقد الوكيل، وإنما ينبغي أن يشهد على الوكالة إذا خيف جحد الموكل إياها. (فتح القدير، فصل في الوكالة بالنكاح وغيرها، زكريا ٣/٣٠١، كوئٹه ٣/٢٠١، ٢٠٢)

فإن استأذنها هو أي الولي وهو السنة الخ. (در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ٣/٥٨، زكريا ديوبند ٤/١٥٩)

(۲) مجلس عقد جہاں قاضی ایجاب وقبول کراتا ہے، وہاں پر صرف ولی یا وکیل کا ہونا کافی نہیں؛ بلکہ گواہ کا ہونا بھی لازم ہے؛ لہٰذا خود لڑکی کے والد کو اجازت لیتے وقت گواہوں کو ساتھ میں رکھنا واجب نہیں صرف احتیاط ہے۔

أما الشهادة على التوكيل بالنكاح فليست بشرط لصحته. (شامي، كتاب النكاح، زكريا ديوبند ٤/٨٧، ٨٩، كراچي ٣/٢١، البحرالرائق، كوئٹه ٣/٨٢، زكريا ٣/١٤٦، الفتاوى تاتارخانية، زكريا ديوبند٤/١٤٦، رقم: ٥٧٨٠)

و شرط حضور شاهدين حرين، أو حر و حرتين الخ. (در مختار، زكريا٤/ ٨٧، كراچي ٣/ ٢١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ رجب المرجب ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/ ۵۳۷۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴/ ۷/ ۱۴۱۸ھ

مجبوری میں دی گئی اجازت کا حکم

سوال [۵۳۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ صالحہ ایک عقل منداور بالغ لڑکی ہے، جس کا نکاح اس کے باپ نے زبردستی زید کے ساتھ کردیا اور رخصتی نہیں ہوئی ہے اور بوقت نکاح لڑکی نے مجبوراً اجازت دی تھی، اب جب لڑکی کو اس لڑکے کے بارے میں جان کاری ملی ہے کہ وہ لڑکا دماغی اعتبار سے درست نہیں ہے اور نہ ہی صحت کے اعتبار سے تو کیا لڑکی اپنے گھر والوں کی مرضی سے اس سے جدائی کا فیصلہ لے سکتی ہے، اس میں شریعت کا کیا حکم ہے لڑکی گنہگار رہوگی یا نہیں؟

المستفتیه: صالحہ پروین بنت محمد ظہیر چکر کی ملک، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح کے وقت جب لڑکی نے نکاح کی اجازت دی ہے اور اجازت کے بعد زید کے ساتھ عقد نکاح ہو چکا ہے، تو شرعی طور پر صالحہ کا نکاح زید کے ساتھ صحیح ہو چکا ہے اور بعد میں دماغی اعتبار سے اور صحت کے اعتبار سے زید کی کمزوری سامنے آنے کی وجہ سے لڑکی اس کے پاس جانے پر راضی نہیں ہے، تو ایسی صورت میں صرف لڑکی کے راضی نہ ہونے کی وجہ سے نکاح ختم نہیں ہوگا؛ بلکہ نکاح بدستور باقی رہے گا اور جب تک زید اس کو طلاق نہ دے گا اس وقت تک لڑکی کا نکاح دوسری جگہ جائز نہ ہوگا۔

(مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۱/ ۱۷۴، فتاوی رحیمیہ زکریا ۸/ ۲۲۳)

النكاح موقوف على إجازتها، فإن أجازته جاز وإن ردته بطل. (هندية، زكريا ١/ ٢٨٧، زكريا جديد ١/ ٣٥٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱؍ ۱۱۹۷۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۶/۴/۳ھ

لڑکی سے نکاح کی اجازت کون کون لے سکتا ہے؟

سوال [۵۳۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکی سے نکاح کے وقت اکثر غیر محرم اجازت لینے کے لئے جاتے ہیں اور لڑکی کی آواز سنتے ہیں اور اس کا محرم نمازی یا پرہیز گار نہیں ہے، ایسے وقت میں نمازی یا کوئی پرہیز گار دیکھ کر غیر محرم کو نکاح کی اجازت کے لئے بھیج دیا جاتا ہے، ایسی حالت کا کیا حکم ہے اور اگر محرم ہے؛ لیکن وہ نمازی یا پرہیز گار نہیں ہے، تو اس کی اجازت کا کیا حکم ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مسئلہ کو مدلل واضح فرمائیں۔

المستفتی: محمد اہل لکرالہ، بدایوں

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: محرم کی موجودگی میں غیر محرم کو اجازت کے لئے بھیج دینا جائز نہیں ہے چاہے، محرم نمازی پرہیز گار نہ ہو تب بھی غیر محرم پرہیز گار کے مقابلہ میں حقدار ہے۔ نیز جو غیر محرم اجنبیہ کے پاس جائے گا وہ کہاں پرہیز گار رہا، حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے۔

عن عقبة بن عامر قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إياكم والدخول على النساء الحديث. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب لا يخلون رجل بامرأة إلا ذو محرم، والدخول على المغيبة، النسخة الهندية ٢/ ٧٨٧، رقم: ٥٠٣٦،

ف: ۵۲۳۲، مشکوٰۃ ۲/۲۶۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹/ذی الحجہ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/۵۰۶۳)

غیر محرم کا وکیل بن کر اجازت لینے کا حکم

سوال [۵۳۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ برادری کے معزز لوگوں نے ایک صاحب اولاد نمازی ایماندار باشرع کو نکاح میں وکالت کے لئے منتخب کیا، وکیل صاحب مع دو گواہوں کے لڑکی کے مکان پر جاتے ہیں اور اجازت لے کر گھر میں داخل ہوتے ہیں، قریش برادری میں دولہن سے نکاح کی اجازت لیتے وقت بے پردہ ہوتی ہے اور دیگر لڑکیاں بھی بے پردہ ہوتی ہیں، وکیل صاحب لڑکی سے نکاح کی اجازت لے کر نیچی نظروں سے باہر آکر نکاح خواں کو آگاہ کرتے ہیں، وکیل صاحب کا یہ عمل جائز ہے یا ناجائز؟

المستفتی: محمد حنیف، اصالت پورہ، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: پوری برادری کے لئے ایک ہی شخص کو وکیل مقرر کرنا جائز نہیں؛ کیونکہ وہ ہر عورت کا محرم نہیں ہوسکتا؛ لہٰذا مرد کے لئے غیر محرم عورتوں کے مجمع میں جاکر غیر محرم عورت سے بات چیت کرنا جائز نہیں، ایسا شخص شرعاً فاسق ہے؛ اس لئے اجازت کے لئے جب تک محرم مرد موجود ہو غیر محرم مرد کا وکیل بن کر اجازت لینے کے لئے عورتوں کے مجمع میں جانا جائز نہیں؛ لہٰذا لڑکی کا محرم مرد ہی اجازت لینے کے لئے جایا کرے۔

عن ابن عباسؓ، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا يخلون رجل بامرأة، إلا مع ذی محرم. الحديث (صحيح البخاري، كتاب النكاح،

بـاب لایـخـلون رجل بامرأة إلا مع ذو محرم، والدخول علی المغیبة، النسخة الهندیة ۷۸۷/۲، رقم:۵۰۳۷، ف:۵۲۳۳)

فإن خاف الشهوة، أوشک امتنع نظرہٗ إلی وجهها، فحل النظر مقید بعدم الشهوة، وإلا فحرام وهذا في زمانهم، وأما في زماننا، فمنع من الشابة إلا النظر لا المس لحاجة کقاض،وشاهد یحکم ویشهد علیها لا لتتحمل الشهادة في الأصح. و في الشامية: لأنه یوجد من لا یشتهي فلا ضرورة.

(شامي، کتاب الحظر والإباحة، زکریا دیوبند ۵۳۲/۹، کراچي ۳۷۰/۶، وهکذا في البحر الرائق، کوئٹه ۱۹۲/۸، زکریا دیوبند ۳۵۲/۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲؍رجب المرجب ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴؍۵۸۵۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲؍۷؍۱۴۱۹ھ

لڑکی کا قبول کرنے کے بعد اس سے انکار کرنا

سوال [۵۳۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح کرنے کے باوجود لڑکی نے جھوٹی قسم کھائی کہ میں نے نکاح قبول نہ کیا، تو نکاح ہوجائے گا یا نہیں؟ اور گواہ موجود ہوں، تو اس صورت میں کیا حکم ہے؟ اور اگر گواہ نہ ہوں تو کیا حکم ہے؟

المستفتی: نعیم الدین، ریتی محلّہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی قبولیت نکاح کا انکار کررہی ہے؛ جبکہ دوسری طرف شوہر کے پاس بینہ موجود ہے، تو ایسی صورت میں شوہر کا قول قبول کیا جائے گا۔ اور اگر گواہ موجود نہ ہوں اور دخول بھی نہ ہوا ہو تو عورت کا قول قسم کے ساتھ قبول کرلیا جائے گا۔

ولو قال الزوج بلغک النکاح، فسکت. وقالت: رددت ولا بینة

لهما، ولم يكن دخل بها، فالقول قولها–أيّهما أقام البينة قبلت بينته.

(البحر الرائق، كتاب النكاح، باب الأولياء والأكفاء، كوئٹه ۳/۱۱۷، زكريا ديوبند ۳/۲۰٦)

قال الزوج للبكر البالغة بلغک النكاح فسكت. وقالت رددت النكاح، ولابينة لهما على ذلک، ولم يكن دخل بها طوعاً في الأصح، فالقول قولها بيمينها على المفتىٰ به وتقبل بينته على سكوتها. (الدر مع الرد، باب الولي، كراچي ۳/٦۳، ٦٤، زكريا ديوبند ٤/١٦٧، وهكذا في مجمع الأنهر مصري قديم ۱/۳۳۵، دارالكتب العلمية بيروت ۱/٤٩۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۶ رصفر المظفر ۱۴۲۰ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/۶۰۱۶)	۱۴۲۰/۲/۶ھ

اجازت کے وقت بالغہ لڑکی کا کھلکھلا کر ہنسنا

سوال [۵۳۸٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بالغہ لڑکی سے نکاح کے قبول کے وقت اجازت کے لئے جاوے، تو اس وقت لڑکی استہزاء کے طور پر کھلکھلا کر ہنس دے تو نکاح منعقد ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: عبدالملک، آسامی، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قبول کے وقت لڑکی کے بطور استہزاء کھلکھلا کر ہنسنے کی صورت میں یہ اجازت شمار نہیں ہوگی؛ بلکہ یہ عدم رضا پر دلالت کرتا ہے؛ لہٰذا ایسی صورت میں نکاح منعقد نہیں ہوگا۔

إذا ضحكت مستهزئة، فإنه لايكون إذناً وعليه الفتوىٰ، وضحک الاستهزاء لا يخفي على من يحضرهٗ؛ لأن الضحک إنما جعل إذناً لدلالته

علی الرضا، فإذا لم یدل علی الرضا، لم یکن إذناً. (البحر الرائق، کتاب النکاح، باب الأولیاء والاکفاء، کوئٹه ۱۱۲/۳، زکریا ۱۹۸/۳، وهکذا في الشامي، کراچي ۵۹/۳، زکریا دیوبند۱۶۰/٤)

إذا ضحکت کالمستهزئة لایکون رضا، وضحک الاستهزاء لایخفي علی من یحضرهٗ. (فتح القدیر، دار الفکر مصري قدیم ۲٦٤/۳، زکریا دیوبند ۲٥٦/۳، کوئٹه ۱٦٤/۳، وهکذا في مجمع الأنهر، مصري قدیم ۳۳۳/۱، دار الکتب العلمیة بیروت ٤۹۱/۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶؍صفر المظفر ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۰۲/۲۳)

مریضہ کو اجازت دینا یاد ہے تو کیا حکم؟

سوال [۵۳۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ۱۲؍فروری ۲۰۱۴ء بروز بدھ کو میری شادی ہوئی تھی، چھ فروری کو گھر میں معمولی بات پر کہا سنی ہوئی، جس کی وجہ سے میری طبیعت خراب ہوگئی یعنی الجھن، درد، بے چینی ہوگئی اور گھر والوں کو بولنا شروع کردیا نیند غائب ہوگئی۔

شادی سے دودن قبل حالت زیادہ خراب ہوئی، نہ چاہتے ہوئے بھی بول رہی تھی گھر والوں پر غصہ کررہی تھی، ڈاکٹر کو دکھایا گیا، اس نے کہا بس تھوڑی سی پریشانی ہوگئی ہے، پاگل نہیں ہے ٹھیک ہوجائے گی؛ لیکن دوا سے آرام نہیں ملا، میں نے اپنی زبان سے بھی کہنا شروع کیا کہ فلاں فلاں نے جادو کیا، عین ۱۲؍تاریخ کی صبح میں ایک عامل کے پاس لے جایا گیا، عامل نے زبردست اثر بتایا، عمل کے علاج کے مطابق نہلایا گیا، نہلانے کے فوراً بعد میں گہری نیند میں سوگئی، نکاح کے وقت اٹھایا گیا۔

یہ بات مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میرے چچا کہہ رہے تھے کہ بیٹا تمہارا نکاح ہوا ہے، میں نے کہا ہاں میں راضی ہوں، عربی زبان میں بھی قبلت رضیت جیسے الفاظ ادا کئے، میرے چچانے کہا دستخط کرو، میں نے کہا دستخط کی کیا ضرورت ہے؟ بس ہاں کہہ دینا کافی ہے؛ لیکن میرے چچا نے میرے ہاتھ میں قلم تھمادیا نیند کا غلبہ اور کمزوری کے باعث ٹھیک طرح دستخط نہیں کر پائی، پھر میں سوگئی ایک گھنٹے کے بعد اٹھایا گیا، اب میں بالکل خاموش تھی خیر اسی حالت میں رخصتی کر دی گئی؛ لیکن دوران سفر پھر میں نے بولنا شروع کیا سسرال پہونچتے ہی میں نے سامان پھینکا، وہاں بھی کچھ دیر خاموش رہی، کبھی قرآن کی آیت تلاوت کرتی، کبھی عمدہ اشعار پڑھتی اپنی خوبیوں اور برائیوں کا ذکر کیا میری حالت پہلے سے مختلف ہوگئی۔

بہر حال شادی سے دو دن قبل طبیعت زیادہ ناساز گار ہوئی، جو بول رہی تھی غصہ میں صحیح صحیح بول بول رہی تھی جائز ناجائز کی تمیز تھی، سب کو پہچان رہی تھی اور کبھی کبھی کچھ دیر کے لئے خاموش ہو جاتی گھر والوں کو ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ میں ہوش وحواس کے ساتھ بول رہی ہوں، میری ہر خواہش پوری کی جارہی تھی اور میں یہ بھی کہہ رہی تھی کہ میں وہاں خاموش رہوں گی، بس مجھے اس گھر سے نکال دو؛ لیکن طبیعت ٹھیک ہو جانے کے بعد میں نے غور کیا تو کچھ باتیں یاد نہیں ہیں اور کچھ یاد ہیں (ایسا لگتا ہے کہ کبھی کبھی میرا دماغ ٹھیک طرح سے کام کرنے لگتا)

اب موجودہ صورت حال میں نکاح درست ہے یا نہیں؟ کتاب وسنت کی روشنی میں تسلی بخش جواب دیں۔

نوٹ: قبل نکاح رضامندی تھی، وقت نکاح زبان سے جو الفاظ ادا کئے وہ یاد ہیں۔

- حالت صحت میں بھی رضامند تھی۔
- نکاح سے ایک دن قبل ڈاکٹر کو دکھایا گیا، ڈاکٹر نے پاگل نہیں بتایا۔
- حالت بیماری میں کبھی بے ہوش نہیں ہوئی۔
- زندگی میں اس طرح کا کبھی کوئی واقعہ پیش نہیں آیا تھا۔

○ 10,11,12,13 تاریخ کی بہت سی باتیں ابھی بھی یاد ہیں۔

سوال: کیا لڑکی سے اذن لیتے وقت لڑکے والوں کی طرف سے گواہ کا ہونا ضروری ہے؟

المستفتیہ: زینت خاتون بنت مولانا غریب اللہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ سے واضح ہوتا کہ نکاح کی اجازت لیتے وقت لڑکی کے ہوش وحواس درست تھے، وہ خود لکھ رہی ہے کہ اجازت دینا مجھے خود یاد ہے، اور زبانی اجازت دیدی ہے اور دستخط بھی جیسے تیسے کی ہوں وہ یاد ہے، نکاح منعقد ہونے کے لئے اتنا ہوش وحواس کافی ہے؛ اس لئے مذکورہ واقعہ میں لڑکی کی طرف سے اجازت صحیح ہوگئی اور نکاح بھی درست ہوگیا اور میاں بیوی کے درمیان ازدواجی تعلق بھی جائز اور حلال طریقہ سے قائم ہوا ہے۔

وینعقد نکاح الحرة العاقلة البالغة برضاها. وقوله ووجه الجواز أنها تصرفت في خالص حقها وهي من أهله لكونها عاقلة مميزة. (هداية، كتاب النكاح، باب في الأولياء والأكفاء اشرفي بكڈپو ديوبند ۲/۳۱۳-۳۱۴)

(۲) لڑکی سے اجازت لیتے وقت گواہوں کا وہاں موجود ہونا لازم نہیں ہے اور لڑکے والوں کی طرف سے گواہوں کا ہونا بھی ضروری نہیں ہے؛ بلکہ غیر محرموں کا گواہ بن کر جانا شرعی طور پر بے حیائی اور بے پردگی کی وجہ سے ناجائز ہے، ہاں البتہ نکاح کی مجلس میں ایجاب وقبول کے وقت گواہوں کا ہونا ضروری ہووتا ہے۔ (مستفاد: فتاوی رحیمیہ جدید ۸/۱۴۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/ ۱۲۰۱۸)

مذاق میں ایجاب وقبول

سوال [۵۳۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ محمد زید نے دو گواہوں کی موجودگی میں آسیہ خانم سے کہا کہ میں محمد زید بن عقیل احمد نے آسیہ خانم ولد ریاضت علی مرحوم خانم کو اپنے نکاح میں قبول کیا، اس پر آسیہ خانم نے کہا میں نے قبول کیا، میں نے قبول کیا، میں نے قبول کیا؛ زید آسیہ اور دونوں گواہ سب بالغ ہیں اور ایک مجلس میں ہی ایجاب وقبول ہوا ہے، مگر لڑکی کہتی ہے کہ وہ میں نے مذاق میں کہا تھا، تو کیا نکاح منعقد ہوگیا؟ اور اب طلاق دیئے بغیر لڑکی دوسری جگہ نکاح نہیں کرسکتی؟ لڑکی پٹھان برادری کی ہے اور لڑکا شیخ عثمانی برادری کا ہے۔

المستفتی: محمد زید چندوسی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں محمد زید (شیخ عثمانی) نے دو بالغ مسلمان گواہوں کی موجودگی میں آسیہ خانم بنت ریاضت علی مرحوم (پٹھان) کے ساتھ مذاق میں ایجاب وقبول کیا ہے اور دونوں ہم کفو بھی ہیں، تو ایسی صورت میں مذاق میں کیا ہوا نکاح صحیح اور درست ہوگیا؛ لہٰذا طلاق دیئے بغیر لڑکی دوسری جگہ اپنا نکاح نہیں کرسکتی۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ میرٹھ ۱۶/۷۵)

عن أبي هريرةؓ، أن النبي صلى الله عليه وسلم، قال ثلث جدهن جد، وهزلهن جد، النكاح، والطلاق، والرجعة. (ترمذي، كتاب الطلاق، باب ما جاء في الجد والهزل في الطلاق ۱/۲۲۵، رقم:۱۱۸٤)

قال أبوحنيفة: في نكاح اللعب والهزل أنه جائز كما يجوز نكاح الجد. (اعلاء السنن، مطبع عباس احمد الباز، مكة المكرمه ۱۱/۱۵۲، كوئٹه ۱۱/۱۳۳)

حقيقة الرضا غير مشروطة في النكاح لصحته مع الإكراه والهزل. (شامي، زكريا٤/٨٦، كراچي ٣/٢١)

وفي الظهيرية: الأصل أن النكاح يصح مع الهزل. (الفتاوى التاتارخانية، زكريا ديوبند ٤/١٨٥، رقم: ٥٩١٥، الأشباه والنظائر، القاعده الأولى قديم ٤٢، الموسوعة الفقهية الكويتية ٤٢/٢٨٠)

الحرة العاقلة البالغة إذا زوجت نفسها من رجل هو كفء لها بكرا كانت أو ثيباً نفذ النكاح في ظاهر رواية أبي حنيفةؒ: إلا أن الزوج إذا لم يكن كفء فللأولياء حق الاعتراض. (تاتارخانية، ٤/ ١٠٠، رقم:٥٦٤٤)

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي......والاعتراض في غير الكفء أي في تزويجها نفسها من غير كفء. (در مختار مع الشامي، زكريا ٤/ ١٥٤، ١٥٥، كراچي ٣/ ٥٥، ٥٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ذی الحجہ ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۵۶۰)

لڑکی کا نکاح میں ایجاب وقبول کے بجائے دستخط کرنا

سوال [۵۳۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید سے بوقت نکاح قاضی صاحب نے ایجاب وقبول کرالیا؛ لیکن ہندہ سے جس سے زید کا نکاح ہورہا تھا قبول زبانی نہیں کرایا گیا؛ بلکہ ہندہ نے نکاح کی رسید پر اپنی رضامندی سے دستخط کردئے کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ ایسی صورت میں نکاح ہی نہیں ہوا زبان سے قبول کرانا ضروری تھا وہی نہیں ہوا ہے۔

المستفتی: محمد شریف نئی آبادی، جامع مسجد مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: صورت مسئولہ میں نکاح منعقد ہوگیا اور جن لوگوں کا یہ کہنا ہے کہ نکاح نہیں ہوا صحیح نہیں ہے؛ کیونکہ جب قاضی نے وکیل کی اجازت سے وکیل کی موجودگی میں ایجاب کیا اور شوہر نے قبول کرلیا اور عورت نے منع بھی نہیں کیا؛ بلکہ رضامندی سے دستخط کردئے تو ایجاب وقبول پائے جانے کی بنا پر نکاح صحیح ہوگیا۔

عن ابن عباسؓ، أن النبي صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال: الثیب أحق بنفسها من ولیها، والبکر تستأمر، وإذنها سکوتها. (صحیح مسلم، کتاب النکاح، باب استئذان الثیب في النکاح بالنطق......النسخة الهندیة ۱/۴۵۵، بیت الأفکار رقم:۱۴۲۱)

فإن استاذنها هو أي الولي، أو وکیله، أو رسوله، أو زوجها ولیها وأخبرها رسوله، أو فضولي عدل فسکتت عن رده مختارة......فهو أذن. (الدر المختار مع الشامي، کتاب النکاح، باب الولي، زکریا دیوبند ۴/۱۵۹ تا ۱۶۱، کراچي ۳/۵۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍رجب المرجب ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/۴۵۴۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳؍۷؍۱۴۱۶ھ

عورت نے شرعی گواہوں کی موجودگی میں کسی کو اختیار دیا اور اس نے قبول کرلیا

سوال [۵۳۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر کسی عورت نے کسی مرد سے دو مرد اور دو عورتوں کی موجودگی میں کہا کہ میں تم سے نکاح کروں گی میں نے تم کو اپنے نفس کا اختیار دیا مرد نے کہا میں نے قبول کرلیا، تو کیا یہ نکاح درست ہوا اور مرد کا اس عورت سے وصل جائز ہے یا نہیں؟ اور دونوں کے درمیان مہر کا کوئی تذکرہ نہیں ہوا صرف حویلی کا تذکرہ ہوا عورت نے ایجاب میں حویلی لینے کا تذکرہ کیا مرد نے حویلی دیتے ہوئے کہا قبول کیا۔

المستفتی: حکیم محبوب احمد، اغوان پور، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں نکاح منعقد ہو چکا ہے، دونوں کا میاں بیوی کی طرح زندگی گذارنا جائز ہے، جس حویلی کے لین دین کا تذکرہ ہوا ہے وہی مہر قرار پائے گا۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۵۵، ایضاً ۸/۲۶۲)

ینعقد بلفظ النکاح والتزویج کان علی وجه الخبر علی الماضي نحو أن تقول المرأة زوجت نفسي منک بکذا بمحضر من الشهود فیقول الرجل قبلت، أو یکون علی وجه الاستقبال بأن یقول الرجل للمرأة أتزوجک علی کذا، فتقول المرأة قبلت. (فتاوی خانیة علی الهندیة، کتاب النکاح، الفصل الأول في الالفاظ التي ینعقدبها النکاح، زکریا ۱/ ۳۲۱، زکریا جدید ۱/ ۱۹۶)

(وتجب) العشرة (إن سماها أو دونها) ویجب (الأکثر منها إن سمی) الأکثر. (الدر المختار، کتاب النکاح، باب المهر، زکریا دیوبند ٤/ ۲۳۳، کراچي ۳/ ۱۰۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱؍رجب المرجب ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۵۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱؍۷؍۱۴۱۶ھ

بوقت نکاح لڑکی کے نام کی تبدیلی

سوال [۵۳۹۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی دولڑکیاں ہیں نازمین، یاسمین ان میں سے بڑی یعنی نازمین کی شادی کرنی تھی۔ اب بوقت نکاح نکاح خواں کے نکاح پڑھاتے وقت وکیل سے نام لینے میں غلطی ہوگئی، انہوں نے بڑی لڑکی کا نام نہ لے کر چھوٹی کا لے لیا، اس وقت کسی کو اس کا احساس نہ ہوا؛ لیکن رخصتی میں وہی لڑکی سسرال گئی، جس سے شادی طے تھی، اگلے دن جب شوہر اس لڑکی سے مل چکا تو تحقیق سے معلوم ہوا کہ نکاح چھوٹی لڑکی سے ہوا ہے نہ کہ بڑی سے؛ کیونکہ چھوٹی ہی کا نام لیا گیا تھا، اب ایک مولوی صاحب نے بتایا کہ اس کو طلاق دے کر بڑی لڑکی کا نکاح دوبارہ پڑھواؤ، ہم نے ان کی ہدایت کے مطابق ایسا

کرلیا، تو کیا یہ درست ہے، اب چھوٹی لڑکی پر عدت واجب ہے یا نہیں؟ اور اس کی عدت میں فوراً نکاح درست ہوا یا نہیں؟

المستفتی: خالد ضمیر ایڈوکیٹ، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: سوال نامہ کی صراحت کے مطابق جو مسئلہ مولوی صاحب نے بتایا ہے وہ درست ہے؛ کیونکہ جب چھوٹی لڑکی کا نام مجلس نکاح میں شوہر کے سامنے ذکر کیا گیا، تو شوہر نے اسی کو نکاح میں قبول کیا؛ لہٰذا بڑی لڑکی کا نکاح اصلاً نہ ہوا اور چھوٹی کے ساتھ درست ہو گیا۔

ولـولـه بـنتـان أراد تزويج الكبرىٰ فغلط فسماها باسم الصغرىٰ صح للصغرىٰ خانية. (در مختار على الشامي، زكريا ٤/٩٧، كراچي ٣/٢٦)

اب بڑی کو رکھنے کے لئے چھوٹی کو طلاق دینا ضروری ہے اور چونکہ اس چھوٹی سے خلوت وغیرہ کچھ بھی نہیں ہوئی تو اس پر عدت وغیرہ کچھ بھی لازم نہیں اور اس کو طلاق کے فوراً بعد بڑی سے نکاح درست ہے۔

لايجب العدة علها -لو طلقها قبل الخلوة. (خانية على هندية، زكريا ١/٥٤٩، زكريا جديد ١/٣٤٧، هكذا في در مختار على الشامي، زكريا٥/١٨٠، كراچي٣/٥٠٤)

لیکن بڑی لڑکی کے ساتھ جو رخصتی اور ہمبستری ہوئی ہے، وہ شرعاً ناجائز ہوئی ہے؛ اس لئے دونوں اس فعل میں اپنے گناہوں سے توبہ کریں اور جن لوگوں نے اس غلط طریقہ پر رخصت کرایا ہے، ان کو بھی اپنی غلطی پر توبہ کر لینا ضروری ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/ربیع الاول ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۵۵۲/۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۳/۱۸ھ

نکاح کی رسید میں لڑکی ،لڑکا کا نام بدلا ہوا ہوتو کیا حکم؟

سوال [۵۳۹۲]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکا جوعلی گڑھ کا رہنے والا ہے، اس نے اپنے ماں باپ کی بلا مرضی کے ایک لڑکی کے ساتھ نکاح کرلیا ہے، جبکہ لڑکی کا نام بتایا جا تا ہے کہ ثانیہ ہے اور نکاح کے کاغذ میں اس کا نام سنیلہ ہے، لڑکے کا نام فضیل ہے اور نکاح کے کاغذ میں لڑکے کا نام محمد فضل ہے، آپ سے یہ فتوی لینا چاہتے ہیں کہ یہ نکاح ہوا یا ہیں، اس کا ڈپلیکیٹ کا غذ بھی ہم اس خط کے ذریعہ بھیج رہے ہیں، آپ مہربانی کرکے فتوی کے ذریعہ خط کے ساتھ میرے پاس بھیج دیں، آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔

المستفتی: قاری محمد میاں، جان نوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح کی رسید بھی دیکھ لی گئی ہے، نکاح کی رسید میں بھی لڑکے کا نام فضل نہیں ہے؛ بلکہ فضیل ہے اور واقع میں بھی اس کا نام فضیل ہی ہے؛ البتہ لڑکی کا نام نکاح کی رسید میں سنیلہ ہے؛ جبکہ حقیقت میں اس کا نام ثانیہ ہے، تو ایسی صورت میں جس وقت نکاح ہورہا تھا، اس وقت لڑکی اگر بنفس نفیس موجود تھی تو نام غلط ہونے کی باوجود اس کا نکاح صحیح ہو چکا ہے اور اگر نکاح کی مجلس میں لڑکی موجود نہیں رہی ہے اور نکاح خواں نے اپنی زبان سے صحیح نام لے کر کے نکاح پڑھایا ہے اور رسید میں غلط لکھا گیا ہے، تب بھی نکاح درست ہو چکا ہے، ہاں البتہ اگر بوقت نکاح نکاح کی مجلس میں یا جہاں نکاح ہورہا تھا، وہاں پر لڑکی موجود نہیں تھی اور اس کے نام ثانیہ کے بجائے اس کا سنیلہ نام لیا ہے، اور لڑکی کے ماں باپ کا نام بھی نہیں لیا گیا ہے، تو ایسی صورت میں ثانیہ کے ساتھ نکاح منعقد نہیں ہوا؛ اس لئے کہ اس شکل میں لڑکی متعین نہیں

ہوئی اور نکاح کے اندر لڑکی کا متعین ہونا لازم ہوتا ہے۔

لابد من ذكر اسمها واسم أبيها وجدها، وإن كانت معروفة عند الشهو على قول ابن الفضل وعل قول غيره: يكفي ذكر اسمها إن كانت معروفة عندهم وإلا فلا (وقوله) لو زوجه بنته ولم يسمها وله بنتان لم يصح للجهالة، بخلاف ما إذا كانت له بنت واحدة إلا إذا سماها بغير اسمها ولم يشر إليها فإنه لا يصح. (شامي، زكريا ٤/ ٩٠، كراچي ٣/ ٢٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۲۱۶۴/۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۳/ ۷/ ۱۴۳۶ھ

بیوی کا نام بوقت نکاح شاہین سلطانہ کے بجائے شاہین پروین لینا

سوال [۵۳۹۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرا نکاح ۲۰۰۹ء میں ہوا، اور میں مدرسہ مدینۃ العلوم بیدر کرناٹک میں شعبہ حفظ میں مدرس ہوں، نکاح کے بعد میں مدرسہ کی خدمت میں مصروف تھا دو مہینہ کے کچھ ہی دنوں بعد حمل کی خوشی بھی نصیب ہوئی، مگر اہلیہ کے کچھ پیٹ کے عارضہ کی وجہ حمل گرا اور کئی مرتبہ سال میں گرا، اس کے بعد ازدواجی زندگی کے موڑ بدل گئے اور مجھے مدرسہ سے زبردستی دوسری طرف لے گئے سسرال والے، اور شرط رکھی کہ مدرسہ چھوڑو ورنہ بیوی کو چھوڑو میں مدرسہ کو چھوڑ کر دوسرے طرف جو سسرال کے قریب تھا وہاں چلا گیا ان کے ساتھ بدرجہ مجبوری وہاں سے دوسری طرف رکھا گیا مجھے، اور سسرال والے بھی ایک دینی مدرسہ کے ذمہ دار ہیں جو میرے ماموخسر بھی لگتے ہیں، مجھے اور بیوی کو الگ کر دیا گیا، مدرسہ میں تنخواہ بھی رکوائی میری اور مدرسہ سے جبراً ہٹا دیا گیا اور دوسرے کسی مدرسہ کی جگہ جاتا تو وہاں بھی منع کرتے تقریباً ایسا دو سال پریشان کر کے بیوی کو بھی نہیں بھیجا ہمارے پاس، کہ تھوڑی تنخواہ میں

مدرسہ کے تم پال نہیں سکو گے اور تم کچھ بیوی کا خیال نہیں کرسکو گے، دوسال سے تین سال بیوی سے الگ رکھا، والدین کو ہمارے دھمکاتے تھے، میں مدرسہ کی خدمت سے بھی دور اور بیوی سے بھی دور کردیا گیا، مجھے تقریباً تین سال تک اس کے بعد خلع کے لئے بلایا گیا، مجھے اور قاضی صاحب کے پاس بیوی کی غیر موجودگی میں طلاق بائینہ خلع دو گواہوں کے سامنے زبردستی کر کے بیوی کا نام شاہین سلطانہ ہے تو شاہین پروین کہہ کر بلوایا گیا، میری نیت بھی نہیں تھی اور نام بیوی کا بدلا ہوا تھا، شاہین سلطانہ تھا تو شاہین پروین تحریر کیا گیا، جو بعد میں غلط ثابت کر کے پریشان بھی کرسکتے ہیں، شادی کے فارم اور اسکول فہرست میں شاہین سلطانہ ہے، خلع کے وقت شاہین پروین تحریر کر کے طلاق بائنہ وخلع بلوایا گیا، بیوی کی غیر موجودگی میں اور نام بھی بدلا تھا، میری نیت بھی نہیں تھی۔

نوٹ: بعد میں قاضی کے پاس میری اہلیہ سے میری غیر موجودگی میں دستخط کرایا ہے، ماموخسر جو دینی مدریہ کے ذمہ دار بھی ہیں۔ جواب چاہتا ہوں کے طلاق بائنہ وخلع بغیر نیت شوہر کے اور نام بدل کے ہوتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: حافظ معز، وجےنگر، مہاراشٹر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیوی کا نام شاہین سلطانہ کے بجائے شاہین پروین لکھنے کی وجہ سے نام کے تعین میں کوئی فرق نہیں آتا؛ اس لئے کہ صرف شاہین لکھنا بھی تعین کے لئے کافی ہے۔ اب رہی خلع نامہ پر دستخط کرنے کی بات تو اگر شوہر نے خلع نامہ خود نہیں تیار کرایا ہے اور نہ ہی اس پر بخوشی دستخط کیے ہیں؛ بلکہ جبر واکراہ کی وجہ سے دستخط کیے ہیں؛ لیکن زبان سے کچھ نہیں کہا ہے، تو ایسی صورت میں طلاق واقع نہیں ہوگی اور شوہر کی طرف سے خلع بھی درست نہ ہوگا اور اگر جبر واکراہ کے ساتھ دستخط نہ کرتا تو شوہر کے اوپر کسی قسم کا خطرہ نہیں تھا، پھر بھی شوہر نے خلع نامہ پڑھ کر دستخط کر دیئے ہیں، تو خلع اور طلاق بائن صحیح ہوگئی اور اس سے ایک طلاق بائن واقع ہوگئی ہے، وقوع طلاق کے لئے نیت شرط نہیں ہے؛

بلکہ بخوشی لکھنے اور تحریر پر بلانیت دستخط کر دینے سے بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے۔

الکتابة علی نوعين: إن كانت مرسومة يقع الطلاق نوى أو لم ينو. (هندية، كتاب الطلاق، باب في ايقاع الطلاق، الفصل السادس في الطلاق بالكتابة، زكريا ١/٣٧٨، جديد زكريا ١/٤٤٥، خانية على الهندية زكريا ١/٤٧١، زكريا جديد ١/٢٨٧)

رجل أكره بالضرب والحبس على أن يكتب طلاق امرأته فلانة بنت فلان، فكتب: امرأته فلانة بنت فلان بن فلان طالق لاتطلق امرأته؛ لأن الكتابة أقيمت مقام العبارة باعتبار الحاجة ولاحاجة ههنا. (خانية على الهندية ١/٤٧٢، زكريا جديد ١/٢٨٧، هندية زكريا ١/٣٧٩، زكريا جديد ١/٤٤٦)

وحكمه أي الخلع وقوع الطلاق البائن. (هندية، زكريا ١/٤٨٨، زكريا جديد ١/٥٤٨، شامي، كراچي ٣/٤٤٤، زكريا ٥/٩١-٩٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍صفر المظفر ۱۴۳۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۲۱۶۴/۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۶/۲/۲۳ھ

قاضی نے چھوٹی بہن کے بجائے شادی شدہ بڑی بہن کے نام سے نکاح پڑھا دیا

سوال [۵۳۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) کہ وکیلہ کی شادی زید کے ساتھ تقریباً چار سال پہلے ہوچکی ہے، پھر عقیلہ کی شادی جو وکیلہ کی چھوٹی بہن ہے، بکر کے ساتھ ہوئی، بکر کا پیغام نکاح عقیلہ سے طے ہوا، مگر قبولیت نکاح کے وقت بجائے عقیلہ کے نام کے وکیلہ کے نام سے قبولیت ہوئی اور رجسٹر نکاح پر بھی وکیلہ کا نام درج ہوا اور بعد نکاح رخصتی عقیلہ کی ہوئی جس سے بکر کا پیغام نکاح طے تھا؛ لہٰذا اس نکاح کا حکم شرعی مطلوب ہے۔

(۲) کچھ عرصہ کے بعد عقیلہ کا شوہر بکر کہتا ہے کہ میرا نکاح تجھ سے نہیں ہوا؛ بلکہ وکیلہ

سے ہوا ہے اور میں تجھے طلاق دے چکا اور جا تو آزاد ہے، صورت مذکورہ کا شرعی حکم کیا ہے اور اب دونوں کی باہم زندگی گذارنے کی کوئی شکل ہے؟

المستفتی: صلاح الدین، سہسپور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں بکر کا نکاح نہ وکیلہ سے ہوا ہے اور نہ ہی عقیلہ سے ہوا ہے، وکیلہ کے ساتھ تو اس لئے نہیں ہوا کہ وہ دوسرے مرد کے نکاح میں ہے، عقیلہ کے ساتھ اس لئے نہیں ہوا ہے کہ بوقت نکاح اس کا نام نہیں لیا گیا اور نہ ہی رجسٹر نکاح میں اس کا نام ہے۔

ولـولـه بنتان أراد تزويج الكبرىٰ، فغلط فسماها باسم الصغرىٰ صح للصغرىٰ. (درمختار، كراچي ٣/٢٦، زكريا ٤/٩٧)

لہٰذا اس کے بعد بکر نے جو عقیلہ کو طلاق دی ہے وہ شرعاً واقع نہیں ہوئی اور اب اگر ساتھ رہنا چاہتے ہوں تو شرعی طریقہ سے نکاح کر کے رہ سکتے ہیں۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ۲۱۶/۱۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱/ ربیع الاول ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹۰۰/۳۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/۳/۱۴۱۵ھ

قاضی نے لڑکی کا نام بدل دیا تو نکاح ہوا یا نہیں؟

سوال [۵۳۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنی بڑی لڑکی محمد النساء کی شادی کی، نکاح کا وقت جب آیا تو وکیل اور گواہوں نے اذن محمد النساء سے لیا اور لڑکی نے اذن دیدیا، لیکن وکیل اور گواہوں نے قاضی سے مہر النساء چھوٹی لڑکی کا نام بتادیا اور قاضی صاحب نے چھوٹی لڑکی مہر النساء کے نام

سے ایجاب وقبول بھی کرادیا اور رخصتی بڑی لڑکی محمد النساء کے ساتھ ہوئی کئی روز میں پتہ چلا کہ چھوٹی لڑکی مہر النساء کا نام رجسٹر میں ہے، اس حالت میں اب کیا کریں؟

المستفتی: سراج الدین، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب بوقت عقد نکاح قاضی نے شوہر کے سامنے بڑی لڑکی محمد النساء کا نام نہیں لیا، تو محمد النساء کے ساتھ نکاح صحیح نہیں ہوا؛ لہٰذا محمد النساء کو شوہر کے ساتھ بیوی بن کر رہنا جائز نہیں ہوگا؛ بلکہ مذکورہ عقد نکاح میں جب چھوٹی لڑکی مہر النساء کا نام لیا ہے اور شوہر نے اسی کو قبول کرلیا ہے، تو اس کا نکاح صحیح ہوگیا ہے۔

اب محمد النساء کا نکاح صحیح ہونے کے لئے یہ صورت ہوسکتی ہے کہ دوبارہ محمد النساء کے ساتھ عقد نکاح کرلیا جائے یا محمد النساء کو چھوڑ کر مہر النساء کو رخصت کرادیں؛ اس لئے کہ شادی میں سگائی وغیرہ کے ذریعہ سے لڑکی کی اصل تعیین نہیں ہوتی؛ بلکہ بوقت نکاح صریح الفاظ سے نام ذکر کرنے سے اصل تعیین ثابت ہوتی ہے۔

إذا وقعت الخطبة على إحداهما ووقت العقد عقدا باسم الأخرىٰ خطأً، فإنه يصح على التي سمياها وذلك لأن مقدمات الخطبة قرينة معينة إذا لم يعارضها صريح والتصريح بذلك الأخرىٰ صريح فلاتعمل معه القرينة الخ.

(منحة الخالق، كتاب النكاح، زكريا ۳/ ۱۵۰، كراچي ۳/ ۸٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ ذی الحجہ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱؍ ۳۷۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۱۲/۴ھ

قاضی نے دو بہنوں کے نکاح میں ایک کا نام دوسری کی جگہ لے لیا

سوال [۵۳۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ دو بہنوں کا ایک ساتھ نکاح ہوا ہندہ کا رشتہ خالد کے ساتھ اور زینب کا رشتہ بکر کے ساتھ ہوا اور وکیل نے لڑکیوں سے اجازت بھی اسی طرح لیا (ہندہ سے خالد سے نکاح کے لئے اجازت لی اور زینب سے بکر سے نکاح کے لئے) اس کے بعد بوقت نکاح نکاح خواں نے ہندہ کا نکاح بکر کے ساتھ اور زینب کا نکاح خالد کے ساتھ کردیا، معاملہ بالکل الٹا ہوگیا، پھر اس کے سابقہ طے شدہ رشتہ کے اعتبار سے ہندہ کی رخصتی خالد کے ساتھ اور زینب کی رخصتی بکر کے ساتھ کردی اور ہمبستری بھی ہوگئی، اس کے بعد علماء سے مسئلہ معلوم کیا، تو پتہ چلا کہ ہندہ کا نکاح خالد کے ساتھ اور زینب کا نکاح بکر کے ساتھ ہوا ہی نہیں ہے۔

اب اس کے تحت مفتی صاحب سے دو باتیں معلوم کرنی ہیں۔

(۱) اس مسئلہ کا حل کیا ہوگا اور ہندہ کے خالد کی زوجہ بننے اور زینب کے بکر کی زوجہ بننے کی کیا شکل ہوگی؟

(۲) اس رخصتی میں جو ہمبستری ہوئی ہے، یہ ہمبستری زنا کے مرادف ہے یا وطی بالشبہ ہے، اگر وطی بالشبہ ہوئی ہے، تو اس سے علیحدگی کی صورت میں عدت گزارنا لازم ہوگی یا نہیں؟ اگر استقرار حمل ہوگیا ہے تو ثبوت نسب کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: شعیب احمد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب دو بہنوں کا نکاح ایک مجلس میں ہونے لگے، تو وکیل اور نکاح خواں کو انتہائی بیداری اور سمجھداری سے نکاح کا ایجاب وقبول کرانا چاہئے ورنہ ادل بدل ہوکر کے ایسا ہی خطرناک واقعہ پیش آسکتا ہے جیسا کہ سوال نامہ میں ہوا ہے۔

اب مذکورہ واقعہ میں خالد کا نکاح ہندہ کیساتھ اور زینب کا نکاح بکر کے ساتھ نہیں ہوا ہے؛ بلکہ ہندہ کا نکاح بکر کے ساتھ ہوکر ہندہ بکر کی زوجیت میں آگئی اور زینب کا نکاح خالد سے ہونے کی وجہ سے زینب خالد کی زوجیت میں آگئی، مگر رخصتی اس کے برخلاف ہوئی ہے کہ بکر کی بیوی ہندہ خالد کے ساتھ رخصت کردی گئی اور خالد کی بیوی زینب بکر کے ساتھ

رخصت کردی گئی اور دونوں کی شب باشی شرعی طور پر ناجائز ہوئی ہے؛ اس لئے فوری طور پر ہندہ کو بکر کے حوالہ کردیا جائے اور زینب کو خالد کے حوالہ کردیا جائے اور مذکورہ رخصتی میں جو ہمبستری ہوئی ہے اس سے توبہ کرلیں اور اگر یہی چاہتے ہیں کہ سابقہ طے شدہ رشتہ کے مطابق ہندہ خالد کی زوجیت میں دی جائے، تو زینب خالد کے نکاح سے فوری طور پر الگ ہوجائے اور عدت گذارنے کی ضرورت نہیں کہ وہ خالد کی مدخولہ نہیں ہے، پھر زینب کا نکاح بکر کے ساتھ کردیا جائے، اسی طرح بکر ہندہ کو طلاق دیدے اور ہندہ چونکہ بکر کی مدخولہ نہیں ہے؛ اس لئے اس پر بھی عدت گزارنا لازم نہیں، پھر ہندہ کا نکاح خالد کے ساتھ کردیں، اس کے بعد جیسے رخصتی کی ہے، اسی طرح رخصتی صحیح ہوجائے گی۔ اس تحریر کے ذریعہ سوال کے ہر پہلو کا جواب واضح ہوچکا ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۱/۳۹)

اس کے جزئیات ملاحظہ فرمایئے:

وكان أبو حنيفةؒ في وليمة في الكوفة وفيها العلماء، والأشراف وقد زوج صاحبها ابنيه من اختين فغلطت النساء فزفت كل بنت إلى غير زوجها ودخل بها فأفتى سفيانؒ بقضاء عليؓ على كل منهما المهر، وترجع كل زوجها فسئل الإمام فقال علي بالغلامين فأتىٰ بهما، فقال: أيحب كل منكما أن يكون المصاب عنده قالا نعم! فقال لكل منهما: طلق التي عند أخيك، ففعل، ثم أمر بتجديد النكاح فقام سفيان فقبل بين عينيه. (الإشباه والنظائر، الفن السابع الحكايات والمرسلات ۲/ ۳۲٤)

حكي في المبسوط أن رجلاً زوج ابنيه بنتين فأدخل النساء زوجة كل أخ على أخيه فأجابها العلماء بأن كل واحد يجتنب التي أصابها وتعتد لتعود إلى زوجها، وأجاب أبو حنيفةؒ بأنه إذا رضي كل واحد بموطوءته يطلق كل واحدٍ زوجته ويعقد على موطوءته ويدخل عليها للحال؛ لأنه صاحب العدة، ففعلا كذلك ورجع العلماء إلى جوابه.

(شامي، كتاب الطلاق، باب العدة، مطلب:حكاية أبي حنيفة في الموطوئة بشبهة، كراچي ۳/۵۰۷، زكريا ۵/۱۸۳، ۱۸۴) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ ذی الحجہ ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/ ۶۱ ۔ ۱۱۷)

دو بہنوں کے نکاح میں قاضی نے نام بدل دیا

سوال [۵۳۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی دو لڑکیاں ہیں، ایک کا نام ثاقبہ، دوسری کا نام شگوفہ -شگوفہ کا نکاح خالد سے ہونا طے تھا، بارات زید کے گھر آئی نکاح پڑھا گیا، ایجاب وقبول کراتے وقت قاضی نے خالد کے سامنے بجائے شگوفہ کا نام لینے کے ثاقبہ کا نام لیا، لوگوں کے توجہ دلانے پر بھی دوبارہ ثاقبہ ہی کا نام لیا؛ جبکہ شوہر خالد نے دونوں مرتبہ خاموشی اختیار کی اور زبان سے کلمہ قبول نہیں نکالا، اس کے بعد رخصتی شگوفہ کے ساتھ ہوگئی۔

اب سوال یہ ہے کہ خالد کا نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟ اگر منعقد ہوا تو شگوفہ سے ہوا یا ثاقبہ سے، اسی واقعہ کے بعد ثاقبہ کا نکاح دوسرے شخص سے ہو چکا ہے، فی الحال شگوفہ خالد کے ساتھ رخصت ہوکر خالد ہی کے گھر پر ہے، جواب سے مشکور فرمائیں۔

المستفتی: امداد اللہ، پنتھر فیض آباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں خالد کا نکاح شرعاً شگوفہ اور ثاقبہ میں سے کسی کے ساتھ بھی صحیح نہیں ہوا، شگوفہ کے ساتھ اس لئے صحیح نہیں ہوا کہ بوقت عقد نام نہیں لیا گیا، جو کہ ضروری تھا اور ثاقبہ کے ساتھ اس لئے نہیں ہوا کہ خالد نے قبول نہیں کیا اور انعقاد نکاح میں پیغام نکاح اور سگائی کا اعتبار نہیں ہوتا؛ بلکہ بوقت عقد جس کا نام آجائے اسی کے ساتھ منعقد ہوجاتا ہے۔

إذا وقعت الخطبة على إحداهما ووقعت العقد عقداً باسم الأخرىٰ خطأً، فإنه يصح على التي سمياها وذلك؛ لأن مقدمات الخطبة قرينة معينة إذا لم يعارضها صريح والتصريح بذلك الأخرىٰ صريح، فلاتعمل معه الخ (منحة الخالق على هامش البحرالرائق، كتاب النكاح، زكريا ديوبند۳/ ۱۵۰، كراچي ۳/ ۸٤)

وينعقد بإيجاب وقبول. (البحرالرائق، کوئٹہ ۳/ ۸۱، زکریا۳/ ۱٤٤، هندية، زکریا۱ /۲٦۷، جديد زکریا ۱/ ۳۳٥)

لہٰذا شگوفہ کو نکاح میں رکھنے کے لئے خالد پر ضروری ہے کہ دوبارہ دو گواہوں کی موجودگی میں ایجاب وقبول کرے، اس کے بغیر شگوفہ کو رکھنا جائز نہیں ہوگا؛ بلکہ حرام ہوگا۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍صفر المظفر ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/ ۲۱۲۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸؍۲؍۱۴۱۱ھ

قاضی نے لڑکی کا نام بدل کر نکاح پڑھایا

سوال [۵۳۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی دو لڑکیاں ہیں ایک نام ثاقبہ ہے۔ دوسری کا نام شگوفہ، شگوفہ کا نکاح سعود سے ہونا طے تھا، بارات زید کی گھر آئی نکاح پڑھایا گیا، ایجاب وقبول کراتے وقت قاضی نے سعود کے سامنے بجائے شگوفہ کا نام لینے کے ثاقبہ کا نام لیا، لوگوں کے توجہ دلانے پر بھی دوبارہ ثاقبہ ہی کا نام لیا، سعود نے بالآخر اسی پر قبول کرلیا بعد میں اس کے رخصتی شگوفہ کے ساتھ ہوگئی۔

اب سوال یہ ہے کہ سعود کا نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟ اگر منعقد ہوا تو شگوفہ کے ساتھ

یا ثاقبہ کے ساتھ فی الحال شگوفہ سعود ہی کے ساتھ ہے، اس واقعہ کے بعد ثاقبہ کا نکاح دوسرے شخص سے ہو چکا ہے، یہ دونوں لڑکیاں بالغہ ہیں۔

المستفتی: امداد اللہ، پنتھر فیض آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس کا جواب ۱۸؍صفر المظفر ۱۴۱۱ھ کو دیا جا چکا ہے؛ البتہ دونوں سوالات کی نوعیت میں قدر فرق ہے؛ اس لئے از سر نو جواب لکھا جاتا ہے کہ صورت مسئولہ میں سعود کا نکاح شرعاً شگوفہ اور ثاقبہ میں سے کسی کے ساتھ منعقد نہیں ہوا ہے، شگوفہ کے ساتھ اس لئے صحیح نہیں ہوا کہ بوقت عقد مسنون اس کا نام نہیں لیا گیا، جو کہ ضروری تھا اور انعقاد نکاح میں سگائی اور پیغام نکاح کا اعتبار نہیں ہوا کرتا؛ بلکہ بوقت عقد مسنون جس کا نام آجائے یا جس کی طرف اشارہ کیا جائے، اس کے ساتھ نکاح منعقد ہو جا ہے۔

إذا وقعت الخطبة على إحداهما ووقعت العقد عقداً باسم الأخرىٰ خطأً، فإنه يصح على التي سمياها وذلک؛لأن مقدمات الخطبة قرينة معينة إذا لم يعارضها صريح والتصريح بذلک الأخرىٰ صريح، فلاتعمل معه الخ

(منحة الخالق على هامش، البحرالرائق، كتاب النكاح، زكريا ديوبند٣/ ١٥٠، كراچي ٣/ ٨٤)

اور ثاقبہ کے ساتھ اس لئے منعقد نہیں ہوا کہ نکاح خواں (قاضی) سعود کے ساتھ نکاح کرنے کا وکیل شگوفہ کی طرف سے تھا، ثاقبہ کی طرف سے سعود کے ساتھ نکاح کا وکیل نہیں بنایا گیا ہے اور وکیل جب حکم موکل کے خلاف کرتا ہے تو فعل وکیل نافذ نہیں ہوا کرتا۔

كما لو أمره بمعينة أو بحرة، أو بأمة فخالف أو أمرته بتزويجها ولم تعين فزوجها غير كفء لم يجر اتفاقاً. وتحته في الشامي: وفي كل موضع لاينفذ فعل الوكيل، فالعقد موقوف على إجازة الموكل وحكم الرسول كحكم الوكيل الخ (الدر المختار مع الشامي، كراچي ٣/ ٩٥، زكريا ديوبند ٤/ ٢٢٢، ٢٢٣)

لہٰذا اسعود کا شگوفہ کو نکاح میں رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ دو گواہوں کے سامنے دوبارہ ایجاب وقبول کرے اس کے بغیر شگوفہ کے ساتھ ازدواجی زندگی جائز نہیں ہوگی۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰؍ربیع الثانی ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۱۸۲/۲۶)

قاضی نے لڑکی کا نام بدل دیا

سوال [۵۳۹۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ خالدہ راشدہ دو بہنیں ہیں خالدہ بڑی ہے اور راشدہ چھوٹی ہے، خالدہ کا نکاح قریب پانچ سال قبل ہو چکا ہے اور اب راشدہ کا نکاح ہو رہا ہے، نکاح پڑھا نے والے نے بجائے راشدہ کے خالدہ کا نام لیا، تو اس صورت میں راشدہ کے عقد میں کچھ خرابی واقع ہوگی یا نہیں؟

المستفتی: جلیل احمد، ہردوئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں خالدہ کے ساتھ عقد اس لئے صحیح نہیں ہوا کہ اس کا نکاح پہلے سے دوسرے کے ساتھ ہو چکا ہے اور راشدہ کا عقد اس لئے صحیح نہیں ہوا کہ بوقت عقد اس کے نام سے عقد نہیں ہوا ہے؛ لہٰذا راشدہ کا عقد دوبارہ کرنا لازم ہوگا۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۱۱۲/۷)

غلط وكيلها بالنكاح في اسم أبيها بغير حضورها لم يصح للجهالة، وكذا لو غلط في اسم بنته الخ (در مختار مع الشامي، كتاب النكاح، مصري ۳۷۸/۲، كراچي ۲۶/۳، زكريا ديوبند ۹۶/٤، ۹۷، وكذا في قاضيخان على

ھامش الهندیة ١/ ٣٢٤، جدید زکریا ١/ ١٩٧، البحرالرائق، زکریا دیوبند ٣/ ١٥٠، کوئٹه ٣/ ٨٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ رجب المرجب ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۵۶۰/۳۲)

عقد نکاح کے وقت ولدیت بدل جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۴۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں محمد وصی خاں ولد جناب محمد شفیع خاں مرحوم کا نکاح تبسم افشاں بنت ریاض الاسلام کے ساتھ ہوا۔ اور تبسم افشاں کی والدہ کا نکاح اولاً حکیم ضیاء الاسلام صاحب کے ساتھ ہوا تھا، مگر حکیم ضیاء الاسلام نے ان کو طلاق دے دیا تھا، پھر عدت کے بعد ان کے بھائی ریاض الاسلام نے نکاح کرلیا اور انہیں سے تبسم افشاں پیدا ہوئیں اور میرے نکاح کے وقت تبسم افشاں کی ولدیت بجائے ریاض الاسلام کے لکھنے کے ضیاء الاسلام لکھا گیا، تو کیا اس کی وجہ سے میرے نکاح میں کوئی فرق آیا۔

المستفتی: محمد وصی خاں ولد محمد شفیع خاں، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر بوقت نکاح لڑکی کا نام لیا گیا ہے اور لڑکی متعین تھی تو نکاح صحیح اور درست ہو چکا ہے، اس میں کوئی شک وشبہ کی ضرورت نہیں ہے، ہاں البتہ باپ کو چھوڑ کر کے غیر کی طرف جو ولدیت کی نسبت کی گئی ہے، اس کی وجہ سے ایسا کرنیوالے گنہگار رہوں گے۔ حدیث پاک میں اس طرح کرنے کی سخت ممانعت آئی ہے۔

خطبنا علي بن أبي طالب ……وفیها قال النبي صلی اللّٰہ علیه وسلم……ومن ادعیٰ إلی غیر أبیه، أو انتمیٰ إلی غیر موالیه، فعلیه لعنة اللّٰہ

والملائكة والناس أجمعين، لايقبل الله منه يوم القيامة صرفاً، ولاعدلاً.

(مسلم شريف، كتاب العتق، النسخة الهندية ١/٤٩٨، بيت الأفكار رقم: ١٣٧٠، سنن الترمذي، أبواب الولاء والهبة، باب ما جاء فيمن تولىٰ غير مواليه، أوادعى إلى غير أبيه، النسخة الهندية ٢/٣٢، دارالسلام رقم:٢١٢٧، مسند أحمد بن حنبل ١/٨١، رقم:٦١٥، سنن أبي داؤد الأدب، باب في الرجل ينتمي إلى غير مواليه، النسخةالهندية٢/٦٩٧، رقم:٥١١٣، ٥١١٤)

وقال العلامة ابن عابدينؒ وتقدم أنه إذا عرفها الشهود يكفي ذكر اسمها.

(شامي، كتاب النكاح، زكريا ٤/٩٦، شامي، كراچي ٣/٢٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۷/۵/۱۴۳۱ھ

مجلس نکاح میں نکاح پڑھاتے وقت ولدیت کا بدل جانا

سوال [۵۴۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک نکاح پڑھانے والے نے نکاح کی مجلس میں اس طرح نکاح پڑھایا کہ ’’مسرت جہاں بنت مشتاق حسین کا نکاح (لڑکے کو مخاطب کرتے ہوئے) آپ کے ساتھ کیا، آپ نے قبول کیا‘‘ اس پر لڑکے نے قبول کرلیا؛ لیکن لڑکے کی ولدیت نکاح کے رجسٹر میں بدل گئی تھی تو کیا نکاح منعقد ہوگیا؟

المستفتی: اقبال حسین، چکر کی ملک، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح پڑھانے والے نے ایجاب وقبول کرتے ہوئے لڑکی کا نام اور لڑکی کے باپ کا نام صحیح لیا فلاں بنت فلاں کا نکاح یہ کہہ کر لڑکے کو مخاطب کرکے ایجاب کیا کہ میں نے فلاں بنت فلاں کا نکاح تمہارے ساتھ کردیا ہے، تم نے اس کو

قبول کرلیا، پھرلڑکے نے قبول کرلیا، تو ایسی صورت میں نکاح درست ہوگیا ہے، اگرچہ نکاح کے رجسٹر میں لڑکے کے باپ کے نام کے بجائے کسی اور کا نام لکھا گیا ہو اس لئے کہ مجلس نکاح میں لڑکا خود موجود تھا، باپ کا نام لئے بغیر نکاح درست ہوجاتا ہے۔ اوراب رجسٹر میں بعد میں نام درست کیا جاسکتا ہے۔

لو كانت مشاراً إليها وغلط في اسم أبيها، أو اسمها لايضر؛ لأن تعريف الإشارة الحسية اقوىٰ من التسمية. (شامي، كتاب النكاح، زكريا ديوبند ٤/٩٧، كراچي ٣/٢٦، الموسوعة الفقهية الكوتية ١٩/١٦٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ربیع الاول ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/۹۲۶۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۴/۲۴ھ

کیا نکاح نامہ میں حقیقی باپ کا نام لکھنا لازم ہے؟

سوال[۵۴۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک بچی کو گود لی اوراس کی پرورش کی جس نے گود لی وہ اپنے نام کو باپ کے خانہ پر ڈلواکر نکاح کردیتا ہے تو کیا یہ نکاح ہوا یا نہیں؟ اگر نہیں ہوا تو کیا صورت ہے؟

المستفتی: اعجاز احمد، پیرزادہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں نکاح اس لئے صحیح ہوگیا کہ جب اس لڑکے کے سامنے نکاح کے وقت فلانی بنت فلاں کہا گیا، تو اس سے وہی گود لی گئی لڑکی مراد لی گئی ہے اور گواہ قاضی شوہر سب ہی نے اسی کو سمجھا ہے؛ لہٰذا لڑکی کے متعین ہونے کی وجہ سے نکاح تو منعقد ہوگیا، مگر حقیقی باپ کو چھوڑ کر نقلی باپ کی طرف جو منسوب کیا گیا ہے، اس کا بہت بڑا گناہ ہوگا۔

نیز نکاح نامہ میں حقیقی باپ کا نام منتقل کردینا چاہئے اور اس نسبت کی وجہ سے توبہ کرلینا چاہئے۔ حدیث شریف میں اس کی بڑی مذمت آئی ہے۔

عن أبي ذرؓ، أنه سمع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم یقول: لیس من رجل ادعی لغیر أبیه وهو یعلمه إلا کفر، ومن ادعی مالیس له فلیس منا، ولیتبوأمقعده من النار. الحدیث (صحیح مسلم، کتاب الإیمان، باب بیان حال إیمان من رغب عن أبیه وهو یعلم، النسخة الهندیة ١/٥٧، بیت الأفکار رقم: ٦١) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٢٢/ ذی قعدہ ١٤١٧ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٣٢/ ٥٠٢٨)

کیا ولدیت کی جگہ حقیقی باپ کا نام لکھنا لازم ہے؟

سوال [الف: ٥٤٠٣]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عورت جو کہ طلاق شدہ ہے اور اس کے ایک بچہ ہے، اب اس نے کسی دوسرے مرد سے شادی کرلی ہے، بچہ ساتھ میں رہتا ہے۔ اب اس کے نکاح کے وقت پہلے باپ کا نام لکھا جائے گا یا اب وہ جس کے نکاح میں ہے اس کا نام لکھا جائے گا؟

المستفتی: سید سرتاج علی طباقیان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکے کے جو حقیقی والد ہیں ولدیت کی جگہ پر اس حقیقی والد کا نام لکھنا لازم ہے، ماں کے شوہر کا نام صرف سرپرست کی جگہ لکھا جاسکتا ہے ”کہ سرپرست فلاں“

أدعوهم لِاٰبآئهم هو اقسط عنداللّٰہ وعلم من الآیة أنه لایجوز انتساب الشخص إلی غیر أبیه. (روح المعاني، زکریا ١٢/٢٢٦)

عن سعد قال: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم: يقول من ادعىٰ إلى غير أبيه وهو يعلم أنه غير أبيه، فالجنة عليه حرام. (بخاري شريف، كتاب الفرائض، باب من ادعىٰ إلى غير أبيه، النسخة الهندية ٢/١٠٠١، رقم: ٦٥٠٩، ف:٦٧٦٦، صحيح مسلم، الإيمان، باب بيان حال إيمان من رغب عن أبيه وهو يعلم، النسخة الهندية ١/٥٧، بيبت الأفكار رقم:٦٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍ ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷؍ ۸۳۲۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰؍۴؍۱۴۲۵ھ

جھوٹے اقرار اور جھوٹی خبر سے انعقاد نکاح کا حکم

سوال [ب:۵۴۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک معشوقہ اپنے عاشق کو لے کر اپنی سہیلیوں کے گھر گئی تو گھر والوں نے پوچھا کہ یہ کون ہے؟ تو معشوقہ نے کہا کہ میرا شوہر ہے، جس وقت یہ کہا اس وقت تین عورتیں ایک مرد موجود تھے، اس وقت موجود مرد نے عاشق سے کہا کہ تم اس کے شوہر ہو تو اس نے بھی جھوٹی تسلی کے لئے کہا کہ ہاں میں اس کا شوہر ہوں، تو اس صورت میں نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟

اس سوال کے جواب میں مدرسہ چلہ امروہہ کے مفتیان کرام نے یہ لکھا ہے کہ نکاح منعقد نہیں ہوا اور مدرسہ جامع مسجد امروہہ کے مفتیان کرام نے یہ لکھا ہے کہ نکاح منعقد ہو گیا، حضرت مفتی صاحب آپ سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ اس سلسلہ میں ہماری صحیح اور مدلل رہنمائی فرمائیں اور اس استفتاء کے ساتھ دونوں فتوؤں کی فوٹو کاپی منسلک ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں:

جامع مسجد امروہہ کا جواب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں نکاح ہو گیا؛ اس لئے کہ جب

دونوں نے گواہوں کی موجودگی میں میاں بیوی ہونے کا اقرار کیا، تو اس اقرار کو انشاء کا درجہ دیا جائے گا اور انعقاد نکاح کا حکم لگایا جائے گا۔

فلا ينعقد بالإقرار على المختار وقيل إن كان بمحضر من الشهود صح كما يصح بلفظ الجعل وجعل الإقرار إنشاء وهو الأصح، وقال في الفتح: قال قاضي خان وينبغي أن يكون الجواب على التفصيل إن أقرا بعقد ماض ولم يكن بينهما عقد لا يكون نكاحًا وإن أقر الرجل أنه زوجها وهي أنه زوجته يكون إنكاحًا ويتضمن إقرارهما الإنشاء. (درمختار مع الشامي ٤/ ٧٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

الجواب صحیح: ریاست علی رام پوری غفرلہ
جامعہ اسلامیہ عربیہ جامع مسجد امروہہ
۲۰؍محرم الحرام؍۱۴۳۷ھ

کتبہ: محمد منصف بدایونی غفرلہ
جامعہ اسلامیہ عربیہ جامع مسجد امروہہ
۲۰؍۱؍۱۴۳۷ھ

دارالعلوم چلّہ امروہہ کا جواب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مذکورہ میں نکاح منعقد نہیں ہوا۔

لا بقولهما عند الشهود مازن وشوئيم أي لا يصح النكاح بالإقرار عند الشهود بالزوجية بدون لفظ يدل على إنشاء بالعقد؛ لأن الإقرار إظهار لما هو ثابت وليس بإنشاء وفي فتاوى قاضيخان إن أقر لعقد ماض ولم يكن بينهما عقد لا يكون نكاحًا لأنه كذب. (شرح وقاية ثاني مع حاشية ص:٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: عزیز الرحمٰن عفا اللہ عنہ
۱۸؍محرم الحرام ۱۴۳۷ھ

الجواب صحیح: عبدالقادر غفرلہ
۱۸؍۱؍۱۴۳۷ھ

دارالافتاء جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مرادآباد کا جواب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جامع مسجد امروہہ کی طرف سے ۲۰ر محرم الحرام ۱۴۳۷ھ کا لکھا ہوا جواب، اسی طرح دار العلوم چلہ امروہہ کی طرف سے ۱۸ر محرم الحرام ۱۴۳۷ھ کا لکھا ہوا جواب دیکھا گیا ہے اور دونوں کے دلائل پر بھی غور کیا گیا، اس کے بعد کتب فقہیہ کی مراجعت کر کے اس مسئلے سے متعلق تمام عبارات پر غور کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہونچا کہ مذکورہ واقعہ میں جھوٹے اقرار کی وجہ سے نکاح منعقد نہیں ہوا ہے اور نہ ہی یہ جھوٹا اقرار انشاء کے حکم میں ہوگا۔

اب اس مسئلہ سے متعلق دو باتوں پر توجہ دینا انتہائی ضروری ہے۔

(۱) سوال نامہ کی عبارت اور اصل واقعہ پر غور کرنے کی سخت ضرورت ہے گھر والوں نے عاشق لڑکے کے بارے میں معشوقہ لڑکی سے پوچھا تھا کہ یہ کون ہے؟ تو لڑکی نے جھوٹی خبر دیتے ہوئے کہا کہ میرا شوہر ہے اور لڑکے سے معشوقہ کے بارے میں پوچھنے پر اس نے بھی جھوٹی خبر دیتے ہوئے کہا کہ یہ میری بیوی ہے دونوں نے ایسی جھوٹی خبر دی ہے جس کا ماضی میں کوئی وجود نہیں ہے؛ اس لئے عام لوگوں کے سامنے اس طرح کی جھوٹی خبر اور جھوٹا اقرار کو انشاء مان کر نکاح کا حکم نہیں لگایا جائے گا؛ ہاں البتہ قاضی کے سامنے انشاء کے حکم میں قرار دیا جاتا ہے، فتاوی محمودیہ میں بھی اس مسئلے کا تفصیلی جواب لکھا ہے کہ نکاح منعقد نہیں ہوگا۔

(مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۰/ ۶۶۷، میرٹھ ۱۶/ ۲۱۲)

اب جزئیات ملاحظہ فرمائیے: **البحر الرائق** میں ہے۔

فلو قال بحضرة الشهود هي امرأتي وأنا زوجها وقالت: هو زوجي وأنا امرأته لم ينعقد النكاح لأن الإقرار إظهار لما هو ثابت وليس بإنشاء الخ. (البحرالرائق زكريا ٣/ ١٤٩، كوئٹه ٣/ ٨٤)

محیط برہانی اور تاتارخانیہ کی عبارت ملاحظہ فرمایئے:

إذا قال لامرأة هذه امرأتي وقالت المرأة: هذا زوجي وكان ذلك بمحضر من الشهود لا يكون نكاحًا وكذا لو قال بالفارسية زنِ وشوئيم لايكون ذلك نكاحًا وفي فتاوى النسفي إن فيه اختلف المشايخ قال ثمه ولو قضىٰ قاض بصحة هذا النكاح ينفذ القضاء ويصح النكاح ودلت المسئلة على أن قضاء القاضي في مثل هذه المجتهدات صحيح الخ.

(المحيط البرهاني ٤/ ١٠، رقم:٣٤٨٣، الفتاوى التاتار خانية ٤/ ١٤، رقم:٥٣٨٣)

فتح القدیر کی عبارت اور بھی واضح ہے ملاحظہ فرمایئے:

رجل وامرأة أقرا بالنكاح بحضرة الشهود قال: هي امرأتي وأنا زوجها وقالت: هو زوجي وأنا امرأته وقال الآخر نعم لاينعقد النكاح بينهما لأن الإقرار إظهار لما هو ثابت فهو فرع سبق الثبوت الخ. (فتح القدير زكريا واشرفية ٣/ ١٨٥، مطبع كوئٹه ٣/ ١٠٤)

اور خلاصۃ الفتاوی کی عبارت بھی بہت واضح ہے ملاحظہ فرمایئے:

وفي الفتاوى رجل وامرأة أقرًا بالنكاح بين يدي الشهود وقالا بالفارسية مأزن وشوئيم لا ينعقد النكاح بينهما هو المختار، ولو قال: اين زن من است بمحضر من الشهود فقالت المرأة إين شوى من است ولم يكن بينهما نكاح اختلف المشايخ فيه والصحيح أنه لا ينعقد النكاح.

(خلاصة الفتاوى، كتاب النكاح، مكتبة اشرفية ٢/ ٤)

(۲) دوسری بات یہ ہے کہ اس مسئلے میں صحت نکاح سے متعلق شامی کی جو عبارت نقل کی جاتی ہے اس پر غور کرنے کی ضرورت ہے وہ عبارت یہ ہے:

وينبغي أن يكون الجواب على التفصيل إن أقرا بعقد ماض ولم يكن بينهما عقد لايكون نكاحًا وإن أقر الرجل أنه زوجها وهي أنها زوجته يكون

إنكاحًا يتضمن إقرارهما الإنشاء بخلاف إقرارهما بماض لأنه كذب الخ.

(شامي، زكريا ٤/٧٤، كراچي ٣/١٣)

اب اس عبارت پر غور کیا جائے تو معلوم ہوجائے گا کہ جہاں اقرار کو انشاء کے حکم میں مانا گیا ہے، وہاں پر **یکون نکاحًا** کے الفاظ نہیں ہیں؛ بلکہ **انکاحًا** کے الفاظ ہیں اور جہاں خلاف واقعہ اقرار ماضی سے عدم انعقاد اور عدم انشاء کی بات ثابت کی گئی ہے وہاں **یکون انکاحًا** کے الفاظ نہیں بلکہ **لایکون نکاحًا** کے الفاظ ہیں اور **یکون انکاحًا** کے معنی ہیں نکاح کردینا جو قاضی کے ذریعہ سے ہی ثابت ہوتا ہے اور **لایکون نکاحًا** کے معنی ہیں نکاح نہیں ہوا، اب اس تفصیل سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ عام لوگوں کے سامنے جھوٹے اقرار سے نکاح منعقد نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی اس کو انشاء کے حکم میں قرار دیا جاتا ہے اور قاضی کے سامنے جب جھوٹا اقرار کرے اور قاضی تسلیم کرکے فیصلہ کردے تو اس سے قاضی کی طرف سے نکاح کردینا ثابت ہوجاتا ہے جیسا کہ تاتارخانیہ اور محیط برہانی کی مذکورہ عبارات سے واضح ہوچکا ہے؛ لہٰذا سوال نامہ میں ذکر کردہ واقعہ میں جھوٹے اقرار اور جھوٹی خبر سے نکاح منعقد نہیں ہوا اور دونوں ایک دوسرے کے لئے میاں بیوی نہیں ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

الجواب صحیح:	کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ	١١ر صفر المظفر ١٤٢٧ھ
١١/٢/١٤٢٧ھ	(فتویٰ نمبر: الف ١٤١/٦٢ ١٢٣)

(۱۱) فون، انٹرنیٹ اور کورٹ میرج کا نکاح

کورٹ میرج

سوال [۵۴۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک غیر مسلم شادی شدہ لڑکی نے ایک مسلم لڑکے کے ساتھ اسلام قبول کرنے کے بعد آج سے تقریباً آٹھ ماہ قبل کورٹ میرج کرلیا، پھر لڑکی کے ماں باپ نے زور دے کر غیر مسلم کے پاس لڑکی کو بھیج دیا اور لڑکی وہاں پر تقریباً ایک ماہ تک رہی اور اس کی غیر مسلم لڑکے سے ملاقات نہیں ہوئی اور لڑکی کسی طرح وہاں سے بھاگ کر دوبارہ مسلم لڑکے کے پاس آگئی اور اب دونوں تقریباً ایک ماہ سے ساتھ رہ رہے ہیں۔ اور لڑکی نے کلمے بھی یاد کرلئے ہیں اور نمازیں بھی پڑھتی ہے، تو کیا کورٹ میرج کی شادی معتبر ہے یا نہیں؟ اور کورٹ میرج کے بعد ہندو کے پاس جاکر آئی ہے، تو اس کی وجہ سے اگر شادی ہوئی تھی تو باقی ہے یا شادی ختم ہوگئی؟ اور ساتھ رہنے کے لئے اب نکاح کرنا لازم ہے؟ شریعت کے مطابق ساتھ رہنے کی صحیح صورت کیا ہے؟ اس سے مطلع فرمادیجئے۔

المستفتی: پرویز عالم، محلّہ موہن میکسن، لکھنؤ (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر کورٹ میرج میں دو مسلمان گواہوں کی موجودگی میں ایجاب وقبول ہوچکا ہے، تب تو کورٹ میرج میں نکاح منعقد ہوگیا؛ لیکن اگر دو مسلمان گواہوں کے سامنے کورٹ میرج میں ایجاب وقبول نہیں ہوا ہے، تو نکاح نہیں ہوا۔ اور جب غیر مسلم کے پاس جاکر واپس آگئی ہے، تو دونوں کے درمیان میں باضابطہ شرعی نکاح ہوجانا لازم ہے اور شرعی نکاح یہی ہے کہ مسلمان مردوں کی موجودگی یا ایک مسلمان مرد اور دو

عورتوں کی موجودگی میں ایجاب وقبول ہو جائے،اس کے بعد ساتھ رہ سکتے ہیں اس کے بغیر نہیں۔

ولاینعقد نکاح مسلمین إلا بحضور شاهدين حرين، عاقلين، بالغين مسلمين الخ. (هداية، كتاب النكاح، اشرفي ديوبند ٢/ ٣٠٦)

ولاعدة على المهاجرة في قول حنيفة وقالا تجب و معنى المسألة الحربية إذا هاجرت إلى دارالاسلام مسلمة. وفي الخلاصة الخانية: حتى تزوجت بزوج آخر جاز نكاحها في قول أبي حنيفة: فإن كانت حاملاً، فعن أبي حنيفة روايتان: روي أبو يوسف عنه أنه يجوز النكاح ولايطأها حتي تضع حملها وهو اختيار الكرخي. (تاتارخانية، زكريا ٥/ ٢٣٢، رقم: ٧٧٣٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵ رصفر المظفر ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۹۶۰/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۴/۲/۵ھ

کورٹ سے نکاح کرنا

سوال [۵۴۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کورٹ سے نکاح کرنے کی کیا حیثیت ہے؟

المستفتی: ابوالکلام، ردر پور، لا لپور کلاں، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کورٹ میں اگر حاکم مسلم ہے اور دو مسلمان گواہ کے سامنے حاکم نے ایجاب وقبول کرا دیا ہے اور لڑکا لڑکی ہم کفو اور بالغ ہیں تو نکاح صحیح اور درست ہو جاتا ہے اور اگر حاکم مسلم نہیں اور دو مسلمان گواہ بھی نہیں ہیں، تو کورٹ کا نکاح درست نہیں ہے؛ ہاں البتہ اگر کورٹ سے الگ دو مسلم گواہ کے سامنے ایجاب وقبول کے ساتھ نکاح کرلیا ہے، پھر قانون کے دائرے میں مضبوط کرنے کے لئے کورٹ میرج کر لیتے

ہیں تو درست ہے؛ اس لئے کہ کورٹ میرج کے لئے حاکم مسلم ہونا شرط نہیں ہے اور اصل نکاح اسلامی شرائط کے مطابق کورٹ سے الگ ہو چکا ہے۔(مستفاد: ایضاح المسائل اضافہ شدہ ۱۶۳، فتاوی رحیمیہ قدیم ۲۵۴/۵، جدید زکریا ۱۵۰/۸)

شرط حضور شاهدين حرين، أوحر وحرتين، مكلفين سامعين قولهما معاً على الأصح. (الدر المختار على الشامي، زكريا ٨٧/٤، كراچي ٢١/٣)

النكاح......ينعقد بإيجاب و قبول عند حرين، أوحُرٍّ وحرتين عاقلين بالغين مسلمين. (كنز الدقائق قديم ١٥٠/٨ ص:٩٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/رجب المرجب ۱۴۳۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۷۶۷/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۰/۷/۹ھ

کورٹ میرج اور عدالتی طلاق کا حکم

سوال [۵۴۰۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہمارے ملک کی غیر مسلم عدالتوں کے ذریعہ نکاح اور طلاق صحیح ہوتا ہے یا نہیں؟ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ لڑکا لڑکی پیار ومحبت کے بعد شرعی طریقہ سے نکاح کرنے کے بجائے عدالت میں جاکر کورٹ میرج کر لیتے ہیں، اسی طرح کبھی میاں بیوی کے درمیان جھگڑا ہونے پر لڑکی لڑکے کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی اور لڑکا طلاق نہیں دیتا، تو لڑکی عدالت میں جاکر لڑکے کے خلاف مقدمہ کرتی ہے اور طلاق کا مطالبہ کرتی ہے، جس کی وجہ سے عدالت خود لڑکے کی طرف سے طلاق دیدیتی ہے، تو کیا اس طرح کورٹ میرج اور عدالت کی طلاق کا اعتبار ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: محمد صغیر الدین، چالیس گاؤں ضلع دھولیہ، مہاراشٹر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: غیر مسلم عدالت کے ذریعہ کورٹ میرج کر لینے سے

شرعی طور پر نکاح صحیح نہیں ہوتا اور ایسی حالت میں میاں بیوی والا معاملہ کرنا حرام کاری ہوگی؛ البتہ اگر بوقت ایجاب وقبول دو مسلم گواہ موجود ہوں تو نکاح صحیح ہوسکتا ہے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۶۳، فتاوی رحیمیہ قدیم ۲۵۴/۵، جدید زکریا ۱۵۰/۸)

وشرط حضور شاهدين مسلمين لنكاح مسلمة ولو فاسقين. (شامي، زكريا ٤/٩٢، ٨٧-٩٢، كراچي ٣/٢١-٢٢)

اگر غیر اسلامی حکومت کی جانب سے کسی مسلمان کو جج بنایا گیا ہے اور وہ حدود شرع کی رعایت کرتے ہوئے طلاق کا فیصلہ دیدے تو شرعی طور پر اس کا فیصلہ صحیح اور معتبر ہوگا اور اگر مسلم جج فیصلہ میں حدود شرعیہ کی رعایت نہیں رکھتا تو طلاق معتبر نہ ہوگی۔ نیز اگر غیر مسلم جج طلاق وغیرہ کے متعلق فیصلہ دیتا ہے، تو شرعی طور پر اس کا فیصلہ صحیح اور معتبر نہ ہوگا اور اس کی وجہ سے بیوی کو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۶۴، کفایت المفتی قدیم ۲۱۴/۲، جدید زکریا ۲۶۱/۲)

إذا ولي الكافر عليهم قاضياً ورضيه المسلمون صحت توليته بلاشبهة. (شامي، كراچي ٥/٣٦٩، زكريا ٨/٤٤)

لم ينفذ حكم الكافر على المسلم وينفذ للمسلم على الذمي. (شامي، كراچي ٥/٤٢٨، زكريا ٨/١٢٦)

إن الكافر لايلي على المسلمة وولده المسلم. لقوله تعالىٰ ولن يجعل الله للكافرين على المؤمنين سبيلا. (شامي، كراچي ٣/٧٧، زكريا ٤/١٩٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹؍ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۵۹۴/۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/۴/۱۴۲۱ھ

فون پر نکاح

سوال [۵۴۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ ایک لڑکا اور لڑکی نے فون پر بلا کسی گواہ کے بات کرتے ہوئے آپس میں یہ الفاظ کہے کہ کیا تم نے بغیر کسی زور زبردستی بغیر کسی دباؤ کے میرے ساتھ نکاح قبول کیا، لڑکی نے جواباً تین بار کہا میں نے قبول کیا، ایسے ہی لڑکی نے لڑکے سے کہا اور لڑکے نے تین بار قبول کیا۔

المستفتی: عبداللہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: فون پر محض ایجاب وقبول سے نکاح کا انعقاد نہیں ہوتا؛ کیونکہ مسئولہ صورت میں نکاح کی دو اہم شرطیں عاقدین کا یا ان کے وکیل کا ایک مجلس میں موجود ہونا اور دو گواہوں کا مجلس عقد میں موجود ہونا مفقود ہیں۔

ومن شرائط الإيجاب والقبول اتحاد المجلس. (شامي، زكريا ٤/٧٦، كراچي ٣/١٤)

وشرائط الإيجاب والقبول فمنها اتحاد المجلس، إذا كان الشخصان حاضرين، فلو اختلف المجلس لم ينعقد. (البحر الرائق، كراچي ٣/٨٣، زكريا٣/١٤٨)

وشرط حضور شاهدين حرين أو حر و حرتين مكلفين سامعين قولهما معاً. (تنوير مع الشامي، زكريا ٤/٨٧، ٩١، كراچي ٣/٢١، ٢٢)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ رصفر المظفر ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۸۹۶/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۲/۲۱ھ

ٹیلیفون پر نکاح

سوال [۵۴۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ٹیلیفون کے ذریعہ نکاح درست ہے یا نہیں؟ مثلاً لڑکا دہلی میں رہتا ہے اورلڑکی ممبئی میں تو اب ان دونوں کے درمیان ٹیلیفون کے ذریعہ نکاح درست ہوگا یا نہیں؟ اگر درست ہے تو مہربانی فرما کر صورت درستگی تحریر فرمائیں۔

المستفتی: نظرالاسلام، تریپورہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: ٹیلیفون پر نکاح جائز نہیں ہے؛ کیونکہ نکاح کی صحت کے لئے مجلس عقد اور حضور شاہدین شرط ہے، جو ٹیلیفون کی صورت میں ممکن نہیں ہے، اس لئے ٹیلیفون پر نکاح نہ ہوگا؛ البتہ ٹیلیفون پر نکاح کے لئے یہ صورت ہوسکتی ہے کہ ٹیلیفون کے ذریعہ لڑکا یا لڑکی کی جانب سے کسی متعارف آدمی کو وکیل بنا دیا جائے، پھر وہ متعارف شخص دو گواہوں کے سامنے لڑکا یا لڑکی یا ان کے اولیاء سے ایک مجلس میں ایجاب وقبول کرلے، پھر اس کی اطلاع ٹیلیفون پر دوسرے کو دیدی جائے، تو اس طرح نکاح صحیح ہوسکتا ہے۔

(مستفاد: فتاوی رحیمیہ قدیم ۳۳۲/۴، ۳۲/۱۳، جدید زکریا ۱۸۳/۸، محمود یہ قدیم ۱۶۲/۱۱، ڈابھیل ۶۸۰/۱۰)

ومن شرائط الإيجاب و القبول اتحاد المجلس. (در مختار، کراچي ۱٤/۳، زکریا ٧٦/٤)

وشرط حضور شاهدين الخ. (الدر المختار مع رد المحتار، زکریا ٨٧/٤، کراچي ۲۱/۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۹۹۶/۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۱/۵ھ

کیا ٹیلی فون پر نکاح ہو جائے گا؟

سوال [۵۴۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ ٹیلی فون پر نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟ گواہی اور ایجاب وقبول کی کیا صورت ہوگی؟ قاضی لڑکے کے پاس یا لڑکی کے پاس نکاح پڑھائے گا؟ جواب عالی سے نواز کر عنداللہ ماجور ہوں۔

المستفتی: محمد انعام احمد ایٹہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ٹیلی فون پر نکاح ہوسکتا ہے، اس کی شکل یہ ہے کہ جو شخص نکاح کرنا چاہتا ہے، وہ بذریعۂ ٹیلی فون یا دیگر ذرائع سے لڑکے والے لڑکی کے یہاں کسی کو وکیل بنادیں یا لڑکی والے لڑکے کے یہاں کسی کو وکیل بنادیں، پھر یہ وکیل دو گواہوں کے سامنے اپنے موکل کی طرف سے نکاح کا ایجاب یا قبول کرلے، اس کے بعد پھر اس نکاح کی اطلاع ٹیلی فون پر اپنے موکل کو کردے، تو اس طریقہ سے ٹیلی فون پر نکاح ہوسکتا ہے؛ لیکن ٹیلی فون پر اس طرح نکاح جائز نہیں ہے کہ ایک طرف سے ایک کہے کہ میں تمہارے ساتھ نکاح کرتا ہوں اور دوسری طرف سے یہ کہے کہ میں قبول کرتی ہوں چاہے ٹیلی فون کی آواز متعدد لوگوں کو سنائی دیتی ہو؛ اس لئے کہ مجلس ایک نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۱/۱۶۳، جدید ڈابھیل ۱۰/۶۸۰)

ویصح النکاح بالوکالة......لأنه عقد ینعقد بالرضا والإنابة .

(تاتاخانية، کوئٹه ۳/ ٥٤، زکریا ٤/ ١٢٦، رقم: ٥٧٢٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱/صفر المظفر ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۴۸۴/۳۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۲/۱۱ھ

فون پر نکاح کی شرعی حیثیت

سوال [۵۴۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ٹیلی فون پر نکاح کے بارے میں فتاوی عثمانی ۲/۳۰۴ر میں ناجائز لکھا ہے، مگر خیر الفتاوی ۳۷۰/۴، مطبوعہ الحق ممبئی بعنوان ''فون پر ایجاب وقبول کا حکم و جواب مذکور پر موصول ہونے والی تحریر کا جواب'' میں ہے۔

الجواب: دراصل فون دو طرح کے ہیں:

ایک وہ کہ اس کی آواز صرف وہی شخص سن سکتا ہے جس نے فون اٹھایا ہو۔

دوسرا وہ فون ہے: جس کی آواز سب حاضرین کو سنائی دیتی ہے۔

پہلی قسم کے فون پر نکاح منعقد نہ ہوگا؛ کیونکہ ایجاب وقبول کو معاً دونوں گواہوں کا سننا شرعاً ضروری ہے، اس فون پر معاً سننا نہ ہوگا؛ بلکہ علی التعاقب ہوگا۔ درمختار میں ہے:

وشرط حضور شاهدين حرين، أو حر وحرتين، مكلفين سامعين قولهما معاً. (شامي، كراچي ۲۱/۳-۲۲، زكريا ۸۷/٤-۹۱)

چونکہ عموماً فون ایسے ہی ہیں؛ اس لئے نکاح کے عدم انعقاد کا قول کہا گیا ہے، دوسری قسم کے فون میں چونکہ مذکورہ شرط پائی جائے گی؛ اس لئے نکاح منعقد ہو جائے گا، فون کے ذریعہ جو براہ راست آواز آتی ہے، اسے رسول کے پیغام ایجاب یا خط کے مضمون کے اعادہ کی طرح قرار دیں گے؟ اس بارے میں مفتیان شاہی کی کیا رائے ہے؟ امید کہ مدلل جواب عنایت فرما کر ممنون فرمائیں گے۔

المستفتی: محمد ابراہیم، تری پورہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: تحریر کردہ صورت میں صحیح شرعی حکم یہ ہے کہ فون پر ایجاب وقبول کی صورت میں مطلقاً نکاح منعقد نہ ہوگا، خواہ فون پر صرف قبول کرنے والے نے پہلے کا ایجاب سنا ہو یا اسپیکر کھول کر ساتھ میں گواہوں نے بھی ایجاب کرنے والے کا کلام سنا ہو۔ بہر صورت نکاح منعقد نہ ہوگا؛ وجہ اس کی یہ ہے کہ نکاح کے انعقاد کے لئے شرعاً دو شرطیں لازم ہیں:

اول: یہ کہ عاقدین ایک مجلس میں موجود ہوں۔

دوم: یہ کہ گواہان ایک ساتھ عاقدین کے کلام کوسنیں اور فون کا اسپیکر کھول کر گواہوں کے بیک وقت جانبین سے ایجاب وقبول سننے کی صورت میں اگرچہ دوسری شرط (گواہان کا ایک ساتھ عاقدین کے کلام کوسننا) پائی جارہی ہے؛ لیکن شرط اول (عاقدین کی مجلس کا اتحاد) مفقود ہے؛ لہٰذا اس طرح نکاح منعقد نہ ہوگا اور زیر بحث مسئلہ میں فون کی آواز کو قاصد اور رسول کے پیغام پر قیاس کرنا درست نہیں ہے؛ کیونکہ قاصد کی حیثیت شرعاً وکیل کی سی ہے؛ لہٰذا وکیل کے کلام کی طرح اس کے پیغام کو ایجاب قرار دیا جائے گا۔ اور فون کی آواز لامحالہ ایجاب کرنے والے کی طرف منسوب مانی جائے گی؛ کیونکہ فون ایک آلۂ غیر مختار ہے۔ بریں بناء فون پر ایجاب وقبول کرنے کی صورت میں اتحاد مجلس کی شرط فوت ہونے کی وجہ سے نکاح منعقد نہ ہوگا۔

ومن شرائط الإيجاب والقبول اتحاد المجلس لو حاضرين وإن طال. (شامي، زكريا٤/٧٦، كراچي ٣/١٤)

فمنها اتحاد المجلس إذا كان الشخصان حاضرين، فلو اختلف المجلس لم ينعقد. (البحر الرائق، كوئٹه ٣/٨٣، زكريا٣/١٤٨)

وشرط حضور شاهدين......سامعين قولهما معاً ـ (شامي، زكريا٤/٨٧، ٩١، كراچي ٣/٢١، ٢٢)

وحكم رسول كوكيل. (شامي، زكريا٤/٤٩٩، كراچي٣/١٠٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ربیع الاول ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹؍۱۰۳۳۰)

ٹیلی فون پرلڑکی سے اجازت لینا

سوال [۵۴۱۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ایک شادی میری نظر میں عجیب طرح سے ہورہی ہے کہ لڑکی کندرکی میں ہے اورلڑکا دہلی میں رہتا ہے اور دہلی میں اجتماع ہورہا ہے، یہاں سے چند آدمی اجازت لےکر دہلی چلے گئے ہیں اورشادی آج اجتماع میں ہوگی اس حالت میں شادی ہوسکتی ہے یانہیں؟ آپ لکھت میں بتلائیں کہ یہ جائز ہے یاناجائز؟ اور کیا فون پرلڑکی سےاجازت لےکرنکاح ہوسکتا ہے یانہیں؟

المستفتی: محمد عارف زیدی ریلوے گارڈ، کندرکی، مرادآباد(یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب لڑکی سے مذکورہ افراد باقاعدہ اجازت لینے کے بعد تبلیغی اجتماع میں پہونچ کر وہاں کے امیر کو نکاح پڑھانے کی اجازت دیدیں اورامیر مجمع عام میں نکاح پڑھادے، تو شرعی طور پر ایسا نکاح بلاتردد جائز ہے، اسی طرح اگر لڑکی سے ٹیلیفون پر اجازت لے لی جائے، اس کے بعد اس کا نکاح اجتماع میں کردیا جائے، تو یہ نکاح بھی بلاتردد جائز اور درست ہوجائے گا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۱/۱۶۲، جدید ڈابھیل ۱۰/۶۸۰، فتاوی رحیمیہ قدیم ۵/۲۶۶، جدید زکریا ۸/۲۴۳)

ولو صرح بالتوكيل فقال وكلتك بأن تزوجني نفسك مني، فقالت: زوجت صح النكاح. (شامي، كتاب النكاح، كراچي ٣/١٠، زكريا٤/٧٠)

ينعقد النكاح بالكتاب كما ينعقد بالخطاب. (شامي، زكريا ٤/٧٣، كراچي ٣/١٢)

ويتولّىٰ طرفي النكاح واحد بإيجاب يقوم مقام القبول. (در مختار، كتاب النكاح، باب الكفاءة، كراچي ٣/٩٦، زكريا٤/٢٢٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ رجب المرجب ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/۶۸۲۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۹/۷/۱۴۲۱ھ

فون پر نکاح کی جائز شکل

سوال [۵۴۱۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد ندیم نے ایک لڑکی شاہین جہاں سے نکاح کیا، نکاح کی صورت یہ پیش آئی کہ امام صاحب نے فون کر کے لڑکی سے اجازت لی پھر لڑکے محمد ندیم کے تین دوستوں کی موجودگی میں مسجد کے کمرہ میں نکاح پڑھادیا، اس نکاح کے بعد بیوی شاہین سے ریسٹورنٹ وغیرہ میں ملاقاتیں ہوئیں؛ لیکن تنہائی میں باقاعدہ خلوت صحیحہ نہیں ہوئی، اس نکاح کے آٹھ ماہ بعد محمد ندیم نے اپنی بیوی کو بعض حالات کی بناپر تین طلاق دیدی، پھر آٹھ نو ماہ بعد بغیر حلالہ کے اسی لڑکی شاہین سے نکاح کرلیا، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ پہلا نکاح صحیح ہوا یا نہیں اور پھر طلاق کے بعد بغیر حلالۂ شرعی جو دوسرا نکاح کرلیا وہ صحیح ہوا یا نہیں؟ شرعی حکم تحریر فرمائیں۔

المستفتی: محمد ندیم اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکے کو بلاکر پوری تفصیل زبانی معلوم کرلی گئی ہے اور واقعہ کے مطابق سوال لکھوایا گیا ہے۔ اب اسی کے مطابق جواب لکھا جارہا ہے، پہلے نکاح میں امام صاحب نے لڑکی سے فون کر کے نکاح کی اجازت لی ہے، پھر تین آدمی کی موجودگی میں کمرہ میں نکاح پڑھایا گیا ہے اور لڑکی نکاح کی اجازت دینے کا اقرار کرتی ہو تو شرعی طور پر وہ نکاح درست ہوگیا ہے، پھر اس کے بعد سال بھر تک رخصتی نہیں ہوئی ہے اور نہ ہی خلوت صحیحہ ہوئی ہے، صرف کھانے کے ہوٹلوں میں ملاقات ہوئی ہے، ایسی صورت میں شرعاً وہ لڑکی غیر مدخول بہا اور غیر رخصت شدہ ہے، ایسے میں اس نے اسے تین طلاقیں دیدی ہیں، تو اس کی دو شکلیں ہے:

(۱) تین طلاقیں زبانی الگ الگ دی ہیں یا تحریری الگ الگ تین مرتبہ طلاقیں لکھ

دی ہیں، تو ایسی صورت میں پہلی ایک طلاق معتبر ہوگی اس سے لڑکی پر ایک طلاق بائن واقع ہوکر لڑکی نکاح سے الگ ہوگئی ہے اور باقی دو طلاقیں لغو ہوگئی ہیں؛ اس لئے کہ پہلی طلاق واقع ہوتے ہی لڑکی غیر مدخولہ نکاح سے الگ ہو جاتی ہے اور محل طلاق نہیں رہتی۔ اور اس کے اوپر کسی بھی مرد سے نکاح کرنے کے لئے عدت گذارنا لازم نہیں ہوتا اور نہ ہی حلالہ کی ضرورت ہوتی ہے؛ لہٰذا اگر یہی شکل پیش آئی ہے، تو بعد میں جو بغیر حلالہ کے شاہین کا نکاح جو اس کے ساتھ ہوا ہے وہ نکاح درست ہو گیا ہے۔

(۲) اور اگر ایک ہی لفظ میں یہ کہہ دیا ہو کہ میں نے اس کو تین طلاق دیدی یا اس طرح لکھدیا ہو کہ میں نے اس کو تین طلاق دی، تو پھر بغیر حلالہ کے بعد والا نکاح درست نہیں ہوا اور جامعہ نعیمیہ سے جو جواب لکھوایا گیا ہے، اس میں سوال واقعہ کے مطابق نہیں ہے۔

لو قال لزوجته غير المدخول بها أنت طالق ثلاثاً وقعن لما تقرر أنه متى ذكر العدد كان الوقوع به، وإن فرق بانت بالأولىٰ لا إلى عدة ولذا لم تقع الثانية. (شامي مع در مختار، كتاب الطلاق، باب طلاق غير المدخول بها، كراچي ٣/ ٢٨٤، زكريا٤/ ٥٠٩، ٥١٢)

إن مستبينا على نحو لوح وقع إن نوىٰ. (شامي مع در مختار، كراچي ٣/ ٢٤٦، زكريا٤/ ٤٥٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍محرم الحرام ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰؍ ۱۰۹۲۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۵؍۱؍۱۴۳۴ھ

فون اور انٹرنیٹ پر نکاح سے متعلق ایک جامع فتویٰ

سوال [۵۴۱۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ آج کل کے زمانہ میں لوگ فون پر نکاح کرتے ہیں خصوصاً کالج کے طلبہ اسی

طرح انٹرنیٹ پر بھی نکاح کا سلسلہ جاری ہونے لگا ہے، حضور والا سے مؤدبانہ گذارش ہے کہ اس سلسلے میں ہماری رہنمائی فرمائیں کہ فون یا انٹرنیٹ پر نکاح صحیح ہے یا نہیں؟ اور اس کے جواز کی کوئی شکل نکل سکتی ہو تو تحریر فرمائیں۔

المستفتی: عبید اللہ، بھاگلپوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اسلامی شریعت میں نکاح کے صحیح ہونے کے لئے بہت سی شرطیں ہیں، ان میں سے دو شرطیں نہایت بنیادی اور لازمی ہیں۔ان دونوں شرطوں کے بغیر نکاح کا وجود نہیں ہوسکتا، اگر ان دونوں شرطوں میں سے ایک بھی شرط نہیں ہے، تو نکاح منعقد نہیں ہوگا۔

(۱) **ومن شرائط الإیجاب والقبول اتحاد المجلس.** (الدر المختار مع الشامي، کتاب النکاح، کراچي ۳/ ۱٤، زکریا ٤/ ۷٦)

نکاح میں ایجاب وقبول کے صحیح ہونے کے لئے جانبین کی مجلس کا ایک ہونا لازمی شرط ہے؛ لہٰذا اگر مجلس نکاح میں جانبین میں سے ایک بنفس نفیس موجود ہے یا اس کا وکیل موجود ہے اور دوسری جانب سے نہ خود بنفس نفیس موجود ہے نہ اس کا وکیل موجود ہے؛ بلکہ دوسری جگہ سے ٹیلی فون پر ایجاب وقبول کرتا ہے، تو شرعی طور پر یہ نکاح منعقد نہیں ہوگا۔اور اس سے میاں بیوی کے درمیان ازدواجی تعلق قائم نہیں ہوگا اور نہ ہی ایک دوسرے کے لئے حلال ہوں گے۔

(۲) **وشرط حضور شاهدین.** (الدر المختار، کراچي ۳/ ۲۱، زکریا ٤/ ۸۷)

مجلس نکاح میں دو گواہوں کا ایک ساتھ موجود ہونا شرط ہے۔اور دونوں گواہوں کا اسی مجلس میں ہونا عاقدین کی باتوں کا ایک ساتھ سننا بھی شرط ہے۔اور ساتھ ساتھ یہ بھی شرط ہے کہ نکاح میں ایجاب وقبول کرنے والے دونوں بنفس نفیس یا ان دونوں کے وکیل اسی مجلس میں موجود ہوں؛ لہٰذا اگر میاں بیوی میں سے ایک بنفس نفیس یا اس کا وکیل اسی مجلس میں موجود ہے اور دونوں گواہوں نے ایک ساتھ اس کی بات براہ راست سنی ہے۔اور دوسرا بنفس نفیس یا اس

کا وکیل مجلس میں موجو نہیں ہے؛ بلکہ اس کی آواز ٹیلی فون سے سنی جارہی ہے، تو دونوں گواہوں کا اس ٹیلی فون میں سننے کا اعتبار نہیں ہے؛ بلکہ دوسری جانب سے بھی بنفس نفیس یااس کے وکیل کا مجلس نکاح میں موجود ہوکر ایجاب وقبول کرنا اور دونوں گواہوں کا اس مجلس میں سننا شرط ہے؛ اس لئے یہ نکاح منعقد نہیں ہوگا۔ ان دونوں شرطوں کے علاوہ نکاح کے صحیح ہونے کے لئے اور بھی شرطیں ہیں؛ لیکن یہ دونوں شرطیں ایسی بنیادی شرطیں ہیں، جو نہایت اہمیت کی حامل ہیں اور ٹیلی فون میں ایجاب وقبول کی صورت میں یہ دونوں شرطیں پائی نہیں جاتیں؛ لہٰذا ٹیلی فون میں ایجاب وقبول شرعی طور پر معتبر نہیں ہوگا۔

دوسرے ملک یا دوسرے علاقہ میں رہ کر ٹیلیفون کو واسطہ بنا کر نکاح کے درست ہونے کے لئے چند متبادل شکلیں ہیں، جن کو اختیار کرکے نکاح کیا جاسکتا ہے۔

(۱) لڑکے کی طرف سے ٹیلی فون میں جہاں لڑکی رہتی ہے وہاں کے کسی معتبر آدمی کو وکیل بنا دے اور ٹیلی فون میں وکیل بنانا جائز اور درست ہے، پھر جہاں لڑکی ہے وہاں مجلس نکاح قائم ہوجائے اور جیسا کہ ہمارے ملک میں لڑکی سے اجازت لے کر جہاں لڑکی ہے وہاں سے ہٹ کر مجلس قائم ہوتی ہے، اب بھی ایسی ہی مجلس قائم ہوجائے اور لڑکی کی طرف سے قاضی لڑکے کے وکیل سے گواہوں کی موجودگی میں لڑکے کی طرف سے مقرر کردہ وکیل کو مخاطب کر کے یوں کہے کہ میں نے فلاں لڑکی کا نکاح اتنے مہر پر آپ کے موکل فلاں لڑکے کے ساتھ کردیا ہے، آپ نے اپنے موکل کی طرف سے اس کو قبول کرلیا؟ تو لڑکے کا وکیل اس طرح قبول کرے کہ میں نے فلاں لڑکی کو اپنے موکل کے نکاح میں قبول کرلیا، تو یہ نکاح درست ہوجائے گا۔

(۲) دوسری شکل یہ ہے کہ لڑکی والے لڑکی سے نکاح کی اجازت لے کر ٹیلی فون پر براہ راست لڑکے کو اطلاع کردیں کہ اتنے مہر پر فلانی لڑکی کا نکاح تمہارے ساتھ کرنیکی اجازت مل گئی ہے میں تم کو اجازت دیتا ہوں کہ اپنے یہاں نکاح کی مجلس قائم کرلو اور دو

گواہوں کے سامنے ایجاب وقبول کرلو۔اب وہ لڑکا تین آدمیوں کو جمع کر کے ان میں سے دو کو گواہ بنائے، ایک کو لڑکی کی طرف سے وکیل بنا دے، پھر اس طرح ایجاب وقبول ہوجائے کہ لڑکی کا وکیل یہ کہے کہ میں نے فلاں لڑکی کا نکاح اتنے مہر پر آپ کے ساتھ کر دیا ہے اور لڑکا یہ کہے کہ میں نے قبول کرلیا، تو اس طرح نکاح منعقد ہوجائے گا۔اب وہ لڑکی اس کی بیوی بن گئی، اب اس کا نکاح کسی دوسری جگہ جائز نہیں ہوگا۔

(۳) لڑکی سے اجازت لے کر لڑکی کا وکیل جہاں لڑکا رہتا ہے وہاں کے کسی معتبر آدمی کو ٹیلی فون پر وکیل بنادے، پھر وہ وکیل نکاح کی مجلس قائم کرے، دو گواہوں کی موجودگی میں لڑکے کو مخاطب کر کے کہے کہ میں نے فلانی لڑکی جو فلاں جگہ رہتی ہے، اس کا نکاح اتنے مہر پر تمہارے ساتھ کر دیا ہے، تو لڑکا کہے کہ میں نے اس کو اپنے نکاح میں قبول کرلیا، تو اب شرعی طور پر نکاح منعقد ہوگیا۔ وہ لڑکی اس لڑکے کی بیوی بن گئی، اب اس لڑکی کا نکاح کسی دوسری جگہ جائز نہیں ہوگا۔

یہ ٹیلی فون پر نکاح کے لئے متبادل شکلیں ہیں، جن کو اختیار کر کے دوسری جگہ کے لڑکے یا دوسری جگہ کی لڑکی کے ساتھ عقد نکاح عمل میں آ سکتا ہے۔

انٹرنیٹ پر نکاح: انٹرنیٹ پر آدمی کی تصویر نظر آتی ہے، آوازیں بھی سنائی دیتی ہیں، ایسا لگتا ہے کہ جس لڑکے یا لڑکی کے ساتھ انٹرنیٹ پر نکاح کیا جارہا ہے وہ مجلس نکاح میں موجود ہیں، ادھر سے جب قاضی مجلس نکاح میں ایجاب کرتا ہے، تو لڑکا یا لڑکی کی تصویر انٹرنیٹ پر آواز کے ساتھ بولتی ہے اور قبول کرنے کے الفاظ استعمال کرتی ہے، اس سے کوئی یہ سمجھ سکتا ہے کہ نکاح کی ساری شرطیں یہاں موجود ہیں۔ یہ محض ایک دھوکہ ہے، اس سے نکاح منعقد نہیں ہوگا؛ اس لئے کہ نکاح کے صحیح ہونے کے لئے ایجاب وقبول کرنے والے عاقدین کا بنفس نفیس یا دونوں کے وکیل کا بنفس نفیس مجلس نکاح میں موجود ہونا شرط ہے اور انٹرنیٹ پر جو نظر آتا ہے وہ اصل آدمی نہیں ہوتا ہے؛ بلکہ تصویر ہوتی ہے، اس کی مثال

یوں سمجھو کہ انٹرنیٹ پر جو تصویر اور آواز آرہی ہے، وہ محفوظ رہ جائے اور جو اصل آدمی ہے اس کی موت واقع ہو جائے اور وہ قبر میں دفن بھی ہو جائے تب بھی انٹرنیٹ پر اس کی وہی تصویر اور وہی آواز باقی رہتی ہے؛ جبکہ اصل آدمی زندہ بھی نہیں ہے؛ اس لئے تصویر کا سامنے موجود ہونا شرعی طور پر اصل آدمی کے موجود ہونے کے قائم مقام نہیں ہوگا؛ لہٰذا انٹرنیٹ پر بھی جانبین سے ایجاب وقبول اسی طرح معتبر نہیں ہے، جس طرح ٹیلی فون پر معتبر نہیں ہوتا ہے، ہاں البتہ انٹرنیٹ پر نکاح کے صحیح ہونے کے لئے وہی متبادل شکلیں اختیار کی جاسکتی ہیں، جو ٹیلی فون میں اختیار کرنی جائز ہیں کہ انٹرنیٹ پر لڑکے کی طرف سے وکیل بنادیا جائے، پھر وہ وکیل جہاں لڑکی ہے وہاں مجلس نکاح قائم کرے یا اس کے برعکس لڑکی کی طرف سے انٹرنیٹ پر وکیل بنادیا جائے، پھر وہ وکیل جہاں لڑکا ہے وہاں مجلس نکاح قائم کرے، پھر مجلس نکاح میں ایجاب وقبول ہو جانے کے بعد ٹیلی فون یا انٹرنیٹ سے دوسرے کو اطلاع کردی جائے کہ تمہارے شرائط کے مطابق یہاں نکاح ہو چکا ہے، یہ سب شکلیں ایسی ہیں جیسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے حضرت نجاشی نے حضرت ام المؤمنین ام حبیبہؓ کا نکاح آنحضرت ﷺ کے ساتھ وکیل بن کر کردیا تھا۔

اسی طرح وکالت کے جواز کی دلیل یہ بھی ہے کہ شرعاً خط وکتابت کے ذریعہ وکیل بنانا جائز ہے اور دور نبوت، دور صحابہؓ اور ائمہ مجتہدین اور فقہاء کے دور میں خط وکتابت ہی ایک ذریعہ تھا، ٹیلی فون، فیکس، ٹیلی ویژن کے چینل، انٹرنیٹ وغیرہ جدید ذرائع مواصلات کا اس زمانہ میں تصور اور وہم وگمان بھی نہ تھا، آج کے دور میں جب جانے پہچانے آدمی سے فون پر جو بات ہو جاتی ہے وہ رجسٹری خط اور دو آدمی کے ذریعہ لائے ہوئے خط سے بھی کہیں زیادہ معتبر اور قابل اعتماد ہوتی ہے۔

ہمارے ہندوستانی تاجروں کا یورپ وامریکہ سے تجارتی کاروبار ہے، صرف ایک فون یا فیکس پر اعتماد کر کے کروڑوں کا مال روانہ کردیا جاتا ہے اور ادھر سے بھی ایک فون یا

انٹرنیٹ پراعتماد کرکے کروڑوں روپیہ روانہ کردیا جاتا ہے، مگر رجسٹری خط پر اتنا زیادہ اعتماد نہیں ہوتا؛ لہٰذا جانے پہچانے آدمی سے فون یا انٹرنیٹ پر بات کرنا رجسٹری خط اور دو آدمی کے لائے ہوئے خط سے کم درجہ کا نہیں؛ اس لئے فون یا انٹرینیٹ پر وکیل بنا کر مذکورہ تینوں طریقوں سے نکاح جائز اور درست ہے۔

فقہاء کی عبارات ملاحظہ فرمایئے:

(۱) **وكذا ما يكتب الناس فيما بينهم يجب أن يكون حجة للعرف الخ** (شامي، كتاب القاضي، باب كتاب القاضي إلى القاضي وغيره، زكريا ۸/۱۳٦، كراچي ٥/٤٣٦)

اور ایسے ہی جو تحریر لوگ اپنے مابین لکھتے ہیں وہ لازمی طور پر حجت شرعی ہے، لوگوں کے درمیان متعارف ہونے کی وجہ سے۔

(۲) **أجاز أبو يوسف، ومحمد العمل بالخط في الشاهد، والقاضي الراوي آدمي إذا رأى خطه–والفتوىٰ على قولهما إذا تيقن أنه خطه سواء كان في القضاء، أو الرواية، أوالشهادة –وقوله و قلما يشتبه الخط من كل وجه فإذا تيقن جاز الاعتماد عليه توسعةً على الناس.** (شامي، كتاب القضاء، باب كتاب القاضي إلى القاضي وغيره، زكريا ۸/۱۳۸، كراچي ٥/٤٣٧، البحرالرائق زكريا ۷/۱۲۱، كوئٹه ۷/۷۲)

حضرت اما ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ نے شاہد اور قاضی اور راوی کے متعلق خط پر عمل کرنا جائز قرار دیا ہے، جب خط کو دیکھ لے، اور فتویٰ ان دونوں کے قول پر ہے، جب اس بات کا یقین ہوجائے کہ وہ خط اس کا ہے، چاہے یہ خط فیصلہ سے متعلق ہو یا روایت سے یا دستاویز پر شہادت سے متعلق ہو اور کلی طور پر دوسرے کے خط سے بہت کم مشابہ ہوتا ہے؛ لہٰذا جب یقین پیدا ہوجائے تو لوگوں کے اوپر آسانی کے واسطے اس پر اعتماد بھی جائز ہوسکتا ہے۔

(۳) إذا وكلت المرأة رجلا أن يزوجها، أو أجازت ما صنع فأوصىٰ الوكيل إلى رجل أن يزوجها، ثم مات الوكيل كان للوصي أن يزوجها. (هندية، زكريا ۳/ ٦١٠، جديد زكريا ۳/۵۱۷)

جب عورت کسی مرد کو اس بات کا وکیل بنادے کہ وہ مرد اس عورت کا نکاح کسی سے کردے یا اس بات کی اجازت دیدے کہ وکالت میں جو چاہے عمل کرے تو وکیل نے کسی دوسرے آدمی کو اس عورت کے نکاح کی وصیت کی، پھر وکیل مرجائے تو وصی کے لئے جائز ہے کہ اس عورت کا نکاح کسی کے ساتھ کردے۔

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ ربیع الاول ۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: رجسٹر خاص)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵؍۳۶۳؍۱۴ھ

بذریعۂ انٹرنیٹ نکاح کا حکم

سوال [۵۴۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکا امریکہ میں اور لڑکی مرادآباد میں ہے یا لڑکا سعودی عرب میں ہے اور لڑکی دہلی میں ہے، ان کا نکاح جو کہ انٹرنیٹ پر کیا جاتا ہے، جو کہ نئی ایجاد ہے، تو کیا یہ نکاح جائز ہے؟

المستفتی: منیر احمد کوکرپور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر انٹرنیٹ میں نکاح کی یہ شکل ہوتی ہے کہ لڑکے کی تصویر یہاں انٹرنیٹ پر نظر آرہی ہے اور یہیں پر نکاح کی مجلس قائم کرکے دو گواہوں کے سامنے قاضی ایجاب کے الفاظ استعمال کرتا ہے اور لڑکے کی تصویر میں سے قبول کرنے کی آواز آتی ہے، تو ایسا نکاح شریعت میں معتبر نہیں ہے؛ اس لئے کہ نکاح کے لئے ایجاب

وقبول کی مجلس میں بنفس نفیس ایجاب کرنے والے اور قبول کرنے والے کا موجود ہونا شرط ہے، کسی ایک کا فوٹو موجود ہونا اور فوٹو میں سے آواز سنائی دینا کافی نہیں ہے؛ اس لئے ایسا نکاح جو انٹرنیٹ پر ہوتا ہے معتبر نہیں ہے، اس طرح نکاح سے میاں بیوی نہیں بن سکتے ہیں۔

و من شرائط الإيجاب و القبول اتحاد المجلس. (در مختار مع شامي، زكريا٤/ ٧٦، كراچي ٣/ ١٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ / جمادی الاولیٰ ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۰۴۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۵/۲۱ھ

انٹرنیٹ وموبائیل کے ذریعہ کئے گئے نکاح کا حکم

سوال [۵۴۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ E.mail, Internet, Telephone کے ذریعہ ایجاب وقبول کیا گیا نکاح درست ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: محمد ادریس جامعہ ملیہ دہلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: براہ راست ایجاب وقبول ٹیلی فون، موبائل، انٹرنیٹ میں صحیح نہیں ہوسکتا، اس کی وجہ یہ ہے کہ نکاح کے ایجاب وقبول کے وقت میں دو ایسے گواہوں کا ہونا ضروری ہے، جو دونوں ایجاب وقبول سن سکیں اور ایجاب وقبول کرنے والوں کو دیکھیں اور پہچانیں یہ بات مذکورہ آلات کے ذریعہ سے ثابت نہیں ہو پاتی، ہاں البتہ ان آلات کے ذریعہ سے نکاح درست ہونے کی یہ صورت ہوسکتی ہے کہ لڑکی سے اجازت لے کر اس کا وکیل یا لڑکی براہ راست ٹیلی فون میں، جہاں پر لڑکا ہے وہاں پر ٹیلی فون موبائل یا انٹرنیٹ کے ذریعہ سے کسی کو اپنا وکیل بنادے، پھر وہ وکیل لڑکے کی موجودگی میں نکاح کی

مجلس میں دو گواہوں کے سامنے لڑکی کی جانب سے ایجاب کرے اور لڑکا قبول کرے یا لڑکا ایجاب کرے اور یہ وکیل لڑکی کی طرف سے قبول کرے، اس کے بعد وہ وکیل لڑکی والوں کو فون پر نکاح ہو جانے کی اطلاع کردے، تو اس طرح نکاح منعقد ہو جائے گا، اسی طرح اس کے برعکس بھی ہوسکتا ہے کہ جہاں پر لڑکی ہے وہاں پر کسی آدمی کو ٹیلیفون وغیرہ پر لڑکا اپنا وکیل بنادے پھر نکاح کی مجلس قائم ہو جائے اور لڑکے کا وکیل مجلس نکاح میں لڑکے کی طرف سے ایجاب وقبول کی وکالت کرے، پھر جانبین سے ایجاب وقبول ہو جانے کے بعد نکاح منعقد ہو جائے گا، اس کے بعد لڑکے کا وکیل ٹیلیفون وغیرہ کے ذریعہ سے لڑکے کو اطلاع کردے، تو اس طرح سے نکاح شرعی طور سے منعقد ہو جائے گا۔

ولو أرسل إليها رسولاً، أو كتب إليها بذلك كتاباً، فقبلت بحضرة شاهدين سمعا كلام الرسول وقراءة الكتاب جاز لاتحاد المجلس من حيث المعنى. (عالمگیر، زکریا۱/ ۲۶۹، زکریا جدید ۱/ ۳۳۴) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۶ رمحرم الحرام ۱۴۲۳ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶/ ۷۶۷۹)	۱۴۲۳/۱/۲۷ھ

انٹرنیٹ اور موبائل کے ویڈیو کانفرنس میں نکاح باطل

سوال [۵۴۱۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ انٹرنیٹ اور موبائل کے ویڈیو کانفرنس پر نکاح جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد یعقوب غازی آبادی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شرعاً نکاح کے صحیح ہونے کیلئے ایجاب وقبول کی مجلس میں جانبین میں سے دونوں کا بنفس نفیس یا ان کے وکیل کا موجود ہونا شرط اور ضروری ہے

نیز مجلس نکاح میں دو گواہوں کا ایک ساتھ موجود ہونا اور دونوں گواہوں کا اسی مجلس میں عاقدین کی باتوں کا سننا بھی شرط ہے، انٹرنیٹ اور موبائل وغیرہ سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ نکاح کرنا جائز نہیں ہے؛ کیونکہ اس میں نکاح کی دونوں شرطیں مفقود ہیں۔ (مستفاد: جدید فقہی مسائل ۱/۲۸۸، فتاوی عثمانی ۲/۳۰۴، انوار نبوت ۶۲۲)

شرط حضور شاهدين مكلفين سامعين قولهما معاً. (شامي، كراچي ۳/ ۱٤، زكريا ٤/ ۸۷)

من شرائط الإيجاب والقبول اتحاد المجلس. (شامي، كراچي ۳/ ۱٤، زكريا ٤/ ۷٦)

شرائط الإيجاب والقبول فمنها اتحاد المجلس إذا كان الشخصان حاضرين، فلو اختلف المجلس لم ينعقد. (البحر الرائق، زكريا ۳/ ۱٤۸، كراچي ۳/ ۸۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۱۴۱۷)

(۱۲) باب النکاح الصحیح

رسمی نکاح

سوال[۵۴۱۷]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری لڑکی نے میری مرضی کے بغیر دوسرے لڑکے کے ساتھ نکاح کرلیا ہے، جس کو چار ماہ کا عرصہ گذر گیا ہے، لڑکی کی برادری انصاری اور لڑکے کی برادری روغن گر ہے، مجلس نکاح میں لڑکی اور لڑکا دونوں میں سے کسی کے والدین نکاح کے وقت موجود نہیں تھے۔ دریافت یہ کرنا ہے کہ نکاح درست ہوا یا نہیں؟ اور اگر دونوں کے والدین اب دوبارہ نکاح کرنا چاہیں تو ایسا کرسکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: اشرف حسن، محلّہ جامع مسجد، وارثی نگر مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب لڑکا لڑکی دونوں نے اپنی مرضی سے نکاح کرلیا ہے اور بعد میں ماں باپ عزت نفس کی وجہ سے دوبارہ رسمی نکاح کرنا چاہتے ہیں، تو اس کی بھی گنجائش ہے۔

وإذا تزوجها بألف درهم، ثم جدد العقد بألفي درهم، فعلیٰ قول أبي حنيفة، وأبي يوسفؒ لاتثبت الزيادة، ويكون مهرها ألف درهم وعلى قول محمدؒ تثبت ويكون مهرها ألفي درهم. وفي الظهيرية: قال بعض مشايخنا: المختار عندنا أن تلزمه الألف الثانية. (فتاوى تاتارخانية، كتاب النكاح، الفصل السابع عشر في المهر٤/ ١٨٤، ١٨٥، رقم: ٥٩١٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ ذیقعدہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۰۸۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵/ ۱۱/ ۱۴۳۳ھ

نکاح ہونے کے بعد دوبارہ نکاح کرنا

سوال [۵۴۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مرادآباد کا ایک لڑکا بھوالی ضلع نینی تال میں کام کررہا تھا اس کا ناجائز تعلق ایک لڑکی سے ہوگیا، وہ لڑکی اس کے پاس لگاتار تین گھنٹہ رہی گھر والوں میں کھلبلی مچ گئی کہ لڑکی کہاں ہے اتنے میں لڑکے نے شرافت دکھاتے ہوئے لڑکی کے گھر والوں کو فون کیا کہ آپ کی لڑکی میرے پاس ہے اسے لے جایئے۔ اتنے میں لڑکی کے اہل خانہ وہاں پہونچے اور وہاں سے دونوں کو گاڑی میں بٹھا کر ہلدوانی لے آئے، پھر لڑکی والوں نے لڑکے والوں کو فون کیا کہ آپ کا بھائی ہماری لڑکی سے ناجائز تعلق رکھتا تھا؛ اس لئے ہم دونوں کو ہلدوانی لے آئے تاکہ ہم ان کا نکاح کریں لڑکے والوں نے کہا کہ ہمارا انتظار کرو ہم آرہے ہیں لڑکی والوں نے انتظار کئے بغیر ان کا نکاح کردیا اور لڑکے کے دو رشتہ دار ہلدوانی کے نکاح میں شامل تھے۔

اب جب لڑکے والے آئے تو انہوں نے کہا کہ پندرہ دن کے بعد ہم دوبارہ نکاح کریں گے اور مہر بھی دوبارہ باندھیں گے، تو کیا شریعت میں اس کی اجازت ہے کہ دوبارہ نکاح ہو اور دوبارہ مہر بندھے؟ وکیل نے لڑکی سے صرف دستخط کرائے نہ کہ لڑکے کا نام لیا کہ کس کے ساتھ نکاح ہورہا ہے کتنے مہر ہیں، کچھ بھی نہیں کہا، کیا یہ نکاح دوبارہ پڑھا سکتے ہیں؟

المستفتی: محمد انصاری، لائن ۱۷، آزادنگر ہلدوانی نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عاقل بالغ لڑکے اور لڑکی نے گواہوں کی موجودگی میں شرعی اصول کے مطابق جو نکاح کیا وہ نکاح منعقد ہوگیا، پھر دونوں طرف کے خاندان کے لوگ باضابطہ طور پر دوبارہ نکاح کرکے کے باعزت طریقہ سے دوبارہ رخصت کرنا چاہتے ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے ایسا کرنا بھی جائز ہے اور دوبارہ مہر مقرر کرنے کی بھی گنجائش ہے۔

وإذا تزوجها بألف درهم، ثم جدد العقد بألفي درهم، فعلیٰ قول أبي حنيفةؒ، وأبي يوسفؒ لاتثبت الزيادة، ويكون مهرها ألف درهم وعلى قول محمدؒ تثبت ويكون مهرها ألفي درهم. وفي الظهيرية: قال بعض مشايخنا: المختار عندنا أن تلزمه الألف الثانية. (فتاوی تاتارخانية، كتاب النكاح، الفصل السابع عشر في المهر، زكريا٤/١٨٤، ١٨٥، رقم:٥٩١٤)

وفي الكافي: جدد النكاح بزيادة ألف لزمه ألفان على الظاهر (تحته في الشامية) حاصل عبارةالكافي: تزوجها في السر بألف، ثم في العلانية بألفين ظاهر المنصوص في الأصل أنه يلزم الألفان ويكون زيادة في المهر. وعند أبي يوسفؒ المهر هو الأول؛لأن العقد الثاني لغو، فيلغو مافيه، وعند الإمام أن الثاني، وإن لغا لايلغو مافيه من الزيادة. (الدر مع الرد، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ٣/١١٢، زكرياديوبند ٤/٢٤٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵ / ذی قعدہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰ / ۱۰۸۳۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۱۱/۲۵ھ

کیا عزت نفس کی خاطر دوبارہ نکاح کر سکتے ہیں؟

سوال [۵۴۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی اور لڑکے نے دوسرے شہر میں کالج میں پڑھتے ہوئے پڑھائی کے دوران تقریباً تین ماہ قبل اپنے والدین کی مرضی کے بغیر نکاح کرلیا۔ اب لڑکی کے والدین خاندان اور معاشرہ میں اپنی عزت قائم رکھنے کے لئے دوبارہ باقاعدہ نکاح کی تقریب کرنا چاہتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا شرعاً صحیح اور جائز ہوگا؟ لڑکی ابھی کالج میں پڑھ رہی ہے اپنی رائے دے کر رہنمائی فرمائیں۔

المستفتی: صفدر حسین سعید

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عاقل بالغ لڑکے لڑکی نے شرعی طریقہ پر جب اپنی مرضی سے عقد نکاح کرلیا ہے، تو شرعاً وہ نکاح معتبر ہے اور لڑکی کے نکاح کی تقریب میں لڑکی والوں کی لاج اور عزت کی رعایت کی گئی ہے؛ اس لئے ان کو ہم کفو اور مہر کے انتخاب کا اختیار دیا گیا ہے؛ لہٰذا یہ لوگ اپنی لاج رکھنے کے لئے باقاعدہ عزت کے ساتھ لڑکی کو شرعی طریقہ پر رخصت کرسکتے ہیں؛ لیکن عقد نکاح پہلے ہو چکا ہے؛ اس لئے دوبارہ عقد نکاح کی ضرورت نہیں ہے، اگر عقد نکاح کرلے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔

والكفاءة هي حق الولي لاحقها الخ . (در مختار، كتاب النكاح باب الكفاءة، زكريا٤/٢٠٧، كراچي ٣/٨٥)

اس عبارت سے واضح ہوتا ہے کہ لڑکی کے والدین کو اپنی لاج اور عزت کو باقی رکھنے کے لئے بہت سے حقوق دیئے گئے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍صفر المظفر ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۳۱۳/۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۲/۱۷ھ

والد کے انتقال کی وجہ سے شادی کی تاریخ کو مؤخر کرنا

سوال [۵۴۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ فاطمہ کی شادی کا دن طے ہوگیا، ۳۰؍تاریخ طے ہوئی اتفاق سے ایک تاریخ کو اس کے والد صاحب انتقال کر گئے۔ غور طلب یہ بات ہے کہ طے شدہ دن کو ہٹا دینا ضروری ہے یا نہیں؟

المستفتی: رضاء الکریم، مرشد آبادی، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شادی کی طے شدہ تاریخ کو نہ بدلنے سے گناہ

تو نہ ہوگا؛ البتہ بہتر اور افضل یہی ہے کہ تاریخ بدل دی جائے تا کہ سب لوگ میت کی تجہیز وتکفین میں شامل ہو جائیں۔

الأفضل أن يعجل بتجهيزه كله من حين يموت الخ. (شامي، كراچي ۲/۲۳۲، زكريا ۳/۱۳۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰ر ربیع الاول ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/۴۷۰۴)

گاؤں والوں کا بالغین کا نکاح کروانا

سوال [۵۴۲۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہمارے گاؤں میں باہر کی بستی سے لڑکا اور لڑکی آجاتے ہیں، ہمارے گاؤں میں ان کا کوئی نہ کوئی رشتہ دار رہتا ہے، ان کے کہنے پر ہم بستی والے ان دونوں کا نکاح کر دیتے ہیں، وہ واپس اپنی بستی کو چلے جاتے ہیں، اس لڑکے اور لڑکی کے رشتہ دار کوئی بھی نہیں رہتے، پھر بھی ہم یہ نکاح کر کے بھیج دیتے ہیں؟ کیا ایسا نکاح کرنا جائز ہے؟

المستفتی: محمد عبد اللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر لڑکا لڑکی دونوں ہم کفو اور ہم برادری ہیں، تو شرعاً نکاح صحیح ہو جائے گا۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي الخ (الدر المختار، كراچي ۳/۵۵، زكريا ٤/١٥٥)

لیکن آپ لوگ ایسا سلسلہ جاری نہ کریں؛ کیوں کہ یہ فتنہ کا زمانہ ہے؛ اس لئے احتیاط کی ضرورت ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳ر رمضان المبارک ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/۲۴۰۵)

دس بیگھہ زمین نام کرنے کی شرط پر میکہ سے واپس آنا

سوال [۵۴۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری بیوی دینی مزاج نہیں رکھتی تقریباً دو ماہ سے میکہ میں ہے، میرے پاس اس شرط پر آنے کو کہتی ہے کہ دس بیگھہ زمین اس کے نام کرادوں، تو کیا اس کا یہ مطالبہ درست ہے؟

(۲) کیا میں ان حالات میں شرعاً دوسری شادی کرسکتا ہوں؟

المستفتی: شیرالدین، مصطفیٰ پور، بڑھرا، ٹھاکردوارہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) بیوی کے ساتھ ہمدردی اور رواداری کرنا شوہر پر لازم ہے شوہر کے گھر پر بیوی کو کسی قسم کی وحشت اور اجنبیت محسوس نہ ہونے دینا شوہر پر واجبی فریضہ ہے اور بیوی کے لئے شوہر سے بے جا مطالبہ کرنا جائز نہیں ہے۔

اب سائل کے یہاں کیا معاملہ ہے وہ خود زیادہ جان سکتا ہے اور رہا دس بیگھہ زمین کا مطالبہ، اگر اس طرح کی کوئی شرط نکاح کے وقت رکھی گئی تھی یا مہر میں دینے کے لئے بات رکھی گئی تھی، تو اس کا مطالبہ درست ہے، ورنہ درست نہیں۔

عن سليمان بن عمرو بن الأحوص، قال حدثني أبي أنه شهد حجة الوداع مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكر في الحديث قصة فقال: ألاواستو صوابالنساء خيراً، فإنماهن عوان عندكم ليس تملكون منهن شيئاً غير ذلک إلاأن يأتين بفاحشة مبينة الخ (ترمذي، باب ماجاء في حق المرأة على زوجها، النسخة الهندية ۱/ ۲۲۰، دارالسلام رقم:۱۱٦۳)

ومن السحت مايؤخذ على كل مباح. وقال الشامي تحته: ومن السحت ما يأخذه الصهر من الختن بسبب بنته بطيب نفسه حتى لوكان بطلبه يرجع الختن به. (شامي، كراچي ٦/ ٤٢٤، زكريا۹/ ٦٠٧)

(۲) مرد کے لئے دوسری شادی کرنا جائز ہے؛ لیکن شرط یہ ہے کہ بیویوں کے درمیان برابری کا معاملہ کرنا لازم ہے ورنہ گنہگار رہوگا۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلاثَ وَرُبَاعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ. [سورة السناء:۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ ؍ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸ ؍۹۹۹۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۷ ؍۴ ؍۱۴۳۱ھ

نکاح بالکتابہ کی ایک صورت

سوال [۵۴۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ باکرہ بالغہ ہندہ اپنے استاذ کے حسن سلوک سے متأثر ہوکر ایک دن ایک کاغذ پر یوں لکھا کہ میں نے آپ سے نکاح کیا اور اپنے استاذ کے پاس بھیج دیا، استاد نے اس کاغذ کے ساتھ جواب میں یہ لکھ کر بھیجدیا کہ اس میں تو مہر کا ذکر نہیں ہے، پھر بھی مہر مثل ان صورتوں میں متعین ہوجاتا ہے۔

اب تم اگر چاہو تو وضاحت کردو کہ مہر مثل کروگی یا مہر فاطمی کروگی یا اور کچھ تمہاری باتیں جو تم نے لکھا ہے مجھے بہت پسند ہیں، اسے میں نے قبول کیا اور تم کو جو بھی مہر ہو اس پر میں نے اپنے نکاح میں داخل کرلیا۔

وہ نوشتہ کسی طرح اس کے یعنی ہندہ کے بڑے بھائی کے ہاتھ میں پڑ گیا اور وہ اسے اپنے والدین اور خالو کی موجودگی میں پڑھ کر سنایا، اس کو سن کر سب غصہ میں بھر گئے اور ہندہ پر سختی اور زیادتی کرنے لگے اور جبریہ اس کا نکاح بکر سے مہر فاطمی کے عوض تمام برادری کی موجودگی میں جیسا کہ عام دستور ہے کردیا اور روانہ کردیا۔ اب دل میں یہ شبہات پیدا ہوتے ہیں کہ کہیں زید کے ساتھ کاغذی ایجاب وقبول سے نکاح واقع نہ ہوگیا ہو، دل میں طرح طرح

کے وساوس پیدا ہوتے ہیں؛ لہٰذا آپ سے ملتجی ہوں کہ آپ واضح فرمادیں کہ وہ پہلا زید سے مراسلہ والا نکاح کہیں واقع نہ ہوگیا ہو، اگر واقع ہوگیا تو دوسرا بکر کے ساتھ والا نکاح درست ہوگیا یا نہیں؟ برائے کرم جلد مطلع فرمائیں بہت تشویش ہے۔ بینوا توجروا.

المستفتی: محمد سالم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر زید وہندہ دونوں ہم کفو ہیں اور ہندہ کی تحریر پہونچتے ہی زید نے دو گواہوں کے سامنے مرسلہ تحریر پڑھ کر سنایا ہے اور ساتھ ساتھ گواہوں کے سامنے قبول بھی کیا ہے تو ہندہ کا نکاح زید کے ساتھ صحیح اور درست ہو چکا ہے اور ہندہ زید ہی کی بیوی ہوگی اور بکر کے ساتھ نکاح نہیں ہوا ہے اور اگر دونوں ہم کفو نہیں ہیں یا زید نے دو گواہ کے سامنے پڑھ کر نہیں سنایا ہے؛ بلکہ صرف اپنے طور پر ہندہ کو جواب لکھ کر بھیجدیا ہے، تو زید کے ساتھ نکاح نہیں ہوا اور بکر کے ساتھ نکاح درست ہو چکا ہے۔ اب ان باتوں کی تحقیق آپ خود کیجئے۔

ینعقد النکاح بالکتاب کما ینعقد بالخطاب وصورته أن یکتب إلیها یخطبها، فإذا بلغها الکتاب أحضرت الشهود وقرأته علیهم. وقالت زوجت نفسي منه، أو تقول أن فلانا کتب إلي یخطبني فاشهدوا أني زوجت نفسي منه، أما لو لم تقل بحضرتهم سوی زوجت نفسي من فلان لاینعقد الخ. (شامي، زکریا ۷۳/٤، کراچي ۱۲/۳، الموسوعة الفقهية الکویتیة ۲۰۹/۳۰) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۴؍ شوال المکرّم ۱۴۱۲ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸؍ ۲۸۶۴)	۲۴؍۱۰؍۱۴۱۲ھ

شادی کا خرچ اولاد کے ذمہ ہے یا والد کے؟

سوال [۵۴۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ اگر والد صاحب حیثیت ہے اور اولاد کے پاس بھی پیسہ ہے؛ لیکن شادی میں خرچ ہونے والی رقم سے کم ہے اور اس پر بھی اگر والد اولاد کی شادی میں پیسہ خرچ نہ کرے؛ بلکہ اولاد سے خرچ کرائے تو دینی اعتبار سے یہ کیسا ہے؟ اور اس کی کیا کیا وعید ہے؟ اور کیا کیا تدارک ہے؟

(۲) اور اگر اولاد کے پاس شادی میں خرچ ہونے کی مقدار میں پیسہ ہے یا اس سے زیادہ ہے، تو بھی یہ دینی اعتبار سے کیسا ہے؟

(۳) والد اور اولاد ایک ہی فرم میں شریک ہیں؛ لیکن جو بھی خرچ کرتے ہیں وہ اپنے اپنے نام میں ڈلواتے ہیں اوپر کے سوال کے فتوی پر روشنی بھی دیں۔

المستفتی: محمد جلیس اقبال، کالا پیادہ، سنبھلی گیٹ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر اولاد باپ کی فیملی سے الگ ہے اور اس کی آمدنی بھی الگ ہے اور کمانے پر قدرت بھی رکھتی ہے، اس کے پاس پیسہ بھی ہے گرچہ کم ہو، تو ایسی اولاد کی شادی کا خرچہ باپ کے اوپر لازم نہیں، ہاں البتہ باپ اگر خرچ کردے گا تو یہ محض اس کی طرف سے تبرع ہوگا اور خرچ نہ کرنے پر باپ پر کوئی وعید نہ ہوگی اور اگر اولاد باپ کی فیملی میں ہے، کھانا پینا بھی ایک ساتھ ہے، مگر آمدنی اور منافع دونوں کے الگ الگ ہیں اولاد اپنی آمدنی کل کی کل باپ کے حوالہ نہیں کرتی ہے، تو اگرچہ باپ کی فیملی میں کیوں نہ ہو، ایسی بالغ اولاد کی شادی کا خرچہ باپ کے اوپر لازم نہیں ہے؛ بلکہ اولاد اپنی شادی میں خود اپنی طرف سے خرچ کرے گی اور خرچ نہ کرنے پر باپ پر کوئی وعید نہیں اور اگر اولاد باپ کی فیملی میں ہے اور شادی کے لائق بھی ہوچکی ہے اور اپنی کمائی اور آمدنی سب لاکر باپ کے حوالہ کردیتی ہے اور اپنے پاس کچھ نہیں رکھتی، تو ایسی اولاد کی شادی کا خرچ باپ کے اوپر لازم ہے خرچ نہ کرنے پر باپ عند اللہ ماخوذ ہوگا؛ لیکن سوال نامہ میں جس اولاد کا ذکر ہے وہ ایسی نہیں ہے؛ بلکہ کمائی اور آمدنی وہ خود اپنے پاس الگ رکھتی ہے؛ اس لئے ایسی اولاد کی شادی

میں خرچ کرنا باپ کے اوپر لازم نہیں ہے اور خرچ نہ کرنے پر باپ پر کوئی وعید بھی نہیں، ہاں البتہ باپ اگر بخوشی خرچ کرتا ہے، تو یہ باپ کی طرف سے محض تبرع ہے۔

وإن كانوا ذكوراً بالغين لم يجبر الأب على الإنفاق عليهم لقدرتهم على الكسب، إلا من كان منهم زمنًا، أو أعمىٰ، أومقعداً، أو أشل اليدين لاينتفع بهما، أو مفلوجاً، أو معتوها، فحينئذ تجب النفقة على الولد لعجز المنفق عليه عن الكسب، وهذا إذا لم يكن للولد مال فإذا كان للولد مال فنفقته في ماله لأنه موسر غير محتاج. (مبسوط سرخسي،دارالكتب العلمية بيروت ٥/٢٢٣)

وإذا كان الابن قادراً على الكسب لاتجب نفقته على الأب.

(البحرالرائق، كتاب الطلاق، باب النفقة، زكريا٤/ ٣٥٠، كوئٹه ٤/٢٠٦)

وقال عليه السلام من ولد له ولد، فليحسن اسمه وأدبه، فإذا بلغ فليزوجهٗ فإن بلغ (و هو فقير) ولم يزوجه فأصاب إثماً فإنما إثمه علىٰ أبيه.

(شعب الإيمان للبيهقي، باب في حقوق الاولاد والأهلين، درالكتب العلمية بيروت ٦/٤٠١، مرقات ٣/٤١٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷؍ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۷۲۰۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۴/۲۷ھ

مرد کا ۴۵؍سال کی عمر میں دوسری شادی کرنا

سوال [۵۴۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے بھائی کی بیوی گذشتہ سال مرچکی ہیں، اور میرے بھائی کی عمر اس وقت پینتالیس سال ہے۔ اب وہ دوبارہ شادی کرنے کے خواہش مند ہیں؛ جبکہ اہل محلّہ اوران کے خود کے بچے آڑے آرہے ہیں، ایک لڑکا اور ایک لڑکی بھی جوان ہے، دو جوان

لڑکیوں کی شادی ہوچکی ہے، چار پانچ چھوٹے بچے ابھی اور ہیں سب سے چھوٹے لڑکے کی عمر پانچ سال ہے، میرے بھائی کی مالی حالت اچھی ہے دو مکان ہیں اور تیس بیگھہ زمین ہے، لڑکا اور خود بھی سارے سال کماتے رہتے ہیں، اب آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں اس مسئلہ کا کیا حل ہے، وہ بتائیں یعنی ان کو شادی کر لینی چاہئے یا نہیں؟ جواب سے جلد نوازیں۔

المستفتی: محمد قاری اسلام الدین، ماسٹر پرائمری اسکول سہسپور بجنور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ان کو شادی کرنے کی خواہش ہے، تو ضرور جلد از جلد شادی کر لینی چاہئے شرعاً ان کے لئے شادی کر لینا مسنون ہے اور جو لوگ آڑے آرہے ہیں وہ سب گنہگار ہوں گے ۔(مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷؍۴۴)

قولہ تعالیٰ: فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ . [سورۃ النساء الآیۃ:۳)

مات امرأتہ لہ التزوج بأختہا بعد یوم من موتہا الخ. (شامي، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، کراچي ۳/۳۸، زکریاہ/۱۱۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ربیع الاول ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵؍۱۶۷۹)

۴۵؍سالہ بیوہ سے نکاح پر لوگوں کا اعتراض

سوال [۵۴۲۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مرد ۵۸؍سال اور عورت ۴۵؍سال کی بیوہ عورت ہے جس کی اولاد شادی شدہ ہے، مرد اور عورت پر لوگ اعتراض کر رہے ہیں اور حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں، بڑھاپے میں نکاح کی سوجھی ہے، ایسے خیالات اولاد اور دیگر حضرات کے بارے میں

قرآن وحدیث کے حکم سے صاف صاف آگاہ فرمائیے گا، اخراجات اور مرد وعورت دونوں کو نکاح کی طاقت مالی وجسمانی اللہ رب العزت کی طرف سے عطا ہے اور بیوہ سے نکاح کرنے میں کتنا ثواب ہے۔ اور جو اس کار خیر میں شریک ہو اس کو کتنا کتنا ثواب ملے گا؟

المستفتی: مولانا محمد مصطفیٰ خاں ھ، سنبھل روڈ حسن پور، امروہہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب عورت بیوہ ہے اور مرد کے پاس بھی بیوی نہیں ہے، تو ایسی صورت میں بیوہ عورت سے شادی کرنے میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے؛ بلکہ جائز ہونے کے ساتھ ساتھ عرف میں اس کا رواج عام ہونا چاہئے۔ اور اس کو معیوب سمجھنے کا عقیدہ ونظریہ ختم ہونا چاہئے ،ایسی عورت سے شادی کرنا کارثواب ہے؛ لہٰذا لعن طعن واعتراض کرنے والوں کا اعتراض جہالت پر مبنی ہے، ایسے لوگ شرعاً گناہ کبیرہ کے مرتکب ہیں، ان کو لعن طعن سے باز آکر توبہ کرنی چاہئے اس طرح نکاح کرنا قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔ نیز اس بدعقیدگی اور جہالت کو ختم کرنے کے لئے آنحضرت ﷺ نے ستاون اٹھاون سال کے بعد سات آٹھ نکاح فرمائے۔

وَاَنْكِحُوْا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصَّالِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ اِنْ يَكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِه. [سورہ نور الآیۃ:۳۲] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍ ذی قعدہ ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۹۵۶/۳۵)

شادی شدہ نہ ہونے کی شرط پر نکاح

سوال [۵۴۲۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ خالد نے زینب کے پاس نکاح کا پیغام بھیجا زینب نے کہا کہ میں خالد سے

اس شرط پر نکاح کے لئے تیار ہوں کہ خالد شادی شدہ نہ ہو، نکاح ہوگیا؛ لیکن نکاح کے بعد معلوم ہوا کہ خالد نے پہلے ایک نکاح کیا تھا؛ لیکن اس کو طلاق دیدی تھی، اب اس کے نکاح میں کوئی عورت نہیں ہے، تو کیا یہ نکاح درست ہوگیا یا نہیں؟ جبکہ شرط نہیں پائی گئی ہے یا شرط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے نکاح نہیں ہوا۔ مدلل جواب تحریر فرمائیں نوازش ہوگی۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ نکاح درست ہے؛ کیونکہ شرط فاسد سے نکاح فاسد نہیں ہوتا ہے؛ بلکہ نکاح میں شرط فاسد خود ہی باطل ہوجاتی ہے اور نکاح درست ہوجاتا ہے۔ (مستفاد: امداد الاحکام زکریا دیوبند ۳/۲۰۵، محمودیہ میرٹھ ۱۶/۸۹، محمودیہ ڈابھیل ۱۰/۵۲۶)

النكاح لايصح تعليقه بالشرط ويبطل الشرط دون النكاح. (مجمع الأنهر، نسخهٔ جديد ۱/۴۸۹)

ولو شرط شرطاً فاسداً كما لو تزوجته على أن لايطأها، فإنه يصح النكاح ويفسد الشرط. (شامي، مطلب في النكاح الفاسد كراچي ۳/۱۳۱، شامي زكريا ۴/۲۷۴)

النكاح لايبطل بالشروط الفاسدة. (هداية، نعيمية ديوبند ۲/۳۳۴، هداية ياسر نديم ۲/۳۱۳)

لأن النكاح لايبطل بالشروط الفاسدة؛ بل تبطل هي ويصح النكاح. (فتح القدير، كوئٹه ۳/۱۵۲، زكريا ۳/۲۴۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/ ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۱۳۲۴)

طلاق کی نیت سے نکاح

سوال [۵۴۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ طلاق کی نیت سے نکاح کرنا جیسا کہ حلالہ کرنے والا کرتا ہے، تو اس طرح نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: شان علم، گلشہید، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس نیت سے نکاح کرنا کہ کچھ دنوں کے بعد طلاق دیدیں گے فقہاء کرام کی تصریح کے مطابق جائز ہے اور اس طرح کا کیا ہوا نکاح درست ہو جاتا ہے اور مرد وعورت باقاعدہ میاں بیوی بن جاتے ہیں؛ لیکن شریعت میں نکاح کو رشتہ قائم رکھنے کے لئے مقرر کیا گیا ہے؛ اس لئے ایسا نکاح منعقد ہونے کے باوجود مکروہ ہے اور ایسا کرنے والے گنہگار بھی ہوں گے۔

قال في الفتح: أما لو تزوج وفي نيته أن يطلقها بعد مدة نواها صح. (فتح القدير، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، دارالفكر بيروت ۲۴۹/۳، كوئٹه ۱۵۲/۳، زكريا۲۴۰/۳)

وفي الدر: وليس منه (أي المتعة والنكاح الموقت) ما لو نكحها على أن يطلقها بعد شهر، أو نوىٰ مكثه معها مدة معينة. (شامي، كراچي ۵۱/۳، زكريا ۱۴۶/۴)

صرح الحنفية والشافعية: بأنه لو تزوج وفي نيته أن يطقلها بعد مدة نواها صح زواجه. (الموسوعة الفقهية الكويتية ۳۲/۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۸؍جمادی الثانیہ ۱۴۲۰ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۱۹۳/۳۴)	۱۴۲۰/۶/۸ھ

قرناء عورت سے شادی کا حکم

سوال [۵۴۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص جس کا تعلق خنثیٰ مؤنث سے ہے، اس کی عمر تقریباً ۳۰؍سال ہے،

عورت کے مانند اس کے پستان بھی بڑے ہیں اور حیض بھی آتا ہے آواز بھی نسوانی ہے، تعلق اتنا قریبی اور گہرا ہے کہ دونوں ایک دوسرے سے جدا ہونا نہیں چاہتے، مرد کہتا ہے کہ میں کسی عورت سے نکاح کر لیتا ہوں اور تجھے بھی اپنے گھر رکھ لوں گا بیوی کی طرح رہنا؛ لیکن مخنث کا کہنا ہے کہ ایسا نہیں ہوسکتا تم کسی دوسری عورت سے شادی نہیں کرسکتے اور اس کو اتنی محبت ہے کہ اس کے ساتھ شادی کرنے کے لئے وہ مخنث اپنا سب کچھ مکان وغیرہ چھوڑنے کو تیار ہے، مگر صرف مخنث کی پیشاب گاہ میں ایک ہڈی ہے، جس کا علاج کیا گیا، مگر کامیاب نہیں رہا اور ڈاکٹروں نے مشورہ دیا ہے کہ اگر اس کا علاج کرایا جائے، تو اس کا علاج ساؤتھ افریقہ میں ہوسکتا ہے، تو دریافت یہ کرنا ہے خنثیٰ مؤنث سے کسی غیر مخنث مرد کا نکاح درست ہے کہ نہیں یا خنثیٰ مذکر کا خنثیٰ مؤنث سے نکاح کرنا درست ہے؟

المستفتی: محمد حسیب محمد حسین، نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں جس عورت کا ذکر کیا گیا ہے وہ خنثیٰ نہیں ہے؛ بلکہ وہ ایسی عورت ہے، جس کے ساتھ عقد نکاح صحیح ہوسکتا ہے، بس صحیح طریقے سے اس کا علاج کرنے کی ضروت ہے، شرعی طور پر اس کے ساتھ نکاح صحیح ہو جائے گا، ایسی عورت کو قرناء کہا جاتا ہے۔

لا یوجب خیار الفسخ حتی لا یسقط بالموت شیئ من مهرها، أطلق العیب، فشمل الجذام، والبرص، والجنون، والرتق والقرن الخ. (البحرالرائق، قبیل باب العدة، کوئٹه ٤/١٢٦، زکریا٤/٢١٣)

وإذا کان بالزوجة عیب فلاخیار للزوج. وقال الشافعيؒ: یرد بالعیوب الخمسة: وهي الجذام، والبرص، والجنون، والرتق والقرن؛ لأنها تمنع الاستیفاء حسًا و طبعًا–ولنا أن فوت الاستیفاء أصلا بالموت لایوجب الفسخ فاختلاله بهذه العیوب أولی وهذا لأن الاستیفاء

من الثمرات والمستحق هو التمكن وهو حاصل. (هداية، باب العنين وغيره، اشرفي ديوبند ٢/ ٤٢٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ربیع الاول ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۷۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳/ ۳/ ۱۴۱۷ھ

جس لڑکی میں زنانہ حیثیت مکمل نہیں اس سے نکاح

سوال [۵۴۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکے کا نکاح باقاعدہ رسومات کے ساتھ ایک لڑکی کے ہمراہ ہوا اورلڑکی اپنے میکہ سے رخصت ہوکر اپنے شوہر کے ساتھ اس کے گھر آ گئی؛ لیکن جب لڑکا رات کو اپنی منکوحہ سے ہمبستری کے لئے رجوع ہوا، تو اس کا مقام فرج غیر فطری تھا، اس پر لڑکی نے کہا کہ آپ پیچھے کے مقام سے اپنی ضرورت حل کرلیں؛ چونکہ لڑکے کی نظر میں یہ فعل غیر شرعی تھا اوراس نے یہ کام نہیں کیا، تو ایسی صورت میں طلاق کی نوبت ہے، مگر لڑکی والے مہر کی رقم کی مانگ کررہے ہیں، لڑکے والوں کی نظر میں کیونکہ وہ لڑکی ثابت نہیں ہے، تو کیا یہ نکاح ہوایانہیں ہوا۔ براہ کرم شریعت مطہرہ کی رو سے یہ نکاح ہوا کہ نہیں اورلڑکے والوں پر مہر کی ادائے گی واجب ہے یانہیں؟

المستفتی: محمد اظہرالاسلام، پیتل نگری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسب تحریر سوال ایسی لڑکی جس کے اندر زنانہ حیثیت مکمل نہیں ہے اور جس سے ہمبستری کا حق ادانہیں کیا جاسکتا، تو اس سے نکاح تو درست ہوگیا؛ لیکن اس کے ساتھ خلوت جماع کے حکم میں نہیں؛ اس لئے اس خلوت سے پورا مہر لازم نہ ہوگا؛ بلکہ طلاق کی صورت میں نصف مہر کی ادائے گی ضروری ہوگی۔

(مستفاد: امدادالفتاوی ۲/ ۲۹۶، محمودیہ ڈابھیل ۱۲/ ۱۰۵)

ومـن الـموانع من الخلوة أن تكون المرأة رتقاء، أو قرناء، أو عفلاء، أو شعراء. (هندية، زكريا ١/ ٣٠٥، زكريا جديد ١/ ٣٧١)

والـخـلوة الفاسدة أن لا يتمكن من الوطء حقيقة كالمريض المدنف الـذي لايتمكن من الوطء ومرضها، ومرضه سواء هو الصحيح أما المريض فالمراد به ما يمنع الجماع. (هندية، زكريا ١/ ٣٠٤، زكرياجديد ١/ ٣٧٠)

والرتق يمنع الخلوة؛ لأنه يمنع الجماع، وذكر في كتاب الطلاق، الأصل أن العدة تجب على الرتقاء ولها نصف المهر. (قاضيخان على الهندية، زكريا ١/ ٣٩٨، زكريا جديد ١/ ٢٣٨، هكذا في التاتارخانية، زكريا ديوبند ٤/ ٢١٨، رقم: ٦٠١٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۶۷۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۷/ ۵/ ۱۴۳۳ھ

اندام نہانی بند والی عورت سے نکاح کا حکم

سوال [۵۴۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا نکاح ہوا اور رخصتی ہوئی، شب عروسی کو ظاہر ہوا کہ دولہن قدرتی طور پر حق زوجیت ادا کرنے سے قاصر ہے، اندام نہانی بند ہے، یعنی دولہن کی اس جسمانی کمی کا علم والدین واقرباء کو بخوبی تھا؛ لیکن باوجود اس کے شادی اور رخصتی کردی گئی۔ کیا ایسی صورت میں زید کا نکاح صحیح ہے یا باطل ہے، یعنی دولہن زید کی زوجہ منکوحہ ہے یا نہیں؟

المستفتی: ساجد حسین والد حاجی عبدالواجد، محلّہ کسرول، مرادآباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر عورت کی اندام نہانی بند ہے یا ایسی ہے کہ جس کی وجہ سے عورت ہمبستری کے لائق نہیں، مگر وہ خنثیٰ مشکل نہیں ہے، تو اس کے ساتھ

شرعی طور پر نکاح درست ہو چکا؛ اس لئے کہ شرعی طور پر نکاح درست ہونے کے لئے صرف عورت ہونا کافی ہے وہ شرعاً زید کی منکوحہ ہے؛ لیکن ایسی صورت میں شوہر کے اوپر پورا مہر ادا کرنا لازم نہیں ہوتا؛ بلکہ نصف مہر ادا کرنا لازم ہوتا ہے اور طلاق دینے کی صورت میں عورت کے اوپر عدت بھی لازم ہوجائے گی۔

والخلوة بالرتقاء ليست بخلوة. قيل: هو على الخلاف والأصح أنه يمنع صحة الخلوة بالإجماع. وفي الخانية: أن العدة تجب على الرتقاء ولها نصف المهر. (تاتاخانية، زكريا٤/٢١٨، رقم:٦٠١٤)

والرتق يمنع الخلوة؛ لأنه يمنع الجماع، وذكر في كتاب الطلاق، الأصل أن العدة تجب على الرتقاء ولها نصف المهر. (قاضيخان على الهندية، زكريا١/٣٩٨، زكريا جديد ١/٢٣٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۷؍ ذی قعدہ ۱۴۳۳ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۸۱۸/۳۹)	۷/۱۱/۱۴۳۳ھ

کیا احکام شرعیہ سے ناواقف عورت کا نکاح صحیح نہیں؟

سوال [۵۴۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے مسلمان گھرانے کی لڑکی سے شادی کی تھی چند ماہ گذرے، تو معلوم کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ عورت کلمہ وغیرہ سے بالکل ہی ناواقف ہے اور انکار کرتی ہے کہ نماز وکلمہ اور مذہب غسل وغیرہ میں کچھ نہیں جانتی اور کسی بات کے کرنے کے بعد انکار کر دیتی ہے کہ ہم نے نہیں کیا، ان حالات میں زید کا نکاح اس کی مذکورہ بیوی سے باقی رہتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد شفیق، کاشی پور، نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر وہ اللہ کو ایک کہتی ہے اور حضور ﷺ کو اللہ کا رسول کہتی ہے اور اپنے آپ کو مسلمان جانتی ہے، تو وہ مسلمان ہے نکاح صحیح ہو چکا ہے، اس کو با قاعدہ کلمہ نماز وغیرہ سکھایا جائے، حضور ﷺ کے زمانہ میں ایک صحابی پر ایک مسلمان غلام آزاد کرنا لازم ہو گیا تھا، تو حضور ﷺ نے ان کی ایسی باندی کو آزاد کرنے کی اجازت دی ہے، جو اللہ کا ایک ہونا اور آپ ﷺ کو اللہ کا رسول جانتی تھی۔

عن عمرو بن الحكمؓ قال: أتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقلت: يا رسول الله إن جارية كانت لي ترعىٰ غنما لي، فجئتها وقد فقدت منها شاة من الغنم، فسألتها عنها، فقالت: أكلها الذئب فأسفت عليها، وكنت من بني آدم فلطمت وجهها وعليَّ رقبة أفأعتقها، فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم أين الله؟ فقالت: في السماء! فقال: فمن أنا ؟ فقالت: أنت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: اعتقها. الحديث (مؤطا إمام مالك، كتاب العتق، مايجوز من العتق في الرقاب الواجبة، اشرفي ديوبند ٢٢٦، مشكوة شريف ٢٨٥/٢)

ولما كان الإيمان شرطاً في الكفارة امتحن رسول الله صلى الله عليه وسلم إيمانها وسألها أين الله؟. (حاشية مشكوة، ٢٨٥/٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/ ۳۴۵۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۵/۴ھ

دھوکہ دے کر بیمار عورت سے نکاح کرا دینا

سوال [۵۴۳۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا نکاح عمر مرحوم کی بیٹی سے ہوا، عمر مرحوم کے خاندان کے لوگ

بہت متقی پرہیزگار، دیندار ہیں، اس وجہ سے لڑکی کے سلسلہ میں زیادہ چھان بین نہیں کی گئی، مگر نکاح کے بعد پتہ چلا کہ عمر مرحوم کے اہل خانہ نے دھوکہ دے کر اپنی بیمار زمن وجع المفاصل (گھٹیا) کی مریض لڑکی سے زید کا نکاح کردیا مختلف ڈاکٹروں سے رجوع کیا مختلف ٹیسٹ کرائے، ڈاکٹر صاحبان کی رائے متفقہ ہے کہ مرض لاعلاج ہے تا زندگی دوا کھانی ہوگی، ٹھنڈ سے پرہیز کرنا ہوگا، حمل سے پرہیز کرنا ہوگا، اولاد میں بھی یہ مرض پیدا ہوسکتا ہے، زید عرب ممالک میں ایک اچھے عہدہ پر فائز ہے، وہاں ایرکنڈیشن کے بغیر گذارہ نہیں ہے اور زید کی بیوی یہاں نہ پنکھے میں سوسکتی ہے نہ کولر میں، اس وجہ سے وہ زید کے ساتھ نہیں جاسکتی اور زید کس طرح ازدواجی زندگی گذارے؟ ان حالات کو مدنظر رکھ کر مندرجہ ذیل معاملات پیدا ہورہے ہیں۔

(۱) کیا زید عمر مرحوم کی بیٹی کو طلاق دیدے؟

(۲) کیا زید کو دوسری شادی کرلینی چاہئے؟

(۳) کیا دوسری شادی کے لئے زید کی پہلی بیوی سے اجازت لینا ضروری ہے؟

(۴) اگر پہلی بیوی کو طلاق نہ دی جائے اور دوسری شادی کرلی جائے، تو دونوں بیویوں کے درمیان انصاف کس طرح ممکن ہے؟

المستفتی: ڈاکٹر محمد سلطان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: (۱) زید کو اختیار ہے چاہے طلاق دے کر الگ کردے یا طلاق نہ دے کر اس کی ضروریات کی کفالت اپنے اوپر رکھے۔

بأن الطلاق مشروع في ذاته (إلى قوله) وإنما كان الأصل فيه الحظر (إلى قوله) لكن جهة الحظر تندفع بالحاجة ككبر أو ريبة، أو دمامة خلقه، أو تنافر طباع بينهما، أو إرادة تأديب، أو عدم قدرة على الإقامة بحقوق النكاح. (منحة الخالق، کوئٹہ ۳/ ۲۳۷، زکریا دیوبند ۳/ ۴۱۳)

(۲) زید کو ایسی حالت میں دوسری شادی کا اختیار ہے۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ. [النساء:۳]

(۳) جی نہیں پہلی بیوی سے اجازت لازم نہیں۔

ولو أراد فقالت امرأته أقتل نفسي لايمتنع؛ لأنه مشروع الخ. (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/۴۸، زكريا ۴/۱۳۸)

له امرأة، أو جارية، فأراد أن يتزوج أخرىٰ، فقالت: أقتل نفسي، له أن ياخذ ولايمتنع؛ لأنه مشروع، قال الله تعالى: لم تحرم ما احل الله لک تبتغي مرضاة أزواجک، والله غفور رحيم. (الفتاوى البزازية على هامش الهندية، زكريا ۴/۱۵۵، جديد زكريا ۱/۱۰۱)

(۴) اگر پہلی بیوی کی موجودگی میں دوسری شادی کرلیتا ہے، تو دونوں میں برابری کرنا لازم ہوگا۔

فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً. [سورة النساء الآية:۳]

اگر پہلی بیوی کے حقوق زوجیت ادا نہ کرسکنے کی وجہ سے اور توالد وتناسل کے حقوق پر پوری طرح قادر نہ ہونے کی وجہ سے دوسری بیوی کو غیر ممالک لے جاکر ساتھ رکھتا ہے، تو ایسی صورت میں شب باشی میں برابری لازم نہیں، مگر خرچ میں برابری لازم ہوگی۔

لاتحتسب على الزوج السفر يعني إذا سافر بإحدىٰ المرأتين شهراً مثلا ولايؤمر أن يكون عند الأخرىٰ شهراً آخر؛ بل يسوى بينهما في الحضر الخ. (بناية، كتاب النكاح، باب القسم، اشرفية ديوبند ۵/۲۵۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ / صفر المظفر ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۶۴۲/۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۲/۲۰ھ

(۱۳) باب من يحل نكاحه

سوتیلی ماں کی حقیقی بہن سے نکاح

سوال[۵۴۳۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ سوتیلی ماں کی حقیقی بہن سے نکاح جائز ہے یانہیں؟

المستفتی: محمد آفتاب عالم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: سگی خالہ سے نکاح حرام ہے، مگر سوتیلی ماں کی حقیقی بہن سے نکاح جائز ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ جدید میرٹھ ۳۸۹/۱۶)

قال الله تعالىٰ: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء: ٢٤]

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ يعني ماسوىٰ المحرمات المذكورات في الأيات السابقة. (تفسير مظهري، زكريا ديوبند ٢/ ٦٦)

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ أي ورآء ماحرمه الله تعالىٰ. (بدائع الصنائع، زكريا٢/ ٥٤٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ ذی الحجہ ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۲۳۵/۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۱۲/۲۵ھ

عورت اور اس کی سوتیلی لڑکی سے نکاح

سوال[۵۴۳۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہمارے یہاں ایک صاحب دو عورتوں کو لائے، ایک ماں ایک اس کی

سوتیلی لڑکی یعنی یہ لڑکی اس کے شوہر کی تھی، جو اس عورت کے پیٹ سے نہیں پیدا ہوئی تھی اوران دونوں عورتوں سے بیک وقت نکاح کرلیا گیا، اس شخص کا اس عورت اور اس کی سوتیلی لڑکی دونوں سے نکاح درست ہے؟ ہمارے علاقہ میں اس طرح کے بہت سے واقعات پیش آرہے ہیں؟

المستفتی: باشندگان ملک مقیم پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں جو ماں لکھا ہے، وہ درست ہے؛ بلکہ ایک عورت اور اس کی سوتیلی لڑکی جو اس کے شوہر کی دوسری بیوی کے بطن سے پیدا ہوئی ہے، اس کے درمیان جمع کی بات چل رہی ہے؛ لہٰذا اس عورت اور اس کی سوتیلی لڑکی دونوں عورتوں سے بیک وقت نکاح کرلینا یا آگے پیچھے کرکے نکاح کرنا جائز ہے؛ اس لئے کہ یہ ایک دوسرے کے محرم کسی بھی جانب سے نہیں ہیں۔

عن ابن عباسؓ، حرم من النسب سبع ومن الصهر سبع، ثم قرأ حرمت عليكم أمهاتكم الآية وجمع عبد الله بن جعفر بين ابنة علي وامرأة علي. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب مايحل من النساء ومايحرم ۷٦٥/۲، رقم الباب: ۲٥)

فجاز الجمع بين امرأته وبنت زوجها. (الدر المختار شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/۳۹، زكريا ٤/۱۱۷)

ويجوز الجمع بين امرأة وبنت زوج كان لها من قبل......لأنه لارحم بينهما فلم يوجد الجمع بين ذواتي رحم. (بدائع الصنائع، زكريا ۲/٥٤٠)

جاز نكاح إحداهما على تقدير مثل المرأة وبنت زوجها، أو امرأة ابنها، فإنه يجوز الجمع بينهما عند الأئمة الأربعة. (البحرالرائق، زكريا۳/۱۷۳، كوئٹه ۳/۹۸)

ویحرم الجمع بین امرأتین لو فرضت إحداهما ذکراً تحرم علیه الأخریٰ...... بخلاف الجمع بین امرأة و بنت زوجها، فإنه یجوز؛ لأنه لو فرضت المرأة ذکراً جازله أن یتزوج بنت الزوج؛ لأنها بنت رجل أجنبي. (مجمع الأنهر جدید دارالکتب العلمیة بیروت ١/ ٤٨٠، قدیم ١/٣٢٦)

ولابأس بأن یجمع بین امرأة وبنت زوج کان لها من قبل؛ لأنه لا قرابة بینهما و لا رضاع. (هدایة مع الفتح، زکریا٣/٢٠٩، کوئٹه ٣/١٢٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ر محرم الحرام ۱۴۳۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/۳۲ ۹۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۹/۱/۱۴۳۰ھ

دو حقیقی بھائیوں کا الگ الگ ماں اور بیٹی سے نکاح کرنا

سوال [۵۴۳۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دو حقیقی بھائیوں نے الگ الگ طور پر ماں اور بیٹی سے نکاح کرلیا ہے۔ کیا ان دونوں کو الگ الگ طور پر دو حقیقی بھائیوں کا نکاح میں جمع کرنا درست ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: محمد الیاس

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ نکاح شرعاً جائز اور درست ہے، اس میں کوئی وجہ حرمت نہیں۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ - وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ .

[سورة النساء الآیة:٢٣، ٢٤]

قال الخیر الرملي ولاتحرم بنت زوج الأم، ولاأمه، ولاأم زوجة الأب، ولا بنتها. (شامي، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، کراچي ٣/٣١، زکریا ٤/١٠٥)

ولابأس بأن یتزوج الرجل امرأة ویتزوج ابنه ابنتها، أو أمها. کذا في محیط

السرخسي. (هندية، زكريا ١/٢٧٧، زكريا جديد ١/٣٤٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍شعبان المعظم ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸؍۲۷۹۰)

ماں کی خالہ زاد بہن سے نکاح

سوال [۵۴۳۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ساجدہ اور ماجدہ دونوں آپس میں خالہ زاد بہن ہیں، ساجدہ شادی شدہ مگر ماجدہ کنواری ہے۔ اب ساجدہ کا لڑکا زید اپنی ماں کی خالہ زاد بہن ماجدہ سے نکاح کرنا چاہتا ہے، تو کیا زید کا نکاح اپنی ماں کی خالہ زاد بہن ماجدہ سے درست ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: عامر سادات پورنوی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کی ماں کی حقیقی خالہ زاد بہن اور زید کے درمیان شرعی طور پر کسی قسم کی محرم اور حرمت کا علاقہ اور رشتہ نہیں ہے؛ اس لئے زید اپنی ماں کی حقیقی خالہ زاد بہن سے بلاتردد نکاح کرسکتا ہے، اس میں کسی قسم کا شک نہیں ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ﴾. [سورة النساء:٢٤]

هو كل امرأتين أيتهما فرضت ذكراً لم تحل أخرىٰ. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٤٠، زكريا ديوبند ٤/١١٩)

ويحرم الجمع بين المرأتين لو فرضت إحداهما ذكراً تحرم عليه الأخرىٰ.

(مجمع الأنهر قديم ١/٣٢٦، جديد دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٨٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍محرم الحرام ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷؍۸۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳؍۱؍۱۴۲۶ھ

چچیری خالہ سے نکاح

سوال [۵۴۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکا ہے جس کا نام رمضان ہے، اس کا نکاح ایک ایسی لڑکی سے ہونے جارہا ہے، جو اس لڑکے کی والدہ کی چچازاد بہن ہے اور اس لڑکے کی چچیری خالہ ہوتی ہے۔ تو کیا ان دونوں کے درمیان رشتۂ نکاح قائم ہوسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد برہان، مہاراشٹری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسی لڑکی جو رشتہ میں لڑکے کی چچیری خالہ ہوتی ہے، اس سے نکاح درست ہے؛ کیونکہ وجہ حرمت نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/۳۰۰)

وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء: ۲٤]

وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ يعني ماسوى المحرمات المذكورات في الآيات السابقة. (تفسير مظهري، زكريا۲/٦٦)

وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ أي ماوراء ماحرمه الله تعالىٰ. (بدائع الصنائع، زكريا۲/ ٥٤٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱/ربیع الاول ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۷۴۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/۳/۱۴۲۶ھ

نانا کی خالہ زاد بہن کے لڑکے یا چچیرے بھائی کے پوتے کی لڑکی سے نکاح

سوال [۵۴۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ (۱) ایک لڑکی مسماۃ زینب کا نکاح اس کے نانا کی خالہ زاد بہن کے لڑکے سے درست ہوسکتا ہے یا نہیں؟

(۲) ایک شخص مسمیٰ چندا کے پوتے کا نکاح ان کے چچیرے بھائی نظام الدین کے پوتے کی لڑکی سے ہوسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد حنیف، سید نگلی حسنپور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جی ہاں بلاشبہ نکاح صحیح ہوسکتا ہے یہ محرمات کے دائرہ میں شامل نہیں ہے۔

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء: ٢٤]

(۲) یہ نکاح بھی بلاتردد جائز اور درست ہے۔

فروع أجداده وجداته؛ لبطن واحد الخ (فتح القدير، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، دارالفكر بيروت ٢٠٨/٣، كوئٹه ١١٧/٣، زكريا ١٩٩/٣، شامي، كراچي ٢٨/٣، زكريا ٩٩/٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/محرم الحرام ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/۳۲۷۳)

خالہ کی سوتن کی لڑکی کی لڑکی سے نکاح

سوال[۵۴۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اپنی خالہ کی سوتن کی لڑکی کی لڑکی کے ساتھ شادی کرنا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: تمیم اقبال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: خالہ کی سوتن کی لڑکی کی لڑکی میں حرمت کا کوئی علاقہ نہیں ہے؛ اس لئے اس کے ساتھ بلاتردد شادی کرنا جائز ہے۔

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء: ٢٤]

تحل بنات العمات، والأعمام، والخالات، والأخوال. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/ ۲۸، زكريا ٤/ ۹۹، فتح القدير، دارالفكر بيروت ۳/ ۲۰۸، كوئٹه ۳/ ۱۱۷، زكريا ۳/ ۱۹۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ محرم الحرام ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۱۹۹/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۱/۸ھ

ماں کی حقیقی چچیری بہن سے نکاح

سوال [۵۴۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہماری والدہ محترمہ کی سگی چچیری بہن سے رشتہ ہوسکتا ہے یا نہیں؟ ہماری والدہ کے بڑے لڑکے اور والدہ محترمہ کی سگی چچیری بہن سے رشتہ ہوسکتا ہے نکاح جائز ہے یا نا جائز؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عورت کی چچازاد بہن کا نکاح عورت کے بیٹے کے ساتھ جائز اور درست ہے، یہ ایسا ہی ہے، جیسا کہ حضور ﷺ کے حقیقی چچازاد بھائی حضرت علیؓ کا نکاح حضور ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ کے ساتھ ہوا تھا۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء: ٢٤]

أي ماعدا من ذكرنا من المحارم هن لكم حلال. (تفسير ابن كثير ۱/ ٤٧٤)

وقال القرطبي: فكأنه قال أحلت لكم ماورآء ما ذكرنا في الكتاب وماورآء ما أكملت به البيان على لسان محمد صلى الله عليه وسلم.

(تفسير قرطبي، دارالكتب العلمية بيروت ٥/ ٨٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷؍ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۳۷۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۴/۲۸ھ

ماں کی ماموں زاد بہن سے نکاح

سوال [۵۴۴۲]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عورت اپنے لڑکے کے لئے اپنی ماموں زاد بہن سے شادی کرنے کی تمنارکھتی ہے؛ لہٰذا یہ رشتہ شرعاً جائز ہے یانہیں؟

المستفتی: عبدالعزیز، برتن بازار، متصل شاہی مسجد مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جائز ہے۔

قال الله تعالىٰ: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء:٢٤]

کے تحت داخل ہونے کی وجہ سے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۱۷۳/۷، امداد الفتاوی ۲۴۲/۲)

وأحل لكم ماورآء ذلكم يعني ماسوى المحرمات المذكورات في الآيات السابقة. (تفسير مظهري، زكريا ديو بند ٦٦/٢)

تحل بنات العمات، والأعمام، والخالات، والأخوال. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٢٨/٣، زكريا ٩٩/٤، فتح القدير، دارالفكر بيروت ٢٠٨/٣، كوئٹه ١١٧/٣، زكريا ١٩٩/٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵؍ربیع الثانی ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۵۰/۲۳)

باپ کی چچازاد بہن سے نکاح

سوال[۵۴۴۳]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نعیم احمد اپنے حقیقی دادا محمد اسماعیل کے باپ شریک چھوٹے بھائی محمد خلیل کی حقیقی لڑکی آمنہ خاتون سے نکاح کرنا چاہتا ہے، جوقرابت میں نعیم کی پھوپھی ہوتی ہے۔

تو کیا اس سے نکاح نعیم کے لئے جائز ہے؟ اور کیا یہ ہدایہ میں مذکور **و لا بعمته الخ** کے تحت داخل ہے یا نہیں؟ وضاحت کیساتھ بیان فرمائیں۔

المستفتی: محمد عتیق سیتاپوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: باپ کی چچازاد بہن سے نکاح کرنا شرعاً درست ہے؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں نعیم احمد اپنا نکاح اپنے دادا محمد اسماعیل کے بھائی محمد خلیل کی حقیقی لڑکی آمنہ خاتون سے کرسکتا ہے؛ کیونکہ یہ باپ کی حقیقی بہن نہیں ہے؛ اس لئے کہ ہدایہ کی شرح فتح القدیر میں ہے۔

فروع أجداده وجداته؛ لبطن واحد، فلهذا تحرم العمات، والخالات، وتحل بنات العمات، والأعمام، والخالات، والأخوال. (فتح القدير، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، دار الفكر بيروت ۳/ ۲۰۸، كوئٹه ۳/ ۱۱۷، زكريا ۳/ ۱۹۹، شامي، كراچي ۳/ ۲۸، زكريا ٤/ ۹۹)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ دادا کے فروع کی حرمت صرف ایک بطن (یعنی دادا کی لڑکی یعنی حقیقی پھوپھی) تک محدود ہے اس کے آگے حرمت نہیں اور باپ کی چچازاد بہن بطن ثانی سے ہیں بطن اول (یعنی دادا کی لڑکی) سے نہیں ہیں؛ لہٰذا یہ **أحل لكم ماوراء ذٰلكم.** [سورة النساء: ٢٤] کی وجہ سے حلال ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۲ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۷۲۰۷)	۱۴۲۲/۵/۲ھ

باپ کی ربیبہ سے نکاح

سوال [۵۴۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی پہلی بیوی کا انتقال ہوچکا ہے زید نے دوسری شادی کی ہے، زید کی

دوسری بیوی کے ساتھ ایک لڑکی آئی ہے اور زید کی پہلی بیوی سے ایک لڑکا ہے۔ اب وہ لڑکا اس لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے، تو کیا ان دونوں کا آپس میں نکاح جائز ہے؟

المستفتی: نسیم احمد، چاند پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کا لڑکا اگر زید کی زوجۂ ثانیہ کے ساتھ آئی ہوئی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے، تو ان دونوں کا نکاح باہم درست ہے۔

ولابأس أن یتزوج الرجل امرأة ویتزوج ابنه أمها، أو بنتها؛ لأنه لامانع وقد تزوج محمد بن الحنفیة امرأة وزوج ابنه بنتها. (البحرالرائق، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، زکریا ۳/۱۷۳، کوئٹه ۳/۹۸)

قال الخیر الرملي: ولاتحرم بنت زوج الأم، ولاأمه، ولاأم زوجة الأب، ولابنتها. (شامي، کراچي ۳/۳۱، زکریا ٤/۱۰۵)

ولابأس بأن یتزوج الرجل امرأة ویتزوج ابنه ابنتها، أو أمها. کذا في محیط السرخسي. (هندیة، زکریا ۱/۲۷۷، زکریا جدید ۱/۳٤۲) فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۲۲/ ربیع الاول ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۷۸۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۲/۴/۱۴۱۷ھ

قبل الدخول طلاق دینے کے بعد بیٹی سے جواز نکاح اور ماں سے عدم جواز

سوال [۵۴۴۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے ہندہ سے عقد نکاح کرلیا، مگر ابھی رخصتی نہیں ہوئی، تو اب زید کے لئے ہندہ کو طلاق دے کر اس کے فروع مثلاً اس کی بیٹی وغیرہ سے نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو اس کے اصول یعنی ماں وغیرہ سے نکاح کیوں جائز نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید نے ہندہ سے عقد نکاح کرنے کے بعد اسے قبل الدخول طلاق دیدی، تو اب اس کی بیٹی سے نکاح جائز ہے؛ کیونکہ قرآن کریم میں بیٹی سے نکاح کی حرمت کو اس کی ماں کے ساتھ دخول پر معلق کیا ہے اور صورت مسئولہ میں جب دخول نہیں پایا گیا، تو زید کے لئے ہندہ کی بیٹی سے نکاح کرنا جائز ہے؛ البتہ زید کے لئے ہندہ کی ماں سے نکاح کرنا جائز نہیں؛ کیوں کہ ماں کی حرمت اس کی بیٹی سے محض عقد نکاح کر لینے سے ثابت ہوجاتی ہے، قرآن کریم میں ماں کی حرمت کو اس کی بیٹی کے ساتھ دخول پر معلق نہیں کیا گیا ہے۔

وَاُمَّهَاتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ اللّٰاتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِسَآئِكُمُ اللّٰاتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ لَمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ. [سورة النساء:۲۳]

يحرم على الرجل......أم امرأته مطلقاً......أي لم يقيد بشرط الدخول بالمرأة؛ بل تحرم بنفس العقد الصحيح. لقوله تعالىٰ: [وأمهات نسآء كم] وبنت امرأة دخل بها، فإن لم يدخل حتى حرمت عليه حل له تزوج الربيب. لقوله تعالىٰ: وَرَبَآئِبُكُمُ اللّٰاتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِسَآئِكُمُ اللّٰاتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ لَمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ. (سورة النساء: ۲۳، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۱/۴۷۷)

قال الجمهور: أن بين نكاح الأم، والبنت فرقا يشترط الدخول في إحداهما لا في أخراهما. (العرف الشذي على هامش الترمذي، النسخة الهندية ۱/۲۱۳)

لايحل للرجل أن يتزوج بأم امرأته اللتي دخل بابنتها، أو لم يدخل. لقوله تعالىٰ: (وأمهات نسآء كم) من غير قيد الدخول، ولابنت امرأته التي دخل بها لثبوت قيد الدخول بالنص. (هداية، مكتبة ياسر نديم ۲/۳۰۸)

عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن النبي صلى الله عليه وسلم،

قال أيما رجل نكح امرأة فدخل بها، فلايحل له نكاح ابنتها، فإن لم يكن دخل بها، فلينكح ابنتها، وأيما رجل نكح امرأة فدخل بها، أو لم يدخل فلايحل له نكاح أمها. (ترمذي شريف، كتاب النكاح، باب ماجاء فيمن يتزوج المرأة، ثم يطلقها، النسخة الهندية ١/٢١٢، دارالسلام رقم: ١١١٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ٦ ۱۱۴۷)

پہلی بیوی کے لڑکوں کا دوسری بیوی کی لڑکیوں سے نکاح

سوال [٦ ۵۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی فی الحال دو بیویاں ہیں، جس میں سے پہلی بیوی سے تین لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں جو کہ زید سے ہی ہیں اور دوسری بیوی کے دو لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں، جو کہ زید سے نہیں؛ بلکہ دوسری بیوی کے پہلے شوہر سے ہیں۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ پہلی بیوی کے لڑکوں کا دوسری بیوی کی لڑکیوں سے نکاح درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد اسرار خاں

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں اس بات کی وضاحت ہے کہ زید کی پہلی بیوی سے زید کے جو لڑکے ہیں، ان لڑکوں کا نکاح دوسری بیوی کے پہلے شوہر کی لڑکیوں سے جائز ہے یا نہیں؟ تو شرعی حکم یہ ہے کہ دوسری بیوی کے بطن سے پہلے شوہر کی جو لڑکیاں ہیں، ان کا نکاح زید کی پہلی بیوی کے بطن سے جو زید کے لڑکے ہیں ان کے ساتھ جائز اور درست ہے؛ اس لئے کہ ان دونوں قسم کے لڑکے اور لڑکیوں کے درمیان نسبی، سببی اور رضاعی حرمت کا کوئی علاقہ نہیں ہے۔

لابأس بأن يتزوج الرجل امرأةً...... ويتزوج ابنه ابنتها. . (هندية،

كتاب النكاح، الباب الثالث في بيان المحرمات قبيل القسم الثالث المحرمات بالرضاع، زكريا قديم ١/٢٧٧، زكريا جديد ١/٣٤٢)

فلذا جاز التزويج بأم زوجة الابن، وبنتها، وجاز للابن التزوج بأم زوجة الأب وبنتها. (فتح القدير، دارالفكر بيروت ٣/٢١١، كوئٹه ٣/١٢٠، زكريا٣/٢٠١)

ولاتحرم بنت زوج الأم، ولاأمه، ولاأم زوجة الأب، ولابنتها. (شامي، كراچي ٣/٣١، زكريا ٤/١٠٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍محرم الحرام ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۸۵۹/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۱/۲۳ھ

دوسرے شوہر کی اولاد سے نکاح کرنا

سوال [۵۴۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی حاملہ بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے دی تھیں، بعد وضع حمل کے رضا مندی سے دوسرے شخص کے ساتھ نکاح ہوا قبل نکاح طرفین کو بتلا دیا تھا کہ بغیر دوسرے کے ساتھ نکاح بعدہٗ رضا مندی طلاق کے پہلے شخص سے نکاح جائز نہیں، جس شخص کے ساتھ نکاح ہوا ہے قبل نکاح اس کو واقعہ اور مسئلہ صاف صاف بتلا دیا یہ بھی بتلا دیا کہ نکاح کے بعد صحبت کرنا ضروری ہے اور طلاق بھی رضا مندی سے دوگے، جب پہلے شوہر کے ساتھ نکاح ہوسکتا ہے، نکاح میں طلاق دینے کی کوئی شرط نہیں بعدہٗ حلالہ ہوا بعد نکاح وصحبت تین طلاق بیک وقت دیدیں اتفاق سے اس صحبت سے حمل قرار نہیں پایا بعد تین حیض سابقہ شوہر کے ساتھ نکاح ہوا، اللہ تعالیٰ نے کئی لڑکیاں اور کئی لڑکے عطاء فرمائے۔

اب اصل سوال یہ ہے کہ اس عورت کی اولاد کا نکاح اس شخص کی اولاد سے جائز ہے

یانہیں؟ جس کے ساتھ حلالہ ہوا تھا خواہ اس کے لڑکی ہو یا لڑکا (عورت کا)

المستفتی: عبدالعزیز بازار شاہی مسجد مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جی ہاں جائز ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/۱۹۱، احسن الفتاوی ۵/۷۴)

لابأس بأن يتزوج الرجل امرأة ويتزوج ابنه ابنتها، أو أمها الخ.
(فتاوى عالمگيري، كتاب النكاح، الباب الثالث في بيان المحرمات قبيل القسم الثالث المحرمات بالرضاع، زكريا ١/٢٧٧، زكريا جديد ١/٣٤٢)

ولاتحرم بنت زوج الأم، ولاأمه، ولاأم زوجة الأب و لابنتها. (شامي، كراچي ٣/٣١، زكريا ٤/١٠٥)

وكما استفاد من الشامي: ويحل لأصول المزنى وفروعه أصول المزني بها، وفروعها. (شامي، زكريا ٤/١٠٧، كراچي ٣/٣٢، كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، دارالفكر بيروت ٤/٦٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶/ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۲۲۲/۲۴)

خالہ کی نواسی سے نکاح

سوال [۵۴۴۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دو بہنیں راشدہ اور مرشدہ ہیں، راشدہ کے ایک لڑکا راشد اور مرشدہ کے ایک لڑکی آمنہ ہے، پھر آمنہ کے بھی ایک لڑکی عامرہ ہے، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ راشدہ کی شادی عامرہ سے ہوسکتی ہے یا نہیں

المستفتی: حکیم شمیم الدین صاحب، جھبوکا نالہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عامرہ راشد کی خالہ کی نواسی ہے اور راشد کے لئے خالہ کی نسل کی کسی بھی لڑکی سے نکاح کرنا جائز ہے؛ لہٰذا جس طرح خالہ کی لڑکی سے نکاح کرنا جائز ہے، اسی طرح خالہ کی نواسی کے ساتھ نکاح کرنا بھی بلاشبہ جائز ہے؛ اس لئے کہ ان کے درمیان حرمت کا کوئی سبب ثابت نہیں ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورۃ النساء: ٢٤]

وقال في الدر: وأما عمة أمه وخالة خالة أبيه حلال كبنت عمه وعمته، وخاله وخالته. (در مختار مع الشامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٣٠، زكريا ٤/١٠٣)

فروع أجداده وجداته لبطن واحد، فلهذا تحرم العمات، والخالات، وتحل بنات العمات، والأعمام، والخالات، والأخوال. (فتح القدير، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، دارالفكر بيروت ٣/٢٠٨، كوئٹه ٣/١١٧، زكريا ٣/١٩٩، شامي، كراچي ٣/٢٨، زكريا ٤/٩٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍شعبان المعظم ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸؍۹۶۹۵)

چچا کے انتقال کے بعد چچی سے نکاح

سوال [۵۴۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اور بکر دو بھائی تھے، دونوں کے ایک ایک لڑکا پیدا ہوا، اتفاق سے زید اور بکر دونوں کا انتقال ہوگیا، دونوں کے انتقال کے بعد زید کی بیوہ بیوی سے بکر کے لڑکے نے نکاح کرلیا جو کہ اس کی حقیقی چچی تھی، بکر کے لڑکے کوئی رشتہ اپنی چچی سے دوسرا ایسا نہیں ہے، جس سے دونوں کا نکاح آپس میں حرام ہو، اس صورت میں زید کی بیوہ بیوی سے بکر کے

لڑکے کا نکاح درست ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: علیم الدین گوجر، جھولو جنگل، نینی تال (یو پی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شرعاً یہ نکاح درست ہے؛ کیونکہ وجہ حرمت نہیں پائی گئی۔

جو **وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ** . [النساء:٤ ٢] کے تحت داخل ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۱۷۵)

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ يعني ماسوى المحرمات المذكورات في الآيات السابقة. (تفسير مظهري، زكريا ديو بند٢/٦٦)

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ أي ماوراء ماحرمه الله تعالىٰ. (بدائع الصنائع، زكريا ٢/ ٥٤٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ محرم الحرام ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳/۲/۴۷)

چچا اور بھتیجی کا آپس میں نکاح

سوال [۵۴۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک صاحب کا تعلیم یافتہ بالغ لڑکا جو کہ دین سے پوری طرح واقفیت نہیں رکھتا ہے، دوسرے صاحب اس کے چچازاد بھائی ہیں، تو اس تعلیم یافتہ بالغ لڑکے کا نکاح اس کے چچازاد بھائی کی لڑکی کے ساتھ جائز ہے یا نہیں؟

آپس میں دونوں شادی کرنے کے لئے بضد ہیں، ایسی صورت میں ان دونوں کا شادی کرنا یا نکاح کرنا شریعت کی رو سے جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: ممتاز حسین، چوکی حسن خاں، انڈے والان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں ان دونوں کے درمیان شادی کرنے میں کوئی مانع شرعی نہیں ہے؛ اس لئے ان دونوں کا نکاح جائز ہے، جس طریقہ سے اس لڑکے کے لئے اپنی چچازاد بہن کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے، اسی طرح چچازاد بھائی اور چچازاد بہن کی لڑکیوں کے ساتھ نکاح کرنا بھی جائز اور درست ہے۔

حضرت علیؓ کا نکاح حقیقی تایازاد بھائی کی بیٹی کے ساتھ ہوا ہے، حضور ﷺ حضرت علیؓ کے حقیقی تایازاد بھائی ہیں، حضور ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ کے ساتھ حضرت علیؓ کا نکاح ہوا ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَاُحِلَّ لَکُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ "في تفسیر المظهري" یعني ماسویٰ المحرمات المذکورات في الآیات السابقة. (تفسیري مظهري، زکریا دیوبند ۲/ ٦٦)

وقال العلامة الآلوسيؒ: وَاُحِلَّ لَکُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ إشارة إلی ماتقدم من المحرمات أي أحل لکم نکاح ماسواهن انفراداً وجمعاً. (روح المعاني، زکریا دیوبند ٤/ ٦)

وعن عکرمةؓ قال: لما زوج رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم: علیا فاطمةؓ......وفي روایة عن عليؓ أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم لما زوج فاطمة بعث معها بخملة ووسادة أدم حشوها لیف، ورحائین، وسقاء، وجرتین. (الطبقات الکبریٰ ۸/ ۱۹، بحواله انوار نبوت ٦۸۰ تا ٦۸۲)

عن أنسؓ ولما زوج رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم علیا رضي اللّٰہ عنه فاطمة رضي اللّٰہ عنها دخل البیت. (اعلاء السنن، مکتبه عباس أحمد الباز، مکة المکرمة ۱۱/ ۱۰، ۱۱/ ٦، رقم: ۳۰۷۰) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۲۰؍ ربیع الاول ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/ ۹۹۵٦)

چچازاد بہن کی لڑکی سے نکاح

سوال [۵۴۵۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ببو اور دلشاد حسین دونوں حقیقی بھائی ہیں، ببو کا ایک لڑکا سعید احمد ہے اور دلشاد کی ایک لڑکی آل جہاں ہے اور آل جہاں کی ایک لڑکی حنا ہے، تو کیا آل جہاں کے چچازاد بھائی سعید کے ساتھ آل جہاں کی لڑکی حنا کا نکاح جائز ہوسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: حاجی دولہا خاں، پیرغیب مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سعید احمد اپنی چچازاد بہن آل جہاں کی لڑکی حنا سے نکاح کرسکتا ہے، یہ رشتہ ایسا نہیں ہے کہ جس کی وجہ سے نکاح حرام ہو۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۱/۱۶۱، جدید ڈابھیل ۱۱/۲۶۴، فتاوی دارالعلوم ۷/۳۲۲)

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء: ۲٤]

وأما عمة أمه وخالة خالة أبيه حلال كبنت عمه وعمته، وخاله وخالته. (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/ ۳۰، زكريا ٤/ ۱۰۳)

فروع أجداده وجداته لبطن واحد، فلهذا تحرم العمات، والخالات، وتحل بنات العمات، والأعمام، والخالات، والأخوال. (فتح القدير، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، دارالفكر بيروت ۳/ ۲۰۸، كوئٹه ۳/ ۱۱۷، زكريا ۳/ ۱۹۹، شامي، كراچي ۳/ ۲۸، زكريا ٤/ ۹۹) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۱۶/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۸۲۸)

چچازاد پھوپھی سے نکاح

سوال [۵۴۵۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شادی شدہ شخص جن کی اہلیہ اب بھی ان کے نکاح میں برقرار ہے، ان کی چچازاد پھوپھی ہے جو بیوہ ہے اور وہ شخص اپنی اس چچازاد پھوپھی سے شادی کرنا چاہتا ہے، ان کی اہلیہ اوران کی چچازاد پھوپھی کی بھی مرضی ہے، تو کیا ان کا اپنی چچازاد پھوپھی سے نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں تسلی بخش جواب دے کرممنون فرمائیں عین نوازش ہوگی۔

المستفتی: محمد عرفان، چاندپور، بجنور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چچازاد پھوپھی جوکہ باپ کی چچازاد بہن ہوتی ہے، اس کے ساتھ نکاح کرنا جائز اور حلال ہے؛ اس لئے کہ یہ محرمات کے دائرہ میں داخل نہیں ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ. [سورة النساء:٢٤]

وبنات الأعمام، والعمات، والأخوال، والخالات لم يذكرن في المحرمات، فكن ماورآء ذلک فكن محللات الخ (بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل في المحرمات بالقرابة، زكريا ديوبند ٢/٥٣١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/۶۱۶۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱/۴/۱۴۲۱ھ

چچازاد بھائی کے بیٹے سے نکاح

سوال [۵۴۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید عمر دو حقیقی بھائی ہیں، تو کیا زید کی لڑکی کا عقد نکاح عمر کے پوتے

کے ساتھ درست ہے؟ اگر شریعت مقدسہ کے اندر ایسا عقد کرنا درست ہے تو تشفی بخش جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: نبی الدین، امام چھوٹی مسجد قصبہ جراری، فرخ آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کی لڑکی کا عقد زید کے حقیقی بھائی عمر کے پوتے کے ساتھ کرنا شرعاً درست ہے۔

قال الله تعالیٰ: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ .[سورة النساء:٢٤]

وأما عمة أمه وخالة أبيه حلال كبنت عمه وعمته.

(درمختار مع الشامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٣٠، زكريا ٤/١٠٣)

تحرم العمات، والخالات، وتحل بنات العمات، والأعمام، والخالات، والأخوال. (فتح القدير، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، دارالفكر بيروت ٣/٢٠٨، كوئٹه ٣/١١٧، زكريا ٣/١٩٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۳ ؍ جمادی الثانیہ ۱۴۱۷ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲ ؍ ۴۹۲۰)	۱۴۱۷/۶/۳۲ھ

چچازاد بہن کی لڑکی سے نکاح

سوال [۵۴۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے چچا کی لڑکی کی لڑکی سے میرا نکاح ہونا ہے تو شرعاً نکاح کرنا جائز ہوگا؟ شرعی حکم تحریر فرمادیں۔

المستفتی: ارشاد جامع مسجد مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ کے لئے اپنی چچازاد بہن کی لڑکی سے

نکاح بلاشبہ جائز ہے؛ اس لئے کہ آیت قرآنی ''وأحل لک ماوراءذٰلکم'' میں وہ بھی شامل ہے، حضرت علیؓ حضور ﷺ کے حقیقی چچازاد بھائی تھے اور حضرت سید الکونین علیہ الصلوۃ والسلام کے والد عبداللہ بن عبدالمطلب اور آپ ﷺ کے چچا ابوطالب یہ دونوں بھائی تھے، حضرت علی ابوطالب کے بیٹے تھے اور حضور ﷺ کے چچازاد بھائی تھے، حضرت علیؓ کے لئے حضرت فاطمہؓ چچازاد بھائی کی بیٹی تھیں، ان سے حضرت علیؓ کا نکاح ہوا ہے؛ لہٰذا آپ کے لئے اپنی چچازاد بہن کی بیٹی کے ساتھ نکاح کرنا بلاشبہ جائز اور درست ہے۔ (مستفاد: محمود یہ میرٹھ ۳۷۹/۱۶)

عن عليؓ قال زوجني رسول الله صلى الله عليه وسلم ابنته فاطمةؓ الخ (مجمع الزوائد، دارالكتب العلمية بيروت ٢٨٣/٤، نسائي، كتاب النكاح، نحلة الخلوة، النسخة الهندية ٢/٧٢-٧٦، دارالسلام رقم: ٣٣٧٧، مرقاة المفاتيح، كتاب المناقب، باب مناقب عليؓ، امداديه ملتان ١١/ ٣٥٠، مشكوة المصابيح٥٦٥، مسند أبو يعلى الموصلي، دارالكتب العلمية بيروت١/ ٢٢٤، رقم: ٤٦١)

خالة أبيه حلال، كبنت عمه وعمته، وخاله وخالته. لقوله تعالىٰ: وأحل لكم ماوراء ذٰلكم. (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/ ٣٠، زكريا ٤/ ١٠٣، ١٠٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۴۶۸/۴۰)

چچازاد بھائی کی لڑکی سے نکاح

سوال [۵۴۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اپنے چچازاد بھائی کی لڑکی سے شادی ہوسکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد تسلیم، محلہ اصالت پورہ، مرادآباد، ۱۸/فروری ۱۹۸۸ء

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: چچازاد بھائی کی لڑکی سے نکاح جائز اور درست ہے، یہ اللہ کے قول ’’ **وأحل لكم ماوراء ذالكم.** [النساء:٢٤] میں داخل ہے۔

(مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۳۲۲، امداد الفتاوی ۲/۲۴۲)

عن عليؓ قال: زوجني رسول الله صلى الله عليه وسلم ابنته فاطمة.

الحديث (مجمع الزوائد، دارالكتب العلمية بيروت ٤/٢٨٣، سنن السنائي، كتاب النكاح، نحلة الخلوة، النسخة الهندية ٢/٧٦، دارالسلام رقم:٣٣٧٧، مسند أبو يعلى الموصلي، دارالكتب العلمية بيروت ١/٢٢٤، رقم: ٤٦٦١، مشكوة المصابيح ٥٦٥)

خالة أبيه حلال، كبنت عمه وعمته، وخاله وخالته. لقوله تعالىٰ: وأحل لكم ماوراء ذٰلكم. (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٣٠، زكريا ٤/١٠٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰؍ جمادی الثانیہ ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/ ۷۷۷)

عدت مکمل ہونے کے بعد چچازاد بھائی کی مطلقہ سے نکاح

سوال [۵۴۵٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ چچازاد دو بھائی ہیں، دونوں شادی شدہ ہیں، اب کسی بناء پر چھوٹے بھائی نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی، بڑا بھائی یہ سمجھ کر کہ گھر کی عزت گھر ہی میں رہ جائے، باہر نہ جائے یعنی بڑا بھائی چھوٹے بھائی کی بیوی سے شادی کر لے، تو کیا نکاح جائز ہوگا؟ امید ہے کہ حضور والا قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل ومفصل جواب واضح فرمائیں گے۔

المستفتی: شرف الدین خاں سیتا پوری، متعلم مدرسہ ہذا

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عدت گذر جانے کے بعد بڑے بھائی کے ساتھ نکاح جائز اور درست ہے یہ **وَاُحِلَّ لَکُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ.** [النساء: ٢٤] میں داخل ہے۔

(مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۱۹۲، ۲۰۶)

وَاُحِلَّ لَکُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ یعني ماسویٰ المحرمات المذکورات في الآیات السابقة. (تفسیر مظهري، زکریا دیوبند ٢/٦٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹/رجب المرجب ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/۸۱۷)

متوفی چھوٹے بھائی کی بیوی سے نکاح

سوال [۵۴۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دو بھائی ہیں چھوٹے بھائی کا انتقال ہوگیا ہے دو بچے چھوڑ کر گئے ہیں، بڑے بھائی کی بیوی کا انتقال ہوگیا ہے، ان کے بڑے بھائی کے ساتھ اس چھوٹے بھائی کی بیوی کا نکاح ہوسکتا ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جی ہاں! چھوٹے بھائی کے انتقال کے بعد اس کی بیوہ کے ساتھ بڑے بھائی کا نکاح شرعی طور پر جائز اور درست ہے؛ کیونکہ **وَاُحِلَّ لَکُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ .** [النساء الآیة: ٢٤] میں داخل ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/شوال المکرم ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/۵۴۵۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۱/۱۰/۱۴۱۸ھ

بھائی کے انتقال کے بعد بھابھی سے نکاح

سوال [۵۴۵۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کے ۷؍ بچے جوان اور چار بچے نابالغ ہیں، زید کا انتقال ہوگیا۔ اب دیگر رشتہ دار یہ چاہتے ہیں کہ بکر ان سب کی ذمہ داری قبول کرلے سب رشتہ دار اس کے لئے مصر ہیں، تو کیا یہ مناسب ہے کہ بکر اپنے مرحوم بھائی زید کی بیوہ سے شادی کرلے اور ان سب بچوں کی ذمہ داری اٹھائے؟ براہ کرم اس مسئلہ میں حکم شرعی واضح فرمائیں؟

المستفتی: محمد آصف بھٹی محلہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جی ہاں! بکر کے لئے یہ جائز ہے کہ مرحوم بھائی کی بیوہ سے عدت گذرنے کے بعد نکاح کرکے بچوں کو اپنی کفالت میں لے لے شرعی طور پر یہ بہت اچھا عمل ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷؍۱۹۲، فتاوی محمودیہ جدید ۱۱؍۲۶۴، قدیم ۷؍۳۷۹)

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء: ٢٤]

أي ماعدا من ذكر من المحارم هن لكم حلال. (تفسيرابن كثير ١/ ٤٧٤)

وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ يعني ماسوى المحرمات المذكورات في الآيات السابقة. (تفسيري مظهري، زكريا ديوبند ٢/ ٦٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۵؍ ربیع الاول ۱۴۱۷ھ	احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲؍ ۴۷۳۷)	۱۴۱۷/۳/۲۵ھ

اپنے بھائی کے سالے کی لڑکی سے نکاح

سوال [۵۴۵۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ زید کا بھائی اپنے بھائی کے سالے کی لڑکی سے نکاح کرسکتا ہے یا نہیں؟ اور زید خود بھی سالے کی لڑکی سے نکاح کرسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالرحمٰن، کاشی پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بھائی کے سالے کی لڑکی شرعاً غیر محرم لڑکی ہے اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ”وَاُحِلَّ لَکُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ . [سورۃ النساء: ۲۴] کے دائرہ میں داخل ہونے کی وجہ سے اس کے ساتھ نکاح کرنا بلاتردد جائز اور درست ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹/ ذی الحجہ ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۵۳۳/۳۳)

بیٹے کا نکاح سالی سے کرنا

سوال [۵۴۶۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے خالدہ سے نکاح کیا اس سے ایک لڑکا عمر پیدا ہوا، پھر خالدہ کا انتقال ہوگیا، اس کے بعد زید نے دوسرا نکاح ایک اجنبیہ (رشیدہ) سے کیا، رشیدہ کی ایک بہن حمیدہ ہے تحقیق طلب مسئلہ یہ ہے کہ حمیدہ کا نکاح زید کے لڑکے عمر سے جائز ہے یا نہیں؟

(۲) اگر نکاح جائز ہے تو زید اپنی بہو (سالی حمیدہ) سے پردہ کرے گا یا نہیں؟

المستفتی: محمد نعیم اختر اعظمی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کا لڑکا جو خالدہ کے بطن سے پیدا ہوا ہے، اس کے ساتھ حمیدہ کا کسی قسم کا رشتہ محرم ہونے کا نہیں ہے؛ اس لئے عمر کا نکاح رشیدہ کی بہن حمیدہ کے ساتھ شرعی طور پر جائز اور درست ہوجائے گا اور حمیدہ جب زید کے بیٹے عمر کی بیوی ہوجائے گی، تو زید کے لئے حمیدہ بجائے سالی کے بیٹی بن جائے گی۔ اب اس کے ساتھ کوئی پردہ لازم نہ ہوگا؛ کیونکہ زید کی محرم بن چکی ہے۔

وحرم زوجة أصله، وفرعه و في الشامية: وَلا تَنكِحُوا مَا نَكَحَ اٰبَاؤُكُمْ. وقوله تعالىٰ: وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ. الآية. (شامي، كراچي ۳/ ۳۱، زكريا ٤/ ١٠٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳ ؍محرم الحرام ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۶۰۴/۳۲)

چچازاد ماموں سے نکاح کرنے کا حکم

سوال [۵۴۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہمارے سر جمیل حسن پانچ بھائی ہیں، پانچویں بھائی اشرف حسین ہیں، اشرف حسین کے لڑکے ناصر حسین سے میری لڑکی شرینہ پروین کا نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟ ناصر حسین ہمارے سر کا بھتیجہ ہوتا ہے اور میری لڑکی کا چچازاد ماموں ہوتا ہے، تو کیا اس لڑکے سے نکاح کی گنجائش ہے؟

المستفتی: محمد عثمان، مغلپورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال کا حاصل یہ ہے کہ لڑکی کی ماں کے حقیقی چچازاد بھائی کے ساتھ لڑکی کا نکاح جائز ہے یا نہیں؟ تو حکم شرعی یہی ہے کہ ماں کے چچازاد بھائی کی لڑکی کے ساتھ اس کا نکاح جائز ہے، عوام کے عرف میں اس شخص کو چچازاد ماموں کہتے ہیں، یہ ایسا ہے جیسا کہ حضرت فاطمہ کا نکاح حضور ﷺ کے چچا کے لڑکے حضرت علیؓ سے ہوا تھا۔

قال الله تعالىٰ: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ. [سورة النساء: ٢٤]

أي ماعدا من ذكر من المحارم هن لكم حلال. (تفسيرابن كثير ١/ ٤٧٤)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳ ؍صفر المظفر ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۲۷۷/۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۲/۱۳ھ

سگے ماموں کی نواسی سے نکاح

سوال [۵۴۶۲]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے سگے ماموں ہیں، ان کی لڑکی کی لڑکی سے کیا میں شادی کرسکتا ہوں؛ جبکہ مطلوبہ لڑکی کا سگا ماموں میرا دودھ شریک بھائی ہے، لڑکی کے سگے ماموں نے میری ماں سے دودھ پیا ہے؛ لیکن میں نے نہ لڑکی کی ماں سے دودھ پیا ہے، نہ اس کی دادی، نانی سے، تو ایسی صورت میں میرا نکاح لڑکی سے صحیح ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: احساس احمد کانٹھ کی پلیہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ اپنے سگے ماموں کی نواسی کے ساتھ شرعی طور پر نکاح کرسکتے ہیں اور لڑکی کے ماموں نے اگر آپ کی ماں سے دودھ پیا ہے تو اس کے لئے آپ کی بہنوں سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے اور آپ کے لئے اس کی بہن اور اس کی بھانجی وغیرہ کے ساتھ نکاح کرنا جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ آپ اس کے خاندان میں داخل ہوچکے ہیں۔

إذا نسب الحل لها بأن يقال يحل لها أبو أخيها، وأخو ابنها، وجد ابنها، وأبو عمها، وأبو خالها، وخال ولدها، وابن خالة ولدها (إلى قوله) لأنهما لايحرمان الخ (شامي، كتاب النكاح، باب الرضاع، كراچي ۳/۲۱٦، زكريا ديو بند ٤/٤٠٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/ شعبان المعظم ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۳۰۳/۳۴)

دو سگی بہنوں کی اولادوں کے آپس میں نکاح کا شرعی حکم

سوال [۵۴۶۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دو حقیقی بہنوں کی اولادوں کے درمیان نکاح شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ مثلاً روشن جہاں کا لڑکا ہے اور خورشیدہ کی نواسی ہے، تو ان دونوں کے درمیان نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟ کیا صحابہ میں اس طرح نکاح ہوا ہے؟

المستفتی: نقی انور، کاشی پور، نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دو سگی بہنوں کی اولاد کے درمیان نکاح جائز ہے، ایک کا بیٹا دوسری کی بیٹی کے درمیان، اسی طرح بھائی اور بہن کی اولاد کے درمیان ایک کا بیٹا اور دوسری کی بیٹی کے درمیان، اسی طرح دو حقیقی بھائیوں کی اولاد کے درمیان ایک کا بیٹا، دوسرے کی بیٹی کے درمیان جائز ہے، اور اس طرح حضور ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں نکاح ہوچکا ہے۔

حضور ﷺ کا نکاح اپنی حقیقی پھوپھی زاد بہن کے ساتھ ہوا ہے، حضرت عاتکہ بنت عبدالمطلب کی بیٹی ام سلمہ بنت ابی امیہ کا نکاح حضور ﷺ کے ساتھ ہوا اور امیمہ بنت عبد المطلب کی بیٹی ام سلمہ بنت ابی امیہ کا نکاح حضور ﷺ کے ساتھ ہوا ہے، ان کا نکاح آسمانوں میں ہوا ہے، قرآن کریم میں اس کا ذکر موجود ہے، اسی طرح حقیقی چچازاد بھائی کی بیٹی کے ساتھ نکاح جائز ہے، جیسا کہ حضور ﷺ اور حضرت علیؓ آپس میں حقیقی چچازاد اور تایازاد بھائی ہیں، حضور ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہؓ کا نکاح اپنے حقیقی چچازاد بھائی حضرت علی سے کیا، اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی بیٹی حضرت ام کلثوم بنت علی کا نکاح حضرت عمر کے ساتھ کیا تھا اور حضرت عمر کی شہادت کے بعد اپنے حقیقی بھتیجے عوف بن جعفر بن ابی طالب کے ساتھ کیا ہے اور اپنی دوسری بیٹی حضرت زینب بنت علی بن ابی طالب کا نکاح حضرت عبداللہ بن جعفر کے

ساتھ کیا، اسی طرح حضرت حسن بن حسین بن علی کا نکاح حضرت محمد بن علی کی بیٹی اور حضرت عمر بن حسین بن علی کا نکاح حضرت محمد بن علی کی بیٹی اور حضرت عمر بن علی کی بیٹی کے ساتھ کردیا، اسی طرح حضرت اروی بنت المقوم بن عبد المطلب الہاشمیہ کا نکاح ابوسفیان بن الحارث بن عبد المطلب کے ساتھ کیا......دونوں آپس میں چچازاد بھائی بہن ہیں؛ چنانچہ صحابہ کرامؓ میں اس طرح کے نکاح بکثرت پیش آئے ہیں اور اس طرح کے نکاح کو ناجائز سمجھنا غیر مسلموں اور ہندوانہ عقیدہ ہے۔

(۱) أم سلمة أم المؤمنين بنت أبي أمية فكانت قبل رسول الله صلى الله عليه وسلم تحت أبي سلمة فلما مات أبو سلمة سنة أربع وقيل سنة ثلث تزوجها رسول الله صلى الله عليه وسلم، في ليال بقين من شوال: (الاكمال في اسماء الرجل ص:٥٩٩)

(۲) زينب بنت جحش زوج النبي صلى الله عليه وسلم أخت عبد الله بن جحش وهي أسدية من أسد بن خزيمة وأمها أميمة بنت عبد المطلب عمة النبي صلى الله عليه وسلم، عن أنس بن مالكؓ، قال كانت زينب بنت جحش تفخر على نساء النبي صلى الله عليه وسلم وتقول: زوجني الله من السماء وأولم عليها رسول الله صلى الله عليه وسلم بخبز ولحم. (أسد الغابة٦/١٢٥-١٢٦)

أروى بنت المقوم بن عبد المطلب الهاشميه ابنة عم رسول الله صلى الله عليه وسلم كانت زوج ابن عمها أبي سفيان بن الحارث بن عبد المطلب الهاشمية سبطة رسول الله صلى الله عليه وسلم أمها فاطمة الزهراء. قال ابن الأثير: أنها ولدت في حياة النبي صلى الله عليه وسلم، وكانت عاقلة لبيبة جزلة زوجها أبوها ابن أخيه عبد الله بن جعفر. (الاصابه في تمييز الصحابة، دار المعرفة بيروت٤/٢٥٢٦، رقم:١١٢٥٨)

أم كلثوم بنت علي بن أبي طالب الهاشمية......ذكر أبو بشر الدولابي في الذرّية الطاهرة من طريق إلي اسحاق عن الحسن بن الحسن بن عليؓ قال: لما أيّمت أم كلثوم بنت علي عن عمر......فتزوجها عوف بن جعفر بن أبي طالب. (الاصابة دار المعرفة ٤/٢٧٤٦، رقم: ١٢٢٢٩)

عبد الرزاق عن ابن جريج قال أخبرني عمر بن دينار أن حسن بن محمدا أخبره أن حسن بن حسين بن علي نكح في ليلة واحدة بنت محمد بن علي وابنة عمر بن علي بن أبي طالب فجمع ابنتي عم وأن محمد بن علي قال: هو أحب إلينا الخ. (المصنف لعبد الرزاق المجلس العلمي ٦/٢٦٤، رقم: ١٠٧٧٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۱؍ جمادی الثانیہ ۱۴۳۶ھ	احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۲۰۸۴/۴۱)	۱۴۳۶/۶/۱۱ھ

بھائی کی اولاد سے اپنی اولاد کا نکاح

سوال [۵۴۶۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرا نکاح زینب سے ۲۵؍ سال قبل ہوا تھا، اس کے بطن سے دولڑکے حسن، حسین اور ایک لڑکی فاطمہ ہے، دوسال قبل اپنے بھائی کے انتقال کے بعد میں نے بھائی کی بیوی زاہدہ سے عدت کے بعد نکاح کیا، اس مرحوم بھائی کی بیوی زاہدہ کے بطن سے ان کی تین اولاد، ساجدہ، عائشہ اور خالد ہیں۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا میری پہلی بیوی زینب سے جو اولاد ہیں (حسن، حسین اور فاطمہ ان کا نکاح بھائی کی اولاد جو زاہدہ کے بطن سے ہیں ساجدہ عائشہ اور خالد) سے کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ کیا میرے بھائی کی بیوی زاہدہ سے نکاح کرنے کی وجہ سے

پہلی بیوی زینب کی اولاد اور بھائی کی اولاد میں حرمت آئے گی؟

المستفتی: اسرار اللہ حسینی، حیدرآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بھائی کی اولادیں جوزاہدہ کے بطن سے پیدا ہوئی ہیں ان کا نکاح آپ کی ان اولاد کے ساتھ جائز اور درست ہے جو اولاد آپ کی بیوی زینب کے بطن سے پیدا ہوئی ہے، اور بھائی کے انتقال کے بعد زاہدہ کے ساتھ آپ کے نکاح کر لینے کی وجہ سے ان بچوں کے درمیان حرمت نہیں آئی ہے؛ بلکہ ان کے درمیان جواز نکاح کا سلسلہ بدستور باقی رہے گا، ہاں البتہ زاہدہ کے بطن سے جو اولاد آپ کی پیدا ہوگی، ان میں حرمت کا سلسلہ جاری ہو جائے گا۔

وأما بنت زوجة أبيه، أو ابنه فحلال، وكذا بنت ابنها قال الخير الرملي: و لاتحرم بنت زوج الأم وأمه و لاأم زوجة الأب، ولا بنتها ولا أم زوجة الابن و لابنتها ولازوجة الربيب ولا زوجة الراب. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/ ۳۱، زكريا ۴/ ۱۰۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍شعبان المعظم ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹؍ ۱۰۷۶۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۵؍۸؍۱۴۳۳ھ

ایک بھائی کے لڑکے کا دوسرے بھائی کی پوتی سے نکاح

سوال [۵۴۶۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اور خالد ایک باپ اور دو ماں سے ہیں، زید کی پوتی اور خالد کے لڑکے میں آیا ان دونوں کا نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟ جو رشتہ میں چچا اور بھتیجی ہوتے ہیں۔

المستفتی: مامون رشید

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مذکورہ میں ان دونوں کے درمیان عقد نکاح شرعاً صحیح ہوجائے گا۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء: ٢٤]

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ يعني ماسوىٰ المحرمات المذكورات في الآيات السابقة. (تفسيري مظهري، زكريا ديوبند ٢/ ٦٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ ؍ رمضان المبارک ۱۴۰۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳ ؍ ۲۴۴)

سوتیلے بھائیوں کی اولاد کا باہم نکاح

سوال [۵۴۶۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ گل بہار کے چار بیوی ہیں، پہلی بیوی حیرامن اور آخری بیوی سکینہ ہے اور درمیان کی دو بیوی کے نام معلوم نہیں۔ اب صورت مسئلہ یہ ہے کہ حیرامن کا بیٹا اکبر اور سکینہ کا بیٹا محی الدین ہے، یہ دونوں آپس میں سوتیلے بھائی ہیں، اب اکبر کے بیٹے بر جہاں ہیں اور بر جہاں کے بیٹے اسلم ہیں اور محی الدین کی بیٹی رخسانہ ہے، ان دونوں یعنی اسلم اور رخسانہ کا آپس میں نکاح کرنا کیسا ہے؟ جبکہ ان دونوں کا رشتہ پھوپھی اور بھتیجہ کا ہے؟

المستفتی: محمد شمس الدین، کلکتہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں اکبر اور محی الدین آپس میں سوتیلے ...... بھائی ہیں؛ لہٰذا محی الدین کی بیٹی رخسانہ کا نکاح اکبر کے بیٹے بر جہاں کے ساتھ بھی جائز ہے اور اکبر کے پوتے اسلم کے ساتھ بھی جائز ہے، ان کے درمیان کوئی وجہ حرمت نہیں ہے۔

وأما عمة عمة أمه، وخالة خالة أبيه حلال كبنت عمه وعمته وخاله وخالته الخ. (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣١/٣، زكريا ١٠٣/٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
ا رمحرم الحرام ۱۴۳۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۷۳۴/۳۸)

بھانجی کے لڑکے سے نکاح

سوال [۵۴۶۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اپنی لڑکی کی شادی بھانجی کے لڑکے کے ساتھ کرنا چاہتا ہے، تو نکاح درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالصمد، بلاسپور گیٹ، رامپور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جی ہاں زید کا اپنی لڑکی کی شادی بھانجی کے لڑکے کے ساتھ کرنا اللہ تعالی کے قول:

وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ. [سورة النساء: ٢٤]

کے تحت داخل ہونے کی وجہ سے جائز اور درست ہوگا۔

وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ أي ما ورآء ماحرمه الله تعالىٰ. (بدائع الصنائع، زكريا ٥٤٠/٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲ ررمضان المبارک ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵۷۹/۳۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۹/۲ھ

پھوپھی زاد بہن کی لڑکی سے نکاح

سوال[۵۴۶۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی پھوپھی زاد بہن کی لڑکی ہے یعنی بھانجی ہے، کیا اس سے نکاح جائز ہے یا نہیں؟ مدلل ومفصل جواب سے نوازیں۔

المستفتی: شکیل احمد، محلّہ مقبرہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کے لئے پھوپھی زاد بہن کی لڑکی کے ساتھ نکاح شرعاً جائز اور درست ہے کہ جس طرح پھوپھی زاد بہن کے ساتھ جائز ہے، اسی طرح اس کی لڑکی کے ساتھ بھی جائز ہے، اس میں کوئی حرمت کی علت نہیں ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد **واحل لکم ماورآء ذٰلکم**. [سورۃ النساء:۲٤] کے اندر داخل ہے۔

وأحل لکم ماورآء ذلکم أي ماعدا من ذکرنا من المحارم هن لکم حلال.
(تفسیر ابن کثیر ۱/ ٤٧٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍محرم الحرام ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷

متوفی بیوی کی بھانجی سے نکاح

سوال [۵۴۶۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مقبول احمد کی بیوی کا انتقال ہوگیا، بیوی کی بھانجی ہے، سسرال والے اس کے ساتھ مقبول احمد کی شادی کرر ہے ہیں، کیا یہ شادی درست ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب بیوی کا انتقال ہو چکا ہے، تو بیوی کے انتقال کے بعد بیوی کی بھانجی کے ساتھ شادی کرنا مقبول احمد کے لئے جائز اور درست ہے۔

کما استفید من عبارة الشامي: ماتت امرأته له التزوج بأختها بعد يوم من موتها. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/۲۸، زكريا ٤/١١٦)

ألا ترى أنها إذا ماتت فله أن يتزوج بأختها بدون انتظار. (الفقه على المذاهب الأربعة، دارالفكر بيروت ٤/٥١٤)

وليس للرجل أن يغسل أحداً من النساء وإن كانت امرأته؛ لأن بموتها انقطعت الزوجية؛ ولهٰذا حل له التزوج بأختها، وأربع سواها من ساعته. (حاشية چلپي على التبيين، باب الجنائز، امداديه ملتان ١/٢٣٥، زكريا ١/٥٦٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍ذی الحجہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۲۶۹/۳۲)

سمدھن کے ساتھ نکاح

سوال [۵۴۷۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد زاہد نے اپنے لڑکے خالد کا نکاح ریحانہ کی بیٹی فرزانہ سے کیا، ریحانہ بیوہ ہے، محمد زاہد اپنے بیٹے کی بیوی کی ماں ریحانہ سے نکاح کرنا چاہتا ہے، تو کیا ان دونوں کے درمیان یہ نکاح درست ہے؟

المستفتی: فہیم الدین، برولان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اپنے لڑکے کی بیوی کی ماں (سمدھن) کے ساتھ نکاح کرنا شرعاً جائز ہے۔

قال اللّٰه تعالیٰ: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ . [سورة النساء: ٢٤]

ولاتحرم أم زوجة الابن. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٣١، زكريا ٤/١٠٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍ ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵؍۱۹۲۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۶؍۴؍۱۴۲۲ھ

داماد کی والدہ سے نکاح

سوال [۵۴۷۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اپنی لڑکی کا نکاح ایسے لڑکے سے کرتا ہے، جس کی والدہ بیوہ ہیں اور کچھ زمانہ گذرنے کے بعد زید اپنے داماد کی بیوہ والدہ سے نکاح کر کے اپنے گھر لے آتا ہے، تو کیا زید کا یہ عمل درست ہے؟

المستفتی: فہیم احمد، برولان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اپنی لڑکی کی ساس جو کہ داماد کی والدہ ہے (سمدھن) اس کے ساتھ نکاح کرنا شرعاً جائز ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم دیوبند ۷؍۳۰۳)

أما بنت زوجة أبيه، أو ابنه فحلال. (در مختار على الشامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٣١، زكريا ٤/١٠٥)

لابأس بأن يتزوج الرجل المرأة، ويتزوج ابنه ابنتها، أو أمها. (هندية، زكريا ١/٢٧٧، زكريا جديد ١/٣٤٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍ ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵؍۱۹۱۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۶؍۴؍۱۴۲۲ھ

استاذ کی بیوی سے نکاح

سوال [۵۴۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ استاذ کی بیوی سے جبکہ بیوہ ہوچکی ہو اور اس کے بچے بھی ہوں اور شاگرد کا پہلے سے اس سے کوئی رشتہ بھی نہیں ہے، تو استاذ کی بیوہ بیوی سے نکاح کرنا شرعاً کیسا ہے؟ شرعی حکم تحریر فرمائیں۔

المستفتی: دلشاد، محلّہ انو پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: استاذ کی بیوہ سے پہلے سے اگر کوئی خونی رشتہ نہیں ہے، تو بلاتردد اس کے ساتھ شاگرد کے لئے نکاح کرنا جائز ہے، اس میں کسی قسم کی قباحت نہیں ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ. [سورة النساء:٢٤]

فكن وماوراء ذلک فكن محللات. (بدائع زکریا ٢/٥٣١)

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ يعني ماسوىٰ المحرمات المذكورات في الآيات السابقة. (تفسيري مظهري، زكريا ديوبند ٢/٦٦)

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ أي ماعدا من ذكرنا من المحارم هن لكم حلال. (تفسير ابن كثير ١/٤٧٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/۶۵۷۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۷/۴/۱۴۲۱ھ

غیر مختون سے نکاح

سوال [۵۴۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ

ذیل کے بارے میں: کہ زید کی بارات آئی اوراس وقت معلوم ہوا کہ ابھی تو زید کا ختنہ بھی نہیں ہوا، نکاح ہوگیا، تو یہ نکاح کیسا ہوا؟ اوراس کے لئے نکاح کے بعد میں کیا شکل ہونی چاہئے آیا ختنہ دوبارہ ہوگا؟

المستفتی: محمد عمیم لکھیم پوری، مدرسہ اسلامیہ قصبہ، ککرالہ، بدایوں

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: غیر مختون آدمی کا نکاح بلاکراہت صحیح اوردرست ہے؛ لہٰذا جونکاح ہوا ہے، وہ بلاتردد صحیح ہوگیا ہے، اس پر کسی کواعتراض کا حق نہیں ہے اورنکاح کے بعداس کادوبارہ ختنہ کرانالازم نہیں ہے، دل چاہے تو کرالے، ورنہ لازم نہیں ہے؛ البتہ بچپن میں نہ کرنے کی وجہ سے وہ ایک اہم سنت سے محروم ہوگیا ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۲۹۴/۲، جدید زکریا دیوبند ۲۴/۲، فتاوی محمودیہ قدیم ۲۰۴/۱۳، جدید ڈابھیل ۵۰۲/۱۰)

عن أبي هريرةؓ قال: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: الفطرة خمس: الختان، والاستحداد، وقص الشارب، وتقليم الأظفار، ونتف الإبط.

(صحيح البخاري، كتاب اللباس، باب تقليم الاظفار ٨٧٥/٢، رقم: ٥٦٢٢، ف: ٥٨٩٠)

قيل في ختان الكبير إذا أمكن أن يختن نفسه فعل وإلا لم يفعل إلا أن يمكنه أن يتزوج أو يشتري ختانة فتختنه. (هندية، كتاب الكراهيته، باب التاسع عشر في الختان، زكريا ديوبند ٣٥٧/٥، زكريا جديد ٤١٢/٥)

إن الاختتان ليس بضرورة يمكن أن يتزوج امرأة، أو يشتري أمة تختنه، إن لم يمكنه أن يختن نفسه–لأن الختان سنة للرجال من جملة الفطرة لايمكن تركها. (شامي، كراچي ٣٧١/٦، زكريا ٥٣٣/٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹/ربیع الاول ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۳۷۰/۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۳/۹ھ

اجنبیہ کو بہن کہنے کے بعد اسی سے نکاح

سوال [۵۴۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکا جس نے ایک لڑکی کو بہن کہا اور کہا بھائی بھی میں ہوں اور باپ بھی میں ہوں اور اس کے بعد نکاح کرلیا ہے، تو کیا یہ نکاح ٹھیک ہے؟

المستفتی: نعیم احمد کمبل کا تعزیہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: نکاح سے قبل اجنبیہ لڑکی کو بہن کہنے سے وہ حقیقی بہن کے حکم میں نہیں ہوتی، اسی طرح اجنبی مرد کو بھائی یا باپ کہنے سے کوئی اثر نہیں پڑتا، اس طرح کہنے کی وجہ سے وہ لڑکی نکاح سے مانع نہیں ہوئی؛ لہٰذا اس لڑکے کے ساتھ جو نکاح ہوا ہے، وہ شرعاً جائز اور درست ہے، یہ لڑکی اللہ تعالیٰ کے ارشاد: **وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ**. [النساء: ٢٤] کے اندر داخل ہوکر اس کے ساتھ حلال ہے۔

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ يعني ماسوىٰ المحرمات المذكورات في الآيات السابقة. (تفسيري مظهري، زكريا ديوبند ٢/ ٦٦)

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ أي ماعدا من ذكرنا من المحارم هن لكم حلال. (تفسير ابن كثير ١/ ٤٧٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ / جمادی الاولیٰ ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/ ۵۳۰۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۵/۲۹ھ

کسی کو سگی بہن یا بھانجہ کہنے کے بعد اس سے نکاح

سوال [۵۴۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ زید نے اپنی زوجۂ ثانی کے بھائی یعنی اپنے سالے اور اپنی زوجۂ اول کے بطن سے تولد اپنی بیٹی کے درمیان غلط آشنائی دیکھ کر ایک موقع پر جہاں زوجۂ ثانی کے اعزہ و دیگر افراد کثیر تعداد میں موجود تھے غلط معاملات کو ختم کرنے کی غرض سے اپنے سالے سے اپنی بیٹی کا نام واضح طور پر کہلوا کر سب کے سامنے یہ کہلوایا کہ وہ میرے لئے مثل سگی بھانجی کے ہے اور جس طرح میری سگی بہن مجھ پر حرام ہیں، اسی طرح (پھر نام لے کر) وہ بھی مجھ پر حرام ہے۔

واقعہ مندرجہ بالا کے بعد مذکورہ دونوں نے راہ فرار اختیار کر کے کہیں جا کر نکاح کر لیا، جس میں مذکورہ بیٹی کا والد یا اس کی جانب سے کوئی ولی مقرر نہیں تھا، والد نے صرف سنا کہ انہوں نے نکاح کر لیا ہے، والد نے اپنی بیٹی و اپنے مذکورہ سالے سے قطع تعلق کر لیا، مدت طویل گذر گئی کبھی والد اس پر رضا مند نہیں ہوا کہ تعلقات بحال کر لے، اب بھی زید پر اس کی زوجۂ ثانی کے اعزہ کی جانب سے کافی دباؤ ہے کہ وہ تعلقات بحال کر لیں؛ لیکن زید یہ سمجھتا ہے کہ وہ نکاح ہی درست نہیں ہوا اور کسی طرح بھی تعلقات بحال کرنے پر رضا مند نہیں ہے۔ مذکورہ حالات کی نوعیت پر حکم شرعی کیا ہے وضاحت فرمائیں؟

المستفتی: ذبیح الرحمٰن، چاندپوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: آپس میں نکاح سے پہلے کسی غیر محرم کو سگی بھانجی یا سگی بہن کی طرح کہنے سے وہ نہ ہی سگی بھانجی کے حکم میں ہوئی ہے اور نہ ہی سگی بہن کے حکم میں ہوتی ہے، اس کے ساتھ شرعی طور پر نکاح کرنا بلا شبہ جائز ہے اور لڑکی کے باپ کی دوسری بیوی کا جو بھائی ہے، وہ لڑکی کا حقیقی ماموں نہیں ہوتا ہے، اس کے ساتھ بلا تردد نکاح جائز ہو جاتا ہے، حتی کہ باپ کی دوسری بیوی کے بطن سے پیدا شدہ لڑکا جو اس بیوی کے دوسرے شوہر سے پیدا ہوا ہے، اس کے ساتھ بھی نکاح جائز ہو جاتا ہے، اگر دونوں کے درمیان شریعت کے ضابطہ کے مطابق گواہوں کے روبرو نکاح ہوا ہے، تو اس نکاح کے صحیح ہونے میں کوئی شک وشبہ باقی نہیں۔

لہٰذا زید کا اس نکاح کو باطل سمجھ کر قطع تعلق کرنا درست نہیں ہے، ہاں البتہ اگر مہر مثل سے کم مہر باندھا ہو تو زید کو اعتراض کا حق ہے۔

وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآئَكُمْ اَبْنَآئَكُمْ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ . [احزاب:٤]

أما بنت زوجة أبيه، فحلال، وكذا بنت ابنها بحر. (در مختار مع الشامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/ ٣١، زكريا ٤/ ١٠٥)

وإذا تزوجت المرأة ونقصت عن مهر مثلها فللأولياء الاعتراض عليها عند أبي حنيفة حتى يتم لها مهر مثلها، أو يفارقها. (هداية، اشرفي ديوبند ٢/ ٣٤٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ر ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۹۱۰/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۱۲/۲۹ھ

سوتیلی سالی سے نکاح

سوال [۵۴۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری شادی کے بعد میری بیوی کے دو اولاد پیدا ہوئیں، اس کے بعد ایک مہلک مرض میں مبتلا ہوگئی، میں نے اپنی بیوی کا علاج بڑے ماہر ڈاکٹروں سے کرایا، مگر سب ڈاکٹروں نے ایک ہی فیصلہ دیا کہ یہ مرض کبھی اچھا نہیں ہوگا، نہ ہی یہ بھاری کام کاج کر سکتی ہے؛ بلکہ بیوی اجسامی حقوق سے بھی ہمیشہ کے لئے بیکار ہوگئی، اگر کبھی اجسامی رابطہ قائم کیا گیا تو بھاری نقصان ہوگا؛ لہٰذا اس کا بیوی رہنا یا نہ رہنا دونوں برابر ہے، آخر کار مجبوراً ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ دوبارہ شادی کے علاوہ دوسرا کوئی راستہ نہیں ہے، تو ہم نے بستی کے معزز لوگوں سے مشورہ کیا کہ جو سوتیلی سالی ہے، اسی سے نکاح کیا جائے۔

(۲) آخر کار بستی والوں کی مدد سے میرا نکاح ہوگیا، نکاح کے چار مہینے کے بعد

اچانک گاؤں والوں نے جو سوتیلی سالی سے نکاح کرایا تھا، اس کے بارے میں یہ کہا کہ یہ نکاح درست نہیں ہوا؛ کیونکہ ایک ساتھ دو بہنوں کا رکھنا درست نہیں ہے، تب ہم نے علاقے کے اچھے آدمیوں سے ملنا شروع کیا اور دونوں بیویوں کی پوری حقیقت سنائی، ان لوگوں نے بھی یہی رائے دی کہ بستی والوں نے جو کہا ہے ٹھیک ہی کہا ہے، انہوں نے کہا کہ جو پہلی بیوی ہر طرح سے بیکار ہے، اس کو تم طلاق دیدو، تو ہم نے گھر میں آکر مشورہ کیا اور پہلی بیوی کو طلاق دیدی، خسر کو بھی بتادیا کہ ہم نے آپ کی بڑی بیٹی کو طلاق دیدی ہے؛ اس لئے کے پانچ مہینے کے بعد پھر پتہ چلا کہ سوتیلی سالی سے دوبارہ نکاح کرنا ہوگا، تبھی نکاح جائز ہوگا، اس کے بعد ہم لوگ بکھڑا مدرسہ میں پہونچے اور مفتی صاحب سے دونوں بیویوں کا پورا قصہ سنایا تب مفتی صاحب نے پوچھا کہ آپ نے دل سے نیت کر کے زبان سے طلاق دی ہے، تو ہم نے کہا کہ ہم کئی مرتبہ طلاق دے چکے ہیں، تو مفتی صاحب نے کہا کہ طلاق دیدی طلاق دینے کا عرصہ بہت لمبا ہوگیا ہے اور عدت بھی پار ہوگئی ہے؛ لہٰذا دوبارہ پوری مجلس میں طلاق دینا ہوگا اور بات کو ظاہر کردینا ہوگا اور سالی سے دوبارہ نکاح پڑھوانا ہوگا، تو لوگوں نے یہ کہا کہ آپ گاؤں آکر طلاق بھی دلوادیجئے اور نکاح بھی پڑھوادیجئے، تو مفتی صاحب اس بات پر راضی ہوگئے، ایک دن آکر مفتی صاحب نے حدیث کے مطابق طلاق دلوا کر دوبارہ نکاح پڑھوادیا، پھر ہم نے مفتی صاحب سے کہا جس کو ہم نے طلاق دی وہ تو مرض میں مبتلا ہے اور ہم نے مجبوری کی وجہ سے اس کو طلاق بھی دی ہے، ایسے حالات میں وہ کہیں دوسری جگہ نکاح کے لائق بھی نہیں ہے، تو وہ میرے بچوں کے ساتھ گھر پر رہے، یا میکہ میں رہے کوئی فرق نہیں پڑتا دونوں برابر ہے، اگر میکے میں رہے تو پھر بھی ہم وقتاً فوقتاً سسرال جائیں گے، تو کیا ہم اس کے ساتھ کبھی بھی کھانا پینا کر سکتے ہیں یا تھوڑی بہت بات چیت بھی کر سکتے ہیں یا علاج وغیرہ کرا سکتے ہیں یا نہیں؟ تو مفتی صاحب نے گاؤں والوں سے جانچ پڑتال کر کے کہا کہ آپ کو پردہ کرنا لازم ہوگا اور خاص طور پر آپ کے یہاں رہنے سے تو بعینہ سگی بہن کی طرح آپ کو باعزت رکھنا ہوگا، تب آپ ان کے ساتھ وقتاً فوقتاً کھانا پینا بات چیت کرنا یا علاج وغیرہ

کرا سکتے ہیں، یہ بات مفتی صاحب نے پوری مجلس کے سامنے کہہ سنائی، مفتی صاحب کی بات لوگوں نے مان لی، کچھ دن کے بعد ۱۹۸۵ء میں ایک جلسہ ہوا، جس میں دو عالم اور بستی کے معزز حضرات شریک جلسہ ہوئے اور رانی پور کے ماسٹر صاحب وغیرہ نے شرکت کی جلسہ تمام ہوجانے پر ہم لوگ سب نے مل کر کے یہی فیصلہ جو مفتی صاحب نے میرے حق میں دیا تھا اس کا ذکر کیا، ساتھ ہی پھلواری شریف پٹنہ بہار اڑیسہ کا ایک فتویٰ بھی دکھایا گیا، جس میں مفتی محمد ہارون صاحب قاسمی کا فیصلہ کافی تائید کیا ہوا تھا برحق قرار دیا اور مجلس کے سامنے اس الجھن کو رفع دفع کر دیا، اس واقعہ کے بعد ہم آج دس سال سے آرام سے زندگی گذار رہے تھے، اس درمیان جو ہم نے سوتیلی سالی سے نکاح کیا تھا، اس کے بطن سے تین لڑکی بھی پیدا ہوگئیں ہیں اور جس کو ہم نے طلاق دی تھی، فی الحال اس کی حالت پہلے سے اور بدتر ہے، اس کے لڑکے کی عمر بھی اکیس سال ہوچکی ہے، اس بیچ زمین جائیداد کا تھوڑا بہت گھریلو جھگڑا ہونے کی بناء پر کچھ لوگوں نے پھر کہنا شروع کیا کہ مفتی صاحب نے جو فیصلہ دیا ہے وہ صحیح نہیں ہے، ایسی حالت پر سماج کے ساتھ میرا زندگی گذارنا دوبھر ہورہا ہے۔

نـوٹ: اس داستان کو بغور مطالعہ فرما کر جو بھی فیصلہ ہو تحریر فرمائیں، اگر مذکورہ مفتی صاحب کا جواب ٹھیک ہے، تو وہی جواب لکھ کر بھیج دیں اور اگر مفتی ہارون صاحب قاسمی کا فیصلہ اور جواب غلط ہے تو وہ بھی جلد از جلد جواب سے نوازیں عین کرم ہوگا۔

المستفتی: ابراہیم، رانی پور ضلع: پرلیا (مغربی بنگال)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جس بیوی کو طلاق دی گئی ہے، اس کو الگ رکھنا شرعاً واجب ہے، اگر آپ اپنے پاس رکھ کر اس کا خرچہ برداشت کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس کو الگ مکان میں رکھیں ایک مکان میں ساتھ رکھنا جائز نہیں ہوگا، اگرچہ وہ بالکل بیکار کیوں نہ ہوگئی ہو، ساتھ بیٹھ کر کھانا پینا جائز نہیں ہے، ہاں البتہ الگ پردہ میں ہوکر اس کی ضرورت کے متعلق دینی بہن ہونے کے اعتبار سے حالات معلوم کر سکتے ہیں؛

کیونکہ اب آپ کے اور اس کے درمیان کوئی رشتہ باقی نہیں رہا ہے۔ نیز پہلی بیوی کو اولاً جوطلاق دی گئی تھی وہ شرعاً معتبر ہے اور اس کے بعد عدت گذرنے کے بعد سوتیلی بہن سے جونکاح کیا گیا ہے، وہ شرعاً صحیح اور درست ہے، اس پر اعتراض کرنے والے گنہگار ہوں گے۔

(مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۴۳۷)

وحرم الجمع بين المحارم نكاحاً أي عقدا صحيحاً، ولو من طلاق بائن وتحته في الشامية: وأشار إلى أن من طلق الأربع لا يجوز له أن يتزوج امرأة قبل انقضاء عدتهن، فإن انقضت عدة الكل معا جاز له تزوج أربع، وإن واحدة فواحدة الخ. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، زكريا ٤/١١٦، كراچي ٣/٣٨، مصري ٢/٣٩٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/شعبان المعظم ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/۲۳۲۹)

(۱۴) باب نکاح الحاملة والمزنية

حاملہ سے نکاح

سوال [۵۴۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے لڑکے فرزند علی کی شادی ۲۸رمئی ۱۹۹۰ء کو ہوئی تھی، جس کو چار ماہ آٹھ دن کا عرصہ ہوگیا ہے؛ لیکن چھ اکتوبر ۱۹۹۰ء میں بہو کو لڑکی پیدا ہوئی، کیا ایسی حالت میں میرے لڑکا کا نکاح ہوا تھا، یا نہیں برائے کرم الجھن میں ہوں جواب سے آگاہ کریں۔

المستفتی: مہندی حسن مقرب پور مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ کے لڑکے فرزند علی کا نکاح باقی ہے، اس نکاح میں کوئی فرق نہیں آیا ہے؛ البتہ لڑکی نے جو حرکت اور معصیت کر کے اپنا منہ کالا کیا ہے، اس کا گناہ اس کو ہوگا، اللہ تعالیٰ سے خالص توبہ واستغفار ضروری ہے۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنىٰ الخ (الدر المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٤٨، زكريا ٤/١٤١)

وقال أبو حنيفة ومحمد رحمهما الله تعالىٰ: يجوز أن يتزوج إمرأة حاملاً من الزنا ولايطؤها حتى تضع. وقال أبو يوسفؒ لايصح والفتوىٰ علىٰ قولهما. (هندية، زكريا ١/ ٢٨٠، زكريا جديد ١/ ٣٤٦)

وصح نكاح حبلىٰ من زنا عند الطرفين، وعليه الفتوىٰ لدخولها تحت النص. (مجمع الأنهر، باب المحرمات، دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٨٥)

وان تزوج حبلىٰ من زنا جاز النكاح ولايطؤها حتى تضع

حملها. (هداية اشرفي ديوبند ٢/٣١٢، قاضي خان على الهندية، زكريا ديوبند١/٣٦٦، جديد ١/٢٢١، البحرالرائق، زكريا ٣/١٨٧، كوئٹه ٣/١٠٦، تاتار خانية، زكريا ٤/٦٧، رقم:٥٥٤٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ربیع الاول ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۱۶۹/۲۶)

حمل والی عورت سے نکاح

سوال [۵۴۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی کو ہوئے عرصہ چھ ماہ گذرا، اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایک لڑکا پیدا ہوا، اس حالت میں شرع شریف کا حکم بروایت فتاوی جاری فرمائیں، لڑکی یہ حمل دوسرے شخص کا بتاتی ہے۔ اب بیان کریں کہ نکاح درست وقائم ہے یا کیا صورت ہے؟ نکاح دوبارہ کیا جائے یا شرعاً کیا عمل کیا جائے گا؟ جواب کا بے چینی سے انتظار کیا جارہا ہے۔

المستفتی: مقصود علی، مڈیہ پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: زنا سے حاملہ عورت سے شرعاً نکاح جائز ہے اور جب بوقت نکاح زنا کا ثبوت نہیں تھا اور نہ ہی حمل ظاہر ہوا تھا اور اب نکاح ورخصتی کے چھ ماہ بعد بچہ پیدا ہوا تو وہ شرعاً اسی موجودہ شوہر کا بچہ ہے، اس کے اوپر حرامی کا الزام ناجائز ہے اور دوبارہ نکاح کی ضرورت نہیں ہے۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنىٰ الخ (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، زكريا٤/١٤١، كراچي ٣/٤٨)

وان تزوج حبلىٰ من زنا جاز النكاح. (هداية اشرفي ديوبند ٢/٣١٢)

وإن جاء ت بـه بستة أشهـر فصاعداً يثبت نسبه منه إعترف به الزوج، أو سـكـت؛ لأن الفراش قائم والمدة تامة الخ (هـداية، كتاب الطلاق، باب ثبوت النسب اشرفى ديوبند ٢/ ٤٣٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹/ رمضان المبارک ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۹۷۲/۲۶)

اپنی چھ ماہ کی حاملہ مزنیہ سے نکاح

سوال [۵۴۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد سمیر ولد ایوب تمباکو والان مرادآباد کا نکاح ۳/ جون ۲۰۱۰ء کو روشنی بنت اکشن قائم کی بیریاں مرادآباد سے ہوا، اس سے چھ مہینے قبل لڑکے اور لڑکی نے صحبت کر لی تھی جس سے حمل ٹھہر گیا، نکاح چھ مہینہ کے بعد ہوا تو یہ نکاح جائز ہوا یا نہیں؟

المستفتی: محمد اطہر تمباکو والان، مرادآباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: محمد سمیر اور روشنی کے درمیان ناجائز تعلقات قائم ہوجانے کے بعد جو عقد نکاح ہوا ہے وہ شرعاً جائز ہے اور اب ان دونوں کے لئے میاں بیوی کی طرح ایک ساتھ رہنا بلاکسی کراہت کے اس لئے جائز ہے کہ لڑکی کا نکاح اسی زانی کے ساتھ ہوا ہے اور نکاح سے پہلے آپس میں جو بدکاری کی گئی ہے یہ گناہ عظیم ہے، اس گناہ سے دونوں کو سچے دل سے توبہ کرلینا لازم ہے۔

عن ابن عباسؓ في رجل وإمرأة أصاب كل واحد منهما من الأخر حداً، ثم أراد أن يتزوجها، قال: لابأس، أوله سفاح، وآخره نكاح. (مصنف لابن أبي شيبة، كتاب النكاح، في الرجل يفجر بالمرأة، ثم يتزوجها، رخص فيه، مؤسسه علوم القرآن

۹/۲۲۳، رقم:۱۷۰٤٦، سنن سعيد بن منصور، كتاب النكاح، باب في الرجل يفجر بالمرأة، ثم يتزوجها، دارالكتب العلمية بيروت ۱/٤۲۲٤، رقم:۸۸٦)

لو نحكها الزاني حل له وطؤها اتفاقا والولد له، ولزمه النفقة. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات كراچي ۳/٤۹، زكريا ٤/۱٤۲)

رأي المرأة تزني فتزوجها جاز، وللزوج أن يطأها بغير استبراء على الخلاف المذكور. (مجمع الأنهر، دار الكتب العلمية بيروت ۱/٤۸۵)

إذا تزوج امرأة قد زنى هوبها وظهر بها حبل فالنكاح جائز عند الكل وله أن يطأها عند الكل وتسحق النفقة عند الكل كذا في الذخيرة. (هندية زكريا ۱/۲۸۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/۱۰۱۰۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۶/۲۴ھ

حبلیٰ من الزنا سے نکاح

سوال [۵۴۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی ایک ماہ قبل ہوئی، ۲۰/ روز کے بعد زید کو ڈاکٹری معائنہ سے معلوم ہوا کہ اس کی بیوی ثمینہ حاملہ ہے، اب عمر کہتا ہے کہ تمہارا نکاح ٹوٹ گیا؛ کیونکہ تمہیں فریب میں رکھ کر یہ شادی رچائی گئی تھی آیا عمر اپنے قول میں درست ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مفصل جواب تحریر فرمائیں۔

المستفتی: انوار الحق صدیقی، جامع مسجد لچھمن گڈھ، سیکر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیس روز میں عورت حاملہ ہوسکتی ہے اور اگر کئی ماہ

سے حاملہ ہے تو زنا سے حمل شدہ عورت کے ساتھ شرعی طور پر نکاح صحیح اور درست ہے اور عمر کا یہ کہنا غلط ہے کہ نکاح ٹوٹ گیا ہے۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنىٰ الخ (درمختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، زكريا٤/١٤١، كراچي ٣/٤٨)

وصح نكاح حبلىٰ من زنا عند الطرفين، وعليه الفتوىٰ لدخولها تحت النص. (مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٨٥)

وان تزوج حبلىٰ من زنا جاز النكاح ولا يطؤها حتى تضع حملها. (هداية اشرفي ديوبند ٢/٣١٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲؍ربیع الاول ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱؍۳۹۱۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲؍۳؍۱۴۱۵ھ

حالت حمل میں نکاح اور طلاق کا حکم

سوال [۵۴۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حالت حمل میں نکاح پڑھانا جائز ہے کہ نہیں؟ ایک عورت جو مدت دراز سے کافروں کے قبضہ میں تھی؛ لہٰذا وہ کسی صورت سے کافروں کے قبضہ سے نکل کر مسلمانوں میں آگئی اور وہ جب عرصۂ دراز تک کفار میں رہی تو یقیناً وہ صحبت شدہ ہے ظاہر ہے کہ اس کو کچھ مہینے ہیں، وہ کسی حال سے ہے بقول عورت کے علم ہوا؛ لہٰذا اس صورت میں جو قاضی نکاح پڑھائے اس کا کیا حکم ہے؟ اس قاضی کے ساتھ کیا برتاؤ رکھنا چاہئے؟ کیا اس قاضی کی اقتداء جائز ہے کہ نہیں وہ لائق امامت ہے یا نہیں؟

(۲) حالت حمل میں طلاق ہوسکتی ہے یا نہیں؟

(۳) حالت حمل میں نکاح ہوسکتا ہے کہ نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں معقول جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: محمد عرفان الحق، امام مسجد خورددھنوری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: غیر مسلموں کے پاس رہ کر جو حمل ہوا ہے، وہ ولد الزنا ہوگا اور زنا سے حمل والی عورت کا نکاح شرعی طور پر جائز اور درست ہے؛ لہٰذا نکاح پڑھانے والے قاضی پر شرعاً کوئی الزام نہیں اور اس کی اقتداء میں نماز پڑھنے میں کسی قسم کی قباحت نہیں۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/۱۸۱، فتاوی محمودیہ قدیم ۱۲/۲۰۳، جدید ڈابھیل ۱۱/۱۱۴)

یجوز نکاح الحامل من الزنا ولایقربها زوجها حتی تلد. (قاضي خان علی الهندیة، کتاب النکاح، باب في المحرمات، زکریا ۱/۶٦، زکریا جدید ۱/۲۲۱، الهندیة، زکریا ۱/۲۸۰، جدید ۱/۳٤٦، رد المحتار علی الدر المحتار، کراچي ۳/٤۸، زکریا ٤/۱٤۱، البحر الرائق، زکریا ۳/۱۸۷، کوئٹه ۳/۱۰٦، الهدایة، اشرفی دیوبند ۲/۳۱۲، التاتار خانیة قدیم ۳/٦، جدید زکریا ٤/٦۷، رقم: ٥٥٤۸)

(۲) حالت حمل میں بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے۔

وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ. [طلاق: ٤]

وصح طلاقهن بعد الوطء. (البحر الرائق، کوئٹه ۳/۲٤۱، زکریا ۳/٤۲۱، هیئة کبار العلماء ۲/۷۰۳، فتاوی عثیمین ۲/۷۹۸)

(۳) حالت حمل میں بھی عورت کا نکاح صحیح اور درست ہوجاتا ہے؛ جبکہ اس کا کوئی جائز شوہر نہ ہو۔ (مستفاد: محمودیہ قدیم ۱۲/۲۰۳، جدید ڈابھیل ۱۱/۱۱۴، فتاوی دارالعلوم ۷/۱۸۱، ۷/۱۹۱)

وصح نکاح حبلیٰ من زنا. (الدر المختار، کراچي ۳/٤۸، زکریا ٤/۱٤۱، البحر الرائق، کوئٹه ۳/۱۰٦، زکریا ۳/۱۸۷، الهندیة، زکریا ۱/۲۸۰،

زکریا جدید ۱/۳۴۶، هداية، اشرفی دیوبند ۲/۳۱۲، التاتار خانية قديم ۳/۶، جديد زكريا ۴/۶۷، رقم:۵۵۴۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ربیع الاول ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۲۱۷/۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۳/۸ھ

زانیہ حاملہ سے نکاح

سوال[۵۴۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ناصرہ حمل سے ہے اور ابھی شادی بھی نہیں ہوئی ہے، اس کے والدین نکاح کرنا چاہتے ہیں، تو کیا ناصرہ کا نکاح ہو جائے گا یا نہیں؟

المستفتی: صغیر الدین، مدرسہ شاہی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں ناصرہ کا نکاح اگر اسی لڑکے سے ہو رہا ہے، جس سے حاملہ ہوئی ہے تو نکاح اور وطی دونوں درست ہے اور اگر دوسرے لڑکے سے شادی ہو رہی ہے، تو نکاح صحیح ہے؛ لیکن وضع حمل تک وطی حرام ہے۔

عن ابن عباسؓ في رجل وإمرأة أصاب كل واحد منهما من الأخر حداً، ثم أراد أن يتزوجها، قال: لا بأس، أوله سفاح، وآخره نكاح. (مصنف لإبن أبي شيبه، كتاب النكاح، في الرجل يفجر بالمرأة، ثم يتزوجها، مؤسسه علوم القرآن بيروت ۹/۲۲۳، رقم:۱۷۰۴۶)

قال أبو حنيفة ومحمد رحمهما الله تعالىٰ: يجوز أن يتزوج إمرأة حاملاً من الزنا، ولا يطؤها، حتى تضع. وقال أبو يوسفؒ لا يصح والفتوىٰ علىٰ قولهما......إذا تزوج امرأة قد زنىٰ هوبها وظهربها حبل، فالنكاح جائز عند الكل، وله أن يطأها عند الكل، وتستحق النفقة عند الكل. (هندية، كتاب النكاح، الباب الثالث في المحرمات، القسم السادس، زكريا ديوبند ۱/۲۸۰، جديد ۱/۳۴۶)

وصح نكاح حبلىٰ من زنا...... وان حرم وطؤها حتىٰ تضع لونكحها الزاني حل له وطؤها اتفاقاً. (شامي، زكريا٤/١٤١، كراچي ٣/٤٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵؍۷۰۴۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۱/۲۳ھ

حاملہ مزنیہ سے نکاح

سوال [۵۴۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے والد صاحب نے رینا عرف کوثر جہاں کے ساتھ رشتہ قائم کیا، اسی دوران میرے پاس فون آیا کہ رینا کے ساتھ میری شادی ہوچکی ہے، میں نے اپنے والد صاحب کو بتایا میرے والد اور والدہ وغیرہ رینا کے گھر پر گئے، رینا کی والدہ سے یہ بات کہی تو رینا کی ماں نے کہا رینا سے پوچھو، گھر والوں نے سب لوگوں کی موجودگی میں رینا سے پوچھا کہ بیٹی یہ شادی کی بات سچ ہے یا غلط، تو رینا نے قرآن کی قسم کھاتے ہوئے منع کیا، تب لوگ قرآن کی قسم پر ایمان لے آئے، پھر رینا کی شادی کی تاریخ رینا کی ماں نے پکی کردی اور شادی طے ہوگئی۔

بتاریخ ۱۸؍جولائی ۲۰۱۲ء کو کوثر جہاں عرف رینا دختر صفدر حسین کی شادی میرے ساتھ ہوگئی، کچھ دنوں بعد کوثر جہاں عرف رینا کے پیٹ میں درد ہوا دوائی دلوادی گئی، دوسرے روز رات میں پھر درد اٹھا صبح کو پاس پڑوس کی عورتوں کے کہنے پر دائی کو بلوایا گیا، تو دائی بولی اس کے پیٹ میں تو بڑی گانٹھ ہے، آپ لوگ اس کا الٹرا ساؤنڈ کرالو، تو اچھا ہوگا، ہم نے ڈاکٹرنی کو بلا کر الٹرا ساؤنڈ ۲۳؍اگست ۲۰۱۲ء کو کرایا، اس میں ۱۸؍ ہفتہ کا بچہ نکلا، ہم لوگ دنگ رہ گئے یہ کیا ہوا، ہمارے بڑوں نے رینا کی ماں سے بات کی تو رینا کی ماں بولی بچے کو ختم کرائے دیتے ہیں، رینا کی ماں میرے گھر جمیلہ ڈاکٹرنی کو لے کر پہونچی رات میں

ڈاکٹرنی نے ۱۵۰۰۰/روپیہ کی مانگ کی اسی دوران ہمارے ماں باپ نے پوچھا کہ یہ کس کی اولاد ہے اور وہ کون لڑکا ہے رینا نے بتایا میں ساحل نام کے لڑکے سے ملا کرتی تھی اسی کی یہ اولاد ہے اور ہمیں سارے واقعہ کو لکھ کر بھی دیا اور اس بچہ کی ماں بھی بن گئی، ایسی صورت میں میرا نکاح ناجائز تعلقات ہونے کی بنا پر منعقد ہوا یا نہیں؟

المستفتی: نظام میاں عرف آشا، وارثی نگر گلی نمبر۵/جامع مسجد مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زنا سے حمل شدہ عورت کے ساتھ نکاح درست ہوجاتا ہے؛ اس لئے کوثر جہاں کے ساتھ آپ کا نکاح درست ہوگیا۔

وصح نکاح حبلیٰ من زنا لامن غیرہ. تحته في الشامیة: أي عندهما. وقال أبویوسفؒ لایصح. والفتویٰ علی قولهما. (شامي مع الدر، کتاب نکاح، فصل في المحرمات، کراچي ۳/ ۴۸، زکریا ۴/ ۱۴۱، ونحوذٰلك في العالمگیریة، زکریا ۱/ ۲۸۰، زکریا جدید ۱/ ۳۴۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۱۰۵۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵/۴/۱۴۳۴ھ

حبلیٰ من الزنا سے نکاح

سوال [۵۴۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکے کی شادی کنواری لڑکی سے چند ماہ قبل ہوئی تھی، قبل از وقت تقریباً چار ماہ کے بعد ہسپتال سنبھل میں اس کے ایک بچی کی ولادت ہوئی، اس حالت میں لڑکا یہ سوال کرتا ہے کہ وہ میری بیوی ہے یا نہیں؟ اگر نہیں رہی تو اس صورت میں مجھے کیا کرنا ہے؟ مسئلہ کا حل فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں۔

المستفتی: حبیب اللہ، سرسی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زانیہ عورت کے ساتھ جو نکاح ہوا ہے، وہ شرعی طور پر صحیح اور درست ہے؛ لہٰذا وقت سے قبل بچہ پیدا ہونے کی وجہ سے نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، نکاح اپنی جگہ پر بدستور باقی ہے؛ البتہ عورت پر اس فعل شنیع کا گناہ ہوگا۔

وصح نکاح حبلیٰ من زنا الخ (در مختار، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، زکریا٤/١٤١، کراچي ٣/٤٨)

وصح نکاح حبلیٰ من زنا عند الطرفین، وعلیه الفتویٰ لدخولها تحت النص. (مجمع الأنهر، دارالکتب العلمیة بیروت ١/٤٨٥، هندیة، زکریا١/٢٨٠، جدید ١/٣٤٦، هدایة، اشرفی دیو بند ٢/٣١٢، قاضي خاں علی الهندیة، زکریا١/٣٦٦، جدید ١/٢٢١، البحرالرائق، زکریا٣/١٨٧، کوئٹہ ٣/١٠٦، تاتارخانیة، زکریا٤/٦٧، رقم:٥٥٠٤٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ رجب المرجب ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹؍ ۳۲۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۳؍ ۷؍ ۱۴۱۳ھ

دو مہینہ کی حاملہ سے نکاح

سوال [۵۴۸۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی کی شادی ہوئی اور وہ شادی سے قبل دو مہینے کے حمل سے تھی اور شادی کے ایک مہینہ بعد اس نے اپنا حمل ساقط کرادیا، تو ایسی صورت میں اس لڑکی سے نکاح صحیح ہوا تھا یا نہیں؟

المستفتی: شاکر حسین، دولت باغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں نکاح صحیح ہوگیا اور جب لڑکی نے حمل ساقط کرادیا، تو اس سے استمتاع بھی جائز ہوگیا۔

وفي الفتاوى الهنديه يجوز أن يتزوج إمرأة حاملاً من الزنا، ولايطؤها حتى تضع. (عالمگيري، كتاب النكاح، الباب الثالث في المحرمات القسم السادس، زكريا ۱/ ۲۸۰، جديد ۱/ ۳٤٦، مجمع الأنهر، دارالكتب العلميه بيروت ۱/ ٤٨٥، هداية اشرفى ديوبند ۲/ ۳۱۲، قاضي خان على الهندية، زكريا ۱/ ۳٦٦، جديد ۱/ ۲۲۱، البحرالرائق، زكريا ۳/ ۱۸۷، كوئٹه ۳/ ۱۰٦، تاتارخانية، زكريا ٤/ ٦٧، رقم: ٥٥٤٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍ ربیع الثانی ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹؍ ۳۴۱۳)

شادی کے دو ماہ کے بعد تین ماہ کی حاملہ

سوال [۵۴۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں نے اپنے لڑکے پرویز عالم کا رشتہ بتاریخ ۲؍ ستمبر کو محلّہ پیرزادہ، تالاب والی مسجد کے رہنے والے حافظ زاہد کی لڑکی، خدیجہ بی سے کیا، شادی کے تیرہ دن بعد لڑکی والوں نے دعوت کی اس میں لڑکی کی والدہ نے ہمیں یہ بتایا کہ ہم آپ کو ایک خوش خبری سناتے ہیں کہ لڑکی حاملہ ہے، ان کی اس خوش خبری میں ہم بھی خوش ہوگئے؛ لہٰذا لڑکی کو رخصت کر دیا، ہم اس کو اپنے گھر لے آئے۔

اب ڈیڑھ مہینے بعد اس کی ہمارے یہاں طبیعت خراب ہوئی، اس کو ہم ہسپتال لے گئے، وہاں ڈاکٹر نے بتایا کہ یہ ۳؍ مہینے اور بیس دن کے حمل سے ہے، اس کی ہم نے جانچ کرائی تو اس میں نہیں آیا؛ جبکہ شادی کو ۲؍ مہینہ ہوئے تھے، لڑکی کے بھائی نے کہا کہ ہماری والدہ نے شادی سے ۱۰؍ دن پہلے ڈاکٹر کو دکھایا تھا، یہ بات لڑکی کا بھائی بتا رہا تھا، اس بات سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان کو سب کچھ معلوم ہوتے ہوئے انہوں نے لڑکی کا نکاح کر دیا، کیا اس حالت میں یہ نکاح ہوا یا نہیں؟

اس کے بعد لڑکی والوں نے بتایا کہ یہ کم سنتی ہے، اس کے بعد ڈاکٹر کو دکھایا تو ڈاکٹر نے بتایا کہ یہ پیدائشی بہری ہے۔

المستفتی: عبدالستار، کچاباغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: ڈاکٹر کے بتانے اور جانچ میں قطعی بات نہیں ہوتی ہے، کچھ آگے پیچھے بھی ہوسکتی ہے اور شادی کو دو مہینے ہوئے، بچہ بجائے تین مہینے کے دو ماہ کا بھی ہوسکتا ہے؛ اس لئے بلا کسی ثبوت شرعی کے الزام قائم کرنا درست نہ ہوگا؛ لہٰذا اگر بچہ شادی کے بعد چھ مہینہ کی مدت سے پہلے زندہ اور صحیح سالم پیدا ہوتا ہے تب تو الزام درست سمجھا جائے گا اور اگر شادی کے چھ مہینے مکمل ہونے کے بعد پیدا ہوتا ہے تو بچہ کا نسب اسی شوہر سے ثابت ہوگا اور لڑکی کے اوپر الزام لگانا درست نہ ہوگا اور نکاح بہر حال درست ہو چکا ہے، اس میں کوئی تردد نہیں۔

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَاِثْمًا مُبِيْنًا. [الاحزاب:٥٨]

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: وأربى الربا استطالة الرجل في عرض أخيه. (الجامع الصغير ٢/٢٢، أبوداؤد شريف، كتاب الأدب، باب في الغيبة، النسخة الهندية ٢/٦٦٩، دارالسلام رقم:٤٨٧٦)

وصح نكاح حبلىٰ من زنا، لاحبلىٰ من غيره. (الدر المختار مع الشامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٤٨، زكريا ٤/١٤١، هندية، زكريا قديم ١/٢٨٠، زكريا جديد ١/٣٤٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰ رمحرم الحرام ۱۴۳۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۸۶۰/۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۶/۱/۳۰ھ

نکاح کے تین ماہ بعد ولادت ہونے والا نکاح صحیح ہے یا نہیں؟

سوال [۵۴۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد رفیع کی شادی ایک عورت سے ہوئی اور شادی کے تین ماہ بعد اس عورت سے ایک لڑکی پیدا ہوئی، تو محمد رفیع کا نکاح اس حاملہ عورت سے ہوا یا نہیں؟

المستفتی: محمد رفیع، سرائے کھجور، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شادی کے تین ماہ بعد محمد رفیع کی بیوی سے جو مکمل بچہ پیدا ہوا ہے، وہ محمد رفیع کا بچہ نہیں ہے، اس بچہ کو اس کی ماں کی طرف منسوب کر دیا جائے گا، محمد رفیع اس کا باپ نہیں ہے؛ لیکن محمد رفیع کا نکاح اس عورت کے ساتھ صحیح اور درست ہے، اس کو بیوی بنا کر رکھنے کی گنجائش ہے؛ اس لئے کہ حالت حمل میں بھی بے شوہر کی عورت کا نکاح درست ہوجاتا ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/۱۹۰، محمودیہ ۱۳/۱۹۰)

وصح نکاح حبلیٰ من زنا لا حبلی من غیره أي الزنا وان حرم وطؤها ودواعیه حتی تضع؛ لئلا یسقي ماءه زرع غیره. (در مختار، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، کراچي ۳/۴۸، زکریا ۴/۱۴۱، هندیة، زکریا قدیم ۱/۲۸۰، زکریا جدید ۱/۳۴۶، قاضي خان علی الهندیة، زکریا قدیم ۱/۳۶۶، زکریا جدید ۱/۲۲۱، مجمع الأنهر، دارالکتب العلمیة بیروت ۱/۴۸۵، هدایة اشرفی دیوبند ۲/۳۱۲، البحرالرائق، کوئٹه ۳/۱۰۶، زکریا ۳/۱۸۷، تاتارخانیة، زکریا ۴/۶۷، رقم: ۵۵۴۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/رجب المرجب ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶/۷۷۷۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۳/۷/۱۴۲۳ھ

لاعلمی میں تین ماہ کی حاملہ سے نکاح

سوال [۵۴۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا عقد زید کی لاعلمی میں تین ماہ کی حاملہ لڑکی سے کردیا گیا ہے، تو یہ جائز ہے یا نہیں؟ اور کیا بچہ سے فارغ ہونے پر دوسرا عقد کرانے کی ضرورت ہوگی یا نہیں؟

المستفتی: جہانگیر بیگ، سنبھل محلّہ موسیٰ خاں

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر نکاح کے چھ ماہ بعد بچہ پیدا ہوا، تو وہ شرعًا موجودہ شوہر ہی کا بچہ ہوگا، اس پر کسی طرح کی تہمت درست نہیں ہے اور اگر چھ ماہ سے پہلے پیدا ہوجائے، تو وہ بچہ نہ موجودہ شوہر کا ہوگا اور نہ شرعاً کسی دوسرے کا؛ بلکہ ماں کی طرف منسوب کردیا جائے گا۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۴۲/۱۱)

عن الحسن أن امرأة ولدت لستة أشهر فأتى بها، عمر بن الخطاب رضي الله عنه فهم برجمها. فقال له عليؓ: ليس ذالك لك، إن الله عزوجل يقول في كتابه: ''وحمله وفصاله ثلثون شهراً'' فقد يكون في البطن ستة أشهر، والرضاع أربعة وعشرين شهراً، فذالك تمام ماقال الله: ثلثون شهراً، فخلى عنها عمر. (سنن سعيد بن منصور، كتاب النكاح، باب المرأة تلد لستة أشهر، دارالكتب العلمية بيروت ٦٦/٢، رقم:٢٠٧٤)

فولدت لنصف حول منذ نكحها لزمه نسبه لتصور الوطئ حالة العقد، ولو ولدت لأقل منه لم يثبت. (شامي، كتاب الطلاق، باب العدة، مطلب في ثبوت النسب من الصغيرة، كراچي ٥٧٤/٣، زكريا ٢٤١/٥)

وإن جاءت به بستة أشهر فصاعداً يثبت نسبه منه اعترف به الزوج، أوسكت؛ لأن الفراش قائم والمدة تامة الخ (هداية، اشرفي دوبند ٤٣٢/٢)

نکاح جائز اور درست ہے، وضع حمل کے بعد دوبارہ نکاح کی ضرورت نہیں۔
(مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/۵۰۴)

وصح نكاح الحبلىٰ من زنا الخ (الدر المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/۴۸، زكريا ٤/۱٤۱، كذا في الهندية، زكريا قديم ۱/۲۸۰، زكريا جديد ۱/۳٤٦، قاضي خان على الهندية، زكريا ۱/۳٦٦، جديد ۱/۲۲۱، هداية، اشرفي ديوبند ۲/۳۱۲، تاتارخانية، زكريا٤/٦۷، رقم: ٤۸ ٥٥، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۱/٤۸٥، البحرالرائق، كوئٹه ۳/۱۰٦، زكريا ۳/۱۸۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ ربیع الاول ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳/۵۶۵)

مزنیہ حاملہ سے نکاح اور وطی کا حکم

سوال [۵۴۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مناظر کا نکاح ہوا بیوی ناجائز تعلقات کی وجہ سے پانچ ماہ کی حاملہ تھی، پھر اس حمل کو ساقط کرادیا گیا، تو اب دریافت یہ کرنا ہے کہ یہ نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟ اور حمل کی صفائی کے بعد دونوں میاں بیوی کی طرح رہ سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: محمد سلیم کچا باغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: زنا سے حاملہ عورت کے ساتھ نکاح صحیح ہوجاتا ہے؛ البتہ زنا کی حاملہ سے ہمبستری ممنوع ہوتی ہے اور حمل کی صفائی فی نفسہ گناہ کا کام ہے؛ لیکن صفائی ہوجانے کے بعد جس مرد کے ساتھ نکاح ہوا ہے، اس کے ساتھ ہمبستری جائز اور درست ہے اور دونوں میاں بیوی کی طرح زندگی گذار سکتے ہیں، بس صرف ناپاکی کے زمانہ میں ہمبستری سے پرہیز ضروری ہوتا ہے۔

وصح نكاح حبلیٰ من زنا لاحبلی من غيره–عندهما وقال أبويوسفؒ لايصح، والفتویٰ علی قولهما كما في القهستاني: و إن حرم وطؤها، ودواعيه حتی تضع لئلا يسقي ماؤه زرع غيره، إذا الشعرينبت منه.
(شامي مع الدر المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/ ٤٨، زكريا٤/ ١٤١، كذا في الهندية، زكريا ١/ ٢٨٠، جديد ١/ ٣٤٦، وكذا قاضي خان علی الهندية، زكريا ١/ ٣٦٦، جديد ١/ ٢٢١، وكذا مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/ ٤٨٥، وكذا هداية اشرفي ديوبند ٢/ ٣١٢، وكذا في البحرالرائق، كوئٹه ٣/ ١٠٦، زكريا ٣/ ١٨٧، وكذا في الفتاوی التاتارخانية، زكريا٤/ ٦٧، رقم: ٥٥٤٨)

العلاج لاسقاط الولد إذا استبان خلقه كالشعر، والظفر ونحوهما لايجوز. (فتاوی عالمگيري، زكريا ٥/ ٣٥٦، جديد ٥/ ٤١١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍رجب المرجب ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۱۷۴/۴۰)

حبلیٰ من الزنا کا نکاح اور نکاح پڑھانے والے کا حکم

سوال [۵۴۹۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی جو قریب سات مہینہ کے حمل سے ہے، لڑکی کے عزیز اسی محلّہ کے ایک لڑکے پر الزام رکھ کر زبردستی نکاح کرا دیتے ہیں کچھ ہی دن کے بعد قریب ایک مہینہ کے لڑکی کے شکم سے ایک لڑکی پیدا ہوتی ہے جو کہ موجود ہے، شرع کی رو سے یہ نکاح درست ہوا یا نہیں؟ نکاح پڑھانے والا اسی محلّہ کی مسجد کا امام بھی ہے، اگر نکاح نہیں ہوا تو اس امام مسجد کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟ جواب سے آگاہ کیجئے۔

المستفتی: اشفاق احمد، محلّہ گنوری سرسی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مذکورہ میں شرعاً نکاح صحیح ہو چکا ہے، نکاح پڑھانے والے امام کے پیچھے نماز درست ہے؛ البتہ جولڑکی پیدا ہوئی ہے، اس کا نسب شوہر سے ثابت نہ ہوگا؛ بلکہ ماں کی طرف منسوب کردی جائے گی، اس لڑکی کی پرورش کا خرچہ بھی شوہر پر واجب نہیں ہوگا۔

عن الحسن أن امرأة ولدت لستة أشهر فأتى بها، عمر بن الخطاب رضي الله عنه فهم برجمها. فقال له عليؓ: ليس ذالک لک، إن الله عزوجل يقول في كتابه: ''وحمله وفصاله ثلثون شهراً'' فقد يكون في البطن ستة أشهر، والرضاع أربعة وعشرين شهراً، فذالک تمام ماقال الله : ثلثون شهراً، فخلى عنها عمر. (سنن سعيد بن منصور، كتاب النكاح، باب المرأة تلد لستة أشهر، دارالكتب العلمية بيروت ٦٦/٢، رقم: ٢٠٧٤)

وصح نكاح حبلیٰ من زنا لاحبلى من غيره الخ (الدر المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٤٨/٣، زكريا ١٤١/٤، الهندية، زكريا ٢٨٠/١، جديد ٣٤٦/١، قاضي خان على الهندية، زكريا ٣٦٦/١، جديد ٢٢١/١، تاتار خانية، زكريا ٦٧/٤، رقم:٥٥٤٨)هدايه اشرفي ديوبند ٣١٢/٢، البحر الرائق كوئٹه ١٠٦/٣، زكريا ١٨٧/٣، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ٤٨٥/١)

فولدت لنصف حول منذ نكحها لزمه نسبه لتصور الوطئ حالة العقد، ولو ولدت لأقل منه لم يثبت. (شامي، كتاب الطلاق، باب العدة، مطلب في ثبوت النسب من الصغيرة، كراچي ٤٧/٣، زكريا٥/٢٤١)

إذا تزوج الرجل إمرأة فجاء ت بالولد لأقل من ستة أشهر، منذ تزوجها لم يثبت نسبه الخ (عالمگيري، زكريا ٥٣٦/١، جديد ٥٨٨/١، مجمع الأنهر دارالكتب العلمية بيروت ٤٨٦/١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/رجب المرجب ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۰۶/۲۴)

حبلیٰ من الزنا سے شادی اوراس کا مہر

سوال [۵۴۹۲]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی کوزنا کے ذریعہ حمل ٹھہر گیا جو۵؍مہینہ کا ہے،اس کے بعداس کا نکاح کسی دوسرے شخص کے ساتھ ہوا؛لیکن شادی کے وقت حمل کا پتہ نہیں چلا تھا،اب یہ نکاح صحیح ہوایانہیں؟

مذکورہ صورت میں یہ لڑکی اس لڑکے ساتھ ۵؍دن رہی اور یہ لڑکا اسے چھوڑ ناچاہتا ہے، اب اس کا دین مہر واجب ہے یانہیں؟

المستفتی: محمد سرفراز،عیدگاہ،مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفیق: زنا سے حمل شدہ لڑکی کا نکاح دوسرے شخص کے ساتھ صحیح اور درست ہوگیا ہے،مگر بچہ پیدا ہوجانے تک اس سے ہمبستری جائز نہیں اور بچہ ہوجانے کے بعد ہمبستری جائز ہوسکتی ہے۔

وصح نکاح حبلی من زنیٰ لاحبلی من غیره......وان حرم وطؤها ودواعیه حتی تضع الخ (در مختار، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، کراچي ۳/۴۸، زکریا ۴/۱۴۱)

وقال أبو حنیفة ومحمد رحمهما الله تعالیٰ: یجوز أن یتزوج إمرأة حاملاً من الزنا ولایطؤها حتی تضع. وقال أبو یوسفؒ لایصح. والفتویٰ علیٰ قولهما. (هندیة، زکریا ۱/۲۸۰، جدید ۱/۳۴۶، هدایه اشرفي دیوبند ۲/۳۱۲)

(۲)اس کوچھوڑنالازم نہیں ہے؛لیکن اگرچھوڑ دےگا توپورامہرادا کرنا ہوگا۔

ثم رأه منقولا عن الخصاف أن الخلوة لم تقم مقام الوطء إلا في حق تکمیل المهر، ووجوب العدة–إلی–وفي تأکد المهرأي في خلوة النکاح الصحیح. (شامي، کتاب النکاح، باب المهر، مطلب في أحکام الخلوة،

کراچي ۳/ ۱۱۸، زکریا ٤/ ۲٥٥، هندیة، زکریا ۱/ ۳۰۳، جدید ۱/ ۳۷۰، جدید ۱/ ۳۷۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳؍ ۵۳۰۷)

حبلیٰ من الزنا سے نکاح اور مہر وغیرہ کا حکم

سوال [۵۴۹۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے نکاح کیا ہندہ سے اور نکاح کے وقت ہندہ کو حمل تھا، اب زید کا کہنا ہے کہ میرا نکاح نہیں ہوا؛ کیونکہ ہندہ حمل سے ہے اور حمل سے ہونے کا علم زید کو دو ماہ بعد ہوا، تو آیا زید کا یہ کہنا کہ ہندہ سے میرا نکاح نہیں ہوا یہ صحیح ہے، اور زید نے چار افراد کے سامنے تحریری طلاق نامہ بھی دیا اور مہر ادا نہیں کیا، آیا مہر زید کے ذمہ ہے یا نہیں؟

المستفتی: مختار احمد، ٹانڈہ رام پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: زنا سے حمل شدہ عورت کا عقد نکاح غیر زانی کے ساتھ بھی صحیح ودرست ہو جاتا ہے اور اس پر نکاح کے لوازمات مہر وغیرہ بھی لازم ہو جاتے ہیں۔

وصح نكاح حبلیٰ من زنیٰ الخ (در مختار، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، زکریا ٤/ ۱٤۱، کراچي ۳/ ٤۸، وکذا في الهندیة، زکریا ۱/ ۲۸۰، جدید ۱/ ۳٤٦، هدایه اشرفي دیوبند ۲/ ۳۱۲، قاضي خاں علی الهندیة، زکریا ۱/ ۳٦٦، جدید ۱/ ۲۲۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍ ذی الحجہ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱؍ ۳۷۶۰)

کیا سات ماہ کی حاملہ سے نکاح صحیح ہے؟

سوال [۵۴۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی کو تقریباً سات ماہ کا حمل ہے، کیا اس کا نکاح اس وقت ہوسکتا ہے، جس لڑکے کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ حمل اس لڑکے کا ہے، وہ لڑکا حلفیہ کہتا ہے کہ یہ میرا نہیں ہے اور لڑکی حلفیہ کہتی ہے کہ یہ حمل اسی کا ہے، ایسی صورت میں کس کا قول تسلیم کیا جائے؟ اور اس وقت اس لڑکی کا نکاح درست ہے یا نہیں؟ لڑکی کے پاس اس لڑکے کی تحریر بھی موجود ہے اور کچھ ثبوت بھی ملتے ہیں۔

المستفتی: محمد حنیف ولد عبد المجید، محلّہ گجراتیان، جسپور، ادھم سنگھ نگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس لڑکی کا نکاح تو بہر حال صحیح ہے۔

اب اگر حمل اسی لڑکے کا ہے جو کہ اس لڑکی اور لڑکے کو ہی معلوم ہوسکتا ہے، تو دونوں کے لئے نکاح کے بعد ہمبستری بھی جائز ہے اور حمل اس کا ہے یا نہیں؟ اس کا فیصلہ وہ دونوں ہی کر سکتے ہیں اور اگر حمل اس لڑکے کا نہیں ہے، تو صرف لڑکی کا نکاح جائز ہے اور بچہ پیدا ہونے سے پہلے ہمبستری جائز نہیں۔ بچہ کی پیدائش کے بعد ہمبستری جائز ہوگی۔

وصح نكاح حبلیٰ من زنا لاحبلی من غيره -وان حرم وطؤها ودواعيه حتى تضع، لونكح الزاني حل له وطؤها اتفاقاً. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٤٨، زكريا ٤/١٤١، الفتاوى التاتارخانية، زكريا ٤/٦٧، رقم: ٥٥٤٨، البحرالرائق، كوئٹه ٣/١٠٦، زكريا ٣/١٨٧، هداية اشرفى ديوبند ٢/٣١٢، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٨٥، هندية، زكريا ١/٢٨٠، جديد ١/٣٤٦، قاضي خان على الهندية،

زکریا ۱/۳٦٦، جدید ۱/۲۲۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ جمادی الثانیہ ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۷۲٦۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۶/۸ھ

مزنیہ سے زانی کا نکاح

سوال [۵۴۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے ورزش سکھلانے سے قبل خالد سے کچھ وعدے کروائے، خالد نے مسجد میں وعدہ کیا کہ میں آپ کو (زید) کوکسی طرح کی دغا نہیں دوں گا، میں آپ کے خلاف کوئی کام نہیں کروں گا، میں آپ کا ہر کہنا مانوں گا، ورزش سیکھنے کے دوران خالد نے زید کی لڑکی سے چار پانچ مرتبہ زنا کیا زید کو پتہ چلنے پر زید نے خالد سے کہا کہ لڑکی سے نکاح کرلو، خالد نے مسجد میں وعدہ کیا کہ میں آپ کی لڑکی سے نکاح کروں گا یا جب تک آپ کی لڑکی کا نکاح نہ ہوگا میں کہیں نکاح نہ کروں گا، ان وعدوں کے بعد خالد نے زید سے کہا کہ میں نے جو وعدے کئے ہیں سب سے آزاد کردو، ورنہ میں تم کو گولی ماردوں گا، زید کو خالد سے گھبراہٹ ہوگئی کہ خالد کبھی بھی گولی مارسکتا ہے، زید نے خالد سے زبانی کہا کہ میں نے تم کو آزاد کردیا، زید کا کہنا ہے کہ میں نے زبان سے کہا ہے دل سے آزاد نہیں کیا، تو صورت مذکورہ میں خالد اپنے وعدوں سے آزاد ہوا ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

(۲) خالد نے زید سے مسجد میں وعدے کرائے زید نے خالد سے کہا کہ میں اپنی لڑکی کا نکاح انشاء اللہ تم سے ہی کروں گا۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا زید کو اپنی لڑکی کا نکاح خالد سے کرانا ضروری ہے یا نکاح کہیں بھی کراسکتا ہے؟ اگر زید نے اپنی لڑکی کا نکاح خالد سے نہ کرتے ہوئے بکر سے کردیا تو کیا شرعاً وعدہ کے خلاف کرنے والا کہا جائے گا؟

(۳) خالد نے زید کی لڑکی سے چار پانچ مرتبہ زنا کیا، زید کو پتہ چلنے پر زید نے خالد

سے کہا کہ لڑکی سے نکاح کرلو، خالد نکاح کرنے کو تیار ہے خالد کا کہنا ہے کہ میرے والدین فی الحال کرنے کو تیار نہیں، وہ کچھ عرصہ کے بعد کرنے کو تیار ہیں، خالد کا کہنا ہے کہ فی الحال والدین کو اطلاع دیئے بغیر دو چار خاص آدمیوں کے سامنے نکاح ہوجائے اور اس بات کو پوشیدہ رکھا جائے، جب والدین شادی کریں گے، پھر دوبارہ علانیہ طور پر نکاح ہوجائے گا، تو اس طرح کرنا قرآن وحدیث کی روشنی میں جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: سعید احمد، پان فروش، لکڑی منڈی چوراہہ، جسپور (ادھم سنگھ نگر)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں درج شدہ تمام معاملات فاسد اور خلاف شریعت ہیں، وعدہ خلافی کرنا بڑا گناہ ہے اور زنا کرنا گناہ عظیم اور مستحق لعنت اور عنداللہ سخت ترین عذاب کا خطرہ ہے، اگر اسلامی حکومت ہوتی تو دونوں پر سو سو کوڑے لگائے جاتے، دونوں پر خالص توبہ کرنا لازم ہے، تمام مسلمانوں پر لازم ہے کہ خالد کو اور زید کی لڑکی کو ملامت اور غیرت دلائیں۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم جدید ۱۲/ ۱۸۰)

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَلَا تَقْرَبُوْا الزِّنَا اِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً. [بني اسرائيل: ۲۳]

الزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِئَةَ جَلْدَةٍ. [سورة النور:۲]

عن أبي هريرة رضـ عن النبي صلى الله قال: آية المنافق ثلث إذا حدث كذب، وإذا وعد اخلف، وإذا اؤتمن خان. (صحيح البخاري، كتاب الإيمان، باب علامة المنافق، النسخة الهندية ۱/ ۱۰، رقم:۳۳)

خالد کے لئے زید کی مذکورہ لڑکی کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنا. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/ ۴۸، زكريا ۴/ ۱۴۱، هندية، زكريا ۱/ ۲۸۰، جديد ۱/ ۳۴۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳ رشوال المکرم ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۵۹۰۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۱۰/۲۳ھ

اپنی مزنیہ سے نکاح

سوال [۵۴۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا ایک لڑکی سے ناجائز تعلق تھا، جس کے نتیجہ میں اس لڑکی کو حمل ٹھہر گیا۔ اب دونوں نکاح کرنا چاہتے ہیں، ایسی حالت میں وہ نکاح جائز ہوگا یا ناجائز؟ اور اولاد جائز ٹھہرے گی یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: محمود حسین، محلّہ سارے شیخ محمود، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر زید ہی اس لڑکی سے نکاح کرتا ہے، تو نکاح صحیح ہونے کے ساتھ ساتھ ہمبستری فوراً جائز اور درست ہے اور جو بچہ پیدا ہوگا وہ ثابت النسب ہوگا اور نان نفقہ زید پر واجب ہوگا۔

ونكحها الزاني حل له وطؤها اتفاقاً، والولد له ولزمه النفقه الخ

(الدر المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/۴۹، زكريا ٤/١٤٢)

رأى امرأة تزني فتزوجها جاز، وللزوج أن يطأها بغير استبراء على الخلاف المذكور. (مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٨٥)

إذا تزوج امرأة قد زنىٰ هوبها وظهر بها حبل، فالنكاح جائز عند الكل، وله أن يطأها عند الكل، وتستحق النفقة عند الكل، كذا في الذخيرة.

(هندية، زكريا ١/٢٨٠، جديد ١/٣٤٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ذی الحجہ ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹۴۲/۲۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۲/۱۲/۲۷ھ

زانی کا اپنی مزنیہ سے نکاح

سوال [۵۴۹۷]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کیا زانی کا نکاح اپنی مزنیہ سے جائز ہے یانہیں؟

المستفتی: احمد بادشاہ، مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جی ہاں! زانی کا نکاح اپنی مزنیہ عورت کے ساتھ جائز اور درست ہے اور اگر زنا سے عورت حاملہ بھی ہوگی ہے، تب بھی جائز ہے اور زانی شوہر کے ساتھ فوراً رخصت بھی ہوسکتی ہے۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنا (إلى قوله) لو نكحها الزاني حل له وطؤها اتفاقاً والولد له ولزمه النفقة الخ (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/ ۴۹، زكريا۴/ ۱۴۱، كذا في الهندية، زكريا ۱/ ۲۸۰، جديد ۱/ ۳۴۶، وكذا في مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۱/ ۴۸۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

۱۸/ ذی الحجہ ۱۴۱۴ھ

(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۷۵۰)

اپنی مزنیہ سے حالت حمل میں نکاح

سوال [۵۴۹۸]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکے لڑکی کو آپس میں اسقدر پیار ومحبت تھی کہ وہ ہوش وحواس کھوکر ہمبستر ہوگئے، جس کی وجہ سے حمل قرار پاگیا اور چار ماہ بعد آپس میں شادی ہوگئی، شادی کے پانچ ماہ بعد ایک لڑکا پیدا ہو، جو تین ماہ کی عمر میں وفات پاگیا۔

مندرجہ بالا حالات پر غور کرتے ہوئے ایسی ہی حالت میں نکاح جائز ہے یانہیں؟

اگر یہ ناجائز ہےتو ان کا آپس میں نکاح دوبارہ کن حالات میں ہونا چاہئے ؟ جبکہ موجودہ حالات میں دونوں شوہر بیوی کے رشتہ سے بخوشی زندگی بسر کرر ہے ہیں۔

المستفتی: محمد صماد احمد، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں درج شدہ صورت میں نکاح شرعاً درست ہو گیا، دوبارہ نکاح کی ضرورت نہیں ہے۔

وصحَّ نكاح حبلىٰ من زنا لاحبلى من غيره الخ (الدر المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٤٨، زكريا ٤/١٤١، الفتاوى التاتار خانية، زكريا ٤/٦٧، رقم:٥٥٤٨، هندية، زكريا١/٢٨٠، جديد ١/٣٤٦، قاضي خان على الهندية، زكريا ١/٣٦٦، جديد ١/٢٢١، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٨٥، هدايه اشرفي ديوبند ٢/٣١٢، البحر الرائق كوئٹه ٣/١٠٦، زكريا ٣/١٨٧) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵؍شوال المکرّم ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/۹۴۱)

اپنی مزنیہ حاملہ سے نکاح

سوال[۵۴۹۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زیب النساء غیر شادی شدہ لڑکی ہے؛ لیکن زیب النساء کو حمل قرار پا گیا، جس کی مدت چار ماہ کو پہونچ گئی۔ اب زیب النساء اس حمل کی نسبت محمد زاہد کی طرف کرتی ہے کہ میرا تعلق صرف محمد زاہد سے تھا اور کسی سے کوئی تعلق نہیں رہا اور محمد زاہد کے جماع کرنے سے ہی یہ حمل قرار پایا ہے، اب محمد زاہد سے پوچھا گیا کہ زینب النساء اپنے قول مذکورہ میں صادقہ ہے یا کاذبہ؟ محمد زاہد نے زیب النساء کے قول کی تصدیق کی کہ زیب النساء صادقہ ہے

اور حمل مذکور مجھ سے ہی قرار پایا ہے۔ اب زیب النساء کا نکاح محمد زاہد سے کرادیا گیا، یہ نکاح صحیح ہوا یانہیں؟ نیز وضع حمل کے قبل محمد زاہد کو زیب النساء سے وطی کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بحوالہ قلمبند فرما کر تسلی بخش جواب سے نوازیں۔

المستفتی: محمد خالد قاسمی، نماز کمیٹی جماعۃ المسلمین ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مذکورہ میں زیب النساء کا نکاح محمد زاہد کے ساتھ شرعی طور پر صحیح ودرست ہو چکا ہے اور محمد زاہد کے لئے زیب النساء کے ساتھ وضع حمل سے پہلے ہمبستری بھی جائز ہوگی اور بچہ جو زیب النساء کے بطن میں ہے، وہ محمد زاہد کا ہوگا اور محمد زاہد پر زیب النساء کے حقوق زوجیت اور نفقہ ادا کرنا بھی لازم ہوگا۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنىٰ...... (وقوله) **لو نكحها الزاني حل له وطؤها اتفاقاً والولدله ولزمه النفقة الخ** (الدر المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٤٨/٣، زكريا ١٤٢/٤)

إذا تزوج امرأة قد زنىٰ هو بها وظهربها حبل، فالنكاح جائز عند الكل، وله أن يطأها عند الكل، وتستحق النفقة عند الكل. كذا في الذخيرة. (هندية، زكريا١/ ٢٨٠، زكريا جديد ٣٤٦/١، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ٤٨٥/١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲؍ ذی الحجہ ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۰۶۱/۲۶)

زانی کا اس کی مزنیہ سے نکاح

سوال [۵۵۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ گرام راجہ کا تاج پور، ڈاکخانہ خاص، ضلع بجنور میں ایک واقعہ ابھی حال ہی میں رونما ہوا ہے، جس میں فتوی کی ضرورت درپیش آئی ہے؛ لہٰذا برائے کرم تکلیف گوارہ کرتے ہوئے عنایت فرمائیں۔

ایک لڑکے کا ایک لڑکی سے ناجائز تعلق تھا، اسی تعلق کے دوران لڑکے سے اس لڑکی کے حمل ٹھہر گیا، لڑکی بغیر نکاح کے کنواری ہے، اور لڑکا شادی شدہ بچوں دار ہے اور جو حمل لڑکی کے ٹھہرا ہوا ہے وہ بھی اسی لڑکے کا ہے جب ان دونوں کی بابت عام پبلک میں چرچا ہوگیا، تو برادری کی ایک میٹنگ ہوئی اور اس میں پنچایت نے یہ طے کیا کہ لڑکا کچھ روپیہ بطور جرمانہ لڑکی کے نام ڈاک خانہ یا بینک میں جمع کردے، پھر پنچایت کی اجازت سے لڑکے کا نکاح اس لڑکی سے کرادیا گیا ہے؛ لہٰذا دوران حمل میں جو نکاح ہوا ہے وہ جائز ہے یا ناجائز ہے؟

المستفتی: مظفر حسین ولد عبدالعزیز انصاری، گرام راجہ کا تاج پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دوران حمل کنواری لڑکی کا نکاح زانی مرد کے ساتھ صحیح اور درست ہے اور نکاح چونکہ زانی کے ساتھ ہوا ہے؛ اس لئے ہمبستری بھی جائز ہے۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنا (إلى قوله) لو نكحها الزاني حل له وطؤها اتفاقاً، والولد له ولزمه النفقة الخ (الدر المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/۴۸، زكريا ۴/۱۴۲)

رأى امرأة تزني فتزوجها، وللزوج أن يطأها بغير استبراء على الخلاف المذكور. (مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۱/۴۸۵، هندية، زكريا قديم ۱/۲۸۰، زكريا جديد ۱/۳۴۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍ جمادی الثانیہ ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷؍۲۷۱۲)

اپنی مزنیہ سے نکاح اور وطی

سوال [۵۵۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے ایک لڑکی سے پیار ومحبت کی، اس کے بعد فعل حرام کا ارتکاب کر بیٹھا، تو اب اپنی مزنیہ سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟ مفصل جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: ببلو، گوئیاں باغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زانی اور مزنیہ دونوں عند اللہ سخت ترین گناہ اور عذاب الٰہی کے مستحق ہوں گے اللہ تعالیٰ سے اپنے فعل شنیع سے خالص توبہ کرنا لازم ہوگا۔ اور اب دونوں کا آپس میں نکاح کر لینا اور نکاح کے بعد ہمبستر ہونا جائز ہوگا۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنىٰ (إلى قوله) لو نكحها الزاني حل له وطؤها اتفاقًا الخ (الدر المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٤٩، زكريا٤/١٤٢، هندية، زكريا١/٢٨٠، جديد ١/٣٤٦، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٨٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹ر صفر المظفر ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/۲۵۵۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۲/۲/۱۹ھ

ناجائز تعلقات کے بعد باہم نکاح اور اولاد کا حکم

سوال[۵۵۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکا جس کی عمر تقریباً ۳۰ر سال ہے لڑکے کا نام جہانگیر عالم ایک لڑکی مہرین جہاں سے پیار کرنے لگا، اسی درمیان لڑکا لڑکی ایک دوسرے سے قریب ہوگئے

اور ہمبستر ہوگئے، کچھ دنوں کے بعد ان دونوں کی شادی کرادی گئی، شادی کے چھ مہینہ کے بعد اس کے گھر ایک لڑکی پیدا ہوئی تو اس بچی کو اس کے رشتہ دار یہ کہتے ہیں کہ یہ بچی حرام کی ہے، تو قرآن وحدیث کی روشنی میں بتائیں کہ حرام کی ہے یا حلال کی اور یہ نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟

المستفتی: محمد فاروق، بارہ دری بڑا کنواں گلی نمبر ۳/، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس لڑکے اور لڑکی کے درمیان ناجائز تعلق ہوجائے، ان کے درمیان آپس کا نکاح شرعی طور پر جائز اور درست ہے؛ لہٰذا مذکورہ نکاح صحیح اور درست ہوا اور حمل کی مدت کم سے کم چھ مہینہ ہوتی ہے اور نکاح کے چھ مہینہ پورے ہونے کے بعد جو بچہ پیدا ہوتا ہے، وہ نکاح کے بعد کے حمل کا شمار ہوتا ہے؛ لہٰذا مذکورہ صورت میں جو بچہ پیدا ہوا ہے، وہ شرعی طور پر نکاح اور حلال کا ہے؛ اس لئے اس کے بارے میں چہ میگوئیاں کرنا جائز نہیں ہے۔

وإذا تزوج الرجل امرأة فجاء ت بالولد لأقل من ستة أشهر منذ يوم تزوجها لم يثبت نسبه، وإن جاء ت به لستة أشهر فصاعداً يثبت نسبه منه اعترف به الزوج، أو سكت. (تاتارخانية، قديم ٤/٧٧، زكريا جديد ٤/٣١١)

وقد اجمع أهل الفتوىٰ من الأمصار على أنه لايحرم على الزاني تزوج على من زنىٰ بها. (فتح الباري، كتاب النكاح، باب مايحل من السناء وما يحرم تحت رقم: ٥١٠٥، دار الفكر بيروت ٩/١٥٧، اشرفية ديوبند ٩/١٩٠)

لونكحها الزاني حل له وطؤها اتفاقاً، والولد له أي إن جاء ت بعد النكاح لستة أشهر. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٤٩، زكريا ٤/١٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۰۷۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۶/۶ھ

کیا زنا سے حمل شدہ لڑکی کا نکاح زانی سے درست ہے؟

سوال [۵۵۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکے اور ایک لڑکی میں عشق ہوگیا پھر دونوں نے زنا کرلیا، اس سے حمل قرار پا گیا، تو کچھ لوگوں نے ان دونوں کا نکاح آپس میں کردیا، تو شرعاً یہ نکاح ہوگیا یا نہیں؟ اگر نکاح ہوگیا تو دونوں ایک ساتھ رہ سکتے ہیں اور ہمبستری جائز ہے یا نہیں؟ شرعی حکم تحریر فرمادیں۔

المستفتی: یوسف علی، جامع مسجد مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شرعی طور پر زنا سے حمل شدہ لڑکی کا نکاح زانی مرد کے ساتھ جائز اور درست ہے اور جب اسی مرد سے حمل ٹھہرا ہے، تو نکاح کے بعد دونوں کا ایک ساتھ رہنا اور ہمبستر ہونا جائز ہے۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنىٰ لا حبلىٰ من غيره (إلى قوله) لو نكحها الزاني حل له وطؤها اتفاقاً والولد له ولزمه النفقة. (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٤٩، زكريا ٤/١٤١)

إذا تزوج امرأة قد زنىٰ هو بها وظهر بها حبل، فالنكاح جائز عند الكل، وله أن يطأها عند الكل، وتستحق النفقة عند الكل. (الهندية، زكريا ١/٢٨٠، جديد ١/٣٤٦، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٨٥)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/ ذی الحجہ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۰۷۲/۳۳)

ولد الزنا سے نکاح

سوال [۵۵۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ابھی چند روز قبل میں نے اپنی لڑکی کا رشتہ طے کیا ہے، لڑکا خوبصورت برسر روزگار، تعلیم یافتہ فی الحال پنجوقتہ نمازی ہے میری لڑکی بھی دین ودنیا کی تعلیم سے آراستہ اور نمازی ہے؛ لیکن اب مجھے معلوم ہوا ہے کہ لڑکے کے لڑکی کے ساتھ والدین کے شادی کرنے سے پہلے تعلقات تھے اور یہ بچہ نکاح سے پہلے پیدا ہوا تھا، یہ سن کر میں بہت پریشان ہوں، ایسی حالت میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ میری لڑکی کا نکاح اس لڑکے سے درست ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: عبید اللہ بھاگلپوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر لڑکی راضی ہے تو باپ کی مرضی کے مطابق مذکورہ لڑکے کے ساتھ نکاح جائز اور صحیح ہوجائے گا۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۲۱۶/۸)

بعدم جوازه وهذا إذا كان لها ولي لم يرض به قبل العقد، فلا يفيد الرضا بعده، وأما إذا لم يكن لها ولي، فهو صحيح نافذ مطلقاً اتفاقاً. (شامي، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ۵۰/۳، زكريا ۱۵۷/٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/ ذی الحجہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۲۶۰/۳۲)

زانی اور مزنیہ کے بیٹے اور بیٹی کا آپس میں نکاح

سوال [۵۵۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زانی کے بیٹے اور مزنیہ کی بیٹی کا یا اس کے برعکس مزنیہ کے بیٹے اور زانی کی

بیٹی کا آپس میں نکاح جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد سمیع اللہ میرٹھی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زانی کے بیٹے اور مزنیہ کی بیٹی کا اور اسی طرح مزنیہ کے بیٹے اور زانی کی بیٹی کا نکاح آپس میں جائز ہے۔ (مستفاد: محمودیہ میرٹھ ۱۶/۴۲۳، ڈابھیل ۱۱/۲۷۸، فتاوی حقانیہ ۴/۴۱۲، کتاب الفتاوی ۴/۳۴۹)

ويحل لأصول الزاني، وفروعه أصول المزني بها وفروعها. (شامي، زكريا٤/١٠٧، كراچي ٣/٣٢، البحر الرائق، زكريا٣/١٧٩، كراچي ٣/١٠١)

ولابأس بأن يتزوج الرجل امرأة، ويتزوج إبنه أمها، أو بنتها. (مجمع الأنهر ١/٤٨١، فقيه الأمت هندية١/٢٧٧، زكريا هندية اتحاد ١/٣٤٢)

ولاتحرم أصولها، وفروعها على ابن الواطي وأبيه كما في المحيط السرخسي. (مجمع الأنهر، دار الكتب العلمية بيروت ١/٤٨١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/۱۱۴۷۷)

زانیہ وزانی کی اولاد کا باہم نکاح

سوال [۵۵۰۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کے ناجائز تعلقات زاہدہ سے تھے، زید اور زاہدہ دونوں شادی شدہ تھے، دونوں صاحب اولاد بھی ہیں، پھر زید کے لڑکے خالد کے تعلقات زاہدہ کی لڑکی فرزانہ سے ہو گئے، خالد نے چپکے سے گواہان کی موجودگی میں فرزانہ سے نکاح کرلیا۔

اب یہ دریافت کرنا ہے کہ لڑکی سے نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ چونکہ خالد کے والد کے ناجائز تعلقات فرزانہ کی والدہ سے تھے ہوسکتا ہے کہ یہ انہیں کے نطفہ

سے ہو؛ اس لئے نکاح درست نہیں تو شریعت کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد عرفان، امروہہ، جے پی نگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زانیہ کی اولاد کی دو شکلیں ہیں:

(۱) زانیہ غیر شادی شدہ ہے اور اسی زمانہ میں بدکاری کے ذریعہ سے بچہ پیدا ہوا، تو اب اس بچہ کا نکاح زانی کی اولاد کے ساتھ جائز نہیں ہے، اسی طرح زانیہ شادی شدہ ہے، مگر زانیہ کا شوہر سالوں سے گھر سے غائب ہے اور اسی درمیان میں زنا کے نطفہ سے زانیہ سے بچہ پیدا ہوا تو شرعی طور پر یہ بچہ زانیہ کے شوہر کا شمار ہوگا؛ لیکن زنا کے نطفہ سے پیدا ہونے کا یقین ہے؛ اس لئے اس بچہ کا نکاح بھی زانی کی اولاد کے ساتھ جائز نہیں ہے۔

(۲) دوسری شکل یہ ہے کہ زانیہ شادی شدہ ہے اور شوہر ہی کے ساتھ رہتی ہے، اسی اثنا میں غیر مرد کے ساتھ ناجائز تعلق کا سلسلہ بھی ہے، تو ایسی صورت میں زانیہ کا بچہ ہر اعتبار سے شوہر ہی کا شمار ہوتا ہے، محض زانی کے نطفہ ہونے کے شبہ کا اعتبار نہیں ہے، تو ایسی صورت میں زانیہ کے لڑکے کا نکاح زانی کی لڑکی سے اسی طرح زانیہ کی لڑکی کا نکاح زانی کے لڑکے کے ساتھ جائز اور درست ہے؛ لہٰذا سوال نامہ میں جو صورت ہے وہ یہی صورت ہے؛ اس لئے خالد کا نکاح زاہدہ کی لڑکی فرزانہ کے ساتھ شرعی طور پر جائز اور درست ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ دارالعلوم ۷/ ۳۴۸، ۳۴۹، امداد الاحکام ۳/ ۲۴۶، احسن الفتاویٰ ۵/ ۴۷)

ویحل لأصول الزاني وفروعه، أصول المزني بها و فروعها. (شامي، کراچي ۳/ ۳۲، زکریا ٤/ ۱۰۷، هکذا في البحرالرائق، زکریا۳/ ۱۷۹، کوئٹه ۳/ ۱۰۱)

ولاتحرم أصولها وفروعها على ابن الواطي وأبيبه. (الموسوعة الفقهية الکویتیه٣٦/ ٢١٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۰۶۰)

زانی کی اولاد کا مزنیہ کی اولاد سے نکاح

سوال [۵۵۰۷]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زاہد نے عابد کی بیوی سے زنا کیا، زانی اورمزنیہ دونوں شادی شدہ ہیں دونوں کی اولادیں ہیں۔اب زانی اپنے لڑکے کی شادی مزنیہ کی لڑکی سے کرنا چاہتاہے،تواس طرح نکاح کرنا شرعاً جائزہے یانہیں؟

المستفتی: فیاض احمد، بھاگلپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زانی اپنے لڑکے کی شادی مزنیہ کی لڑکی سے کرنا چاہے توشرعاً جائزہے۔

ويحل لأصول الزاني وفروعه، أصول المزني بها و فروعها. (البحر الرائق، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كوئٹه ۳/۱۰۱، زكريا ۳/۱۷۹، شامي، زكريا ٤/۱۰۷،كراچي ۳/۳۲)

ولاتحرم أصولها و فروعها على ابن الواطي وأبيه. (الموسوعة الفقهية الكويتية٣٦/٢١٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍جمادی الاولیٰ ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر:الف ۵۷۵۶/۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۵/۲۰ھ

زانی اورمزنیہ کے فروع کا نکاح

سوال [۵۵۰۸]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بکرنے ایک بالغہ لڑکی کی پستان کو بہ شہوت چھوا یعنی مس کیا جماع نہیں کیا، اس کی لڑکی کا نکاح بکر کے فرزند سے جائزہے کہ نہیں؟

المستفتی: محمد وسیم کانکی نارہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مستفتی کے توجہ دلانے کا بہت بہت ممنون اوراحسان ہے۔ ۲۹؍ذی الحجہ ۱۴۳۰ھ کے لکھے ہوئے جواب میں احقر کومغالطہ ہوا ہے؛ اس لئے نئے سرے سے دوبارہ جواب لکھا جارہا ہے، جواب کا حاصل یہ ہے کہ زانی اور زانیہ اورلامس اورممسوسہ کی حرمت مصاہرت کے بارے میں حکم شرعی یہ ہے کہ زانی اورلامس کے اصول وفروع حرام ہوجاتے ہیں، اسی طرح زانیہ اورممسوسہ کے لئے زانی اورلامس کے اصول وفروع حرام ہوجاتے ہیں؛ لیکن ان دونوں کا آپس میں نکاح جائز ہے اورلامس اورزانی کی دوسری بیوی کے بطن کی اولاد کے لئے زانیہ اورممسوسہ کے بطن کی دوسرے شوہر کی اولادوں کے درمیان حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوتی؛ بلکہ ان کے درمیان آپس میں مناکحت جائزاوردرست ہے۔

حتی لوزنا بامرأة حرمت علیه أصولها، و فروعها، وحرمت المزنیة علی أصوله وفروعه، ولاتحرم أصولها و فروعها علی ابن الواطي و أبیه. (مجمع الأنهر، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، درالکتب العلمیة بیروت ۱/۴۸۱، قدیم ۱/۳۲۶)

وفي تجنیس خواهرزاده: ولایحرم علی ولد الواطي، ولا علی أبیه ولد الموطؤة، ولا أمهاتها. (تاتاخانیة، زکریا ۴/۴۹، رقم:۵۴۸۹)

ویحل لأصول الزاني وفروعه، أصول المزني بها وفروعها. (شامي، زکریا ۴/۱۰۷، کراچي ۳/۳۲، البحرالرائق، کوئٹه ۳/۱۰۱، زکریا۳/ ۱۷۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ربیع الاول ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۹۱۰/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۳/۵ھ

کیا زانی مزنیہ کے فروع کا آپس میں نکاح درست ہے؟

سوال [۵۵۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ خالدہ نے شاکر کے نکاح میں رہتے ہوئے زید سے ناجائز تعلقات کر لئے، جس کے نتیجے میں ایک لڑکی پیدا ہوئی، جب یہ لڑکی بڑی ہوئی تو زید نے جو زانی ہے اپنے لڑکے سے اس مزنیہ خالدہ کی اس زنا سے پیدا شدہ لڑکی سے نکاح کر دیا معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا یہ نکاح درست ہے؛ جبکہ شاکر منع کرتا ہے کہ یہ میرے نطفہ سے نہیں ہے، اگر چہ خالدہ میرے نکاح میں ہے اور خالدہ بھی یہی کہتی ہے کہ اس ناجائز زید سے تعلقات کی وجہ سے یہ لڑکی پیدا ہوئی ہے، ان حالات میں خالدہ مزنیہ منکوحہ کی لڑکی کا نکاح زید زانی کے لڑکے سے درست ہے؟

(۲) زنا سے پیدا شدہ بچہ کا نسب جبکہ مزنیہ شادی شدہ ہے، کس سے ثابت ہوگا۔

(۳) شاکر جب اپنی بیوی سے پیدا شدہ بچہ کا انکار کرتا ہے، تو کیا لعان کا حکم ہوگا اور کیا ہندوستان میں لعان ہوسکتا ہے؟

المستفتی: محمد محسن ،نہٹور،بجنور (یو پی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) خالدہ اور زید کے درمیان میں بدکاری کا جو واقعہ پیش آیا ہے، جس کے دونوں اقراری بھی ہیں، اگر اسلامی حکومت ہوتی تو دونوں کو سنگسار کر کے جان سے مارنے کا حکم دیدیا جاتا اور یہ واقعہ خالدہ کے شاکر کے نکاح میں رہنے کے درمیان میں پیش آیا ہے؛ اس لئے خالدہ سے جو لڑکی پیدا ہوئی ہے وہ شرعاً شاکر ہی کی لڑکی ہوگی اور زید کا جو لڑکا اس کی بیوی سے پیدا ہوا ہے اس کا نکاح خالدہ کی مذکورہ لڑکی کے ساتھ شرعاً جائز اور درست ہے؛ اس لئے کہ زانی اور مزنیہ کی اولادوں کے درمیان حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوتی اور ان کا آپس میں نکاح جائز ہے، ہاں البتہ خود زانی کے لئے مزنیہ کے اصول وفروع اور اسی طرح مزنیہ کے لئے زانی کے اصول وفروع حرام ہیں۔

وفي تجنيس خواهرزاده: ولايحرم على ولد الواطي، ولا على أبيه

ولد الموطؤة، ولا أمهاتها. (تاتار خانية، جديد زكريا ٤/٤٩، رقم:٥٤٨٩، الفصل السابع في اسباب التحريم، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٨١)

حتى لوزنا بامرأة حرمت عليه أصولها، و فروعها، وحرمت المزنية على أصوله وفروعه، ولاتحرم أصولها و فروعها على ابن الواطي وأبيه. (مجمع الأنهر، قديم ١/٣٢٦)

ويحل لأصول الزاني وفروعه، أصول المزني بها وفروعها. (شامي، زكريا ديوبند ٤/١٠٧، كراچي ٣/٣٢)

(۲) اگر مزنیہ سے شادی کے چھ مہینے کے بعد مذکورہ بچہ پیدا ہوا ہے تو شرعاً وہ بچہ اسی شوہر کا شمار ہوگا، اسی سے اس کا نسب ثابت ہوگا۔

عن عائشةؓ كان عتبة عهد إلى أخيه سعد أن ابن وليدة زمعة مني فاقبضه إليك، فلما كان عام الفتح أخذه سعد قال: ابن أخي عهد إلي فيه فقام عبد بن زمعة، فقال اخي و ابن وليدة أبي ولد على فراشه، فتساوقا إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال النبي صلى الله عليه وسلم هو لك يا عبد بن زمعة الولد للفراش، وللعاهر الحجر. (بخاري، كتاب الفرائض، باب الولد للفراش ٢/٩٩٩، رقم:٦٤٩٢، ف:٦٧٤٩)

(۳) لعان کے جاری کرنے کے لئے بہت سی شرائط ہیں، جن میں سے ایک اہم شرط دار الاسلام کا ہونا ہے؛ لہٰذا ہندوستان جیسے ملک میں لعان کا حکم نافذ نہیں ہوگا۔

ويشترط في القاذف خاصة –إلى قوله– وكونه في دار الإسلام.

(شامي، كتاب الطلاق، باب اللعان، كراچي ٣/٤٨٣، زكريا ٥/١٥٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ رجب المرجب ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۱۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۸/ ۷/ ۱۴۳۱ھ

ممسوسہ کی لڑکی سے اپنے لڑکے کا نکاح کرنا

سوال [۵۵۱۰]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بکراور ہندہ کے درمیان ناجائز تعلق قائم تو نہیں ہوا،مگر بکر ہندہ کے جسم سے لطف اندوز ہوا، بوس وکنار کیا۔ اب بکر یہ چاہتا ہے کہ اپنے بیٹے کا نکاح ہندہ کی لڑکی سے کردے،تو کیا یہ نکاح درست ہے یا غلط؟

المستفتی: افتخاراحمد،ارریہ(بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بکر کے ہندہ کے جسم سے لطف اندوز ہونے اور بوس وکنار ہونے کے نتیجے میں بکر کے لئے ہندہ کے اصول وفروع اور ہندہ کے لئے بکر کے اصول وفروع تو حرام ہوگئے؛ لیکن بکر کے بیٹے کا نکاح ہندہ کی لڑکی کے ساتھ جائز اور درست ہے۔

في الشامية: ويحل لأصول الزاني وفروعه، أصول المزني بها وفروعها. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات كراچي ۳۲/۳، زكريا ۱۰۷/٤)

ولايحرم على ولد الواطي، ولا على أبيه ولد الموطؤة، ولا أمهاتها. (تاتاخانية، زكريا ٤۹/٤، رقم: ٥٤٨۹، مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ٤٨١/١، البحرالرائق كوئٹه ١٠١/٣، زكريا ١٧٩/٣، الموسوعة الفقهية الكويتية ٢١٤/٣٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ربیع الاول ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۵۱۵/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۳/۱۶ھ

زانیہ بیوی کو رکھنے اور اس کے حمل و اسقاط کا حکم

سوال[۱۱۵۵۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی بیوی کا کسی غیر آدمی سے ناجائز تعلق ہوگیا ہے، زید نے اپنی بیوی کو اس غیر آدمی کے ساتھ سینما میں بیٹھے ہوئے دیکھا زید نے اپنی بیوی سے اس غیر آدمی کے ساتھ تعلق کے بارے میں پوچھا تب بیوی نے بھی تعلق ہونے کا اقرار کیا، زید اور اس کی بیوی کو غیر آدمی کے حمل ہونے کا امکان ہے، ایسی صورت میں زید اپنی بیوی کو اپنے نکاح اور اپنے ساتھ رکھ کر از روئے شرع گنہگار تو نہیں ہوگا؟

(۲) مندرجہ بالا حمل کو ضائع کرنا چاہئے یا نہیں جو کہ یقینی غیر شخص کا ہے؟

المستفتی: ریاست حسین خاں، محلّہ جمنی، قصبہ اسلام نگر، بدایوں (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کے اوپر لازم تھا کہ بیوی کو سینما جانے سے روکے بیوی کو اس طرح آزاد چھوڑنے کی وجہ سے زید بھی گنہگار ہوگا۔

مذکورہ حالات میں زید اپنی بیوی کو شرعاً اپنی زوجیت میں رکھ سکتا ہے، جو اولاد پیدا ہوگی، وہ شرعاً زید کی ہوگی حدیث میں آتا ہے۔

عن عائشةؓ –قال النبي صلى الله عليه وسلم: ......هولك يا عبد بن زمعة، الولد للفراش، وللعاهر الحجر. الحديث (بخاري۲/۹۹-۶۴۹۲، ف:۶۷۴۹)

لہٰذا زید پر بیوی کا نان ونفقہ واجب رہے گا اور جو بچہ پیدا ہوگا اس کی پرورش کا انتظام بھی اس پر واجب ہوگا، وہ شرعاً زید ہی کا بچہ ہے۔

(۲) حمل کا ضائع کرنا جائز نہیں۔ (مستفاد: امداد الفتاوی۴/۱۹۵)

يكره أن تسقي لإسقاط حملها (إلى قوله) قبل التصور وبعده. (شامي، كتاب الحظر و الإباحة، فصل في البيع، كراچي ۶/۴۲۹، زكريا۹/۶۱۵)

العلاج لا سقاط الولد إذا استبان خلقه كالشعر، و الظفر و نحوهما لا يجوز. (هندية، زكريا ٥/ ٣٥٦، جديد ٥/ ٤١١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹رشوال المعظم ۱۴۰۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸۶/۲۳)

مزنیہ سالی کی لڑکی سے زانی کے لڑکے کا نکاح

سوال [۵۵۱۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کے اپنی سالی سے تعلق کی وجہ سے ایک لڑکا ہوا ہے، تو کیا زید اپنی حقیقی بیٹی کی شادی اس لڑکے سے کرسکتا ہے؟

دوسرے رشتہ داروں کو چونکہ یہ معلوم نہیں کہ یہ لڑکا اور لڑکی ایک مرد کے نطفہ سے ہیں؛ اس لئے ان کو اسی رشتہ پر اصرار ہے؛ جبکہ زید اور اس کی سالی حقیقت سے واقف ہیں؛ اس لئے وہ اس شادی سے راضی نہیں؛ لیکن رشتہ داروں اور بڑوں کے دباؤ سے اس رشتہ پر مجبور ہیں۔ کیا شرعاً یہ رشتہ درست ہے؟

المستفتی: محمد وسیم کانکی نارہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید نے اپنی سالی سے جوزنا کیا اس سے جو لڑکا پیدا ہوا ہے، اس لڑکے کا نکاح زید کی حقیقی بیٹی سے درست ہے۔

إن البنت من الزنا لا تحرم على عم الزاني، وخاله -إلى قوله- وأما التحريم على آباء الزاني، وأولاده، فلاعتبار الجزئية، ولاجزئية بينها و بين العم، والخال. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/ ٢٩، زكريا ٤/ ١٠٣)

ولا يحرم على الواطي ولا على أبيه ولد الموطوءة ولا أمهاتها الخ. (تاتار خانية، جديد ٤/ ٤٩، رقم: ٥٤٨٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ربیع الاول ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸؍ ۹۹۱۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۳/۵ھ

مکرہ علی الزنا سے نکاح

سوال [۵۵۱۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی جس کی عمر تقریباً ۱۶؍۱۷ سال ہوگی، اس سے ایک بات سرزد ہوگئی (زنا بالجبر) کیا ایسی عورت کے ساتھ نکاح درست ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ اس کا حمل گرا دیا گیا کیا ایسی عورت کے ساتھ نکاح کرنے میں کوئی قباحت تو نہیں؟ اس کا جواب مدلل ومفصل تحریر فرمائیں۔

المستفتی: قاری محمد میاں جان القاسمی، گھوسیاں توپ خانہ روڈ، گھوسی والی مسجد، رام پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس عورت سے نکاح شرعاً درست اور صحیح ہے۔

وصح نكاح حبلىٰ من زنا لاحبلىٰ من غيره. (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/ ٤٨، زكريا ٤/ ١٤١)

وصح نكاح حبلىٰ من زنا، عند الطرفين وعليه الفتوىٰ لدخولها تحت النص. (مجمع الأنهر، باب المحرمات، دارالكتب العلمية بيروت ١/ ٤٨٥)

وان تزوج حبلىٰ من زنا جاز النكاح. (هداية، اشرفي ديوبند ٢/ ٣١٢، هندية، زكريا قديم ١/ ٢٨٠، زكريا جديد ١/ ٣٤٦، قاضي خان على الهندية، زكريا ١/ ٣٦٦، جديد ١/ ٢٢١، البحرالرائق، كوئٹه ٣/ ١٠٦،

زکریا۳/۱۸۷، تاتارخانیة، زکریا ٤/٦٧، رقم:٥٥٤٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍شوال المکرّم ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴؍۹۱۳)

بہنوئی سے حاملہ سالی کا بھائی سے نکاح

سوال [۵۵۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اپنی بیوی کی بہن فاطمہ سے صحبت کر لیتا ہے، اور فاطمہ کو اس صحبت سے حمل ٹھہر جاتا ہے، پھر زید اپنی سالی فاطمہ کا نکاح اپنے بھائی بکر سے کر دیتا ہے، تو کیا اس طرح سے فاطمہ کا نکاح بکر سے درست ہے؟

المستفتی: محمد مرتضی اعظمی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر فاطمہ کو زنا سے حمل ٹھہر گیا ہے، تو اس حال میں بکر کے ساتھ شرعاً نکاح درست ہوگا؛ البتہ وضع حمل سے پہلے پہلے بکر کے لئے فاطمہ کے ساتھ وطی کرنا جائز نہیں ہوگا۔

وصح نكاح حبلیٰ من زنا لا حبلیٰ من غيره– إلی الزاني لثبوت نسبه الخ

(در مختار، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، کراچي۳/٤٨، زکریا٤/١٤١)

وصح نكاح حبلیٰ من زنا، عند الطرفين وعليه الفتویٰ لدخولها تحت النص. (مجمع الأنهر، باب المحرمات، دارالکتب العلمية بيروت ١/٤٨٥)

وان تزوج حبلیٰ من زنا جاز النكاح، ولا يطأها حتی تضع حملها.

(هداية، اشرفي ديوبند ٢/٣١٢، هندية، زکريا ١/٢٨٠، جديد ١/٣٤٦، قاضي خان علی الهندية، زکريا١/٣٦٦، جديد ١/٢٢١، الفتاوی تاتارخانية، زکريا ٤/٦٧،

رقم:۵۵٤۸، البحرالرائق، کوئٹہ ۱۰۶/۳، زکریا۱۸۷/۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ ربیع الاول ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۷۱۰/۲۵)

حالت حیض میں نکاح

سوال[۵۵۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حیض کی حالت میں نکاح کرانا درست ہے یا نہیں؟ حیض کی حالت معلوم ہو یا نہ ہو بہر دوصورت جو مسئلہ ہو جواب سے سرفراز فرمائیں۔

المستفتی: عابد حسین، محلّہ نیو بستی انصار کلاں، قصبہ نرولی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حیض کی حالت میں بلا کراہت اور بلا شبہ نکاح منعقد ہوجاتا ہے؛ کیوں کہ حیض صرف مانع جماع ہے، مانع نکاح نہیں ہے۔

فَاعْتَزِلُوْا النِّسَآءَ فِيْ الْمَحِيْضِ. [بقرہ:۲۲۲]

عن المسور بن مخرمة أن سبيعة الأسلمية نفست بعد وفاة زوجها بليال، فجاءت النبي صلى الله عليه وسلم، فاستأذنته أن تنكح، فأذن لها فنكحت. (صحيح البخاري، كتاب الطلاق، باب واولات الأحمال أجلهن أن يضعن حملهن، النسخة الهندية ۸۰۲/۲، رقم:۵۱۱۹، ف:۵۳۲۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱ صفر المظفر ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۰۱۷/۲۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۳/۲/۱۱ھ

حیض کی حالت میں نکاح

سوال[۵۵۱۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ایک لڑکی کے منع کرنے پر کہ ابھی نکاح کی یہ تاریخ مت رکھئے؛ کیونکہ اس کو ایم سی ہورہی ہے، اس کی والدہ نے وہی تاریخ رکھدی اور دوران ایم سی اس کا نکاح پڑھا دیا گیا، کیا نکاح ہوگیا یا نہیں یا اب کیا کرنا چاہئے؟

المستفتی: محمد شاہنواز، چندوسی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ایم سی سے مراد حیض اور ماہواری ہے، تو حالت حیض میں عقد نکاح کرنا شرعاً جائز اور درست ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۲۷۸/۳، جدید ڈابھیل ۱۱۶/۱۱)

عن المسور بن مخرمة أن سبيعة الأسلمية نفست بعد وفاة زوجها بليال، فجاءت النبي صلى الله عليه وسلم، فاستأذنته أن تنكح، فأذن لها فنكحت. (صحيح البخاري، كتاب الطلاق، باب واولات الأحمال أجلهن أن يضعن حملهن، النسخة الهندية ۸۰۲/۲، رقم: ۵۱۱۹، ف: ۵۳۲۰) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۱۸/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱۸۵/۲۸)

(۱۵) باب من لا یحل نکاحه

غیر مقلد کے ساتھ حنفی لڑکی کا نکاح

سوال [۵۵۱۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ جولوگ پہلے سے غیر مقلد ہیں یعنی بیوی والے غیر مقلدین ہیں اور جن سے شرعی وفروعی مسائل میں بہت سخت اختلافات ہوتے رہتے ہیں، ان کے ساتھ رشتے ناطے منگنی بیاہ وغیرہ کرنا کیسا ہے؟ اس طرح خواہش نفس کے تابع ہوکر مسلک کی تبدیلی جائز ہے یا نہیں؟ مفصل جواب مع دلائل مطلوب ہے۔

المستفتی: لیاقت علی ٹانڈہ بادلی ضلع رامپور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: غیر ملقدین کے ساتھ حنفی لڑکی کا نکاح نہیں کرنا چاہئے ورنہ بعد میں مختلف پریشانیاں اٹھانی پڑتی ہیں اور وہ حنفی کے ہم کفو نہیں ہے، اس طرح خواہش نفس کے تابع ہوکر غیر مقلد بن جانا شریعت کا مذاق اڑانا ہے، یہ زبردست گناہ عظیم ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۱۹۸/۵)

ليس للمقلد الرجوع عن مذهبه. (شامي، كتاب الطلاق، باب التعليق، كراچي ۳۴۸/۳، زكريا ۵۹۸/٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

كتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/صفر المظفر ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۰۲۹/۲۸)

غیر مقلد عورت سے نکاح

سوال [۵۵۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ غیر مقلدین کی عورت سے نکاح جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد آفتاب عالم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہر ایمان والی عورت سے نکاح درست ہے اور غیر مقلد عورت سے بھی نکاح کرنا جائز ہے؛ لیکن شریعت نے آپس میں جو کفو کا اعتبار کیا ہے، وہ آپس میں نبھاؤ کے پیش نظر ہے؛ اس لئے مقلد کے گھر میں غیر مقلد عورت کا نبھاؤ ہو سکے گا یا نہیں خود صاحب معاملہ اس سلسلہ میں سوچ لیں۔

عن عائشةؓ، قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تخيروا لنطفكم وانكحوا الأكفاء، وانكحوا إليهم. (ابن ماجه، كتاب النكاح، باب الأكفاء، النسخة الهندية ١/ ١٤١، دارالسلام رقم:١٩٦٨، المستدرك، كتب النكاح، قديم٢/ ١٦٣، مكتبه نزار مصطفىٰ رقم:٢٦٨٧)

عن جابرؓ، أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: إن المرأة تنكح على دينها، ومالها، وجمالها، فعليك بذات الدين تربت يداك. (ترمذي، كتاب النكاح، باب ماجاء أن المرأة تنكح على ثلاث خصال، النسخة الهندية ١/ ٢٠٧، دارالسلام رقم: ١٠٨٦، مسند الدارمي، دارالمغني ٣/ ١٣٨٧، رقم:٢٢١٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ ذی الحجہ ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۲۳۵)

حنفی المسلک کا شیعہ سے نکاح

سوال [۵۵۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زینب مذہباً اہل سنت وحنفی المسلک ہے، اس نے ایک شیعہ اثنا عشریہ شخص

مسمی محمود سے مطابق مذہب اہل سنت نکاح کرلیا۔ اور لکھنؤ کے مطبوعہ نکاح نامہ مصدقہ فرنگی محل کی خانہ پوری کر کے دونوں نے اس پر دستخط کر دیئے تھے، پھر ایک سال تک تعلقات زن وشوہر قائم رہے، اس دوران مسماۃ زینب کو خلفاء ثلاثہ کے خلاف کتب شیعہ محمود لا کر دیتا رہا اور پڑھنے کی ہدایت کرتا رہا اور کچھ نہیں کہتا، مسماۃ زینب کو محمود کی یہ باتیں سخت ناگوار ہوتیں، اسی دوران جب ایک عالم صاحب سے معلوم ہوا کہ علماء کا متفقہ فیصلہ ہے کہ شیعہ اسلام سے خارج ہے، تو مسماۃ زینب نے محمود سے قطع تعلق کرلیا اور اپنے شوہر محمود سے طلاق لینے کی کوشش کرتی رہی، مگر محمود طلاق دینے پر آمادہ نہیں ہورہا ہے، اس قطع تعلق کا عرصہ تین سال کا ہوگیا ہے؛ اس لئے دریافت طلب امر یہ ہے کہ مسماۃ زینب سنی المذہب کا نکاح مسمی محمود کے ساتھ جو ہوا تھا، وہ شرعاً منعقد ہوا یا نہیں اور اگر شرعاً منعقد ہوا، تو فسخ نکاح کے لئے کسی شرعی عدالت میں مسماۃ زینب رجوع کرے، تو شرعی عدالت کو اس نکاح کو فسخ کرنے کا اختیار ہے یا نہیں؟ اگر مسماۃ زینب کا محمود کے ساتھ نکاح منعقد ہی نہیں ہوا، تو کیا بدون فسخ نکاح وخلع وطلاق حاصل کئے بغیر کسی دوسرے سنی المذہب سے نکاح کرلے، تو وہ نکاح عنداللہ جائز اور صحیح ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: محمد یوسف معرفت کیمرج مشن ہائی اسکول، کنگھی والی نخاص لکھنؤ (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شیعہ اثنا عشریہ باجماع امت کافر اور مرتد ہیں؛ اس لئے زینب سنیہ کا نکاح شیعہ محمود کے ساتھ شرعاً منعقد نہ ہوا؛ لہٰذا زینب بدون طلاق وخلع حاصل کئے دوسرے سنی لڑکے سے نکاح کرسکتی ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۲۷۱/۷، فتاوی رشیدیہ قدیم ۴۶۹، جدید زکریا ۴۴۵، امداد الفتاوی ۲۲۷/۲)

مگر فتنہ وفساد سے بچنے کے لئے عدالت میں جا کر نکاح فسخ کرایا جائے تاکہ آئندہ کسی قسم کے فتنہ وفساد کا اندیشہ ہی نہ رہے۔ (مستفاد: جواہر الفقہ قدیم ۶۱/۱، جدید زکریا ۱۷۹/۱، امداد الفتاوی ۲۲۹/۲)

أن الرافضي إن كان ممن يعتقد الألوهية في علی أوأن حبرئيل غلط في الوحي، أو كان ينكر صحبة الصديقؓ، أو يقذف السيدة الصديقة، فهو كافر لمخالفته القواطع المعلومة من الدين بالضرورة. (رد المختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/۴٦، زكريا ٤/١٣٥)

نعم لا شک في تكفير من قذف السيدة عائشة رضي الله عنها، أو أنكر صحبة الصديقؓ، أواعتقد الألوهيه في علي أو أن جبرئيل غلط في الوحي، أو نحو ذلک من الكفر الصريح المخالف للقرآن. (شامي، كتاب الجهاد، باب المرتد، كراچي ٤/٢٣٧، زكريا ٦/٣٧٨، هندية، زكريا ٢/٢٦٤، جديد ٢/٢٧٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷؍ جمادی الثانیہ ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۳۵۸/۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۶/۲۷ھ

سنی لڑکے اور شیعہ لڑکی کا نکاح

سوال [۵۵۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکا سنی ہے اور ایک لڑکی شیعہ ہے، ان دونوں کے درمیان نکاح جائز ہے یا نہیں؟ کیا دونوں کو اپنی اپنی حالت پر رہتے ہوئے ازدواجی زندگی گذارنا جائز ہے یا شیعہ لڑکی کو سنی بننا پڑے گا؟

المستفتی: عبدالمجید مشتاق منزل کپور کمپنی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہمارے ہندوستان میں جتنے شیعہ ورافضی رہتے ہیں، وہ سب کے سب غالی شیعہ ورافضی کہلاتے ہیں، ان کے عقائد باطلہ کی بنا پر ان کوفرقہ

ضالہ میں شمار کیا گیا؛ اس لئے اہل سنت والجماعت کے اکثر فقہائے نے ان کے عقائد باطلہ کی بنا پر ان کے ساتھ رشتے ناطے اور ان کے ساتھ نکاح کو ناجائز اور فاسد لکھا ہے؛ اس لئے شیعہ لڑکی کے ساتھ سنی لڑکے کا نکاح اس وقت تک درست نہ ہوگا؛ جب تک کہ وہ شیعہ لڑکی سنی نہ بن جائے اور سنی بننے کے بعد آپس میں نکاح درست ہوجائے گا۔

الرافضي إذا كان يسب الشيخين، ويلعنهما "العياذ بالله" فهو كافر الخ ويجب إكفار الروافض في قولهم برجعة الاموات إلى الدنيا إلى آخره، وهولاء القوم خارجون عن ملة الإسلام، وأحكامهم وأحكام المرتدين.

(عالمگيري، كتاب السير، التاسع في أحكام المرتدين، مطلب موجبات الكفر أنواع، زكريا ۲/ ۲٦٤، جديد ۲/ ۲۷٦-۲۷۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ جمادی الثانیہ ۱۴۲۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸؍ ۹۰۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳؍ ۶؍ ۱۴۲۷ھ

شیعہ لڑکی کو سنی سمجھ کر نکاح کرنا

سوال [۵۵۲۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد ناصر نے ایک سال قبل دوران ملازمت دہلی میں ایک لڑکی سے سنی مسلمان سمجھتے ہوئے نکاح کیا اور اس سال ماہ محرم میں پتہ چلا کہ وہ شیعہ ہے، دریافت طلب امر یہ ہے کہ ناصر کا اس لڑکی سے نکاح درست ہوا یا نہیں؟" اور اب محمد ناصر اس لڑکی کے ساتھ رہ سکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: معظم علی چاندوالی مسجد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس لڑکی سے آپ نے سنی مسلمان سمجھ کر

نکاح کیا تھا، وہ اگر شیعہ تفضیلی ہے،تو اس سے نکاح درست ہوگیا؛ لیکن اگر وہ شیعہ غالی ہے یعنی حضرت علیؓ کی الوہیت، حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما پر سب وشتم اور حضرت عائشہ صدیقہؓ پر تہمت لگاتی ہے، تو اس سے نکاح ہی نہیں ہوا، اس کے ساتھ رہنا درست نہیں ہے؛ لہٰذا اس سے فوراً علیحدگی حاصل کر لی جائے۔

وبهذا ظهر أن الرافضي إن كان ممن يعتقد الألوهية في علي، أوأن جبرئيل غلط في الوحي، أو كان ينكر صحبة الصديق، أويقذف السيدة الصديقة، فهو كافر لمخالفته القواطع المعلومة من الدين بالضرورة بخلاف ما إذاكان يفضل علياً ويسب الصحابة، فإنه مبتدع لاكافر. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٤٦، زكريا ٤/١٣٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

الجواب صحیح:	کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ	۱۱/ ربیع الثانی ۱۴۳۵ھ
۱۴۳۵/۵/۱۱ھ	(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۴۸۳/۴۰)

سنی لڑکے کا جبرا غالی شیعہ کی لڑکی سے نکاح کا حکم

سوال [۵۵۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک سنی لڑکے کا نکاح شیعہ اثناء عشری لڑکی کے ساتھ کر دیا گیا؛ حالانکہ نکاح کے موقع پر لڑکے کے والدین موجود نہ تھے اور نہ ہی انہیں کسی بات کا علم تھا اور نہ ہی انہیں بلوایا گیا، لڑکی کے ورثاء نے اپنی مرضی سے نکاح کر دیا، تو کیا یہ نکاح از روئے شرع ہوا یا نہیں؟ مسئلہ کی شرعی وضاحت قرآن وحدیث کی روشنی میں فرمادیں۔

المستفتی: محمد عبدالرحمٰن، ہردوئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر شیعہ غالی اثناعشریہ ہیں، جو حضرت صدیق اکبرؓ

اور حضرت عمرؓ پر لعن طعن کریں اور ان دونوں کی صحابیت کا انکار کریں اور حضرت عائشہؓ پر تہمت کے قائل ہوں، تو یہ عملاً نص قطعی کا بھی انکار ہے، جس کی وجہ سے وہ اسلام سے خارج ہیں، ان کی لڑکیوں کے ساتھ مسلمان سنی لڑکے کا نکاح درست نہیں ہے؛ لہٰذا اگر وہ لڑکی شیعیت سے توبہ کر کے سنیت میں داخل ہوجاتی ہے، تو اس کے بعد نکاح درست ہوسکتا ہے، اس کے بغیر اس لڑکی کے ساتھ نکاح درست نہیں ہے؛ لہٰذا اس لڑکے کو اس لڑکی کے ساتھ رہنا درست نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۱/ ۴۵۶)

نعم لاشک في تکفیر من قذف السیدة عائشةؓ، أو أنکر صحبة الصدیقؓ، أو اعتقد الألوهیة في عليؓ، أو أن جبرئیلؑ غلط في الوحي، أو نحو ذلک من الکفر الصریح المخالف للقرآن. (شامي، کتاب الجهاد، باب المرتد، کراچي ۴/ ۲۳۷، زکریا ۶/ ۳۷۸)

أن الرافضي إذا کان یسب الشیخین و یلعنهما فهو کافر. (شامي، کراچي، ۴/ ۲۳۷، زکریا ۶/ ۳۷۷)

ولا یجوز للمرتد أن یتزوج مرتدة ولا مسلمة، ولا کافرة أصلیة، وکذا لایجوز نکاح المرتد مع أحد. (هندیة، زکریا قدیم ۱/ ۲۸۲، زکریا جدید ۱/ ۳۴۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۴۰۲)	۱۴۳۲/۵/۵ھ

کیا شیعہ سے سنی کا نکاح ہوسکتا ہے؟

سوال [۵۵۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کیا موجودہ دور کے شیعہ حضرات سے اپنی لڑکی اور اپنا لڑکا یا شیعہ لڑکا کا سنی لڑکی کا ازدواجی رشتہ ہوسکتا ہے یا نہیں؟ مفصل ومدلل جواب تحریر فرمائیں۔

المستفتی: نجم الحسن، ڈبل پھاٹک، رامپور روڈ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شیعوں کے جن فرقوں کے عقائد کفریہ ہیں مثلاً حضرت ابوبکرؓ وعمرؓ کی تکفیر کا عقیدہ یا حضرت عائشہؓ پر تہمت کو سچا سمجھنا یا حضرت جبرئیلؑ کے بارے میں وحی لانے کے بارے میں غلطی کا اعتقاد رکھنا وغیرہ کفریہ عقائد تو ایسے شیعہ بلا شبہ کافر ہیں اوران سے سنی لڑکے لڑکی کا نکاح جائز نہیں ہے اوراگر عقائد کفریہ نہ ہوں؛ بلکہ ضلالت وگمراہی کی حد تک ہوں، جیسے حضرت علیؓ کو حضرت ابوبکرؓ، عمرؓ سے افضل سمجھنا وغیرہ عقائد تو ایسا شیعہ کافر نہیں؛ بلکہ فاسق وگمراہ ہے اورایسے شیعہ کے ساتھ مسلمان سنی لڑکے لڑکی کا نکاح منعقد ہوجاتا ہے؛ لیکن نکاح کرتے وقت رشتہ میں دین داری کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے اورشریعت نے آپس میں جو کفوٗ کا مسئلہ رکھا ہے، وہ آپس میں نبھاؤ کے پیش نظر رکھا ہے؛ اس لئے اگر نبھاؤ نہ ہونے کا خطرہ ہوتو ہم مسلک لوگوں ہی میں اولاد کا رشتہ کرنا چاہئے۔

أن الرافضي إذا كان يسب الشيخين و يلعنهما فهو كافر. (شامي، كتاب الجهاد، باب المرتد، كراچي، ٤/٢٣٧، زكريا٦/٣٧٧)

نعم لاشک في تكفير من قذف السيدة عائشةؓ، أو أنكر صحبة الصديقؓ، أو اعتقد الألوهية في عليؓ، أوأن جبرئيلؑ غلط في الوحي، أو نحو ذلک من الكفر الصريح المخالف للقرآن. (شامي، كراچي٤/٢٣٧، زكريا٧/٣٧٨)

ومنها إسلام الرجل إذا كانت المرأة مسلمة، فلايجوز إنكاح المسلمة الكافرة. (بدائع الصنائع، زكريا٢/٥٥٤، دارالكتب العلمية بيروت، ٣/٤٦٥)

لايجوز للمسلم أن ينكح المشركة. (بدائع الصنائع، زكريا٢/٥٥٢، دارالكتب العلمية بيروت ٣/٤٦٨)

الكفاءة معتبرة في باب النكاح......والخامس: التقوىٰ، و الحسب حتى لايكون الفاسق كفواً للعدل عند أبي حنيفة. (الفتاوى التاتارخانية ٤/١٣١-١٣٧، رقم: ٥٧٣٣، ٥٧٥٣)

عن عائشةؓ قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تخيروا لنطفكم، فانكحوا الأكفاء وانكحوا إليهم. (ابن ماجة، كتاب النكاح، باب الأكفاء، النسخة الهندية ١/ ١٤١، دارالسلام رقم: ١٩٧٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍صفر المظفر ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۲۸۱/۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۲/۱۷ھ

شیعہ عورت سے نکاح، اس سے پیدا شدہ بچوں کے نسب اور وراثت کا حکم

سوال [۵۵۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کیا شیعہ عورت سے نکاح جائز ہے؟ اگر جائز نہیں تو اس سے پیدا شدہ بچوں کا کیا حکم ہے؟ اور جس صحیح العقیدہ اہل سنت والجماعت سے وہ بچے پیدا ہوئے ہیں، اس کے مال میں ان کا حق ہے یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہندوستان میں جتنے شیعہ رہتے ہیں وہ سب شیعہ غالی اور تبرائی ہیں، جو حضرات شیخینؓ کو مرتد کہتے ہیں (نعوذ باللہ من ذلک) اور گالیاں دیتے ہیں اور حضرت عائشہ صدیقہؓ پر تہمت کے قائل ہیں، جس سے قرآن کریم کی نص قطعی کا انکار لازم آتا ہے اور یہ شیعہ اثناء عشریہ ہیں، جو غالی تبرائی ہیں، ان کے ساتھ سنی مرد وعورت کا نکاح فاسد ہوجاتا ہے؛ لیکن ان سے جو اولاد ہوتی ہے وہ شرعاً ثابت النسب ہوتی ہے اور وہ اولاد سنی باپ کے تابع ہوجائے گی؛ اس لئے کہ اولاد خیر الابوین کے تابع ہوتی ہے، اگر مرد شیعہ ہے اور عورت سنی ہے، تو پھر اولاد ماں کے تابع ہوجائے گی اور یہ اولاد سنی ماں باپ کی وارث بھی ہوجائے گی۔ (مستفاد: باقیات فتاوی رشیدیہ ۲۴۴)

نعم لاشک في تكفير من قذف السيدة عائشةؓ، أو أنكر صحبة الصديقؓ،

أو نحو ذلک من الکفر الصریح المخالف للقرآن. (شامي، کتاب الجهاد، باب المرتد، کراچي ٤/ ٢٣٧، زکریا٦/ ٣٧٨)

بخلاف ما إذا کان یفضل علیاً أو یسب الصحابةؓ، فإنه مبتدع لا کافر. (شامي، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، کراچي٣/ ٤٦، زکریا دیوبند ٤/ ١٣٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۰۹۹۶)

قادیانی کا سنی عورت سے نکاح اور اولاد کا حکم

سوال [۵۵۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) کہ اگر مرد قادیانی ہے اور عورت قادیانی نہیں ہے، تو ان کا نکاح آپس میں درست ہے یا نہیں؟

(۲) نیز ان سے پیدا شدہ اولاد کیسی ہے؟

(۳) اگر ان سے پیدا شدہ لڑکا یہ کہے کہ میں قادیانی نہیں ہوں؛ لیکن اپنے باپ سے میل جول رکھے اور ان کے قادیانی ہونے کی وجہ سے ان سے قطع تعلق نہ رکھے؛ بلکہ کھانے پینے، رہنے سہنے، کاروبار سب میں شریک رہے، تو آیا اس لڑکے کی بات مانی جائے گی یا نہیں؟

(۴) اور اگر اس لڑکے سے کسی سنی لڑکی کی شادی کی جائے تو نکاح درست ہوجائے گا یا نہیں؟

المستفتی: محمد ارشد القاسمی، مدرسہ رحمانیہ مسجد سرائے پختہ فیض آباد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) قادیانی اہل سنت وجماعت کے فتوی کے

مطابق اسلام سے خارج ہے؛ اس لئے قادیانی کا نکاح سنی عورت کے ساتھ منعقد نہیں ہوتا ہے؛ لیکن اس سے جو بچہ پیدا ہوا ہے، وہ اگر صحیح العقیدہ ہے جیسا کہ سوال نامہ سے واضح ہوتا ہے۔ کہ مذکورہ لڑکا صحیح العقیدہ مسلمان ہے؛ اس لئے اس کا نکاح سنی لڑکی کے ساتھ صحیح ہو جائے گا۔

(مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۰/۳۳۰، جدید ڈابھیل ۱۱/۴۶۰)

(۲) لڑکا جب یہ کہہ رہا ہے کہ میں قادیانی نہیں ہوں، تو اس کی بات معتبر مانی جائے گی اگرچہ باپ کے ساتھ مذکورہ امور میں شریک کیوں نہ ہو۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۰/۳۳۰، جدید ڈابھیل ۱۱/۴۶۰)

(۳) سنی لڑکی کا اس صحیح العقیدہ لڑکے سے نکاح صحیح ہو جائے گا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۰/۳۳۰، جدید ڈابھیل ۱۱/۴۶۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ذی الحجہ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/۳۷۵۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۱۲/۱۹ھ

اہل قرآن کی لڑکی سے نکاح

سوال [۵۵۲۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک ماں اپنے لڑکے کا نکاح ایک اہل قرآن صاحب کی لڑکی سے کرانا چاہتی ہیں، لڑکے کو ماں کی بات ماننی چاہئے یا نہیں؟

المستفتی: رئیسہ بیگم، محلّہ کٹار شہید، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شریعت میں ماں کی بات ماننا اور ماں کو راضی رکھنا لڑکے پر ضروری ہوتا ہے؛ لیکن بعض معاملات میں شریعت نے ماں کی بات پر لڑکے کی مرضی کو فوقیت دی ہے، ان میں سے ایک نکاح بھی ہے کہ اگر کوئی لڑکی ماں کو پسند ہے اور لڑکے

کو پسند نہیں ہے، تو لڑکے کی پسند کو فوقیت دی جائے گی اور ماں کی پسند کو رد کر دیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے:

فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنَى وَثُلاثَ وَرُبَاعَ [سورة النساء۳:]

مرد اپنی پسند سے شادی کرے گا اور حدیث میں آیا ہے مرد لڑکی کو خود دیکھ کر پسند کر سکتا ہے۔

عن المغيرة بن شعبةرضـ**، أنه خطب امرأة، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: أنظر إليها، فإنه أحرىٰ أن يؤدم بينكما.** (سنن الترمذي، أبواب النكاح، باب ماجاء في النظر إلى المخطوبة، النسخة الهندية ۱/۲۰۷، دارالسلام رقم: ۱۰۸۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴ر ذی الحجہ ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/ ۲۴۶۹)

عیسائی رسم ورواج کے مطابق شادی کرنا

سوال [۵۵۲۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید میری بیوی کا بھائی (سالا) ہے جو کہ پیشہ کے لحاظ سے ایک ڈاکٹر ہے اور سر دست سعودی عربیہ میں نوکری کرتا ہے، سال گذشتہ ممبئی میں ایک عیسائی لڑکی (کرسچن) کو مسلمان کرانے کے بعد مولانا منصور صاحب کے ذریعہ سے نکاح پڑھوایا، پھر دو چار روز کے بعد ہی اسی کرسچن لڑکی سے (شاید لڑکی کے والدین کی خوشی کے خاطر) دوبارہ عیسائی رسم و رواج وطور وطریقہ سے شادی ہوئی۔ اب اس صورت میں کیا وہ دونوں مسلمان کہے جا سکتے ہیں؟ اور کیا ان کا نکاح قائم ہے؟ اور اب ان کے تعلقات کس نوعیت کے ہوں گے؟ اور اگر ان سے کوئی اولاد ہوئی، تو کیا کہا جائے گا؟ نیز ایسی حالت میں ہم میاں بیوی زید اور ان کے منکوحہ سے رشتہ داری برقرار رکھے یا نہیں؟

جواب باصواب دیکر عند اللہ ماجور ہوں وعند الناس مشکور ہوں۔

المستفتی: محمد حبیب ولد حاجی محمد ایوب نیا گودام

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مذکورہ لڑکی حالت اسلام میں شرعی نکاح ہو جانے کے بعد مرتد ہو کر عیسائی نہ ہوئی ہو اور نہ ہی زید مرتد ہو کر عیسائی ہوا ہے؛ بلکہ صرف لڑکی کے عیسائی والدین کو خوش کرنے کے لئے عیسائی طریقہ پر نکاح کو اختیار کیا ہے، تو دونوں شرعاً مسلمان ہیں اور دونوں کا شرعی نکاح بھی باقی ہے، ان سے دینی اور عرفی رابطہ رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۸۳/۹، جدید ڈابھیل ۵۸۰/۱۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴/ربیع الاول ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۱۵۰/۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۱/۳/۴ھ

شیعہ سے رشتۂ مناکحت قائم کرنا

سوال [۵۵۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) کہ اہل سنت والجماعت کی لڑکی کا عقد نکاح کسی شیعہ جو تینوں خلفاء (ابو بکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ) کی خلافت کا منکر ہے اس سے جائز ہے؟

(۲) اسی طرح ان کی لڑکی سے اہل سنت والجماعت لڑکے کا عقد نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں؟ نیز اس کے عذاب وثواب سے بھی آگاہ فرمائیں۔

المستفتی: شیخ علاء الدین، کٹگھر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱/۲) ہندوستان میں جو شیعہ رہتے ہیں، وہ

سب غالی شیعہ ہیں اور شیعہ غالی کے ساتھ سنی لڑکی کا عقد نکاح صحیح نہیں ہوتا، اسی طرح ان کی لڑکی کے ساتھ سنی لڑکے کا عقد نکاح توبہ کے بغیر جائز نہیں ہے، اس کے عذاب وثواب کے بارے میں تمام علماء امت نے ان کو کافر کہا ہے، اگر نکاح جان بوجھ کر کیا جائے گا تو سخت عذاب کا مستحق ہوگا ہمیشہ حرام کاری ہوگی۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم جدید ۲۳۳/۸، ۲۴۱/۸، فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۴۵۶/۱۱)

ومنها إسلام الرجل إذا كانت المرأة مسلمة، فلا يجوز إنكاح المؤمنة للكافر. لقوله تعالىٰ: ولا تنكحوا المشركين حتى يؤمنوا.
(بدائع الصنائع، كتاب النكاح، اسلام الرجل إذا كانت المرأة مسلمة، زكريا ۲/ ٥٥٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ رشوال المکرّم ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۵۹۱۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۱۰/۳۰ھ

نومسلمہ کا اسلام لانے کے بعد نکاح

سوال [۵۵۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک ہندو لڑکی ہے، جو مسلمان ہوگئی ہے؛ لیکن وہ اپنے ہندو ماں باپ کے ساتھ رہتی ہے، وہ کسی طرح نماز، روزہ، کلمہ وغیرہ چھپ کر ادا کرتی ہے، میرے ذریعہ اس لڑکی نے اسلام کو دل سے قبول کیا ہے، ہم دونوں میں محبت بھی ہے؛ لیکن وہ صرف مسلمان میرے لئے نہیں ہوئی ہے۔ اب جبکہ وہ مسلمان ہوگئی ہے تو اس کی شادی کسی مسلمان شخص سے ہوسکتی ہے؟ اور اگر کسی سے اس کی شادی نہ ہوسکے تو کیا میرا اس لڑکی سے شادی کرنا لازم ہے؟ ورنہ اس کا مسلمان رہنا بہت مشکل ہوجائے گا، لڑکی کے ماں باپ اس کی محبت سے واقف ہیں، وہ مسلمانوں میں صرف مجھ سے ہی اپنی لڑکی کی شادی کرنے کے لئے راضی ہیں۔

کیا اب میرے لئے اس سے شادی کرنا ضروری ہے؟ اس میں شرعی حکم کیا ہے وضاحت فرمائیں؟

المستفتی: محمد شارق

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں مذکورہ لڑکی نے سائل کے ہاتھ پر ایمان قبول کرلیا ہے اور وہ سائل سے شادی کرنا چاہتی ہے اور اس پر ماں باپ بھی راضی ہیں، تو سائل کو اس سے نکاح کرلینا چاہئے، یہ نکاح بہت بڑے اجر وثواب کا باعث ہوگا۔ اللہ رب العزت کا پاک ارشاد ہے:

وَتَعَاوَنُوْا عَلٰى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلٰى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَان. [مائدہ:۲]

فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ لَاهُنَّ حِلٌّ لَهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ وَآتُوْهُمْ مَا اَنْفَقُوْا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَا اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ. [الممتحنة:۱۰]

لیکن احتیاطی تدابیر لازم ہیں؛ اس لئے نکاح سے پہلے دیوانی عدالت سے لڑکی کی خودمختاری حاصل کرلی جائے، جس کو کورٹ میریج بھی کہا جاتا ہے تاکہ بعد میں کسی قسم کی قانونی گرفت میں آنے کا خطرہ باقی نہ رہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۹؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶؍ ۷۶۵۴)	۱۴۲۳/۵/۱۹ھ

نومسلمہ شادی کے لئے کتنے حیض گزارے گی؟

سوال [۵۵۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک مسئلہ بہشتی زیور مکمل ومدلل مکتبہ تھانوی ۵۵/۴ پر لکھا ہے کہ اگر عورت مسلمان ہوگئی اور مرد نہیں ہوا، تو اب جب تک پورے تین حیض نہ آویں دوسرے مرد سے نکاح درست نہیں؟

اس مسئلہ کو دیکھ کر بندہ نے ایک ضرورتمند سائل کو یہ جواب دیدیا کہ نومسلمہ سے آپ حیض گذرنے پر نکاح کر سکتے ہیں، اس کے بعد مزید تحقیق کے لئے مندرجہ ذیل کتابیں دیکھیں۔

فتاوی رحیمیہ ۱۴۱/۲، فتاوی محمودیہ ۲۱۹/۳، فتاوی دارالعلوم ۱۹۲/۷، تو معلوم ہوا کہ چھ حیض گذارنا ضروری ہے امید کہ رہنمائی فرما کر ممنون فرمائیں گے۔

المستفتی: اسراراحمد، نجیب آبادی، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نومسلمہ سے نکاح کرنے کی کئی صورتیں نکل سکتی ہیں۔

ایک صورت یہ ہے کہ عورت قید ہوکر دارالحرب سے دارالاسلام آئی ہو، تو ایسی صورت میں بالاتفاق عدت گذارے بغیر نکاح جائز ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ کافرہ دارالحرب سے دارالاسلام ہجرت کر کے آئی ہو، تو بلاعدت گذارے اس سے نکاح جائز ہے اوراس میں بھی کسی کا اختلاف نہیں ہے۔

تیسری صورت یہ ہے کہ دارالحرب میں رہتے ہوئے کوئی عورت مسلمان ہوجائے اور اس کا شوہر مسلمان نہ ہو، تو تین حیض گذرنے کے بعد وہ عورت بائنہ ہوگی اور بائنہ ہوتے ہی بلاعدت کے کسی مسلمان سے اس کا نکاح امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک درست ہے؛ لیکن صاحبین کے نزدیک بائنہ ہونے کے بعد مزید تین حیض گذارنا ضروری ہے۔ اس سے پہلے کسی مسلمان سے ان کا نکاح صحیح نہ ہوگا، گویا صاحبین کے نزدیک چھ حیض گذارنا ضروری ہے اور صاحب بحرالرائق وغیرہ نے صاحبین کے قول کو اختیار کیا ہے۔ نیز فتاوی دارالعلوم ۱۳۸/۸ اور فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۵۱۱/۱۰ رمیں اسی پر فتوی دیا گیا ہے اور حضرت اقدس مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ نے جو تین حیض گذرنے پر نکاح کو صحیح قرار دیا ہے وہ شاید اسی وجہ سے ہے کہ حضرت کے نزدیک امام ابوحنیفہؒ کا قول راجح ہوگا۔

ومن هاجرت إلينا مسلمة، أو ذمية حاملاً بانت بلاعدة، فيحصل

تزوجها أما الحامل فحتى تضع على الأظهر. (شامي، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر، كراچي ۳/۱۹۳، زكريا ٤/٣٦٥)

ولو أسلم أحدهما ثمة أي في دار الحرب لم تبن حتى تحيض ثلاثا قبل إسلام الآخر (وفي الشامية) وهل تجب العدة بعد مضى هذه المدة، فإن كانت المرأة حربية، فلا لأنه لا عدة على الحربية، وإن كانت هي المسلمة فخرجت إلينا فتمت الحيض هنا، فكذلك عند أبي حنيفةؒ خلافاً لهما؛ لأن المهاجرة لا عدة عليها عنده خلافاً لهما بدائع، هداية، وجزم الطحطاوي بوجوبها ......وينبغي حمله على اختيار قولهما. (شامي، كراچي ۳/۱۹۱، ۱۹۲، زكريا ٤/٣٦٢ تا ٣٦٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍رجب المرجب ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۳۸۵/۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۷/۱۴ھ

نومسلمہ کنواری لڑکی کا نکاح فوری طور پر کرنا

سوال [۵۵۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک نومسلمہ کنواری لڑکی ہے اور مسلمانوں کے پاس آگئی ہے، تو اب اس کو مسلم لڑکے سے شادی کے واسطے کتنے حیض گزارنے لازم ہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو نومسلمہ کنواری لڑکی مسلمانوں کے پاس آگئی اور اب کسی مسلم لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہے تو اس کو شادی کے لئے کوئی حیض گذارنا لازم نہیں بغیر استبراء رحم کے اس کے لئے نکاح کرنا جائز ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/۲۰۲ محمودیہ میرٹھ ۱۶/۳۶۵)

ليست بعدة لدخول غير المدخول بها. (در مختار مع الشامي، زكريا٤/٣٦٣، كراچي٣/١٩١)

وسبب وجوبها عقد النكاح المتأكد بالتسليم وماجرى مجراه من موت، أو خلوة أي صحيحة فلا عدة بخلوة الرتقاء وشرطها الفرقة. (در مختار، زكريا٥/١٨٠، كراچي مع الشامي٣/٥٠٤)

تجب العدة على المرأة بالفرقة بين الزوجين بعد الدخول بسبب الطلاق، أو الموت، أو الفسخ،أو اللعان كما تجب بالموت قبل الدخول وبعد عقد النكاح الصحيح. (الموسوعة الفقهية الكويتية٢٩/٣٠٦)

والعدة تجب على المطلقة وكذا بالفرقة بالنكاح الفاسد، وكذلک بالوطئ بشبهة النكاح، أو بالخلوة الصحيحة. (تاتارخانية، زكريا٥/٢٢٦، رقم: ٧٧٢٢)

وإنما تجب هذه العدة لاستبراء الرحم وتعرف براء تها عن الشغل بالولد؛ لأنها لو لم تجب و يحتمل أنها حملت من الزوج الأول فتزوج بزوج آخر وهي حامل من الأول فيطأها الثاني فيصير ساقيا ماءه زرع غيره وقد نهىٰ رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ذلک بقوله صلى الله عليه وسلم من كان يؤمن بالله واليوم الأخر فلا يسقين ماءه زرع غيره. (بدائع الصنائع، زكريا ٣/٣٠٢، كراچي ٣/١٩١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ر صفر المظفر ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۴۳۰/۴۰)

نومسلمۃ نکاح کے لئے تین حیض گزارے یا چھ حیض؟

سوال [۵۵۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ایک نومسلمہ عورت دارالحرب سے اسلام لاکر مسلمانوں کے پاس آگئی۔ اب اس کے لئے مسلم لڑکے سے شادی کے واسطے کتنے حیض گزارنا لازم ہیں اور یہ بات ذہن میں رہے کہ یہ عورت شادی شدہ تھی؟

المستفتی: محمد شعیب، میرٹھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو شادی شدہ نومسلمہ عورت اسلام لاکر مسلمانوں کے پاس آگئی اور اب وہ کسی مسلم لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہے، تو اس کو شادی کے واسطے ۶ رحیض گزارنے لازم ہیں۔ تین حیض شوہر سے جدائیگی کے اور تین حیض عدت کے؛ لہٰذا جب تک چھ حیض نہ گزارے اس وقت تک وہ کسی مسلم سے شادی نہیں کرسکتی۔ (مستفاد: الحیلۃ الناجزہ ۱۸۲، جواہر الفقہ، زکریا ۲/ ۲۹۰، فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۲/ ۱۰۵، فتاوی محمودیہ میرٹھ ۱۶/ ۳۶۷، امداد الفتاوی ۲/ ۲۰۲)

اور اگر مسلمانوں کے پاس بغیر شوہر کے اتنی لمبی مدت گزارنے میں فتنہ میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہو، تو حضرت امام ابوحنیفہؒ کے قول کے مطابق صرف ۳ رحیض گزارنے کے بعد مسلم مرد کے ساتھ نکاح کرنیکی گنجائش ہے۔

ومنها إسلام أحد الزوجين في دار الحرب؛ لكن لا تقع الفرقة في الحال؛ بل تقف على مضى ثلاث حيض إن كانت ممن تحيض –وإذا وقعت الفرقة بعد مضى هذه المدة هل تجب العدة بعد مضيها بأن كانت المرأة هي المسلمة فخرجت إلى دار الإسلام فتمت الحيض في دار الإسلام لا عدة عليها عند أبي حنيفة وعندهما عليها العدة. (بدائع الصنائع، زكريا ۲/ ۶۵۶–۶۵۷، كراچي ۲/ ۳۳۸)

ولو أسلم أحدهما ثمة لم تبن حتى تحيض ثلاثة فإذا حاضت ثلاثاً بان؛ لأن الإسلام ليس سببا للفرقة والعرض على الإسلام متعذر

تصور الولاية، ولابد من الفرقة دفعاً للفساد فأقمنا شرطها وهي مضى الحيض مقام السبب. (البحر الرائق، كوئٹه ۳/ ۲۷۰، زكريا۳/ ۳۷۰، هداية، اشرفي بکڈپو و ديوبند ۲/ ۳٦٦)

إذا أسلم أحد الزوجين و تختلف الآخر حتى انقضت عدة المرأة انفسخ النكاح في قول عامة العلماء. (المغني، مكتبه دارالفكر بيروت ۷/ ۱۱۸)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ر صفر المظفر ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰ ر ۱۱۴۳۱)

غیر مسلم بیوہ یا مطلقہ کا اسلام لانے کے بعد مسلمان سے فوراً نکاح

سوال [الف: ۵۵۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک غیر مسلم بیوہ عورت ہے، اس کو اس کے رسم و رواج کے اعتبار سے طلاق دیدی گئی ہے اور وہ بیوہ ہونے کے یا طلاق کے کئی سال بعد مسلمان ہوگئی۔

اب نکاح کرنے کے لئے استبراء رحم کرنا اور عدت گذارنا لازم ہے یا استبراء رحم کے بغیر نکاح درست ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو عورت حالت کفر میں بیوہ ہوگئی اور بیوہ ہونے کے بعد عدت کا زمانہ بھی گذر گیا ہے یا طلاق کے بعد چند سال گذار چکی ہے، تو اب اس کے اسلام لانے کے بعد اس سے نکاح کرنے کے لئے از سرنو عدت گذارنا لازم نہیں ہے؛ بلکہ اسلام قبول کرنے کے فوراً بعد اس سے نکاح درست ہے؛ کیونکہ اس کا استبراء رحم ہو چکا ہے۔

عن أبي يوسف قال: إذا تيقن فراغ رحمها من ماء البائع، فليس عليه

فيهـا استبـراءٌ واجـبٌ؛ لأن الاستبـراء كـاسـمـه تبيـن فراغ الرحم وقـاس بـالمطلقة قبل الدخول؛ أنه لايلزمها العدة؛ لأن المقصود من العدة في حال الدخول تبين فراغ الرحم. (مبسوط سرخي، دارالكتب العلمية بيروت١٣/ ١٤٦)

فـإن مـات عـنهـا زوجهـا واعتـدت عدة الوفاة ولم تحض ولابأس بأن يـطـأهـا لـمـا بيـنـا أن العدة أقوىٰ من الاستبراء فعند ظهور العدة لايظهر حكم الاستبراء. (مبسوط سرخي، دارالكتب العلمية بيروت١٣/ ١٥٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍صفر المظفر ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۴۲۹/۴۰)

غیر مسلم کے ساتھ رہ کر تین بچے بھی ہو گئے ان کے نسب کا کیا حکم؟

سوال [ب: ۵۵۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک مسلمان لڑکی ایک غیر مسلم لڑکے کے ساتھ فرار ہوگئی چند سال اس کے ساتھ رہی ۳؍ بچے بھی ہو گئے اب وہ لڑکا ایمان قبول کرتا ہے معلوم یہ کرنا ہے کہ یہ تین بچے جو اس مسلمان لڑکی کے اس غیر مسلم لڑکے سے کفر کی حالت میں ہوئے ہیں کیا ان بچوں کا نسب اس لڑکے سے ثابت ہوگا؟ اور یہ وارث اس لڑکے کے ہوں گے، شرعًا کیا حکم ہے؟

المستفتی: عبد الرشید قاسمی، سیڑھا

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسلمان لڑکی کا غیر مسلم لڑکے کے ساتھ فرار ہوجانے کے بعد اسی کے ساتھ رہ جانے کی وجہ سے اس مسلمان لڑکی سے جو تین بچے ہو گئے ہیں، ان کا نسب اس غیر مسلم لڑکے کے ایمان قبول کر لینے کے بعد اس سے ثابت نہیں ہوگا؛ بلکہ یہ سب بچے بدکاری کے بچے شمار ہوں گے اور نہ ہی اس نو مسلم شخص کے وارث بنیں گے۔

نكاح كافر مسلمة فولدت منه لا يثبت النسب منه و لا تجب العدة؛ لأنه نكاح باطل. (شامي، زكريا ٥/٢٥٢، كراچي ٣/٥٥٥)

ذهب جمهور الفقهاء إلى أنه لا يثبت النسب بالزنا مطلقا فلم يثبت رسول الله صلى الله عليه وسلم و لا أحد من أهل العلم بالزنا نسبًا. (الموسوعة الفقهية ٤/٢٣٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵رمحرم الحرام ۱۴۳۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/۱۲۳۳۱)

زانیہ کے ساتھ نکاح اور چھ ماہ سے قبل ولادت کا حکم

سوال [ج: ۵۵۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک زانی نے زانیہ سے نکاح کرلیا اور نکاح سے چھ مہینے پہلے ہی بچہ پیدا ہوگیا اور زانی یہ اقرار کرتا ہے کہ یہ بچہ میرا ہی ہے، کیا شرعاً اس بچہ کا نسب اس زانی سے ثابت ہوگا؟ اس کے اقرار کرنے کی وجہ سے یا بچہ حرامی ہی کہلائے گا اور کیا یہ بچہ اس زانی کی میراث کا مستحق ہوسکتا ہے؟

المستفتی: عبدالرشید قاسمی، سیڑھا

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب زانی نے زانیہ سے نکاح کرلیا ہے اور نکاح سے چھ مہینے پہلے ہی بچہ پیدا ہوگیا ہے اور یہ زانی اس بات کا اقرار بھی کرتا ہے کہ یہ بچہ اسی کا ہے تو ایسی صورت میں اس بچے کا نسب اسی زانی سے ثابت ہوجائے گا اور یہ بچہ اس کا وارث بھی بنے گا۔

رجل زنى بامرأة وحبلت منه فلما استبان حملها تزوجها الذي زنى بها فالنكاح جائز......وإن جاء ت به أي الولد لأقل من ستة أشهر لا يثبت

النسب ولا يرث منه إلا أن يقول هذا الولد مني ولم يقل من الزنا. (الفتاوى التاتارخانية ٤/٥ ٣١، رقم: ٦٢٨٥، المحيط البرهاني ٤/١٧٢-١٧٣، رقم: ٣٩٥٦)

لو زنى بامرأة فحملت ثم تزوجها فولدت إن جاءت به لستة أشهر فصاعدًا ثبت نسبه وإن جاءت به لأقل من ستة أشهر لم يثبت نسبه إلا أن يدعيه. (الهندية، قديم زكريا ١/٥٤٠، زكريا جديد ١/٥٩١)

رجل زنى بامرأة فحبلت منه فلما استبان حملها تزوجها الزاني ولم يطأها حتى ولدت......وإن جاءت بولد لأقل من ستة أشهر من وقت النكاح لا يثبت ولايرث منه إلا أن يقول الرجل هذا الولد مني ولا يقول من الزنا. (خانية على الهندية زكريا ١/٣٧١، جديد ١/٢٢٤، شامي كراچي ٣/٤٩، زكريا ٤/١٤٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵ر محرم الحرام ۱۴۳۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۲۳۳۲/۴۱)

غیر مسلم شادی شدہ عورت سے ناجائز تعلقات اور بچوں کا حکم

سوال [د: ۵۵۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے ایک غیر مسلم شادی شدہ عورت سے ناجائز تعلقات بنا کر رہنا سہنا شروع کردیا، اس غیر مسلم عورت کا شوہر باہر رہتا ہے کبھی کبھار آتا ہے زید سے اس عورت کے اسی حالت میں دو بچے بھی ہو گئے، کسی نے دونوں کو سمجھایا کہ یہ عورت اگر مسلمان ہو جائے تو تم زنا کے گناہ سے بچ جاؤ گے، وہ عورت مسلمان ہوگئی، اب کیا زید اس کے مسلمان ہوتے ہی نکاح کرسکتا ہے یا اس حالت میں بھی یہ عورت عدت گذار کر ہی نکاح کرے گی؟ جبکہ کفر کی حالت میں بھی زید کے ساتھ رہ رہی تھی اور جو دو بچے زید کے ساتھ رہتے ہوئے کفر کی حالت میں اس عورت سے ہوئے ہیں کیا وہ دو بچے زید کے کہلائیں گے یا اس غیر مسلم مرد ہی کے کہلائیں گے؟

المستفتی: عبد الرشید قاسمی، سیڑھا

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عورت کے اسلام لانے سے پہلے ناجائز تعلقات کے ذریعہ سے جو دو بچے ہو چکے ہیں، وہ دونوں بچے اس عورت کے غیر مسلم شوہر کے ہی شمار ہوں گے ان کا نسب زید سے ثابت نہ ہوگا اور اس عورت کے اسلام لانے کے بعد زید کے ساتھ نکاح کے لئے عدت گذارنا لازم ہے اور عدت کی شکل ہندوستان جیسے ممالک میں یہی ہے کہ اسلام لانے کے بعد تین ماہواری گذر جائے تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک عدت پوری ہوتی ہے اور صاحبین کے نزدیک تین ماہواری کے ذریعہ سے فرقت ثابت ہوتی ہے، پھر اس کے بعد مزید تین ماہواری عدت کے نام سے گذارنا لازم ہے اور پہلی تین ماہواری مسلمان قاضی کے سامنے شوہر کے اباء اسلام کے قائم مقام ہے، دوسری تین ماہواری عدت کے لئے ہے، احتیاط صاحبین کے قول پر ہے؛ لیکن امام صاحبؒ کے قول پر بھی عمل کرنا جائز ہے اور مذکورہ مسئلے میں اس وقت تک دونوں قولوں کے اعتبار سے اس نومسلمہ کا نکاح زید کے ساتھ درست نہیں ہوگا جب تک کہ مسلمان ہونے کے بعد مستقل طور پر تین ماہواری کے ساتھ عدت نہ گذر جائے۔

وإذا أسلمت المرأة في دار الحرب وزوجها كافر أوأسلم الحربي وتحته مجوسية لم تقع الفرقة عليها حتى تحيض ثلاث حيض، ثم تبين من زوجها...... وإذا وقعت الفرقة والمرأة حربية فلا عدة عليها، وإن كانت هي المسلمة فكذلك عند أبي حنيفةؒ خلافًا لهما قال ابن الهمام: فالحاصل أنه لا عدة بعد البينونة عند أبي حنيفةؒ في الصورتين وعندهما إذا كانت هي المسلمة فعليها العدة وهكذا ذكر شمس الأئمة وكأنه أخذه من قول محمد في السير فيما إذا أسلمت المرأة في دار الحرب بعد أن ذكر الفرقة بشرطها وعليها ثلاث حيض أخرى بعد الثلاث الأول وهي فرقة بطلاق ويقع طلاقه عليها مادامت في العدة في الثلاث الحيض الأواخر.

(فتح القدير، زكريا ۳/۳۹۸-۳۹۹)

ذهب جمهور الفقهاء إلى أنه لا يثبت النسب بالزنا مطلقاً فلم يثبت رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا أحد من أهل العلم بالزنا نسبًا. (الموسوعة الفقهية ٤ /٢٣٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵ر محرم الحرام ۱۴۳۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱ /۱۲۳۳۳)

غیر مسلم کنواری لڑکی سے ناجائز تعلقات اور چار ماہ حمل کی حالت میں نکاح

سوال [ہ: ۵۵۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک مسلمان لڑکے نے ایک غیر مسلم کنواری لڑکی سے کالج کی تعلیم کے دوران ناجائز تعلقات بنا کر زنا کاری شروع کردی، اس وقت لڑکی چار ماہ کی حاملہ ہے دونوں فرار ہیں، لڑکی نے ایمان قبول کرلیا ہے، معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا اس غیر مسلم لڑکی سے جو حاملہ ہے یہ مسلمان لڑکا لڑکی کے قبول ایمان کے فورا بعد نکاح کرسکتا ہے اور یہ بچہ جو ہوگا حالانکہ اسی لڑکے کا ہے اور نکاح ہونے سے چھ ماہ پہلے ہی ہوگا تو کیا یہ بچہ اسی لڑکے کا کہلائے گا یا حرامی ہوگا؟ اور نسب اس سے ثابت ہوگا یا نہیں؟ اگر اجازت ہو تو نکاح کرادیں؟

المستفتی: عبدالرشید قاسمی، سیڈھا بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کالج کے زمانے میں مسلمان لڑکے اور غیر مسلم کنواری لڑکی کے درمیان ناجائز تعلقات قائم ہونے کے بعد حمل کی حالت میں لڑکی نے اسلام قبول کرلیا ہے، تو اسلام قبول کرنے کے فورا بعد اس لڑکے کا نکاح اس نومسلمہ لڑکی کے ساتھ فورا درست ہوگیا ہے؛ اس لئے کہ حبلیٰ من الزنا سے زانی کا نکاح درست ہوجاتا ہے اور نکاح کے چھ مہینے سے پہلے اگر بچہ پیدا ہوتا ہے اور مسلم لڑکا اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ یہ

بچہ اسی کا ہے، تو ایسی صورت میں اس بچے کا نسب اسی مسلم لڑکے سے ثابت ہو جائے گا اور وہ بچہ اس مسلم لڑکے کا وارث بھی بن جائے گا۔

رجل زنى بامرأة وحبلت منه فلما استبان حملها تزوجها الذي زنى بها فالنكاح جائز ......وإن جاء ت به أي الولد لأقل من ستة أشهر لا يثبت النسب ولا يرث منه إلا أن يقول هذا الولد منى ولم يقل من الزنا. (الفتاوى التاتارخانية ٤/٣١٥، رقم: ٦٢٨٥، المحيط البرهاني ٤/١٧٢-١٧٣، رقم: ٣٩٥٦)

لو زنى بامرأة فحملت ثم تزوجها فولدت إن جاء ت به لستة أشهر فصاعدًا ثبت نسبه وإن جاء ت به لأقل من ستة أشهر لم يثبت نسبه إلا أن يدعيه. (الهندية زكريا ١/٥٤٠، جديد ١/٥٩١)

رجل زنى بامرأة فحبلت منه فلما استبان حملها تزوجها الزاني ولم يطأها حتى ولدت......وإن جاء ت بولد لأقل من ستة أشهر من وقت النكاح لا يثبت ولايرث منه إلا أن يقول الرجل هذا الولد مني ولا يقول من الزنا. (خانية على الهندية زكريا ١/٣٧١، جديد ١/٢٢٤، شامي كراچي ٣/٤٩، زكريا ٤/١٤٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵ر محرم الحرام ۱۴۳۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱ر ۱۲۳۳۴)

شادی شدہ غیر مسلمہ عورت کے اسلام قبول کرنے کے بعد مسلمان سے نکاح کے لئے عدت

سوال [و: ۵۵۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شادی شدہ غیر مسلم عورت نے اپنے شوہر کی مرضی کے بغیر اسلام قبول کرلیا؛ جبکہ یہ عورت حاملہ نہیں ہے کیا نکاح ایمان قبول کرتے ہی فوراً کرسکتی ہے یا اس کو بھی ۳ر حیض عدت گذار کر نکاح کرنا چاہئے؟ ہمارے یہاں ایک عورت شادی شدہ غیر مسلم ایمان

قبول کر کے فوراً ایک مسلمان سے نکاح کر کے رہنے لگی دو بچے بھی ہو گئے، اب ایک صاحب نے کہا یہ نکاح صحیح نہیں ہوا عدت گذارنا ضروری تھا، آپ سے معلوم کر رہے ہیں اب کیا کریں جبکہ دو بچے بھی ہو چکے ہیں، اگر نکاح نہیں ہوا تو دوبارہ نکاح کریں اور یہ بچے کیا ولدالزنا کہلائیں گے؟ میراث کے مستحق ہوں گے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالرشید قاسمی، سیڑھا بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب شادی شدہ عورت نے ایمان قبول کرلیا تو اس کے لئے مسلمان مرد سے نکاح کرنے کے واسطے تین حیض گذارنا لازم ہے اور غیر مسلم حکومت میں تین حیض گذرنے کے بعد امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مزید استبراء رحم کے بغیر مسلمان مرد سے نکاح کرنا جائز ہے اور صاحبینؒ کے نزدیک تین حیض گذارنے کے بعد پھر سے استبراء رحم بھی لازم ہے؛ لہٰذا مذکورہ واقعہ میں اس عورت نے فوراً مسلمان مرد سے جو نکاح کرلیا ہے، وہ نکاح شرعاً درست نہیں ہوا؛ بلکہ فاسد ہوا، اور نکاح فاسد میں ہم بستری کے بعد جو اولاد پیدا ہوتی ہے، وہ وطی بالشبہ کے درجہ میں ہو کر ثابت النسب ہوتی ہے اور یہ دونوں بچے اسی مسلمان مرد کے کہلائیں گے اور اس کے وارث بھی بن جائیں گے، مگر مسئلہ معلوم ہونے کے بعد ان دونوں کے درمیان دوبارہ شرعی طریقے پر نکاح کر دینا لازم ہے۔

وإذا أسلمت المرأة في دار الحرب وزوجها كافر......لم تقع الفرقة عليها حتى تحيض ثلاث حيض، ثم تبين من زوجها...... وإذا وقعت الفرقة والمرأة حربية فلا عدة عليها، وإن كانت هي مسلمة فكذلک عند أبي حنيفةؒ خلافًا لهما وتحته في فتح القدير: فالحاصل أنه لا عدة بعد البينونة عند أبي حنيفةؒ في الصورتين وعندهما إذا كانت هي المسلمة فعليها العدة.

(فتح القدير، زكريا ۳/۲۹۸-۳۹۹)

لو أسلم أحدهما ثمة أي في دار الحرب لم تبن حتى تحيض ثلاثًا

قبل إسلام الآخر إقامة لشرط الفرقة مقام السبب (در مختار) قال الشامي: وهو مضى هذه المدة مقام السبب وهو الإباء؛ لأن الإباء لا يعرف إلا بالعرض وقد عدم العرض –لانعدام الولاية، ومست الحاجة إلى التفريق لأن المشرك لا يصلح للمسلم و إقامة الشرط عند تعذر العلة جائز فإذا مضت هذه المدة صار مضيها بمنزلة تفريق القاضي. (شامي، زكريا ٤/٣٦٢–٣٦٣، كراچي ٣/١٩١)

ذهب جمهور الفقهاء إلى أن الوطء بشبهة يثبت النسب لأن ثبوت النسب هنا إنما جاء من جهة ظن الواطي. (الموسوعة الفقهية ٤/٢٣٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵ر محرم الحرام ۱۴۳۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۲۳۳۵/۴۱)

غیر مسلم کنواری لڑکی کے قبول اسلام کے بعد بغیر استبراء رحم کے نکاح

سوال [ز: ۵۵۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک غیر مسلم نوجوان کنواری لڑکی نے اسلام قبول کیا ایک ہفتہ بعد ایک مسلمان نے اس سے نکاح کرلیا کیا یہ نکاح درست ہے یا اس لڑکی کو ایمان قبول کرنے کے بعد ۳ر حیض انتظار کر کے پھر نکاح کرنا چاہئے؟ اگر ایسا ہے تو جو نکاح کرلیا گیا وہ کالعدم ہوگا۔

المستفتی: عبدالرشید قاسمی، سیڑھا بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس غیر مسلم کنواری لڑکی نے ایمان قبول کرلیا ہے، اس کے لئے کسی مسلمان لڑکے سے نکاح کے لئے عدت یا استبراء رحم کی ضرورت نہیں؛ اس لئے کہ استبراء رحم شادی شدہ عورت پر ضروری ہوتا ہے اور یہاں یہ کنواری لڑکی شادی شدہ نہیں ہے؛ اس لئے اس کا نکاح بغیر استبراء رحم کے درست ہوگیا۔

لا يجب الاستبراء لأن الاستبراء طلب براءة الرحم وفراغها عما يشغلها ورحم البكر برية فارغة عن الشغل فلا معنى لطلب البراءة والفراغ. (بدائع الصنائع زكريا ٣/٥١٣)

فإن أسلمت قبل الدخول ثبت النكاح في الحال ولها التزوج (وقوله) هذا الاختلاف إنما هو في المدخول بها فإن كانت غير المدخول بها فلا نعلم اختلافا في انقطاع العصمة بينهما إذ لا عدة عليها. (الجامع لاحكام القرآن للقرطبي، دار إحياء التراث العربي ١٨/٦٥-٦٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍محرم الحرام ۱۴۳۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/۱۲۳۳۶)

دور حاضر میں باندی کے ساتھ بیوی جیسا سلوک

سوال [۵۵۳۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کیا اس دور میں باندی کے ساتھ اپنی بیوی جیسا سلوک کر سکتے ہیں یا حرام ہے؟

المستفتی: عبداللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اس دور میں باندی کا کہیں وجود نہیں ہے؛ اس لئے اس کے ساتھ بیوی جیسا سلوک کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا؛ کیوں کہ جس عورت کو بھی اس طرح رکھا جائے گا وہ اجنبیہ ہوگی اور اجنبیہ کے ساتھ تنہائی جائز نہیں۔

الخلوة بالأجنبية حرام الخ. (در مختار مع الشامي كراچي ٦/٣٦٨، زكريا ٩/٥٢٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍ذی قعدہ ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/۵۵۲۴)

باندی سے نکاح کرنے کا حکم

سوال[۵۵۳۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک حدیث میں آتا ہے کہ بیوی اور باندی کے علاوہ دوسری جگہ شہوت پوری کرنا جائز نہیں۔ کیا باندی سے نکاح کیا جائے گا اور اس کی کیا صورت ہے؟ پہلے باندی سے نکاح کیا جاتا تھا یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: باندیوں سے نکاح کرنے اور باندی کے نام سے کسی عورت کو رکھنے کی اس زمانہ میں کوئی صورت باقی نہیں ہے؛ اس لئے اس زمانہ میں تمام انسان آزاد ہیں کوئی بھی غلام اور باندی نہیں ہے؛ البتہ پہلے زمانہ میں جبکہ باندیاں موجود تھیں تو نکاح کیا جاتا تھا وہ دوسرے کی باندی سے کیا جاتا تھا اور یہ جائز تھا۔ اپنی باندی سے نکاح کی ضرورت نہیں ہوتی تھی؛ بلکہ بغیر نکاح کے اس سے وہی کام کرنا جائز تھا، جو نکاح کے بعد جائز ہوتا ہے جس کی صراحت قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ کے ساتھ کی ہے۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ اِلَّا عَلٰى اَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ. [سورة المؤمنون:٥-٦] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/ ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۶۵۷۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲/۴/۱۴۲۱ھ

(۱۶) باب استبراء الرحم

کنواری باندی سے ہمبستری کے لئے استبراء رحم لازم نہیں؟

سوال [۵۵۳۶]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حضرت علیؓ نے حضرت خالد بن ولید کے اکٹھا کئے ہوئے مال غنیمت میں سے خمس نکالنے کے بعدایک باندی اپنے لئے منتخب کرلی تھی اوررات ہی میں اس کے ساتھ ہمبستری بھی کرلی ،تواب سوال یہ ہے کہ مال غنیمت میں سے خمس نکالنے کے بعد ان کو باندی لینے کا حق تھا؛ لیکن بغیراستبراء رحم کےاس کے ساتھ ہمبستری کرنا کیسے جائز ہوگیا؟ اور وہ باندی کنواری تھی تو کیا کنواری باندی سے ہمبستری کے لئے استبراء رحم لازم نہیں ہوتا ہے؟

المستفتی: محمدتوفیق،منگلور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو باندی کنواری ہواوراس کے رحم کے خالی ہونے کا پورا یقین ہو،تو اس کے ساتھ ہمبستری کے لئے استبراء رحم لازم نہیں ؛ لہٰذا مذکورہ صورت میں حضرت علیؓ نے جوکنواری باندی لی اور بغیراستبراء رحم کےاس کے ساتھ ہمبستری کی تو ان کا یہ عمل جائزاوردرست ہے۔

عن أبي يوسف قال: إذا تيقن فراغ رحمها من ماء البائع، فليس عليه فيها استبراء واجب؛ لأن الاستبراء كاسمه تبين فراغ الرحم وقاس بالمطلقة قبل الدخول، أنه لا يلزمها العدة؛ لأن

المقصود من العدة في حال الدخول تبين فراغ الرحم. (المبسوط، دارالکتب العلمیة بیروت ۱۳/۱٤٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ صفر المظفر ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۴۴۱/۴۰)

کیا ہندو رسم ورواج کے مطابق شادی کر سکتے ہیں؟

سوال [۷۳۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے لڑکے کی عمر ۲۳/ سال ہے، اس نے ایک غیر مسلمہ لڑکی کے ساتھ جس کی عمر ۱۸/ سال کی ہے، مسلمان بنا کے ایک مستند عالم دین کے ذریعہ نکاح کرلیا ہے اور سول میرج بھی احتیاطاً کر لی ہے بعد نکاح اسلامی طریقہ سے تقریباً ایک ماہ سے ساتھ ہی رہائش پذیر ہیں اور فیصلہ پر قائم ہیں، لڑکی کے والدین ایک باعزت اور سماج میں اہم مقام کے حامل ہیں، اپنی لڑکی کے مذہب کو جو اس نے قبول کرلیا ہے بخوشی منظور کرتے ہیں؛ لیکن اپنے عزیز واقارب کی نگاہوں سے گرنا بھی نہیں چاہتے؛ اس لئے ان کی تجویز ہے کہ تقریب منعقد کر کے ہندو طریقہ پر شادی اپنے اقارب کے سامنے کردی جائے تو کیا یہ لڑکا ان کی منظور شدہ مرضی کے مطابق ہندو طریقہ پر شادی کرسکتا ہے؟ کیا اسلام میں ایسا کرنا جائز ہے؟

المستفتی: رئیس احمد، محلّہ کسرول، نیا کنواں، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب اسلامی طریقہ سے باقاعدہ نکاح ہو چکا ہے، تو دونوں شرعی طور پر میاں بیوی ہو چکے ہیں، اس کے بعد ہندوانہ طریقہ پر سادھو کے ہاتھ سے شادی کرنے میں کفر اور اغیار کی اہم مشابہت لازم آئے گی؛ اس لئے دوبارہ ہندو طریقہ پر شادی کرنا جائز نہ ہوگا. حدیث شریف میں آیا ہے۔

عن ابن عمر قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من تشبه بقوم فهو منهم. (ابوداؤد شريف، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة، النسخة الهندية ٢/٥٥٩، دارالسلام رقم: ٤٠٣١،مسند أحمد بن حنبل ٢/٥١، رقم: ٥١١٤، ٥١١٥، ٥٦٦٧، المصنف لإبن أبي شيبة، كتاب فضل الجهاد، مؤسسه علوم القرآن بيروت ١٠/٢٧٢، رقم:١٩٤٧٠، ١٩٧٨٣، ١٧/٥٢٤، رقم: ٣٣٦٨٧، المعجم الأوسط للطبراني، دارالكتب العلمية بيروت ٦/١٥١، رقم:٨٣٢٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲؍محرم الحرام ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲؍۴۳۰۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۱/۲۲ھ

ارتداد کی صورت میں نکاح اور مہر کا حکم

سوال [۵۵۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک مسلمان عورت ہندہ کا مسلمان مرد بکر سے نکاح ہوا، کچھ دنوں کے بعد وہ عورت ایک غیر مسلم مرد کے ساتھ فرار ہوگئی اور سابقہ شوہر سے الگ ہوکر اس غیر مسلم مرد کے ساتھ بیوی بن کر رہنے لگی، اس درمیان اس عورت کو پنڈت کے یہاں لے جا کر وہ تمام افعال کرائے جو ہندو سماج میں نکاح کے وقت ہوتے ہیں اور وہ ہندوانہ رسم ورواج کے ساتھ آٹھ نو ماہ تک زندگی گذارتی رہی، عورت سے معلوم کرنے پر معلوم ہوا کہ اس کا پھر سے اپنے پرانے مذہب اسلام پر آنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ اور وہ سمجھتی تھی کہ اب وہ ایسی ہی رہتی سہتی رہے گی، اس درمیان اس کو حمل بھی قرار پا گیا، اتفاق ایسا ہوا کہ وہاں ایک موت ہوگئی، اور اس کو جلا دیا گیا یہ منظر دیکھ کر اس پر ہیبت سوار ہوگئی اس کے بعد اس نے دوبارہ مذہب اسلام کی طرف لوٹنے کا ارادہ کیا اور موقع پا کر وہ مسلمانوں میں آگئی۔ اور اس کو ایک بزرگ کے ذریعہ باقاعدہ مسلمان کیا گیا، اس کے بعد اس کے سابقہ شوہر سے

اس کے نکاح کی پیش کش کی گئی، اس نے جواب دیا کہ میں اس کو کسی قیمت پر نہیں رکھوں گا، اس کے بعد اس کے بچہ کی پیدائش کے ۴۰ر دن کے بعد اس کا نکاح ایک مسلمان مرد کے ساتھ کردیا گیا، صورت مذکورہ میں اس عورت پر سابقہ شوہر کا کوئی حق یا حق زوجیت اسی طرح اس عورت کا سابقہ شوہر کے ذمہ کوئی حق یعنی مہر باقی ہے یا نہیں؟ اور دوسرا نکاح درست ہوا یا نہیں؟ اوران کو بہشتی زیور، درمختار اور بہارشریعت وغیرہ کے حوالہ دیئے جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ یہ کتابیں ضعیف ہوچکی ہیں ان کا کوئی اعتبار نہیں۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: علیم الدین، نینی تال (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں درج شدہ حالت سے واضح ہوتا ہے کہ عورت مرتد ہوکر اسلام سے خارج ہوچکی تھی، اور جب دین اسلام چھوڑ کر ہندو بن گئی تو اس کا نکاح مسلمان شوہر سے ختم ہو چکا تھا؛ جبکہ شوہر نے مفارقت کے الفاظ بھی کہے تھے بعد میں اسلام پر لوٹ آنے سے ختم شدہ نکاح لوٹ کر نہیں آسکتا؛ البتہ اگر شوہر اول سے شروع ہی میں ہمبستری ہوئی تھی تو مرتدہ عورت کا پورا مہر ادا کرنا واجب ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/ ۲۲۹، فتاوی دارالعلوم ۸/ ۳۷۰، ۸/ ۳۷۴)

إذا ارتد أحد الزوجين عن الإسلام وقعت البينونه بينهما (إلى قوله) وإن كانت ارتدت بعد الدخول فلها جميع المهر. (الجوهرة النيره ٢/ ٩٣، هداية، اشرفي ديوبند ٢/ ٣٤٨، فتاوى عالمگيري، زكريا ١/ ٣٣٩، جديد ١/ ٤٠٥، البحرالرائق كوئٹه ٣/ ٢١٤، زكريا ٣/ ٣٧٣)

لہٰذا بعد میں اسلام قبول کرنے پر شوہر اول نکاح کے لئے راضی نہیں ہے، تو عورت کا کسی دوسرے مسلمان مرد سے نکاح کرلینا شرعاً درست ہے۔ نیز بہشتی زیور، درمختار، بہارشریعت وغیرہ کو

ضعیف پرانی کہہ کر نہ ماننا موجب فسق ہے؛ لہٰذا توبہ کرلینا ضروری ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍محرم الحرام ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳؍۴۷۱)

غیر مسلم کے ساتھ فرار ہونے والی لڑکی کے احکام

سوال [۵۵۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک مسلمان لڑکی غیر مسلم لڑکے کے ساتھ فرار ہوگئی دو سال سے رہ رہی ہے، بچہ بھی غیر مسلم سے پیدا ہوا ہے؛ لیکن چند مسلمانوں نے فکر کر کے اس مسلمان لڑکی کو اس غیر مسلم گھرانے سے نکال لیا ہے۔ اب معلوم یہ کرنا ہے کہ یہ بچہ ہندو ہے یا مسلمان؟ اس ہندو لڑکے کا ہے یا مسلم لڑکی کا؟ اب اس فرار شدہ لڑکی کا ایک مسلمان لڑکے سے نکاح کرنا چاہ رہے ہیں۔ کیا اس لڑکی کو عدت گذارنا ضروری ہے یا فوراً نکاح کردیں اور دو سال غیر مسلم کے یہاں رہنے کی وجہ سے کیا اس لڑکی کا ایمان باقی رہا یا تجدید ایمان ضروری ہے؟

المستفتی: شمشاد احمد خاں، دھامپور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسب تحریر سوال ایک مسلمان لڑکی کا غیر مسلم لڑکے کے ساتھ دو سال میاں بیوی کی طرح رہنا زنا کاری اور حرام کاری ہے، لڑکی پر سچے دل سے توبہ واستغفار لازم ہے، دونوں میں علیحدگی کرا دینے کے بعد بچہ ماں کے مسلمان ہونے کی وجہ سے ماں کو دیدیا جائے گا اور مسلمان کہلائے گا؛ البتہ اب کسی مسلمان لڑکے سے نکاح کرنے کے لئے اس لڑکی پر عدت گذارنا لازم نہیں ہے؛ بلکہ علیحدگی کے بعد جب چاہے نکاح کرسکتی ہے۔

أجمع العماء على أنه لا يحل للمسلمة أن تتزوج غير المسلم سواء

كان مشركا، أو من اهل الكتاب. (فقه السنة ۲/۹۸)

عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: أيما رجل عاهر بحرة، أو أمة فالولد ولدالزنا. (ترمذی، أبواب الفرائض، باب ما جاء في الرجل يسلم على يدى الرجل، النسخة الهندية۲/۳۱، ۳۲، دارالسلام رقم: ۲۱۱۳)

الزنا حرام وهو من أكبر الكبائر بعد الشرک و القتل. (الموسوعة الفقهية الكويتية ۲۴/۱۹)

لاعدة من الزنا. (شامي، كراچي ۴/۲۳، زكريا۶/۳۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/۱۰۰۲۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸/۴/۱۴۳۱ھ

کیا غیر مسلم کے ساتھ بھاگنے والی عورت کا نکاح ختم ہوجاتا ہے؟

سوال [۵۵۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک مسلمان شادی شدہ عورت اپنے ایک غیر مسلم نوکر کے ساتھ فرار ہوگئی، پولیس نے ایک مہینہ کے بعد اس کو برآمد کرلیا معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا اس شادی شدہ عورت کا نکاح اپنے شوہر سے قائم ہے یا غیر مسلم کے ساتھ بھاگ جانے کی وجہ سے نکاح ختم ہوگیا؟ کیا تجدید ایمان وتجدید نکاح ضروری ہے؟

المستفتی: شمشاد احمد خاں، دھامپور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شادی شدہ مسلمان عورت غیر مسلم نوکر کے ساتھ بھاگ جانے کے بعد جتنے دن اس کے ساتھ رہی ہے اتنے دن زنا کاری اور بدکاری ہوئی ہے اور زنا کی وجہ سے نکاح اپنے شوہر سے ختم نہیں ہوتا؛ بلکہ بدستور باقی رہتا ہے؛ البتہ

اگر اسلامی حکومت ہوتی تو سنگسار کر کے انہیں ختم کر دیا جاتا؛ لیکن یہاں چونکہ اسلامی حکومت نہیں ہے؛ اس لئے ان پر یہ سزا عائد نہیں کی جاسکتی ہے؛ اس لئے عورت پر لازم ہے کہ سچے اور خالص دل سے توبہ کر کے اپنی اس حرکت پر نادم ہو اور تجدید ایمان کی بات اس وقت تک نہیں کہی جاسکتی جب تک کہ اس عورت کی طرف سے کسی کفریہ عمل کی بات واضح نہ ہو جائے۔

وَلَا تَقْرَبُوْا الزِّنَا اِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَسَآءَ سَبِيْلًا. [بني اسرائيل:۳۲]

والمزني بها لاتحرم علی زوجها. (شامي، زكريا ٤/ ١٤٤، كراچي ٣/ ٥٠)

لو زنت امرأة رجل لم تحرم عليه وجاز له وطؤها عقب الزنا. (شامي، كراچي ٣/ ٣٤، زكريا ٤/ ١٠٩)

عن أبي ذر رضي الله عنه قال: أتيت النبي صلى الله عليه وسلم: وعليه ثوب أبيض وهو نائم، ثم أتيته وقد استيقظ، فقال: ما من عبد قال لااله الاالله، ثم مات على ذلک إلادخل الجنة قلت وإن زنیٰ، وإن سرق، قال وإن زنیٰ، وإن سرق (قالها ثلاثاً). (صحيح البخاري، كتاب اللباس، باب الثياب البيض، النسخة الهندية، ٢/ ٨٦٧، رقم: ٥٥٩٨، ف: ٥٨٢٧، مشكوة ١/ ١٤، مستفاد: فتاوی دارالعلوم قديم ٧/ ٥٢٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷؍ ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۰۲۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفر لہ
۱۸/ ۴/ ۱۴۳۱ھ

غیر مسلم کے ساتھ فرار ہونے والی لڑکی کے نکاح کا حکم

سوال [۵۵۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہمارے محلّہ کی ایک لڑکی جس کا نام وحیدہ خاتون بنت حاجی محمد تقی ہے، ممبئی شہر میں بھونڈی میں اپنے والدین کے ساتھ رہتی تھی، اس لڑکی کی عمر سترہ سال اور شادی شدہ

ہے، وحیدہ خاتون کے والدین اور پڑوسی غیر مسلم میں کچھ جھگڑا ہوگیا، جس کی وجہ سے دونوں فریق کو چوٹ لگ گئی۔ اور پولیس کیس قائم ہوا، غیر مسلم پڑوسی کو کیس ختم کرانے کے لئے اچھی خاصی رقم -/15000 روپیہ پولیس والوں کو دینا پڑا اس کا بدلہ لینے کے لئے ان لوگوں نے حاجی محمد تقی صاحب اور ان کے گھر والوں سے دوستی کا ہاتھ بڑھایا اور وحیدہ خاتون اور ان کے والدین اور گھر کے دیگر افراد سے تعلقات خوب خوشگوار ہو گئے۔ اور ظاہراً پرانی عداوت قصۂ پارینہ بن کر ختم ہوگئی اور دل میں بسی ہوئی پرانی عدوات بغض کی شکل میں ظاہر ہوئی؛ چنانچہ غیر مسلم پڑوسی نے اپنے لڑکے کو آمادہ کیا کہ وحیدہ خاتون یا حاجی محمد تقی صاحب کے کسی لڑکے یا لڑکی کو اغوا کر کے لا پتہ کر دیا جائے؛ چنانچہ پورے گھر والوں نے وحیدہ خاتون کے اغوا کرنے میں اہم رول ادا کیا اس کے لئے پولیس والوں کو رقم دی گئی، محلّہ کے اوباش غنڈوں کا سہارا لیا گیا مزید ایک اور لڑکی کو ساتھ دینے کی غرض سے رقم دی گئی؛ چنانچہ تین چار ماہ تک لڑکی غائب رہی، غیر مسلم پڑوسی کا لڑکا بڑودہ کے دیہی جنگلات میں لے کر فرار ہوگیا اور تین چار ماہ مسلسل اپنی ہوس کا شکار بناتا رہا، ایک دو ماہ میں وہ لڑکا اس لڑکی کو فروخت کرنے والا تھا کہ قدرت کی مشیت وہ لڑکی مل گئی۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے (۱) کہ وحیدہ خاتون ایک شادی شدہ لڑکی ہے اور دوبارہ اپنے شوہر کے ساتھ زندگی گذارنا چاہتی ہے، ایسی صورت میں شرعی شکل کیا ہوگی؟ تجدید نکاح کی ضرورت ہے یا کوئی اور شکل ہے؟

(۲) اگر اس لڑکی نے اپنی مرضی سے غیر مسلم لڑکے کے ساتھ فرار کی راہ اختیار کرلی، جیسا کہ بعض معاندین کا کہنا ہے کہ لڑکی اور لڑکا دونوں اپنی مرضی اور خوشی سے بھاگ گئے تھے؛ جبکہ گھر والے مندرجہ بالا تفصیلات بتا رہے ہیں، بہر حال اگر برضا یہ معاملہ ہوا ہو، تو شرعی شکل کیا ہے؟ کیا ایسی شکل میں کلمہ وغیرہ پھر سے پڑھنا ضروری ہے؟

(۳) غیر مسلم لڑکا اگر اسلام قبول کرتا ہے، تو اس سے رشتہ کرنا شرعاً کیسا ہے؟

(۴) حاجی محمد تقی اوران کے اہل خانہ پر بھی کچھ شرعی مؤاخذہ ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبداللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۲/۱) وحیدہ خاتون غیر کے ساتھ خواہ مرضی سے بھاگی ہو یا زبردستی دونوں صورتوں میں وحیدہ خاتون پہلے شوہر کی بیوی رہے گی اور جس کے ساتھ بھاگی ہے اس سے بدکاری ہوئی ہے، اسے اپنے اصل شوہر کے ساتھ رہ کر زوجیت کے حقوق ادا کرنا چاہئے۔

والمزني بها لاتحرم على زوجها. (شامي، كراچي ۳/ ۵۰، زكريا ٤/ ١٤٤، جديد ١/ ٣٤٦)

(۳) اور جس غیر مسلم کے ساتھ بھاگی ہے، وہ اسلام لے آئے تب بھی اس کی بیوی نہیں بنے گی۔

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره. (عالمگيري، زكريا ١/ ٢٨٠)

(۴) وحیدہ خاتون کے والدین کو شرعاً دیوث کہا جائے گا؛ اس لئے کہ انہوں نے اپنی لڑکی کو غیر محرم کے ساتھ اختلاط میں آزادی دی ہے، ایسوں کو حدیث میں دیوث کہا گیا ہے؛ لہٰذا ان کو بھی توبہ کرنا لازم ہے۔

عن عمار بن ياسر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إلى قوله امامد من الخمر فقد عرفناه فما الديوث من الرجال قال الذي لايبالي من دخل على أهله. الحديث (شعب الإيمان، باب في الغيرة والمذاء، دارالكتب العلمية بيروت ٧/ ٤١٢، رقم: ١٠٨٠٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶/ شعبان المعظم ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۵۲۸/۳۷)

مسلمان لڑکے کا ہندولڑکی سے شادی کرنا

سوال [۵۵۴۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک مسلم لڑکے نے ایک ہندو لڑکی سے شادی کرلی اور ہم لوگوں کو شادی کے کئی دنوں کے بعد پتہ چلا کہ اس نے یہاں پر شادی کرلی ہے اور وہ لڑکا شادی کے بعد اس کے گھر میں چار، پانچ سال رہا، تو کیا وہ لڑکا مسلمان رہا یا نہیں؟

المستفتی: محمد مجاہد عالم، ٹھٹھیرہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ہندو کی مذکورہ لڑکی نے اندرونی طور پر اسلام قبول کرلیا ہے، تو نکاح صحیح ہوگیا ہے اور اگر اس نے اسلام قبول نہیں کیا ہے اور اسی حالت میں مسلمان لڑکے نے اس کے ساتھ نکاح کرلیا ہے، تو شرعی طور پر نکاح منعقد نہیں ہوا ہے، وہ آپس میں میاں بیوی نہیں ہیں اور اس لڑکے نے اگر اسلام کو نہیں چھوڑا ہے باقاعدہ ایمان و اسلام پر باقی ہے، بس صرف ہندو لڑکی سے نکاح کرلیا ہے، تو اسلام سے خارج نہیں ہوگا؛ البتہ فعل حرام اور گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوگا۔

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّى يُؤْمِنَّ. [البقرہ: ۲۲۱]

وحرم نكاح الوثنية بالإجماع. وفي الشامية: نسبة إلى عبادة الوثن.

(درمختار مع الشامي، كراچي ٣/ ٤٥، زكريا ٤/ ١٢٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ شوال المکرم ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶۵۹/۳۱)

مسلم لڑکے کا کافرہ لڑکی سے نکاح

سوال [۵۵۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ میرا لڑکا ڈاکٹر ہے ہندو لڑکی اس سے شادی کرنا چاہتی ہے، کہتی ہے کہ میں مسلمان ہو جاؤنگی، میرا لڑکا کہتا ہے کہ میری ماں کی مرضی نہیں ہے، جب تک وہ راضی نہیں ہوں گی میں شادی نہیں کروں گا لڑکی کا نام شلپی ہے، اس کے ماں باپ اس کے مسلمان ہونے پر راضی ہیں، اس روشنی میں آپ فتوی دے کر کے مجھے بتائیں کہ یہ رشتہ مناسب ہے یا نہیں؟ میرا دل اس بات پر نہیں ٹھہر رہا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ اس میں کوئی چال ہو، جو پوشیدہ ہے، ایسی بات سے ڈر لگتا ہے، آپ سے درخواست ہے کہ آپ فتوی دے کر کے مجھے بتائیں کہ کیا کرنا چاہئے اس لڑکی سے نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: شیرین سہیل

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسلم لڑکے کا نکاح غیر مسلمہ سے جائز نہیں؛ البتہ اگر لڑکی مشرف باسلام ہوجائے تو اس سے نکاح بلاشبہ جائز اور درست ہوجائے گا۔ اوراس سے نکاح مناسب ہے یا نہیں؟ تو یہ آپ کا گھریلو اور ذاتی معاملہ ہے، جس میں ہم کو رائے دینے کا کوئی حق نہیں۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَلَا تَنكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّى يُؤْمِنَّ. [البقرة:۲۲۱]

ومنها: أن لا تكون المرأة مشركة إذا كان الرجل مسلماً فلايجوز للمسلم أن ينكح المشركة. (بدائع الصنائع، زكريا۲/ ۵۵۲، كراچي۲/ ۲۷۰)

إذا جاء كم المؤمنات مهاجرات إلى قوله فلا ترجعوهن إلى الكفار–فلا ''ترجعوهن''قوله وإذا خرجت المرأة إلينا مهاجرة أي تاركة الدار إلى أخرىٰ على عزم عدم العود وذلک بأن تخرج مسلمة. (فتح القدير، كتاب النكاح، باب نكاح اهل المشرك كوئٹه۳/ ۲۹۴، زكريا۳/ ۴۰۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ ذی قعدہ ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/ ۱۱۷۵۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۵/ ۱۱/ ۱۴۳۵ھ

مرتد کا نکاح کسی سے منعقد نہیں ہوتا

سوال[۵۵۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی غیر مسلم ہے وہ ایک مسلم لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہے لڑکی نے اس کو غیر مسلم بنا کر شادی ہندوانی رواج کے مطابق کرلی، پھر چار سال کے بعد دونوں مسلمان ہوگئے، تو اب نکاح دوبارہ ہوگا یا وہی نکاح برقرار رہے گا؟

المستفتی: محمد احمد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہندو دھرم اختیار کرنے کی وجہ سے مسلم لڑکا مرتد بن گیا تھا اور مرتد کا نکاح کسی سے بھی نہیں ہوسکتا؛ اس لئے پہلا والا نکاح شرعاً ہوا ہی نہیں۔ اب مسلمان ہونے کے بعد دوبارہ نکاح ضروری ہے۔

ولا یصلح أن ینکح مرتد، أو مرتدة أحدا من الناس مطلقاً أي مسلماً، أو کافراً، أو مرتداً. (در مختار مع الشامي، زکریا ٤/ ٣٧٦، کراچي ٣/ ٢٠٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍ ربیع الاولیٰ ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴؍ ٦٠٦٠)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۳/۵ھ

(۱۷) باب المحرمات

کن کن عورتوں سے نکاح حرام ہے؟

سوال [۵۵۴۵]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کن کن عورتوں سے نکاح حرام ہے؟ تفصیل مطلوب ہے تاکہ بآسانی سمجھا جاسکے کہ یہ عورت فلاں مرد پر حرام ہے۔

المستفتی: شمشاد احمد الاعظمی، چندن پورہ، کوپا گنج، مئو

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مرد کے لئے مندرجہ ذیل عورتوں سے نکاح کرنا حرام ہے۔

(۱) اپنے اصول سے یعنی ماں، دادی، پردادی، اوپر تک۔

(۲) اپنے فروع سے یعنی بیٹی، پوتی، پڑپوتی وغیرہ نیچے تک۔

(۳) اپنے اصول قریب کی فروع مؤنث مثلاً بہن، بھتیجی، بھانجی اور بھتیجے، بھانجے کی لڑکی۔

(۴) اپنے اصول بعید کی فروع قریب مثلاً پھوپھی، خالہ۔

(۵) موطوء ہ بیوی کی اصول اوراس کی فروع۔

(۶) اپنے اصول وفروع کی بیوی۔

(۷) رضاعی ماں کے اصول وفروع۔

(۸) مذکورہ عورتوں سے جس طرح نسبی رشتہ کی صورت میں نکاح جائز نہیں، اسی طرح اگر رضاعی رشتہ ہوتب بھی ان عورتوں سے نکاح جائز نہیں۔ اس کے علاوہ مزید (مزنیہ وغیرہ کی اصول وفروع سے متعلق) دیکھنا ہوتو کتب فقہ سے مراجعت فرمائیں۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ

وَبَنَاتُ الْاَخِ وَبَنَاتُ الْاُخْتِ وَاُمَّهَاتُكُمُ اللّٰتِیْ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهَاتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ اللّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِسَآئِكُمُ اللّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ لَمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَحِيْمًا. [سورة النساء:۲۳]

حرم تزوج أمه، و بنته، وإن بعد تا وأخته، وبنتها، وبنت أخيه، وعمته، وخالته، وأم امرأته، و بنتها، إن دخل بها، و امرأة أبيه، وابنه، وإن بعدتا والكل رضاعاً. (كنز الدقائق، كتاب النكاح، مكتبه مجتبائي ديوبند۹۷)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ رمحرم الحرام ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸ ر ۹۴۳۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۲/۱ھ

بیٹے کی مطلقہ سے نکاح

سوال [۶۵۴۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ باپ اپنے بیٹے کی مطلقہ عورت سے نکاح کرسکتا ہے یانہیں؟ باحوالہ جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: عبد الرحمٰن، محلّہ لالباغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: باپ کے لئے اپنے نسلی بیٹے کی مطلقہ عورت سے نکاح کرنا حرام ہے، اگر کرلیا تو نکاح منعقد ہی نہ ہوگا اور کسی بھی حالت میں اس کی بیوی نہ ہوگی۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ. [النساء: ۲۳]

عن عبد الرزاق عن ابن جريج قال : قلت لعطاء وحلائل أبنائكم الرجل ينكح المرأة لايراها حتى يطلقها أتحل لأبيه؟ قال هي مرسلة وحلائل أبنائكم الذين من أصلابكم. (مصنف عبد الرزاق، كتاب النكاح، باب وحلائل أبنائكم، المجلس العلمي ٦/ ٢٨٠، رقم:١٠٨٣٧)

حدثنا وكيع ابن جراح عن ابن طاؤس عن أبيه قال :إذا تزوج الابن لم تحل للأب دخل بها، أولم يدخل. الحديث (مصنف ابن أبي شيبه، كتاب النكاح، في الرجل يملك عقد المرأة، أتحل لأبيه إذا لم يدخل بها؟مؤسسه علوم القرآن ٩/ ٩٤، رقم:١٦٤٦٦)

وزوجة أصله، و فرعه مطلقاً ولو بعيداً دخل بها، أو لا. (در مختار مع الشامي، زكريا ٤/ ١٠٥، كراچي ٣/ ٣١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍رجب المرجب ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۸۹۰/۳۸)

باپ کی منکوحہ سے نکاح

سوال [۵۵۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص بشیر احمد جس کی عمر تقریباً ۷۵؍سال ہے، مسجد کا متولی ہے، مسجد میں نماز پڑھنے بھی آتا ہے، اس کے نکاح میں جو عورت ہے، وہ اس کے باپ کی منکوحہ وموطؤہ ہے بایں طور کہ بشیر احمد کے باپ نے اس عورت سے نکاح کیا اور کچھ دن تک اس کے ساتھ میاں بیوی کی طرح زندگی گذاری، پھر بشیر احمد کے والد کا انتقال ہوگیا، پھر کچھ دن کے بعد بشیر احمد نے باپ کی اس بیوی سے نکاح کرلیا۔ اور آج تک یہ دونوں میاں بیوی کی طرح زندگی گذار رہے ہیں، ان کے ایک لڑکا اور لڑکی بھی ہے، جو دونوں شادی شدہ ہیں اور ایک پوتی کی شادی بھی ہوچکی ہے۔

اب دریافت یہ کرنا ہے کہ باپ کی منکوحہ یا موطوءہ سے نکاح کرنا جائز ہے؟ اگر درست نہیں ہے، تو کیا اب بھی ان دونوں کے درمیان تفریق ضروری ہے؟ کیا اتنا کافی ہے کہ بشیر احمد اس عورت سے بیوی والا تعلق ختم کردے اور جس گھر میں اس وقت رہ رہے ہیں، اس میں ہی ایک ساتھ رہتے رہیں یا دونوں کا بالکل الگ الگ رہنا ضروری ہے؟ ان دونوں کا لڑکا انہی کے قریب اپنا الگ گھر بنا کر رہتا ہے، یہ عورت بشیر احمد سے جدا ہوکر اپنے اس لڑکے کے گھر میں رہ سکتی ہے؟ اگر یہ دونوں مسئلہ معلوم ہونے کے بعد بھی علیحدگی اختیار نہ کریں تو کیا ان سے اور ان دونوں کا ساتھ دینے والوں سے قطع تعلق ضروری ہے؟ اور مسجد میں نماز پڑھنے آنے سے بشیر احمد کو روک سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: محمد اکرم، خوشحال پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بشیر احمد نے جو اپنے باپ کی منکوحہ سے نکاح کیا ہے، وہ نکاح باطل اور حرام ہوا اور اس کے ساتھ ہمبستری زنا کاری کے مرادف ہے؛ لہٰذا فوری طور پر ان کو الگ کردینا لازم ہے۔

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَاۤؤُكُمْ مِنَ النِّسَآءِ . [النساء: ۲۲]

عن البراءؓ قال مربي خالي أبي بريرة ابن نيار و معه لواء فقلت: اين تريد؟ فقال: بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم إلي رجل تزوج امرأة أبيه، أن آتيه برأسه. (ترمذي، باب فيمن تزوج امرأة أبيه، النسخة الهندية ۱/۲۵۲، دارالسلام رقم: ۱۳۶۲)

اور اگر عورت کو کہیں رہنے کے لئے سہارا نہیں ہے، تو وہ اپنے بیٹے کے گھر میں رہ سکتی ہے اور بشیر احمد کو مسجد میں آنے سے تو نہیں روکا جائے گا؛ البتہ اس کے ذمہ سے مسجد کی تولیت ختم کردینا لازم ہے؛ اس لئے کہ وہ شخص شرعاً فاسق اور خائن ہے۔ اور کسی متبع شریعت باشرع مسلمان کو متولی بنانا ضروری ہے یا باشرع لوگوں کی کمیٹی کے زیر تحت مسجد کا نظام چلانا

ضروری ہے اوراگرمسئلہ معلوم ہونے کے بعد بھی دونوں ساتھ رہتے ہیں اورلوگوں کے ہرطرف سے نرمی اورسختی سے سمجھانے کے باوجود باز نہیں آتے ہیں تو علاقہ کےلوگوں کو چاہئے کہ ان سے قطع تعلق کردیں بول چال، لین دین، میل جول سب بند کردیں قرآن میں ہے۔

وَلا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لا تُنْصَرُوْنَ. [هود:۱۱۳] **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفااللہ عنہ
۲۲؍جمادی الثانیہ ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/ ۷۷۱۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۲/ ۶/ ۱۴۲۳ھ

قبل الدخول طلاق شدہ باپ کی منکوحہ سے نکاح کا عدم جواز

سوال [۵۵۴۸]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگرزید ہندہ کوقبل الدخول طلاق دیدے، تو طلاق کے بعد زید کے بیٹے کے لئے ہندہ سے نکاح کرنا جائز ہے یانہیں؟ واضح فرمائیں۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: زید کے بیٹے کے لئے ہندہ سے نکاح کرنا جائز نہیں؛ کیونکہ باپ کی منکوحہ بیٹے پرمحض عقد ہی سے حرام ہوجاتی ہے۔

ولا بامرأة أبيه وأجداده. لقوله تعالىٰ: ولاتنكحوا مانكح ابائكم من النساء، اعلم أن امراة الأب والأجداد تحرم بمجرد العقد عليها. (فتح القدیر اشرفیه ۳/ ۲۰۲)

أما حليلة الأب. فقوله تعالىٰ: ولاتنكحوا ما نكح آبائكم من النساء......فتحرم بمجرد العقد عليها. (البحر الرائق، زكريا ۳/ ۱٦٦، كوئٹه ۳/ ۹٤)

أما منكوحة الأب فتحرم بالنص وهو قوله: ولاتنكحوا مانكح

آبـائکم من النساء والنکاح یذکر ویراد به القعد، وسواء کان الأب دخل بها، أولا لأن اسم النکاح یقع علی العقد والوطء فتحرم بکل واحد منهما.
(بدائع الصنائع، زکریا ۲/۵۳۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰؍۱۱۴۷)

باپ کی سوتیلی بہن سے نکاح

سوال [۵۵۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص کی دو بیوی ہیں، پہلی بیوی سے ایک لڑکا اور دوسری بیوی سے ایک لڑکی، پہلی بیوی کا لڑکا شادی شدہ ہے اور ایک لڑکے کا باپ ہے، جو سن بلوغ کو پہونچ گیا، شخص مذکور کی دوسری بیوی سے ایک لڑکی اور پیدا ہوئی وہ بھی بالغ ہوگئی۔ اب اس شخص کا پوتا اپنی اس بالغ ہونے والی پھوپھی سے پیار کرتا ہے، وہ بھی پیار کرتی ہے اور دونوں آپس میں نکاح کرنا چاہتے ہیں، تو کیا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد عارف، دہلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: باپ کی سوتیلی (یعنی علاتی) بہن سے نکاح شرعاً ناجائز اور حرام ہے؛ کیونکہ وہ حقیقی پھوپھی کے درجہ میں ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَیْکُمْ اُمَّهَاتُکُمْ وَبَنَاتُکُمْ وَاَخَوَاتُکُمْ وَعَمَّاتُکُمْ . [النساء: ۲۳]
فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵؍۷۰۲۶)

خالہ سے نکاح

سوال [۵۵۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک بھانجے نے اپنی حقیقی خالہ سے نکاح کیا، اس نکاح کے نتیجہ میں جو اولاد پیدا ہوئی جو کہ نیک اور دینی مزاج رکھتی ہے، اس اولاد سے تعلقات رکھنے اور اس کے گھر کے کھانے پینے کا شرعاً کیا حکم ہے؟ براہ کرم آگاہ فرمائیں۔

المستفتی: محمد فرمان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: خالہ سے نکاح کے نتیجے میں جو اولاد پیدا ہوئی ہے وہ ناجائز ہے؛ لیکن اس اولاد سے تعلقات رکھنے اوران کے گھر کا کھانے اور پینے میں کوئی حرج نہیں ہے؛ کیونکہ ان اولادوں کے ناجائز اولاد ہونے میں خود کوئی ان کا قصور نہیں ہے وہ مسلمان ہیں، اہل ایمان میں سے ہیں سارا گناہ ان دونوں کے سر ہوگا، اگر آج بھی یہ دونوں زندہ ہیں تو محلے اور علاقے کے لوگوں پر لازم اور ضروری ہے کہ وہ فوری طور پر ان دونوں کو الگ کردیں، بشرطیکہ خالہ سے مراد حقیقی خالہ ہو، اگر حقیقی خالہ نہیں ہے تو اس کا حکم دوسرا ہوگا اور بچے ہر حال میں مسلمان ہیں۔

حرم على المتزوج ذكرا كان أو أنثىٰ نكاح أصله، وفروعه، أو نزل ....وعمته، وخالته، فهذه السبعة مذكورة في الآية حرمت عليكم أمهاتكم، وبنتكم، وأخوٰتكم، وعمتكم، و خلتكم. (شامي، زكريا ٤/ ١٠٠، ١٠٣، كراچي ٣/٢٨، ٢٩، ٣٠)

عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل مولود يولد على الفطرة، فأبواه يهودانه، أو ينصرانه. (أبو داؤد، ٢/ ٦٤٨، باب في ذراري المشركين، رقم: ٤٧١٤)

قلت يظهر لي الحكم بالإسلام للحديث الصحيح كل مولود يولد على الفطرة، قالوا إنه جعل اتفاقهما ناقلا له عن الفطرة، فإذا لم يتفقا بقي على الفطرة. (شامي، زكريا ٤/ ٣٧١، كراچي ٣/ ١٩٧)

عن أبي هريرةؓ قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: إذا دخل أحدكم على أخيه المسلم فليأ كل من طعامه، و لايسأل، ويشرب، من شرابه ولايسأل. (شعب الإيمان، دارالكتب العلمية بيروت ٥/ ٦٧، رقم: ٥٨٠١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍محرم الحرام ۱۴۳۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۸۲۱/۴۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۶/۱/۱۴ھ

سگی خالہ سے نکاح

سوال [۱۵۵۵۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے لڑکے ساجد وشال جو کہ مرکزی سرکار میں اچھے عہدہ پر ہے، میری سگی سالی یعنی اپنی خالہ گوہر سے نکاح کرلیا ہے، جس میں کسی عزیز کو بھی معلوم نہیں ہوا اور کافی عرصہ کے بعد پتہ چلا، اس میں شریعت کیا کہتی ہے؟ اس کی روشنی میں جواب دیں۔ لڑکے کی عمر ۲۸؍سال ہے اور لڑکی کی عمر قریب ۴۰؍سال ہے۔

المستفتی: محمد خالد وشال، دھام پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ کے لڑکے ساجد وشال نے اپنی سگی خالہ گوہر کے ساتھ جو نکاح کیا ہے، وہ قرآن وحدیث کی رو سے قطعی طور پر حرام ہے۔ دونوں کو ساتھ رہنا ہرگز جائز نہیں ہے، یہ نکاح ہوا ہی نہیں، یہ ہمیشہ کے لئے زناکاری ہے، اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا:

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَاَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ .
[سورة النساء: ۲۳]

ترجمه: تم پرتمہاری مائیں اور بیٹیاں اور بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں حرام ہوئی ہیں۔ (ترجمہ شیخ الہند ۱۰۴)

وحرم على المتزوج ذكرا كان أو انثىٰ نكاح أصله، وفروعه، أو نزل وبنت أخيه، وأخته وبنتها، ولو من زنى و عماته، وخالاته. (در مختار مع الشامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، زكريا ٤/ ١٠٠، هندية، زكريا ١/ ٢٧٣، البحرالرائق كوئٹه ٣/ ٩٣، زكريا ٣/ ١٦٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/ ۵۸۰۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۶/۹ھ

کیا خوشدامن اور خسر کی والدہ محرمات میں سے ہیں؟

سوال [۵۵۵۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ خوشدامن کی والدہ صاحبہ اور خسر کی والدہ صاحبہ محرمات میں داخل ہیں یا نہیں؟ اگر محرمات میں داخل ہیں تو آیا حرمت مؤبدہ یا موقتہ میں؟

المستفتی: عارف حسین، یالوگنج، پرتا بگڈھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: خوشدامن کی والدہ اور خسر کی والدہ دونوں شرعی محرمات میں داخل ہیں۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَاَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْاَخِ وَبَنَاتُ الْاُخْتِ وَاُمَّهَاتُكُمُ اللّٰتِيْ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهَاتُ نِسَآئِكُمْ. [النساء: ۲۳]

وأم امرأته. لقوله تعالیٰ: وَأُمَّهَاتُ نِسَآئِكُمْ و يدخل في لفظ الأمهات جداتها من قبل أبيها، وأمها و إن علون الخ (البحرالرائق، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، زكريا٣/١٦٥، كوئٹه ٣/٩٣، شامي، زكريا ٤/١٠٤، كراچي ٣/٣٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/ ذی الحجہ ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/ ۵۵۴۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۱۱/۲۲ھ

خالو اور پھو پھا محرم ہیں یا غیر محرم؟

سوال [۵۵۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ خالہ، بھانجی، پھوپھی، بھتیجی ایک شخص کے نکاح میں جمع بیک وقت نہیں ہوسکتی ہیں کیا ہندہ کے لئے ہندہ کے خالو اور پھو پھا محرم ہیں یا غیر محرم؟

المستفتی: رشید احمد سیڈھا، بجنور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جب تک ہندہ کی خالہ، خالو اور پھوپھی پھو پھا کے نکاح میں رہیں گی اس وقت تک ہندہ کے خالو اور پھو پھا اس کے محرم رہیں گے اور خالہ اور پھوپھی کے نکاح سے نکل جانے کے بعد یا وفات پا جانے کے بعد اختتام عدت پر ہندہ کا نکاح خالو یا پھو پھا کے ساتھ جائز اور درست ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۲۴۹)

عن أبي هريرةؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتنكح المرأة على عمتها، ولاعلى خالتها. (صحيح مسلم، كتاب النكاح، باب تحريم الجمع بين المرأة و عمتها، أو خالتها في النكاح، النسخة الهندية ١/٤٥٢، بيت الأفكار رقم: ١٤٠٨، صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب لاتنكح المرأة على عمتها، النسخة الهندية ٢/٧٦٦، رقم: ٤٩١٧، ف: ٥١٠٨)

وحرم الجمع بين المحارم نكاحاً أي عقداً صحيحاً وعدةً ولو من طلاق بائن-لحديث مسلم "لاتنكح المرأة علىٰ عمتها" وهو مشهور يصلح مخصصاً للكتاب. (در مختار مع الشامي، زكريا ٤/١١٥، كراچي ٣/٣٨، ٣٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ربیع الاول ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۲۰۸/۳۸)

بیوی کی خالہ اور پھوپھی محرم ہیں یا غیر محرم؟

سوال [۵۵۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بیوی کی خالہ اور پھوپھی محرم ہیں یا نامحرم ہیں؟

المستفتی: محمد امین

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بیوی کی خالہ اور پھوپھی غیر محرم ہیں؛ لیکن بیوی کے ہوتے ہوئے خالہ اور پھوپھی کو نکاح میں نہیں لا سکتے۔

حرمة موقتة نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يتزوج الرجل المرأة على العمة، أو على الخالة. (روائع البيان في تفسير آيات الأحكام ١/٥٦)

عن الشعبي سمع جابراً قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم: أن تنكح المرأة على عمتها، أو خالتها. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب لاتنكح المرأة على عمتها، النسخة الهندية ٢/٧٦٦، رقم:٤٩١٧، ف:٥١٠٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/محرم الحرام ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۴۶۶/۳۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۱/۲۵ھ

بھانجی اور چچازاد بہن سے نکاح

سوال[۵۵۵۵]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ آپا کی لڑکی سے نکاح کرنا درست ہے یانہیں؟ یعنی سگی بہن کی لڑکی سے اور چچی زاد بہن کی لڑکی سے نکاح کرنا جائز ہے یانہیں؟ یہاں پرعرف ورواج کے لحاظ سے تایا کی لڑکی سے نکاح کرنا معیوب سمجھا جاتا ہے، یہاں پر بہت سے لوگوں کا کہنا ہے کہ اگر تایا کی لڑکی سے نکاح کرنا جائز ہے، تو آپا کی لڑکی سے بھی جائز ہونا چاہئے، اگر تایااور چچا کی لڑکی سے جائز ہےاور آپا کی لڑکی سے ناجائز تو پھراس کی کیا وجہ ہے؟

المستفتی: محمد ہاشم قاسمی، چیرولی،ضلع کھمم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سگی بہن کی لڑکی سے نکاح جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ یہ حقیقی بھانجی ہےاور حقیقی بھانجی شرعی طور پر محرم ہوتی ہےاور محرم کے ساتھ نکاح کرنے سے قرآن وحدیث میں ممانعت آئی ہےاور چچا زاد بہن کی لڑکی محرم نہیں ہے؛ اس لئے اس کے ساتھ نکاح جائز ہے۔ نیز چچایا تایا کی لڑکی بھی محرم نہیں ہوتی؛ اس لئے اس کے ساتھ بھی نکاح کرنا شرعی طور پر جائز اور درست ہے اور دونوں میں محرم اور غیرمحرم کا فرق ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشادفرمایا:

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ ......وَبَنَاتُ الْاَخِ وَبَنَاتُ الْاُخْتِ .

[النساء: ۲۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶ / ربیع الاول ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف۲۶ / ۲۳۹۵)

دور کے ماموں، بھانجی اور خالہ بھانجے کا نکاح

سوال [۵۵۵٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ عابدہ پیدا ہوئی اس کے بعد زید کی بیوی خالدہ کا انتقال ہوگیا، زید نے دوسری عورت سامیہ سے نکاح ثانی کرلیا، زید کی لڑکی عابدہ زوجہ اول سے ہے، اس کا نکاح زید کی زوجہ تائب کے بھائی ساجد سے کرا دیا گیا، شرعاً اس نکاح کا کیا حکم ہے؟

نوٹ: اس مسئلہ میں یہ دونوں میاں بیوی ساجد اور عابدہ آپس میں ماموں بھانجہ کا رشتہ رکھتے ہیں؛ لیکن حقیقی ماموں، بھانجی اس کے علاوہ جس رشتہ کے بھی قرار دئے جاویں، ان دونوں کا بہت پہلے نکاح ہو چکا ہے، اس نکاح کے شرعی حکم سے مطلع فرمائیں؟ اب اس کے بعد زید کی پہلی بیوی خالدہ سے جو لڑکی عابدہ ہے، اس کے لڑکے مسمی بکر کا نکاح زید کی لڑکی مسماۃ شاہدہ کے ساتھ جو دوسری بیوی ساجدہ سے ہے کردیا جائے تو شرعاً اس نکاح کا کیا حکم ہے؟

نوٹ: یہ مسئلہ پہلے ہی مسئلہ کی شاخ ہے، اس دوسرے مسئلہ میں لڑکا اور لڑکی آپس میں خالہ اور بھانجہ ہونے کا رشتہ رکھتے ہیں، اس میں بھی یہ ظاہر ہے کہ دونوں میں حقیقی خالہ اور بھانجے کا رشتہ نہیں ہے، اس کے علاوہ جس رشتہ کے بھی قرار دئے جائیں، ان دونوں کا آپس میں نکاح کر دیا جائے تو کیا شرعی طور پر جائز ہے یا ناجائز؟ کسی قدر وضاحت سے دونوں مسئلوں کا جواب بالصواب سے مطلع فرمائیں اور عنداللہ ماجور ہوں۔

المستفتی: محمد ایوب، آزادنگر، نینی تال (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) مذکورہ صورت میں شرعی طور پر شاہد اور عابدہ کے درمیان محرمیت کا رشتہ نہیں ہے، اس لئے دونوں کا نکاح شرعاً صحیح اور درست ہے؛ اس لئے کہ یہ آیت کریمہ۔ **احل لکم ماوراء ذلکم**. [النساء: ٢٤] میں داخل ہے۔

(۲) اس صورت میں عابدہ اور شاہدہ دونوں علاتی باپ شریک بہن ہیں اس لئے عابدہ کے لڑکے بکر کا نکاح عابدہ کی علاتی بہن شاہدہ کے ساتھ ناجائز اور باطل ہوگا۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ. [النساء:۲۳]

لايحل للرجل أن يتزوج بأمه (إلى قوله) ولا بخالته؛ لأن حرمتهن منصوص عليها في هذه الآية و تدخل فيها العمات الخ (هداية، كتاب النكاح، اشرفي بكڈپو ۲/۳۰۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ ربیع الاول ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۶۸۲/۲۵)

علاتی بھائی بہن کا نکاح

سوال [۵۵۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دو ماں اور ایک باپ کی دو اولا دلڑ کی لڑکے کا عقد درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبد اللہ، مراد آبادی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں باپ شریک بھائی بہن کا آپس میں نکاح کرنا ہمیشہ ہمیش حرام ہے۔

وفي الهندية: هن الأمهات والبنات، والأخوات، والعمات، والخالات، وبنات الأخ، فالأخت لأب وأم، والأخت لأب، والأخت لأم. (عالمگيري، زكريا ديوبند ۱/۲۷۳، جديد ۱/۳۳۹ هكذا في البحر الرائق، كوئٹه ۳/۹۳، زكريا ديوبند ۳/۱۶۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ ربیع الاول ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳۵۷/۲۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۳/۱۳ھ

لاعلمی میں اپنی محرم عورت سے نکاح

سوال [۵۵۵۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی لاعلمی کی وجہ سے اپنی محرم سے نکاح کرلیا، تو یہ نکاح نکاح باطل ہے یا فاسد؟ نکاح باطل اور فاسد کے درمیان فرق واضح فرما دیں؟ اور اس نکاح سے جو بچہ پیدا ہوا ہے، وہ بچہ ثابت النسب ہے یا نہیں؟ اگر ثابت النسب ہے تو والدین کے ترکے کا وارث ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: افتخار احمد، ارریا (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لاعلمی کی وجہ سے اپنی محرم عورت سے جو نکاح ہوگیا وہ شرعاً باطل نہیں ہے؛ بلکہ فاسد ہے اور اس سے جو بچہ پیدا ہوا ہے وہ ثابت النسب ہے، اس بچے اور ماں باپ کے درمیان وراثت بھی جاری ہو جائے گی اور نہ ہی اس بچہ کو حرامی کا بچہ کہا جائے گا۔ اور نکاح باطل میں بچہ ثابت النسب نہیں ہوتا ہے، یہی نکاح فاسد و باطل میں فرق ہے۔

نیز نکاح فاسد سے فرقت کے بعد عدۃ گذارنا لازم ہوتا ہے اور نکاح باطل پر عدت گذارنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۵/۴۵)

وعدة المنكوحة نكاحاً فاسداً هي المنكوحة بغير شهود ونكاح امرأة الغير بلا علم بأنها متزوجة، ونكاح المحارم مع العلم بعدم الحل فاسد عنده خلافاً لهما (إلى قوله) لأنه نكاح باطل أي فالوطئ فيه زنا لايثبت به النسب بخلاف الفاسد، فإنه وطئ بشبهة، فيثبت به النسب، ولذا تكون بالفاسد فراشاً لا بالباطل. (شامي،

کراچي ۳/ ۵۱٦، زکریا ٥/ ۱۹٦، ۱۹۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲ر محرم الحرام ۱۴۲٦ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸٦۳۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲/۱/ ۱۴۲٦ھ

لاعلمی میں محرم عورت سے نکاح

سوال [۵۵۵۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک آدمی نے قرآن پاک میں مذکورہ ممنوعہ عورتوں میں سے ایک سے نکاح کرلیا، چند سال گذرنے کے بعد معلوم ہوا کہ اس عورت سے شادی کرنا مجھ پر حرام تھا؛ لہٰذا اب وہ شخص کیا کرے، اس کا نکاح برقرار رہے گا یا نہیں؟

المستفتی: محمد الیاس

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب بھی جس وقت معلوم ہوجائے علیحدہ ہوجانا واجب ہے برقرار رہنا ہرگز جائز نہیں۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/ ۳۲۰)

قال اللّٰہ تعالیٰ: اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ غَفُوْرًا رَحِیْمًا.
[النساء: ۲۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸ر شعبان المعظم ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/ ۲۷۹۰)

بھانجی سے شادی کرنے والے کی عورت کا پکایا ہوا کھانا کھانے کا حکم

سوال [۵۵٦۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ بھانجی سے کسی شخص نے شادی کر لی، اب اس کے لئے یا دوسروں کے لئے اس عورت کا بنایا ہوا کھانا کھانا کیسا ہے؟

المستفتی: محمد ہاشم، گونڈا

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: فی نفسہ اس عورت کا پکایا ہوا کھانا درست ہے، اگر حقیقی بھانجی ہے، تو اس شخص پر ضروری ہے کہ وہ بھانجی کو اپنے نکاح سے الگ کر دے، اگر وہ الگ نہ کرے تو تمام مسلمانوں پر لازم ہے کہ زبردستی بھانجی کو اس کے نکاح سے الگ کروا دیں ورنہ سب گنہگار رہوں گے۔

حرمت علیکم ......وبنات الأخت. [النساء: ۲۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍محرم الحرام ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴؍۶۰۱۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۸؍۱؍۱۴۲۰ھ

بغیر نکاح کے عورت کو ساتھ رکھنا

سوال [الف: ۵۵۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص کے یہاں بے نکاح عورت رہ رہی ہے اور اس عورت کی اماں بھی اسی عورت کے پاس رہتی تھی؛ لیکن اب اس عورت کی اماں کا انتقال ہو گیا ہے، تو اس کی فاتحہ اور جو کچھ بھی کرنا ہے وہی شخص کرے گا کہ جس شخص کے گھر میں وہ بے نکاح عورت رہ رہی ہے۔ اور ایک شخص اس کے ساتھ ایسا بھی شریک ہے، جو کہ شرع کا پابند ہے، وہ دونوں مل کر کے یہ کام کرانا چاہتے ہیں یعنی خدا اور رسول کا ذکر کرنا چاہتے ہیں، تو ایسے شخص کے یہاں کھانا کھانا اور خدا اور اس کے رسول کا ذکر کرنا کیسا ہے؟ شرعی حکم سے مطلع فرمائیں۔

المستفتی: سعید احمد، ہینگر پور، پوسٹ: ڈلاری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو شخص بے نکاحی عورت رکھتا ہے، وہ زنا کاری میں مبتلا ہے، سب مسلمانوں پر لازم ہے کہ فوراً علیحدہ کروادیں، اگر وہ باز نہ آئے تو اس سے سب لوگ بائیکاٹ کرلیں اور میت کے فاتحہ کی رسم ورواج قابل ترک ہے، اور محلّہ کے لوگ اس سے حقہ پانی بند کردیں، اس کے یہاں کسی تقریب میں شرکت نہ کریں۔

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: **وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَالَكُمْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ.** [هود: ۱۱۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷؍رجب المرجب ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸؍۷۸ ۲۷)

دو جڑواں لڑکی جن کے سر ایک دوسرے سے چسپاں ہیں ان کے نکاح کا حکم

سوال [ب: ۵۵۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دو بہنیں جڑواں پیدا ہوئیں؛ لیکن خدا کی قدرت سے ان دونوں کے سر آپس میں ملے ہوئے ہیں اور سر کے علاوہ جسم کے تمام اعضاء جدا جدا ہیں اور وہ دونوں حد بلوغ کو پہونچ چکی ہیں جن کی اب شادی ہونی ہے، تو اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ ان کی شادی کی کیا شکل ہوگی؟

الف: آیا ان دونوں کو ایک شمار کرکے ایک ہی مرد سے شادی کردی جائے۔

ب: یا دونوں کو الگ الگ شمار کرکے الگ الگ دو مردوں سے شادی کرائی جائے۔

قرآن وحدیث اور فقہ کی جزئیات کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: حافظ عظیم الدین، کشن گنج (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ سے واضح ہوتا ہے کہ دونوں بہنیں دو الگ الگ لڑکیاں ہیں، ان کا دھڑ الگ الگ ہے سارے اعضاء الگ الگ ہیں، پیشاب یا پاخانہ بھی الگ الگ ہوتے ہیں اور صرف دونوں کے سر ایک دوسرے سے چسپاں ہیں تو ایسی صورت میں جب تک آپریشن وغیرہ کے ذریعہ سے دونوں کو الگ الگ نہیں کیا جائے گا کسی ایک مرد کے ساتھ ان دونوں کا نکاح جائز نہیں ہوگا۔ قرآن مقدس کی آیت شریفہ:

وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ. [النساء: ۲۳]

نص قطعی سے اس کی حرمت ثابت ہے؛ لہٰذا قرآن کے حکم کے مطابق دونوں کی ایک ساتھ شادی نہ کی جائے اور چونکہ آپریشن سے پہلے علیحدہ نہیں ہوسکتیں؛ اس لئے شوہر کو اس کے ساتھ استمتاع ممکن نہیں ہے؛ جبکہ نکاح کا مقصد استمتاع ہے اور وہ حاصل نہیں ہوسکتا۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم جدید ۷/۵۰۱)

هو عند الفقهاء عقد يفيد ملك المتعة أي حل استمتاع الرجل من امرأة لم يمنع من نكاحها مانع شرعي. (الدر المختار مع رد المحتار زكريا ٤/٥٩)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ صفر المظفر ۱۴۳۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/ ۱۲۳۴۷)

(۱۸) باب المحرمات بالصهرية

حرمت صاہرت کے متعلق چند سوالات وجوابات

سوال [۵۵۶۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زوج کا اپنی منکوحہ کی فرع سے فعل موجب حرمت مصاہرت سرزد ہوجانے کی صورت میں مندرجہ ذیل مسائل کا حکم کیا ہوگا:

(۱) تفریق بین الزوجین ضروری ہوگی یا اس میں کچھ مستثنیات ہیں؟

(۲) اس تفریق کے لئے قضائے قاضی یا متارکت الزوج ضروری ہے یا نفس فعل ہی سے تفریق ہوجائے گی؟

(۳) یہ تفریق فسخ نکاح ہوگی یا طلاق، نیز علی التابید ہوگی یا نہیں؟

(۴) عدت واجب ہوگی یا نہیں؟ اگر ہوگی تو زوجہ کے علم میں آنے کے بعد سے شمار ہوگی یا ثبوت حرمت کے معاً بعد سے؟

(۵) کیا بعد التفریق مجامعت موجب حد زنا ہوگی، نیز کیا یہ ازسرنو موجب مہر ہوگی؟

(۶) کیا ما بین علاقۂ زوجیت کلاً مرتفع ہوجائے گی یا مسائل ذیل متفرع ہوں گے:

(الف) نفقہ وسکنی کی ذمہ داری باقی رہے گی یا نہیں؟

(ب) فلانہ زوجہ فلاں کا اطلاق صحیح ہوگا یا نہیں؟

(ج) آپس میں پردہ ضروری ہوگا یا نہیں؟

(د) زوج سے مخصوص خدمت مثلاً استنجاء، غسل وغیرہ لینا درست رہے گا یا نہیں؟ آئسہ معذورہ کے لئے کوئی گنجائش ہوگی؟

(۵) توارث منقطع ہوجائے گا یاباقی رہے گا؟

(۷) اس فرع کا کن رشتہ داروں سے نکاح درست نہیں ہوگا؟

(۸) کیااس فرع کا جس کے ساتھ یہ فعل ہوا ہے صحت نکاح کے لئے کوئی چیز شرط ہے، مثلاً قضائے عدت وغیرہ ہے یا نہیں؟

المستفتی: سیدامان اللہ حسینی عفی عنہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۲/۱) حرمت مصاہرت کے ثبوت کے بعد میاں بیوی میں سے ہرایک پر ضروری ہے کہ وہ اس نکاح کو فسخ کرائیں، اوران دونوں کے درمیان تفریق قاضی کرائے یا شوہر خود ہی متارکت کرلے اور تفریق کا اعتبار بھی قضاء قاضی یا شوہر کے متارکت کے وقت سے ہوگا، اور نفس فعل سے حرمت تو ثابت ہوتی ہے، مگر تفریق ثابت نہیں ہوتی۔

ولكل واحد منهما، فسخه ولو بغير محضر عن صاحبه دخل بها، أولا في الأصح خروجاً عن المعصية فلاينافي وجوبه. (شامي، زكريا ٤/ ٢٧٥، كراچي ٣/ ١٣٢، ١٣٣)

وبحرمة المصاهرة لا يرتفع النكاح حتى لا يحل لها التزوج بآخر إلا بعد المتاركة و انقضاء العدة. (شامي، زكريا٤/ ١١٤، كراچي ٣/ ٣٧، هندية ١/ ٢٧٧ جديد زكريا ١/ ٣٤٢)

(۳) اور یہ تفریق حرمت مصاہرت کے ثبوت کے بعد یا قضاء قاضی کے ذریعہ سے جوتفریق ہوتی ہے یہ تفریق فسخ نکاح ہوگی طلاق نہیں، نیز یہ تفریق علی التابید اور ہمیشہ ہمیش کے لئے ہوگی۔

وأسباب التحريم أنواع قرابة، مصاهرة، ورضاع. (درمختار)

وفي الشامية: وهذه الثلاثة محرمة على التأبيد. (شامي، فصل في المحرمات، زكريا ٤/ ٩٩، ١٠٠، كراچي ٣/ ٢٨)

(۴) اگرعورت مدخول بہا ہےتو عدت واجب ہوگی اور یہ عدت متارکت یا قضاء قاضی کےوقت سےشروع ہوگی۔

وتجب العدة......من وقت التفريق، أو متاركة الزوج. (شامي، زكريا ٢٧٦/٤، كراچي ١٣٣/٣)

(۵) حرمت مصاہرت کے ثبوت کے بعد متارکت یا قضاء قاضی سے پہلے اگر مجامعت ہوئی ہے،تو یہ وطی بالشبہ کے درجہ میں ہوگی،اس کی وجہ سے حد زنا لازم نہیں ہوگی اوراس مجامعت کی وجہ سےازسرنو مہر مثل لازم ہوجائے گا۔

الوطء الكائن في هذه الحرمة قبل التفريق، والمتاركة لايكون زنا وعليه مهر المثل بوطئها بعد الحرمة ولاحد عليه ويثبت النسب. (شامي، زكريا ١١٤/٤، كراچي ٣٧/٣)

(۶/الف) حرمت مصاہرت کا سبب اگر شوہر بنا ہے یا میاں بیوی کے علاوہ کوئی تیسرا آدمی بنا ہے یا خود بیوی بنی ہے،مگر بیوی کی طرف سے معصیت نہیں تھی،تو ان تمام صورتوں میں متارکت کے بعد دوران عدت نفقہ اور سکنی دونوں ملے گا اور اگر بیوی ہی حرمت مصاہرت کا سبب بنی ہے اوراس کی طرف سے معصیت کی وجہ سےحرمت مصاہرت کا ثبوت ہوا ہے،تو بیوی کوعدت کے دوران صرف سکنی ملے گا،نفقہ نہیں ملے گا۔اورمتارکت یا قضاءقاضی سے پہلے نفقہ اور سکنی دونوں ہر حالت میں ملیں گے؛ اس لئے کہ متارکت میں تاخیرشوہر کی وجہ سے ہے۔

وكذلك الفرقة بغير طلاق إذا كانت من قبله، فلها النفقة، والسكنىٰ سواء كانت بسبب مباح كخيار البلوغ، أو بسبب محظور كالردة ووطوء أمها أو تقبيلهما بشهوة بعد أن يكون بعد الدخول بها لقيام السبب وهو حق الحبس للزوج عليها بسبب النكاح، وإذا كانت من قبل المرأة، فإن كانت بسبب مباح كخيار الإدراك، أوخيار العتق،

وخيـار عـدم الـكـفاء ة، فكذلک لها النفقة والسكنىٰ، وإن كانت بسبب محظور بأن ارتدت أو طاوعت ابن زوجها، أو أباه، أو لمسته بشهوة، فلا نفـقة لهـا استحساناً ولها السكنىٰ، وإن كانت مستكرهة. (بـدائع الصنائع، زكريا٣/ ٤١٩، كراچي ٤/ ١٦، ١٧)

(ب) جب وہ متارکت کے بعد بیوی ہی نہیں رہی ہے، تو زوجۂ فلاں کہنا صحیح نہ ہوگا؛ البتہ زوجۂ سابقہ کہنا صحیح ہوسکتا ہے۔

فـخـرج الـمـجـوسية، والـمـكاتبة، والمشركة، ومنكوحة الغير، والـمـحـرمة بـرضـاع، أو مـصـاهـرة فحكمها كـالأجنبية. (شـامي، زكريا٩/ ٥٢٧، كراچي ٦/ ٣٦٦)

(ج) حرمت مصاہرت کے ثبوت کے بعد بیوی ہمیشہ کے لئے حرام ہو جاتی ہے، اس کے ساتھ کسی بھی حالت میں نکاح جائز نہیں، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ معاشرہ اور رہن سہن میں بھی ماں بہن کی طرح بن گئی ہو؛ بلکہ رہن سہن کے معاملہ میں ایک دوسرے کے لئے مکمل اجنبی بن گئے، جیسے اجنبی مردوں سے مکمل پردہ ہے، اسی طرح اس شوہر سے مکمل پردہ کرنا عورت پر لازم ہے اور مرد پر بھی لازم ہے کہ اجنبی عورتوں کی طرح سے اس سے دور رہے۔

فـخـرج الـمجوسية، والمكاتبة، والمشركة، ومنكوحة الغير والمحرمة برضاع، أو مصاهرة، فحكمها كالأجنبية. (شامي، زكريا٩/ ٥٢٧، كراچي ٦/ ٣٦٦)

(د) حرمت مصاہرت کے ثبوت کے بعد خواہ تفریق اور متارکت سے پہلے ہو یا اس کے بعد استنجاء اور غسل وغیرہ میں ایک دوسرے سے تعاون لینا جائز نہ ہوگا؛ اس لئے کہ اب وہ عورت مرد کے حق میں اجنبیہ کی طرح ہوگئی ہے اور اس سے مکمل پردہ لازم ہے۔

فـخـرج الـمـجـوسية، والـمـكاتبة، والمشركة، ومنكوحة الغير، والـمـحـرمة برضـاع، أو مـصـاهـرة، فـحـكـمهـا كـالأجنبية. (شـامي، زكريا٩/ ٥٢٧، كراچي ٦/ ٣٦٦)

(ہ) قاضی کی تفریق یا شوہر کے متارکت کے بعد میاں بیوی میں سے کسی ایک کا انتقال ہو جائے، تو اگر حرمت کا سبب شوہر بنا ہے، تو بیوی اس کی وارث بنے گی اور اگر حرمت کا سبب بیوی خود بنی ہے یا شوہر کے علاوہ کوئی اور شخص بنا ہے، تو اس صورت میں بھی بیوی شوہر کی وارث نہیں بنے گی۔

الفرقة لو وقعت بتقبيل ابن الزوج لاترث مطاوعة كانت أو مكرهةً، أما الأولى فلرضاها بإبطال حقها، وأما الثاني فلم يوجد من الزوج إبطال حقها المتعلق بالإرث لوقوع الفرقة بغيره. (شامي، زكريا ٥/٨، كراچي ٣/٣٨٧)

وكذلک إذا وقعت الفرقة بمعنىٰ من قبلها فلاميراث لها. (تاتارخانية، كراچي ٣/٥٧٧، زكريا ديوبند ٥/١٢١، رقم:٧٤٣٤)

(۷/۸) شوہر نے اگر بیوی کے جزء کے ساتھ حرکت کی ہے، جس کے نتیجہ میں حرمت مصاہرت ثابت ہوئی ہے، یا بیوی کے شوہر کی فرع اور جزء کے ساتھ حرکت کی وجہ سے حرمت مصاہرت کا ثبوت ہوا ہے، تو اس فرع کے لئے بیوی کے اصول وفروع اور شوہر کے اصول وفروع جو پہلے حرام نہیں تھے اب حرام ہو جائیں گے اور جو پہلے سے حرام تھے وہ اب بھی حرام ہیں۔

وحرم أيضاً بالصهرية، أصل ممسوسته بشهوة، وأصل ماسته، وفروعهن مطلقاً. وفي الشامية: قوله مطلقاً يرجع إلى الأصول، والفروع أي وإن علون وإن سفلن. (شامي، زكريا ٤/١٠٧، كراچي ٣/٣٣)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷/ ربیع الثانی ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۲۶۰/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۴/۱۸ھ

کیا حرمت مصاہرت کے ثبوت کے بعد بیوی کو ساتھ رکھنے کی کوئی شکل ہے؟

سوال [۵۵۶۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مسمی (زید جو کچھ ٹوٹا پھوٹا لکھ پڑھ سکتا ہے) نے ایک دن اپنی لڑکی (جس کی عمر ساڑھے گیارہ سال ہے) کا ہاتھ بری نیت سے پکڑ کر اپنے عضو تناسل پر اور اپنا ہاتھ لڑکی کی شرمگاہ پر رکھ دیا، لڑکی کو غصہ آیا اور خوف بھی محسوس ہوا، اس نے صورت واقعہ کی جانکاری اپنی ماں کو دی، ماں نے ایک مولوی صاحب سے اس بارے میں مسئلہ معلوم کیا تو انہوں نے فرمایا کہ: لڑکی کی ماں زید پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی ہے اور اب اسے لڑکی کی ماں کو طلاق دیدینی چاہئے اور زید نے اس کو تین طلاق دیدی۔

مندرجہ بالا صورت میں زید کی بیوی کو کیا کرنا چاہئے؟ ویسے وہ فی الوقت اپنے میکہ میں ہے، ساتھ میں چار چھوٹے بچے ہیں، زید کی بیوی نے ابھی کسی کو صورت حال کی جانکاری نہیں دی ہے، میکہ میں زیادہ دن ٹھہرنا مشکل ہے؛ لہٰذا شریعت کا جو حکم ہے، اس سے جلد از جلد مطلع فرما کر ماجور ہوں۔

زید کے بارے میں شاید یہ بتا دینا بھی کارآمد ہو کہ وہ ذہنی طور پر نارمل نہیں ہے، اس کے والدین نے اس کو پڑھانے کی بہت کچھ کوشش کی؛ لیکن وہ درجہ پنجم سے آگے نہ بڑھ سکا، چائے کی دوکان اور دوسرے کام کاج میں اس کو ڈالا گیا؛ لیکن اپنی عدم صلاحیت کی بنا پر وہ کسی میں بھی کامیاب نہ ہو سکا، گاہکوں کو سامان کے ساتھ زیادہ پیسے واپس کر دینا، بازار سے چار سامان خریدنا، دو لانا دو وہیں چھوڑ آنا وغیرہ اس کا روز کا معمول ہے، اپنی عقل وسمجھ سے کوئی کام نہیں کر سکتا، حساب کتاب نہیں کر سکتا جو بھی کوئی کہہ دے اسی کو مان لیتا ہے، کوئی کام کروانے والا ہو، تو موٹے کام مثلاً مٹی گارے وغیرہ کے کر سکتا ہے۔

نوٹ: جو بھی حکم شریعت مطہرہ کا ہو واضح فرمائیں۔

المستفتی: محمد اسماعیل خادم مدرسہ قاسم العلوم، سنت کبیر نگر (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں جوصورت حال بیان کی گئی ہے، اگر واقعۃً صحیح ہے، تو زید کی بیوی اس پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی ہے اور فوری طور پر میاں بیوی کے درمیان تفریق کرانا یا شوہر کی طرف سے متارکت کرنا لازم تھا اور بغیر متارکت بیوی کے لئے دوسری جگہ شادی کرنا بھی جائز نہیں تھا؛ لیکن سوال نامہ میں صاف لفظوں میں وضاحت ہے کہ زید نے اپنے بیوی کو تین طلاق دیدی ہے لہٰذا تین طلاق سے متارکت بھی ہوگئی اور طلاق مغلظہ بھی ہوگئی۔

اب یہ بیوی شوہر کے پاس حلالہ کے بعد بھی نہیں آسکتی ہے؛ اس لئے کہ ہمیشہ کی حرمت ثابت ہوگئی ہے اور جس وقت طلاق دی ہے، اس وقت سے تین ماہواری گزرجانے کے بعد اس کی بیوی کی عدت پوری ہوجائے گی ،اس کے بعد کسی دوسری جگہ وہ اپنی مرضی سے شادی کرسکتی ہے اور بچوں کا نان ونفقہ زید کے اوپر لازم رہے گا اور بیوی کی عدت کا خرچہ بھی اس پر لازم ہے؛ اس لئے کہ بیوی مظلومہ ہے اور آئندہ دونوں کے ساتھ رہنے کی شرعاً کوئی شکل نہیں ہے اور شوہر کی دماغی حالت جو پیش کی گئی ہے، وہ ایسی نہیں ہے جو حقوق زوجیت ادا کرنے میں مخل ہو اور جنسی تعلقات کو سمجھنے میں ناکام ہو؛ بلکہ اس معاملہ میں اس کا دل ودماغ شرعاً درست ہے، اس کی دلیل کے لئے یہی کافی ہے کہ اسی کے نطفہ سے چار بچے پیدا ہوئے ہیں۔

إن النظر إلی فرج ابنته بشهوة یوجب حرمة امرأته، وکذا لو فزعت فدخلت فراش أبیها عریانة، فانتشر لها أبوها تحرم علیه أمها. (درمختار)

وفي الشامیة: قوله دخلت فراش أبیها کنیٰ به عن المس و إلا فمجرد الدخول بغیر مس لایعتبر. (شامي، کتاب النکاح، زکریا٤/١١٤، کراچي٣/٣٧)

وبنت تسع فصاعداً مشتهاة اتفاقاً. (شامي، زکریا٤/١١٤، کراچي٣/٣٧، الموسوعة الفقهیة الکویتیة٣/٣١٢)

نفقة الأولاد الصغار على الأب لايشاركه فيها أحد. (عالمگيري، زکریا۱/ ٥٦٠، جدید زکریا۱/ ٦٠٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰ر محرم الحرام ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸ر۹۱۵۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۱/۳۰ھ

محرمات ابدیہ سے حرمت مصاہرت ثابت ہونے کا ثمرہ

سوال [۵۵۶۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ جو عورتیں محرمات ابدیہ میں سے ہیں مثلاً خالہ، پھوپھی، ماں، بیٹی وغیرہ اگر ان میں سے کسی سے مس بالشہوت یا تقبیل وغیرہ دھوکہ سے یا جان بوجھ کر ہو جائے، تو حرمت مصاہرت ثابت ہو جاتی ہے معلوم یہ کرنا ہے کہ جب یہ عورتیں پہلے ہی سے محرمات ابدیہ میں سے ہیں، تو اس حرمت مصاہرت کا ثمرہ اور فائدہ کیا ہے؟

المستفتی: محمد عتیق سیتا پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو عورتیں محرمات ابدیہ میں سے ہیں مثلاً خالہ، پھوپھی، ماں، بیٹی، وغیرہ ان سے حرمت مصاہرت کا ثمرہ یہ ہے کہ اگر مثلاً کسی نے اپنی خالہ یا پھوپھی کو شہوت کے ساتھ چھو دیا یا بوسہ لے لیا خواہ دھوکہ سے ہو یا جان بوجھ کر بہر دوصورت ان کی تمام فروعات یعنی لڑکی وغیرہ اس پر حرام ہو جائیں گی۔ اور اس کے لئے ان لڑکیوں سے نکاح کرنا جائز نہ ہوگا اور حرمت مصاہرت کے ثبوت سے پہلے ان کی اولاد سے نکاح جائز تھا اور اسی طرح اگر ماں کے ساتھ کسی بیٹے نے اس خلاف فطرت عمل کا ارتکاب کیا، تو اس کی ماں اپنے شوہر (اس کے باپ) پر ہمیشہ ہمیش کے لئے حرام ہو جاتی ہے۔ اور اگر کسی حیا سے عاری باپ نے اپنی بیٹی کے ساتھ اس حیا سوز عمل کا ارتکاب کیا خواہ دھوکہ سے ہو یا جان بوجھ

کرتو بیٹی کی ماں اپنے شوہر (اس کے باپ) پر ہمیشہ ہمیش کے لئے حرام ہوجاتی ہے؛ جبکہ اس عمل سے قبل ایسا نہیں تھا۔

حرم أيضاً بالصهرية......أصل ممسوسته بشهوة......وفروعهن مطلقاً......ولافرق بين عمد و نسيان، خطأ وإكراه. (شامي، زكريا٤/١٠٧، تا ٤/١١٢، كراچي ٣/٣٢ تا ٣٥)

في القبلة يفتىٰ بها أي بالحرمة. (شامي، زكريا٤/١١٣، كراچي ٣/٣٦، هندية ١/٢٧٦ جديد زكريا ١/٣٤١)

فلو أيقظ زوجته، أو أيقظته هي لجماعها، فمست يده بنتها المشتهاة، أو يدها ابنه حرمت الأم أبداً. (شامي، زكريا٤/١١٢، كراچي٣/٣٥)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۴؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۲ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵؍ ۷۲۲۱)	۱۴۲۲/۵/۱۰ھ

اجنبیہ منکوحہ سے حرمت مصاہرت کا کیا فائدہ؟

سوال [۵۵۶۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ جو عورتیں مثلاً چچی، ممانی، بھابھی یا دیگر اجنبیات کسی کے نکاح میں ہوں، اگر ان میں سے کسی کے ساتھ مس بالشہوۃ یا بوس وکنار وغیرہ ہوجائے، تو حرمت مصاہرت ثابت ہوگی یا نہیں؟ کیونکہ حرمت مصاہرت تو محللات میں ثابت ہوتی ہے، تو مذکورہ عورتیں دوسرے کے نکاح میں ہونے کی وجہ سے پہلے ہی سے اس پر حرام ہے، پھر حرمت مصاہرت کا کیا فائدہ؟

فقہی جزئیات کی روشنی میں مسئلہ حل فرمائیں۔

المستفتی: محمد عتیق سیتاپوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جوعورتیں پہلے سے کسی کے نکاح میں ہیں مثلاً چچی، ممانی، یا دیگر اجنبیات ان سے حرمت مصاہرت کا ثمرہ یہ ہے کہ اگر اس طرح کی عورتوں سے مس بالشہوۃ یا تقبیل وغیرہ ہو جائے، تو ان کے اصول وفروع اس شخص پر حرام ہو جاتے ہیں، ان سے یہ نکاح نہیں کرسکتا؛ جبکہ اس عمل سے قبل ان کے اصول وفروع اس کے لئے حلال تھے۔

نیز حرمت مصاہرت کے ذریعہ حرمت مبتلا بہ عورت میں نہیں آئی جیسا کہ سائل سمجھ رہا ہے؛ بلکہ حرمت اصول وفروع میں آتی ہے، اسی طرح حرمت مصاہرت اسباب حرمت کے ارتکاب سے صرف محللات ہی سے ثابت نہیں ہوتی؛ بلکہ محللات ومحرمات سب سے ثابت ہوتی ہے، مثلاً کسی شخص نے اپنی ماں کو شہوت کے ساتھ چھودیا یا بوسہ لے لیا، تو اس عمل سے اس کی ماں اپنے شوہر (اس کے باپ) پر ہمیشہ ہمیش کے لئے حرام ہو جاتی ہے اور کسی اجنبیہ کے ساتھ ایسا عمل ہونے سے اس کے اصول وفروع اس شخص پر حرام ہو جاتے ہیں؛ لہٰذا معلوم ہوا کہ حرمت مصاہرت حرمت اسباب کے ذریعے محللات ومحرمات دونوں میں ثابت ہوتی ہے۔

حرم أيضاً بالصهرية أصل ممسوسته بشهوة وفروعهن مطلقاً، ولا فرق بين عمد و نسيان، وخطأ وإكراه. (شامي، زكريا ٤/١٠٧تا ٤/١١٢، كراچي ٣/٣٢تا ٣٥)

فلو أيقظته هي لجماعها، فمست .....يدها ابنه حرمت الأم أبداً.
(شامي، زكريا ٤/١١٢، كراچي ٣/٣٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۰؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۲ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۲۲۲/۳۵)	۱۴۲۲/۵/۴ھ

کیا شرعی شہادت کے بغیر محض عورت کے دعوی سے حرمت مصاہرت ثابت ہو جائے گی؟

سوال [٥٥٦٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ جمیل احمد کے لڑکے کی بیوی مسماۃ عائشہ رات کو عشاء کی نماز پڑھ کر اوپر چھت پر ہوا میں لیٹ گئی، کچھ دیر کے بعد اس کی آنکھ لگ گئی، ہوا سے اس کے سر کے بال اڑ اڑ کر اس کے منھ پر آ گئے، اسی حالت میں اس کا سسر جمیل احمد اس کے پاس آیا وہ اکیلی تھی، اس کے پاس بیٹھ کر اس کے منھ ماتھے پر اس طرح ہاتھ پھیرا کہ جیسے بالوں کو ہٹا کر سر کی طرف کو سیدھا کر رہا ہو، تین بار اس نے ایسا کیا، لڑکی کو محسوس ہوا کہ کوئی اس کے منھ پر ہاتھ پھیر رہا ہے، وہ ابھی نیند سے پوری طرح جاگی نہیں تھی کہ یہ شخص فوراً اس کے پاس سے ہٹ کر کسی طرف کو اس طرح لیٹ گیا کہ جیسے سو رہا ہو، آنکھوں پر ہاتھ بھی رکھ لیا، لڑکی عائشہ نے آنکھیں کھولیں سوچا کہ کون میرے پاس آیا ہوگا اور کس نے منھ پر ہاتھ پھیرا ہوگا، اس نے اٹھ کر گھر میں اِدھر اُدھر دیکھا اور نیچے بھی دیکھا کہ شاید اس کا شوہر آیا ہو؛ لیکن اس کا شوہر بھی ابھی تک نہیں آیا تھا، وہ پھر وہیں لیٹ گئی اور اس کی آنکھ لگ گئی۔

اب یہ سسر جمیل احمد اٹھ کر دوبارہ اس کے پاس پہونچ کر زبان سے بول بول کر ناجائز پیار محبت کی باتیں کرنے لگا کہ تو تو مجھے بہت اچھی لگتی ہے، تجھے پیار کرنے کو میرا جی چاہتا ہے اور میں تجھ سے ایک بات کہوں اگر تو کسی سے نہ کہے، یہ آوازیں جب اس کے کان سے ٹکرائیں تو اس نے غور کیا کہ یہ آواز تو میرے سسر کی جیسی ہے، تو آنکھیں کھولیں تو واقعی سسر ہی تھا، یہ اٹھی اور غصہ میں سسر کے ہاتھ پکڑ لئے اور اسے بہت کچھ کہہ ڈالا اور ابھی کچھ دیر پہلے تو نے ہی میرے منھ پر ہاتھ پھیرا تھا، تیرے اوپر چپل پھیرونگی، تو نے مجھے اپنی بڑی بہو کی طرح سمجھا ہے، اس کے ساتھ جیسے تو نے بدمعاشی کر رکھی ہے، تو میرے ساتھ بھی وہی کرنا چاہتا ہے، سسر نے کہا دیکھ کسی سے اس بات کا ذکر مت کرنا ورنہ اچھا نہیں ہوگا۔ تھوڑی دیر کے بعد اوپر ہی اس کا شوہر بھی آ گیا، تو عورت نے شوہر کو نیچے لے جا کر اس کے باپ جمیل احمد کی یہ ساری شکایت کر دی، شوہر نے کہا اس بڈھے کو صبح ہی گھر سے نکال دینا اور کسی سے اس بات کا ذکر مت کرنا لڑکی خاموش رہی اس کا سسر گھر سے چلا گیا اور اس نے کہا اس بات کا تو اس سے بدلہ لینا ہے یعنی عائشہ سے کچھ دن کے بعد عائشہ کا شوہر گھر سے چلا گیا

کسی کام سے، پھر عورت کا سسر آ گیا اور اس کی نند اور شوہر آ جاتے ہیں، سسر اور نند نے عائشہ کے شوہر کو بہت ورغلایا کہ تیری بیوی عائشہ کا کرایہ دار سے ناجائز تعلق ہے وہ اس سے ملی ہوئی ہے (اس کے مکان میں اوپر کے ایک حصہ میں کرایہ دار بھی رہتا ہے) یہ بے بنیاد الزام اور بہتان عائشہ پر رکھ کر اس کے شوہر سے اس کو پٹوایا، شوہر نے اس کو لوہے کے پائپ سے مارا، اس کے پیٹ میں بہت سخت ضرب آ گئی شاید وہ اس کو جان سے ہی مارنا چاہتا تھا، یہ بھاگ کر گھر سے نکلی تو پڑوس والوں نے اسے پناہ دی اور اس کی جان بچائی، پڑوسی اور محلّہ والے اس کے گواہ ہیں، اس نے پھر بعد میں بھی یہ بات کہی ہے کہ اسے جان سے ماروں گا، اس کے میکے والے پڑوس میں سے اس کو لے گئے، اس کو ہسپتال میں بھرتی کر دیا گیا، تب عورت نے یہ بیان دیا کہ میرے آدمی نے جو مجھے مارا ہے، تو میرے سسر اور نند نے مجھ کو پٹوایا ہے، سسر نے مجھ سے اپنی اسی بات کا بدلہ لیا ہے، تب اس نے اپنے سسر کی ساری بات بیان کی جو مکان کی چھت پر اکیلے میں سسر نے عائشہ کے ساتھ کی تھی، سسر کا یہ کہنا ہے کہ یہ مجھ پر بے بنیاد الزام اور بہتان لگا رہی ہے اور عورت حلفیہ اس بات کو کہہ رہی ہے کہ بدنیتی کے ساتھ اس نے میرے منھ پر اور رخساروں پر ہاتھ پھیرا، وہ مجھ سے غلط کام کرنا چاہتا تھا؛ اسی لئے دوبارہ میرے پاس آیا اور ناجائز پیار ومحبت کی باتیں کہنے لگا۔

اب دریافت یہ کرنا ہے کہ ایسی صورت میں یہ عورت اپنے شوہر پر ہمیشہ کے لئے حرام اور اس کے نکاح سے خارج ہوئی یا نہیں؟ اور آئندہ اس کے ساتھ رہنے کی کوئی شکل ہے یا نہیں؟ یہ فرمائیں کہ اس بات کے ثبوت کے لئے کیا عورت کا حلفیہ بیان کافی ہے؛ کیونکہ عورت کی طرف سے اس بات کا کوئی گواہ نہیں ہے، تو بلا گواہ کے صرف اس کے حلفیہ بیان سے یہ بات ثابت مانی جائے گی یا نہیں؟ اور سسر کا دوبارہ اس کے پاس جا کر ناجائز پیار و محبت کی باتیں کرنا کیا اس بات کا قوی قرینہ مانا جا سکتا ہے کہ پہلی بار سسر نے بدنیتی کے ساتھ ہی اس کے منھ پر ہاتھ پھیرا ہے؛ جبکہ اس نے عائشہ سے یہ بھی کہا کہ دیکھ اس بات کو کسی سے

مت کہنا ورنہ اچھا نہیں ہوگا، اس مسئلہ کے جواب باصواب سے مشرف فرمائیں۔

المستفتی: صوفی محمد اسماعیل، ہلدوانی، نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صرف عائشہ کے اقرار کرنے کی وجہ سے وہ اپنے شوہر پر حرام نہ ہوگی اور نہ اس کے نکاح سے خارج ہوگی۔

و إن ادعت الشهوة في تقبيله، أو تقبيلها ابنه، وأنكرها الرجل فهو مصدق، وفي الشامية: إن ادعت الزوجة أنه قبل أحد أصولها وفروعها بشهوة، أوأن أحد أصولها وفروعها قبله بشهوة الخ قوله فهو مصدق؛ لأنه ينكر ثبوت الحرمة. (شامي، زكريا٤/ ١١٤، كراچي ٣/ ٣٧)

وبحرمة المصاهرة لا يرتفع النكاح حتى لا يحل لها التزوج بأخر إلا بعد المتاركة انقضاء العدة. (شامي، زكريا٤/ ١١٤، كراچي٣/ ٣٧، هندية ١/ ٢٧٧ جديد زكريا١/ ٣٤٢)

سوال نامہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس سلسلہ میں عورت کے پاس کوئی گواہ نہیں ہے اور نہ ہی خسر اس بات کا اقرار کررہا ہے اور نہ ہی شوہر نے لوگوں کے سامنے باپ کو جھٹلا کر عورت کی تصدیق کی ہے؛ اس لئے عائشہ کا حلفیہ بیان کرنا کہ میرے خسر نے شہوت کے ساتھ میرے رخسار پر ہاتھ پھیرا ہے ثبوت حرمت کے لئے کافی نہیں ہے۔

وفي المس لا تحرم مالم تعلم الشهوة؛ لأن الأصل في التقبيل الشهوة بخلاف المس. (در مختار مع الشامي ٤/ ١١٣، كراچي ٣/ ٣٥، هندية، زكريا١/ ٢٧٦ جديد١/ ٣٤١)

نیز بہو کے بارے میں غیر مرد سے بغیر شرعی ثبوت کے تعلق کا الزام لگانا جائز نہیں ہے۔

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ ربیع الثانی ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۱۱۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸/ ۴/ ۱۴۲۰ھ

کیا تنہا عورت کی گواہی حرمت مصاہرت کے لئے کافی ہے؟

سوال[۵۵۶۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری شادی کو دو سال کا عرصہ ہوا چار یا پانچ مہینہ بمشکل اپنی سسرال میں رہی، سسرال میں رہنے کے دوران میرے خسر کے معاملات میرے ساتھ بہت زیادہ گندے تھے، مثلاً ایک دفعہ میرے کمرے میں آگئے تھے اور ایک دفعہ میرے شوہر اور اپنے آپ کو یہ کہہ رہے تھے کہ دو دومت سمجھنا اور ایک دفعہ اپنے اوپر کو گرا بھی لیا تھا اور نماز میں گال، منھ میں بھرتے تھے، گندی کتاب اور فلم دکھایا کرتے تھے، پکڑا کرتے اور آنکھ مارا کرتے تھے، میں اپنے شوہر سے ان باتوں کا تذکرہ کرتی تھی تو وہ اس کو جھوٹ بتاتے اور انکار کرتے اور بھی کئی ایسی باتیں ہیں، جن سے معلوم ہوتا تھا کہ میرے خسر کی نظر میرے اوپر گندی ہے، مسئولہ صورت میں میرے لئے کیا حکم شرعی ہے؟

نیز سسرال سے واپس آکر فوراً ہی میں نے میکہ میں ان باتوں کو بیان کیا تھا اور اپنی ماں سے لپٹ کر روئی تھی اور کہا تھا کہ میرا نکاح شوہر سے کیا ہے یا خسر سے کیا ہے، اس کے باوجود سمجھا کر دوبارہ بھیج دیا گیا تھا، پھر بھی اسی طرح کے واقعات پیش آئے اس لئے میکہ آگئی تھی۔

المستفتیہ: ایک مسلم بہن، ٹانڈہ، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال میں لکھی ہوئی باتیں صرف ایک جانب کی ہیں، دوسری جانب سے کیا بیان ہے وہ ہمارے سامنے نہیں ہے، عورت کے مذکورہ بیان کے مطابق اگر اس کے پاس شرعی گواہ نہیں ہیں اور شوہر اس کی باتوں کی تصدیق نہیں کر رہا ہے اور نہ ہی خسر ان میں سے کسی بات کا اقرار کر رہا ہے، تو قاضی یا پنچایت کے سامنے اس کی بات معتبر نہ ہوگی؛ لیکن بینہا وبین اللہ اصل حقیقت کیا ہے، وہ اللہ اور اس کے درمیان کا مسئلہ ہے، ایسی صورت میں اگر واقعی عورت کو اس طرح کی

باتوں کا یقین ہے، تو ایسی صورت میں خلع وغیرہ کے ذریعہ شوہر سے علیحدگی کی کوشش کرنا عورت کے ذمہ ہے۔ (الحیلۃ الناجزہ ۱۵۴/۵، ۳۰۵/، ۳۰۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳/ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۸۷۵/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۱۲/۳ھ

خسر سے حرمت کے ثبوت کے شرائط

سوال [۵۵۶۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرا نکاح اب سے چار سال پہلے محمد عمر صاحب کے صاحب زادہ عظمت علی صاحب سے ہوا، ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ میرے شوہر کہیں باہر گئے ہوئے تھے اور میں گھر پر اپنے کمرہ میں سوئی ہوئی تھی، رات کو تقریباً بارہ بجے میرے خسر میرے پاس آئے اور میرا ہاتھ پکڑا چاقو ہاتھ میں لئے ہوئے تھے اور مجھ کو دھمکی دی کہ اگر شور وغل مچایا تو مار ڈالوں گا؛ لیکن میں نے اپنی عصمت کی خاطر شور مچادیا تو میرے منہ پر ہاتھ رکھا تو میں جھٹک دیا، جب میرے شوہر باہر سے آئے تو میں نے ان کو سب کچھ بتایا، مگر انہوں نے مجھ کو جھوٹا بتا کر مارا پیٹا، پھر والد صاحب مجھ کو اپنے گھر بلا لائے، اس کے بعد تقریباً چار سال مقدمہ چلا جس کو ہم نے جیت لیا۔

اب میرے شوہر کی جانب سے ایک پرچہ آیا ہے، جس میں مجھ کو بیکار اور ناکارہ بتا کر لکھا ہے کہ ہم ایسی لڑکی کو ہرگز نہیں رکھنا چاہتے ہیں۔ اب دریافت طلب یہ بات ہے کہ مذکورہ صورت میں مجھ کو کیا کرنا چاہئے اور شوہر طلاق دینا نہیں معافی چاہتا ہے، میرے شوہر نے جو بات لکھی اس کے شرعی گواہ بھی موجود ہیں اور میرے خسر نے میرے ساتھ جو کرنا چاہا، اس کا وہ بھی اقرار کرتے ہیں۔ **بینوا بالدلیل توجروا عند اللہ أجراً جزیلاً.**

المستفتیہ: پھول جہاں، قصبہ رام نگر، ضلع: نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حرمت ثابت ہونے کے لئے دو عادل پابند شریعت گواہ یا شوہر کی تصدیق شرط ہے، اور صورت مذکورہ میں آپ کے پاس خسر کے فعل پر عینی گواہ شرعی موجود نہیں ہیں، اور نہ ہی شوہر آپ کی تصدیق کر رہا ہے، تو ایسے حالات میں آپ اپنے شوہر پر حرام نہیں ہوئیں، اگرچہ خسر بھی اقرار کرے؛ بلکہ آپ کے ساتھ شوہر کا نکاح بدستور باقی ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/۳۳۶)

رجل قبل امرأة ابيه بشهوة ، أو قبل الأب امرأة ابنه بشهوة، وهي مكرهة وأنكر الزوج أن يكون بشهوة، فالقول قول الزوج. (فتاوى عالمگيري، القسم الثاني المحرمات بالصهرية، زكريا ١/٢٧٦)

وإن ادعت الشهوة في تقبيله، أو تقبيلها ابنه، وأنكرها الرجل، فهو مصدق لاهي. (الدرالمختار، كراچي ٣/٣٧، زكريا ٤/١١٤، ١١٥)

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها (إلى قوله) ولاتحرم على أبيه وإبنه إلا أن يصدقاه، أو يغلب على ظنهما صدقه (شامي، زكريا ٤/١٠٨، كراچي ٣/٣٣)

اور شوہر کا یہ لکھنا کہ ہم ایسی لڑکی کو ہرگز نہیں رکھنا چاہتے ہیں، اگر شوہر نے طلاق کی نیت نہیں کی ہے، تو اس سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی، آپ بدستور شوہر کے نکاح میں برقرار ہیں اور شوہر لے جانا چاہے تو آپ کو جانا ہوگا۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲ رجمادی الاولیٰ ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/۲۲۰۱)

شرعی گواہ نہ ہونے کی صورت میں زنا کا اقرار کرے یا نہ کرے؟

سوال [۵۵۶۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے شادی کی فاطمہ سے فاطمہ سے دولڑکے یعنی عمر، بکر پیدا ہوئے، اس کے بعد فاطمہ انتقال کر گئی، پھر زید نے دوسری شادی کی خالدہ سے، عمر نے خالدہ سے زنا کرلیا، اس زنا کا علم بکر کو ہو گیا، مگر زید کو زنا کا علم نہیں ہے، عمر کے زنا کرنے کے بعد زید سے دو تین بچے بھی پیدا ہوئے، مگر بکر نے اس راز کو کھولا نہیں وہ اپنے دل میں کہتا ہے کہ، اگر میں راز کو کھولوں تو ہمارے خاندان والوں کی بدنامی ہوگی اور یہ بھی سوچتا ہے کہ اگر میں اس راز کو نہیں کھولتا ہوں، تو میری آخرت میں پکڑ ہوگی۔

المستفتی: منظر عالم، جامعہ اسلامیہ جامع مسجد امروہہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس کے اظہار کے لئے شرعی گواہوں کی ضرورت ہوتی ہے، ورنہ بکر خود مجرم ثابت ہوگا۔ نیز اگر گواہ نہیں ہیں اور زید اس پر یقین نہ کرے اور عمر اور خالدہ اقرار نہ کریں تو شرعاً اس عمل کا ثبوت نہ ہوگا اور اگر یہ لوگ خود اقرار کریں اور زید بھی تصدیق کرے، تو خالدہ زید پر حرام ہو جائے گی اور شرعی گواہ نہ ہونے کی وجہ سے بکر اس کو ظاہر نہ کریگا، تو گنہگار نہ ہوگا۔

لاتحرم علی أبیه وابنه إلا أن یصدقاه، أویغلب علی ظنهما صدقه الخ

(شامي، کراچي ۳/۳۳، زکریا ٤/۱۰۸)

حرمة المرأة علی أصول الزاني، وفروعه الخ (شامي، کراچي ۳/۳۳، زکریا ۸/۱۰۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۴۵۸)

کیا محض افواہ سے بیوی شوہر پر حرام ہوجائے گی؟

سوال [۵۵۷۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کے اوپر یہ الزام ہے کہ اس کے لڑکے عمرو کی بیوی آسیہ سے ناجائز تعلقات تھے، زید کا پچھلے سال انتقال ہو چکا ہے، زید کی زندگی میں یہ مسئلہ کسی مصلحت اور مجبوری کی وجہ سے نہیں اٹھایا گیا تھا، زید کے انتقال کے بعد پریوار کے لوگوں نے یہ مسئلہ اٹھایا، اس سلسلے میں زید کی بیوی عامرہ نے اپنے شوہر زید اور بہو آسیہ کے خلاف افواہیں پھیلائیں، زید کی لڑکی سعدیہ نے بھی ایسی باتیں کہی ہیں اور کچھ پریوار کی عورتیں ایسی باتیں کر رہی ہیں، چشم دید گواہ کوئی نہیں ہے، زید کا لڑکا عمرو کسی کے سامنے کہتا ہے کہ ایسے تعلق تھے اور کسی کے سامنے انکار کرتا ہے اور کہتا ہے کہ سب غلط ہے، پریوار اور برادری کے لوگوں نے زید کے یہاں کھانا پینا بند کر دیا ہے اور زید کے گھر کے ہر فرد کے لئے دوسرے کے کھانے پینے کی ممانعت کر دی ہے، یہ کہا جا رہا ہے کہ عمرو کی بیوی آسیہ عمرو کی ماں ہوگئی جو کہ ہمیشہ کے لئے عمرو پر حرام ہوگئی، کیا اس طرح سے حرمت مصاہرت کا ثبوت ہوگا؟ بالفرض اگر زید نے آسیہ سے صحبت نہ کی ہو؛ بلکہ بوس وکنار کیا ہو تو اس سے بھی حرمت مصاہرت ثابت ہوگی؟ زید اور عمرو کے یہاں کھانا پینا جائز ہے یا نہیں؟ اگر زید کو عمرو کی بیوی کے ساتھ ایک چارپائی پر لیٹے دیکھا جائے تو کیا اس سے حرمت مصاہرت ثابت ہوجائے گی؟ بینوا و توجروا.

المستفتی: حبیب احمد، نئی مسجد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر عمرو انکار کرتا ہے اور اس کے لئے کوئی شرعی ثبوت اور گواہ نہیں ہے، تو محض افواہیں اڑانے والوں کی باتوں سے عمرو پر اس کی بیوی حرام نہیں ہوگی، اسی طرح بوس وکنار وغیرہ کے لئے بھی شرعی گواہ لازم ہے، اس کے بغیر محض

عورتوں کی باتوں سے کوئی حکم ثابت نہیں ہوگا؛ جبکہ شوہر غلط ثابت کررہا ہے۔

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها (إلى قوله) لاتحرم على أبيه وابنه إلا أن يصدقاه. (شامي، كراچي ٣/٣٣، زكريا ٤/١٠٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱؍رجب المرجب ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/ ۲۲۸۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲/ ۷/ ۱۴۱۱ھ

نابالغ بچی سے زنا کے نتیجے میں حرمت مصاہرت کا حکم

سوال [۱۵۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہندہ نابالغ بچی تھی بالکل ناسمجھ کچھ جانتی بھی نہ تھی آٹھ نو سال کے درمیان اس کی عمر ہوگی، زید بالغ تھا زید نے ہندہ سے زنا کیا، زید کے بیان کے مطابق زید نے خود جان کر دخول نہیں کیا اس وجہ سے کہ وہ بچی ہے، وقت گذر گیا زید کا نکاح کسی اور جگہ ہوگیا، ہندہ کے بالغ ہونے پر ہندہ کا بھی نکاح ہوگیا، تو اب ہندہ کی لڑکی کا نکاح زید کے لڑکے سے ہوسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبد اللہ قاسمی، معصوم پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نابالغ لڑکی سے زنا کرنے سے حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوتی ہے؛ لہٰذا زید کے لڑکے کا نکاح ہندہ کی لڑکی سے جائز اور درست ہے۔

أما غيرها يعني الميتة، وصغيرة لم تشته فلا تثبت الحرمة بها أصلاً.

وفي الشامية: تحت قوله أصلاً أي سواء كان بشهوة أولا أنزل أولا.

(الدر المختار مع الشامي، زكريا ٤/١١٠، كراچي ٣/٣٤)

ویشترط وطؤها في حال كونها مشتهاة. (شامي، زكريا ٤/١٠٤، كراچي ٣/٣٠)

ووطء الصغيرة التي لا تشتهي لا يوجب حرمة المصاهرة في قول أبي حنيفة، ومحمد. (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية، زكريا ١/٣٦٠، جديد١/٢١٨) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱؍محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۴۱۹/۳۶)

بحالت نابالغ اپنی لڑکی کو شہوت سے چھونا

سوال [۵۵۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ تین چار سالہ لڑکی ایک جگہ پر لیٹی تھی اور شوہر اپنی بیوی کو جماع کے لئے جگانے کے لئے ہاتھ اٹھا کر ہاتھ دیا، مگر ہاتھ لڑکی کے بدن پر پڑ گیا، تو کیا اب بیوی شوہر پر حرام ہوگئی یا نہیں؟

المستفتی: محمد مصطفیٰ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ۳؍۴؍سال کی بچی مشتہاۃ نہیں ہوتی ہے، اس کے شہوت کا ہاتھ لگنے سے حرمت کا ثبوت نہیں ہوتا۔

دون تسع ليست بمشتهاةبه يفتىٰ و تحته في الشامية: و الأصح أنها لا تثبت الحرمة الخ (در مختار، زكريا ٤/١١٤، كراچي ٣/٣٧، هندية، زكريا ١/٣٤٤، الموسوعة الفقهية الكويتية ٣٧/ ٣١٢، جديد١/ ٤١٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍محرم الحرام ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۵۹۴/۳۳)

دس گیارہ سال کی بیٹی کو چھونے سے حرمت مصاہرت ثابت ہوگی یا نہیں؟

سوال [۵۵۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید بچپن ہی سے بیمار ہے ان میں سے ایک بیماری یہ بھی ہے کہ وہ اپنی آنکھ سے سامنے کی چیز یا آدمی بڑی مشکل سے پہچان پاتے ہیں، آنکھ کی بینائی بالکل کم ہے، ایک رات کا واقعہ ہے کہ وہ عشاء کی نماز پڑھ کر گھر آئے گھر میں بھی بہت کم روشنی جل رہی تھی؛ اس لئے یہ نہیں دیکھا کہ وہ ان کی لڑکی ہے، جو عمر میں اس وقت گیارہ سال کی ہوگی کمسن ہے نابالغہ ہے، وہ لڑکی اپنی ماں کی جگہ سو رہی تھی، زید نے اپنی بیوی سمجھ کر بوسہ دینے کے لئے لڑکی کے رخسار پر ہاتھ پھیرا فوراً اطلاع ملی کہ وہ اس کی لڑکی ہے، فوراً ہاتھ ہٹالیا اور دل دل میں بہت شرمندہ ہوئے آیا اس سے زید کی بیوی زید پر حرام ہوگئی یا نہیں؟ عقد نکاح میں کوئی خلل ہوا ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالجلیل، چارکھوٹی، جنتا میڈیکل ہال، نوگاؤں (آسام)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: واقعہ میں لڑکی نابالغ ہونے کے ساتھ ساتھ اس طرح کمسن معلوم ہوتی ہے کہ اس کو دیکھ کر مردوں کی نگاہ شہوت نہیں پڑسکتی ہے اور دیکھنے میں مراہق اور مشتہاۃ نہیں ہے، چھوٹا قد ہونے کی وجہ سے دس گیارہ سال میں مراہق اور مشتہاۃ نہیں ہوئی ہے، تو ایسی صورت میں زید کی بیوی زید پر حرام نہ ہوگی اور اگر لڑکی دس گیارہ سال میں مشتہاۃ اور مراہق ہوچکی ہے، دیکھنے میں مردوں کی نگاہ شہوت پڑسکتی ہے تو نابالغہ ہونے کے باوجود زید پر ایسی صورت میں بیوی حرام ہوجائے گی ۔آپ خود ہی صورت حال کا جائزہ لیجئے۔

فلو أيقظ زوجته، أو أيقظته هي لجماعها، فمست يده بنتها المشتهاة، أو يدها ابنه حرمت الأم ابداً. وفي الشامية: لابد في كل منهما من سن

المراهقة وأقله للأنثیٰ تسع و للذکر اثناعشر ؛ لأن ذلک أقل مدة یمکن فیها البلوغ الخ (در مختار مع شامي، کراچي ۳/ ۳۰۵، زکریا ٤/ ۱۱۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲؍ربیع الاول ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/ ۳۰۹۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳/ ۳/ ۱۴۱۳ھ

کیا بارہ سال بعد حرمت مصاہرت کا ثبوت ہوگا؟

سوال [۵۵۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ساجدہ کی شادی ۱۲؍سال پہلے ہوئی تھی، چند مہینے کے بعد ساجدہ کے سسر نے ساجدہ کے ساتھ صحبت کر لی؛ لیکن ساجدہ نے نہ اپنے شوہر سے بتلایا نہ ہی اپنے میکہ میں کسی سے بتلایا، نہ بتلانے کی وجہ یہ تھی کہ ساجدہ کے ماں باپ انتہائی غریب ہیں بڑی مشکل سے شادی کی تھی۔ اب ۱۲؍سال کے بعد جبکہ ۲؍بچے بھی ہیں، ساجدہ میں کچھ دینداری آئی تو اس نے اس بات کو بتلایا، ساجدہ نے اپنی ساس سے تذکرہ کیا تھا، اب ساس بھی وفات پاچکی ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا اب ۱۲؍سال کے بعد ساجدہ کے اس واقعہ کو بتلانے سے حرمت مصاہرت ثابت ہوجائے گی۔

المستفتی: ساکنان، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: محض ساجدہ کے بتلانے سے کہ سسر نے اس کے ساتھ صحبت کی ہے، حرمت مصاہرت کا ثبوت نہیں ہوگا؛ جب تک سسر خود بھی اس کا اقرار نہ کرلے یا شوہر اس کی تصدیق کرے کہ یہ بات صحیح ہے، تو ساجدہ اپنے شوہر پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوجائے گی۔

وإن ادعت الشهوة في تقبیله، أو تقبیلها ابنه وأنکرها الرجل، فهو مصدق لا هي. (شامي، زکریا ٤/ ۱۱٤، کراچي ۳/ ۳۷)

تزوج بكرا فوجدها ثيباً، وقالت أبوك فضني، إن صدقها بانت بلا مهر وإلا لا. (در مختار، زكريا ٤/ ١٠٦، كراچي ٣/ ٣٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ / ربیع الثانی ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/ ۹۲۶۸)

لمس بالید سے حرمت مصاہرت کا حکم

سوال [۵۵۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اپنی پھوپھی شبنم کی لڑکی سے نکاح کرنا چاہتا ہے، مگر حقیقت واقعہ یہ ہے کہ شبنم نے ایک دن زید کو پان دیا، پان پکڑتے وقت زید کی انگلیوں کے اگلے پوروؤں کا اگلا حصہ (سرا) شبنم کے اگلے پوروؤں سے ٹچ ہوگیا، اس وقت زید کو شبنم کے پوروؤں کی گرمی (حرارت) تو ضرور محسوس ہوئی اور پان پکڑنے کا وقت تقریباً ایک یا دو سکنڈ تھے، مگر زید اس امر میں متشکک ہے کہ اس وقت زید کو شہوت تھی یا نہیں اور عضو مخصوص میں انتشار تھا یا نہیں؟ تو اب مسئلہ یہ معلوم کرنا ہے کہ کیا صورت مذکورہ ''لمس بالید'' میں داخل ہے یا نہیں؟ اور زید اپنی پھوپھی کی لڑکی سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟

نیز اس بات کی وضاحت ضرور کر دیں کہ ''لمس بالید'' کے سلسلہ میں مفتی بہ قول کیا ہے اور حرمت مصاہرت کے ثبوت میں فتوی کس امام کے کس قول پر ہے؟

المستفتی: محمد عتیق الرحمٰن القاسمی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مذکورہ صورت میں لمس بالید جو شرعی طور پر ممنوع اور حرام ہے، وہ ثابت نہیں ہے؛ اس لئے کہ لمس بالید سے اس حرمت مصاہرت کے ثبوت کے لئے شہوت کا یقین ہونا شرط اور لازم ہے اور یہاں شہوت کا یقین سے ہونا ثابت نہیں ہے؛

اس لئے شبنم کی لڑکی سے آپ کا نکاح کرنا بلاشبہ جائز ہے اور یہی مفتی بہ قول ہے۔

وأصل ماسته أي بشهوة قال في الفتح و ثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها ويقع في أكبر رأيه صدقها. (شامي، زكريا ٤/ ١٠٨، كراچي ٣/ ٣٣)

اليقين لا يزول بالشک. (الاشباه والنظائر قديم ١٠٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍شوال المکرّم ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۵۶۶/۳۷)

اپنی لڑکی یا سالی سے زنا کرنے سے کیا بیوی حرام ہوجائے گی؟

سوال [۵۵۷۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کسی نے اپنی لڑکی سے زنا کیا، تو اس صورت میں کیا اس کا نکاح اپنی اہلیہ سے باقی رہیگا یا نہیں؟

(۲) اگر کسی نے اپنی سالی سے بیوی کی موجودگی میں نکاح کرلیا یا زنا کا صدور ہوگیا، تو اس کا نکاح باقی رہا یا نہیں؟

المستفتی: شمیم اختر، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: لڑکی سے زنا کرنے سے اس کی ماں حرام ہوجاتی ہے؛ لہٰذا اس پر ضروری ہے کہ اس سے جدائی اختیار کرلے۔

كما استفيد من هذه العبارة حتى لو وطئ أم امرأته أو بنتها حرمت عليه امرأته الخ (بزازيه على الهندية، زكريا ٤/ ١١٢، جديد ١/ ٧٦، هكذا في الشامي، كراچي ٣/ ٣٥، زكريا ٤/ ١١٢، هندية، زكريا ١/ ٢٧٤، جديد ١/ ٣٣٩)

البتہ لفظ متارکت (طلاق دیا یا چھوڑ دیا وغیرہ) استعمال کرنا ضروری ہے۔

وبحرمة المصاهرة لا يرتفع النكاح حتى لا يحل لها التزوج بآخر إلا بعد المتاركة. (شامي، كراچي ٣/٣٧، زكريا ٤/١١٤)

(۲) دونوں صورتوں میں نکاح باقی ہے اور بیوی کی موجودگی میں سالی سے نکاح کرنے میں سالی کا نکاح باطل ہے۔

ان تزوجهما بعقدتين ونسي الأول فلو علم فهو الصحيح، والثاني باطل. (شامي، كراچي ٣/٤٠، زكريا ٤/١١٩)

وطئ أخت امرأته لا تحرم عليه امرأته الخ (در مختار مع الشامي، كراچي ٣/٣٤، زكريا ٤/١٠٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷؍رجب المرجب ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/۴۱۲۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۷/۷/۱۴۱۵ھ

چچی کا بوسہ لینے کا حکم

سوال [۵۵۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید بہوش وحواس شہوت کے ساتھ ہندہ کے رخسار کا جو اس کی چچی ہوتی ہے بوسہ لیا، حالت بیداری وحالت خواب میں، کیا ایسی صورت میں زید اس کی لڑکی سے جو اس زید کی چچازاد بہن ہے عقد کرسکتا ہے یا نہیں؟ بصورت ثانی کوئی امکانی صورت بھی نکل سکتی ہے جیسا کہ حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے ''الحیلۃ الناجزہ'' میں مذہب غیر پر عمل کے بارے میں جواز لکھا ہے، یعنی میری مراد یہ ہے کہ میں حنفی مسلک ہوں اس صورت میں کسی دوسرے امام کے مذہب پر عمل کرنے کی گنجائش نکل سکتی ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو مسئلہ ختم اور اگر کوئی جواز کی صورت نکل سکتی ہے جیسا کہ ''الحیلۃ الناجزہ کے ہی ص: ۳۰۲؍ پر تلفیق کے جواز کے بارے میں معتمد عالم سے رجوع کرکے ان کی اصول

فتویٰ پر عمل کو کہا ہے، تو اب صرف پوچھنا یہ ہے کہ کیا مذکورہ صورت میں جواز کی کوئی شکل آپ کے نزدیک نکل سکتی ہے؟

المستفتی: محمد خالد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: حرمت مصاہرت کے ثبوت میں حالت خواب کا اعتبار نہیں، صرف بیداری کی حالت کا اعتبار ہے؛ لہٰذا اگر زید نے بیداری کی حالت میں شہوت کے ساتھ اپنی چچی کا بوسہ لیا ہے، تو ان کی بیٹی سے نکاح کرنا اس کے لئے جائز نہیں ہے اور مذہب غیر پر عمل کا جواز صرف اجتماعی ضرورت شرعی کے وقت یا خطرناک فتنہ سے حفاظت کی غرض سے ہے۔ اور پیش آمدہ صورت ان میں سے کسی ضرورت کے دائرہ میں داخل نہیں؛ لہٰذا سائل کو یہاں کا ارادہ ترک کر کے دوسری جگہ شادی کی کوشش کرنی چاہیے۔

كما تثبت هذه الحرمة بالوطئ تثبت بالمس، والتقبيل. (هندية، زكريا ۱/ ۲۷٤)

ومن مسته امرأة بشهوة حرمت عليه أمها، وبنتها. (هداية، زكريا اشرفيه ديو بند ۲/ ۳۲۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ ربیع الاولیٰ ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۳۰۳)

کیا مذاق میں بھی مس، تقبیل وغیرہ سے حرمت مصاہرت ثابت ہو جاتی ہے؟

سوال [۵۵۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کسی مرد نے کسی اجنبیہ عورت یا لڑکی کو مذاق میں شہوت کے ساتھ چھوا، یا بوسہ لیا یا اس کی شرمگاہ کی طرف دیکھا یا کسی اجنبیہ عورت یا لڑکی نے یہ فعل کسی اجنبی لڑکے یا مرد کے ساتھ کیا، تو کیا اس سے حرمت مصاہرت ثابت ہو جائے گی؟ اور ہر ایک کے اصول

وفروع اولاد ایک دوسرے پر حرام ہوجائے گی؟ اگر یہ شخص اپنی اولاد کا اس عورت یا اس کی لڑکی سے نکاح کرانا چاہے تو کراسکتا ہے یا نہیں؟

نیز اگر ایسا شخص بعد میں مذکورہ حرکات کی صورت میں شہوت کا انکار کرے تو اس کی بات مانی جائے گی یا نہیں؟ سوال مذکور کا تسلی بخش جواب مع دلائل عنایت فرمائیں۔

المستفتی: محمد افضل حلیمی، بھاگلپوری، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس شخص نے کسی اجنبیہ کو یا کسی عورت نے کسی اجنبی مرد کو شہوت کے ساتھ چھودیا، یا بوسہ لیا یا شرمگاہ کی جانب دیکھ لیا، تو ان تمام صورتوں میں حرمت مصاہرت ثابت ہوجاتی ہے۔ اور دونوں کے اصول وفروع ایک دوسرے پر حرام ہوجاتے ہیں۔

حرم بالصهرية أصل مزنيته، وأصل ممسوسته–وفروعهن مطلقاً.

(درمختار، زکریا ٤/١٠٧، کراچي ٣/٣٢)

اس شخص کی اولاد کا اس عورت سے نکاح درست نہیں؛ البتہ اس کی لڑکی سے اپنے لڑکے کا نکاح کرسکتا ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۵/۴۷)

ويحل لأصول الزاني،وفروعه أصول المزني بها، وفروعها. (شامي، زكريا ٤/١٧، كراچي ٣/٣٢)

اگر مذکورہ حرکت کا مرتکب شہوت کا انکار کرے، تو نظر اور مس میں اس کی بات تسلیم کی جاسکتی ہے، اس وقت حرمت مصاہرت کا حکم نہیں لگے گا؛ لیکن تقبیل میں اس کی بات قبول نہیں کی جائے گی؛ کیونکہ عموما بوقت تقبیل شہوت کا وجود ہوتا ہے۔

إذا قبلها، أو لمسها، أو نظر إلى فرجها، ثم قال لم يكن عن شهوة ذكر الصدر الشهيد، أنه في القبلة يفتىٰ بالحرمة وفي اللمس، والنظر لا؛ لأن الأصل في التقبيل الشهوة بخلاف المس، والنظر.

(شامي، زكريا ٤/ ١١٢، كراچي ٣/ ٣٥، هندية، زكريا ١/ ٢٧٦، جديد ١/ ٣٤١)
فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲ رمحرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۷۰۳۱)

عورت کو شہوت سے ہاتھ لگانے کا حکم

سوال [۵۵۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بہشتی زیور حصہ چہارم میں جن لوگوں سے نکاح حرام ہے، ان کے اس مسئلہ کا بیان ۱۸/ ۱۹ پر ہے کسی عورت نے جوانی کی خواہش کے ساتھ بد نیتی سے کسی مرد کو ہاتھ لگایا، تو اب اسی عورت کی ماں اور اولاد کو اس سے نکاح کرنا جائز نہیں، اسی طرح اگر کسی مرد نے کسی عورت پر ہاتھ ڈالا وہ مرد اس کی ماں اور اولاد پر حرام ہوگیا۔ ۱۱ر پر ہے رات اپنی بیوی کو جگانے کے لئے اٹھا مگر غلطی سے لڑکی پر ہاتھ پڑ گیا یا ساس پر ہاتھ پڑ گیا اور بیوی سمجھ کر جوانی کی خواہش کے ساتھ اس کو ہاتھ لگایا، تو وہ مرد اپنی بیوی پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگیا۔

اب کوئی صورت جائز ہونے کی نہیں اور لازم ہے کہ یہ مرد اب اس عورت کو طلاق دیدے؛ جبکہ یہ مسئلہ سہواً پیش آ گیا، تو قصداً اس کے برعکس اگر لڑکے کی بیوی پر ہاتھ وغیرہ لگ گیا یا کسی موقع پر خدمت کرتے کراتے اعضاء مس ہوجائیں اور خدانخواستہ دل میں کوئی بات یعنی غلط تصور ہو تو کیا حکم ہے؟ اس پرفتن دور میں خسر بہو کے ناجائز تعلقات کا پتہ چلتا ہے، تو اس صورت میں کیا حکم ہے؟ اور اس قسم کے گھروں میں اختلاط تو ہوتا ہے، سب ایک ہی جگہ رہتے سہتے ہیں اور چیزوں کا لین دین بھی ہوتا ہے، تو مذکورہ معاملہ کا کیا حکم ہے؟ جوابات سے نوازکر مشکور فرمائیں۔

المستفتی: محمد یونس، پنجاب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جی ہاں! شہوت سے ہاتھ لگانے میں حرمت مصاہرت ثابت ہوجاتی ہے اور اگر غلطی سے بیوی سمجھ کر لڑکی یا ساس یا بہو پر شہوت سے ہاتھ لگ گیا ہے، تب بھی حرمت ثابت ہوجاتی ہے، اسی طرح اگر جسمانی خدمت یعنی پیر وغیرہ دباتے وقت شہوت ابھر جائے اور نیت خراب ہوجائے ،تو بھی حرمت ثابت ہوجائے گی؛ اس لئے ساتھ رہنے میں بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

فلو أيقظ زوجته، أو أيقظته هي لجماعها، فمست يده بنتها المشتهاة، أو يدها ابنه حرمت الأم أبداً. (در مختار، كراچي ۳/ ۳۵، زكريا ٤/ ۱۱۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶ ر رمضان المبارک ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱ / ۳۶۱۹)

عورت کے پاس شرعی گواہ ہونے کی صورت میں حرمت مصاہرت

سوال [۵۵۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی بیوی کا ہاتھ پکڑ کر زید کے والد نے کہا کہ میں تجھ سے صحبت کروں گا اور لے جانے لگے، زید کی بیوی راضی نہ ہوئی اور ہاتھ چھڑا لیا، ایسی صورت میں زید کے لئے بیوی حلال ہے یا شریعت کا اس سلسلہ میں کیا حکم ہے؟ اس صورت میں زید اگر اپنی بیوی کو چھوڑتا ہے،تو بیوی خودکشی کرنے کو کہتی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر زید اپنی بیوی کو چھوڑتا ہے تو زید کو اپنے والد کی بدنامی کا اندیشہ ہے، دوسرے زید کی بھی اس میں بدنامی ہے کہ بیوی کو چھوڑتا ہے اور گھر والوں کی بھی بدنامی ہے اور بیوی سے زید نے چھوڑنے کو کہا تو زید کی بیوی نے کہا کہ اس میں

ہماری کیا گستاخی ہے، میں نے تو کچھ بھی نہیں کیا اور میں اللہ کے خوف اور اپنی آبرو کے ڈر سے ہاتھ چھڑا کر چلی آئی، اس میں میری کوئی گستاخی نہیں میری بسی بسائی زندگی کو کیوں کہ اجاڑا جارہا ہے؟

المستفتی: محمد شہزاد، بجنوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں صرف بیوی کا بیان لکھا گیا ہے، خسر اور شوہر کا بیان نہیں؛ لہٰذا خسر اس دعویٰ کا انکار کرتا ہے اور زید اپنے باپ کی تصدیق کرتا ہے اور زید کی بیوی کے پاس عینی گواہ بھی نہیں ہیں، تو ایسی صورت میں یہ زید کی بدستور بیوی رہے گی۔

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بان يصدقها، ويقع في أكبر رأيه صدقها. (شامي، كراچي ۳/۳۳، زكريا ٤/١٠٨، البحر الرائق، كوئٹه ۳/۱۰۰، زكريا ۳/۱۷۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ / ربیع الاول ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/ ۵٦٦٠)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۳/۹ھ

بہو سے زنا بالجبر پر کوئی گواہ نہ ہو تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۵۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنے بیٹے کی بیوی سے جبراً زنا کرلیا، تو اب بیٹے کے لئے وہ بیوی حلال ہے یا نہیں؛ جبکہ بیٹا اس بات سے انکار کرتا ہے کہ میرا باپ اس طرح نہیں کرسکتا ہے، شریعت کی روشنی میں حکم عنایت فرمائیں۔

المستفتی: شمیم اختر متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب بیٹا صاف کہہ رہا ہے کہ میرا باپ اس طرح

نہیں کرسکتا ہے اور عورت کے پاس شرعی گواہ بھی نہیں، تو ایسی صورت میں حرمت مصاہرت کا ثبوت نہ ہوگا۔ اور باپ پر اس الزام کا شرعاً اعتبار نہ ہوگا۔

رجل قبل امرأة ابنه بشهوة، وهي مكرهة، وأنكر الزوج، فالقول قول الزوج. (هندية، زكريا ١/٢٧٦، البحرالرائق، كوئٹه٣/١٠٠، زكريا٣/١٧٧، جديد١/٣٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍ربیع الاول ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵؍۷۰۱۳)

خسر منکر اور عورت کے پاس شرعی گواہ نہیں ہے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۵۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مسماۃ مبینہ جو کہ محمد ابراہیم کے نکاح میں ہے، ابراہیم کے والد محمد نبیہ جو کہ گھوڑے پر سوار ہے کہیں باہر سے آئے اور مسماۃ مبینہ سے کہا کہ یہ چھوٹا سا بچہ گھوڑے پر بیٹھا ہے، اس کو اتارلو، جب بچہ کو اتارلیا تو کہا کہ یہ جو سامان ہے اس کو بھی اتروادو؛ جب سامان اتارنے لگی تو محمد نبیہ جو کہ میرے سسر ہوتے ہیں، انہوں نے میرے سینہ پر ہاتھ مارا پھر مبینہ مکان کے اندر چلی گئی، تو محمد نبیہ نے اس کو مکان کے اندر گھیرا لڑکی نے شور کیا، محمد نبیہ چلا گیا لڑکی نے فوراً اس کے پڑوس والوں سے شکایت کی، مکان میں دوسرا کوئی اس واقعہ کا گواہ نہیں، سسر کی نیت کے بارے میں لڑکی کہتی ہے کہ اس کی نیت اچھی نہیں تھی، کیا اس شکل میں وہ لڑکی محمد ابراہیم کے نکاح میں باقی رہی یا نہیں؟ مبینہ بحلف بیان کرتی ہے، تو ایسی صورت میں کیا شرعی فیصلہ ہے؟ مطلع فرمائیں نیز محمد نبیہ بحلف بیان میں واقعہ مذکورہ سے انکار کرتا ہے۔

المستفتی: مولوی منصب علی، مدرس مدرسہ اشرف المدارس، دونکپوری ٹانڈہ، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر عورت کے دعویٰ میں دو عادل گواہ موجود نہیں ہیں،

نیز خسر انکار کر رہا ہے، تو شرعاً خسر سچا ہے اور ابراہیم پر مبینہ حرام نہ ہوگی۔

و في المس لاتحرم مالم تعلم الشهوة (وقوله) وادعت الشهوة وانكرها الرجل فهو مصدق لاهي. (تنوير الأبصار مع الدر المختار و الشامي، كراچى ٢/٣٧، زكريا٤/١١٤، هندية، ١/٢٧٦ جديد١/٣٤١، البحرالرائق، كوئٹه ٣/١٠٠، زكريا٣/١٧٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ ذی الحجہ ۱۴۰۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳؍ ۳۸۳)

عورت کے دعویٰ اور خسر واہل محلّہ کے انکار سے حرمت مصاہرت کا حکم

سوال [۵۵۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی کو تقریباً چودہ پندرہ سال گذر گئے، زید کی شادی ایسے وقت ہوئی کہ زید کی والدہ مر چکی تھی، زید کے باپ نے شادی نہیں کی، چند سال گذرنے کے بعد زید کے باپ نے شادی کر لی شادی سے ایک لڑکی پیدا ہوئی، جس کو تقریباً ۳؍ ساڑھے تین سال ہو گئے، پھر خدا نے لڑکا دیا، جس کو چند ماہ ہوئے ہیں؛ چونکہ زید کے باپ کو اب تک زید کے علاوہ کوئی دوسری مذکر ومؤنث اولاد نہیں ہوئی تھی، تمام تر جائیداد کا مالک تنہا زید تھا۔

اب چند سال ہوئے زید کے باپ کی شادی کرنے کی وجہ سے دو اولاد مذکر ومؤنث ہونے پر زید کی بیوی نے زید کے باپ پر الزام لگایا کہ آج سے دس سال قبل زید کے باپ نے مجھ سے دو مرتبہ زنا کیا ہے، فوری طور پر زید کو اپنی بیوی پر اعتماد ہو گیا؛ جبکہ زید کا باپ حلف اٹھانے کو تیار تھا۔ اب جبکہ پوری بستی اور تمام رشتہ دار کو یہ یقین ہے کہ زید کی بیوی زید کے باپ پر اس سے ہونے والے بچوں پر حسد کی وجہ سے الزام لگا رہی ہے، تو اب زید کو بھی بستی والے اور رشتہ داروں کے کہنے کی وجہ سے اعتماد کلی ہے کہ واقعی میری بیوی میرے باپ پر

الزام لگا رہی ہے کیوں کہ میرا باپ ایسا نہیں۔ زید کی بیوی ہندہ کے پاس کوئی شہادت بھی نہیں اور زید کا باپ مسجد میں حلف اٹھانے کو تیار ہے کہ ایسی غلطی مجھ سے نہیں ہوئی ہے۔ نیز محلّہ کے کسی بھی آدمی کو اس بات کا یقین نہیں کہ زید کے باپ نے ایسا کیا ہوگا۔ ازروئے شرع زید کی بیوی زید پر حلال ہے یا نہیں؟ جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: محمد الیاس صدیقی، محلّہ فتح اللہ گنج مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: جب ہندہ کے پاس شرعی شہادت نہیں ہے اور شوہر ہندہ کی تکذیب کر رہا ہے اور باپ کی تصدیق کر رہا ہے تو زید پر مذکورہ حالات میں بیوی حرام نہ ہوگی، نکاح بدستور باقی ہے؛ کیونکہ اس طرح کے واقعہ میں بیوی کے حرام ہونے کے لئے شوہر کی تصدیق لازم ہوتی ہے۔

ثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها، ويقع في أكبر رأيه صدقها.

(البحرالرائق، کوئٹہ۳/ ۱۰۰، زکریا ۳/۱۷۷، شامي، کراچي ۳/ ۳۳، زکریا ٤/ ۱۰۸)

لاتحرم على أبيه وابنه إلا أن يصدقها، أو يغلب على ظنه صدقها.

(البحرالرائق، کوئٹہ۳/ ۱۰۰، زکریا ۳/۱۷۷، شامي، کراچي ۳/ ۳۳، زکریا٤/ ۱۰۸، هندية ۱/ ۲۷۹، جديد ۱/ ۳۳۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ ربیع الثانی ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۹۲/۲۴)

خسر کا بہو سے بدفعلی کا ارادہ کرنا

سوال [۵۵۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ خالد بیمار تھا ڈاکٹر نے اندر مکان میں بند رہنے کی ہدایت کر رکھی تھی، زینب خالد کی زوجہ برآمدہ میں تھی اور اسی برآمدہ میں زینب کے خسر سو رہے تھے، زینب

کا کہنا ہے کہ رات کے کسی وقت میرے خسر نے میری چارپائی پرآ کر مجھے اٹھایا اور بدفعلی کا ارادہ کیا، میں چھوٹ کر بیت الخلا چلی گئی باقی رات وہیں گزاری یہ باتیں پنچایت میں آئیں، خسر نے بالکل انکار کیا کہ ایسا نہیں ہوا، زینب اصرار کرتی ہے کہ واقعی ایسا ہی ہوا ہے، ایسے حالات میں کس کا قول معتبر ہے؟ اور پھر کیا حکم ہے کہ وہ اپنے شوہر پر حرام ہوگی یا نہیں؟ اور دوسرے سے کس طرح نکاح کرسکتی ہے؛ البتہ شوہر یہ کہتا ہے کہ میرا باپ ایسا نہیں کرسکتا ہے۔ بينوا تو جروا.

المستفتی: عزیز الرحمٰن، شریف نگر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اگرعورت کے پاس آنکھ دیکھے دوعادل گواہ نہیں ہیں، تو عورت کا قول شرعاً معتبر نہیں ہوگا؛ بلکہ شرعاً خسر کا قول معتبر ہوگا خاص طور پر جب شوہر یہی کہہ رہا ہے کہ باپ ایسا نہیں کرسکتا ہے؛ لہٰذا مذکورہ صورت میں عورت شوہر پر حرام نہیں ہوگی، دونوں کا نکاح باقی ہے۔

وان ادعت الشهوة في تقبيله، أو تقبيلها، وأنكرها الرجل، فهو مصدق لاهي. (الدرالمختار، كراچي ۳۷/۲، زكريا ۱۱٤/٤، هندية، ۲۷٦/۱ جديد ۳٤۲/۱، البحرالرائق كوئٹه ۱۰۰/۳، زكريا ۱۷۷/۳)

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها. (شامي، كراچي ۳۳/۳، زكريا ۱۰۸/٤، البحرالرائق، كوئٹه ۱۰۰/۳، زكريا ۱۷۷/۳)

وماسوى ذلک من الحقوق تقبل فيه رجلان، أورجل، وامرأتان، سواء كان الحق مالا، أوغير مال مثلا النكاح، والعتاق، والطلاق. (الجوهرة النيرة، امدادية ملتان ۳۲٦/۲، دارالكتاب ديوبند ۳۰۹/۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍رجب المرجب ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/۱۸۶۶)

شوہر پر بہو سے ہمبستری کرنے کا الزام لگانا

سوال[۵۵۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد علیم کی بیوی کے ساتھ محمد علیم کے باپ نے ہمبستری کی، یہ بیان محمد علیم کی ماں کا ہے، باپ اور محمد علیم کی بیوی اس بات کا انکار کررہے ہیں اور ساس کے علاوہ اور کوئی گواہ نہیں ہے، تو کیا ساس کے کہنے پر بیوی محمد علیم پر حرام ہوگی یا نہیں؟

المستفتی: محمد ہارون، بستی کرتپور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: محض ساس کے الزام سے خسر کا بیٹے کی بیوی کے ساتھ ہمبستری کا ثبوت نہیں ہوگا اور اس الزام سے بیٹے محمد علیم پر اس کی بیوی حرام نہیں ہوگی؛ ہاں البتہ اگر محمد علیم اس کی تصدیق کرے اور باپ اقرار کرے، تب حرام ہوسکتی ہے، اس کے بغیر نہیں۔

لاتحرم علی أبیه وابنه إلا أن یصدقاه، أویغلب علی ظنهما صدقه الخ

(شامي، کراچي ۳/۳۳، زکریا ٤/۱۰۸، البحر الرائق، کوئٹه ۳/۱۰۰، زکریا ۳/۱۷۷)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍رجب المرجب ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/۲۲۸۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۳/۷/۱۴۱۱ھ

بہو نے خسر پر زنا کا الزام لگایا

سوال[۵۵۸۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی نے اپنے خسر پر زنا کا الزام لگایا کہ خسر نے میرے ساتھ زنا

کیا ہے، اس پر پنچایت ہوئی، تو لوگوں سے خسر نے کہا یہ مجھ پر جھوٹا الزام ہے اور خسر نے قرآن کریم اٹھا کر قسم کھالی، خسر مذکور نیک اور پابند شرع ہے، لڑکا بھی اپنے باپ کے بارے میں نیک گمان کرتا ہے، اسے یقین نہیں ہے، تو طلاق ہوئی یا نہیں؟ دونوں میں تفریق کرادی جائے یا نہیں؟ شرعی حکم تحریر فرمائیں۔

المستفتی: محمد وسیم، رام پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بغیر شہادت معتبرہ کے صرف عورت کا قول معتبر نہ ہوگا؛ جب تک کہ شوہر عورت کی تصدیق نہ کردے اور صورت مسئولہ میں نہ خسر اقرار کر رہا ہے اور شوہر بھی عورت کی تصدیق نہیں کر رہا ہے؛ اس لئے عورت شوہر پر حرام نہیں ہوگی۔

(مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/ ۳۴۶، احسن الفتاوی ۵/ ۷)

رجل قبل امرأة أبيه بشهوة، أو قبل الأب امرأة إبنه بشهوة، وهي مكرهة وأنكر الزوج أن يكون بشهوة، فالقول قول الزوج. (عالمگيري، زكريا ١/ ٢٧٦، جديد ١/ ٣٤٢، شامي، كراچي ٣/ ٣٧، زكريا ٤/ ١١٤، البحرائق كوئٹه ٣/ ١٠٠، زكريا ٣/ ١٧٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳ / جمادی الاولیٰ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/ ۳۴۸۱)

بہو کا سسر پر زنا بالجبر کا الزام لگانا

سوال [۵۵۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مسماۃ عرشا بی بی زوجہ فاروق نے اپنے حقیقی سسر مسمیٰ عبد السلام پر زنا بالجبر کا الزام لگایا؛ لیکن کما حقہ ثبوت جرم کے لئے مطلوبہ گواہ نہ پیش کرسکی

اور سسر مذکورہ جرم مذکور سے منکر ہے۔

(۱) مذکورہ عورت کا شوہر مذکور، مذکورہ پرخوش گمان ہے اور باپ کو پاکدامن خیال کرتا ہے، جس سے لگتا ہے کہ مذکورہ محض نجات کے لئے ایسا کرتی ہے؛ کیونکہ ایک پنچایت میں مذکورہ کے سسر مذکور کو بعد از غسل وضو حلف بھی دلایا گیا، اور مذکور حلف اٹھا کر الزام سے منحرف ہوگیا؛ لیکن مذکورہ نہیں مانتی تاہم متعدد مرتبہ پھر ملامت کررہی ہے۔

(۲) کیا ایسی صورت میں جبکہ شرعی ثبوت بصورت گواہ بھی نہیں اور خاوند مذکور بھی خوش گمان ہے اور ملزم اپنے الزام پر جامع مسجد شریف میں حلف بھی کر چکا ہے، حرمت مصاہرت لازم آتی ہے؟ جواب سے نوازیں۔

المستفتی: مولانا محمد الیاس

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب خسر نے باقاعدہ حلفیہ بیان دیا کہ اس نے ایسی حرکت نہیں کی اور شوہر کو بھی باپ کے پاک ہونے پر یقین ہے اور بیوی کے پاس شرعی گواہ بھی نہیں ہیں، تو محض اس کے کہنے اور بے ثبوت الزام سے بیوی شوہر پر حرام نہیں ہوگی، نکاح بدستور باقی ہے بہت ممکن ہے کہ جان چھڑانے کی راہ تلاش کررہی ہو۔

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها، ويقع في أكبر رأيه صدقها، وعلى هذا ينبغي أن يقال في مسه إياها لاتحرم على أبيه و ابنه إلا أن يصدقاه، أو يغلب على ظنهما صدقه. (شامي، كراچي ۳/ ۳۳، زكريا٤/ ۱۰۸، البحرالرائق، كوئٹه۳/ ۱۰۰، زكريا۳/ ۱۷۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۸/ محرم الحرام ۱۴۱۸ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۱۳۹/۳۳)	۱۸/۱/ ۱۴۱۸ھ

۷۰/سالہ خسر پر بہو کا زنا کا الزام لگانا

سوال [۵۵۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی عمر ۷۰/سال ہے، آنکھوں سے کمزور ہے، داڑھ دانت بیکار ہے، زید پر اس کی بہو نے زنا کا الزام لگایا، زید نہایت متقی پرہیزگار رہے، نمازی ہے، حلفیہ بیان دیتا ہے کہ میں نے زنا نہیں کیا، لڑکے نے باپ کے ہاتھوں پر قرآن پاک رکھدیا اور کہا قسم کھاؤ مسجد میں چل کر، تو باپ نے کہا مسجد تو کیا خانہ کعبہ میں جا کر قسم کھا سکتا ہوں۔ اس پر بھی لڑکے کو یقین نہیں ہوا، کچھ اور آدمی اور عورتیں بھی عورت کی بات پر یقین کر رہے ہیں، اس شکل میں شرعی حکم کیا ہے؟

(۱) زید کی بات کا اعتبار ہوگا یا نہیں؟

(۲) باپ کی خدمت نہ کرنے پر لڑکے کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

(۳) کیا لڑکا اس عورت کو اپنے پاس رکھ سکتا ہے یا اس سے خدمت لے سکتا ہے یا بچوں کی دیکھ بھال کے لئے رکھ سکتا ہے یا لڑکا اس عورت کو ہاتھ لگا سکتا ہے؟

(۴) جو لوگ عورت کی بات پر یقین کر رہے ہیں، ان کے بارے میں کیا حکم ہے؟

(۵) عورت حاملہ ہے اگر وہ عدت کرتی ہے تو کب سے کب تک کرے گی؟

المستفتی: عبدالحکیم، نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر لڑکا باپ کو جھوٹا سمجھ رہا ہے اور اس کو اپنی بیوی کی سچائی کا یقین ہے تو ایسی صورت میں بیوی شوہر پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوجائے گی۔ اب نکاح میں لانے کے لئے کوئی شکل نہیں ہے اور نہ ہی اس بیوی کو اپنے پاس رکھنا اور اس سے کسی قسم کی جسمانی خدمت لینا جائز ہوگا، اس کو اپنے سے الگ کر دینا لازم ہوگا۔

(مستفاد: ایضاح النوادر ۲/ ۱۰۸)

ثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها، ويقع في أكبر رأيه صدقها .

(شامي، كراچي ٣/ ٣٣، زكريا ٤/ ١٠٨، البحرالرائق، كوئٹہ٣/ ١٠٠، زكريا٣/ ١٧٧)

۲. باپ کی خدمت بیٹے پر بہرحال واجب ہے. ۲. نہیں رکھ سکتا. ۴. عورت کی بات پر یقین کرنے سے عورت حرام ہوجاتی ہے۔ ۵۔شوہر کی متارکت اور وضع حمل کے بعد عدت ختم ہوسکتی ہے۔ نیز شوہر کے چھوڑ دینے کے بعد سے عدت شمار ہوگی۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍رجب المرجب ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۴۳۵)

بہو کا سسر پر سینہ پر ہاتھ لگانے کا دعویٰ کرنا

سوال [۵۵۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کے اوپر اس کی بہو یہ الزام لگارہی ہے کہ زید نے اپنی بہو کے سینہ پر ہاتھ بشہوت لگایا؛ لیکن زید اس بات کا منکر ہے، ساتھ ہی زید کا کہنا ہے کہ اس کی بہو مسلسل دعوت دیا کرتی تھی؛ لیکن زید نے کبھی بھی اس کو ہاتھ تک نہیں لگایا غلط نیت سے؛ جبکہ ساس (زید کی بیوی) اپنی بہو کو یہ نصیحت کرتی تھی کہ وہ زید سے زیادہ تعلق نہ رکھے؛ لیکن بہو پھر بھی زید سے بے تکلفانہ انداز میں ملتی تھی اور بلا جھجک سسر زید کے قریب بیٹھتی تھی اور باتیں کرتی تھی، اس مسئلہ کا قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: نور جہاں، بیجاپور، کرناٹک

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: زید کی بہو کا صرف اپنا دعویٰ ہے اور اس دعویٰ پر کوئی شرعی گواہ اور ثبوت نہیں ہے، اور خسر اس کا صاف انکار کررہا ہے، تو ایسی صورت میں شرعی طور پر زید کی بہو کی بات کا کوئی اعتبار نہیں۔

نیز شہوت کے ساتھ چھونے میں حرمت مصاہرت کے لئے یہ شرط ہے کہ ایک دوسرے کے بدن کی حرارت جانبین کومحسوس ہو۔اور یہاں پراس بات کا ثبوت بھی نہیں۔

ثـم الـمـس إنما يوجب حرمة المصاهرة إذا لم يكن بينهما ثوب، أما إذا كـان بيـنهـمـا ثـوب فإن كان صفيقاً لايجد الماس حرارة الممسوس لا تثبت حـرمة المصاهرة، وإن كان رقيقا بحيث تصل حرارة الممسوس إلى يده تثبت. (فتـاوى عـالـمـگيـري، زكـريا ١/ ٢٧٥، جديد ١/ ٣٤٠، هكذا في الفتاوى التاتارخانية، زكريا ٤/ ٥٣، رقم: ٥٥٠٣)

والـفـرق اشتـراكهـمـا في لذة المس كالمشتركين في لذة الجماع. (شامي، زكريا ٤/ ١١٣، كراچي ٣/ ٣٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ ذی الحجہ ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹؍ ۱۰۵۵۲)

لڑکے کووالد کی طرف سے زنایا دواعی زنا کا یقین ہےتو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۵۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) کہ زید اپنے لڑکے کی بیوی سے گھریلو کام کاج کراتا ہے، لڑکے کی بیوی اپنے باپ کے برابر سمجھتے ہوئے کام کردیتی ہے، سسر لڑکے کی بیوی کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے اپنی شہوت کو ظاہر کرتا ہے اور اس نے جبراً زنا بھی کرلیا، جب لڑکے کو معلوم ہوا تو اس نے اپنے باپ کو قتل کرنے کا ارادہ کرلیا، جب لوگوں کو معلوم ہوا تو اس معاملہ کو ٹھنڈا کردیا گیا، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اس عورت کو طلاق دے کر علیحدہ کردیا جائے۔

(۲) اب غور طلب امر یہ ہے کہ اگر جماع ثابت نہ ہو تو لڑکے کی بیوی سے پاؤں دبوانا، مالش کرانا وغیرہ وغیرہ کی خدمت سے حرمت مصاہرت ثابت ہوگی یا نہیں؟

(۳) اس عورت کو علیحدہ کرنے کے لئے طلاق دی جائے گی یا نہیں؟

(۴) وہ عورت اس لڑکے کے لئے حرام ہوکر اس کے والد کے لئے حلال ہوگی یا نہیں؟

(۵) آج کل عمومی طور پر سسر، نندوئی، دیور، وغیرہ سے پردہ نہیں کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے یہ واقعات پیش آتے رہتے ہیں، مفصل ومدلل حکم صادر فرما کر ممنون ومشکور فرمائیں۔

المستفتی: ڈاکٹر مشرف حسین انصاری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: (۱) اگر لڑکے کو زنا یا دواعی زنا کا یقین ہوگیا ہے، اور اس وجہ سے باپ کے قتل کو تیار ہے، تو بیوی ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی ہے۔ (مستفاد فتاوی دارالعلوم ۷/۳۴۳)

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها ،ويقع في أكبر رأيه صدقها(إلى قوله) و في الجوهرة لو مس، أوقبل، وقال لم اشته صدق إلا إذا كان اللمس على الفرج، والتقبيل في الفم الخ (البحرالرائق، كوئٹه ۳/ ۱۰۰، زكريا۳/۱۷۷، كراچي ۳/۳۳، زكريا ٤/۱۰۸)

(۲) اگر دونوں میں سے ایک میں شرعی ثبوت سے شہوت ثابت ہو جائے، تو بیوی لڑکے پر حرام ہوجائے گی ورنہ نہیں۔

وتكفيٰ الشهوة من أحدهما، هذا إنما يظهر في المس الخ (الدرالمختار، كراچي ۳/ ۳۷، زكريا٤/ ۱۱٤)

وفي المس لاتحرم مالم تعلم الشهوة؛ لأن الأصل في التقبيل الشهوة بخلاف المس الخ (الدرالمختار، كراچي ۳/ ۳۷، زكريا ٤/ ۱۱٤)

خسر کو بہو کے ہاتھ سے پیر دبوانے سے بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔

(۳) طلاق یا شرعی تفریق کے بغیر عورت دوسری جگہ اپنا نکاح نہیں کرسکتی۔

وبحرمة المصاهرة لا يرتفع النكاح حتى لا تحل لها التزوج بآخر إلا بعد المتاركة و انقضاء العدة الخ (الدر المختار، مطبوعه كراچي ۳/ ۳۷، زكريا ٤/ ۱۱٤)

(۴) لڑکے کی مدخولہ بیوی باپ پر ہمیشہ کے لئے حرام ہو جاتی ہے، چاہے لڑکے پر حرام ہو جائے یا لڑکے کا انتقال ہو جائے۔(مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۳۳۰)

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِکُمُ الَّذِیْنَ مِنْ اَصْلَابِکُمْ . [النساء:۲۳]

(۵) دیور سے شرعاً پردہ ہے، خسر سے شرعاً پردہ لازم نہیں؛ لیکن نا قابل اطمینان خسر سے احتیاط لازم ہے۔فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/صفر المظفر ۱۴۳۵ھ
(رجسٹر خاص)

زوجین خسر سے زنا کے ثبوت کے اقراری ہوں تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۵۹۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اور اس کی بیوی ہندہ اور زید کا باپ (ہندہ کا سسر) تینوں ایک ہی حویلی میں رہتے تھے، زید گاہے گاہے اپنے کاروبار کے لئے سفر بھی کرتا رہا۔ اب جبکہ ہندہ کے سات بچے ہو چکے ہیں ہندہ اپنے شوہر سے کہتی ہے کہ تمہارے باپ نے میرے دو بچے ہونے کے بعد یہ دھونس دے کر کہا اگر تم نے اس بات کو ظاہر کیا تو گھر سے نکال دوں گا، دو مرتبہ مجھ سے زنا کیا ہے، میں ڈر کی وجہ سے ظاہر نہ کر سکی۔ اب جبکہ ہندہ کے پانچ بچے اور ہو چکے ہیں، اس بات کو ظاہر کرتی ہے، ہندہ مدعیہ کے پاس کوئی شہادت نہیں، زید کے باپ (مدعی علیہ) سے جب معلوم کیا گیا، کیا تم نے ایسا کیا ہے (مدعی علیہ) زید کا باپ انکار کرتا ہے اور حلف اٹھانے کے لئے تیار ہے؛ جبکہ زید کو اپنی بیوی ہندہ کا یقین ہے کہ میری بیوی بالکل سچ بولتی ہے لہٰذا مسئلہ مذکورہ کے مطابق ہندہ اپنے شوہر کے لئے حلال ہے یا نہیں؟ ازروئے شرع حوالہ کے ساتھ جواب عنایت فرمائیے۔

المستفتی: محمد فاروق، فتح اللہ گنج، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر شوہر کو اس بات کا یقین ہے کہ بیوی اس معاملہ میں سچ بول رہی ہے اور باپ کو اس میں کاذب سمجھتا ہے اور باپ سے ایسا فعل صادر ہونے کا ظن غالب بھی ہے، تو شوہر پر بیوی ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی ہے اور چونکہ اب تک شوہر کو اس کا علم نہیں تھا؛ اس لئے بعد کی ازدواجی زندگی میں شوہر گنہگار نہیں ہوگا اور درمیان میں جو اولاد پیدا ہوگئی ہے اس کا نسب بھی شوہر سے ثابت ہوگا، ان کو حرامی کہنا جائز نہ ہوگا اور اگر آئندہ بیوی دوسری جگہ نکاح کرنا چاہے، تو شوہر سے اولاً متارکت حاصل کر کے عدت گذارنی ہوگی، اس کے بعد دوسری جگہ نکاح درست ہوسکتا ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۱۱/۴۴)

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها، ويقع في أكبر رأيه صدقها. (شامي، كراچي ۳/۳۳، زكريا٤/١٠٨)

و في البحر الرائق: لا تحرم على أبيه وإبنه إلا أن يصدقها، أو يغلب على ظنه صدقها (البحر الرائق، كوئٹه۳/١٠٠، زكريا۳/١٧٧)

و إن صدقها الزوج وقعت الفرقة الخ (فتاوى عالمگيري، زكريا قديم ١/٢٧٦، زكريا جديد ١/٣٤٢)

لأن النسب كما يثبت بالنكاح الصحيح يثبت بالنكاح الفاسد، وبالوطئ عن شبهة. (البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٦٥، زكريا ٤/٢٧٩)

والنسب يحتال لا ثباته مهما أمكن والامكان هنا بسبق التزوج الخ (شامي مصري، ٢/٨٦٤، كراچي ۳/٥٤٧، زكرياه/٢٤٠)

لايرتفع النكاح حتى لا يحل لها التزوج بآخر إلا بعد المتاركة وانقضاء العدة. (شامي، زكريا٤/١١٤، كراچي ۳/٣٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍صفر المظفر ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/۱۱۲۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۰۹/۲/۱۸ھ

خسر کا شہوت کے ساتھ بہو کا ہاتھ پکڑنا

سوال [۵۵۹۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ خسر نے اپنے لڑکے کی بیوی کے ہاتھ کو رات کی تنہائی میں بہو کے بستر پر پہونچ کر پکڑ لیا، اور زبان سے زنا کی فرمائش کی، مگر لڑکی کسی طرح سے بھاگ کر باہر آگئی، دوسرے دن اپنے شوہر کو بتایا کہ رات کو ایسا معاملہ ہوا ہے، جب لڑکے نے باپ سے پوچھا، تو باپ نے کہا کہ میں نشے کی حالت میں تھا، لڑکے نے باپ کو مارا، مگر بیوی کے ساتھ ازدواجی تعلق برقرار رکھا مسئلہ نہ معلوم ہونے کی وجہ سے؛ لیکن یہ بات اس کے دل میں کھٹکتی رہی کہ مسئلہ معلوم کروں۔

غرض یہ مسئلہ درپیش ہے، بیوی اپنے شوہر کے ساتھ رہ سکتی ہے یا نہیں؟ اور بیوی اپنے میکے ہے؛ لیکن بیوی یتیم ہے، اس کے ماں باپ نہیں ہے، اس بنا پر لڑکا، اس کو دل سے نہیں نکال رہا ہے، اگر کوئی مسئلہ ہو رکھنے کی صورت میں تو پیش کرو اور اگر نا جائز ہو، تو بھی درپیش کرو۔

المستفتی: حافظ نذیر احمد، سنت کبیر نگر (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں مذکورہ صورت کے اندر خسر نے اپنے لڑکے کی بیوی یعنی بہو کا ہاتھ شہوت سے جب پکڑ لیا ہے اور اس کا ارادہ بھی زنا کا ہے تو چاہے نشے کی حالت میں ہو یا غیر نشہ کی حالت میں، اگر لڑکے کو اس بات کا یقین ہے کہ واقعۃً میرے باپ نے بدکاری کے ارادہ سے میری بیوی کو پکڑا ہے تو بیوی لڑکے پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی ہے اور اگر لڑکے کو یقین نہیں ہے کہ میرے باپ ایسا کر سکتے ہیں، تو ایسی صورت میں بیوی حرام نہیں ہوگی۔

وعلى هذا ينبغي أن يقال في منعه إياها لا تحرم على أبيه، وابنه إلا أن

يصدقها، أو يغلب على ظنه صدقها، ثم رأيت عن أبي يوسفؒ ما يفيد ذلك.

(البحرالرائق، کوئٹه ۳/ ۱۰۰، زکریا۳/۱۷۷)

ومراهق و مجنون، وسكران كالبالغ (درمختار) و في الشامية: قبل المجنون أم امرأته بشهوة، أوالسكران بنته تحرم أي تحرم امرأته. (شامي، زكريا٤/ ١١٤، كراچي٣/ ٣٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۶۲۶۳۵/)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۴/۲۹ھ

خسر کا شہوت کے ساتھ بہو کو چھونا

سوال [۵۵۹۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر بہو کو خسر نے بارادۂ بدکاری ہاتھ لگادیا ہو یا پکڑ لیا ہو، تو یہ بہو اپنے شوہر کے لئے حرام ہے یا حلال؟

(۲) اور طلاق بائنہ پڑی یا مغلظہ یا اور کوئی؟

(۳) اس واقعہ کے ۳/ ماہ بعد ایک لڑکی پیدا ہوئی ہے، آیا عدت گذری یا نہیں؟

(۴) یہ بہو اپنا نکاح ثانی دوسرے شوہر سے کرسکتی ہے یا نہیں؟

نیز یہ بھی واضح رہے کہ اس لڑکی کا اپنے شوہر سے کوئی بگاڑ نہیں تھا اور یہ حمل لڑکی کے شوہر ہی کا تھا۔ توضحوا بینوا.

المستفتی: ماسٹر عبدالرشید

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) اگر بدکاری کے ارادہ سے بشہوت پکڑا ہے اور شوہر بھی اس کی تصدیق کرتا ہے کہ واقعی اس کے باپ نے یہ حرکت کی ہے، تو بیوی شوہر پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی۔ اور اگر شوہر تصدیق نہ کرے اور دو عادل عینی شاہد موجود

نہ ہوں، تو محض بیوی کے کہنے سے حرمت ثابت نہیں ہوگی۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۵/۱۷، فتاوی دارالعلوم دیوبند۴/ ۳۳۵)

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها، ويقع في أكبر رأيه صدقها على هذا ينبغي أن يقال في مسه إياها لاتحرم على أبيه و إبنه إلا أن يصدقها، أو يغلب على ظنه صدقها. (البحر الرائق، كوئٹه۳/ ۱۰۰، زكريا۳/ ۱۷۷، شامي، كراچي ۳/ ۳۳، زكريا ٤/ ۱۰۸)

(۲) اس سے شوہر پر بیوی حرام تو ہو جاتی ہے؛ لیکن جب تک شوہر قولی متارکت یا شرعی تفریق نہ کردے تو نکاح سے باہر نہیں ہوگی اور نہ عورت اس کے بغیر دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی۲/ ۳۲۳)

وبحرمة المصاهرة لايرتفع النكاح حتى لايحل لها التزوج بآخر إلا بعد المتاركة وانقضاء العدة الخ (الدر المختار، كراچي۳/ ۳۷، زكريا ٤/ ۱۱٤)

(۳) شوہر کی صریح متارکت یا شرعی تفریق سے قبل وضع حمل سے عدت پوری نہیں ہوسکتی ہے۔

ولا تحقق المتاركة إلا بالقول بأن يقول تاركتك، أو خليت سبيلك، أو خليتها، أوتركتها الخ (فتح القدير بيروت۳/ ۳٦٦، زكريا۳/ ۳٤۹، كوئٹه ۳/ ۲٤۵)

(۴) عورت کے لئے اس وقت تک دوسری جگہ نکاح کرنا جائز نہ ہوگا، جب تک شوہر سے متارکت اور تفریق حاصل نہ کرلے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۳/ ۳۴۵، جدید ڈابھیل ۱۱/ ۳۹۲، امداد الفتاوی ۲/ ۳۲۳)

أما لو تركها و مضى على ذلك سنون لم تكن لها أن تتزوج بآخر الخ
(فتح القدير، زكريا۳/ ۳٤۹، كوئٹه۳/ ۲٤۵، دارالفكر بيروت۳/ ۳٦٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ محرم الحرام ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/ ۱۰۵۴)

خسر کا بہو سے زنا کرنا

سوال [۵۵۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنے لڑکے کی بیوی سے زنا کیا؛ کیونکہ لڑکی کا شوہر گھر پر نہیں تھا کئی مرتبہ لڑکی اپنے میکہ چلی گئی،اس کی وجہ معلوم کرنے پر لڑکی کے ماں باپ نے بار بار اس سے دریافت کیا لڑکی نے مجبور ہوکر بتایا کہ یہاں پر میرا کوئی سننے والا نہیں ہے سسر نے میرے ساتھ زنا کیا،لڑکی کے چچا عبدالغنی نے بھی لڑکی سے دریافت کیا اور گاؤں کے امام مولوی محمد اورلڑکے کے چچا ٹیلر ماسٹر غلام رسول خواجہ عبدالعزیز درزی،ان چاروں آدمیوں نے لڑکی سے الگ الگ بیان لئے لڑکی نے سب سے یہی کہا کہ سسر نے میرے ساتھ منھ کالا کیا، یہاں پر میرا کوئی سننے والا نہیں ہے،یہ چاروں آدمی صوم وصلوۃ کے پابند ہیں اور چند آدمیوں نے مل کر جبراً یہ فیصلہ کیا اوران فیصلہ کرنے والوں نے یہ بھی کہا اس کے علاوہ اورکوئی فیصلہ نہیں کرسکتا اورلڑکی کو اپنے شوہر کے گھر بھیج دیا اور نہ ہی لڑکی سے کوئی بیان لے سکتا ہے؛ لہٰذا قرآن وحدیث کی روشنی میں فیصلہ صادر فرمائیں نکاح درست رہا یا فسخ ہوگیا اور فیصلہ کرنے والوں کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟

المستفتی: خواجہ محمد بشیر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر شرعی شہادتوں سے زنا ثابت ہوجائے یا لڑکی کا شوہر خود لڑکی کی بات کی تصدیق کرتا ہے،تو لڑکی لڑکے پر حرام ہوجائے گی جدائیگی حاصل کرنا لازم ہے اور اگر شرعی شہادت نہیں ہے اور نہ ہی لڑکا تصدیق کررہا ہے،تو محض لڑکی کے کہنے سے زنا کا ثبوت نہ ہوگا اور خسر پر الزام لاگو نہ ہوگا۔

حرمة المرأة علی أصول الزاني و فروعه نسباً ورضاعا، وحرمة أصولها و فروعها علی الزاني نسباً و رضاعاً (الی قوله) و ثبوت الحرمة

بل مسها مشروط بأن یصدقها. (شامي، کراچي ۳/ ۳۲، ۳/ ۳۳، زکریا ۴/ ۱۰۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷ ر ذی قعدہ ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸ ر ۲۹۲۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۷ ر ۱۱ ر ۱۴۱۲ھ

خسر کا بہو کے ساتھ زنا بالجبر کرنے کا حکم

سوال [۵۵۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنے بیٹے بکر کی بیوی ہندہ سے جبراً زنا کرنے کا ارادہ کیا اور اپنے کمرے میں اپنے بیٹے کی بیوی کا ہاتھ پکڑ کر چارپائی پر گرا کر زنا کرنے کی کوشش کی؛ لیکن لڑکی ہندہ نے اپنی طاقت سے وہاں تک بات پہونچنے نہیں دی کہ زید اس سے اپنی خواہش پوری کرتا، زید نے اپنے لڑکے کی بیوی ہندہ کا رخسار اور پستان پکڑا، جس سے قصداً زنا ثابت ہو گیا۔

اب بکر کا نکاح اپنی بیوی ہندہ کے ساتھ باقی رہا یا فاسد ہو گیا؛ جبکہ بکر کے باپ زید نے اپنے لڑکے کی بیوی ہندہ کیساتھ ایسا معاملہ کیا جو اوپر ذکر ہے۔ اب زید کے متعلق لڑکی نے اپنے والدین سے ذکر کیا، میرے سسر زید نے میرے ساتھ ایسا معاملہ کیا ہے، زید اس بات سے انکار کرتا ہے، اور لڑکی حلفیہ قسم کھانے کے لئے تیار ہے کہ میرے سسر نے میرے ساتھ ایسا کیا ہے اور مجھ سے زنا کرنا چاہتا تھا۔ اب شرعی اعتبار سے بکر کی بیوی ہندہ کا کیا کیا جائے کیا بکر کے باپ کی قسم کا اعتبار ہوگا اور قسم قرآن کی کھائی جائے یا اللہ کی؟

المستفتی: جاوید انور، ٹنڈولہ، ٹانڈہ، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر بکر اپنے باپ زید کی تصدیق کرتا ہے اور بیوی کے بیان کی تصدیق نہیں کرتا ہے، تو بکر کا نکاح اپنی بیوی کے ساتھ بدستور باقی ہے۔

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها، ويقع في أكبر رأيه صدقها وعلى هذا ينبغي أن يقال في مسه إياها لاتحرم على أبيه، وابنه إلاأن يصدقاه، أو يغلب على ظنهما، ثم رأيت على أبي يوسف ما يفيد ذلك .

(شامي، كراچي ۳/۳۳، زكريا ۴/۱۰۸، البحر الرائق كوئٹه ۳/۱۰۰، زكريا ۳/۱۷۷)

اوراگرشوہر بیوی کی تصدیق کرتا ہےتو بیوی حرام ہو جائے گی۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸ رصفر المظفر ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۸۸۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۲/۲۹ھ

کیا خسر کے بہو سے زنا کرنے سے بیوی شوہر پر حرام ہو جائے گی؟

سوال [۵۵۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ رابعہ کہتی ہے مجھ سے میرے سسر حافظ شفیع نے غلط کاری کرنے کی کوشش کی، مگر میں اپنی طاقت کی وجہ سے سسر کی گرفت سے آزاد ہوکر بھاگ گئی، پنچایت نے رابعہ کے سسر اور رابعہ کے شوہر سے حلفیہ بیان لیا، دونوں حضرات معاملہ کا قطعاً انکار کرتے ہیں، رابعہ کہتی ہے کہ میں نے اس معاملۂ بد کا تذکرہ اپنے شوہر سے کر دیا تھا، شوہر اس تذکرہ کرنے کا بھی انکار کرتا ہے، رابعہ کہتی ہے میں نے جٹھانی سے بھی دوسرے تیسرے روز ذکر کیا تھا یہ صحیح ہے، مگر جٹھانی نے رابعہ کو اس پر ڈانٹا اور اس کو سمجھایا کہ میں خود بہو بن کر اور نیز کئی اور بہوئیں اس گھر میں عرصہ سے رہتی آئی ہیں، ہم نے اپنے سسر کی کوئی ناشائستہ حرکت نہیں دیکھی، وہ بہت صاف نیت آدمی ہیں، رابعہ آٹھ ماہ پہلے کا یہ واقعہ بتاتی ہے۔ واضح رہے کہ رابعہ جس مکان اور جس دن کا یہ واقعہ بتلاتی ہے، اس روز سبھی گھر والے جاگے ہوئے تھے؛ کیونکہ ہلدوانی میں ایک عزیز کی میت ہوگئی تھی جو حافظ شفیع کے حقیقی برادر نسبتی (سالے) تھے، اس کی نعش کے ٹانڈہ آنے کا انتظار تھا اور خود رابعہ کے

شوہر موجود تھے۔ نیز رابعہ کے سسر حافظ شفیع کی عمر ۷۷رسال ہے۔

اب وضاحت طلب ہے کہ لڑکی مدعی ہے اور لڑکی کے سسر اور شوہر حلفیہ طور پر منکر ہیں، تو دونوں فریقوں میں سے کس کی بات کا شرعاً اعتبار کیا جائے گا؟

لڑکی شوہر کے لئے حرام ہوئی یا نہیں؟

المستفتی: حاجی محمد یونس، عبد الجلیل، عبدالشکور، ٹانڈہ رام پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ کی درج شدہ صورت میں جبکہ شوہر نے رابعہ کی تکذیب کی ہے، تو رابعہ اپنے دعویٰ میں شرعاً جھوٹی ہے؛ لہٰذا شوہر اور رابعہ کے درمیان حرمت ثابت نہ ہوگی اور دونوں کا نکاح بدستور باقی ہے۔

وثبوت الحرمة بلمسها مشروط بأن يصدقها. (شامي، كراچي ٣/ ٣٣، زكريا٤/ ١٠٨، البحرالرائق، كوئٹہ٣/ ١٠٠، زكريا٣/ ١٧٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱رربیع الاولیٰ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱ر۳۸۹۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۳/۱ھ

کیا بیٹی سے جماع کرنے سے بیوی ہمیشہ کے لئے حرام ہوجاتی ہے؟

سوال [۵۵۹۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی لڑکی کے ساتھ جماع کیا، خواہشات کے ساتھ اب اس کی بیوی موجود ہے تو لڑکی کا کیا ہوگا اور بیوی کیا ہوگی؟ اگر لڑکی کو حمل ہوجائے تو کیا کیا جائے؟ لڑکی کی شادی بھی نہیں ہوئی ہے، اس کی عمر ۱۶ر۱۷رسال کی ہے، مہربانی سے مع دلائل جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: عبدالغفور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اپنی بیٹی سے زنا کرنے کی وجہ سے بیوی ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی ہے۔اب تا حیات بیوی بنا کر رکھنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔اگر بیٹی سے کوئی بچہ پیدا ہو جائے،تو ولد الزنا ہوگا،بچہ کو بیٹی کی طرف منسوب کیا جائے گا۔

حرمة المرأة على أصول الزاني، وفروعه نسباً، ورضاعاً وحرمة أصولها، وفروعها على الزاني نسباً ورضاعاً الخ (شامي، كراچي ۳/ ۳۲، زكريا ٤/ ١١٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/ذی قعدہ ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر:الف ۹۹۳/۲۴)

ربیبہ سے زنا کرنے کا حکم

سوال [۵۵۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے ہندہ سے نکاح کیا ہے، ہندہ کے ساتھ ایک لڑکی اس کے پہلے شوہر سے ساتھ آئی تھی ، ہندہ کی زید سے اولاد ہوئی ، زید نے ہندہ کی اس لڑکی سے جو پہلے شوہر کی تھی زنا کیا،جس کے نتیجہ میں لڑکا پیدا ہوا۔اب دریافت طلب بات یہ ہے کہ:

(۱) ہندہ کا نکاح زید سے باقی رہا یا نہیں؟

(۲) اگر حرام ہوگئی تو کیا دوبارہ نکاح کی گنجائش ہے؟

(۳) کیا زید اس لڑکی سے جو شوہر اول کی ہے نکاح کر سکتا ہے؟

(۴) زید کے ساتھ اس کے اعزہ اقرباء ترک موالات کریں یا اس سے میل جول قائم رکھیں ؛ جبکہ وہ اس گناہ پر مصر ہے؟

المستفتی: محمد عمران انصاری، شیخان، شیر کوٹ، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) اگرواقعہ صحیح ہےتو زید کےاپنی بیوی کی صلبی لڑکی سےزنا کرنے کی وجہ سے بیوی ہمیشہ کے لئے زید پرحرام ہوگئی ہے۔

نیز زید کااس لڑکی کےساتھ نکاح بھی ہمیشہ کے لئے صحیح نہ ہوگا،اب زید ماں بیٹی میں سےکسی ایک سےبھی کبھی نکاح نہیں کرسکتا۔

ومن زنا بامرأة حرمت عليه أمها، وبنتها الخ (هداية، اشرفی بکڈپو دیوبند ۲/ ۲۰۹)

اوراس کوشرعی حکم بتلادیا جائے،اگر بازآجائےتوترک موالات نہ کیا جائےاور باز نہ آئےتوترک تعلق کیا جاسکتاہے۔

قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ .

[سورة الهود: ۱۱۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیراحمدقاسمی عفااللہ عنہ
۲۳؍محرم الحرام ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر:الف ۳۲۸۲/۲۰)

ممسوسہ بالشہوہ کی بیٹی سےنکاح

سوال [۵۵۹۹]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید ایک عورت کوشہوت کےساتھ ہاتھ لگاتا ہے یاعورت مردکوشہوت کےساتھ ہاتھ لگاتی ہے،توایسی صورت میں اس عورت کی بیٹی کا نکاح اس زید کےساتھ ہوسکتا ہے یانہیں؟

المستفتی: محمدابراہیم،ٹھاکردوارہ،مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مرد نےکسی عورت کو یاعورت نےمردکوبلاکسی

حائل کے شہوت کے ساتھ چھودیا، تو ایسی صورت میں دونوں پر ایک دوسرے کی اولاد حرام ہوجاتی ہے یعنی نہ وہ مرد اس عورت کی لڑکی سے نکاح کرسکتا ہے اور نہ یہ عورت اس مرد کی اولاد سے نکاح کرسکتی ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/۳۴۴)

ومن مسته امرأة بشهوة حرمت عليه امها، وابنتها. قال في الفتح: قوله بشهوة أي بدون حائل. (فتح القدير قديم زكريا ٣/٢١٣، كوئٹه ٣/١٢٩، كراچي ٣/٣٣، زكريا ٤/١٠٨، فتاوى عالمگيري، زكريا ١/٢٧٤، جديد ١/٣٤٠)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ رشعبان المعظم ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/۷۷/۴۹۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۷/۸/۹ھ

موطوءہ کی بیٹی سے نکاح حرام ہے

سوال [۵۶۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا ہندہ سے کافی عرصہ ناجائز تعلق رہا اور وہ حاملہ بھی ہوگئی، بعد میں وہ حمل زید نے ضائع کرادیا، دریں اثنا ہندہ اپنے موسیقی پروگرام کے تحت مہینوں ملک وبیرون ملک سفر کرتی رہی جو اس کا پسندیدہ مشغلہ ہے، ہندہ کی لڑکی جس کا نام مریم عرف شبانہ ہے، جو اس کے ساتھ رہتی تھی ہندہ کی غیر موجودگی کا فائدہ اٹھا کر زید نے جس کا نام نورالزماں عرف گوہر عالم ہے، ہندہ کی لڑکی سے بھی ناجائز تعلق قائم کرلئے یہاں تک کہ ہندہ کی لڑکی کا بھی دوبار حمل ضائع کراچکا ہے، زید جس کی ناراضگی زید کے والد سے ہوگئی، اس ناراضگی کے سبب زید نے اپنے والد کے اوپر نہایت بدسلوکی کر کے ہاتھ اٹھایا اور نہایت بداخلاقی کے ساتھ ماں بہن کی گالی گلوج بھی کی، ہندہ کے گھر واپسی پر جب ہندہ کو حالات کا علم ہوا تو دونوں میں نہایت بدتمیزی کے ساتھ جھگڑا ہوگیا، ہندہ بالآخر اپنی لڑکی کا نکاح زید سے ہی

اس کے وطن جا کر کرا دیتی ہے، یہ نکاح کہاں تک درست ہے؟ ازروئے شرع جواب سے نوازیں۔ اور جو اولاد زید کے ذریعہ ہندہ کی لڑکی سے ہوگی وہ کیسی ہوگی؟

المستفتی: محمود حسین، مکھیوں والا، پھاٹک سول لائن بنگلہ گاؤں، مرادآباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید نے جب ہندہ سے زنا کیا تو ہندہ کی لڑکی مریم عرف شبانہ زید پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی تھی؛ اس لئے زید کا نکاح مریم عرف شبانہ کے ساتھ جائز نہ ہوگا۔ اور اس سے جو اولاد ہوگی وہ حرام کی اولاد ہوگی۔

إذا فجر الرجل بامرأة، ثم تاب يكون محرماً لابنتها؛ لأنه حرم عليه نكاح ابنتها على التأبيد. (البحر الرائق ۳/ ۱۰۱، زکریا ۳/ ۱۷۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍صفر المظفر ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۶۹۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۶/۲/۱۲ھ

زانی مزنیہ کی لڑکی سے نکاح

سوال [۵۶۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اور ثناء ایک دوسرے سے بے حد محبت کرتے ہیں، وہ دونوں ایک دوسرے کے بغیر بھی نہیں رہ سکتے ہیں، دونوں ایک دوسرے سے جدا ہونے کا تصور بھی نہیں کرسکتے ہیں، دونوں کے گھر والے ان کی شادی بھی بہت جلد کردینا چاہتے ہیں؛ لیکن معاملہ یہ ہیکہ زید نے ثناء کی امی سے کبھی جذبات میں آکر زنا کرلیا تھا، اس وقت زید اور ثناء کی امی کو اس بات کا علم نہیں تھا کہ زید اور ثناء کی شادی ہوگی۔ اب زید توبہ کرچکا ہے اور آئندہ مستقبل میں گناہ نہ کرنے کا عہد کرچکا ہے، وہ ایسے گناہ کا تصور بھی نہیں کرے گا، اللہ پاک نے اس کی توبہ قبول کرلی ہوگی؛ کیونکہ اللہ اپنے بندوں سے بہت محبت کرتا ہے۔

علماءدین سے درخواست ہے کہ زید کی ثناء سے شادی کا شرعی مسئلہ بیان فرمائیں؟

(۱) کیاان دونوں کی شادی ہوسکتی ہے؟

(۲) اگرنہیں ہوسکتی ہے تو کیا زید اپنے ماں باپ کی نافرمانی کرسکتا ہے؛ کیونکہ اس کے ماں باپ ثناء کیساتھ اس کی شادی کرنا چاہتے ہیں؟

(۳) اگر زید کے ماں باپ موت کے وقت ثناء سے شادی کرنے کی وصیت کرجائیں تو کیا اس وقت بھی زید ان کی نافرمانی کرسکتا ہے؛ جبکہ موت کے وقت کی وصیت واجب ہوتی ہے؟

(۴) اگر یہ دونوں شادی کرلیں تو کیا ساری زندگی زنا کاری میں لکھی جائے گی؟

(۵) اگر زید ثناء سے کہدے کہ وہ اس سے شادی نہیں کرے گا اور ثناء اس بات کو برداشت نہ کرسکے اور خودکشی کرلے تو کیا خدا کے گھر زید کی پکڑ نہیں ہوگی؟

(۶) کیا ایک مؤمن کی جان بچانے کے لئے بھی ایسے عالم میں شادی نہیں کرسکتا ہے؟

(۷) کیا حنفی شافعی مسلک کے مطابق شادی نہیں کرسکتا ہے؟

المستفتی: محمد وسیم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب زید نے ثناء کی ماں کے ساتھ بدکاری کرلی ہے، تو اب زید کیلئے زندگی بھر ثناء کے ساتھ شادی کرنا جائز نہیں ہے، ایسے حالات میں زید اگر ثناء سے شادی نہ کرے اور وہ خودکشی کے لئے تیار ہوجائے تو زید اس کا مکلّف نہیں، ایک لڑکی سے شادی کرنے کے لئے حنفی مسلک کا آدمی، شافعی بن جائے یا شافعی مسلک کا آدمی حنفی بن جائے یہ انتہائی درجہ کی بے دینی اور ایمان کی کمزوری ہے؛ اس لئے اس کا خیال بھی نہیں کرنا چاہئے اور ان دونوں کو الگ الگ جائز طریقہ سے دوسری جگہوں میں شادی کرلینی چاہئے، تمام سوالات کے جوابات اسی میں آگئے ہیں۔

حـرم أيضـاً بـالـصهـرية أصـل مـزنية –إلـى قوله–وفروعهن مطلقاً.
(درمختار مع الشامي، زكريا ٤/١٠٧، ١٠٨، كراچي ٣/٣٢–٣٣)

وفـي الهداية: ومن زنىٰ بامرأة حرمت عليه أمها وبنتها. (هداية، اشرفي ديوبند ٢/٣٠٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ربیع الاول ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۴۹۲/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۳/۳ھ

مزنیہ کی فروع سے زانی کا نکاح

سوال [۵۶۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک مولوی صاحب نے ایک عورت کے ساتھ زنا کرلیا اور کرنے کے بعد اللہ سے بہت توبہ واستغفار کیا؛ بلکہ اللہ سے بہت معافی مانگی ہے اور رویا بہت کیونکہ توبہ واستغفار کے ذریعہ بڑے بڑے گناہ بھی اللہ تعالیٰ معاف فرمادیتے ہیں؛ کیونکہ گناہ کرتے وقت یہ بات ذہن میں نہیں رہتی ہے بلکہ یوں ہی گناہ ہوجاتا ہے۔

اب عرصہ کے بعد اس عورت کی ایک لڑکی ہے، اس اپنی لڑکی کے ساتھ بطریق جائز رشتہ وشادی کرانا چاہتے ہیں، اور زنا کے متعلق نہ اپنے رشتہ داروں کو اور نہ اس عورت کے میاں کو بھی اس واقعہ کا پتہ ہے اور نہ لڑکے کی طرف کسی کو پتہ ہے، اب اس مولوی کے خاندان میں عالم مولوی ہیں زیادہ تر اب لڑکی والے دیکھ رہے ہیں کہ اس گاؤں میں کوئی عالم مولوی نہیں ہے؛ اس لئے لڑکی والے بھی زیادہ زور پہ ہیں صرف یہی نہیں دونوں جانب زور ہے۔اب لڑکا اس انتظار میں ہے کہ یہ شادی جائز ہے یا ناجائز؟ لڑکی والوں کو اس بات کی وجہ سے اب تک کوئی جواب نہیں دیا، مگر دونوں طرف سے جلدی کررہے ہیں، مان نہیں رہے ہیں؛ کیونکہ مولوی لوگوں کی نظر اس گاؤں پر ہے کہ گاؤں کے لوگوں کو ایک سدھارنے کا

ذریعہ بن جائے گا یہ ایک اچھا موقع ہے؛ کیونکہ لڑکی والوں کی بات اس گاؤں میں چلتی ہے اوراس مولوی کا بھی گاؤں والے بہت عزت واحترام کرتے ہیں، دراں حالیکہ گاؤں کے لوگ گمراہی کی طرف جھک رہے ہیں، اسی بات کی وجہ سے لوگوں کی زیادہ کوشش بھی ہے کہ انہیں لوگوں کے یہاں رشتہ ہوجائے؟

المستفتی: ابودرداء، امام مسجد بہادر علی خاں، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مولوی صاحب کا اپنی مزنیہ کی بیٹی سے نکاح کرنا کسی صورت میں جائز نہ ہوگا؛ کیونکہ زنا کرنے کی وجہ سے حرمت مصاہرت کا ثبوت ہوگیا۔ اب زانی کے اصول وفروع زانیہ کے لئے اورزانیہ کے اصول وفروع زانی کے لئے ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئے اورسوالنامہ میں جواعذار ہیں اس کی وجہ سے حلال نہ ہوگی۔

حرمة المرأة على أصول الزاني، وفروعه نسباً، ورضاعاً، وحرمة أصولها، وفروعها على الزاني نسباً، ورضاعاً كما في الوطء الحلال. (شامي، زكريا ٤/١٠٧، كراچي ٣/٣٢، هداية اشرفى بكڈپو ديو بند ٢/٣٠٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/ربیع الثانی ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/۵۷۰۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱/۴/۱۴۱۹ھ

اپنی مزنیہ کی بیٹی سے نکاح

سوال [۵۶۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا ہندہ سے کافی عرصہ ناجائز تعلق رہا اور وہ حاملہ ہوگئی، اس کے بعد اب زید اسی مزنیہ کی لڑکی سے نکاح کرنے پر مصر ہے؛ چنانچہ ہندہ کی لڑکی سے زید کا نکاح بھی ہوگیا، تو ایسی صورت میں شریعت کیا کہتی ہے؟

المستفتی: محمود حسین ملک، ٹھٹھیوں والا، پھاٹک سول لائن ۲۸، نزد بنگلہ گاؤں چوک، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگرسوال نامہ میں لکھی ہوئی باتیں واقع کے مطابق صحیح ہیں اور زید نے ہندہ سے منھ کالا کررکھا تھا، تو ایسی صورت میں زید کے ساتھ ہندہ کی لڑکی کا نکاح درست نہیں ہوگا، اگر نکاح ہوبھی جائے تو وہ باطل ہوگا اور دونوں کے درمیان علیحدگی لازم اور ضروری ہے، ورنہ ہمیشہ حرام کاری اور زنا کاری کی زندگی میں مبتلا رہیں گے۔

وحرم أيضاً بالصهرية أصل مزنيته أراد بالزنا الوطئ الحرام (إلى قوله) وفروعهن مطلقاً. (الدر المختار مع الشامي، زكريا ٤/١٠٧، كراچي ٣/٣٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/رجب المرجب ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۴۸۷/۳۷)

باپ کی مزنیہ سے نکاح کا عدم جواز

سوال [۵۶۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بیٹے کا باپ کی مزنیہ کے ساتھ نکاح جائز ہے یا نہیں؟ اسی طرح باپ کا بیٹے کی مزنیہ سے نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد عظمت علی آسامی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: باپ کی مزنیہ کے ساتھ بیٹے کا نکاح اور بیٹے کی مزنیہ کے ساتھ باپ کا نکاح جائز نہیں۔ (مستفاد: فتاوی حقانیہ ۴/۳۵۳)

وكذا الأب إذا وطئ امرأة حراماً، كان أو حلالاً فإنها حرام على الابن–وذكر في الظهيرية أصلاً مضبوطاً فقال: تحرم الموطوءة على أصول الواطي وفروعه. (تاتار خانية، زكريا ٤/٤٩، رقم: ٥٤٨٩)

وكذا تحرم المزني بها على آباء الزاني، وأجداده وإن علوا، وأبناءه وإن سفلوا. (هندية، زكريا ١/ ٢٧٤، جديد ١/ ٣٣٩)

والزنا يوجب حرمة المصاهرة- حتى لو زنىٰ بامرأة حرمت عليه أصولها وفروعها، وحرمت المزنية على أصوله و فروعه. (مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ١/ ٤٨١)

وحرم أيضاً بالصهرية أصل مزنيته. و تحته في الشامية: حرمة المرأة على أصول الزاني وفروعه نسباً و رضاعاً. (شامي، زكريا ٤/ ١٠٧، كراچي ٣/ ٣٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰؍ ۱۱۴۷۴)

زانی کا مزنیہ کی ماں یا بیٹی کے ساتھ نکاح کا فساد

سوال [۵۶۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زانی کا مزنیہ کی بیٹی کے ساتھ یا اس کی ماں کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد وسیم، رام پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: زانی کا اپنی مزنیہ کی بیٹی کے ساتھ یا اس کی ماں کے ساتھ نکاح کرنا جائز نہیں۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ میرٹھ ۱۶؍ ۴۱۸، ڈابھیل ۱۱؍ ۴۱۲)

من زنىٰ بامرأة حرمت عليه بنتها وأمها. (هداية، اشرفی بکڈپو دیوبند ٢/ ٣٠٩)

فمن زنىٰ بامرأة حرمت عليه أمها وإن علت، وابنتها وإن سلفت.

(هنديةقديم، زكريا ١/ ٢٧٤، هندية، جديد اتحاد ١/ ٣٣٩)

والزنا يوجب حرمة المصاهرة حتى لو زنىٰ بامرأة حرمت عليه

أصولها وفروعها. (مجمع الأنهر، دارالکتب العلمیة بیروت ۱/ ۴۸۱)

وحرم أیضاً بالصهریة أصل مزنیته. وتحته في الشامیة: قال في البحر: أراد بحرمة المصاهرة الحرمات الأربع، حرمة المرأة علی أصول الزاني وفروعه نسباً ورضاعاً. وحرمة أصولها وفروعها علی الزاني نسباً ورضاعاً کما في الوطء الحلال. (شامي، زکریا ۴/۱۰۷، کراچي ۳/۳۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۴۷/۴۰)

مزنیہ کی لڑکی سے نکاح کرنے والے کے یہاں کھانا کھانا

سوال [۵۶۰۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے غیر مسلمہ سے زنا کیا اور اب اس کی لڑکی کے ساتھ نکاح کرلیا، تو یہ نکاح درست ہوا یا نہیں؟

(۲) اور ایسے شخص کے یہاں کھانا کھانا جائز ہے یا نہیں؟ اور جس شخص نے اس کے یہاں کھانا کھایا ہو، وہ امامت کرسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: طاہر علی، سرکڑا خاص، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) مزنیہ کی لڑکی سے نکاح جائز نہیں ہے؛ کیونکہ حرمت مصاہرت جس طرح نسب سے ثابت ہوتی ہے، اسی طرح زنا سے بھی ثابت ہوتی ہے۔

حرم أیضاً بالصهریة أصل مزنیته وفروعه. (شامي، کراچي ۳/ ۳۲، ۳۳، زکریا ۴/ ۱۰۷، ۱۰۸)

(۲) اگر اس کے یہاں کھانا کھانے سے اس کی اصلاح کی امید ہو، تو ایسے شخص کے

یہاں کھانا کھانا جائز ہے۔ اور کھانے والے کی امامت میں کسی قسم کی کوئی قباحت نہیں ہے۔

(مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۲/۳۰۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰/ شعبان المعظم ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف/ ۴۱۶۷)

باپ کا لڑکے کی مطلقہ سے نکاح

سوال [۵۶۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص اپنے لڑکے کی بیوی سے طلاق ہوجانے بعد نکاح کرنا چاہتا ہے، کیا ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟ جواب عنایت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

المستفتی: مقصود احمد، ساکن: بھینسیہ، کٹگھر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: لڑکے کی بیوی ہمیشہ ہمیش کے لئے حرام ہوجاتی ہے، چاہے لڑکا طلاق دیدے یا اس کا انتقال ہوجائے، کسی بھی طرح جائز نہیں۔

وحرم بالمصاهرة إلى قوله وزوجة أصله وفرعه. وفي الشامية: **وحلائل أبناء كم الذين من أصلابكم الخ وقوله لا لإحلال حليلة الإبن رضاعاً، فإنها تحرم كالنسب.** (الدر المختار مع الشامي، كوئٹه ۲/ ۳۱۲، كراچي ۳/ ۳۱، زكريا ٤/ ١٠٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ صفر المظفر ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳/ ۴۸۶)

بیٹے کا باپ کی ممسوسہ سے نکاح

سوال [۵۶۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ایک لڑکی جس کی عمر اس وقت تقریباً ۱۴/ یا ۱۵/سال کی ہے اور اب سے تقریباً چار سال قبل اس کی منگنی ایک لڑکا بنام زید سے ہوگئی تھی اور منگنی کے وقت اس لڑکی کی عمر تقریباً ۹/ یا ۱۰/سال تھی اور آثار بلوغ بالکل ظاہر نہ تھے، اس کے بعد یہ ہوا کہ منگنی سے دس بیس روز بعد زید کے باپ نے اس لڑکی کو اپنی گود میں زانو پر بٹھایا اور سر پر ہاتھ رکھا، جس کی وجہ سے شہوۃ پیدا ہوگئی، تو اس کو گود سے فوراً اتار دیا، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ مذکورہ لڑکی سے زید کی شادی کرنا درست ہے؟ اگر اس لڑکی سے درست نہیں ہے تو اس لڑکی کی بہن سے زید کی شادی کرنا درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: قاری عبدالرحمٰن، نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس لڑکی سے زید کی شادی درست نہیں ہوگی؛ البتہ اس لڑکی کی بہن کیساتھ زید کی شادی درست اور جائز ہوجائے گی۔

ولافرق فيما ذكر بين اللمس، والنظر بشهوة بين عمد ونسيان وخطأ وإكراه وتحته في الشامية: وسن المراهقة، واقله للأنثىٰ تسع.

(شامي، كراچي ۳/ ۳۵، زكريا ٤/ ۱۱۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۴۰۶۱)

بیٹے کا ماں کو شہوت کے ساتھ چھونے کا حکم

سوال [۵۶۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے شہوت کے ساتھ بلا حائل اپنی حقیقی ماں کے پستان وشرمگاہ پر ہاتھ پھیرا؛ جبکہ ماں کو یہ بتایا کہ جادو اتارنے والے نے اس طرح ناپنے کا حکم دیا ہے، تو کیا اس طرح بیٹے کے عمل سے اس کی ماں اپنے شوہر پر حرام ہوگئی یا نہیں؟

اگر حرام ہوگئی تو حلال ہونے کی کوئی صورت ہے یا نہیں؟

(۲) اگر حرمت کی بات اس لڑکے سے کہی جاتی ہے، تو یہ خودکشی کرلے گا اور اس کی ماں بھی خودکشی کرلے گی، گھر میں نوجوان لڑکیاں ہیں، ان کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہے۔ عرضیکہ پورا گھر سخت خطرہ میں ہے، تو ایسی صورت میں کیا کرنا چاہئے؟

(۳) کیا یہ مرد وعورت یعنی اس لڑکے کے ماں باپ جماع سے مکمل بچاؤ کے ساتھ ایک مکان میں رہ سکتے ہیں اور کیا یہ دونوں حج کے لئے ایک ساتھ جاسکتے ہیں؟

المستفتی: عبدالمتین، ٹانڈہ، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر واقعۃً اس شخص نے شہوت ہی کے ساتھ ماں کی پستان اور شرمگاہ پر ہاتھ پھیرا ہو، تو اس کی ماں اپنے شوہر پر ہمیشہ کے لئے شرعاً حرام ہوگئی، حلال کی کوئی صورت نہیں ہے، شرعی حکم یہی ہے خواہ لڑکا اور اس کی ماں کتنے ہی خطرہ میں ہوں اور اس لڑکے کے ماں باپ سخت پردہ اور علیحدگی کی پابندی کے ساتھ ایک مکان میں رہنا چاہیں، تو رہ سکتے ہیں اور دونوں ایک ساتھ حج کو نہیں جاسکتے۔

وكذا المقبلات، أو الممسوسات بشهوة لأصوله، أو فروعه. (شامي، زكريا ٤/ ١٠٠، كراچي ٣/ ٢٨)

لأن حرمة المصاهرة إذا ثبتت لا تسقط أبداً. (شامي زكريا ٤/ ١٠٩، كراچي ٣/ ٣٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹؍ محرم الحرام ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۴۳۹)

حقیقی بہن سے صحبت کرنے کی وجہ سے کیا بیوی حرام ہوجاتی ہے؟

سوال [۵۶۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ میں نے اپنی سگی بہن کے ساتھ صحبت کی، اب شرعی حکم کیا ہے کیا میرے نکاح میں کوئی فرق آئے گا یا نہیں؟

المستفتی: جابر حسین

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اس سے آپ کے یا آپ کے باپ کے نکاح میں کوئی فرق نہیں آتا؛ لیکن زبردست گناہ عظیم کا ارتکاب ہوا ہے، اللہ تعالیٰ کے دربار میں اپنے گناہ سے نادم ہوکر گریا وزاری کے ساتھ توبہ کرنا لازم ہوگا، آئندہ آپ کی اولاد اور اس بہن کی اولاد کا آپس میں نکاح جائز نہ ہوگا، جس بہن کے ساتھ منھ کالا کیا گیا ہے؛ کیونکہ دونوں کی اولاد سوتیلے بھائی بہن کے درجہ میں ہوجائیں گی۔

لا يحل للرجل أن يتزوج بأمة (ألى قوله) ولابأخته الخ (هداية اشرفي بکڈپو ۲/ ۳۰۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ صفر المظفر ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۳۵۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۶/ ۲/ ۱۴۱۶ھ

ساس کی شرم گاہ کو دیکھنا

سوال [۵۶۱۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی بیوی خالدہ ہے اور صدیقہ خالدہ کی ماں ہے اور زید نے صدیقہ کی شرمگاہ کو دیکھ لیا، تو ایسی حالت میں خالدہ زید کی نکاح میں رہی یا نہیں؟

(۱) زید نے صدیقہ کی شرمگاہ کو دیکھ کر نیت بری کی، تو ائمہ کی متفق رائے بتائیں؟

(۲) اگر زید نے شرمگاہ کو دیکھا اور نیت بری نہیں کی تو بھی متفق رائے بتائیں؟

المستفتی: محمد عظیم الدین، عرف عملیہ، بھاگل پور (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر زید نے صدیقہ کی شرمگاہ کے اندرونی حصہ کو شہوت کے ساتھ دیکھ لیا ہے، تو خالدہ زید پر ہمیشہ ہمیش کے لئے حرام ہوگئی۔

والمنظور الی فرجها المدور الداخل الخ (الدر المختار، کوئٹہ ۲/ ۳۸۵، زکریا٤/ ١٠٨، کراچي ۳/ ۳۳)

اور اگر شہوت سے نہیں دیکھا ہے؛ بلکہ اچانک کسی وجہ سے نظر پڑ گئی ہے اور بعد میں شہوت ہوگئی ہو یا نہیں! تو خالدہ اور زید کے نکاح میں کوئی خرابی نہیں آئی۔

والعبرة للشهوة عند المس، والنظر لابعدهما الخ (الدر المختار ۲/ ۳۸۵، زکریا٤/ ١٠٨، کراچي۳/ ۳۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٢٦ رصفر المظفر ١٤٠٨ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳ /٧٤٨٢ ۵)

شہوت کے ساتھ ساس کو مس کرنا اور بوسہ لینا

سوال [٥٦١٢]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ داماد نے اپنی ساس کو شہوت کے ساتھ مس کیا اور بوسہ لیا، تو کیا اس شخص پر اس کی بیوی حرام ہوگئی یا نہیں؟

المستفتی: محمد ناصر حسین رامپوری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: داماد نے اپنی ساس کا بوسہ لیا، تو اس پر اس کی بیوی ہمیشہ ہمیش کے لئے حرام ہوگئی۔

حرم أيضاً بالصهرية أصل مزنيته وأصل ممسوسته بشهوة (إلى أن قوله) وفروعهن. (در مختار مع الشامي، کراچي ۳/ ۳۲، زکریا ٤/ ١٠٧، ١٠٨)

وفي الهداية: ومن مسته امرأة بشهوة حرمت عليها أمها وابنتها. (هداية، اشرفي بكڈپو ۲/ ۳۰۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹ر محرم الحرام ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/ ۳۲۷۷)

دھوکے سے داماد کا ساس کو بحالتِ شہوت چھونا

سوال [۵٦۱۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید ایک شادی شدہ مرد ہے وہ اپنی سسرال گیا ہوا تھا، رات کو جب چارپائی پر سویا، تو اس کی بیوی کی چارپائی اور اس کی ساس کی چارپائی اور خود اس کی چارپائی برابر میں پڑی ہوئی تھی، رات کو اتفاق سے زید بیدار ہوا، اس نے اپنی بیوی کے دھوکہ میں بحالت شہوت اپنی ساس کو ہاتھ لگادیا، جب اس نے دیکھا کہ یہ میری بیوی نہیں ہے؛ بلکہ یہ میری ساس ہے اس نے فوراً ہاتھ ہٹالیا اتفاق سے ساس اور بیوی ایک ہی رنگ کا لباس پہنے ہوئے تھیں۔ مسئلہ کی صورت کے مطابق مفصل ومدلل جواب تحریر فرمائیں۔

المستفتی: محمد وسیم رام پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر دھوکہ میں بھی بحالت شہوت اپنی ساس کو ہاتھ لگادیا ہے، تو بھی بیوی ہمیشہ کے لئے شوہر پر حرام ہوگئی ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم دیوبند ۷/ ۳۷٦)

ولافرق فيما ذكر بين اللمس، والنظر بشهوة بين عمد ونسيان وخطأ وإكراه، فلو أيقظ زوجته، أو أيقظته هي لجماعها، فمست يده بنتها المشتهاة أويد ها ابنه حرمت الأم أبداً. (الدرالمختار مع الشامي، كراچي ۳/ ۳۵، زكريا ٤/ ۱۱۲)

وفي الهندية: ثم لا فرق في ثبوت الحرمة بالمس بين كونه عامداً، أو ناسياً، أومكرهاً، أومخطِأً، أو نائماً. (فتاوى عالمگيري، زكريا ١/ ٢٧٤، جديد١/ ٣٤٠)

وأيضاً في الهندية: ولو مس شعرها بشهوة إن مس ما اتصل برأسها ثبت الخ (عالمگيري، ١/٢٧٤، جديد١/ ٣٤٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹/ رجب ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۳۲۹/۲۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۷/۱۹ھ

صحبت کے ارادے سے ساس کو بیوی سمجھ کر ہاتھ لگانا

سوال [۵۶۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی بیوی اپنی ماں کے قریب زید کے گھر سو رہی تھا، زید نماز پڑھ کر رات میں دیر سے گھر آیا زید اپنی خواب گاہ پر گیا اور صحبت کے ارادے سے اپنی بیوی سمجھ کر دھوکہ سے اپنی ساس کا ہاتھ پکڑ کر ہلایا، ہلانے کی حرکت سے جب ساس نے کروٹ بدلی تو زید کو ساس کا چہرہ نظر آیا جس سے شرمندہ ہو کر واپس چلا آیا؛ لیکن ہاتھ پکڑ کر ہلانے کی حرکت ساس کو آخر تک نہیں ہوئی۔ اب معلوم کرنا یہ ہے کہ زید کی بیوی کیا زید پر حرام ہوگئی؟ اگر حرام ہوگئی تو شریعت مطہرہ میں اس کا کوئی حل ہے یا نہیں؟

المستفتی: سمیع الدین، بسواں سیتا پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب صحبت کے ارادہ سے اپنی بیوی سمجھ کر دھوکہ سے اپنی ساس کو پکڑ کر ہلایا تھا، اس وقت اگر زید شہوت کی حالت میں تھا تو زید کی بیوی زید پر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی، چاہے ساس کو اس کی خبر بھی نہ ہوئی ہو، اب اس بیوی

کو چھوڑ کے دوسری عورت سے شرعی طریقہ سے نکاح کر کے باعصمت زندگی گذارنے کے علاوہ کوئی دوسرا حل نہیں۔

و لا فرق بين اللمس، والنظر بشهوة بين عمدٍ ونسيانٍ و خطأ وإكراه، فلو أيقظ زوجته، أو أيقظته هي لجماعها فمست يده بنتها المشتهاة، أو يدها ابنه حرمت الأم أبداً الخ (الدر المختار مع الشامي، كراچي ٣/ ٣٥، زكريا ٤/ ١١٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۷؍ جمادی الثانیہ ۱۴۲۶ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۸۴۲/۳۸)	۱۴۲۶/۶/۷ھ

شہوت کے ساتھ ساس کو چھونے سے کیا بیوی حرام ہو جائے گی

سوال [۵۶۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک آدمی کی شادی ہوئی اور رخصتی ابھی نہیں ہوئی ہے کہ وہ آدمی اپنی سسرال گیا اور وہ رات میں اٹھا اپنی بیوی کے پاس جانے کے لئے؛ لیکن اچانک اس کا ہاتھ اپنی ساس پر پڑ گیا اور کیا کچھ نہیں بس ہاتھ پڑ گیا، تو کیا یہ نکاح ٹوٹ گیا؟ اور اس کی محبت اپنی بیوی سے بے حد ہے، اس کا کہنا ہے کہ اگر ایسا ہوا تو ہم اپنی جان دیدیں گے اور مرجائیں گے زندہ رہنا دنیا میں گوارہ نہیں، تو اس کے بارے میں حضور بہت جلد تحریر فرمائیں؛ کیونکہ ہم نے دین کی باتوں میں دیکھا ہے، تو اس میں لکھا ہے کہ اگر ہاتھ لڑکی یا ساس پر پڑ گیا، تو بیوی ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی اور لازم ہے کہ وہ آدمی اپنی بیوی کو طلاق دیدے۔

المستفتی: محمد حنیف قاسمی، مدرس مدرسہ جامعہ کگرالہ بدایوں (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ساس پر ہاتھ لگاتے وقت شہوت بھری حالت

میں رہا ہے اور ساس کے بدن پر کپڑا نہیں تھا یا ہلکا اور باریک کپڑا تھا کہ اوپر سے اندر کی گرمی محسوس ہورہی ہے، تو حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک بیوی ہمیشہ کے لئے حرام ہوچکی ہے اور اگر شہوت بھری حالت میں نہیں تھا، تو بیوی حرام نہ ہوگی نکاح بدستور باقی ہے۔

قبل أم امرأة حرمت عليه امرأته مالم يظهر عدم الشهوة (إلى قوله) في المس لاتحرم مالم تعلم الشهوة؛ لأن الأصل في التقبيل الشهوة بخلاف المس الخ (تنوير الابصار مع الدر كراچي ٣/٣٦، زكريا ٤/١١٣)

خودکشی کرنا بہت بڑا گناہ عظیم ہے، جس شئ سے خودکشی کریگا، اسی چیز سے جہنم میں ہمیشہ عذاب ہوتا رہے گا۔

عن أبي هريرةؓ أراه رفعه قال: من قتل نفسه بحديدة جاء يوم القيٰمة وحديدته في يده يتوجأبها بطنه في نارجهنم خالداً مخلداً أبداً، ومن قتل نفسه بسم فسمه في يده يتحساه في نار جهنم خالداً مخلداً أبداً.

(ترمذي شريف، باب ماجاء فيمن قتل نفسه بسم، أوغيره، النسخة الهندية ٢/٢٥، دارالسلام رقم: ٢٠٤٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍صفر المظفر ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۰۰۸/۲۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۳/۲/۹ھ

خوش دامن سے مجامعت کرنے کا حکم

سوال [٥٦١٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید بیوی کے ہوتے ہوئے خوش دامن سے دھوکے میں یا جان کر مجامعت کر بیٹھا، تو اس صورت میں زید کی بیوی زید کے نکاح میں رہی یا نکل گئی؟

المستفتی: محی الدین احمد، قصبہ سہسپور، ضلع: بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر خوش دامن سے مجامعت کرنا شرعی شہادتوں سے ثابت ہے یا خود زید نے اس کا اقرار کرلیا، تو زید پر بیوی ہمیشہ کے لئے حرام ہوچکی ہے، زید پر لازم ہے کہ فوراً علیحدہ کردے۔

قيل له مافعلت بأم امرأتک، فقال جامعتها تثبت الحرمة ولايصدق أنه كذب ولوهازلا. (الدر المختار، کوئٹہ ۲/ ۳۹۰، کراچي ۳/ ۳۸، زکریا ٤/ ۱۱۵، هنديه زکريا ۱/ ۲۷٦، جديد ۱/ ۲۷٦)

مذکورہ شرائط کے بغیر حرام نہیں ہوگی۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷/ ۳٦۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲٦/ ربیع الاول ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳/ ۵۹۴)

کیا سالی سے زنا کرنے کی وجہ سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے؟

سوال [۵٦۱۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کسی نے نسبتی ہمشیرہ جس کو عرف عام میں سالی کہتے ہیں یعنی بیوی کی سگی بہن سے زنا کرلیا اور کرتا رہتا ہے، تو کیا ایسی حالت میں بیوی سے نکاح باقی رہتا ہے یا باطل ہوجاتا ہے؟ دلائل کی روشنی میں مسئلہ کی وضاحت فرمائیں۔

المستفتی: نسیم احمد، ہلدوانی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسی صورت میں بیوی کے ساتھ نکاح تو بدستور باقی ہے، مگر سالی کے ساتھ جو حرکت ہوتی ہے، وہ گناہ عظیم کا سبب ہے، دونوں پر سخت پابندی لگائی جانی چاہئے اور دونوں پر لازم ہے کہ اپنے اس فعل شنیع سے خالص توبہ کرلیں۔

وطئ أخت امرأته لاتحرم عليه امرأته الخ (در مختار، کتاب النکاح،

فصل في المحرمات، کراچي ۳/ ۳٤، زکریا٤/ ۱۰۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍صفر المظفر ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/ ۵۱۶۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۸/۲/۹ھ

کیا سالی سے زنا کرنے سے نکاح نہیں ٹوٹتا؟

سوال [۵۶۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ جمیل نے اپنی بیوی کی چھوٹی بہن سے ناجائز تعلق پیدا کرلئے، اب اس کی بیوی کی بہن حاملہ ہے، ایسی صورت میں جمیل کا نکاح قائم رہا یا فسخ ہوگیا؟ بہت سارے لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ جمیل کا نکاح ٹوٹ گیا۔

المستفتی: جمیل احمد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسی صورت میں جمیل کی بیوی کا نکاح جمیل کے ساتھ بدستور باقی ہے؛ البتہ جمیل اور زانیہ سالی دونوں گناہ عظیم کے مرتکب ہونے کی وجہ سے ان پر خالص توبہ لازم ہے اور سالی اگر شادی شدہ نہیں ہے، تو بچہ کا نسب بھی ثابت نہیں ہوگا ولد الزنا ہوگا۔

وطئ أخت امرأته لاتحرم علیه امرأته الخ (در مختار، کتاب النکاح، فصل في المحرمات، کراچي ۳/ ۳٤، زکریا ٤/ ۱۰۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵؍محرم الحرام ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۸۴۱)

سالی سے بدکاری کے بعد بیوی نکاح میں رہے گی یا نہیں؟

سوال [۵۶۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلۂ ذیل کے بارے میں: کہ کسی نے اپنی سالی کے ساتھ صحبت کرلی یا اس سے نکاح کرلیا، ان دونوں حالتوں میں منکوحہ عورت نکاح میں رہے گی یا مطلقہ ہو جائے گی، ان دونوں کے بارے میں کیا احکام ہیں؟

المستفتی: عفیف احمد، ہری چوک، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اپنی سالی سے زنا کرنے سے بیوی کے نکاح میں شرعاً کوئی فرق نہیں پڑتا، نکاح بحالہ قائم رہتا ہے؛ البتہ سالی اور خود گناہ کبیرہ کے مرتکب اور مردود بارگاہ ہوں گے۔ نیز بیوی کی موجودگی میں سالی کے ساتھ نکاح شرعاً باطل ہوتا ہے۔ اور حرام کاری کی زندگی میں مبتلا رہیں گے، اور بیوی کے نکاح میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔

وطئ أخت امرأته لاتحرم عليه امرأته الخ (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، زكريا ٤/١٠٩، كراچي ٣/٣٤)

إذا تزوجهما على التعاقب، وكان نكاح الأولى صحيحاً، فإن نكاح الثانية، والحالة هذه باطل قطعاً. (شامي، كراچي ٣/٣٨، زكريا ٤/١١٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰ محرم الحرام ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵/۱۶۱۸)

منکوحہ اپنے بہنوئی سے زنا کرائے تو شوہر پر حرام ہوگی یا نہیں؟

سوال [۵۶۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلۂ ذیل کے

بارے میں: کہ میری شادی محسنہ خاتون سے ۲۴رمئی ۱۹۸۸ء کو نگینہ ضلع بجنور سے ہوئی، اور محسنہ خاتون اپنے بہنوئی سے زنا کرائی ہے اور زنا کے دو حمل گروا چکی ہے اور ایک سال سے زائد کا لڑکا اس کے پاس موجود ہے اور میری بیوی محسنہ کو دو مہینے کا مجھ سے حمل ہے اور محسنہ کی بڑی بہن تنظیم فاطمہ میرے گھر آئی، تو اس کو بلا کر اپنے شوہر کے پاس لے گئی اور محسنہ بھی وہی ہے، وہ اپنے بہنوئی تنظیم کے شوہر سے زنا کراتی ہے اور جب میں اپنی بیوی محسنہ خاتون کو بلانے گیا، تو اس کی بڑی بہن اور بہنوئی نے منع کر دیا، اور آنے نہیں دیا اور بہنوئی دونوں بہنوں کو اپنے گھر میں رکھ رہا ہے (تنظیم فاطمہ اور محسنہ کو) اب اگر میری بیوی محسنہ میرے گھر میں آجائے، تو میں اس کو اپنے گھر رکھ سکتا ہوں یا نہیں؟ اور اس عورت کا میدان حشر میں اور قبر میں کیا حال ہوگا، جو اپنے شوہر کو چھوڑ کر بہنوئی سے زنا کراتی ہے؛ لہٰذا اس مسئلہ میں قرآن وحدیث سے جواب دیا جائے اور اس کا بھی جواب دیں کہ بیوی میری نکاح میں رہے گی یا نہیں؟ آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سالی کو ناجائز تعلق کے لئے گھر میں رکھنا حرام اور غضب الٰہی کے تسلط کا خطرہ ہے، علاقہ کے مسلمانوں پر ضروری ہے کہ اس شخص کو اس نازیبا حرکت سے روک دیں، اگر نہ مانے تو برادری کے لوگ اس سے بائیکاٹ کر دیں، ورنہ سب لوگ گنہگار رہوں گے۔

وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ. [الهود: ۱۱۳]

نیز محسنہ اس حرکت کی وجہ سے اپنے شوہر کے نکاح سے باہر نہیں ہوئی؛ بلکہ بدستور شوہر کے نکاح میں برقرار رہے گی؛ لہٰذا محمد اقبال شوہر اپنی بیوی محسنہ کو اپنے پاس رکھ سکتا ہے، اس پر کوئی گناہ نہیں ہے؛ بلکہ محسنہ اور اس کے بہنوئی گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوئے ہیں ان تو بہ کر کے باز آجانا لازم ہے۔

لو زنت امرأة رجل لم تحرم علیه وجاز له وطؤها عقب الزنا.
(شامي، کراچي ٣/٤٣ زکریا ٤/١٠٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٤ر صفر المظفر ١٤٠٩ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٢٤/١١١٤)

سالی سے وطی کرنے سے بیوی حرام ہوگی یا نہیں؟

سوال [٥٦٢١]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنی بیوی کو نکاح میں رکھتے ہوئے اپنی سالی سے وطی کرلیا، تو اس کی بیوی اس پر حرام ہوگی یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اپنی سالی سے زنا کرنے کی صورت میں زید پر اس کی بیوی حرام نہیں ہوئی بلکہ نکاح بدستور باقی ہے لیکن زید اور زانیہ سالی دونوں پر اس فعل بد سے توبہ کرنا لازم اور ضروری ہے۔

وطئ أخت امرأته لا تحرم علیه امرأته. (درمختار کتاب النکاح، فصل فی المحرمات کراچی ٣/٣٤، زکریا ٤/١٠٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٤ر شعبان المعظم ١٤٣٣ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٣٩/١٠٧٦٦)

مزنیہ کی بہن سے نکاح اور سالی سے زنا کا حکم

سوال [٥٦٢٢]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ **لوان زید زنی بامرأة فتزوج بأختها الصغیرة، أو الکبیرة،**

أوتزوج بامرأة، ثم زنیٰ بأختها صغیرة کانت أو کبیرة فسد النکاح أم لا؟

المستفتی: ارشدخان شاہد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: زناشریعت میں نہایت ہی قبیح شئ ہے۔قرآن وحدیث میں اس کی بڑی وعیدیں آئی ہیں،تاہم مزنیہ کی بہن سے نکاح کرنا جائز ہےاور بیوی کی بہن (سالی) سے زنا کرنے سے نکاح فاسد نہیں ہوتا،مگر مزنیہ کوایک حیض آنے تک زانی کااپنی بیوی سے الگ رہناواجب ہے۔

في الخلاصة وطئ أخت امرأته لاتحرم عليه امرأته (درمختار) وفي الدراية: عن الكامل ولوزنیٰ باحدیٰ الأختين لاتقرب الأخریٰ حتی تحيض الأخریٰ حيضةً. قال الشامي تحت قوله لاتحرم: فالمعنیٰ لاتحرم حرمة مؤبدة وإلا فتحرم إلى انقضاء عدة الموطؤة. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي٣/٣٤، زكريا٤/١٠٩، امداد المفتيين ٢/٤٥٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ:شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۱۸۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۶/۴ھ

سالی کواٹھاکرلےجاکراپنےساتھ رکھنے سےکیانکاح ٹوٹ جائےگا؟

سوال [۵۶۲۳]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بکر کے نکاح میں ہندہ ہےاوراس سے ایک لڑکی بھی ہے،دریافت یہ کرنا ہے کہ بکراپنی سالی یعنی بیوی کی چھوٹی بہن کوزبردستی اس کے گھر سے رات کواٹھالے گیا،جس کی عمر ۱۳/سال ہےاوراس کو چھ سات دن اپنے پاس رکھااس کے بعدلڑکی کے والد اپنی لڑکی کوتلاش کرکے پھرواپس لےآئےتو،بکرکانکاح فسخ ہوگیایانکاح باقی ہے؟

(۲) اگر نکاح ٹوٹ گیا تو دوبارہ ہندہ کا نکاح بکر سے ہوسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: ابوالحسن، چھارچھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: (۱/۲) سالی کو اٹھالے جانے اور ساتھ رکھنے سے بکر سخت گنہگار رہوا ہے، اسے اس گناہ سے فوراً توبہ کرنا لازم ہے؛ لیکن بکر اور ہندہ کے نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑا، ہندہ بکر کے نکاح میں بدستور باقی ہے۔

وطئ أخت امرأته لا تحرم عليه امرأته الخ (در مختار، کتاب النكاح، فصل في المحرمات، زكريا ٤/١٠٩، كراچي ٣/٣٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳/ذی قعدہ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۰۱۶/۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۷/۱۱/۳ھ

کیا مزنیہ کے اصول وفروع زانی پر حرام ہیں؟

سوال [۵٦۴۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اور عمرو دونوں ایک گاؤں کے رہنے والے ہیں، زید کی شادی ہندہ سے ہوگئی، پھر ہندہ کے ناجائز تعلقات عمرو سے ہوگئے، پھر ہندہ سے ایک لڑکا بکر پیدا ہوا، جس کی شکل وصورت ڈیل ڈال سب کچھ عمر جیسا ہے، پھر کچھ دنوں کے بعد زید کو اپنی بیوی ہندہ اور عمرو کے تعلقات کا پتہ چلا، تو زید نے اپنی بیوی ہندہ کو طلاق دیدی اور بکر کو اپنے پاس رکھ لیا، پھر جب بکر بڑا ہوا، تو زید نے اس کی شادی کردی، پھر بکر کے بھی ایک لڑکی پیدا ہوئی اور پھر ہندہ مطلقہ سے عمرو نے باقاعدہ نکاح کرلیا، اور ہندہ عمرو کے نکاح میں کئی برس رہ کرانتقال کرگئی، پھر عمرو نے دوسرا نکاح کیا رشیدہ سے ایک لڑکا خالد پیدا ہوا، اب دریافت یہ کرنا ہے کہ عمرو اپنے لڑکے خالد کی شادی بکر کی لڑکی خالدہ سے کرانا چاہتا ہے،

قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: شکیل احمد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ہندہ اور عمرو کے درمیان بکر کی پیدائش سے قبل ہی شرعی طور پر حرمت مصاہرت ثابت ہو چکی تھی، تو بکر کی لڑکی کا نکاح عمرو کے لڑکے کے ساتھ جائز نہیں ہے اور ایسی صورت میں مسئلہ ربیبہ کا اشکال نہ ہوگا۔

ولذا تحرم عليه ربيبة المولودة بعد طلاقه أمها وزوجة أبيه من الرضاع المطلقة قبل ارتضاعه. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/٣٢، زكريا ٤/١٠٦)

وحرم أيضاً بالصهرية أصل مزنيته وفروعهن الخ (در مختار مع الشامي، كراچي ٣/٣٢، زكريا ٤/١٠٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۸۱۹/۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۷/۵/۱۴ھ

سالی کے سینے کو چھونے کا حکم

سوال [۵۶۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں نے اپنی زوجہ کی بہن کو غلط ارادہ سے دیکھا اور اس کے سینہ کو چھوا، اس کے بعد یہ حرکت نہیں کی تو میری بیوی کے نکاح میں تو کوئی نقص نہیں آیا؟

المستفتی: محمد مشرف علی، جگر کالونی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سالی کے ساتھ غلط فعل کرنے اور بد نیتی سے اس کو چھونے سے بیوی حرام نہیں ہوتی۔

وطئ أخت امرأته لا تحرم عليه امرأته الخ (در مختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، زكريا ٤/١٠٩، كراچي ٣/٣٤)

البتہ اگر خدانخواستہ ساس کو بدنیتی سے چھودیا جائے گا تو بیوی حرام ہوجائے گی۔

قال في الذخيرة: وإذا قبلها، أولمسها، أونظر إلى فرجها، ثم قال:لم يكن عن شهوة ذكر الصدر الشهيد، أنه في القبلة يفتىٰ بالحرمة، مالم يتبين أنه بلاشهوة، و في المس والنظر لا إلا أن يتبين أنه بشهوة؛ لأن الأصل في التقبيل الشهوة بخلاف المس والنظر. (شامي، كراچي٣/٣٥، زكريا٤/١١٢، هندية، زكريا١/٢٧٦جديد١/٣٤١)

لو قبل الرجل امرأته تثبت الحرمة مالم يظهر أنه قبلها بغير شهوة وفي المس مالم يعلم أنه كان عن الشهوة لاتثبت الحرمة. (قاضي خان على الهندية، زكريا١/٣٦١جديد١/٢١٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶ رصفر المظفر ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۳۵۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۲/۲۶ھ

سالی سے زنا کرنے کا حکم

سوال [۵۶۲۶]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی سالی سے زنا کیا؛ جبکہ اس کی بیوی اس کے نکاح میں موجود ہے،تو کیا اس سے نکاح میں کوئی اثر پڑا یانہیں؟ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ نکاح ٹوٹ گیا اور کچھ اس کے خلاف بات کہتے ہیں،آپ اس سلسلہ میں شرعی فیصلہ فرمائیں۔

المستفتی: کمال الدین،مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سالی سے زنا کرنے سے بیوی کا نکاح ختم نہیں

ہوتا؛ بلکہ وہ علیٰ حالہ باقی رہتا ہے؛ البتہ سالی کو ایک حیض آنے تک بیوی سے وطی کرنا جائز نہیں ہے؛ لہٰذا جو لوگ کہتے ہیں کہ سالی سے زنا کرنے سے بیوی کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے، ان کی بات صحیح نہیں ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/۱۹۰، جدید زکریا ۵/۳۳۳، امداد المفتین ۲/۵۵۳)

وطئ أخت امرأته لا تحرم عليه(درمختار) وتحته في الشامية لا تحرم حرمة مؤبدة – وفي الدراية: عن الكامل لو زنىٰ بإحدى الأختين لا يقرب الأخرىٰ حتى تحيض الأخرىٰ حيضة. (درمختار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ۳/۳٤، زكريا٤/۱۰۹، البحر الرائق، كوئٹه ۳/۹٦، زكريا۳/۱۷۰، فتح القدير، دارالفكر بيروت ۳/۲۱٤، كوئٹه ۳/۱۲۳، زكريا۳/۲۰۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ٦٧٦٧)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/٦/۱۸ھ

بیوی کی بہن سے زنا کرنا

سوال [٥٦٢٧]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص شادی شدہ ہے، جو پانچ بچوں کا باپ ہے، اس نے اپنی بیوی کی بہن، جو غیر شادی شدہ تھی، اس سے ہمبستری کر لی ہے۔ اب وہ اپنی موجود بیوی کو نکاح میں رکھ سکتا ہے یا نہیں؟ اگر ممکن نہ ہو تو کیا کرے؟

المستفتی: جمال اختر، کٹگھر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفيق: اس صورت میں بیوی کے نکاح پر تو کوئی اثر نہیں ہوا، بیوی بدستور نکاح میں باقی ہے۔

في الخلاصة وطئ أخت امرأته لاتحرم عليه امرأته (درمختار مع الشامي، زكريا ٤/۱۰۹)

اور جب تک سالی مزنیہ کو ایک حیض نہ آچکے اس وقت تک اپنی منکوحہ سے ہمبستری جائز نہیں، اور جب ایک حیض گذر جائے تب ہمبستری جائز ہے۔(مستفاد: امداد المفتیین ۵۵۳/۲، امداد الاحکام ۳۹۷/۴)

ولوزنیٰ بإحدی الأختین لایقرب الأخریٰ حتی تحیض الأخریٰ بحیضة. (مجمع الأنهر، کتاب النکاح، باب المحرمات قدیم ۳۲۵/۱، جدید دار الکتب العلمیة بیروت ۴۷۹/۱، کراچي ۳۴/۳، زکریا ۱۰۹/۴)

البتہ سالی سے منہ کالا کیا ہے، اس کا بہت سخت گناہ ہوگا، اس سے توبہ واستغفار لازم ہے۔ (مستفاد: امداد الاحکام ۳۷۹/۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶/محرم الحرام ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۴۲۸/۳۴)

سالی سے زنا کرلے تو حرمت مصاہرت کا حکم

سوال [۵۶۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا حقیقی بہنوئی اپنی چھوٹی سالی کو بے عزتی کرانے کی غرض سے گھر سے کہیں دوسری جگہ لے گیا، تقریباً پندرہ روز اس نے اپنے پاس رکھا، اس نے زنا کیا یا نہ کیا، لیکن زید کو پورا پورا یقین ہے کہ اس نے زنا لازمی کیا ہے، اس کے بعد پولس کے ذریعہ اپنی سالی کو اپنی سسرال بھیج دیا؛ لہٰذا ایسے شخص کو کونسی سزا دینی چاہئے کیا اسے قتل کیا جائے یا زندگی بھر کے لئے جو بہن اس کے گھر ہے، اس سے یعنی بہنوئی سے قطع تعلق کرلے؟

المستفتی: محمد عاشق حسین، نورانی مسجد، مقبرہ، درگاہ، رمرا آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفیق: زید کی جو بہن بہنوئی کے نکاح میں ہے، اس کا نکاح شوہر کے ساتھ بدستور قائم ہے۔

وطئ أخت امرأته لا تحرم عليه الخ (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، زكريا٤/ ١٠٩، كراچي ٣/ ٣٤)

اور جب تک شرعی طور پر چار گواہوں سے زنا کا ثبوت نہ ہوجائے، اس کی شرعی سزا مرتب نہیں ہوتی ہے؛ البتہ بھگا کر لے جانے کی وجہ سے حاکم اپنی مصلحت سے مناسب سزادے سکتا ہے، وہ بھی اسلامی حکومت میں ہوسکتا ہے اور ہندوستان جیسے مما لک میں برادری پنچایت اس کوتوبہ پر مجبور کراسکتی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ ربیع الاول ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸۹۶/۳۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۳/۹ھ

سالی کے ساتھ زنا کرنا اور اپنے لڑکے کا اس کی لڑکی سے نکاح کرنا

سوال [۵۶۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید نے اپنی سالی سے منھ کالا کرلیا، تو کیا اس کے نکاح پر کچھ فرق پڑے گا؟ نیز کیا اب سالی کی لڑکی سے اپنے لڑکے کا نکاح کرسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد طیب متعلم دورۂ حدیث مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیوی کی موجودگی میں سالی سے زنا کرنے سے بیوی حرام نہیں ہوگی؛ بلکہ بیوی تو بدستور نکاح میں باقی رہے گی؛ البتہ سالی سے منھ کالا کرنے کا سخت گناہ ہوگا، اس سے توبہ واستغفار لازم ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۱۶/۵، امدادالاحکام ۷۹/۳)

وفي الخلاصة: وطئ أخت امرأته لا تحرم عليه امرأته. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/ ٣٤، زكريا٤/ ١٠٩)

لیکن سالی کو ایک حیض آنے تک بیوی سے وطی کرنا جائز نہیں۔ (مستفاد: امداد المفتیین ۵۵۵/۲)

ولوزنیٰ بإحدی الأختین لایقرب الأخریٰ حتی تحیض الأخریٰ بحیضة. (مجمع الأنهر قدیم ۳۲۵/۱، جدید دار الکتب العلمیة بیروت ۴۷۹/۱)

زید کے لئے تو اس لڑکی سے نکاح حلال نہیں؛ لیکن زید کے لڑکے کا اس لڑکی سے نکاح درست ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۳۴۹/۷)

ویحل أصول الزاني وفروعه أصول المزني بها وفروعها. (البحر الرائق، کوئٹہ ۱۰۱/۳، زکریا ۱۷۹/۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ رجب المرجب ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۸۶۰/۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۳/۷/۱۴۲۱ھ

کیا نامحرم سے ناجائز تعلقات کی وجہ سے بیوی حرام ہوجاتی ہے؟

سوال [۵۶۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی زبیدہ سے ہوئی، دونوں میں ہنسی وخوشی زندگی گذر رہی ہے، زید کے تین چار بچے ہیں، زید پر شیطان سوار ہوا اور اس نے باوجود بیوی بچوں کے ہوتے ہوئے کسی نامحرم عورت سے ناجائز تعلقات پیدا کرلئے۔ اور وہ عورت تین چار شوہروں کو چھوڑ کر زید کے ساتھ آگئی، ان شوہروں میں سے کسی نے طلاق نہیں دی؛ بلکہ وہ چاہتے ہیں کہ پھر ہمارے پاس آجائے، ایسی صورت میں زبیدہ زید کے نکاح میں ہے یا نکاح سے نکل گئی؟

المستفتی: محی الدین احمد، سہسپور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: زید کا غیر محرم عورت سے ناجائز تعلق حرام ہے

مجامعت زنا سے غضب الٰہی کا سخت خطرہ ہے، وہ عورت اس شخص کی بیوی ہے، جس کے ساتھ پہلے نکاح شرعی ہوا ہے، اور جب اس نے نہ طلاق دی اور نہ شرعی تفریق ہوئی تو بعد کے تمام نکاح باطل یا فاسد ہیں۔

وأما نكاح منكوحة الغير و معتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير لأنه لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلاً الخ (در المختار، باب العدة، مطلب في النكاح الفاسد والباطل، كراچي ٣/٥١٦، زكريا ٥/١٩٧، البحر الرائق، زكريا ٤/٢٤٢، كوئٹه ٤/١٤٤)

لو تزوج بامرأة الغير عالماً بذلك ودخل بها لا تجب العدة عليها حتى لا تحرم على الزوج وطؤها وبه يفتى لأنه زنىٰ والمزني بها لاتحرم على زوجها. (شامي، كراچي ٣/٥٠، زكريا ٤/١٤٤)

زید کی بیوی زبیدہ کا نکاح زید کے ساتھ شرعاً قائم ہے، اس میں کوئی خرابی نہیں آئی۔
(مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۴۶۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶ / ربیع الاول ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳/ ۵۹۴)

اجنبی کے ساتھ غلط تعلقات کا نکاح پر اثر

سوال [۵۶۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شادی شدہ عورت نے ایک سال قبل دوسرے مرد سے ناجائز تعلقات قائم کر لئے، پھر اس کے بعد اپنے شوہر کے پاس رہنے لگی؛ جبکہ اس کے شوہر نے طلاق بھی نہیں دی، اس کے بارے میں مفتیان دین کیا فرماتے ہیں؟

المستفتی: عبد الغالب شمسی، محلّہ بھٹی، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: غیر مرد کے ساتھ غلط تعلق قائم کرکے اس کے ساتھ چلے جانے کی وجہ سے شوہر کے نکاح میں کوئی فرق نہیں آیا، شوہر کا نکاح اس عورت کے ساتھ بدستور باقی ہے؛ اس لئے بعد میں شوہر کے ساتھ بغیر نکاح ثانی بھی رہنا جائز ہے اور بدکاری کا گناہ عورت اور اس دوسرے مرد کے سر رہے گا۔

لو تزوج بامرأة الغير عالماً بذلك ودخل بها لا تجب العدة عليها حتى لا تحرم على الزوج وطؤها وبه يفتى لأنه زنىٰ والمزني بها لاتحرم على زوجها. (شامي، كراچي ٣/ ٥٠، زكريا ٤/ ١٤٤)

أنه زنىٰ والمزني بها لاتحرم على زوجها. (شامي، كتاب النكاح، فصل في المحرمات، كراچي ٣/ ٥٠، زكريا ٤/ ١٤٤)

وأما نكاح منكوحة الغير و معتدة فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير: لأنه لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلاً.

(شامي، كراچي ٣/ ٥١٦، زكريا ٥/ ١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ ربیع الثانی ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/ ۳۴۲۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۴/۲۴ھ

(۱۹) باب الجمع بين المحارم

دو علاتی بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا

سوال [۵۶۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: دولڑکی جن کی والدہ الگ الگ، والد ایک ہیں تو کیا دونوں لڑکیوں کا ایک وقت میں ایک شوہر سے نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد ذبیح الرحمٰن، ۲۴/ پرگنہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ دونوں لڑکیاں آپس میں علاتی بہن ہیں، ان دونوں کو بیک وقت ایک شخص کے نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں ہے؛ اس لئے کہ یہ دونوں آپس میں محارم ہیں۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُم..... وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ . [النساء:۲۳]

وحرم الجمع بين المحارم نكاحاً أي عقداً صحيحاً الخ (در مختار، كراچي ۳/ ۳۸، زكريا ٤/ ١١٥، ١١٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ رمضان المبارک ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۳۲۲/۳۱)

بیوی کی موجودگی میں بیوی کی سگی بہن سے نکاح

سوال [۵۶۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ اگر کسی شخص نے بیوی کی موجودگی میں اپنی سالی سے زنا کیا، اس کے بعد اس سے نکاح کرلیا، دراں حالیکہ اس کی بیوی اس کے نکاح میں اب بھی موجود ہے، تو کیا اس کی سابق بیوی اس کے نکاح میں باقی رہے گی یا نہیں؟

المستفتی: مظفر حسین، دکموی، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیوی کی موجودگی میں سالی سے نکاح کرنا حرام ہے اورنکاح باطل ہے، پہلی بیوی ہی اس کے نکاح میں ہے اور سالی کو فوراً الگ کردینا واجب ہے، ورنہ اس کے ساتھ زنا کاری ہوتی رہے گی۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَاَنۡ تَجۡمَعُوۡا بَيۡنَ الۡاُخۡتَيۡنِ . [النساء: ۲۳]

وحرم الجمع بين المحارم نكاحاً أي عقداً صحيحاً (تحت قوله) ولا فيما إذا تزوجها على التعاقب، وكان نكاح الأولىٰ صحيحاً، فإن نكاح الثانية والحالة هذه باطل قطعاً. (شامي، كراچي ۳/ ۳۸، زكريا ۴/ ۱۱۵، ۱۱۶) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍صفر المظفر ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۶۵۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۶/ ۲/ ۱۴۱۷ھ

دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا

سوال [۵۶۳۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کیا بیک وقت دو سگی بہنوں کو زید اپنے نکاح میں رکھ سکتا ہے؟

(۲) اگر زید نے لاعلمی میں دو سگی بہنوں سے نکاح کرلیا، تو اس کا کفارہ کیا ہوگا؟

(۳) زید کا نکاح ایک بہن سے پانچ سال قبل ہوا اور دوسری بہن سے لگ بھگ

پانچ ماہ قبل ہوا، تو کس کا نکاح فاسد ہوگا، پہلی کا یا دوسری کا؟

المستفتی: آصف احمد، سرسیدنگر میاں کالونی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید نے جس بہن سے پہلے نکاح کیا ہے، وہ اس کی بیوی ہے اور دوسری بہن سے جو بعد میں نکاح کیا ہے، وہ نکاح باطل اور فاسد ہے، اس نکاح سے دوسری بہن اس کی بیوی نہیں بنی ہے، اس کے ساتھ بدکاری اور زنا کاری ہورہی ہے فوری طور پر اس کو زید سے الگ کردینا لازم ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ. [النساء:۲۳]

وحرم الجمع بين المحارم نكاحاً وعدةً. (شامي، كراچي ۳/۳۸، زكريا٤/۱۱۵، ۱۱٦)

وإن تزوّجهما في عقدتين فنكاح الأخيرة فاسدة. (هندية زكريا ديوبند ۱/۲۷۷ جديد ۱/۳٤۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰؍۱۰۸۷۷)

بیوی کی موجودگی میں سالی سے نکاح

سوال [۵۶۳۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک صاحب کے چار بچے ہیں، ان صاحب نے چاروں بچوں کے بعد اپنی بیوی کی بہن یعنی اپنی سالی سے نکاح کرلیا۔ اب دونوں بہنیں یعنی ان صاحب کی دونوں بیویاں ایک مکان میں ساتھ ساتھ رہتی ہیں، انہیں بہنوں میں سے پہلی والی کے ایک بیٹے کا رشتہ میری بیٹی کے ساتھ آیا ہے، کیا میں اپنی بیٹی کی شادی اس لڑکے سے کرسکتا ہوں؟

(۱) اس میں شریعت کی رو سے کوئی رکاوٹ تو نہیں ہے؟

(۲) کیا ان حالات میں مجھے نکاح کے لئے کوئی شرط رکھنی چاہئے؟

المستفتی: فخر عالم، پیرزادہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: مذکورہ صورت میں پہلی بیوی کا نکاح شرعی طور پر صحیح اور درست ہے، اس کی ساری اولادیں بھی حلال اور ثابت النسب ہیں؛ لہٰذا اس کے چاروں بیٹوں میں سے کسی ایک کے ساتھ آپ کی بیٹی کا نکاح بلاشبہ جائز اور درست ہے؛ ہاں البتہ اس شخص نے بیوی کی بہن سے جو نکاح کیا ہے، وہ نکاح شرعی طور پر صحیح نہیں ہوا ہے، اس کے ساتھ مسلسل زنا اور بدکاری ہورہی ہے؛ اس لئے اس بدکار شخص سے یہ شرط لگانا آپ کے لئے بہتر ہے کہ تم سالی کے ساتھ نکاح کے نام سے جو بدکاری کرتے ہو، اس کو پہلے چھوڑ دو، اس کے بعد اپنے بیٹے کے نکاح کے لئے ہمارے پاس پیغام بھیجو۔ (مستفاد: محمودیہ میرٹھ ۱۶/ ۱۳۷)

وأحل لكم ماوراء ذلكم: أي ماعدا ماذكرن من المحارم هن لكم حلال. (تفسير ابن كثير بيروت ۱/ ۳۷٤)

"وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ. الآية" أي وحرم عليكم الجمع بين الأختين معاً في التزويج. (تفسير ابن كثير بيروت ۱/ ۳۷۳)

وأجمعت الأمّة على منع جمعهما في عقد واحد من النكاح بهذه الآية. (قرطبي بيروت ٥/ ۷۷)

لايجمع بين أختين بنكاح، ولابوطئ بملك يمين سواء كانتا أختين من النسب، أو من الرضاع – إلى قوله– وإن تزوجهما في عقدتين فنكاح الأخيرة فاسد ويجب عليه أن يفرقها. (هندية، زكريا ۱/ ۲۷۷ جديد ۱/ ۳٤۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ ربیع الثانی ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۶۵۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۹/ ۴/ ۱۴۳۳ھ

بیوی کے نکاح میں ہوتے ہوئے اس کی بہن سے نکاح

سوال [۵۶۳۶]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کے رہتے ہوئے اپنی بیوی کی حقیقی بہن سے عدالت میں شادی کرلی ہے، اس کے بعد وہ شخص نکاح پڑھوانے کے لئے مسجد کے امام صاحب کے پاس گیا؛ لیکن امام صاحب نے نکاح پڑھانے سے یہ دلیل دیتے ہوئے انکار کردیا کہ دو حقیقی بہنیں ایک ساتھ کسی ایک شخص کے نکاح میں نہیں رہ سکتی ہیں۔ مذکورہ شخص کا یہ کہنا ہے کہ اس کو اس طرح کے مسئلہ کی معلومات نہیں تھی، اس کا یہ بھی کہنا ہے کہ اس نے اپنی سسرال والوں سے مذکورہ لڑکی کو واپس اس کے میکے بھیجنے کی بات کہی تھی؛ لیکن وہ لوگ واپس لے جانے کو تیار نہیں ہیں، مذکورہ شخص مسجد میں بڑھئی کا کام کررہا ہے۔

مندرجہ بالا حالات کی وجہ سے کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ ایسے شخص سے مسجد میں کام نہیں کرانا چاہئے۔ اب مذکورہ شخص کو دوسری بیوی کے بارے میں کیا کرنا چاہئے اور مذکورہ شخص سے مسجد میں کام کرانے میں کوئی حرج تو نہیں ہے؟

المستفتی: اسرار احمد، محلّہ ملکیان سیورہارہ، بجنور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیوی کے نکاح میں موجود ہوتے ہوئے بیوی کی حقیقی بہن سے نکاح صحیح نہیں ہوتا ہے، سالی کو رکھنا حرام کاری ہے؛ اس لئے فوراً سالی کو اس کے والدین کے حوالہ کردینا لازم ہوگا۔

وحرم الجمع بين المحارم نكاحاً الخ (در مختار، كراچي ۳/۳۸، زكريا ۴/۱۱۵، ۱۱۶)

وكان نكاح الأول صحيحاً، فإن نكاح الثانية والحالة هذه باطل قطعًا .

(شامي، كراچي ۳/۳۸، زكريا ۴/۱۱۶)

وہ آدمی خودتو معصیت میں مبتلا ہے، مگراس کا مسجد کی تعمیری کام کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں؛ ہاں البتہ اگراس سے کام نہ لئے جانے کی صورت میں فعل حرام سے باز آنے کی امید ہے، تو کام نہ لینا بہتر ہوسکتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲ رصفر المظفر ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹ر۳۳۲۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۲/۲۲ھ

دوسگی بہنوں کا ایک ساتھ نکاح میں رکھنا

سوال [۵۶۳۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کسی شخص کے گھر میں دوسگی بہنیں ہیں، تقریباً دس سال ہو چکے ہیں، مگر وہ کاروبار پیتل کا کرتا ہے، پیتل کے عدد بناتا ہے؛ لہٰذا وہ شخص مسجد میں ہتھی کا نل لگوانا چاہتا ہے۔ اب شرع وسنت کی روشنی میں بتائیں کیا اس کے روپیہ کا نل لگانا جائز ہے؟

المستفتی: امان علی، سرائے گلزاری مل، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جس بہن کے ساتھ بعد میں نکاح کیا ہے وہ شرعاً صحیح نہیں ہوا، اس کے ساتھ حرام کاری اور زناکاری ہورہی ہے، تمام محلّہ والوں پر لازم ہے کہ فوراً ان میں علیحدگی پیدا کردیں ورنہ سب لوگ غضب الٰہی کے مستحق ہوں گے اور اگر شخص مذکور اپنے اس فعل شنیع سے باز نہ آئے، تو سب مسلمان اس سے بائیکاٹ کرلیں اور اس کا حقہ پانی بند کردیں اور اس کا کوئی پیسہ مسجد میں نہ لگائیں، ہاں البتہ اگر وہ اس فعل سے باز آکر توبہ کرلیتا ہے، تو اس کا پیسہ مسجد وغیرہ کے لئے قبول کیا جائے ورنہ نہیں۔

قال اللہ تبارک و تعالی: وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لا تُنْصَرُوْنَ . [سوره هود: ۱۱۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍رجب المرجب ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸؍۲۷۷۷)

دوسگی بہنوں کے ایک نکاح میں اجتماع کا عدم جواز

سوال [۵۶۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہمارے ایک کاروباری پارٹنر کی دو بیویاں ہیں اوردونوں سگی بہنیں ہے، ایک ہی مکان میں رہتی ہیں اوران دونوں سے بچے بھی ہیں، اس کا علم ہمیں ان صاحب سے تعلق ہونے کے بعداورلوگوں سے ہوا، اب معلوم یہ کرنا ہیکہ ایسے شخص کے ساتھ کاروبار کرسکتے ہیں یانہیں؟ تعلق رکھنا چاہئے یانہیں؟ اوران کے گھر کے کھانے کے بارے میں کیا مسئلہ ہے؟

المستفتی: محمد نسیم انصاری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: دوسگی بہنوں میں سے ایک کا نکاح بعدمیں ہوا ہے شرعاً وہ نکاح منعقد ہی نہیں ہوا ہے، اس شخص پر لازم ہے کہ فوری طور پر بعد والی کو اپنے سے علیحدہ کردے، اس کے ساتھ رہنا زنا ہےاورغضب الٰہی کا سخت خطرہ ہے۔ برادری کے لوگوں پر لازم ہے کہ اس کو سمجھائیں اگر نہ مانے تو اس سے بائیکاٹ کرلیں، اس کے ساتھ رہن سہن، کاروبار، کھانا پینا سب ترک کردیں۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ (الى قوله) **وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ** . [سورة النساء: ۲۳]

وحرم الجمع بين المحارم الخ (در مختار، كراچي ۳/۳۸، زكريا ٤/١١٦،١١٥)

جب سائل کو اس کا علم بعد میں ہوا ہے، تو سائل کو چاہئے کہ شریک کار کو اس حرام کاری کے ترک پر ہر طرح سمجھاویں، اگر باز نہ آویں تو حتی الامکان اپنا کاروبار اس شخص سے علیحدہ کرے۔

قوله تعالیٰ: وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ . [سوره هود:۱۱۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ رشوال المکرم ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵ر۱۴۴۷)

بیوی کی بہن سے زنا اور نکاح کرنے کا حکم

سوال [۵۶۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کسی شخص نے اپنی بیوی کی حیات میں سگی سالی سے زنا کرلیا ہے، یا اس سے نکاح کرلیا ہے، کیا اس صورت میں اس کی بیوی حرام ہوگی یا طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جس نے بیوی کی موجودگی میں سالی سے زنا کیا ہے، تو اس سے بیوی حرام نہ ہوگی؛ بلکہ بیوی بدستور نکاح میں باقی ہے؛ البتہ سالی سے منھ کالا کرنے کا سخت گناہ ہوگا۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۱۹/۵، امداد الاحکام ۷۹/۳)

وفي الخلاصة وطئ اخت امرأته لاتحرم عليه امرأته. (شامي، زكريا ۱۰۹/٤، كراچي ۳٤/۳)

لیکن سالی کو ایک حیض آنے تک بیوی سے وطی کرنا جائز نہیں۔ (مستفاد: امداد المفتیین ۵۵۳/۲)

ولوزنىٰ بإحدى الأختين لايقرب الأخرىٰ حتى تحيض الأخرىٰ بحيضة. (مجمع الأنهر قديم ۳۲۵/۱، درالكتب العلمية بيروت ۴۷۹/۱)

اسی طرح اگر بیوی کی موجودگی میں سالی سے نکاح کیا، تو یہ نکاح باطل ہے۔

إذ لو علمت بطل نکاح الثانية. (الدر المنتقی قدیم ۱/۳۲۵، دار الکتب العلمیة بیروت ۱/۴۷۹)

لیکن بیوی بدستور نکاح میں باقی ہے اور اگر اس شخص نے سالی سے نکاح کرنے کے بعد وطی بھی کر لی تو، بیوی سے سالی کو ایک حیض آنے تک وطی کرنا جائز نہیں۔

ولو زنیٰ بإحدی الأختین لا یقرب الأخریٰ حتی تحیض الأخری بحیضة. (شامي، زکریا ۴/۱۰۹، کراچي ۳/۳۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹؍محرم الحرام ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۴۵۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۱/۱/۱۴۲۱ھ

بیوی کے نکاح میں رہتے ہوئے اس کی بہن سے شادی کرنا

سوال [۵۶۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص کے نکاح میں ایک ہی وقت میں دو سگی بہنیں رہ سکتی ہیں، کیا پہلی بیوی کا نکاح باقی رہا ہے اور دوسری کا نکاح باقی ہے یا سرے سے ہوا ہی نہیں ہے اور دوسری بیوی کے وکیل گواہ وغیرہ اور قاضی کا کیا فیصلہ ہے، اس نکاح کے گواہ وغیرہ سے یہ کہہ دیا گیا ہے کہ میں نے مفتی صاحب سے معلوم کر لیا ہے اور کیا کریں دوسرے نکاح کے بارے میں پہلی بیوی بہت زیادہ پریشان ہے، چھوٹے چھوٹے بچے ہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مفصل جواب تحریر فرمادیں۔

المستفتی: حاجی ضمیر، تحصیل اسکول، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بیوی کے نکاح میں موجود ہوتے ہوئے بیوی کی

حقیقی بہن سے جونکاح ہوا ہے، وہ شرعی طور پر نکاح ہی نہیں ہوا ہے، وہ سرے سے باطل ہے، اس کے ساتھ جتنے دن رہنا ہوا ہے، آپس میں زنا کاری اور بدکاری ہوئی ہے، محلّہ اور کنبہ کے لوگوں پر لازم ہے کہ فوری طور پر دونوں کو علیحدہ کردیں اور سالی بہنوئی کے درمیان کبھی ملاقات اور دعا سلام بھی نہ ہوسکے، ورنہ اللہ کا عذاب اور ادبار آنے کا خطرہ ہے اور جو بیوی شوہر کے نکاح میں پہلے سے موجود ہے، اس کا نکاح بدستور باقی ہے بعد میں جس بہن سے نکاح کیا ہے وہی باطل ہے، اور سرے سے ہوا ہی نہیں ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ (الآية) وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ. [سورة النساء:۲۳]

وحرم الجمع بين المحارم نكاحاً: أي عقداً صحيحاً. وتحته في الشامية: فإن تزوجهما على التعاقب وكان نكاح الأولىٰ صحيحاً، فإن نكاح الثانية والحالة هذه باطلة قطعاً. (شامي، كراچي ۳/۳۸، زكريا ٤/١١٥، ١١٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۴؍ جمادی الثانیہ ۱۴۲۹ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۶۲۲/۳۸)	۱۴۲۸/۶/۴ھ

سالی سے نکاح

سوال [۵۶۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے شوہر نے اپنی سالی یعنی میری چھوٹی بہن سے نکاح کرلیا ہے، تو اس کا نکاح جائز ہے یا نہیں؟ پھر سب کی رائے پر انہوں نے اس کو چھوڑ دیا، بہر حال معلوم یہ کرنا ہے کہ نکاح جائز ہے یا نہیں؟ اسے تین بول بولنے پڑیں گے یا نہیں؟ اور میں ابھی بھی انہیں کے نکاح میں ہوں، تو کیا اب مجھے دوبارہ نکاح کرنا پڑے گا یا نہیں؟ اور میری بہن کی ایک

بیٹی بھی ہے، اور کیا میرے شوہر اس کو طلاق دینے کے بعد میری بہن سے بات کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اس کا جواب مرحمت فرمائیں۔

المستفتیه: وریشہ خاتون، کرولا، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: بیوی کی موجودگی میں اس کی بہن سے نکاح کرنا قطعاً حرام اور باطل ہے؛ لہٰذا آپ کے شوہر نے آپ کی موجودگی میں جو آپ کی بہن سے نکاح کیا ہے وہ نکاح ہوا ہی نہیں، اس کے ساتھ جتنے دن رہی ہے، اتنے دن اس کے ساتھ زنا کاری اور بدکاری ہوئی ہے؛ لہٰذا فوراً علیحدگی ضروری ہے، اس کو طلاق دینے کے لئے تین بول بولنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور اس کی وجہ سے آپ کے نکاح پر کوئی فرق نہیں پڑے گا، آپ کا نکاح بدستور آپ کے شوہر کے ساتھ باقی ہے اور آپ کے شوہر کے نطفہ سے آپ کی بہن سے جو لڑکی پیدا ہوئی ہے، اس کا نسب آپ کے شوہر سے ثابت نہیں مانا جائے گا اور آپ کے شوہر کے لئے آپ کی بہن سے بات کرنے کی بالکل گنجائش نہیں ہے، اگر بات کرنے کی ضرورت ہی ہو تو کسی تیسرے شخص کو رابطہ بنا کر گفتگو ہو سکتی ہے۔

قال الله تبارك وتعالىٰ: حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُم –الى قوله– وَأَنْ تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ . [سورة النساء: ٢٣]

ولايجمع بين الأختين نكاحاً، لقوله عليه السلام: من كان يؤمن بالله واليوم الأخر فلايجمعن ماء ه في رحم أختين. (هداية، اشرفی بکڈپو دیوبند ٣٠٨/٢)

ولو تزوج أختين في عقدتين ولم تعلم الأولىٰ......إذ علمت لبطل نكاح الثانية. (حاشيه مجمع الأنهر قديم ٣٢٥/١، سكب الأنهر قديم ٣٢٥/١، دارالكتب العلمية بيروت ٤٧٩/١)

وحرم الجمع بين المحارم نكاحاً. وفي الشامية: ولافيما إذا تزوجهما

على التعاقب و كان نكاح الأولىٰ صحيحاً، فإن نكاح الثانية ......باطل قطعاً.
(شامي، زكريا ٤/١١٥، ١١٦، كراچي ٣/٣٨)

وطئ أخت امرأته لا تحرم عليه امرأته. (شامي، زكريا ٤/١٠٩، كراچي ٣/٣٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۴۱۳)

سگی سالی سے نکاح

سوال [۵۶۴۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنی سالی سے بیوی کی موجودگی میں شادی کرلی تو اس کی سالی کا نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟ اگر نہیں ہوا جیسا کہ آپ کے مسائل اوران کے حل میں بیان کیا گیا ؛لیکن شادی کرنے والا اس فعل کو جائز سمجھ کر کر رہا ہے، تو اس کی پہلی بیوی نکاح سے خارج ہوجائے گی، تو نکاح سے خارج ہونے کے بعد اس کا وارثت میں کتنا حصہ رہے گا ؟

المستفتی: ربیع الدین، جھبو کا نالہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب زید کے نکاح میں پہلے سے ایک بہن موجود ہے، تو اس کے ہوتے ہوئے سگی سالی سے نکاح کرنا ناجائز اور حرام ہے، سالی سے جو نکاح کیا گیا ہے، وہ منعقد ہی نہیں ہوا؛ بلکہ باطل ہے؛ اس لئے سالی کو بیوی بنا کر رکھنا زید کے لئے قطعاً جائز نہیں ہے؛ بلکہ زید پر لازم ہے کہ فوراً سالی کو الگ کردے اور اگر مسئلہ جانتے ہوئے بھی زید اس فعل کو جائز سمجھتا ہے، تو یہ گناہ کبیرہ بلکہ ایمان کا بھی خطرہ ہے؛ کیونکہ اس کی حرمت قرآن پاک میں بھی مذکور ہے؛ لہٰذا زید پر توبہ کرنا بھی لازم ہے۔
(مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/ ۱۸، ۱۹، جدید زکریا ۵/ ۳۳)

وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ. [سورة النساء:۲۳]

وتحريم الجمع بين الأختين، ومن في معناهما. (هندية، زكريا ۱/ ۲۷۸ جديد ۱/ ۳۴۳، هكذا في الهداية اشرفي ديوبند ۲/ ۳۰۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵ ر محرم الحرام ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷ ر ۸۶۵۴)

بیوی کی موجودگی میں سگی سالی سے نکاح

سوال [۵۶۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ معراج سنبھلی کی شادی آج سے تقریباً سات سال پہلے میری بڑی بیٹی سے ہوئی تھی، جو ابھی حیات اور اسی کے گھر میں ہے، اس سے چار پانچ بچے بھی ہیں، داماد ہونے کی وجہ سے برابر میرے یہاں آنا جانا ہوتا تھا؛ لیکن وہ ایک نازیبا حرکت کر بیٹھا کہ ہماری چھوٹی لڑکی کو اغوا کر کے لے گیا، لڑکی کو بہت تلاش کیا؛ لیکن پتہ نہیں چلا۔

تقریباً سال بھر کے بعد پتہ چلا تو وہاں سے دستیاب کیا اور لے آیا کچھ عرصہ کے بعد اس کی شادی کر دی ہے۔ اب معراج نے نوٹس جاری کیا ہے کہ اس سے میں نے شادی کر لی ہے، وہ میری بیوی ہے، تو زیرِ غور یہ بات ہے کہ پہلی بیوی بڑی بہن موجود ہے، تو دوسری چھوٹی سگی بہن سے نکاح کیسے درست ہوسکتا ہے؟

المستفتی: محمد مستقیم، مان پور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: پہلی بیوی جو بڑی بہن ہے، اس کی موجودگی میں اس کی حقیقی چھوٹی بہن کے ساتھ نکاح منعقد نہیں ہوا، چھوٹی بہن کو بیوی بنا کر رکھنا زنا کاری ہے، بڑی بہن ہی اس کی بیوی ہے۔ قرآن کریم میں اس کی حرمت موجود ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُم (الی قوله) وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ. [سورة النساء: ۲۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/ ربیع الاول ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۲۰۲/۳۳)

بیوی کی موجودگی میں سالی سے نکاح اور اولاد کا حکم

سوال [۵۶۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بیوی کے نکاح میں ہوتے ہوئے اس کی بہن سے اگر کوئی شخص شادی کرے اور اس سے اولاد پیدا ہو، تو یہ اولاد اس باپ سے ثابت النسب ہوگی یا نہیں؟

المستفتی: محمد برہان مہاراشٹری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیوی کے نکاح میں ہوتے ہوئے، اس کی بہن سے نکاح کرنا نکاح فاسد ہے؛ لہٰذا اس کو نکاح سے فوراً الگ کردینا لازم اور واجب ہے؛ لیکن اس نکاح سے جو بچے پیدا ہوئے وہ ثابت النسب ہوں گے۔

أن نكاح المحارم مع العلم لعدم الحل فاسد–إلى قوله–وتقدم في باب المهر أن الدخول في النكاح الفاسد موجب للعدة، وثبوت النسب.
(شامي، زكريا ۵/ ۱۹۷، كراچي ۳/ ۵۱۶)

وإن تزوجهما في عقدتين، فنكاح الأخيرة فاسد ويجب عليه أن يفارقها–إلى قوله–وإن فارقها بعد الدخول فلها المهر ويجب الأقل من المسمىٰ ومن مهر المثل و عليها العدة ويثبت النسب.
(عالمگيري، زكريا ۱/ ۲۷۷ جديد ۱/ ۳۴۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱/ ربیع الاول ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۷۴۹/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۶/۳/۱۱ھ

دو بہنیں ایک مرد کے نکاح میں اور ان کی اولاد کا نکاح

سوال [۵٦۴۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص کے نکاح میں دو حقیقی بہنیں ہیں دونوں کی اولاد ہے، بڑی بیوی کے لڑکے کے نکاح میں ہمارے قریب کے رشتہ دار کی بیٹی ہے، اس لڑکے کا کاروبار علیحدہ ہے؛ لیکن کھانا پینا سب کا مشترک ہے مفتی صاحب سے سوال یہ ہے کہ ہم اپنے رشتہ دار کی لڑکی اور اس کے شوہر سے تعلقات برقرار رکھیں یا منقطع کرلیں؟

المستفتی: محمد جاوید، پنڈت نگلہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس لڑکے کے نکاح میں آپ کی قریبی رشتہ دار کی بیٹی ہے، وہ لڑکی اور اس کا شوہر والد کے گناہ میں شریک نہیں ہیں تاہم اس پر لازم ہے کہ وہ اپنے والد کو اس حرام کام سے منع کرے؛ کیونکہ دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا حرام ہے اور دونوں بہنوں میں سے جس سے بعد میں نکاح ہوا ہے وہ نکاح صحیح نہیں ہوا ہے، ہمیشہ کے لئے بدکاری ہورہی ہے، ان کو فوری طور پر الگ کردینا لازم ہے؛ لیکن قریبی رشتہ دار کی بیٹی اور اس کے شوہر سے تعلقات قائم رکھنے میں کوئی گناہ نہیں ہے؛ اس لئے کہ اس میں اس کا کوئی قصور نہیں ہے۔

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرَی. [بنی اسرائیل:۱۵]

وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَیْنَ الْاُخْتَیْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ. [سورة النساء:۲۳]

ولا فيما إذا تزوجهما على التعاقب، وكان نكاح الأولىٰ صحيحاً، فإن نكاح الثانية والحالة هذه باطل قطعاً. (شامي، زكريا ٤/١١٦، كراچي ٣/٣٨)

عن أبي وهب الجيشاني أنه سمع ابن فيروز الديلمي يحدث عن

أبيه، قال: أتيت النبي صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله صلى الله عليه وسلم إني أسلمت وتحتي أختان، فقال رسول الله اختر أيتهما شئت.

(ترمذي ۱/ ۲۱٤، رقم: ۱۱۳۹، ابن ماجه، ۱٤۰، رقم: ۱۹۵۱، أبو داؤد ۱/ ۳۰۵، رقم: ۲۲٤۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ شعبان ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱؍ ۱۱۶۱۵)

دو بہنوں سے الگ الگ نکاح اور ان سے پیدا شدہ اولاد کا حکم

سوال [۵۶۴۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے سلمیٰ سے شادی کی اور کچھ سالوں کے بعد سلمیٰ کی حقیقی بہن حمیرہ سے شادی کرلی اور دونوں بہنیں زید کے نکاح میں بدستور موجود ہیں، اسی اثنا حمیرہ کے بطن سے کئی اولاد ہوئیں آیا حمیرہ کی لڑکیوں اور لڑکوں کا نکاح دوسری جگہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ نیز رشتہ کرانے والے پر کوئی گناہ تو نہیں؟

المستفتی: محمد اسلم جیسر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید نے سلمیٰ کے نکاح میں رہتے ہوئے اس کی حقیقی بہن حمیرہ سے جو نکاح کیا ہے شرعاً وہ نکاح ہوا ہی نہیں، اہل محلّہ اور کنبہ کے لوگوں پر لازم ہے کہ فوری طور پر دونوں کو علیحدہ کردیں؛ البتہ اس درمیان میں حمیرہ کے بطن سے زید کی جو اولادیں ہوئی ہیں، ان کا نسب زید ہی سے ثابت ہوگا۔ اور زید کے لئے ان کا نکاح کردینا بلاتردد جائز ہوگا۔ نیز ان کا رشتہ کرانے والے اور نکاح کرانے والے گنہگار نہیں ہوں گے۔

وإن تزوجهما في عقدتين فنكاح الأخيرة فاسد ويجب عليه أن يفارقها،

وإن فارقها بعد الدخول فلها المهر و عليها العدة ويثبت النسب. (هندية، زكريا ١/ ٢٧٧ جديد ١/ ٣٤٣)

نكاح المحارم مع العلم بعدم الحل فاسد والدخول في النكاح الفاسد موجب للعدة و ثبوت النسب ومثله في البحر بتزوج الأختين معاً، أو الأخت في عدة الأخت. (شامي، زكريا ٥/ ١٩٧، كراچي ٣/ ٥١٦)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ر جمادی الثانیہ ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/ ۹۶۲۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۶/۱۸ھ

پھوپھی اور بھتیجی کو ایک نکاح میں جمع کرنا

سوال [۵۶۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کی بھتیجی سے شادی کی ہے، یعنی پھوپھی اور بھتیجی ایک ہی شوہر کے گھر میں رہتی ہیں، اس میں فرق صرف اتنا ہے کہ پہلی بیوی کی جو بھتیجی ہے وہ سوتیلے بھائی کی لڑکی ہے، اس سوتیلے بھائی کی صرف ماں دوسری ہے باپ ایک ہے، دونوں بیویوں کے بچے بھی ہیں؛ لہٰذا ہمارے سوال کا جواب عنایت فرمادیں تاکہ اگر ناجائز ہے تو کس کو طلاق دی جائے؟ شکریہ۔

المستفتی: حاجی ضیاء الدین منصوری، کندرکی، مرادآباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیوی کے ہوتے ہوئے اس کی بھتیجی سے نکاح حرام اور فاسد ہے واجب الفسخ ہے فوراً بھتیجی کو نکاح سے الگ کردیں۔ نیز مہر مسمیٰ اور مہر مثل میں جو کم مقدار ہے وہ ادا کرنا واجب ہے اور بھتیجی کو علیحدگی پر عدت گذارنا بھی واجب ہے اور اس عدت کے دوران بیوی سے جماع بھی ناجائز ہے۔ بھتیجی کی عدت کے بعد جماع

جائز ہوگا اور بھتیجی کے بطن سے جو اولاد پیدا ہوئی وہ ثابت النسب ہے، ان پر ولد الزنا کا الزام بھی موجب فسق ہے۔(مستفاد: امداد الفتاوی زکریا ۲/ ۳۱۶)

ومنها الجمع بين ذوات رحم محرم لا يجوز له أن يتزوج امرأة على عمتها، ولا على خالتها، ولاعلى ابنة اختها، ولا على ابنة اخيها. (فتاوى قاضي خان مع الهندية، كتاب النكاح، باب المحرمات، زكريا ١/ ٣٦٥ جديد ١/ ٢٢١)

وإن تزوجهما في عقدتين،فنكاح الأخيرة فاسدة ويجب عليه أن يفارقها (إلى قوله) وإن فارقها بعد الدخول فلها المهر ويجب الأقل من المسمىٰ، ومهر المثل وعليها العدة، ويثبت النسب، ويعتزل عن امرأته حتى تنقضي عدة أختها. (فتاوى عالمگيري، الباب الثالث في بيان المحرمات، القسم السابع المحرمات بالجمع، زكريا ١/ ٢٧٧ جديد ١/ ٣٤٣)

وبألفاظ مختلفة. (الدر المختار ٢/ ٢٠٨، البحرالرائق، كتاب النكاح، فصل في المحرمات،زكريا ٣/ ١٧٢، كراچي ٣/ ١٧، مجمع الأنهر شرح ملتقي الأبحر، كتاب النكاح، باب المحرمات، دارالكتب العلمية بيروت ١/ ٤٨٠، ١/ ٣٢٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ محرم الحرام ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳/ ۴۷۸)

ماں بیٹی کو نکاح میں جمع کرنا

سوال [۵۶۴۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہندہ نے زید سے نکاح کیا ایک لڑکی خالدہ پیدا ہوئی، ہندہ کے شوہر زید کا انتقال ہوگیا، ہندہ کی لڑکی خالدہ بالغ ہوگئی، حامد نے ہندہ کی عدت گذر جانے کے بعد ہندہ سے اور ہندہ کی لڑکی خالدہ دونوں سے نکاح کرلیا اور دونوں ماں، بیٹی حامد کی زوجیت میں رہنے لگیں، معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا ہندہ اور خالدہ کا نکاح حامد سے صحیح ہوگیا؟

(۲) اگر حامد نے ہندہ سے نکاح تو کرلیا، مگر صحبت نہیں کی، تو کیا ہندہ کی کسی بھی بالغ لڑکی سے نکاح اور صحبت حامد کرسکتا ہے۔

وَرَبَآئِبُكُمُ اللّٰتِىْ فِىْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِسَآئِكُمُ اللّٰتِىْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ لَمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ کا کیا مطلب ہے؟

المستفتی: باشندگان ملک مقیم پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) ہندہ اور خالدہ ماں، بیٹی ہیں، ان دونوں کوکسی ایک شخص کے نکاح میں جمع کرنا قطعاً حرام اور ناجائز ہے۔ قرآن کریم کے اندر اس کی حرمت نازل ہوئی ہے، اگر دونوں سے ایک ساتھ نکاح کیا ہے، تو کسی کے ساتھ بھی نکاح درست نہیں ہوا ہے۔

والجمع بين المرأة وعمتها، وبنتها، وبين خالتها ماقدحرمه الله تعالىٰ على لسان رسول الله صلى الله عليه وسلم. (بدائع الصنائع، كراچي۲/۲٦۳، زكريا۲/٥٤٠، دارالكتب العلمية بيروت۳/٤۳۷)

(۲) اگر ہندہ سے صرف عقد نکاح کیا ہےاور رخصتی اور ہمبستری سے پہلے اس کو طلاق دے دی ہے، تو ایسی صورت میں ہندہ کی کسی بھی بالغ لڑکی سے نکاح کرنا اور صحبت کرنا جائز ہے۔

وَرَبَآئِبُكُمُ اللّٰتِىْ فِىْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِسَآئِكُمُ اللّٰتِىْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ لَمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ. [النساء:۲۳]

عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده، أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: أيما رجل نكح امرأة فدخل بها، فلا يحل له نكاح ابنتها، وإن لم تكن دخل بها، فلينكح ابنتها. (سنن الترمذي، كتاب النكاح، باب

ماجاء فيمن يتزوج المرأة، ثم يطلقها قبل أن يدخل بها هل يتزوج ابنتها أم لا، النسخة الهندية ۱/ ۲۱۲، دارالسلام رقم:۱۱۱۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍محرم الحرام ۱۴۳۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸؍۹۷۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۰/۱/۹ھ

خالہ، بھانجی کو ایک ساتھ نکاح میں رکھنا

سوال [۵۶۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے ہندہ سے شادی کی پھر اسی حال میں یعنی ہندہ کے زید کے نکاح میں برقرار رہتے ہوئے زید نے دوسری شادی اپنے ساڑھو کی لڑکی سے کرلی، بعد ازیں زید نے ہندہ کو اس کے میکے پہونچا دیا، پھر کچھ ایام گذرنے کے بعد زید نے اپنی سابق بیوی ہندہ کو لوٹا لیا، زید نے ہندہ کو نہ طلاق صریحی اور نہ طلاق کنائی دی تھی اور دونوں بیوں کو ساتھ رکھنے لگا، تو ایسی صورت میں ہندہ زید کے نکاح میں برقرار رہی یا نہیں؟ اگر ہندہ زید کے نکاح میں برقرار رہی، تو ساڑھو کی لڑکی زید کے لئے مباح ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد رضی، متعلم مدرسہ امدادیہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ساڑھو کی لڑکی اس کی دوسری بیوی کی بطن کی لڑکی ہے تو وہ ہندہ کی بھانجی نہیں ہے، ایسی صورت میں دونوں کی شادی درست ہے اور اگر ساڑھو کی لڑکی سے ہندہ کی حقیقی بھانجی مراد ہے تو زید کا نکاح اس لڑکی کے ساتھ شرعاً نہیں ہوا، اس کو پاس رکھنا حرام کاری اور زنا کاری ہوگی اور ہندہ کا نکاح زید کے ساتھ بدستور باقی ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ ......وَبَنَاتُ الْأُخْتِ . [النساء:۲۳]

لاتنكح المرأة على عمتها. وتحته في الشامية: ولا على خالتها،

ولاعلی ابنة أخیها، ولاعلی ابنة أختها الخ (در مختار مع الشامي، کراچي ۳/ ۳۹، زکریا٤/ ١١٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ذی الحجہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱؍ ۴۲۵۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲/۲/ ۱۴۱۵ھ

بیوی اور اس کی بھتیجی کو ایک نکاح میں جمع کرنا

سوال [۵٦۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں شکیل ٹیلر ماسٹر بارہ دری سنہری مارکیٹ کے سامنے سرائے ترین سنبھل کا رہنے والا ہوں، میری بیوی منی کی طبیعت خراب تھی، میری بیوی کی سگی بھتیجی شمائلہ پروین اس درمیان میرے گھر رہ رہی تھی، بیماری کی وجہ سے قریب دو مہینہ تک میرے گھر پر رہی، اسی درمیان شمائلہ پروین کے میرے ساتھ جسمانی تعلقات ہوگئے، قریب ہر رات شمائلہ پروین سے صحبت کرتا رہا یہ بات میری بیوی منی کو معلوم ہوگئی اور شمائلہ کے گھر والوں کو بھی پتہ چل گیا۔ اب میں شمائلہ سے نکاح کرنا چاہتا ہوں کیا یہ نکاح جائز ہوسکتا ہے؟

المستفتی: شکیل ٹیلر سنہری، مارکیٹ بارہ دری، سرائے ترین، سنبھل

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: منی بیوی کو اپنی زوجیت میں برقرار رکھتے ہوئے شمائلہ پروین جو اس کی حقیقی بھتیجی ہے، اس سے نکاح کرنا جائز نہ ہوگا؛ ہاں البتہ بیوی کو طلاق ہوجائے، تو عدت گذرنے کے بعد اس کی حقیقی بھتیجی سے نکاح ہوسکتا ہے اور اب تک شمائلہ پروین سے جو بدکاری ہوئی ہے، اس کی وجہ سے عذاب الٰہی کا سخت خطرہ ہے؛ اس لئے اس کو اپنے گھر سے فوراً روانہ کردے، وہ اپنے ماں باپ کے یہاں پہونچ جائے۔

(مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۷؍ ۴۴۰)

عن الشعبي سمع جابراً رضي الله عنه، قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم: أن تنكح المرأة على عمتها، أو خالتها. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب لاتنكح المرأة على عمتها، النسخة الهندية ۲/۷٦٦، رقم:٤٩١٧، ف:٥١٠٨)

ان من تزوج عمة، ثم بنت أخيها، أو خالة، ثم بنت أختها لا يجوز. (بدائع الصنائع، زكريا ۲/۵۳۹، كراچي ۲/۲٦۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍رجب المرجب ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۴۴۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۷/۷/۱۴۲۵ھ

بیوی کے رہتے ہوئے اس کی حقیقی بھانجی سے نکاح

سوال [۵٦۵۱]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مسماۃ طاہرہ خاتون کی شادی محمد نعیم ولد عبد العزیز ساکن کانٹھ، مرادآباد کے ساتھ ہوئی تھی، قریب ایک سال گذرنے کے بعد محمد نعیم نے طاہرہ خاتون کی حقیقی بھانجی مسماۃ حسن آرا بنت اکبر حسین کو اپنے نکاح میں داخل کرلیا۔ اوراب وہ مستقل کانٹھ میں اپنے ہونے والے شوہر محمد نعیم کے ساتھ رہ رہی ہے؛ جبکہ طاہرہ خاتون کو یہ معلوم ہونے کے بعد کہ میری حقیقی بھانجی کے ساتھ میرے شوہر محمد نعیم نے نکاح کرلیا ہے اپنے والدین کے پاس محلّہ کچا باغ میں رہ رہی ہے، تو محمد نعیم کا یہ نکاح جائز ہے یانہیں؟ اوراگر جائز نہیں ہے تو قرآن وحدیث کی روشنی میں اس کی کیا سزا ہے اور طاہرہ خاتون کواس کی سگی بھانجی کے ساتھ دوسری بیوی بنا کر رکھ سکتا ہے یانہیں؟

المستفتی: جاوید ملک، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طاہرہ خاتون کے محمد نعیم کے نکاح میں رہتے ہوئے اس کی حقیقی بھانجی حسن آراء کے ساتھ محمد نعیم کا نکاح باطل ہے اور حسن آراء کو اس حالت میں بیوی بنا کر رکھنا زنا کاری اور حرام کاری ہے، حسن آراء کو محمد نعیم کے پاس سے جدا کر دینا لازم ہے۔ شرعی طور پر محمد نعیم کی بیوی طاہرہ خاتون ہے، حسن آراء بیوی نہیں ہے۔

وحرم الجمع بين المحارم نكاحًا أي عقداً صحيحاً الخ (در مختار، کراچي ۳/۳۸، زکریا ٤/١١٥، ١١٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳ / شوال المکرّم ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱ / ۴۱۷۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳/۱۰/۱۴۱۵ھ

بیوی کی ماں شریک اخیافی بہن سے نکاح

سوال [۵۶۵۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد چھوٹے نے تقریباً تیس سال پہلے نفیسہ سے شادی کی، کچھ عرصہ کے بعد نفیسہ کی ماں شریک و دودھ شریک بہن جمیلہ سے بھی محمد چھوٹے نے شادی کر لی۔ اب دونوں بیویوں سے بچے ہیں اور تقریباً سب جوان ہیں، بچوں کو دینی شعور آیا اور ان کو اپنے والد کے اس عمل سے آگاہی ہوئی تو فکر مند ہوئے، محمد چھوٹے اور ان کی پہلی بیوی نفیسہ کا کہنا ہے کہ ہم میں طلاق بھی نہیں ہوئی ہے، یعنی طلاق کا دونوں انکار کرتے ہیں۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ بچے کیا کریں اور دونوں بیویوں میں اصل چھوٹے کی بیوی کون سی ہے یا دونوں بیوی شمار ہوں گی اور چھوٹے کے وارث کون سی بیوی کے بچے ہوں گے؟

المستفتی: افسر، شاہ آباد، رامپور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نفیسہ کے ساتھ شرعی نکاح ہوجانے کے بعد پھر اس کے نکاح کے باقی رہنے کی حالت میں نفیسہ کی ماں شریک اخیافی بہن جمیلہ سے جو نکاح کیا گیا ہے، وہ نکاح صحیح نہیں ہوا ہے اور چھوٹے پر لازم ہے کہ فوری طور پر جمیلہ کو اپنے سے جدا کردے؛ لیکن ساتھ ہی یہ بات واضح کردینا ضروری ہے کہ اب تک جمیلہ کے بطن سے جو اولادیں اس درمیان میں پیدا ہوئی ہیں ان سب کا نسب چھوٹے سے ثابت ہوگا اور وہ سب بچے چھوٹے کے وارث بھی ہوں گے؛ لہٰذا چھوٹے پر لازم ہے کہ نفیسہ سے پیدا شدہ اولاد کے ساتھ جو حقوق ادا کریں گے وہی حقوق جمیلہ سے پیدا شدہ اولادوں کے ساتھ بھی کرنا لازم اور واجب ہے اور جمیلہ کو نکاح سے الگ کرنے کے بعد اس کو عدت گذارنا بھی لازم ہے، تین ماہواری عدت گذرنے کے بعد وہ دوسرے مرد سے نکاح کرسکتی ہے اور جمیلہ کا مہر ادا کرنا بھی چھوٹے پر لازم ہوگا۔ نیز جب تک جمیلہ کی عدت پوری نہ ہوجائے، اس وقت تک نفیسہ کے ساتھ ہمبستری سے دور رہنا بھی چھوٹے پر لازم ہے۔

ولایجمع بین الأختین نکاحا، ولا بملک یمین وطأ. لقوله تعالیٰ: وان تجمعوا بین الأختین. ولقوله علیه السلام: من کان یؤمن بالله والیوم الآخر فلا یجمعن ماء ہ في رحم أختین. (هداية، اشرفيه ديوبند ٢/ ٣٠٨، بدائع الصنائع، زكريا ٢/ ٥٤٢، كراچي ٢/ ٢٦٤)

وان تزوجهما في عقدتین، فنکاح الأخیرة فاسد ویجب علیه أن یفارقها...... فإن فارقها قبل الدخول لا یثبت شئ من الأحکام، وإن فارقها بعد الدخول فلها المهر، ویجب الأقل من المسمیٰ ومن مهر المثل وعلیها العدة، ویثبت النسب و یعتزل عن امرأته حتی تنقضي عدة أختها.

(هندية زكريا ١/ ٢٧٧، جديد ١/ ٣٤٣، بدائع الصنائع، زكريا ٢/ ٥٤٠، كراچي ٢/ ٢٦٣، شامي زكريا ٤/ ٢٧٤، كراچي ٣/ ١٣١)

إذا ثبت حرمة المصاهرة بين الزوجين،ثم حدث بينهما ولد، ثم مات الأب (إلى قوله) **وقال الشيخ أبو الحسن السعديؒ يرث؛ لأنه ثابت النسب منه؛ لأن هذه الحرمة مختلف فيها،ومثل هذه الحرمة لايمنع ثبوت النسب ألا ترىٰ أن من قال إن تزوجت فلانة فهي طالق ثلاثاً، فتزوجها حتى طلقت ثلاث تطليقات و جاءت بولد يثبت النسب منه وإن حرمت عليه، ولم يبق بينهما نكاح ولاعدة لها كانت الحرمة مختلف فيها كذا هنا والولد الذي هوثابت النسب من الأب يرث لا محالة.** (الفتاوى التاتارخانية ۲۰/ ۳۵۰، رقم: ۳۳٤۲۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍صفر المظفر ۱۴۳۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۷۴۰/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۰/۲/۲۰ھ

(۲۰) باب النکاح الفاسد و الباطل

نکاح فاسد کی وضاحت

سوال [۵۶۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح فاسد اور نکاح باطل کے درمیان کیا فرق ہے؟ کتب فقہ میں جس نکاح کو باطل کہا ہے، اسی کو بعض دوسروں نے فاسد کہا ہے، ہم اس میں امتیاز کیسے کریں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: نکاح فاسد اور باطل کے درمیان فرق یہ ہے کہ باطل میں محل نکاح ہی باقی نہیں رہتا؛ بلکہ نکاح غیر محل میں ہوتا ہے، جیسا کہ غیر کی منکوحہ سے جان بوجھ کر نکاح کرنا باطل ہے؛ اس لئے کہ یہ عورت جب تک کسی مرد کے نکاح میں رہے گی، دوسرے کے لئے یہ محل نکاح ہی نہیں ہے۔

نکاح فاسد: اس کو کہتے ہیں کہ اس میں محل نکاح باقی رہتا ہے؛ لیکن شرائط نکاح مفقود ہوتے ہیں جیسے بغیر گواہوں کے نکاح کرنا اور اسی طرح غیر محل میں ناواقفیت اور عدم علم کیوجہ سے نکاح ہوگیا؛ لہٰذا جس نکاح کو بعض کتب فقہ میں فاسد کہا ہے اور اسی کو دوسرے نے باطل کہا ہے، تو ایسی عبارتوں میں علم اور عدم علم کی قید ملحوظ رکھی جائے گی۔

المراد بالنكاح الفاسد النكاح الذي لم تجتمع شرائطه كتزوج الأختين معاً، والنكاح بغير شهود ونكاح الأخت في عدة الأخت ونكاح المعتدة. (البحرالرائق، کوئٹہ۳/۱۶۹، زکریا۳/۲۹۴)

ويجب مهر مثل في نكاح فاسد وهو الذي فقد شرطا من شرائط الصحة كشهود، ومثله تزوج الأختين معاً، ونكاح الأخت في عدة الأخت،

ونكاح المعتدة. (شامي، زكريا٤/ ٢٧٤، كراچي ٣/ ١٣١)

أن المراد بالباطل ما وجوده كعدمه ولذا لا يثبت النسب، ولا العدة في نكاح المحارم. (شامي، زكريا ٤/ ٢٧٤، كراچي ٣/ ١٣٢)

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلا فعلى هذا يفرق بين فاسده وباطله في العدة. (شامي، زكريا٤/ ٢٧٤، كراچي ٣/ ١٣٣)

ويتفقون كذلک على وجوب العدة وثبوت النسب في النكاح المجمع على فساده بالوطء كنكاح المعتدة وزوجة الغير والمحارم إذا كانت هناک شبهة تسقط الحد بأن كان لا يعلم بالحرمة. (الموسوعة الفقهية الكويتية ٨/ ١٢٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰؍ ۱۱۳۹۰)

نکاح فاسد وباطل کی تحقیق سے متعلق ایک جامع فتویٰ

سوال [۵۶۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہم لوگ ایک مسئلہ میں بہت الجھے ہوئے ہیں، بحث ومباحثہ کے بعد بھی ابھی تک کوئی حل نہیں نکل رہا ہے، وہ یہ ہے کہ نکاح فاسد اور باطل میں کیا فرق ہے؟ براہ کرم مثال سے اس کی تعریف کو واضح فرمائیں۔

المستفتی: محمد مسعود احمد، آندھرا پردیش، متعلم افتاء دارالعلوم دیوبند

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح فاسد اور نکاح باطل میں حد امتیاز قائم کرنے میں کتب فقہ کے جزئیات مختلف انداز سے ملتے ہیں، جن سے آسانی کے ساتھ کھل کر

بات واضح نہیں ہوتی ہے؛ اس لئے مختصر انداز سے اس طرح سے سمجھنے کی ضرورت ہے، جس سے زیادہ الجھاؤ اور گنجلک پیدا نہ ہو؛ لہٰذا اس کو یوں سمجھیں کہ اس میں تین درجات ہوں گے:

(۱) نکاح باطل مجمع علیہ. (۲) نکاح فاسد مجمع علیہ. (۳) مختلف فیہ بعض وجوہ سے باطل ہے اور بعض وجوہ سے فاسد ہے؛ اس لئے اس شکل کو بعض لوگوں نے باطل کہا ہے اور باطل کا حکم لاگو کیا ہے۔ اور بعض لوگوں نے اس کو فاسد کہا ہے؛ اس لئے فاسد کا حکم جاری کیا ہے۔

اب ہر ایک کی مختصر وضاحت یہ ہے:

(۱) نکاح باطل مجمع علیہ: وہ ہے جس میں رکن نکاح اور محل نکاح ہی مفقود ہو مثلاً کسی کی منکوحہ عورت ہے، جب تک اس کے نکاح میں رہے گی، وہ دنیا کے کسی بھی مرد کے لئے محل نکاح نہیں رہے گی، اس سے جان بوجھ کر نکاح کرنے سے نکاح باطل ہے، اس کی اولادیں اس مرد سے ثابت نہ ہوں گی، اور نہ ہی اس مرد پر مہر واجب ہوگا اور نہ ہی اس عورت پر عدت واجب ہوگی؛ بلکہ وہ بدستور اپنے پہلے شوہر کی بیوی ہے اور واطی کے اوپر حد شرعی جاری ہو جائے گی- اسی طرح غیر کی معتدہ ہے، اس سے جان بوجھ کر نکاح کیا ہو، تو اس پر بھی وہی احکام جاری ہو جائیں گے- اسی طرح حقیقی محرم عورت کے ساتھ جان بوجھ کر نکاح کرلے تو یہ نکاح بھی مجمع علیہ باطل ہے؛ اس کے اوپر بھی وہی سارے احکام جاری ہو جائیں گے جو اوپر ذکر کئے گئے، اسی طرح مسلمہ عورت کے ساتھ کسی کافر کا نکاح ہو جائے، تو یہ نکاح بھی باطل ہوگا، اس کافر سے اولاد کا نسب ثابت نہیں ہوگا اور نہ ہی اس پر مہر لازم ہوگا، اس کے لئے یہ چند عبارات بطور نظیر پیش کی جارہی ہیں۔

(۱) **أما نكاح منكوحة الغير و معتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة، إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلاً، قال: فعلى هذا يفرق بين فاسده و باطله في العدة، ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة؛ لأنه زنىٰ.** (شامي، زكريا ٤/٢٧٤، شامي، زكريا ٥/١٩٧، كراچي ٣/٥١٦، البحر الرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢)

(۲) إن نكاح المحارم باطل، أو فاسد والظاهر أن المراد بالباطل ماوجوده كعدمه، ولذا لا يثبت النسب ولاالعدة في نكاح المحارم أيضاً.
(شامي، زكريا٤/ ٢٧٤، كراچي٣/ ١٣٢)

(٣) أما إذا لم تكن هناك شبهة تسقط الحد، بأن كان عالماً بالحرمة، فلايلحق به الولدعند الجمهور، وكذلك عند بعض مشائخ الحنفية؛ لأنه حيث وجب الحد فلا يثبت النسب. (الموسوعة الفقهية الكويتية٨/ ١٢٤)

(٤) نكح كافر مسلمة فولدت منه لا يثبت النسب منه، ولاتجب العدة؛ لأنه نكاح باطل. (شامي، زكريا٤/ ٢٧٤، كراچي ٣/ ١٣٢)

(۲) نکاح فاسد مجمع علیہ: یہ ایسا نکاح ہے جس میں عورت محل نکاح ہے؛ لیکن شرائط نکاح مفقود ہیں، مثلاً نصاب شہادت پورا نہیں ہے، تو ایسی صورت میں بالاتفاق یہ نکاح فاسد ہے، اس سے مرد کے اوپر مہر بھی واجب ہوتا ہے، اور علیحدگی کی صورت میں عدت بھی واجب ہوجاتی ہے، اور اولاد کا نسب بھی مرد سے ثابت ہوتا ہے اور اس مرد کے اوپر حد جاری نہیں ہوگی- اسی طرح دو بہنوں سے ایک ساتھ ایک عقد میں نکاح کیا- یا بیوی کو طلاق دی اور اس کی عدت کی حالت میں اس کی بہن سے نکاح کرلیا- یا چار بیویوں میں سے ایک کو طلاق دی اور اس کی عدت کی حالت میں پانچویں سے نکاح کرلیا، ان صورتوں میں جو دو بہنوں سے ایک ساتھ نکاح کیا ہے وہ نکاح فاسد ہے، اور فساد کی علت معیت فی العقد ہے؛ لہٰذا اگر آگے پیچھے نکاح کرے گا، تو پہلا والا صحیح اور دوسرا والا باطل ہوکر پہلی شکل میں شامل ہوجائے گا۔

والحاصل أنه لا فرق بينهما في غير العدة، أما فيها فالفرق ثابت، وعلى هذا فيقيد قول البحرهنا: ونكاح المعتدة بما إذا لم يعلم بأنها معتده؛ لكن يرد على ما في المجتبىٰ، مثل نكاح الأختين معاً، فإن الظاهر أنه لم يقل أحد بجوازه؛ ولكن لينظر وجه التقييد بالمعية، والظاهر أن المعية في العقد

لا في ملك المتعة، إذلو تأخر أحدهما عن الآخر فالمتأخرباطل قطعاً.

(شامي، زكريا٤/ ٢٧٤، كراچي٣/ ١٣٢)

یا اپنی بیوی کوطلاق دی اوراس کی عدت کی حالت میں اس کی بہن سے نکاح کرلیا، تو یہ نکاح بھی فاسد ہے،محیط سرخسی کے حوالہ سے ہندیہ میں جوعبارت لکھی گئی ہے، اس کا یہی حاصل ہوسکتا ہے؛ اس لئے کہ اس عبارت کا آخری حصہ اسی کی طرف اشارہ کررہا ہےاوراس عبارت کا پہلا حصہ مشتبہ ہے۔

وإن تزوجهما في عقدتين، فنكاح الأخيرة فاسد، ويجب عليه أن يفارقها، ولو علم القاضي بذلك يفرق بينهما، فإن فارقها قبل الدخول لا يثبت شيئ من الأحكام، وإن فارقها بعد الدخول فلها المهر، ويجب الأقل من المسمىٰ، ومن مهر المثل وعليها العدة، ويثبت النسب، ويعتزل عن امرأته حتى تنقضي عدة أختها، كذا في محيط السرخسي.

(هندية، زكريا ١/ ٢٧٧-٢٧٨ جديد ١/ ٣٤٣)

چار بیویوں میں سے ایک بیوی کوطلاق دینے کی صورت میں پانچویں بیوی سے جونکاح کیا ہے وہ نکاح فاسد ہے باطل نہیں ہے؛ لہٰذا چار کی موجودگی میں پانچویں سے نکاح کرے گا،تو پانچویں کا نکاح باطل ہوکر پہلی شکل میں داخل ہوجائے گا، اس لئے کہ چار بیویوں کی موجودگی میں اس مرد کے لئے مزید دنیا کی کوئی عورت محل نکاح نہیں رہتی ہے۔ اور چوتھی کی عدت کی حالت میں محل نکاح مشتبہ ہوجاتا ہے۔

اب چند جزئیات بطور نظیر پیش کئے جارہے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں:

(١) ويجب مهر المثل في نكاح فاسد،وهوالذي فقد شرطاً من شرائط الصحة كشهود (در مختار) وتحته في الشامية: ومثله تزوج الأختين معاً، ونكاح الأخت في عدة الأخت، ونكاح المعتدة، والخامسة في عدة الرابعة،والأمة على الحرة. (شامي، زكريا٤/ ٢٧٤، كراچي٣/ ١٣١)

(۲) ويتفقون كذلك على وجوب العدة، وثبوت النسب في النكاح المجمع على فساده بالوطء كنكاح المعتدة، وزوجة الغير والمحارم إذاكانت هناك شبهة تسقط الحد، بأن كان لا يعلم بالحرمة.
(الموسوعة الفقهية الكويتية ۸/ ۱۲۳)

(۳) والصحيح أنها شبهة عقد، لأنه روي عن محمدؒ أنه قال: سقوط الحد عنه لشبهة حكمية فيثبت النسب، وهكذا ذكر في المنية، وهذا صريح بأن الشبهة في المحل و فيها يثبت النسب. (شامي، زكريا٦/ ٣٤، كراچي٤/ ٢٤)

(٤) والمراد بالنكاح الفاسد: النكاح الذي لم تجتمع شرائطه كتزوج الأختين معاً، والنكاح بغير شهود، ونكاح الأخت في عدة الأخت، ونكاح المعتدة، والخامسة في عدة الرابعة، و الأمة على الحرة. (البحرالرائق، كوئٹه ۳/ ۱٦۹، زكريا۳/ ۲۹٤)

(۳) مختلف فیہ: یہ تیسری شکل کوئی مستقل شکل نہیں ہے؛ بلکہ پہلی اور دوسری شکل کا اختلاط ہے، پہلی شکل کو جان بوجھ کر کرنے کی صورت میں نکاح باطل ہے اور عدم علم کی صورت میں نکاح فاسد ہے؛ اس لئے فقہاء کی عبارتیں اس سلسلے میں مخلوط ہوگئی ہیں، کہیں تو ایسا کہہ دیا گیا ہے کہ معتدۃ الغیر سے نکاح کرنا اور محرم سے نکاح کرنا نکاح فاسد ہے۔ اور کہیں ایسا کہہ دیا گیا ہے کہ منکوحۃ الغیر سے نکاح کرنا، یا معتدۃ الغیر سے نکاح کرنا نکاح باطل ہے اور باطل اور فاسد کے لئے جو قیودات ہیں ان کو واضح نہیں کیا گیا؛ اس لئے ان عبارات میں اشتباہ پیدا ہوگیا؛ چنانچہ بعض لوگوں نے یہی کہا ہے کہ:

حكم الباطل والفاسد واحد في الغالب. (كتاب الفقه على المذاهب الاربعة، دارالفكر بيروت ٤/ ١١٨)

اس اشتباہ کی اصل وجہ یہ ہے کہ قیودات وشرائط کا ذکر نہیں کیا جاتا؛ اس لئے یہ کوئی مستقل قسم نہیں اور اسی وجہ سے ایسی مشتبہ بات بھی لکھی ہے کہ فیصلہ کرنا بھی واجب ہوتا ہے، نسب بھی ثابت ہوتا ہے، اور عدت بھی واجب ہوتی ہے؛ لیکن اس اشتباہ کی وجہ سے لکھ دیا کہ

مہر واجب ہے،نسب ثابت ہے؛لیکن عدت واجب نہیں جیسا کہ کتاب الفقہ کی عبارت ہے:

النكاح الفاسد قسمان: قسم يوجب المهر، وثبت به نسب، ولاتجب به عدة،ويقال له باطل، وذلك كما تزوج محرماً من محارمه، فإن العقد على واحدة منهن، وجوده كعدمه، مثله العقد على متزوجة، أومعتدة إن علم أنهاللغير، فهذا العقد كعدمه، وهو عقد باطل يوجب الوطء به الحد، إن كان عالماً بالحرمة. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة،دارالفكر بيروت ٤/ ١١٦)

اس عبارت میں جو ”**یوجب به المهر ویثبت به نسب**“ لکھا ہے یہ درست نہیں ہے؛ کیونکہ یہ نکاح باطل ہے اور اس میں نہ نسب ثابت ہوتا ہے اور نہ ہی مہر واجب ہوتا ہے؛ بلکہ حد جاری ہوتی ہے، اس میں مہر واجب نہیں ہوتا اور یہاں پر حد بھی جاری کر رہے ہیں اور مہر بھی واجب کر رہے ہیں؛ اس لئے اس عبارت میں مسامحت ہے اور اس کی عبارتوں کی وجہ سے ناظرین کو شبہ پیدا ہوتا ہے؛ اس لئے یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ اس طرح کی عبارتیں معتبر نہیں؛لہٰذا جن طلباء میں لمبی لمبی بحثوں کے باوجود مسئلہ حل نہیں ہورہا ہے، وہ اسی قسم کی عبارتوں سے ہے؛اس لئے اس قسم کی عبارتوں کا اعتبار نہ کیا جائے؛ بلکہ اس بات کو مضبوطی سے پکڑ لیا جائے اور بحث کا حاصل اس کو سمجھ لیا جائے کہ محل نکاح میں جو نکاح ہوا ہو وہ شرائط کے مفقود ہونے کی صورت میں فاسد ہوتا ہے اور غیر محل نکاح میں ناواقفیت اور عدم علم کی وجہ سے جو نکاح کیا جاتا ہے، وہ بھی نکاح فاسد ہے اور غیر محل میں جان بوجھ کر جو نکاح کیا جاتا ہے وہ نکاح باطل ہے، اور نکاح فاسد میں احکام نکاح جاری ہوجاتے ہیں، مثلاً مہر، نسب اور عدت- اور نکاح باطل میں احکام نکاح جاری نہیں ہوتے؛ لہٰذا مہر، عدت اور نسب میں سے کوئی چیز ثابت نہیں ہوگی، خدا کرے اس تفصیل سے شبہات کا ازالہ ہوجائے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر:الف ۳۹/ ۱۰۰۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۴/۲۱ھ

کیا دو مردوں کے درمیان بھی نکاح ہونے لگا؟

سوال [۵۶۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے دو گواہوں کے سامنے اپنے نکاح کی اجازت مہر فاطمی پر دی، عمرو نے اس کو قبول کرلیا اور کہا قبول کی میں نے، تو نکاح ہو گیا یا نہیں؟

المستفتی: محمد صدیق، دھام پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ظاہر ہے کہ زید وعمرو دونوں مرد ہیں، تو کیا دو مردوں کے درمیان بھی نکاح ہونے لگا ہے؟ ان میں بیوی کا فریضہ کون انجام دیتا ہوگا۔ اور شوہر کی ذمہ داری کون ادا کرتا ہوگا، پھر استقرار حمل کا مسئلہ کیا ہوتا ہوگا، بہت خوب پہلے اس معمہ کو واضح فرمائیں، اس کے بعد جواب ہوگا۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ / جمادی الاولیٰ ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲ / ۴۴۶۰)

عنین اور خنثیٰ مشکل کسے کہتے ہیں؟

سوال [۵۶۵۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ عنین کسے کہتے ہیں اور خنثیٰ مشکل کسے کہتے ہیں دونوں کی واضح تعریف کریں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عنین ایسے شخص کو کہتے ہیں جو جماع کرنے پر قادر نہ ہو، خواہ یہ کسی بیماری کی وجہ سے ہو یا بڑھاپے کی وجہ سے ہو یا سحر وغیرہ کی وجہ سے ہو۔

خنثیٰ مشکل: جس شخص میں مردانہ یا زنانہ علامات میں سے کوئی علامت ظاہر

وغالب نہ ہو، تو فقہاء اس کو خنثیٰ مشکل سے تعبیر کرتے ہیں؛ البتہ مردانہ یا زنانہ علامت ظاہر وغالب ہو، تو اس کے مطابق فیصلہ کیا جائیگا۔ (مستفاد: قاموس الفقہ ۳/۳۷۷)

العنين بكسر العين والنون المشددة العاجز عن الوطء: أي من عجز عن الوطء لعدم انتصاب ذكره لعاهة. (لغة الفقهاء ٣٢٣)

أو عنينا وهو الذي في آلتهٔ فتورٌ. (حاشية چلپي ٢/٥٥٠، زكريا ٢/١٥٥، قديم ملتان ٢/١٤٣)

ولو وجدته عنينًا هو من لا يصل إلى النساء لمرض أو كبر أو سحر هذا معنا لغة أما معناه الشرعي المرادهنا فهو من لايقدر على جماع فرج زوجته مع قيام الآلة لمرض به يحدث في خصوص الآلة مع صحة الجسد.
(شامي، زكرياه/١٦٩، كراچي٣/٤٩٦)

الخنثىٰ: هو الذي له ذكر و فرج امرأة أو ثقب في مكان الفرج يخرج منه البول، وينقسم إلى مشكل وغير مشكل فالذي يتبين فيه علامات الذكورية، أوالأنوثية، فيعلم أنه رجل، أوامرأة، فليس بمشكل وإنما هو رجل فيه خلقة زائدة أو امرأة فيها خلقة زائدة و حكمه من إرثه وسائر أحكامه حكم ما ظهرت علاماته فيه. (المغني، دارالفكر ٦/٢٢١، رقم: ٤٩١٠)

الخنثىٰ: هو الذي لايعلم؛ أنه ذكر، أو أنثىٰ بأن يكون له آلة الرجال، والنساء. (تاتارخانية، زكريا ٢٠/٣٥٢، رقم: ٣٣٤٣٤، لغة الفقهاء، كراچي ٢٠١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ ربیع الثانی ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۱۴۷۷)

خنثیٰ سے نکاح

سوال [۵۶۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ جسم میں زنانہ پن نہیں ہے اور نسوانیت بھی بالکل نہیں ہے؟
(۲) یہ کہ سینہ کے درمیان میں بال بھی موجود ہے؟
(۳) یہ کہ پیدائشی عورت بالکل نہیں ہے؟
(۴) یہ کہ اس کے پیدائشی فرج اور اندام نہانی بھی بالکل نہیں ہے؟
(۵) نہ کہ دیکھنے سے معلوم ہو کہ یہ پیدائشی ہجڑا ہے؟
(٦) اس کے پیشاب کے مقام کو اوپر کی جانب کو چیرا گیا ہے؟
(۷) یہ کہ اس کی پیشاب کی جگہ کو تراشا گیا ہے، بشکل کرتے کا گلا جیسا کٹا ہوا ہے؟
(۸) یہ شوہر کی حقوق زوجیت ادا کرنے کے قابل بالکل نہیں ہے؟
(۹) یہ پوری طرح سے بالکل بیکار ہے؟
(۱۰) یہ کہ کیا ان حالات میں نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟
مفصل ومدلل جواب سے نوازیں عین نوازش ہوگی۔

المستفتی: جمیل احمد سلطان کٹرہ، دھولی مل دوکان، چوڑی والان (دہلی-٦)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر واقعی عورت کے مخرج کی طرح مخرج نہیں ہے اور نہ ہی قطعاً ہمبستری کی گنجائش ہے، تو وہ خنثیٰ (ہجڑا) ہے، اس کے ساتھ شرعاً نکاح صحیح نہیں ہوا ہے، خلوت سے شوہر پر اس کا خرچ اور مہر وغیرہ ادا کرنا لازم نہیں ہوا ہے۔

محله امرأة لم يمنع من نكاحها مانع شرعي، فخرج الذكر للذكر والخنثىٰ مطلقاً الخ (شامي، كوئٹه٢/ ٢٨١، كراچي٣/ ٤٠٣، زكريا٤/ ٦١٠٥٩)

والخلوة...... كا الوطء بلا مانع حسى، وطبعي وشرعي. (الدر المختار، كوئٹه٢/ ٣٦٧، كراچي ٣/ ١١٤، زكريا٤/ ٢٤٩، ٢٥٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ شوال المکرّم ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/ ۲۰۱۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۶/ ۱۰/ ۱۴۱۰ھ

(۲۱) باب نكاح منكوحة الغير

لاپتہ شوہر کی بیوی کا دوسرا نکاح

سوال [۵۶۵۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی ہوگئی، دوسال بحسن وخوبی طے پائے زید کی بیوی کے بچہ پیدا ہوا، اس کے بعد زید اپنی بیوی کو چھوڑ کر پردیس چلا گیا اور پھر صورت حال یہ ہے کہ تقریباً پانچ سال بیت گئے؛ لیکن زید کا کوئی پتہ نہیں کہ وہ رہ کہاں رہا ہے؟ زید کی بیوی اپنے میکہ میں رہ رہی ہے، اب وہ اپنی دوسری شادی کرنا چاہتی ہے، تو کیا وہ اپنا دوسرا نکاح کرسکتی ہے یا نہیں؟ حدیث وقرآن کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں عین کرم ہوگا۔

المستفتی: محمد عظمت اللہ عثمانی، کھائی کھیڑی، کمال پور، پوسٹ: گجرولہ، نجیب آباد، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: لاپتہ شوہر کی بیوی کے لئے شرعی تفریق واقع ہونے سے پہلے دوسرا نکاح کرلینا جائز نہیں ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/ ۱۳۲، ۵۱۶، زكريا ۴/ ۲۷۴، ۵/ ۱۹۷)

ومنها أن لا تكون منكوحة الغير لقوله تعالىٰ: والمحصنات من النساء وهن ذوات الأزواج الخ (بدائع الصنائع، كراچي ۲/ ۲۶۸، زكريا ۲/ ۵۴۸، دارالكتب العلمية بيروت ۳/ ۴۵۱)

اسباب التحريم أنواع (إلى قوله) وتعلق حق الغير بنكاح أوعدة.

(الدرالمختار، كراچي ۳/ ۲۸، زكريا ۴/ ۹۹، ۱۰۰)

البتہ زید کی بیوی اپنا معاملہ شرعی پنچایت میں پیش کردے، تو وہ تحقیق کر کے فیصلہ دے سکتی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ر جمادی الثانیہ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/۷/۱۲۷۷)

شوہر کی موجودگی میں دوسرے سے کورٹ میرج کرنا

سوال [۵۶۵۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی بیوی ہندہ کسی غیر مرد کے ساتھ فرار ہوگئی، اور کسی شہر میں جا کر کچھ ایام کے لئے قیام کیا اور کچھ ایام کے بعد وہ دونوں یعنی ہندہ اور غیر مرد کورٹ میرج کرا کر اپنے وطن اصلی پہنچ گئے اور ہندہ کے پہلے شوہر زید نے اپنی بیوی ہندہ کو طلاق نہیں دی اور نہ ہی تاحیات طلاق دینے کا ارادہ ہے، ایسی صورت میں کیا ہندہ غیر مرد کے ساتھ شوہر اصلی سمجھ کر شب وروز گذار سکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبداللہ حساس، گلی-۳، مینا نگر صدیقی مسجد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب ہندہ کا شوہر موجود ہے اور اس نے کوئی طلاق نہیں دی ہے اور اسی حالت میں دوسرے مرد کے ساتھ کورٹ میرج یا کسی اور طریقہ سے نکاح کر لیتی ہے، تو اس کا نکاح باطل اور ناقابل اعتبار ہوگا اور دونوں کا ساتھ رہنا زنا کاری اور بدکاری ہوگی۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. قال فعلى هذا يفرق بين فاسده وباطله في العدة؛ ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة لأنه زنا.

(شامي، زكريا ديوبند٤/ ٢٧٤، ٥/ ١٩٧، كراچي٣/ ١٣٢، ٥١٦، البحرالرائق، كوئته ٤/ ١٤٤، زكريا٤/ ٢٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍ رجب المرجب ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸؍ ۹۳۸۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۸/۲ھ

شوہر سے طلاق لئے بغیر دوسرے سے نکاح

سوال [۵۶۶۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری بہن کی شادی قریب ۱۲؍ سال ہوئے ہوئی تھی، جن کے دو لڑکے ۱۱؍ سال اور ۹؍ سال کی عمر کے ہیں، آٹھ سال سے زیادہ کا عرصہ ہوا میاں بیوی میں جھگڑا ہوا اور میری بہن واپس آگئیں، جب سے کوشش کے باوجود بھی صلح نہ ہوسکی اور نہ ہی بچے اور بہن کے خرچہ کے لئے بہنوئی نے کچھ دیا، دو یا تین جگہ سے بہن کے لئے رشتے آرہے ہیں، ان کو طلاق نہیں ہوئی ہے کیا وہ عقد ثانی کرسکتی ہیں؟

المستفتی: محمد اکرام بارہ دری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب تک شوہر طلاق نہ دیدے، اس وقت تک عورت کو دوسرے سے نکاح کرنا جائز نہیں ہوتا؛ لہٰذا آپ کی بہن کے لئے شوہر سے طلاق لئے بغیر کسی دوسرے سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے۔

لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره. (هندية، زكريا١/ ٢٨٠، جديد زكريا١/ ٣٤٦)

ومنها أن لا تكون منكوحة الغير . (بدائع الصنائع، زكريا٢/ ٥٤٨، كراچي ٢/ ٢٦٨، دار الكتب العلمية بيروت٣/ ٤٥١)

أما نكاح منكوحة الغير و معتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة

إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً؛ ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة لأنه زنا. (شامي، كراچي٣/١٣٢، ٥١٦، زكريا ديو بند٤/٢٧٤، ٥/١٩٧) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰ ربیع الاول ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/ ۹۹۶۱)

ایک کے نکاح میں رہتے ہوئے دوسرے سے نکاح

سوال [۵۶۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں نے اپنی بیوی کو دس مہینہ پہلے دو بار طلاق طلاق کا لفظ استعمال کیا تھا، پھر میاں بیوی کی طرح رہتے رہے، اس کے بعد میری بیوی نے ایک دوسرے لڑکے سے نکاح کرلیا، اس لڑکے کے ساتھ ایک مہینہ کے قریب رہتی رہی۔ اب وہ دوبارہ میرے ساتھ رہنا چاہتی ہے، تو کیا اسے رکھ سکتا ہوں شرعی حکم کیا ہے؟

المستفتی: عتیق الرحمٰن، شیدی سرائے، مرادآباد

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: دوطلاق کے بعد میاں بیوی کی طرح رہنے کی وجہ سے رجعت ہوگئی ہے اور بیوی بدستور شوہر کے نکاح میں باقی ہے اور اسی درمیان دوسرے لڑکے کے ساتھ جو نکاح کرلیا ہے، اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر دوسرے لڑکے کو یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ دوسرے کی بیوی ہے تو نکاح فاسد ہوا ہے، اب اصل شوہر کے پاس جانے کے لئے تین ماہواری گذار کر کے جانا ضروری ہے؛ لیکن پہلے شوہر کے ساتھ رہنے کے لئے دوبارہ نکاح کی ضرورت نہیں اور اگر یہ بات معلوم ہونے کے باوجود دوسرے مرد نے اس کے ساتھ نکاح کرلیا ہے کہ وہ دوسرے کی بیوی ہے تو یہ نکاح باطل ہوا ہے، اوران دونوں کے درمیان بدکاری ہوتی رہی ہے اور بیوی کو پہلے شوہر کے پاس جانے کے لئے عدت گذارنے کی بھی

ضرورت نہیں اور اسے فوری طور پر پہلے شوہر کے پاس چلے جانا چاہئے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. قال: فعلى هذا يفرق بين فاسده وباطله في العدة؛ ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة؛ لأنه زنا، كما في القنية وغيرها. (شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢)

وأما النكاح الفاسد فلاحكم له قبل الدخول، وأما بعد الدخول، فيتعلق به أحكام منها ثبوت النسب، ومنها وجوب العدة وهو حكم الدخول في الحقيقة الخ (بدائع الصنائع، دارالكتب العلمية بيروت ٣/٦١٥، كراچي ٢/٣٣٥، زكريا ٢/٦٥١، أيضاً شامي، زكريا ٥/١٩٧، كراچي ٣/٥١٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۰۸۴۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۱/ ۱۱/ ۱۴۳۳ھ

دوسرے کی بیوی سے نکاح

سوال [۵۶۶۶۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا نکاح سلمہ سے اس کے والدین نے کرایا اس حال میں کہ نہ زید نے سلمہ کو دیکھا اور نہ سلمہ نے زید کو دیکھا، نکاح ہونے کے بعد کسی طرح کی خلوت نہیں ہوئی کہ زید روزگاری کی غرض سے باہر گیا، آج تقریباً پانچ سال ہوگئے گھر واپس نہیں آیا اور ان پانچ سالوں کے درمیان دونوں میاں بیوی میں سے کسی طرح کا سلام کلام بھی نہیں ہوا، زید کے گھر والوں سے فون پر بات ہوئی، تو زید کہتا ہے کہ اس سال جاؤں گا، اس سال جاؤں گا، اس طرح ٹال مٹول کرتے ہوئے اتنے دن گذر گئے۔

آج ۲۶؍شوال المکرّم ۱۴۲۶ھ سے تین مہینہ قبل خبر ملی کہ اس نے زاہدہ سے ناجائز تعلق قائم کر کے زاہدہ کو لے کر فرار ہوگیا، اب سلمہ کے والدین کا کہنا ہے کہ ہم اپنی بیٹی سلمہ کا نکاح عمر سے کریں گے، آپ بتائیے کہ اس صورت میں سلمہ کا نکاح عمر سے ہوسکتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: امام مسجد گلاب باڑی، کٹگھر مرادآباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب تک زید سلمہ کو طلاق نہ دے گا یا شرعی تفریق حاصل نہ ہوجائے، اس وقت تک سلمہ کا نکاح عمر کے ساتھ صحیح نہ ہوگا، چاہے نکاح کے بعد زید اور سلمہ کے درمیان آپس میں ملاقات اور بات چیت بھی نہ ہوئی ہو؛ لہٰذا زید سے شرعی طور پر علیحدگی حاصل کرنے سے قبل عمر کے ساتھ یا کسی دوسرے مرد کے ساتھ نکاح جائز نہ ہوگا بدکاری ہوتی رہے گی۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيها لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱۶، زكريا ۴/۲۷۴، ۵/۱۹۷، البحر الرائق، كوئٹه ۴/۱۴۴، زكريا ۴/۲۴۲)

منكوحة الغير أو معتدة الغير، فإنها محرمة عليه إلى غاية وهي انقضاء العدة يثبت ذلك بقوله تعالىٰ: والمحصنات من النساء. (مبسوط، دارالكتب العلمية بيروت ۳۰/۲۸۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۸؍شوال المکرّم ۱۴۲۶ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/۸۹۴۷)	۲۸/۱۰/۱۴۲۶ھ

دوسرے کی منکوحہ سے نکاح

سوال [۵۶۶۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد نسیم ولد آفتاب احمد کی شادی مسماۃ نسرین بنت مجید حسین کے ساتھ

بروز ہفتہ ۲۷/ جولائی ۱۹۹۱ء کو ہوئی تھی، نکاح کی رسید ساتھ لگی ہے، ہم دونوں کے بیچ نکاح اپنی مرضی و پسند سے ہوا تھا، نکاح کے ۱۵/ یوم کے بعد کچھ قانونی کاروائی کے تحت لڑکی اپنے ماں باپ کے گھر چلی گئی میں نے حقوق زوجیت کا مقدمہ قائم کر رکھا ہے، لڑکی کے ماں باپ نے ۹۳-۸-۱۴ کو کسی دیگر شخص محمد شاہد حسین ولد جناب رفیق احمد صاحب نزدیک آزادنگر لائن-۱۶ ہلدوانی ضلع نینی تال کے ساتھ نکاح کر دیا؛ جبکہ میں نے اسکو طلاق نہیں دی ہے، میرے نکاح میں ہوتے ہوئے اس کا کسی دوسرے کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں، جو لکھا ہے صحیح لکھا ہے غلط بیانی سے کام نہیں لیا ہے، خدا میری مدد کرے۔

المستفتی: محمد نسیم مشتاق، بلڈنگ اسٹیشن روڈ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: اگر محمد نسیم نے اپنی بیوی نسرین کو طلاق نہیں دی ہے اور نہ ہی کسی شرعی محکمہ اور شرعی عدالت سے تفریق حاصل کی ہے اور اسی حالت میں محمد شاہد حسین کے ساتھ دوسرا نکاح کر لیا ہے، تو شرعی طور پر نسرین کا نکاح محمد شاہد کے ساتھ صحیح نہیں ہوا ہے اور دونوں کا تعلق زنا کاری اور حرام کاری میں شامل ہوگا۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/ ۱۳۲، ۵۱۶، زکريا ٤/ ۲۷٤، ٥/ ۱۹۷، البحرالرائق، کوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢)

مذکورہ عبارت سے واضح ہوتا ہے کہ نسرین بدستور محمد نسیم ولد آفتاب احمد کی بیوی ہے اور محمد نسیم کو اپنی بیوی نسرین کو اپنے پاس لے جانے کا ہر وقت حق ہے اور شاہد کے یہاں سے الگ کرنے کے بعد عدت گذارنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ صفر المظفر ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/ ۳۳۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۲/۲۹ھ

دوسرے کی منکوحہ سے نکاح کی شرعی حیثیت

سوال [۵۶۶۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکی کی شادی کردی تھی، لڑکی کی سسرال والوں سے اور شوہر سے لڑائی ہوگئی تھی، لڑکی اپنے گھر بیٹھ گئی پہلے والے شوہر نے طلاق نہیں دی تھی، لڑکی نے عدالت سے طلاق لینا چاہا، اس کو طلاق نہیں مل سکی وہ سمجھی کہ طلاق ہوگئی؛ لیکن طلاق نہیں ہوسکی تھی، لڑکی کی دوسری جگہ شادی کردی۔ اب پہلا شوہر لڑکی کو لانا چاہتا ہے اور دوسرا والا نہیں لے جانا چاہتا، تو لڑکی کو کون سے شوہر کے گھر جانا شرعاً جائز ہے؟

المستفتی: محمد اکرام مرادآباد

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پہلے شوہر سے طلاق لئے بغیر دوسری جگہ جو نکاح ہوا ہے، اس میں اگر نکاح کرنیوالے مرد کو یہ علم نہیں ہے کہ پہلے شوہر سے طلاق نہیں ہوئی ہے اور اس نے اس بات کی لاعلمی میں نکاح کیا ہے اور بعد میں اس کو پتہ چلا ہے، تو یہ دوسرا نکاح فاسد ہوا، وہ بدستور پہلے شوہر کی بیوی ہے، اس کا نکاح بدستور باقی ہے۔ دوسرے شوہر کو جب معلوم ہوگیا ہے کہ دوسرے کی بیوی ہے اور اس نے طلاق نہیں دی ہے، تو فوراً اپنے پاس سے الگ کردینا واجب ہے اسے لے جانے کا حق پہلے شوہر کو ہے، دوسرے کو لے جانے کا حق نہیں ہے، اور چونکہ دوسرے شوہر کے ساتھ دھوکہ میں نکاح ہوا ہے، ہمبستری بھی ہوچکی ہے، تو اس میں لڑکی اور لڑکے والے دونوں گنہگار ہوں گے، دوسرے شوہر اور اس کے متعلقین گنہگار نہیں ہوں گے؛ البتہ دوسرے شوہر پر مہر ادا کرنا لازم ہوگا؛ جبکہ اس کے ساتھ صحبت کرلی ہو؛ لیکن جو مہر طے ہوا ہے وہ اگر مہر مثل سے کم ہے تو طے شدہ مہر واجب ہوگا اور اگر مہر مثل سے زیادہ ہے تو مہر مثل واجب ہوگا، پہلے کے پاس جانے کے لئے لڑکی کو عدت گذارنی بھی لازم ہوگی۔

قال: بشبهة الملک أو العقد بأن زفت إليه غير امرأته، فوطئها، أوتزوج منكوحة الغير ولم يعلم بحالها وأنت خبير بأن هذا يقتضي الاستغناء عن المنكوحة فاسداً. (شامي، زكرياه/١٩٨، كراچي٣/٥١٦)

فإن دخل بها فلها مهر مثلها ولايزاد على المسمىٰ عندنا. (هداية، اشرفي بكڈپو ديوبند ٢/٣٣٢)

إن الدخول في النكاح الفاسد موجب للعدة وثبوت النسب. (شامي، زكرياه/١٩٧، كراچي٣/٥١٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍صفر المظفر ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/۱ ۸۷۰)

کسی کی منکوحہ سے نکاح

سوال [۵۶۶۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زہرہ خاتون زید کی بیوی ہے، اب کسی نے لڑکی سے یہ کہہ دیا کہ تم اس کے پاس مت رہو، میرے ساتھ چلو، میں تم سے نکاح کروں گا، اس بیچ وہ آدمی اس لڑکی کو لے کر بھاگ گیا، اور دوسری جگہ جا کر اس لڑکی سے نکاح کر لیا؛ جبکہ پہلے شوہر نے طلاق نہیں دی ہے، اس صورت میں اس نے لڑکی سے نکاح کر لیا، پھر ایک ماہ کے بعد لڑکی سابق شوہر کے پاس آگئی، تو اس صورت میں شوہر اول کے لئے کیا صورت ہے؟ بینوا توجروا.

المستفتی: ولی محمد، فقیر پور، کپور کمپنی، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سوال نامہ سے معلوم ہورہا ہے کہ دوسرے شخص کو معلوم تھا کہ زہرہ خاتون زید کی بیوی ہے، تو دوسرے شخص کو زہرہ خاتون کو دوسری جگہ لے جا کر

نکاح کرلینا شرعاً نکاح باطل ہے، وہ زید ہی کی بیوی رہی ہے، اب جب بیوی آگئی ہے، تو زید زن وشوہر کی طرح زندگی گزار سکتے ہیں۔ نیز عدت گذارنا اور نکاح کرنا بھی ضروری نہیں ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كوئٹه ٢/ ٣٨٠، كراچي٣/ ١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/ ٢٧٤، ٥/ ١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢، وهكذا في الهندية، زكريا١/ ٢٨٠، جديد زكريا١/ ٣٤٦، مبسوط دارالكتب العلمية بيروت ٣٠/ ٢٨٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍محرم الحرام ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳؍ ۴۵۳)

منکوحۃ الغیر کا دوسری جگہ شادی کرنا

سوال [٥٦٦٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری شادی کو تقریباً آٹھ سال کا عرصہ ہوگیا، ۶؍سال تک میرے شوہر کی کوئی آمدنی نہیں ہوئی، میں اپنے روپیوں سے اخراجات کرتی رہی، پھر جب ان کی آمدنی ہونے لگی تو آمدنی ہوتے ہی عورتوں سے عشق بازی کرنے لگا، عشق بازی کے پرچے ان کی جیبوں میں بارہا میں نے پائے اور اسی طرح سے مجھ پر جادوٹونہ بھی کیا گیا، اس کی دلیل یہ کہ ہے کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ میرے سر کے بال نوچا ٹونہ کرنے کے لئے اور ننگے ہوکر مسلسل چالیس دن تک اگربتیوں کا جلانا ان کا معمول رہا۔

اب عید کے بعد سے گھر سے غائب ہے اور میرے شوہر کا ایک بھتیجہ جو میری شادی کے شروع ہی دن سے میرے ہی پاس رہتا ہے، اس کے بھی کل اخراجات میں ہی اٹھاتی ہوں، اب مجھے پتہ چلا ہے کہ میرے شوہر جس لڑکی سے پیار کرتے تھے اس سے نکاح

کرلیا ہے، میری عمر اس وقت ۳۴؍سال ہے میں اپنی زندگی کس طرح گذار سکتی ہوں، شوہر سے الگ ہونے کا طریقہ کیا ہوگا؟

میری کوئی اولاد بھی نہیں ہے کہ اس کے سہارے پر زندگی گذاروں، اب میں دوسرا نکاح کرنے کا ارادہ رکھتی ہوں، اس کی کیا شکل ہوگی آیا مجھے عدت گذارنی ہوگی یا نہیں؟

المستفتیه: ثریا محفوظ، لاجپت نگر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر سے شرعی تفریق حاصل کئے بغیر آپ کے لئے دوسری جگہ نکاح کرنا جائز نہیں ہوگا اور ابھی تک آپ اسی شوہر کے نکاح میں ہیں۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته (إلى قوله) لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ. (شامي، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحر الرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢، بدائع الصنائع، كراچي ٢/٢٦٨، زكريا ٢/٥٤٨، دارالكتب العلمية بيروت ٣/٤٥١) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍ذی الحجہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲؍۴۲۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۱۲/۲۱ھ

منکوحۃ الغیر کی کسی دوسرے شخص سے شادی کرنا

سوال [۵۶۶۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرا نام نزاکت حسین ہے، ساکن گڑھی سلیم پور کانٹھ، مرادآباد ۲۱؍مئی ۱۹۹۲ء کو میرا نکاح شرعاً چاند بی بی دختر کلوا ساکن سہسپور ضلع بجنور سے ہوا تھا، میری بیوی سے دو بچے ہیں، میری بیوی کی والدہ سعیداً اور میرے سالے انتظار اور استخار نے پیسوں کے لالچ میں مجھ سے طلاق لئے بغیر میری بیوی کا نکاح بھینسوں والی عمری تھانہ کوتوالی

دیہات ضلع بجنور میں مفیض احمد ولد ادریس احمد سے کردیا تقریباً ڈیڑھ ماہ پہلے میری بیوی میکے رہنے کے لئے گئی تھی، اسی درمیان میری بیوی کا نکاح مجھ سے طلاق لئے بغیر دوسرے سے کردیا فتوی ارسال فرمائیں۔

المستفتی: لیاقت حسین، ساکن گڑھی سلیم پور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: آپ سے طلاق لئے بغیر آپ کی بیوی کا میکے والوں نے مفیض احمد سے جو نکاح کردیا ہے، وہ شرعاً باطل ہے، وہ نکاح نہیں ہوا ہے، اس کے ساتھ حرام کاری اور زنا کاری ہورہی ہے، وہ اب بھی بدستور آپ کی بیوی ہے، آپ کو حق ہے کہ آپ اسے اپنے پاس لاکر بیوی بنا کر رکھیں۔ (مستفاد: امداد الاحکام ۲۵۸/۳، فتاوی دارالعلوم ۴۶۶/۷)

وأما منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۱۳۲/۳، ۵۱۶، شامي، زكريا ۲۷٤/٤، ۱۹۷/٥، البحرالرائق، كوئٹه ١٤٤/٤، زكريا ٢٤٢/٤)

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره، وكذلک المعتدة كذا في السراج الوهاج سواء كانت العدة عن طلاق، أووفاة. (فتاوى عالمگيري، زكريا ۲۸۰/۱ جديد زكريا ۳٤٦/۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۴۸۹/۳۶)

منکوحۃ الغیر اور معتدہ سے نکاح

سوال [۵٦٦٨]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر محمد سمیع فیض کو طلاق دیتا ہے اور فراست یہ چاہتا ہے کہ فیض عدت نہ

گذارے اور میں فیض سے نکاح کرلوں، کیا اس طرح نکاح جائز ہے یا ناجائز؟

المستفتی: محمد شفیق اندرا چوک، مرادآباد

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب تک فیض سمیع کے نکاح میں ہے، فراست کے لئے فیض سے نکاح جائز نہیں؛ بلکہ حرام ہے؛ اس لئے کہ فیض سمیع کی منکوحہ ہے اور منکوحۃ الغیر سے نکاح حرام ہے باطل ہے، فراست اگر فیض سے نکاح کر کے اسی حالت میں اپنے پاس رکھ لے تو ہمیشہ بدکاری اور زناکاری ہوتی رہے گی۔

اسی طرح سمیع کے فیض کو طلاق دینے کے بعد عدت پوری ہونے سے پہلے فراست کے لئے فیض سے نکاح حرام ہے، اگر نکاح کرتا ہے تو نکاح باطل ہوجائے گا اور بیوی بنا کر رکھنا بدکاری اور حرام کاری ہوتی رہے گی۔

وأما نكاح منكوحة الغير (إلى قوله) لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (ردمختار، كراچي ۱۳۲/۳، ۵۱٦، زكريا ٤/۲۷٤، ۱۹۷/۵، البحرالرائق، كوئٹه ٤/۱٤٤، زكريا ٤/۲٤۲، بدائع الصنائع، كراچي ۲/۲٦۸، زكريا ۲/۵٤۸، دارالكتب العلمية بيروت ۳/٤۵۱)

"والمحصنت من النساء" عطف على أمهاتكم يعني حرمت عليكم المحصنت من النساء: أي ذوات الأزواج لا يحل للغير نكاحهن مالم يمت زوجها، أو يطلقها، وتنقضي عدتها من الوفاة، أو الطلاق. (تفسير مظهري ۲/٦٤)

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره، وكذلك المعتدة. (هندية، زكريا ۱/۲۸۰ جديد زكريا ۱/۳٤٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/۱۱۴۷۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۳/۱۳ھ

منکوحۃ الغیر کا دوسرے مرد سے نکاح

سوال [۵٦٦٩]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں بنام علی محمد کشمیر کا رہنے والا ہوں، میں مع اہل وعیال کے ضلع مرادآباد میں سروس کرتا ہوں، واقعہ یہ پیش آیا کہ میں نے اپنی لڑکی مسماۃ خدیجہ بانو کا نکاح کشمیر میں ایک لڑکے مسمیٰ مشتاق احمد کشمیری سے کردیا تھا؛ لیکن میں ایک ضرورت کے تحت کشمیر چلا گیا اور میری اہلیہ یہیں رہ گئی، اسی درمیان میری لڑکی (شادی شدہ) مرادآباد آئی اور میری بیوی نے اس کا دوسرا نکاح ایک دوسرے شخص سے بغیر پہلے شوہر سے طلاق لئے ہوئے کردیا، اب جبکہ میرے علم میں یہ بات آئی ہے، تو صورت مذکورہ میں شرع کے مطابق جواب چاہتا ہوں کہ نکاح ثانی منعقد ہوا کہ نہیں؟

المستفتی: محمد علی، ور پاش تھانہ گانڈربل سری نگر کشمیر

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر اول مسمیٰ مشتاق احمد کشمیری سے طلاق حاصل کئے بغیر آپ کی لڑکی خدیجہ بانو کا دوسرا نکاح شرعاً باطل ہے، ان دونوں کا ساتھ رہنا حرام اور زناکاری ہے، آپ پر اور مسلمانوں پر لازم ہے کہ فوراً دونوں کو علیحدہ کردیں اور لڑکی کو پہلے شوہر کے پاس بھیجدیں ورنہ سب لوگ گنہگار رہوں گے۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱٦، شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢)

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره، وكذلك المعتدة كذا في السراج الوهاج سواء كانت العدة عن طلاق، أووفاة. (فتاوى عالمگيري،

زکریا ۱/ ۲۸۰ جدید زکریا ۱/ ۳٤٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ ذی قعدہ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۵۰۳/۲۵)

منکوحۃ الغیر کے نکاح سے متعلق چند سوالات کے جوابات

سوال [۵٦٧۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ باہر سے آئی ہوئی ایک آوارہ عورت کو کسی شخص نے پکڑ لیا، جب اس سے پوچھا گیا کہ تو کون ہے اور کہاں سے آئی ہے، تب اس نے جواب دیا کہ میں ایک پریشان عورت ہوں، میرا کوئی مددگار نہیں ہے، میں کہیں اپنا ٹھکانہ چاہتی ہوں، جب اس سے پوچھا گیا کہ تیری شادی ہوگئی ہے یا نہیں؟ تو اس نے جواب دیا کہ میری بہن نے ایک ایسے آدمی سے میرا نکاح کرادیا، جس کی ایک ٹانگ پولیوستائی ہوئی ہے، میں یہاں رہ کر کسی دوسرے آدمی سے نکاح کرنا چاہتی ہوں، اب میں اس کے گھر نہیں جاؤں گی پوچھنے پر بھی اس نے یہ نہیں بتایا کہ اس کا نکاح کہاں اور کس کے ساتھ ہوا ہے، تب یہ سوچا کہ نہ جانے یہ کہاں جائے گی ہوسکتا ہے کہ کسی غیر مسلم کے ہاتھ لگ جائے؛ اس لئے اس کا نکاح ایک مسلمان بالغ مرد کے ساتھ پڑھا دیا گیا ہے، آپ بتلائیں کہ اس کا نکاح درست ہے یا نہیں؟

(۲) اس کے علاوہ جن لوگوں نے نکاح پڑھانے میں یا نکاح کے بعد مٹھائی لینے میں یا کھانا کھانے میں شریک ہوئے ان کے لئے کیا حکم ہے؟ اور ایسا نکاح کرنے والوں کے گھر کھانا کھانا یا کھلانا کیسا ہے؟

(۳) جن لوگوں نے اس نکاح میں کسی طرح بھی شرکت کی ان کا نکاح ٹوٹ گیا یا نہیں ان کے لئے شرعی حکم کیا ہے؟

المستفتی: مولانا عتیق احمد بی بی مصطفیٰ پور

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) صورت مسئولہ میں جب تک شوہر اول طلاق نہ دیدے اور عدت طلاق نہ گذر جائے، مذکورہ عورت کے لئے کسی دوسرے شخص سے نکاح کرنا ناجائز اور حرام ہے اور نکاح ثانی باطل ہے اور زوج ثانی کا وطی کرنا زنا ہے، جو شرعاً موجب حد ہے، مذکورہ عورت نے زوج اول سے طلاق حاصل کئے بغیر اور عدت گذارے بغیر دوسرے شخص سے نکاح کرکے گناہ عظیم کا ارتکاب کیا ہے، اگر مذکورہ عورت زوج اول کو پسند نہیں کرتی تو وہ اس سے طلاق یا خلع کے ذریعہ تفریق کراسکتی ہے؛ لیکن بدون طلاق یا تفریق دوسرے شخص سے نکاح ہرگز نہیں ہوسکتا؛ اس لئے عورت پر لازم ہے کہ وہ زوج ثانی سے فوراً علیحدگی اختیار کرے۔

قال في الشامي: أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لايوجب العدة إن علم أنها للغير لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً؛ ولهذا يجب العدة مع العلم بالحرمة لأنه زنا كما في القنية وغيرها. (شامي، زكريا٤ /٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي٣/١٣٢، ٥١٦، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا٤ /٢٤٢)

(۲) جو لوگ نکاح پڑھانے میں یا نکاح کے بعد مٹھائی لینے میں کھانا کھانے میں یا کھانا کھلانے میں شریک ہوئے ہیں وہ سب کے سب عاصی وگنہگار وفاسق ہیں، ان سب پر توبہ واستغفار لازم ہے، ان لوگوں کو چاہئے کہ اس بات کا اعلان کردیں کہ نکاح ثانی صحیح نہیں ہوا، مذکورہ عورت بدستور زوج اول کی بیوی ہے۔ (مستفاد: عزیز الفتاوی۴۶۲/۴۶۳، امداد الاحکام۳/۲۵۸)

(۳) جن لوگوں نے نکاح میں شرکت کی ان کا نکاح بہر حال بدستور باقی ہے، ہاں البتہ اپنے اس عمل سے یہ لوگ شرعاً گنہگار ہیں، جس سے ان پر توبہ واستغفار لازم ہے؛

البتہ جن لوگوں کو پہلی شادی کا علم نہیں تھا، وہ لوگ عاصی اور گنہگار نہیں ہوں گے۔

(مستفاد: عزیز الفتاوی ۲۶۴، امداد الاحکام ۳/ ۲۵۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۷۲۳۶)

منکوحۃ الغیر سے نکاح کے متعلق چند سوالات وجوابات

سوال [۱۷۵۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرا داماد قریب دو سال ہوئے ایک شادی شدہ لڑکی کو بھگا کر لے گیا تھا، جس کا مقدمہ چلا اور وہ چھوٹ گیا، پہلے شوہر نے طلاق نہیں دی تھی، صرف عورت نے جج کے سامنے یہ بیان دیا کہ اب میں نے اس سے نکاح کرلیا ہے اور اب اس کے ساتھ رہوں گی، اس پر شرعاً کیا حکم بنتا ہے؟

(۲) جو اس لڑکے کے رشتے دار رہتے ہیں اور اس لڑکے سے واسطہ رکھے ہوئے ہیں ان پر شرعاً کیا حکم بنتا ہے؟

(۳) میری لڑکی میرے گھر پر ہے اور اس حالت میں اس جگہ جانے کے لئے تیار نہیں ہے اور تین سال کا لڑکا بھی ہے، اب میری لڑکی کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟

(۴) جو شخص یہ کہے کہ شرع کے خلاف کام کرلو، اس پر کیا حکم ہے؟

المستفتی: بدر الدین ولد محمد یسین، باغیچہ سرائے ترین، سنبھل روڈ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) دوسرے کی بیوی کو بہکا کر لے جانا اور اس کے ساتھ بیوی جیسا تعلق رکھنا حرام کاری اور سخت ترین غضب الٰہی مسلط ہونے کا خطرہ ہے اور عدالت میں غیر شوہر سے نکاح ثابت کرنا یا شوہر سے طلاق

حاصل کئے بغیر غیر مرد کا اس سے نکاح کرنا شرعاً باطل ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱٦، شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢)

(۲) جو لوگ مذکورہ ناجائز تعلق رکھنے والے کا ساتھ دیں گے، وہ شرعاً تعاون علی المعصیۃ کی وجہ سے سخت گنہگار ہوں گے۔

وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ. [سورہ مائدہ:۲]

(۳) آپ کی لڑکی کے لئے ایسے شوہر کے ساتھ رہنا جائز ہے، اس سے آپ کی لڑکی گنہگار نہ ہوگی؛ بلکہ شوہر گنہگار ہوگا، ہاں البتہ اگر اب اس شوہر کے ساتھ ازدواجی زندگی گذارنا ناگزیر ہو، تو اس سے طلاق یا خلع وغیرہ کے ذریعہ علیحدگی حاصل کرنا جائز ہوسکتا ہے۔

ولا يجب على الزوج تطليق الفاجرة (تحته في الشامية) ولا عليها تسريح الفاجر إلا إذا خافا أن لا يقيما حدود الله فلا باس أن يتفرقا والفجور يعم الزنا وغيره الخ (شامي، كراچي ٦/٤٢٧، زكريا ٩/٦١١)

(۴) شرع کے خلاف کرنا جائز نہیں ہے اور اس کا حکم کرنے والا سخت گنہگار ہوگا۔

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸؍ ذی قعدہ ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/ ۲۴۶۲)

منکوحۃ الغیر کا شرعی تفریق کے بغیر نکاح

سوال [۵۶۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ خالد نے ہندہ سے نکاح کیا اور میاں بیوی ہو گئے، کچھ دنوں کے بعد میاں بیوی میں جھگڑا ہو گیا اور ہندہ بھاگ کر اپنے میکے چلی گئی، چار سال تک خالد ہندہ کو لینے نہیں گیا، چار سال کے بعد گیا، ہندہ نے ساتھ رہنے سے انکار کر دیا اور کہا مجھے طلاق دیدو، خالد نے طلاق دینے سے انکار کر دیا اور دوسری شادی کر لی اور ہندہ نے بغیر طلاق لئے دوسرے شوہر بکر سے نکاح کر لیا۔ دریافت یہ کرنا ہے کہ بغیر طلاق لئے خالد سے ہندہ کے لئے بکر سے نکاح کرنا درست ہے یا نہیں؟ اسی طرح جو بچہ ہندہ کے پیٹ سے پیدا ہوا حلالی ہے یا حرامی؟ ان دونوں مسئلوں کا جواب دلیل وحوالہ کے ساتھ تحریر فرما دیں۔

المستفتی: محمد ادریس، امام مسجد کاچھی کھیڑی، راج گڑھ (ایم پی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہندہ کا اپنے شوہر خالد سے طلاق لئے بغیر بکر کے ساتھ نکاح کرنا شرعاً باطل ہے اور دونوں کا میاں بیوی جیسا ساتھ میں رہ کر زندگی گذارنا زنا کاری اور بدکاری ہے، اڑوس پڑوس کے لوگوں پر لازم ہے کہ متفق ہو کر ان دونوں میں علیحدگی کروا دیں۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيها لا يوجب العدة إن علم أنها للغير لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً.

(شامي، كراچي ٣/ ١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/ ٢٧٤، ٥/ ١٩٧، البحر الرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢)

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره الخ. (عالمگيري، زكريا ١/ ٢٨٠ جديد زكريا ١/ ٣٤٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ر محرم الحرام ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸ر ۹۸۵۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۹/۱/۱۴۳۱ھ

شرعی تفریق حاصل کئے بغیر منکوحۃ الغیر کا دوسری جگہ نکاح

سوال [۵۶۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہندہ نے اپنی لڑکی جس کی عمر ۱۴؍سال کی تھی، اس کی سسرال کے کچھ لوگوں نے مجبور کیا کہ زید اپنی لڑکی کی شادی اسلم کے ساتھ کردے، سب نے زید کو سمجھا بجھا کر اور سبز باغ دکھا کر زید کی لڑکی کا نکاح اسلم ولد ایوب پاکستانی کے ساتھ کر دیا اور جب یہ لوگ پاکستان جانے لگے تو یہ کہہ گئے کہ ایک سال کے اندر اندر رخصتی کروالیں گے، آج تین سال کا عرصہ گذر چکا ہے، اب زید کی لڑکی کی عمر اٹھارویں سال میں ہے۔

ہندہ کی لڑکی کے نکاح کے موقع پر صرف چار جوڑے کپڑے جو بہت معمولی تھے، وہی دئے تھے، ہندہ کا شوہر بھی ۱۲؍۱۳ سال قبل انتقال کر گیا، اب لڑکی یتیم ہے، ہندہ کے پاس نہ کوئی خط آیا اور نہ کوئی روپیہ خرچہ وغیر آیا، اب ہندہ اپنی لڑکی کو پاکستان نہیں بھیجنا چاہتی ہے، اب کیا شکل علیحدگی کی ہے؟

المستفتیہ: اختر جہاں، محلّہ کولہا رلیح آباد، لکھنؤ

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ۱۴؍سال کی عمر میں لڑکی بالغ ہوچکی تھی اور مذکورہ نکاح پر لڑکی راضی بھی رہی ہے، تو ایسی صورت میں نکاح صحیح ہوچکا ہے، اب اس پاکستانی شوہر سے تفریق حاصل کئے بغیر دوسری جگہ شادی کرنا جائز نہ ہوگا، کسی طرح پاکستانی شوہر سے جدائی حاصل کرلی جائے، اس کے بعد ہی دوسری جگہ شادی ہوسکتی ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير (إلى قوله) لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ. (شامي، کراچي ۳/۱۳۲، ۵۱۶، زکریا ۴/۲۷۴، ۵/۱۹۷،

البحرالرائق، کوئٹہ ۱۴۴/۴، زکریا ۲۴۲/۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱؍صفر المظفر ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۳۲۹/۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۲/۱۱ھ

منکوحۃ الغیر کا دوسرے مرد سے شادی کرنا

سوال [۵۶۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرا نکاح آج سے ۱۹؍سال پہلے مجمل کے ساتھ بلند شہر میں ہوا تھا، میرے پانچ بچے ہیں، چار بیٹی اور ایک بیٹا بڑی بیٹی کی عمر ۱۸؍سال ہے اور سب سے چھوٹی کی عمر ۸؍سال ہے، میرے میاں کی دو بیویاں ہیں، دوسری بیوی بلند شہر میں ہے، آج سے پانچ سال پہلے میرے میاں دوسری بیوی کے پاس بلند شہر چلے گئے تھے، اپنے بچوں کو پالنے کے لئے گھروں میں جا کر کے جھاڑو برتن کا کام کرتی تھی، اسی دوران میری ملاقات ایک شادی شدہ نوجوان سے ہوئی، دو سال تک ہمارا ملنا جلنا چلتا رہا، اس کے بعد ہم دونوں نے نکاح کرلیا، جب میرے میاں کو معلوم ہوا کہ میں نے کسی نوجوان سے نکاح کرلیا ہے، تو وہ مجھے اپنے ساتھ لے جانے کے لئے آئے، جب میں نے جانے سے منع کر دیا، تو وہ بہت روئے، آج تک میرے پہلے میاں نے طلاق نہیں دی ہے اور نہ ہی میرے رشتہ داروں نے ان سے طلاق مانگی؛ کیونکہ وہ طلاق دینے کو منع کرتے ہیں، میرے دوسرے نکاح کرنے سے میری بہنیں اور بھائی ناراض ہیں اس وجہ سے وہ میرے گھر بہت کم آتے ہیں، اس صورت حال میں کیا میرا دوسرا نکاح جائز ہے یا حرام کاری ہورہی ہے، اگر میں غلط ہوں تو آگے میں گناہ سے بچ سکوں اور کوئی غلط کام نہ ہو، اس کے لئے مجھے لکھ کر کے فتویٰ دیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: کسی شخص کے نکاح میں رہتی ہوئی عورت کا

دوسرے مرد سے جو نکاح ہوا ہے، وہ نکاح شرعی طور پر ہوا ہی نہیں ہے اور اب تک اس دوسرے مرد کے ساتھ جو رہنا ہوا ہے، اس میں حرام کاری اور بدکاری ہوتی رہی ہے اور سائلہ اب بھی پہلے مرد کی بیوی ہے اور فوری طور پر اس کے پاس جانا لازم ہے اور اس دوسرے مرد کو چھوڑ دینا بھی لازم ہے ورنہ آخرت کے عذاب عظیم سے دونوں بچ نہیں سکتے اور دنیا میں بھی اس نحوست کے وبال میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلًا.

(شامي، كراچي ٣/ ١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/ ٢٧٤، ٥/ ١٩٧، البحر الرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱ر شعبان المعظم ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/ ۹۶۸۶)

منکوحہ کا تفریق سے قبل دوسرے شخص سے نکاح

سوال [۵۶۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ناصرہ کی شادی اسلام کے ساتھ ہوئی، اس سے ایک لڑکا بھی ہے اور اسلام کا فعل لڑکی کے حساب سے زیادہ غلط ہے، بایں وجہ لڑکی اس کے یہاں نہیں جانا چاہتی ہے اور اسلام طلاق دینا بھی نہیں چاہتا ہے، کیا اس حالت میں لڑکی دوسری شادی کر سکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: اقبال احمد، کندرکی، مراد آباد

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر لڑکی اپنے شوہر اسلام کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی ہے اور دوسری جگہ نکاح کرنا چاہتی ہے، تو لڑکی ناصرہ کو اس وقت تک دوسری

جگہ نکاح کرنے کا اختیار نہ ہوگا، جب تک شوہرا سلام سے شرعی طلاق حاصل نہ کرلے گی یا خلع وغیرہ کے ذریعہ تفریق حاصل نہ کرے گی؛ لہٰذا اگر شوہر سے طلاق حاصل کرنے سے پہلے دوسری جگہ نکاح کرلیتی ہے، تو وہ نکاح صحیح نہ ہوگا اور دوسرے شوہر کے ساتھ رہنا حرام کاری ہوگی۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ . (شامي، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢، وهكذا في الهندية ١/٢٨٠ جديد زكريا ١/٣٤٦، مبسوط دارالكتب العلمية بيروت ٣٠/٢٨٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍ربیع الاول ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸؍۳۱۰۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰؍۳؍۱۴۱۳ھ

منکوحۃ الغیر سے نکاح اوراس کی دعوت قبول کرنے کا حکم

سوال [٥٦٧٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے ایک ایسی عورت سے نکاح کیا، جس کا پہلا شوہر زندہ ہے اور اس نے اس عورت کو ابھی تک طلاق نہیں دیا، جیسا کہ بزرگوں نے بتایا ہے، ایسی حالت میں نکاح حرام ہوتا ہے اوراس عورت کے شکم سے دوسرے شوہر سے بچے بھی پیدا ہوئے ہیں اور اس شخص کے ماں، باپ، بھائی وغیرہ بھی اس کیساتھ زنا کرنے سے خوش ہیں، کیا اس سے اور اس کے ماں باپ بھائی وغیرہ سے بولنا جائز ہے یا نہیں؟

(۲) کیا اس شخص اوراس کے ماں باپ، بھائی کے یہاں کھانا پینا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد خالد

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر غیر آدمی کی بیوی جانتے ہوئے بغیر طلاق وعدت کے اس سے نکاح کیا ہے، تو نکاح بالکل باطل ہے، شوہر اول ہی کی بیوی ہے پہلے شوہر کو ہر وقت لے جانے کا حق ہے عدت ضروری نہیں اور اگر علم نہ تھا تو نکاح فاسد ہے، اب بھی فوراً علیحدگی ضروری ہے؛ لیکن شوہر اول کے یہاں عدت گذار کر جانا ہوگا۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً، قال فعلى هذا يفرق بين فاسد وباطله. (شامي، كوئٹه ٢/ ٣٨٠، كراچي ٣/ ١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/ ٢٧٤، ٥/ ١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢)

(۲) ان کے یہاں سے خورد ونوش وغیرہ میل جول توبہ کر کے باز نہ آنے تک ختم کر دینا ضروری ہے، اگر عورت کو علیحدہ کر کے توبہ واستغفار کرلیں، تو پھر معاشرہ بحال رکھا جائے۔

قال الله تعالىٰ: وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ. [هود: ١١٣] (فتاوى احياء العلوم ٨٦/٧٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵ صفر المظفر ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳/ ۴۹۴)

کیا منکوحۃ الغیر سے نکاح منعقد ہی نہیں ہوتا

سوال [۵۶۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ آسیہ کا نکاح عبد اللہ سے ہوا اور چند اولاد بھی ہیں، آسیہ عبد اللہ کی منکوحہ بیوی ہوتے ہوئے ایک شادی شدہ مرد یعنی زید سے نکاح کر کے ایک ساتھ رہ رہے ہیں اور اس سے ایک لڑکی بھی ہوگئی ہے، اس کے بعد آسیہ کے شوہر اول عبد اللہ کا انتقال ہوگیا۔

اب دریافت یہ کرنا ہے کہ آسیہ اور زید کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اب بھی یہ دونوں ایک ساتھ زندگی گذارنا چاہتے ہیں، کچھ علماء کہتے ہیں کہ زید اور آسیہ کے درمیان تجدید نکاح کی کوئی ضرورت نہیں نیز شوہر ثانی زید سے جو ایک لڑکی پیدا ہوئی ہے اس کا نسب کس سے ہوگا؟ فی الحال آپ حضرات کے جواب کے انتظار میں ہیں۔

المستفتی: عبداللہ، کمل پور، ڈھلائی، تریپورہ، ہند

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عبداللہ کے نکاح میں رہتے ہوئے آسیہ کا زید سے جسمانی تعلق قائم کرنا سخت ترین گناہ اور انتہائی قابل مذمت فعل ہے اور ان دونوں میں فوری طور پر تفریق اور ندامت کے ساتھ توبہ اور استغفار لازم ہے۔

اب حسب تحریر سوال چونکہ شوہر عبداللہ کا انتقال ہو چکا ہے، تو اس کی عدت چار ماہ دس دن گذرنے کے بعد آسیہ اور زید آپس میں نکاح کر کے باعفت زندگی گذار سکتے ہیں، جو پہلے نکاح کیا تھا اس کا شرعاً کوئی اعتبار نہیں، اور رہ گئی اس دوران پیدا شدہ بچی کے نسب کی بات تو اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر زید کو آسیہ سے تعلق کرتے وقت یہ بات معلوم تھی کہ وہ عبداللہ کی منکوحہ ہے، تو اس بچی کا نسب زید سے نہیں؛ بلکہ شوہر اول عبداللہ ہی سے ثابت ہوگا اور اگر زید کو عبداللہ کی منکوحہ ہونے کی خبر نہیں تھی گویا اس کو دھوکہ دے کر نکاح کیا گیا، تو اس صورت میں یہ وطی بالشبہ کے درجہ میں ہوگی اور بچی کا نسب زید سے ثابت ہوگا۔

ولو تزوج بمنكوحة الغير وهو لا يعلم أنها منكوحة الغير فوطئها تجب العدة، وإن كان يعلم أنها منكوحة الغير لا تجب حتى لا يحرم على الزوج وطؤها. (هندية، زكريا ١/ ٢٨٠ جديد زكريا ١/ ٣٤٦)

الأصل في هذا أن كل امرأة.... إلا إذا علم يقيناً أنه منه وهو أن يجيء لأقل من ستة أشهر، وكل امرأة وجبت عليها العدة، فإن نسب ولدها يثبت من الزوج الخ (هندية، زكريا ١/ ٥٣٧ جديد زكريا ١/ ٥٣٧)

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰؍ربیع الاول ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸؍ ۶۹۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۳/۱۰ھ

کیا منکوحۃ الغیر سے نکاح کرنا حرام ہے؟

سوال [۵۶۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں سید نوشاد علی ولد سید راشد علی کا نکاح صائمہ بیگم بنت سید محمد اظہر علی محلّہ کوٹ غربی، انار والی مسجد سنبھل کے ہمراہ ۱۴؍مارچ ۲۰۰۰ء کو ہوا تھا، ہم میاں بیوی خوش وخرم رہ رہے تھے، ہمارا ابھی کوئی تنازع نہیں ہے اور نہ ہی ہم نے اپنی بیوی صائمہ بیگم کو کوئی طلاق دی ہے، ہماری بیوی ایک سیدھی سادی عورت ہے، ہماری ساس نہایت تیز طرار ہیں، وہ اور ہمارے سالے ہمارا گھر بگاڑنے پر آمادہ ہیں اور میری بیوی کا نکاح زبردستی کسی دوسرے سے کرنا چاہتے ہیں اوراس ارادہ سے میری ساس اور میرے سالے میری بیوی اور میرے دو لڑکوں کو زبردستی لے کر ممبئی چلے گئے ہیں۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ میرے طلاق دیئے بغیر میری بیوی کا نکاح دوسرے شخص کے ساتھ کسی بھی صورت میں ہوسکتا ہے۔ نیز میں نے چند معزز افراد کو لے کر اس کے متعلق سالے سے گفتگو کی قرآن کا حوالہ دیا، تو وہ بدتمیزی سے پیش آئے اور کہا کہ ہم قرآن کی بات نہیں مانتے ہیں، ہم اس کا دوسری جگہ نکاح کریں گے۔

نیز جو قرآن کی بات کا منکر ہو اس کا کیا حکم ہے؟ اوراس کے گواہ حاجی محمد اقبال مجیب الرحمٰن ببوخاں وغیرہ ہیں جواب دے کر ممنون فرمائیں۔

المستفتی: سید نوشاد علی، سرائے کشن لال، مرادآباد

دارالافتاء جامع الہدیٰ کا جواب

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: شوہر سے طلاق حاصل کئے بغیر لڑکی کا نکاح کسی دوسرے شخص سے کرنا بالکل جائز نہیں ہے، اگر کردیا تو حرام ہے، زوجین کے مرتکب زنا ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، زكريا ٥/١٩٧، ٤/٢٧٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: محمد لقمان القاسمی عفا اللہ عنہ
دارالعلوم جامع الہدیٰ، مرادآباد
۱۳؍رجب ۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: عبدالرؤف قاسمی غفرلہ
مفتی دارالعلوم جامع الہدیٰ، مرادآباد
۱۳؍رجب ۱۴۲۵ھ

دارالافتاء مدرسہ شاہی کا جواب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: صائمہ بیگم کے شوہر نوشادعلی نے جب اپنی بیوی کو کسی قسم کی طلاق نہیں دی ہے یا شرعی تفریق نہیں ہوئی، تو صائمہ بیگم بدستور نوشادعلی کے نکاح میں باقی ہے، اس حالت میں کسی دوسرے شخص کے ساتھ اس کا نکاح قطعاً حرام اور باطل ہے اور دوسرے شخص کے ساتھ بدکاری اور زناکاری ہوتی رہے گی، اولاد بدکاری کی سمجھی جائے گی۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته......لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، زكريا ٥/١٩٧، ٤/٢٧٤، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢) نوشادعلی کے سالے کا یہ کہنا کہ میں قرآن کی بات نہیں مانتا (العیاذ باللہ) یہ کفریہ کلمہ ہے، اس کے اوپر تجدید ایمان اور توبہ کرنا لازم اور واجب ہے۔

إذا أنكر الرجل آية من القرآن أو تسخر بآية من القرآن اوفي الخزانية: أو عاب كفر. (هندیه زکریا ۲/ ۲۶۶، جدید زکریا ۲/ ۲۷۹)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍ رجب المرجب ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷؍ ۸۴۸۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴؍ ۷؍ ۱۴۲۵ھ

منکوحۃ الغیر سے قصداً نکاح کرنا

سوال [۵۶۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ فیروزہ کا نکاح جناب بابو کے ساتھ ہوا تھا، اتفاق سے فیروزہ اپنی بہن رئیسہ کے یہاں اپنے بھانجے کی ختنہ کی تقریب میں گئی تھی کہ وہاں اس کے بہنوئی پیر بخش نے فیروزہ کا نکاح اپنے بہنوئی سلیم سے زبردستی کرا دیا اور پھر فیروزہ وہیں رہنے لگی، پھر فیروزہ ۱۲؍۱۳؍ سال کے عرصہ کے بعد وہاں سے شوہر اول جناب بابو کے پاس آ گئی، اس دوران شوہر ثانی سے کئی بچے بھی پیدا ہو چکے ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ فیروزہ شوہر اول جناب بابو کے نکاح میں باقی ہے یا نہیں جبکہ اس نے فیروزہ کو طلاق بھی نہیں دی تھی یا محض اس دوسرے زبردستی نکاح سے جناب بابو کے نکاح سے باہر ہوگئی؟ اور اب اس کو اپنے پاس رکھنے سے گنہگار تو نہیں ہوگا؟ شریعت کے مطابق جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: بلا ط حسین، چندوسی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر شوہر اول بابو نے فیروزہ کو طلاق نہیں دی تھی اور نہ ہی دونوں کے درمیان شرعی تفریق ہوئی تھی اور سلیم کو اس کا علم بھی تھا کہ بابو نے فیروزہ کو

طلاق نہیں دی ہے، تو سلیم کے ساتھ فیروزہ کا جو نکاح ہوا تھا وہ شرعاً باطل تھا، ساتھ کی زندگی حرام کاری کی رہی ہے۔ فیروزہ شرعاً بابو کی ہی بیوی ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/ ۱۳۲، ۵۱۶، زكريا ٤/ ۲۷٤، ٥/ ۱۹۷، البحر الرائق، كوئٹه ٤/ ۱٤٤، زكريا ديوبند ٤/ ۲٤۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰ر جمادی الاولیٰ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/ ۱۲۲۹)

منکوحۃ الغیر کا نکاح

سوال [۵۶۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ آمنہ خاتون کی شادی ایک لڑکے کے ساتھ ہوئی تھی، شادی کے بعد میاں بیوی کے درمیان کسی بات پر ناراضگی ہوگئی، آمنہ کا شوہر ناراض ہوکر دہلی چلا گیا اور دہلی گئے ہوئے پانچ سال گذر گئے، لڑکا لڑکی کو بلانے کے لئے بھی نہیں آیا، اس دوران لڑکی نے دوسرے لڑکے سے محبت کر لی اور لڑکا لڑکی دونوں اپنے اپنے گھروں سے بھاگ گئے، لڑکی کے ماں باپ کو جب پتہ چلا تو پھر آمنہ کے شوہر کو اطلاع دی، مگر وہ پھر بھی بلانے نہیں آیا آمنہ غیر آدمی کے ساتھ رہنے لگی بغیر نکاح کے اور اس مرد سے تین بچے بھی بغیر نکاح کئے ہو چکے ہیں؛ جبکہ آمنہ کے شوہر نے اس کو طلاق بھی نہیں دی تھی، آیا جس مرد کے ساتھ رہ رہی ہے بغیر شوہر کے طلاق دیئے نکاح جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: جمیل احمد، دلپت پور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شوہر کے طلاق دئے بغیر دوسرے لڑکے سے نکاح

کرنا یا بغیر نکاح کے رہنا مطلقاً حرام اور صریح زنا ہے، آمنہ بدستور شوہر کے نکاح ہی میں ہے۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۱۳۲/۳، ۵۱۶، زكريا ۲۷۴/٤، ۱۹۷/۵، البحرالرائق، كوئٹه ۱٤٤/٤، زكريا ۲٤۲/٤)

دوسرے لڑکے کے ساتھ رہتے ہوئے، آمنہ سے جو بچے پیدا ہوئے ان کا نسب شوہر ہی سے ثابت ہوگا۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۴۵۳/۵)

عن عائشة رضي الله عنها، قالت: قال النبي صلى الله عليه وسلم: الولد للفراش، وللعاهر الحجر. (بخاري شريف، كتاب البيوع ۲۷۶/۱، رقم:۲۰۰۷)

والولد لصاحب الفراش لاينتفي عنه أبداً بدعوىٰ غيره ولا بوجه من الوجوه إلا باللعان. (أوجز المسالك، كتاب الاقضية قديم ۳۰۱/۵، فيض الباري، كتاب البيوع، باب تفسير المتشابهات ۱۸۹/۳، بدائع الصنائع، كتاب النكاح، باب ثبوت النسب، زكريا ۲۳۸/۵، كراچي ۳۳۱/۲، ۶۰۷/۳، مطبع بيروت العالمگيرية، كتاب الطلاق، للباب الخامس عشر في ثبوت النسب، زكريا ۵۳۶/۱ جديد زكريا ۵۹۱/۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۵۹۱/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/۴/۱۴۲۳ھ

منکوحۃ الغیر کا نکاح کرنا

سوال [۵۶۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا کہنا ہے کہ ایک لڑکی نابالغہ کا نکاح ہوا، لڑکی کے والد نے نکاح کی اجازت دی، گواہوں کے سامنے حاضرین مجلس میں نکاح ہوا اور پہلے والے شوہر کے طلاق دیئے بغیر اسی لڑکی کا نکاح دوسری جگہ کر دیا، تو دوسرا نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟

جس شخص نے دوسرا نکاح پڑھایا اسے بھی معلوم تھا کہ لڑکی کو پہلی جگہ سے ابھی طلاق نہیں ہوئی، تو نکاح ثانی پڑھانے والے کے پیچھے نماز ہوگی؟

المستفتی: محمد حسن فتحپور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دوسرا نکاح شرعی طور پر منعقد نہیں ہوا، دوسرے کے ساتھ رہنا اس لڑکی پر حرام ہے؛ بلکہ وہ پہلے شوہر کی بیوی ہے۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱٦، زكريا ٤/۲۷٤، ۵/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ٤/۱٤٤، زكريا ٤/۲٤۲)

اگر نکاح خواں کو پوری طرح معلوم نہیں رہا ہے، تو اس پر کوئی گناہ نہیں اور اگر جان بوجھ کر بالقصد نکاح پڑھایا ہے، تو اس پر توبہ کرنا لازم ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ. [المائدہ: ۲] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ذی الحجہ ۱۴۱٦ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۵۷۲)

شرعی تفریق حاصل کئے بغیر منکوحہ کا دوسری جگہ نکاح

سوال [۵٦۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی نفیسہ کا نکاح جمیل احمد کے ساتھ ہوا تھا بعد میں نفیسہ کی ماں نے ایک دوسرے شخص (چھوٹے) سے نکاح کرادیا، اب لڑکی نفیسہ اپنے پہلے شوہر کے پاس جانا چاہتی ہے، تو کیا شرعاً اس کا پہلا نکاح باقی ہے اور پہلے شوہر کے ساتھ رہ سکتی ہے؟

المستفتی: محمد دلبر، ساہونگلہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مستفتی سے زبانی معلوم ہوا کہ پہلا نکاح شریعت کے مطابق ہوکر لڑکی کئی سال تک اس شوہر کے ساتھ رہ چکی ہے اور اس سے طلاق حاصل کئے بغیر دوسرے سے نکاح ہوا ہے، ایسی صورت میں دوسرا نکاح شرعاً باطل اور فاسد ہے، دوسرے کے ساتھ رہنا لڑکی کے لئے حرام کاری ہوگی، وہ پہلے شوہر کی بیوی ہے، اس کو پہلے ہی شوہر کے ساتھ رہنا لازم ہے اور پہلے کے پاس جانے کے لئے دوبارہ نکاح وغیرہ کی بھی ضرورت نہیں۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/ ۱۳۲، ۵۱٦، زكريا ديوبند ٤/ ۲۷٤، ۵/ ۱۹۷، البحر الرائق، كوئٹه ٤/ ۱٤٤، زكريا ٤/ ۲٤۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷ ذی الحجہ ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۵٦۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱٦/۱۲/۲۷ھ

منکوحۃ الغیر کی دوسرے سے شادی اور اولاد کا حکم

سوال [۵٦۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شوہر نے طلاق نہیں دی، بیوی نے دوسرے شوہر سے نکاح کرلیا، دوسرے شوہر کے پاس دس سال سے ہے اور اس دوران دوسرے شوہر سے تین بچے ہوئے، ان بچوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اور اس بیوی کے بارے میں کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد نوشاد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بشرط صحت سوال شوہر سے طلاق حاصل کئے

بغیر دوسرے مرد سے کیا ہوا نکاح شرعاً منعقد و نافذ نہیں ہوا، اب تک اس کے ساتھ رہنا حرام کاری وزنا کاری ہوئی اور اس سے پیدا شدہ بچے بھی حرام کی اولاد ہیں، بااثر لوگوں کو چاہئے کہ دونوں کے درمیان تفریق کراکر پہلے شوہر کے یہاں بھیجدیں یا پہلے شوہر سے طلاق حاصل کرلیں، اس کے بعد دوسرے سے نکاح جائز ہوسکتا ہے۔

أما نكاح منكوحة الغير - لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً.

(شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، البحرالرائق، کوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱ / ربیع الاول ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۷۰۸۲)

منکوحۃ الغیر سے نکاح اور اولاد کا حکم

سوال [۵۶۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی بیوی ایک غیر مسلم مرد کے ساتھ بھاگ کر چلی گئی، جس غیر مسلم کے ساتھ بھاگی تھی وہ مسلمان ہوگیا اور زید کی بیوی سے نکاح کرلیا؛ حالانکہ زید نے اپنی بیوی کو طلاق نہیں دی، تو اس نومسلم کا نکاح اس عورت سے صحیح ہوگا یا نہیں؟ اور جو لڑکے یا لڑکیاں اس نومسلم کے نکاح کے بعد اس عورت سے پیدا ہوئیں ان سے شادی کرنا صحیح ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد الیاس، سیتاپوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نومسلم نے جو زید کی عورت سے منکوحہ ہونے کی حالت میں نکاح کیا ہے جائز نہیں اور نہ ہی نکاح منعقد ہوا اس صورت میں اس سے جو بچے پیدا ہوئے، ولدالزنا کہلائیں گے اور دونوں کا اس طرح زندگی گذارنا حرام کاری ہے؛ البتہ

اس حرام کاری میں بچوں کا کوئی دخل نہیں ہے؛ لہٰذا ان کے ساتھ شرعی طور پر نکاح کرنا جائز اور درست ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۹/۱۱۶، ۷/۲۰۳، احسن الفتاوی ۵/۱۶)

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، البحر الرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢)

ويحل لأصول الزاني و فروعه أصول المزني بها وفروعها. (شامي، زكريا ٤/١٠٧، كراچي ٣/٣٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۵/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۰ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۲۲۴)	۲۵/۶/۱۴۲۰ھ

منکوحۃ الغیر کے دوسرے سے نکاح کے بعد مہر اور پیدا شدہ بچہ کا حکم

سوال [۵۶۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ خادم کا نکاح مسماۃ مزمل جہاں سے ۴/ اکتوبر ۱۹۸۳ء کو ہوا تھا، اس کے متعلق شریعت کی روشنی میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات کی درخواست ہے تاکہ عمل کرسکوں۔

(۱) مزمل جہاں سے میرے پانچ بچے ہوشیار ہیں، بڑی لڑکی ۱۷/ سال کی ہے، ۲۹/ نومبر ۱۹۹۹ء کو دوسرا نکاح میرے بغیر علم میں لائے ہوئے اور طلاق لئے بغیر بیوی نے کرلیا ہے، تو اب وہ میرے نکاح میں رہے گی؟

(۲) مجھے اس کو طلاق دیدینا چاہئے یا نہیں؟

(۳) اس کے نکاح میں دس ہزار دین مہر کل معجّل بصورت مکان رجسٹری شدہ 278-7/3 اس حالت میں دینا چاہئے یا نہیں؟

(۴)اس کے نکاح کرنے سے جواب تین لڑکیاں پیدا ہوئی ہیں، وہ اس حالت میں جائز ہیں یا ناجائز؟

المستفتی: زاہد حسین ولد حامد حسین، سنبھلی گیٹ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب شوہر زاہد حسین نے اپنی بیوی مزمل جہاں کو نہ طلاق دی ہے اور نہ کسی طرح سے شرعی تفریق اختیار کرکے اپنے نکاح سے الگ کیا ہے، جیسا کہ سوال نامہ سے واضح ہے، تو مزمل جہاں اپنے اصل شوہر زاہد حسین ولد حامد حسین کے نکاح میں بدستور باقی ہے، شرعی طور پر زاہد حسین ہی کی بیوی ہے؛ اس لئے مزمل جہاں کا اصل شوہر کی موجودگی میں دوسرے مرد سے نکاح کرنا شرعی طور پر جائز نہیں ہے اور دوسرے مرد کے ساتھ نکاح کرکے رہنا بدکاری اور زناکاری کی زندگی ہے اور جو اولاد ہوگی وہ بدکاری اور حرامی کی اولاد ہوگی؛ لہٰذا مزمل جہاں کے لئے اس دوسرے مرد سے بات چیت میل جول سب قطعی طور پر ناجائز اور حرام ہے، اصل شوہر زاہد حسین کے ساتھ بیوی بن کر رہنا لازم ہے، ایسے حالات میں شوہر سے مکان کا مطالبہ کرنے کی بھی اجازت نہیں ہے اور نہ شوہر سے مہر کا مطالبہ کرنے کی اجازت ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. قال فعلى هذا يفرق بين فاسد وباطل في العدة؛ ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة؛ لأنه زنا كما في القنية وغيرها. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱۶، زكريا ۴/۲۷۴، ۵/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ۴/۱۴۴، زكريا ۴/۲۴۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹؍شوال المکرم ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/۸۱۴۸)

منکوحۃ الغیر سے نکاح اور اس سے پیدا شدہ بچہ کا نسب

سوال [۵٦٨٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ امیر جہاں کی شادی منجار احمد سے ہوئی، تین چار ماہ اس کے پاس رہی، پھر آپس میں نزاع ہوگیا اور پہلے شوہر سے طلاق حاصل کئے بغیر دوسرے سلیم احمد سے نکاح کرلیا، سلیم احمد سے دو بچے بھی ہیں، اب منجار احمد نے بھی طلاق دیدی ہے، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ سلیم احمد سے نکاح صحیح ہوا تھا یا نہیں اور بچوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اب دوبارہ نکاح ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: سلیم احمد اسلام نگر بدایوں

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: امیر جہاں کا شوہر منجار احمد سے طلاق لئے بغیر دوسرے مرد سلیم احمد سے نکاح ناجائز اور صریح زنا ہے، امیر جہاں بدستور شوہر منجار احمد کے نکاح ہی میں ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ۷/ ۳۷۷)

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ٣/ ١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/ ٢٧٤، ٥/ ١٩٧، البحر الرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢)

اور دوسرے مرد سلیم احمد سے جو بچے پیدا ہوئے ہیں، ان کا نسب شوہر منجار احمد ہی سے ثابت ہوگا اور وہ منجار احمد ہی کی اولاد شمار ہوگی؛ جبکہ منجار احمد کی طرف سے اس سلسلہ میں کوئی انکار اور ردِ عمل نہ ہو۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۵/ ۴۵۳)

عن عائشة رضي الله عنها، قالت: ...... قال النبي صلى الله عليه وسلم: الولد للفراش وللعاهر الحجر الحديث. (بخاري شريف، كتاب البيوع، باب تفسير المشتبهات، النسخة الهندية ١/ ٢٧٦، رقم: ٢٠٠٧، ف: ٢٠٥٣)

والولد لصاحب الفراش لاينتفي عنه أبداً بدعوىٰ غيره ولابوجه من الوجوه إلا باللعان. (أوجز المسالك قديم۱/ ۵۳۶)

منجار احمد کے طلاق دینے کے بعداب اگر سلیم احمد کے پاس رہنا چاہے، تو باضابطہ عدت گذارنے کے بعد شرعی طریقہ سے سلیم احمد کے ساتھ نکاح ہونا لازم ہے' نکاح کے بغیر سلیم احمد کے ساتھ رہنا زنا کاری اورحرام کاری ہوگی، جیسا کہ اب تک کی زندگی اس کے ساتھ زنا کاری میں گذری۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶/ ۷۶۴۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۵/۱۶ھ

منکوحۂ غیر کو اپنے پاس رکھنا

سوال [۵۶۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے ایک اجنبیہ خالدہ سے اس کی سسرال سے واپسی کے بعد میکے آنے پر اس سے زنا کاری کی اوراجنبیہ منکوحہ خالدہ کا شوہر خلوت صحیحہ بھی کر چکا تھا، اب پھر دوبارہ خالدہ اپنے شوہر کے گھر گئی، پھر وہاں سے اپنے میکے آئی تو اس کے حمل ظاہر ہوا، حمل ظاہر ہونے کے بعد زید نے یہ کہا کہ یہ حمل میرا ہے، اور میں اس سے شادی کروں گا؛ حالانکہ خالدہ کے شوہر نے ابھی تک خالدہ کو طلاق نہیں دی، اب خالدہ کے رشتہ داروں نے خالدہ کو زید کے گھر رکھوادیا اوراب شوہر کے طلاق کے بعد اپنے گھر رکھ سکتا ہے یا نہیں؟ اور یہ حمل کس کا ہوگا زید کا یا شوہر کا؟ بینوا توجروا.

المستفتی: محمد رستم علی، مدرسہ اسلامیہ جامع مسجد امروہہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر کی طلاق یا شرعی تفریق اورعدت کے بغیر

نکاح باطل ہے، یوں ہی رکھ لینا زنا کاری اور غضبِ الٰہی کا سخت خطرہ ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته (إلى قوله) لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱۶، زكريا ۴/۲۷۴، ۵/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹہ ۴/۱۴۴، زكريا ۴/۲۴۲، كذا في الهندية ۱/۲۸۰)

حمل شرعاً شوہر ہی کا ہے۔

عن عائشة رضي الله عنها، قالت: ...... قال النبي صلى الله عليه وسلم: الولد للفراش، وللعاهر الحجر. (صحيح البخاري، كتاب البيوع، باب تفسير المشتبهات، النسخة الهندية ۱/۲۷۶، رقم: ۲۰۰۷، ف: ۲۰۵۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱؍ذی قعدہ ۱۴۰۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳؍۳۲۱)

دوسرے کی بیوی کو اغوا کرکے نکاح کرنا

سوال [۵۶۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے ایک عورت کا اغوا کیا ہے اور اس کے ساتھ نکاح کرلیا ہے، معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ وہ عورت زید کے ساتھ اغوا ہونے سے قبل تین جگہ نکاح کرچکی ہے اور ہر جگہ سے دوسری جگہ بھاگنے کی صورت میں سرکاری عدالت میں جاکر کورٹ میرج کرالی ہے۔ بہرحال اس وقت وہ زید کے نکاح میں ہے؛ جبکہ زید سے پہلے شوہر محمد انتخاب کے نکاح میں تھی؛ جبکہ رسید بھی نکاح کی موجود ہے اور خود محمد انتخاب بھی موجود ہے اور انتخاب سے اسی عورت کے بطن سے تین بچے بھی ہیں، برادری کی پنچایت نے زید پر زور ڈالا کہ یہ عورت تیرے لئے حلال نہیں حرام ہے؛ لہٰذا اس کو چھوڑ دے، زید نے چھوڑنے سے انکار کردیا، پنچایت نے پھر زور ڈالا تو زید نے بھری پنچایت میں

یوں کہا کہ میں ہندو ہوجاؤں گا کافر ہوجاؤں گا، ایمان بدل دوں گا، مذہب بدل دوں گا، مگراس کونہیں چھوڑوں گا۔

اب اس حال میں زید کی پہلی بیوی جوابھی تک زید کے نکاح میں تھی، اس کے نکاح میں تو کوئی نقص نہیں آیا؟ اگرنقص آیا ہے، تو پھراس کے نکاح کی تجدید کس طرح کریں یاعدت گذارے یا حلالہ کرے، بکر کا کہنا ہے کہ زید نے کافر ہونے کوکہا ہے کافر ہوا تونہیں؟ تواس حال میں اس کی پہلی بیوی کے نکاح میں کیانقص ہوسکتا ہے؟ مگراس کے ساتھ ہی عبدالقدیرکا بیان ہے کہ اس طرح بھری پنچایت میں زید ظاہراً نہیں کہہ سکتا؛ جبکہ اسے حرام کام سے باز رہنے کوکہا ہے اوراس عورت کوچھوڑنے کے لئے تیارنہیں؛ اس لئے ظاہراً نہیں بلکہ باطنی طور پرہی کہا ہے، ان سارے حالات میں زید کی بیوی کے ساتھ کیا عمل کریں؟ اورایک بات بکر کی یہ ہے کہ زید بھی کافراور پوری پنچایت کافر اور پنچایت والوں کا نکاح بھی فسخ ہوگیا۔

المستفتی: حاجی قمرالدین، موضع: لکڑاا پرولہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زیدنے انتخاب کی بیوی بھگا کرلے جاکرجو نکاح کیاہے، وہ شرعی طورپرنکاح نہیں ہوا، زید کے لئے اس عورت کو بیوی بنا کررکھنا زنا کاری ہے، علاقہ کے بااثرلوگوں پرلازم ہے کہ فوراً زید سے اس عورت کوالگ کردیں۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقدأصلاًالخ. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱۶، زكريا ۴/۲۷۴، ۵/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ۴/۱۴۴، زكريا۴/۲۴۲)

اس عبارت سے واضح ہوگیا کہ وہ انتخاب ہی کی بیوی ہے، علاقہ کے لوگ اس عورت کوفوراً زید سے الگ کرکے انتخاب کے حوالہ کردیں اورزید کاحرام کام اورزنا کاری کواسلام وایمان پرترجیح دیکر کافر ہونے کوکہنا سخت خطرناک بات اورموجب کفر ہے فوراً

توبہ کرلینی چاہئے اور تجدید ایمان بھی کرلینا چاہئے اور پہلی بیوی جو جائز طور پر زید کے نکاح میں ہے اس کے ساتھ بھی تجدید نکاح کرلے۔

ومافيه خلاف يؤمر بالاستغفار، والتوبة، وتجديد النكاح الخ.

(شامي، كراچي ٤/٢٤٧، زكريا٦/ ٣٩٠، ٣٩١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٢١ / رجب المرجب ١٤١٥ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٣١/ ٤١٢٦)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
٢١/ ٧/ ١٤١٥ھ

منکوحہ کی اجازت کے بغیر چوری چھپے دوسرے مرد سے نکاح کردینے کا حکم

سوال [٥٦٨٩]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زوجین میں اختلاف کسی قریبی واہم رشتہ دار کے گھر جانے کے بابت ہوا، جس پر اس کے شوہر نے اس کی پٹائی کی اور اس کے والدین اپنی صاحب زادی کو بطور نصیحت گھر لے آئے، چند ایام گذرے تھے کہ لڑکے والے مقدمہ کے لئے تیار ہوگئے، اس معلومات پر لڑکی والوں نے پہل کردی، تقریباً ایک سال کے بعد بغیر لڑکی کی اجازت کے مخصوص معزز حضرات وناکح جنہوں نے پہلے نکاح میں شرکت کی تھی، ان لوگوں نے خفیہ وچوری سے رات کی تاریکی میں دوسرے گاؤں میں نکاح کردیا، اول وثانی نکاح کا قاضی بھی ایک رہا؛ جبکہ وہ لڑکی اسی شوہر کے نکاح میں ہے، اگر صلح کرلی جائے تو لڑکی کا گذر بسر شرعاً کیسے ہوگا؟ اگر نہیں تو فسخ نکاح کی کوئی ایسی سبیل بتائیں جس سے اس کا نکاح دوسرے سے کیا جاسکے؟ وضاحت فرمائیں اور ان معزز حضرات وناکح کا فعل شرعاً کیسا ہے؟

المستفتی: محمد اسرار انصاری، قصبہ: گولا، کھیری (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب تک پہلے شوہر سے باضابطہ صراحت کے

ساتھ طلاق لے کر کے عدت نہ گذر جائے، اس وقت تک لڑکی کا نکاح کسی بھی دوسرے مرد کے ساتھ صحیح نہیں ہوگا، لہٰذا جن لوگوں نے لڑکی کی اجازت کے بغیر دوسری جگہ نکاح کردیا ہے وہ نکاح درست نہیں ہوا؛ اگر لڑکی نے اجازت دیدی ہوتی تب بھی یہ نکاح منعقد نہیں ہوتا؛ اس لئے کہ وہ بدستور پہلے شوہر کی بیوی ہے اور جن لوگوں نے لڑکی کے دوسرے نکاح میں شرکت کی ہے، وہ سب گنہگار رہوں گے، ان کوتوبہ کرنا لازم ہے۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي٣/١٣٢، ٥١٦، البحر الرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا٤/٢٤٢)

لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره، وكذلك المعتدة. (فتاوى عالمگيري، زكريا١/ ٢٨٠ جديد زكريا١/٣٤٦)

اوراگر سوال نامہ کا مطلب یہ ہے کہ لڑکے نے دوسری جگہ خفیہ طور پر دوسری لڑکی سے نکاح کیا ہے، جس میں پہلے نکاح میں شرکت کرنے والوں نے شرکت کی ہے، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے؛ کیونکہ مرد کے لئے پہلی بیوی کے نکاح میں موجود ہوتے ہوئے دوسرا نکاح کرنا جائز اور درست ہے۔

فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنَى وَثُلاثَ وَرُبَاعَ. [النساء:٣]

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱؍صفر المظفر ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۰۹۶۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/۲/۱۴۳۴ھ

شادی شدہ عورت کا نامحرم مرد کے ساتھ بھاگ جانا

سوال [۵۶۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ایک شادی شدہ عورت اپنے شوہر اور بچوں کو چھوڑ کر ایک غیر مرد نامحرم کے ساتھ غیر شرعی طور پر چلی گئی، چند یوم اس نامحرم کے ساتھ گذارنے کے بعد واپس اپنے شوہر اور بچے میں آکر بقیہ زندگی گذارنا چاہتی ہے، محلّہ کے لوگوں کے اصرار پر اگر اس کا شوہر گھر میں دوبارہ رکھنے پر راضی ہو جائے تو دین کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: منجانب: اہل محلّہ باڑہ شاہ صفا، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: شادی شدہ عورت غیر مرد کے ساتھ کیوں بھاگ گئی، اگر اس غیر مرد کے ساتھ عورت کے تعلق پیدا ہونے میں شوہر کی طرف سے ڈھیل اور کمزوری کا دخل ہے، تو عورت کی بدکاری کے گناہ میں شوہر بھی شامل ہوگا اور ایسے شوہر کو شریعت نے دیوث کہا ہے، جو اپنی بیوی کے پاس غیر مرد کو آنے جانے کا موقع دیتا ہو، عورت تو گناہ عظیم کی مرتکب ہو ہی گئی، اس گناہ سے توبہ کرنا عورت پر لازم ہے اور ایسی صورت میں شوہر پر بھی توبہ کرنا لازم اور واجب ہے؛ اس لئے کہ اسی نے بیوی کو یہ موقع دیا ہے۔ حدیث شریف میں ایسے شوہر کے لئے سخت وعید آئی ہے۔

حدیث شریف ملاحظہ فرمایئے:

عن عمار بن ياسرؓ، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ثلاثة لايدخلون الجنة أبداً. الديوث من الرجال، والرجلة من النساء، ومدمن الخمر، فقالوا يا رسول الله! أما مدمن الخمر فقد عرفناه، فما الديوث من الرجال؟ قال الذي لايبالي من دخل على أهله. (شعب الإيمان للبيهقي، دارالكتب العلمية بيروت ۴۱۲/۷، رقم: ۱۰۸۰۰)

اب رہی یہ بات کہ شوہر کے لئے اس بیوی کو دوبارہ رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ تو شرعاً شوہر اس بیوی کو اپنے پاس بیوی بنا کر رکھ سکتا ہے اور آئندہ بیوی کے اوپر کڑی نگاہ رکھنا شوہر کی ذمہ داری ہے اور شوہر کی طرف سے سخت پابندی کے باوجود اگر بیوی غیر مرد کے ساتھ ملوث

ہوجاتی ہے،تو شوہر گنہگار نہ ہوگا اور سارا گناہ بیوی کے سر ہوگا؛ لیکن اس کے باوجود بیوی شوہر کے نکاح سے باہر نہیں ہوگی اور نہ ہی بیوی شوہر پر حرام ہوگی؛ بلکہ نکاح بدستور باقی رہے گا۔

لو زنت امرأة رجل لم تحرم عليه، وجازله وطؤها عقب الزنا الخ.

(شامي، كراچي ٣/٣٤، نعمامية ٢/٢٨١، زكريا٤/١٠٩)

والمزني بها لاتحرم على زوجها. (شامي، كراچي ٣/٥٠، زكريا ٤/١٤٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍ربیع الاول ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶؍۷۵۴۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۳/۵ھ

دوسرے کی بیوی کو بھگا کر اس سے نکاح

سوال [۵۶۹۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری لڑکی کا نکاح ۱۴؍مئی کو دلشاد احمد کے ساتھ ہوا، اور ۱۴؍جولائی کو لڑکی کا بنایا ہوا ماما اسے بھگا کر ممبئی لے جا کر اس سے کورٹ میرج کرلیا، لڑکی ایک مہینہ تک اس کے پاس بیوی بن کر رہی لڑکی کو ای میل کے ذریعہ اس کے والد کی طبیعت خراب ہونے کی اطلاع ملی، تو وہ موقع پا کر وہاں سے آگئی اور اس وقت لڑکی اپنے ماں باپ کے پاس ہی ہے، برادری کے کچھ لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ اس لڑکی کے ہاتھ کا پانی بھی حرام ہے اور لڑکی جس گھر میں رہ رہی ہے، اس گھر کا کھانا پینا حرام ہے، ان کی یہ بات کہاں تک درست ہے؟ شرعاً یہ کس کی بیوی ہے پہلے شوہر کی یا بعد والے کس کی کے پاس رہنا چاہئے؟

المستفتی: ابرار احمد، کرولہ، زاہد نگر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: برادری کے لوگوں کا یہ کہنا کہ اس لڑکی کے ہاتھ کا

پانی بھی حرام ہے درست نہیں، مسئولہ صورت میں لڑکی پہلے ہی شوہر کی بیوی ہے اور اسے پہلے ہی شوہر کے پاس رہنا ہوگا، دوسرے شوہر سے نکاح ہی منعقد نہیں ہوا؛ اس لئے کہ منکوحۃ الغیر سے نکاح حرام ہے اور دوسرے شوہر کے ساتھ میاں بیوی کی طرح رہنا حرام کاری اور زنا کاری ہوئی، عذاب الٰہی کا سخت خطرہ ہے۔

أما نكاح منكوحة الغير –إلى قوله– لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱٦، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا٤/٢٤٢)

أسباب التحريم أنواع.........وتعلق حق الغير بنكاح. (شامي، كراچي ۳/۲۸، زكريا ٤/٩٩، ١٠٠)

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره، وكذلك المعتدة. (هندية، زكريا ١/٢٨٠ جديد زكريا ١/٣٤٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍ ذی قعدہ ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰؍ ۱۱۲۹۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۹؍ ۱۱؍ ۱۴۳۴ھ

لڑکی کے گھر والوں کا لڑکے کو طلاق پر مجبور کرنا، نیز دوسری جگہ شادی کرنا

سوال [۵۶۹۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکا اور لڑکی دونوں میں راضی خوشی سے نکاح ہوا اور ان کے ساتھ ساتھ عدالت کے مطابق کورٹ میرج بھی ہوا اور لڑکے کے پاس ڈیڑھ سال زندگی بھی گزاری، ان سے اولاد بھی ہوئی؛ لیکن اولاد موجود نہ رہی وہ انتقال کرگئی۔

اب لڑکی کے والدین اور اس کے ایک بہنوئی وغیرہ لڑکے کے اوپر دباؤ ڈالتے ہیں کہ آپ لڑکی کو طلاق دیدیں نہیں تو ہم اس کی شادی دوسری جگہ کردیں گے اور لڑکا طلاق دینا نہیں چاہتا ہے، اس وقت لڑکی اپنے والدین کے پاس ہے، ان لوگوں نے یعنی

والدین اور بہنوئی نے لڑکی کو مجبور کر رکھا ہے اور لڑکی مجبور ہے کچھ کہہ نہیں پاتی ہے۔ اب ہم اگر طلاق نہ دیں تو لڑکی کی شادی والدین اور بہنوئی دوسری جگہ کر سکتے ہیں یا نہیں؟ لیکن لڑکی کے والدین اور بہنوئی کا کہنا ہے کہ لڑکی اسی شرط پر جائے گی کہ لڑکی کے نام سے ایک مکان کریں یا پھر دو ڈیڑھ لاکھ روپیہ اس کے نام سے جمع کریں۔ اور ہم اس کے قائل نہیں ہیں اور نہ ہم اتنی حیثیت رکھتے ہیں۔

المستفتی: سجاد حسین، پیرزادہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب لڑکا لڑکی کو طلاق دینا نہیں چاہتا ہے، تو ایسے حالات میں نہ بہنوئی کو حق ہے اور نہ ہی لڑکی والے کو حق ہے کہ لڑکے کو طلاق دینے پر مجبور کریں اور وہ بدستور اسی شوہر کی بیوی ہے، دوسری جگہ نکاح کر دینے سے اس کا نکاح صحیح نہیں ہوگا، زندگی بھر زنا کاری ہوتی رہے گی۔

نیز یہ شرط لگانے کا بھی حق نہیں ہے کہ لڑکی کے نام مکان یا ڈیڑھ دو لاکھ روپیہ کر دیں، یہ ناجائز شرط ہے بلا کسی شرط کے شوہر کے پاس جا کر حقوق ادا کرنا لازم ہے۔ (مستفاد: امداد الاحکام ۳/ ۲۵۸، فتاوی دار العلوم ۷/ ۴٦٦)

لایجوز للرجل أن یتزوج زوجة غیره، وکذلک المعتدة، کذا في السراج الوهاج سواء کانت المعتدة عن طلاق، أو وفاة. (عالمگیري، زکریا ۱/ ۲۸۰ جدید زکریا ۱/ ۳٤٦)

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ألا لاتظلموا ألا لایحل مال امرئٍ إلا بطیب نفس منه. (شعب الإیمان، للبیهقي، دارالکتب العلمیة بیروت بیروت ٤/ ۳۸۷ رقم: ٥٤٩٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳٦/ ۷۵۸۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۴/۵ھ

منکوحہ کوفروخت کرنا

سوال [۵۶۹۳]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عورت بیرون ملک سے بذریعہ نکاح لائی گئی، کچھ عرصہ گذارنے کے بعداس کا شوہراس کوکسی دوسرے شخص کے ہاتھ فروخت کردیتا ہےاور طلاق بھی دیدیتا ہے، عورت اپنی عدت کس طرح پوری کرے؛ جبکہ اس کا کوئی بھی وارث ماں باپ، بھائی وغیرہ نہ یہاں پر ہے اور نہ بیرون ملک میں کرناچاہتا ہےاس کا نکاح اس کے ساتھ بغیر عدت پوری کیئے ہوسکتا ہے یانہیں عدت اس کی کون پوری کرائے پہلاشوہر یا ثانی ؟

(۲) خریدار کااس سے نکاح پڑھانا جائز ہے یانا جائز؟

(۳) اس طرح اس کا نکاح پڑھانا جائز ہے یانا جائز؟

(۴) اگرکسی نے بغیر معلومات نکاح پڑھادیا، تو نکاح جائز ہوگا یاناجائز؟ کیونکہ نکاح پڑھانے والے کوتفصیل نہیں بتائی گئی پڑھانے والا گنہگار ہوگا یانہیں؟

المستفتی: رشیداحمد، پاکبڑہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس عورت کونکاح کرکے لایا گیاہے، اس کو فروخت کرنااور فروختگی کا پیسہ حاصل کرنانا جائز اور حرام ہے؛ البتہ نکاح کے لئے مہر قرار دیاجاسکتا ہے، جوعورت کا حق ہوگا اوراب جبکہ شوہراول نے طلاق دیدی ہے، توعدت اسی کے گھر میں گذارنا لازم ہوگا اور جب عدت پوری ہوجائے گی تب دوسرا آدمی اس کے ساتھ نکاح کرسکتا ہے، اس کے بغیر نہیں اور عدت کے دوران کا خرچہ بھی شوہراول پرلازم ہے۔

وتعتدان أي معتدة طلاق وموت في بيت وجبت فيه الخ. (درمختار، كتاب الطلاق، باب العدة، فصل في الحد، كراچي ۳/۵۳۶، زكريا ۵/۲۲۵)

وإذا طلق الرجل امرأته فلها النفقه، والسكنىٰ في عدتها الخ. (هداية، اشرفي بكڈپو ۲/۴۴۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸؍ ربیع الثانی ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/ ۳۴۴۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۸/ ۴/ ۱۴۱۴ھ

رجعت کردہ بیوی کا دوسری جگہ نکاح

سوال [۵۶۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دی اور پھر اس کے بعد وہ میرے پاس رہتی رہی اور اب بھی مجھ سے ملتی رہتی ہے، ایسے حالات میں اس کے ماں اور باپ لڑکی سے کہتے ہیں کہ دوسری شادی کر دیں گے، ایسی حالت میں گناہ کس کے اوپر ہوگا اور لڑکی کا نکاح جائز ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: غضنفر اللہ، لال مسجد، باڑہ شاہ صفا، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں زید نے ایک طلاق رجعی دے کر رجعت کر لی ہے؛ اس لئے مطلقہ رجعیہ اس کی بیوی ہوگئی ہے، اب اگر لڑکی کے والدین دوسرے سے اس لڑکی کا نکاح کرانا چاہتے ہیں، تو فعل حرام کے مرتکب ہوں گے؛ کیونکہ غیر کی منکوحہ سے نکاح کرنا حرام ہے اور اگر نکاح کر بھی دیا، تو نکاح جائز نہ ہوگا؛ بلکہ باطل وحرام ہوگا اور اس کا گناہ لڑکی کے والدین پر ہوگا اور وہ فاسق شمار ہوں گے اور جو اس لڑکی سے نکاح کرے گا وہ زانی سمجھا جائے گا اور نکاح پڑھانے والا بھی سخت گنہگار ہوگا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آیت تحریم **حرمت علیکم** کے ذیل میں فرمایا:

”**وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَاءِ**“ [النساء: ٢٤]

یعنی تمہارے لئے دوسروں کی بیوی سے نکاح کرنا حرام ہے۔

كذا في الشامي: أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً.

(شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢، بدائع الصنائع، زكريا ٢/٥٤٨، كراچي ٢/٢٦٨، دارالكتب العلمية بيروت ٤٥١، مبسوط، دارالكتب العلمية بيروت ٣٠/٢٨٩، هندية، زكريا ١/٢٨٠ جديد زكريا ١/٣٤٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۶/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۰ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۱۵۸)	۱۴۲۰/۵/۱۶ھ

غیر کی منکوحہ سے نکاح اور اس کی سزا

سوال [۵۶۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص عمر رسیدہ شادی شدہ، جس کی بیوی موجود ہو منکوحہ سے اپنی طلاق دیئے بغیر ترک تعلق کرے اور ایک عورت عمر رسیدہ شادی شدہ کثیر العیال کہ شوہر جس کا موجود ہو؛ لیکن شوہر سے بدخوئی سے پیش آتی ہو اور حقوق زوجیت ادا نہ کرے مذکورہ دونوں آپس میں تعلقات میاں بیوی کے قائم کرلیں اور سال دو سال پوشیدہ طور سے بصورت مذکورہ گذار دیں، پھر جب واقعہ کی تشہیر ہو تو کہیں کہ ہم نے تو نکاح کرلیا ہے، کیا ایسی صورت میں ان کا نکاح بقول ان کے درست مانا جا سکتا ہے؟ اگر مذکورہ بالا صورت میں ان کا نکاح درست نہیں ہے تو شرعی طور سے ان کے تعلقات کی کیا نوعیت ہے؟ وہ کتنے خطا وار ہیں اور اسلامی قانون کے مطابق ان کی کیا سزا ہے؟

(۲) بعد تشہیر واقعہ کوئی شوہر سے عورت کے کہے کہ وہ طلاق دیدے کہ فعل بد ہو رہا ہے

یا شوہر خود ہی اس طرح سوچے تو کیا شوہر کے طلاق دینے سے ان کے تعلقات اور بقول ان کے ان کا نکاح درست مان لیا جائیگا اوران کا فعل بد نہ رہے گا۔

(۳) شوہر کے طلاق دینے کے بعد عورت عدت نہ کرے اور مذکورہ شخص سے برابر ملتی رہے یعنی تعلقات حسب سابق قائم رکھے، ایسی صورت میں حکم شرعی کیا ہے؟

(۴) شوہر کے طلاق کے بعد دونوں حسب سابق ملتے رہے، عورت نے عدت نہیں کی کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد وہ دونوں یہ سوچیں کہ ہم اب پھر نکاح کرلیں، کیا ایسی صورت میں ان کا نکاح ہوجائے گا؟

(۵) طلاق کے بعد فوراً عورت نے عدت نہیں کی شخص مذکورہ کے سامنے آگئی اس سے بات کرلی، اب کچھ عرصہ گزر جانے کے بعد وہ عورت عدت میں بیٹھ جائے اور عدت پوری کرے، پھر وہ دونوں نکاح کریں، کیا ایسی صورت میں ان کا نکاح ہو جائے گا؛ جبکہ طلاق سے پہلے اور طلاق کے بعد مذکورہ دونوں کا تعلق میاں بیوی جیسا رہا ہے؟

المستفتی: وہاج العابدین

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) ایسی صورت میں ان کا نکاح صحیح نہیں ہوا، دونوں کا آپس میں ساتھ رہنا زنا کاری اور حرام کاری رہی ہے، عذاب الٰہی کا سخت خطرہ ہے، اگر اسلامی قانون کے مطابق حکومت رہتی تو دونوں کو پتھر مار مار کر جان سے ختم کردیا جاتا۔

وأما نکاح منکوحة الغیر ومعتدته فالدخول فیه لا یوجب العدة إن علم أنها للغیر؛ لأنه لم یقل أحد بجوازه فلم ینعقد أصلاً الخ. (شامي، کراچي ۳/۱۳۲، ۵۱۶، زکریا ٤/۲۷٤، ۵/۱۹۷، البحرالرائق، کوئٹه ٤/١٤٤، زکریا٤/٢٤٢)

(۲) فعل بد جو ہوا ہے وہ فعل بد ہی رہے گا؛ البتہ شوہر کے طلاق دینے کے بعد تین ماہواری تک عدت گذارنا لازم ہے اور عدت ختم ہوجانے کے بعد ہی غیر مرد سے نکاح صحیح ہوسکتا ہے، اس سے پہلے نہیں جیسا کہ مذکورہ عبارت سے واضح ہوچکا ہے۔

(۳) عدت مکمل ہونے سے قبل ان کے تعلقات زنا کاری ہیں۔

(۴) اگر طلاق کے بعد تین ماہواری گذر گئی ہیں، تو اب جو نکاح کریگا وہ جائز ہوجائے گا؛ لیکن اگر تین ماہواری سے قبل یہ حرکت ہوتی ہے، تو نکاح جائز نہ ہوگا۔

(۵) جب عدت کی مدت پوری ہوجائے گی، تو اس کے بعد نکاح شرعی طور پر صحیح ہوجائیگا۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ رجمادی الاولیٰ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱؍۳۹۹۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴؍ ؍ ۱۴ھ

شرعی تفریق حاصل کئے بغیر دوسرے سے نکاح کرنے والی سے متعلق چند سوالات

سوال [۵۶۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: ابراہیم کا نکاح زینب کے ساتھ ہوا تھا؛ لیکن اتفاق سے ابراہیم اپنے والد کے ساتھ کہیں گئے ہوئے تھے، چند غنڈے ابراہیم کی بیوی زینب کو اغوا کر کے لے گئے اور زنا بالجبر کیا اور پھر ہائی کورٹ میں لے جا کر زبردستی اس مجبور لڑکی سے نکاح کر لیا اور لڑکی سے یہ بیان دلوایا کہ ''میں اپنی مرضی سے آئی ہوں اور بنیامین کے ساتھ رہنا چاہتی ہوں'' پھر ہائی کورٹ نے نکاح کا فیصلہ صادر کر دیا اور اب بنیامین میری بہو کو رکھے ہوئے ہے، ہائی کورٹ میں ہم نے فریاد بھی کی اور تمام ثبوت نکاح نامہ اور شادی کے فوٹو وغیرہ دکھایا؛ لیکن کوئی سنوائی نہیں، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ:

(۱) کیا ہائی کورٹ کا فیصلہ شرعی قانون کے اعتبار سے ٹھیک ہے؟

(۲) کیا اس فیصلہ سے مسلم پرسنل لاء کے اوپر اٹیک نہیں ہے؟

(۳) کیا ہائی کورٹ کے اس فیصلہ سے لڑکی زینب خاتون ابراہیم کے نکاح سے خارج ہوکر بنیامین کے نکاح میں داخل ہوگئی؛ جبکہ ابھی تک ابراہیم نے زینب کو طلاق نہیں دی ہے؟

(۴) زانی اوراس کی مدد کرنے والوں کے لئے اسلام کا کیا حکم ہے؟

(۵) کیا یہ لوگ بلا فیصلہ پوری برادری کے ساتھ رہنے کے لائق ہیں یا ان سے قطع تعلق کیا جائے؟

(٦) میری بہو زینب خاتون کے لئے اسلام کا کیا حکم ہے؛ جبکہ بنیامین پہلے سے شادی شدہ اورایک بچہ کا باپ ہے؟ شریعت کے حکم کے مطابق فیصلہ صادر فرمائیں۔

المستفتی: محمد علی ہماچل پردیش

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگرابراہیم نے طلاق نہیں دی ہےاوراس کی بیوی زینب کوکوئی اغوا کر کے لے گیا ہے یا زینب نے اپنی مرضی سے جا کر بنیامین سے بذریعہ ہائی کورٹ نکاح کرلیا ہے،تو شرعی طور پر وہ نکاح باطل اور ناجائز ہے اور ہائی کورٹ نے جو نکاح کردیا ہے، وہ اسلامی شریعت کے ساتھ مذاق ہےاورشریعت اسلامی کے قانون کے مطابق اب بھی زینب بدستور ابراہیم کی بیوی ہےاور بنیامین کے ساتھ رہنا زنا کاری ہوگی، اس کوفوراً اپنے شوہر ابراہیم کے پاس آجانا چاہئے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقدأصلاً. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱٦، زكريا ٤/۲۷٤، ۵/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ٤/۱٤٤، زكريا٤/۲٤۲)

(۲) یہ مسئلہ مسلم پرسنل لاء سے متعلق ہےاورعدالت ہائی کورٹ کا مذکورہ فیصلہ مسلم پرسنل لاء کے خلاف ہے؛اس لئے یہ فصلہ واپس لیناضروری ہے۔

(۳) شریعت اسلامی کے خلاف ہائی کورٹ کےاس فیصلہ کی وجہ سے ابراہیم کی بیوی زینب ابراہیم کے نکاح سے الگ نہیں ہوئی ؛ بلکہ بدستور ابراہیم کے نکاح میں باقی ہے۔ (مستفاد:ایضاح النوادر ۲/ ۱۵۲)

(۴) زانی اوراس کی مدد کرنیوالوں کواپنے فعل شنیع سےتوبہ کرلینالازم ہے۔

عن ابن مسعودؓ، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التائب من الذنب كمن لا ذنب له. (سنن ابن ماجه، باب ذكر التوبه، النسخة الهندية ۱/۳۱۳، دارالسلام رقم: ۴۲۵۰، المعجم الكبير للطبراني، دارإحياء التراث العربي ۱۰/ ۱۵۰، رقم: ۱۰۲۸۱، مشکوٰۃ شریف ۱/۲۰۶)

(۵) اگر یہ لوگ توبہ کرلیتے ہیں، تو ان سے قطع تعلق کی ضرورت نہیں اور نہ ہی ان کے عیب کو بار بار ذکر کرنا جائز ہوگا۔

(۶) زینب خاتون کے لئے اسلام کا حکم یہی ہے کہ فوراً توبہ کرکے اپنے شوہر ابراہیم کے پاس آکر حقوق زوجیت ادا کیا کرے۔

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فأما حقكم على نساء كم، فلا يؤطين فرشكم من تكرهون ولا يأذن في بيوتكم لمن تكرهون الحديث (ترمذي شريف مع العرف الشذي، النخسة الهندية ۱/ ۲۲۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱؍رمضان المبارک ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف رجسٹر خاص)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۹/۱ھ

شوہر کے طلاق دیئے بغیر دوسرے کے ساتھ کورٹ میرج

سوال [۵۶۹۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری بیوی لڑکر کئی بار چلی گئی، اب پھر آگئی ہے میں نے اس کو طلاق نہیں دی ہے؛ لیکن اس کی ماں نے کسی کے ساتھ کورٹ میرج کرادی تھی؛ لہٰذا وہ اب چار سال میں لوٹ کر آئی ہے، اب میں اس کو رکھ سکتا ہوں یا نہیں؟

المستفتی: عبدالغفور، جامع مسجد مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: شوہر نے جب طلاق نہیں دی، تو محض عورت

کے لڑ جھگڑ کر بھاگ جانے اور کسی دوسرے مرد سے کورٹ میرج کر لینے سے طلاق واقع نہیں ہوتی ہے؛ لہٰذا وہ عورت ہر حال میں اپنے سابق شوہر کے نکاح میں ہی رہے گی اور صورت مسئولہ میں چونکہ سابق شوہر اس عورت کو رکھنا چاہتا ہے؛ لہٰذا بغیر نکاح کے رکھ سکتا ہے، نکاح ثانی کی ضرورت نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم دیوبند ۷/۴۶۷)

وأما نكاح منكوحة الغير و معتدته...........لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا٤/٢٤٢، شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي٣/١٣٢، ٥١٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۴۹۹)

شوہر سے طلاق لئے بغیر دوسرے سے نکاح

سوال [۵۶۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرا نکاح جمیل احمد ولد ننے خان، ساکن: محلّہ خالصہ مراد آباد ۱۹۶۵ء میں ہوا تھا، آپسی تنازع کی وجہ سے ان کو چھوڑ کر چلی گئی اور بغیر ان سے طلاق لئے ان کی زندگی میں ظہیر احمد ولد کامل حسین کے ساتھ حق زوجیت ادا کرتی رہی، تقریباً دو سال ہوئے مجھے یہ معلوم ہوا کہ نکاح قطعی ناجائز ہے، جب ہی سے میں نے ظہیر احمد سے علیحدگی اختیار کرلی، میرے پہلے شوہر جمیل احمد کے بھائی کا بھی انتقال ہوگیا، اس کو بھی پانچ چھ سال ہوچکے ہیں۔ براہ کرم اس سلسلے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ جب سے مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ نکاح ناجائز ہے، اس دن سے توبہ تلاّ کررہی ہوں، اب میں کسی دیگر شخص سے نکاح کرنا چاہتی ہوں ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے جاننا چاہتی ہوں۔

المستفتیه: زہرا بیگم، موضع: کندرکی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جمیل احمد سے طلاق لئے بغیر کسی کے ساتھ جو نکاح کیا گیا ہے وہ شرعاً باطل ہے، اس کے ساتھ رہنا حرام کاری ہے۔

نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاًالخ. (شامي، كراچي ٣/ ١٣٢، ٥١٦/٣، زكريا ٤/ ٢٧٤، ٥/ ١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا٤/ ٢/ ٢٤٢)

اور اب جب جمیل احمد اصل شوہر کا انتقال ہو چکا ہے اور انتقال کے چھ سال ہو چکے ہیں، تو عدت بھی گذر چکی ہے؛ اس لئے اب کسی کے ساتھ بھی نکاح کرنا شرعی طور پر جائز ہو جائے گا۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲ رشعبان المعظم ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/ ۲۸۰۴)

شوہر اول سے شرعی تفریق کے بغیر دوسرے سے نکاح

سوال [۵۶۹۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی کی شادی تیرہ برس پہلے ہوئی تھی اور دو برس کے بعد اس کے شوہر نے اس کو میکہ پہونچا دیا، اس واقعہ کو تقریباً نو برس گذر چکے ہیں اور اس کا شوہر اس لڑکی کو نہ تو رخصتی کرا کر لے جاتا ہے اور نہ ہی طلاق دیتا ہے۔

اب دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ اس لڑکی کے والدین اس کی شادی سابق شوہر سے طلاق لئے بغیر دوسری جگہ کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اور دوسری جگہ شادی کرنے کی کیا صورت ہوگی؟ جواب سے نواز کر شکریہ کا موقع دیں۔

المستفتی: حافظ عبد اللہ، چڑیا ٹھیر، کندرکی، مرادآباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر سے طلاق یا شرعی تفریق حاصل کئے بغیر دوسری جگہ نکاح کرنا ہرگز جائز نہیں ہوگا۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ. (شامي، كراچي ۳/ ۱۳۲، ۳/ ۵۱۶، زكريا ٤/ ٢٧٤، ٥/ ١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢)

البتہ اتنا کرسکتی ہے کہ کسی شرعی محکمہ یا پنچایت میں اپنا مقدمہ دائر کردے اور پنچایت ''الحیلۃ الناجزۃ'' میں درج شدہ اصول کے مطابق فیصلہ کردے گی۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍ ذی قعدہ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵؍ ۱۴۷۶)

شوہر اول سے طلاق لئے بغیر دوسرے کے پاس رہنا

سوال [۵۷۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عورت اپنے شوہر سے بلا طلاق لئے ہوئے دوسرے شوہر کے پاس رہتی ہے، اس شوہر سے اس کے بچے بھی ہیں، اب وہ آدمی ان بچوں کا رسم عقیقہ کرنا چاہتا ہے اور برادری کو کھانا بھی دینا چاہتا ہے، مہربانی فرما کر بتائیں کہ کھانا کھانا چاہئے یا نہیں؟ اگر نہیں تو اس کو کس طریقہ سے صحیح کیا جائے؛ کیونکہ عورت کو اپنے پہلے شوہر سے بآسانی طلاق بھی مل سکتی ہے۔

المستفتی: عبدالغفار، قریشی، منجانب: کمیٹی برادران قریش، گڑھی سلیم پور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دوسرے شوہر کے ساتھ شوہر اول سے

طلاق لئے بغیر نکاح کیا ہے، وہ شرعاً فاسد ہے بشرطیکہ شوہر ثانی کو شوہر اول کا طلاق نہ دینا معلوم نہ ہو اور اگر معلوم تھا تو نکاح ثانی شرعاً بالکل باطل ہے، ساتھ رہنا زنا ہے، اس کے بچوں کے عقیقہ میں علم رہتے ہوئے شرکت کرنا ناجائز ہوگا۔ سب لوگوں پر ضروری ہے کہ ایسے شخص سے بائیکاٹ کرلیں۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ.

(شامي، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢)

قوله تعالىٰ: وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ . [هود:١١٣]

(فتاوى إحياء العلوم ٨٦/٧٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳/ ذی قعدہ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵/ ۱۴۷۳)

شوہر اول سے طلاق کے بغیر دوسرے سے نکاح

سوال [۵۷۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہماری بہن کے اس کو شوہر نے مار پیٹ کر نکال دیا ہے، بغیر طلاق دیئے اور اس نے دوسری شادی بھی کرلی ہے، ۵/ سال ہوگئے ہیں گھر سے نکالے ہوئے، اس عرصہ میں اس نے اپنی بیوی کا کوئی خرچہ نہیں اٹھایا۔ اب ہم اپنی بہن کا دوسرا نکاح کرانا چاہتے ہیں، کیا میری بہن اب بھی سکندر کے نکاح میں ہے یا نہیں؟ اگر سکندر طلاق دیدے تو کیا عدت لازم ہے؟ حدیث اس بارے میں کیا کہتی ہے، دوسرا نکاح کس شکل میں کریں؟

المستفتی: اختر حسین

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر سکندر آپ کی بہن کو طلاق دیدے تو عدت گذار کے دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے لیکن طلاق یا شرعی تفریق کے بغیر دوسری جگہ نکاح صحیح نہیں ہوگا؛ کیونکہ آپ کی بہن ابھی شرعی طور پر سکندر کی بیوی ہے۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ.

(شامي، كراچي ۳/ ۱۳۲، ۵۱٦، زكريا ٤/ ۲۷٤، ۵/ ۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ٤/ ۱٤٤، زكريا ٤/ ۲٤۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷؍ ذی الحجہ ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲٦/ ۲۰٦٦)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۰/۱۲/۲۷ھ

موجودہ شوہر سے خلاصی حاصل کئے بغیر دوسرے سے نکاح

سوال [۵۷۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی جو کسی کے نکاح میں ہے؛ لیکن عرصہ تقریباً تین سال سے شوہر سے علیحدہ ہے اور شوہر کے ساتھ نہیں جانا چاہتی ہے اور دوسرا نکاح کرنا چاہتی ہے؛ جبکہ شوہر طلاق دینے پر راضی نہیں ہے، ایک دوسرا لڑکا اس سے نکاح کرنے کے لئے آرزومند ہے تو کیا حکم ہے؟

المستفتی: احمد جان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ لڑکی بدستور شوہر کے نکاح میں ہے، اگرچہ سالہا سال تک شوہر سے الگ رہتی ہو، کسی دوسرے کے لئے اس وقت تک نکاح جائز نہیں جب تک موجودہ شوہر سے طلاق حاصل نہ کرے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته (إلى قوله) إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۳/۵۱۶، زكريا ۴/۲۷۴، ۵/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ۴/۱۴۴، زكريا ۴/۲۴۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ ذی قعدہ ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۳۸۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۱۱/۱۶ھ

بغیر طلاق دوسری جگہ نکاح

سوال [۵۷۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری بھانجی جس کا نام شہناز جہاں ہے، میں نے اس کی شادی ۱۹۹۵ء میں کی تھی، اس کا شوہر شمیم اختر ۱۹۹۶ء میں چھوڑ کر پاکستان چلا گیا ہے اور آج تک واپس نہیں آیا ہے، اس نے وہاں اپنی شادی بھی کر لی ہے اور یہ لڑکی قریب دس سال سے میرے پاس رہ رہی ہے، میں چاہتی ہوں کہ اس کی شادی دوسری جگہ کر دوں، آپ بتائیں شادی کس طرح کروں اس کے شوہر نے طلاق نہیں دی ہے کیا بغیر طلاق اس کی شادی ہو سکتی ہے؟

المستفتیه: رئیسہ بیگم، جامع مسجد، وارثی نگر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب تک شہناز جہاں کے شوہر سے طلاق یا شرعی تفریق نہ ہو، اس وقت تک شہناز جہاں کا دوسرا نکاح جائز نہیں ہوگا، چاہے دونوں کے درمیان علیحدگی کا زمانہ کتنا ہی لمبا ہو جائے کوئی فرق نہیں پڑے گا؛ لہٰذا کسی بھی طریقہ سے شہناز جہاں اپنے شوہر سے تفریق شرعی حاصل کر لے تب ہی دوسرا نکاح ہو سکتا ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً.

(شامي، کراچي ۳/ ۱۳۲، ۵۱٦، زکریا ٤/ ۲۷٤، ٥/ ۱۹۷، البحرالرائق، کوئٹه ٤/ ١٤٤، زکریا ٤/ ۲٤۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶ر جمادی الاولیٰ ۱۴۲۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۰۰۶/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۷/۵/۱۶ھ

بغیر طلاق وشرعی تفریق کے نکاح ثانی

سوال [۵۷۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ آج سے ۲۵ر سال قبل میں نے دار العلوم سے ایک فتوی لیا تھا، جس میں اپنی لڑکی کے طلاق لینے کی بابت سوال درج تھا اور جواب یہ تھا کہ شرعی کمیٹی سے طلاق لے کر پھر کسی جگہ نکاح کر دو، اس وقت مجھے کوئی شرعی کمیٹی نہیں ملی، تو میں نے خود طلاق قرار دے کر لڑکی کا نکاح دوسری جگہ کر دیا تھا۔ اب اس کی اولا دمیں چار لڑکے تین لڑکیاں ہیں، محلّہ اور برادری کے لوگ کہتے ہیں کہ ان اولادوں کا نکاح کسی سے جائز نہیں؛ لہٰذا بتایا جائے کہ شرعاً ان کے نکاح کر دینے کا کیا حکم ہے؟ محلّہ اور برادری کا شوہر کے یہاں کھانا اور پینا درست ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔ اور عند اللہ ماجور ہوں۔

المستفتی: امیر حسن، ساکن: مقصود پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر اول کی طلاق یا شرعی تفریق کے بغیر جو نکاح کیا گیا ہے، وہ شرعاً صحیح نہیں ہے۔

كما في الشامي: وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد

أصلاًالخ. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ٥١٦، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢)

لہٰذا جب تک پہلے شوہر سے طلاق یا شرعی تفریق حاصل نہ ہو جائے موجودہ شوہر سے شرعی نکاح نہ کرے، محلّہ اور برادری کے لوگوں کو مقاطعہ رکھنے کی گنجائش ہے۔

قال الله تعالىٰ: وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ . [سورة الهود: ١١٣]

اس عورت کی اولاد کا نکاح کسی بھی برادری میں اولیاء اور بالغ لڑکے کی رضامندی سے اور بالغہ لڑکی کی رضامندی سے درست ہو جائے۔

وإنما الخلاف بين أبي حنيفةؒ وصاحبيهؒ فيما إذا زوجها من رجل (إلى قوله) فعند أبي حنيفةؒ يجوز . (هندية، زكريا ١/٢٩١ جديد زكريا ١/٣٥٠)

لہٰذا جب نکاح صحیح ہے تو محلّہ اور برادری والوں کو اس لڑکے اور لڑکی کے نکاح میں شرکت کرنے میں کوئی احتراز نہیں کرنا چاہیے؛ بلکہ گنہگار ماں باپ ہیں ماں باپ کے معاملہ میں شرعی نکاح تک مقاطعہ جاری رکھا جا سکتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ شوال المکرّم ۱۴۰۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷۸/۲۳)

شرعی تفریق حاصل کئے بغیر دوسرا نکاح

سوال [۵۷۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ عبد الواحد کی بیوی جس کا نام شہناز ہے، وہ حاجی محمد رفیق مرچوں والے کے ساتھ بھاگ گئی اور بچوں کو گھر پر ہی چھوڑ گئی اور عبد الواحد نے طلاق بھی نہیں دی اور شہناز نے حاجی محمد رفیق کے ساتھ کورٹ میرج کر لیا ہے اور حاجی کے ساتھ رہتی ہے؛ لہٰذا سوال یہ ہے

کہ کیا اس کا نکاح ہوا یا نہیں اور حج بیت اللہ کے لئے شہناز کو ساتھ لے جانا درست ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالواحد، کرولہ اسلام نگر مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب عبدالواحد نے اپنی بیوی شہناز کو طلاق دے کر نکاح سے الگ نہیں کیا ہے تو محمد رفیق کے ساتھ اس کا نکاح شرعی طور پر صحیح نہیں ہوا، وہ بدستور عبدالواحد کی بیوی ہے اور محمد رفیق کے ساتھ رہنا زنا کاری ہوگی، اس کو فوراً عبدالواحد کے پاس آجانا چاہئے اور ایسے حالات میں محمد رفیق کے ساتھ حج کو جانا عبادت نہیں؛ بلکہ سخت ترین معصیت اور حرام کاری ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱٦، زكريا ٤/۲۷٤، ٥/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ٤/۱٤٤، زكريا٤/۲٤۲)

اور دنیاوی عدالت کی کورٹ میرج شریعت میں معتبر نہیں ہے، نہ وہاں کا نکاح صحیح ہے اور نہ ہی طلاق معتبر ہے۔ (مستفاد: ایضاح النوار ۲/۱۵۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱ ربیع الاول ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱-۲۱-۳۷)

تین طلاق کے بعد بغیر حلالہ نکاح کا عدم جواز

سوال [۵۷۰٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شریف احمد نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی اور آزاد کئے ہوئے تقریباً ۲ر سال ہوگئے۔ اب شریف احمد کی بیوی چاہتی ہے کہ میں شریف احمد سے اپنا نکاح کرلوں مفتی ہند سے گذارش ہے کہ اب شریف احمد صاحب کو نکاح کرلینا چاہئے یا نہیں؟

یا حلالہ ہونے کے بعد ہوگا؟ اور حلالہ ہونے کے بعد دوران عدت بھی نکاح ہوسکتا ہے یانہیں؟ اگر کوئی صورت حال ہوتو فرمایا جائے؟ نیز شریف احمد نے روبرو مجمع عام کے ۳ رمرتبہ طلاق دی اور تحریری کتابت بھی ہوئی۔

المستفتی: سمیع اللہ، جواہر نگر، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب دوسال قبل طلاق دی تھی تو اس دوران بیوی کی عدت بھی شرعاً گذر چکی ہے اور تین ۳ رطلاق شرعاً طلاق مغلظہ ہے؛ اس لئے بلا حلالہ نکاح درست نہیں ہوگا؛ لہٰذا فی الحال بیوی کسی دوسرے کے ساتھ شرعی نکاح کر کے اس کے ساتھ ہمبستر ہوجائے پھر شوہر ثانی اپنی مرضی سے طلاق دیدے، تو دوبارہ عدت گذار کر شریف احمد شوہر اول کے ساتھ نکاح درست ہوسکتا ہے۔

وإن كان الطلاق ثلاثا في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجًا غيره نكاحاً صحيحاً، ويدخل بها، ثم يطلقها، أو يموت عنها.

(فتاوى عالمگيري، زكريا ١/٤٧٣ جديد زكريا ١/٥٣٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷ رمحرم الحرام ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵ /۱۶۱۱)

مطلقہ ثلاثہ سے اس کی عدت میں نکاح اور نسب کا حکم

سوال [۵۷۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیدی، ابھی وہ عدت میں ہے اور اسے ایک یا دو حیض آ چکے ہیں اس کے بعد عدت ہی کے اندر جان بوجھ کر کے دوسرے مرد نے اس سے نکاح کرلیا، ایسی صورت میں آپ لکھیں گے کہ نکاح باطل ہے۔

سوال یہ ہے کہ ایک یا دو حیض گزرنے کے بعد پہلی رات میں استقرار حمل ہوگیا اور بچہ بھی پیدا ہوگیا، تو اس بچہ کا نسب پہلے شوہر سے ثابت ہوگا جس کی عدت میں ہے، یا دوسرے مرد سے، یا کیا حکم ہے؟ اور اب احساس پیدا ہوا کہ جائز طریقے سے نکاح ہوجانا چاہئے، اب جائز طریقے پر نکاح کی کیا صورت ہوگی؟ وضع حمل کے بعد دوبارہ عدت گذارنی ہوگا یا فوراً نکاح جائز ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طلاق مغلظہ کی عدت میں ایک یا دو حیض گذرنے کے بعد دوسرے مرد نے جان بوجھ کر اس سے نکاح کیا اور استقرار حمل ہوگیا، تو اس بچہ کا نسب نہ تو دوسرے شوہر سے ثابت ہوگا؛ کیوں کہ نکاح باطل ہے اور نکاح باطل میں احکام نکاح مثلاً مہر ونسب وغیرہ ثابت نہیں ہوتے اور نہ ہی پہلے شوہر سے ان بچوں کا نسب ثابت ہوگا؛ کیونکہ عدت میں حیض آنے کی وجہ سے استبراء رحم ہوچکا ہے اور اب دوسرے شوہر سے نکاح کرنے کا جائز طریقہ وضع حمل کے فوراً بعد کا ہے دوبارہ عدت کا گزارنا لازم نہ ہوگا۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، البحر الرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢)

الظاهر أن المراد بالباطل ما وجوده كعدمه، ولذا لا يثبت النسب. (شامي، زكريا ٤/٢٧٤، كراچي ٣/١٣٢)

أما إذا لم تكن هناك شبهة تسقط الحد، بأن كان عالماً بالحرمة فلا يلحق به الولد عند الجمهور، وكذلک عند بعض مشائخ الحنفية؛ لأنه حيث وجب الحد فلا يثبت النسب. (الموسوعة الفقهية الكويتية ٨/١٢٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰؍۱۱۳۸۳)

مطلقہ کی عدت میں جان بوجھ کر دوسرے شخص کا نکاح باطل ہے

سوال [۵۷۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیدی، ابھی وہ عدت میں ہے اور اسے ایک یا دو حیض آچکے ہیں، اس کے بعد عدت ہی کے اندر جان بوجھ کر کے دوسرے مرد نے اس سے نکاح کرلیا اور پہلی ہی رات میں استقرار حمل ہوگیا، تو وضع حمل کے بعد شوہر اول کے ساتھ نکاح بغیر حلالہ کے درست ہوگا یا نہیں؟ کیونکہ اسی کی عدت میں استقرار حمل ہوا ہے۔

المستفتی: عبداللہ، الہ آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ نکاح چونکہ عدت کے دوران جان بوجھ کر کیا گیا ہے اس لئے شرعاً یہ نکاح باطل ہے، اس نکاح کے بعد کی ہمبستری کے ذریعہ جو حمل قرار پایا ہے اس کے وضع حمل کے بعد بغیر حلالہ کے شوہر اول سے نکاح درست نہ ہوگا؛ اس لئے کہ حلالہ کے لئے نکاح صحیح شرط ہے اور یہ نکاح باطل ہے؛ لہٰذا حلالہ کا تحقق نہ ہوا۔ (مستفاد: محمودیہ ڈابھیل ۱۳/۴۸۵)

وإن كان الطلاق ثلاثا في الحرة............لم تحل له حتى تنكح زوجًا غيره نكاحاً صحيحاً، ويدخل بها، ثم يطلقها، أو يموت عنها. (هندية، ۱/۴۷۳، زكريا جديد زكريا ۱/۵۳۵)

وإذا وطئها إنسان بالزنا، أو بشبهة لا تحل لزوجها. (هندية ۱/۴۷۳، زكريا جديد زكريا ۱/۵۳۵)

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد

أصلاً، فعلیٰ هذا یفرق بین فاسده، وباطله في العدة. (شامي، کراچي ۳/ ۱۳۲، زکریا ٤/ ۲۷٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۳۸۴/۴۰)

تین طلاق کے بعد بغیر حلالہ کے نکاح

سوال [۵۷۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے بہنوئی نے میری بہن کو تین طلاق دیدی ہے؛ جبکہ میری بہن حمل سے ہے، اب دونوں ساتھ رہنا چاہتے ہیں۔

المستفتی: علی حسین، افضل گڈھ، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب تین طلاق دیدی اب اگر دونوں ساتھ رہنا چاہیں تو بغیر حلالۂ شرعی کے آپس میں نکاح بھی درست نہ ہوگا، شرعی حلالہ کی شکل یہ ہے کہ عدت گذر جانے کے بعد عورت کا شرعی نکاح کسی دوسرے مرد کے ساتھ ہوجائے، پھر اس شخص کے ساتھ ہمبستری ہوجائے، اس کے بعد وہ شخص طلاق دیدے، پھر عدت یعنی تین ماہواری گذر جانے کے بعد پہلے شوہر کے ساتھ نکاح ہوسکتا ہے۔

وإن کان الطلاق ثلاثا في الحرة وثنتین في الأمة لم تحل له حتی تنکح زوجًا غیره نکاحاً صحیحاً، ویدخل بها، ثم یطلقها، أو یموت عنها.
(هندیة، زکریا ۱/ ٤۷۳ جدید زکریا ۱/ ۵۳۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/محرم الحرام ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷-۸۶۲۱)

زانیہ بیوی کا بغیر طلاق کے زانی سے نکاح

سوال [۵۷۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے شادی کی اور شادی کے چند دن بعد معلوم ہوا کہ عورت حاملہ ہے، اب لڑکی بھی زید کو نہیں چاہتی وہ اپنے پہلے والے لڑکے کی خواہشمند ہے، تو اس صورت میں کیا کرنا چاہئے؟ اور لڑکی ہر وقت بد اخلاقی سے بات کرتی اور جھگڑتی رہتی ہے۔

المستفتی: نسیم احمد، محلہ اڑپورہ، کٹگھر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کا نکاح زانیہ حاملہ عورت کے ساتھ ہو چکا ہے؛ لیکن پیدائش سے پہلے اس کے ساتھ ہمبستری کرنا زید کے لئے جائز نہیں ہے اور زید سے طلاق حاصل کئے بغیر زانی کے ساتھ نکاح جائز نہ ہوگا۔

صح نکاح حبلیٰ من زنا ...... و ان حرم و طؤها حتی تضع الخ.

(الدر المختار، كراچي ٣/ ٤٨، زكريا ٤/ ١٤١، ١٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ شعبان المعظم ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷؍ ۲۷۸۷)

تین طلاق کے بعد بلا حلالہ نکاح ثانی

سوال [۵۷۱۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ راقم سطور نے تین سال قبل بیوی پروین ولد امیر حسین ساکن: عیدگاہ روڈ مرادآباد سے شادی کی تھی بعد میں مجھے معلوم ہوا کہ وہ ایک بدکار اور بدچلن عورت ہے، وہ ہر وقت لڑتی جھگڑتی تھی، جھوٹے الزامات لگا کر رپورٹ کرا دیتی تھی، آئے دن گھر سے بھاگ جاتی تھی، تمام عزیز واقارب اور خصوصاً سسر و ساس سے

تعلقات بالکل منقطع کر لیتی تھی، میرے ہزار سمجھانے پر بھی وہ باز نہ آئی؛ بلکہ الٹا طلاق کا مطالبہ کرنے لگی، میں اس امید پر اس کی زیادتیاں برداشت کرتا رہا کہ ممکن ہے کہ وہ سدھر جائے؛ لیکن جب وہ تین سال گذرنے پر بھی نہیں سدھری اور میرا گھر جہنم بن گیا، تو میں نے بارہ ۱۲/ جولائی ۱۹۹۴ء کو دو گواہ محمد ناصر ولد محمود حسین لودھی سرائے، محمد رئیس ولد عبد العزیز لودھی سرائے کی موجودگی میں بہت سوچ سمجھ کر بحالت سنجیدگی بیوی پروین کے مطالبہ پر اسے تین بار طلاق دے کر علیحدگی اختیار کرلی۔

اب شہر انتظامیہ دوبارہ مجھے مطلقہ کے ساتھ رہنے پر مجبور کر رہی ہے میں پابند شریعت آدمی ہو، تو کیا اس صورت میں مجھے مسماۃ مذکورہ کے ساتھ دوبارہ رشتہ ازدواج قائم کرنے کی اجازت ہے؟ حالانکہ مجھے اس کی قطعاً خواہش نہیں۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں آنجناب مجھے مفصل جواب سے نوازیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صلہ دے۔

المستفتی: حبیب الرحمٰن، ساکن: دیپا سرائے سنبھل، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب آپ نے اپنی بیوی پروین کو تین طلاق دیدی ہے تو اس پر طلاق مغلظہ واقع ہو چکی ہے اور وہ عورت آپ پر بالکل حرام ہو چکی ہے اور اب اس کے ساتھ بلا حلالہ نکاح کرنا بھی جائز نہ ہوگا اور اس حالت میں اس سے نکاح کرنا اور اس کو بیوی بنا کر رکھنا حرامکاری اور زناکاری ہوگی؛ لہٰذا اس عورت کو رکھنا اس حالت میں آپ کے لئے ہرگز جائز نہیں ہے۔

وإن كان الطلاق ثلاثا في الحرة، وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجًا غيره نكاحاً صحيحاً، ويدخل بها، ثم يطلقها، أو يموت عنها الخ.

(فتاوى عالمگيري، زكريا ١/٤٧٣، جديد زكريا ١/٥٣٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۴۰۵۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۱۵/۶/۷ھ

سسر کا اپنی بیٹی کے شوہر سے طلاق لئے بغیر دوسری جگہ نکاح کرنا

سوال [۵۱۷۱۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اپنے گھر سے مرادآباد آیا اور وہ یہاں کام کرنے لگا، اس دوران بکر نے اس سے دریافت کیا کہ کیا تمہاری شادی ہوچکی ہے، جس پر زید نے بکر سے کہا کہ میری شادی ابھی نہیں ہوئی ہے، تو بکر نے زید کی شادی اپنی لڑکی فاطمہ سے کردی، پھر چار سال کے بعد جب زید کے والد آئے تو اس کے ذریعہ پتہ چلا کہ زید کی شادی تو اس کے گھر پر ہوچکی ہے اور پھر زید نے اپنی بیوی فاطمہ سے اجازت لی اور والد کے ساتھ گھر چلا گیا؛ لیکن اتفاق کی بات ہے کہ زید کے گھر کا پتہ بھی معلوم نہیں ہے اور نہ ہی اس نے بتایا۔ اب اس کو گھر گئے ہوئے سات ماہ ہوچکے ہیں؛ لیکن واپس پھر بھی نہیں آیا، تو کیا فاطمہ کی دوسری شادی ہوسکتی ہے کہ نہیں؟

المستفتی: شفیع الرحمٰن، مدھوبنی، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید سے طلاق یا شرعی تفریق حاصل کئے بغیر فاطمہ کا نکاح دوسری جگہ جائز نہیں ہے، اگر زید کا پتہ نہیں ہے تو اس کے دوست واحباب سے معلومات فراہم کی جائے، اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو شرعی عدالت میں اپنا معاملہ پیش کردے اور شرعی محکمہ تحقیق کے بعد شرعی فیصلہ کردے گا۔

أما نکاح منکوحة الغیر ...... لم یقل أحد بجوازہ فلم ینعقد أصلاً.

(شامي، زکریا ۴/ ۲۷۴، ۵/ ۱۹۷، کراچي ۳/ ۱۳۲، ۵۱۶، البحرالرائق، کوئٹہ ۴/ ۱۴۴، زکریا ۴/ ۲۴۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹/ ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۷۶۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۹/ ۴/ ۱۴۱۷ھ

بغیر شرعی تفریق کے دوسری جگہ نکاح کا حکم

سوال [۵۷۱۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی ہندہ کے ساتھ ہوئی، ہندہ اپنی سسرال شادی کے موقع پر ہی گئی تھی، کہ زید نے ہندہ کیساتھ مار پٹائی کی پھر ہندہ اپنے میکہ آ گئی۔ اب ہندہ زید کے گھر جانے سے انکار کرتی ہے، مگر زید کئی مرتبہ آیا، مگر ہندہ نہیں گئی اور بالکل انکار کر دیا تو زید نے دوسری شادی کر لی اور زید ہندہ کو طلاق بھی نہیں دے رہا ہے، زید کا کہنا ہے کہ میں طلاق نہیں دوں گا تمہیں بھی رکھنا ہے، مگر ہندہ جانا نہیں چاہتی ہے، اس صورت میں ہندہ کیا کرے گی؟ دوسرا نکاح کر سکتی ہے یا نہیں؟ کوئی گنجائش ہے یا نہیں شرعاً جواز ہے یا نہیں؟

المستفتی: مجیب الدین، مقام: بھرنا، سہرسہ (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بغیر طلاق اور شرعی تفریق کے دوسری جگہ نکاح درست نہیں ہوگا۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته (إلى قوله) لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱٦، زكريا ٤/۲۷٤، ٥/۱۹۷، البحر الرائق، كوئٹه ٤/۱٤٤، زكريا ديوبند ٤/۲٤۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍ صفر المظفر ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷؍ ۲۵۵۷)

طلاق یا شرعی تفریق کے بغیر دوسری جگہ نکاح

سوال [۵۷۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ مسماۃ رضوانہ خاتون کا نکاح اس کے والد ابصار احمد نے منصور عالم موضع دوتائی کے ساتھ اس شرط پر کیا کہ میری لڑکی رضوانہ خاتون کا شوہر منصور عالم میرے گھر ہی رہے گا؛ کیونکہ ابصار احمد کے یہاں کوئی اولاد نہیں ہے، صرف یہ لڑکی ہے، یہ شرط منظور کر لی گئی، ایک ڈیڑھ سال کے بعد لڑکے کے اس شرط کے پورا نہ کرنے کی وجہ سے آپس میں ان بن ہوگئی؛ چنانچہ رضوانہ خاتون کو ان کا باپ ابصار احمد اپنے یہاں لے آیا؛ دراں حالانکہ لڑکی کا سامان بھی سب لڑکے نے اپنے یہاں روک لیا اور لڑکی کو باپ کے ساتھ اس کے گھر بھیجدیا، بعد میں اس لڑکے نے دعویٰ دائر کردیا کہ میری بیوی رضوانہ میرا سب سامان لے کر اپنے گھر بھاگ گئی؛ چنانچہ کچہری میں یہ مقدمہ چلا اور لڑکی مقدمہ جیت گئی شوہر ہار گیا۔ اب لڑکا منصور عالم لڑکی کی زمین کے لالچ میں لڑکی رضوانہ کو اپنے گھر لے جانا چاہتا ہے اور رلڑکی بالکل جانا نہیں چاہتی اور لڑکی کا باپ بھی اب بالکل بھیجنا نہیں چاہتا، لڑکی کو اپنے باپ کے گھر رہتے ہوئے ساڑھے تین سال ہو چکے ہیں، اب لڑکی کا باپ ابصار احمد یہ چاہتا ہے کہ میں اپنی لڑکی رضوانہ خاتون کا نکاح دوسری جگہ کر دوں؛ لہٰذا بتلایئے شرعاً یہ اس کے مجاز ہیں یا نہیں؟

نوٹ: اسی مضمون کا یہ فتویٰ جو اس سے متعلق ہے اس کے جواب کو بھی ملاحظہ فرما کر اس کی پشت پر اس کی تصحیح وتغلیط جو ہو فرمادیجئے۔

المستفتی: ابصار احمد، بانسکہ کلاں، مرادآباد

جواب منجانب درسگاہ اسلامی مرادپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: مسئلہ ہذا کا جواب مندرجہ بالا سطور کے مطابق تو یہی ہے کہ منصور عالم سے بات کر لی جائے کہ وہ طلاق دیدے اور لڑکی کو اس کا مہر ونان ونفقہ دینے پر راضی ہو جائے؛ لیکن اگر وہ طلاق نہیں دیتا تو یہ حکم ایلاء ہوگا۔

قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ:

لِلَّذِيۡنَ يُؤۡلُوۡنَ مِنۡ نِسَآئِهِمۡ تَرَبُّصُ اَرۡبَعَةِ اَشۡهُرٍ فَاِنۡ فَآئُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَحِيۡمٌ ○ وَاِنۡ عَزَمُوۡا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ . [بقرہ:۲۲۷، ۲۲۶]

یعنی جولوگ ناراضی میں اپنی بیویوں سے جدائی اختیار کر لیتے ہیں، تو یہ قسم جدائی صرف چار ماہ تک رہے گی یا تو چار ماہ کے اندر اندر وہ فیصلہ کرلیں ورنہ اس کی مدت چار مہینہ گذرنے کے بعد طلاق بائن کا حکم ہوگا اور لڑکا اس صورت میں حق مہر اور عدت کا خرچہ وغیرہ دینے کا پابند ہوگا۔

كما هو قول الحضرات عمر، وعلي، وعبدالله بن عباس، وعبدالله ابن عمر، وعثمان بن عفان، وعبدالله بن مسعود، زيدبن ثابت وغيرهم من الصحابة رضوان الله عليهم أجمعين. وهو قول الأوزاعي وسفيان الثوري وعامة فقهاء الحنفية رحمة الله عليهم. (بداية المجتهد جلد ۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: العبد الفقیر الی اللہ
محمد انظار الحق الندوی
۱۳ /نومبر ۱۹۹۰ء

منجانب دارالافتاء جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: رضوانہ خاتون کا نکاح دوسری جگہ موجودہ شوہر سے طلاق یا اور کسی طریقہ سے شرعی تفریق حاصل کئے بغیر شرعاً جائز نہیں ہوگا اور موجودہ شوہر منصور عالم سے تفریق شرعی حاصل کئے بغیر اگر دوسری جگہ نکاح کیا جائے، تو وہ شرعاً باطل ہوگا۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته (إلى قوله) إن علم أنها للغير؛ لأنه

لـم يـقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱۶، زكريا ۴/۲۷۴، ۵/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ۴/۱۴۴، زكريا ۴/۲۴۲)

لہٰذا اگر نبھاؤ ممکن نہیں ہے تو شوہر سے خلع وغیرہ کے ذریعہ جدائی حاصل کی جائے، اس کے بعد عدت گذار کر دوسری جگہ نکاح ہوسکتا ہے اور جس نے مذکورہ واقعہ کو ایلاء ثابت کرنے کی کوشش کی ہے وہ ایلاء کا مفہوم نہیں سمجھا اور نہ ہی آیت ایلاء کا اس واقعہ سے کوئی تعلق ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ شعبان المعظم ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/ ۲۳۲۸)

بغیر طلاق نکاح ثانی کا حکم

سوال [۵۷۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی کا نکاح بغیر اس کی رضامندی کے کردیا گیا، بعد نکاح کے وہ اپنے شوہر کے گھر چلی گئی اس کے بعد ایک بچہ بھی پیدا ہوا اس کے بعد اس لڑکی کے والدین نے پہلے شوہر کے طلاق دیئے بغیر کسی دوسرے آدمی سے نکاح کردیا، تو امر مطلوب یہ ہے کہ یہ دوسرا نکاح شرعاً درست ہے یا نہیں؟ نیز نکاح پڑھانے والے کے پیچھے نماز درست ہوگی یا نہیں؟ اور بوقت نکاح ثانی حاضرین کا نکاح باقی رہیگا یا نہیں؟

المستفتی: کمال پورہ چندوسی، روڈ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں نکاح ثانی شرعاً درست نہیں ہوا ہے، مذکورہ لڑکی شرعاً شوہر اول کی بیوی ہے اور شوہر ثانی سے فوراً الگ ہوجانا لازم ہے۔ اور یہ معلوم ہوتے ہوئے کہ شوہر اول نے طلاق نہیں دی ہے، دوسرے شخص سے نکاح میں

شرکت کرنیوالے اور نکاح پڑھانے والے سب گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوں گے، سب پر توبہ لازم ہے اور نکاح پڑھانے والا امام جب تک اپنی غلطی سے توبہ نہ کرلے اس وقت تک فاسق رہے گا اور اس وقت تک اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہوگی۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته (إلى قوله) لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ٣/١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍ ذی الحجہ ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷؍ ۲۴۸۵)

بغیر شرعی تفریق کے نکاح ثانی کا حکم

سوال [۵۷۱۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ معراج بانو کی شادی ایک نو مسلم کے ساتھ ۱۴؍ فروری ۱۹۷۱ء کو ہوئی تھی، پہلے اس کا نام جارج تھا بعد میں اعجاز رکھا گیا، ایک سال تک معراج بانو کے ساتھ رہا، ایک سال کے بعد وہ اپنے پرانے مذہب میں چلا گیا، معراج بانو میکے میں رہتی رہی، جب وہ ان کو لینے نہیں آیا تو انہوں نے مقدمہ کیا، اس پر جارج نے اسلام لانے سے انکار کردیا، عدالت نے معراج بانو کو اجازت دیدی کہ جہاں چاہیں وہ اپنا نکاح کرلیں، معراج بانو نے اپنا نکاح صغیر احمد کے ساتھ ۲۴؍ ستمبر ۱۹۷۷ء کو کرلیا اور ابھی تک انہیں کے ساتھ رہتی رہی اور تین اولادیں بھی ہوئیں، کچھ دن پہلے ایک اسرار نامی شخص نے معراج بانو سے کہا کہ تمہارا نکاح صغیر احمد کے ساتھ صحیح نہیں ہوا؛ کیونکہ پرانے شوہر جارج نے تم کو طلاق نہیں دی تھی، یہ کہہ کر اس نے اپنا نکاح معراج بانو کے ساتھ ۱۶؍ اگست ۱۹۹۱ء کو کرلیا اور اب انہیں کے ساتھ رہتی ہے، تو صغیر احمد کے نکاح کے لئے جارج کا طلاق دینا ضروری تھا؛ جبکہ وہ ابھی تک موجود ہے اور عیسائی ہے۔

اس حالت میں صغیر احمد کا نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟ اور صغیر احمد کے بغیر طلاق دئے ہوئے اسرار احمد کا نکاح ہوسکتا ہے کہ نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب سے نوازیں۔

المستفتی: مولانا شمس الدین کیراف ایس، آر، نصرت صاحب، ممبئ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: معراج بانو کا نکاح نومسلم شوہر کے ساتھ شریعت محمدیہ کی روشنی میں صحیح ہوگیا تھا اور جب نومسلم شوہر دین اسلام سے پھر کر مرتد ہو چکا ہے، تو اسلامی شریعت کے مطابق معراج بانو کا نکاح نومسلم اعجاز کے ساتھ بالکل باقی نہیں رہا ہے، شرعاً نکاح فسخ ہو چکا ہے اور خود بخود بغیر حکم حاکم کے معراج بانو بالکل آزاد ہو چکی ہے۔

لہٰذا ۱۹۷۱ء میں صغیر احمد کے ساتھ جو نکاح کیا ہے، وہ اسلامی شریعت کے مطابق صحیح ہو چکا ہے اور جب صغیر احمد نے طلاق نہیں دی ہے تو بغیر طلاق حاصل کئے اسرار احمد سے جو نکاح ہوا ہے شرعاً باطل ہے۔

بارتداد زوجها، فلها التزوج بآخر بعد العدة الخ (در مختار، کراچي ٤/٢٥٢، زكريا٦/٣٩٩، الحيلة الناجزه:٩٧)

معراج بانو اب بھی صغیر احمد کی بیوی ہے فوراً اسرار احمد سے الگ ہوکر صغیر احمد کے پاس آجانا لازم اور ضروری ہے۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي٣/١٣٢، ٥١٦، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحر الرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا٤/٢٤٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ربیع الاول ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷؍۲۵۹۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵؍۳؍۱۴۱۲ھ

بغیر طلاق اور شرعی تفریق کے نکاح ثانی کا حکم

سوال [۷۱۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی ہندہ کے ساتھ ہوئی، اس کے بعد زید کو ٹی وی کی بیماری ہوگئی زید نے مکمل طور سے علاج کرایا، مگر صحیح نہیں ہوا تقریباً چار سال ہوگئے، اس کے بعد زید کے والد نے جھوٹ بولا کہ میرا لڑکا صحیح ہوگیا؛ لہٰذا اب رخصتی کردو، تو ہندہ کے والدین نے رخصتی کردی، جب ہندہ اپنی سسرال گئی تو تقریباً بائیس دن رہی، مگر زید ہندہ سے نہیں ملا اور زید نے کہا کہ میں صحیح نہیں ہوا ہوں میں تمہارے لائق نہیں ہوں؛ لہٰذا تم چلی جاؤ بہتر ہوگا، تو ہندہ اپنے میکے چلی گئی۔ اب ہندہ کے والدین زید سے طلاق لینے گئے تو زید کے والد زید کو دہلی لیکر چلے گئے ہیں اور ہندہ کے والدین بہت ہی غریب ہیں اور اب ہندہ بھی زید کے گھر جانا نہیں چاہتی ہے، اس صورت میں ہندہ کیا کرے گی؟ کیا ہندہ بغیر طلاق کے نکاح ثانی کرسکتی ہے یا نہیں؟ کیا شرعاً جواز ہے مفصل تحریر فرمائیں۔

المستفتی: حافظ مجیب الدین، مقام: بھرنا، سہرسہ (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بغیر طلاق یا شرعی تفریق کے ہندہ کے لئے دوسری جگہ شادی کرنا شرعاً جائز نہیں ہوگا، شرعی طور پر جدائی حاصل کرنے کے بعد ہی نکاح ثانی کرسکتی ہے اس کے بغیر نہیں۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته (إلى قوله) إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱۶، زكريا ۴/۲۷۴، ۵/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ۴/۱۴۴، زكريا ۴/۲۴۲)

اگر زید کسی طرح طلاق نہیں دیتا ہے تو ہندہ محکمۂ شرعیہ میں اپنا معاملہ پیش کردے

اور محکمہ تحقیق کر کے فیصلہ کر دے گا۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰؍ صفر المظفر ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/ ۲۵۶۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۳۰/ ۲/ ۱۴۱۲ھ

شوہر سے طلاق لئے بغیر دوسری جگہ نکاح کرنا

سوال [۵۷۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں از روئے حلف بیان کرتی ہوں کہ میری شادی کو قریب قریب ایک سال سات ماہ کا عرصہ ہوگیا ہے، میری شادی محمد شکیل ولد لیاقت حسین محلّہ پنی گران سرائے ترین میں ہوئی تھی، میرے شوہر اور میرے سسر کافی عرصہ سے بغرض کاروبار کافی وقت سے ممبئ رہتے ہیں؛ جبکہ میں اپنی والدہ کے یہاں سے رخصت ہوکر اپنی سسرال پہونچی تھی، میرے سسرال پہونچنے پر میرے شوہر نے گھر پر آنا قطعی بند کر دیا تھا، اس کے بعد میں دو ماہ سسرال میں رہ کر اپنے میکے سرائے ترین آگئی؛ جبکہ دو ماہ کا عرصہ ہوا، تو میرے شوہر محمد شکیل ممبئ سے آئے اور میری والدہ کے گھر پر والدہ سے کہا کہ اس کو بھیجدو، میری والدہ نے منع کر دیا، اس کے بعد دو ماہ کے بعد کچھ با اثر ذمہ دار لوگ مع میرے سسر کے گھر پر آئے اور میری والدہ نے چند شکایتیں ان ذمہ دار حضرات کے سامنے تفصیل سے رکھی تھیں، ذمہ دار حضرات نے اور میرے سسر نے یہ جواب دیا کہ میں اور یہ سب آدمی جو کہ میرے اور تمہارے رشتہ دار ہیں سب ذمہ دار ہیں، اب میں کوئی بھی شکایت کا موقع نہیں دوں گا، اب تم اس کو میرے ہمراہ ممبئ بھیجدو، میری والدہ نے بھروسہ کر کے مجھ کو سسر کے ساتھ ممبئ روانہ کر دیا، جب میں ممبئ پہونچی تو میرے شوہر نے ہمبستری کرنے سے قبل رات کو مجھ سے یہ کہا کہ میری شادی تمہارے ساتھ والدین کی مرضی سے ہوئی تھی، میری مرضی سے نہیں ہوئی تھی اس کے بعد ہمبستری ہوئی اس کے صرف ایک منٹ کے بعد میں سوگئی، صبح اٹھ کر غسل کیا اور نماز پڑھی دو

پہر کو کھانا کھایا قریب تین بجے سرائے ترین کے رہنے والے کچھ کاروباری لوگ جو کہ اپنے کاروبار کی غرض سے کافی ٹائم سے ممبئی میں مقیم ہیں، وہ لوگ آئے اوران کے سامنے میرے شوہر اور سسر نے میرے جہیز کا سارا سامان مکان کے اندر سے لاکر صحن میں رکھا اور مبلغ ۲۰؍ ہزار روپیہ نقد بھی رکھا میری والدہ موجود تھیں، ان سے کہا کہ تم اپنی بیٹی کو اپنے ہمراہ لیجاؤ اور جہیز کا سامان بھی لیجاؤ اور اپنا روپیہ جو کہ تم نے فرنیچر کے لئے دیا تھا وہ بھی لیجاؤ، مجھے آپ کی لڑکی کو بیوی بنا کر کسی بھی قیمت پر رکھنا ہی نہیں ہے، یہ الفاظ میرے شوہر نے کئی بار میری والدہ سے دہرائے تھے؛ لیکن مجھ کو طلاق نہیں دی ہے، سامان اور روپیہ لے کر میں والدہ کے ہمراہ اپنے میکہ آ گئی ہوں، ایک ماہ کا عرصہ ہوا کہ میرے سسر آئے تھے لیاقت حسین، تو ان سے میری والدہ نے کہا تھا اور دوسرے حضرات سے بھی کہلوا کر بھیجا تھا کہ اس معاملہ کو ختم کر دو، تو لیاقت حسین نے جواب دیا کہ میں ممبئی سے لڑکے سے طلاق نامہ لکھوا کر بھیج دوں گا، یہ بھی معلوم ہوا کہ محمد شکیل سعودی عرب گیا ہے، محمد شکیل اسمگلنگ افیم اور ہیروئن کا کاروبار کرتا ہے۔ گذارش ہے کہ اس مسئلہ میں شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے؟ تحریر فرمادیں۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ اپنا معاملہ محکمۂ شرعیہ کے سامنے رکھیں، وہ تحقیق کر کے کوئی شرعی حل بتلائیں گے؛ کیونکہ اس شوہر سے طلاق یا خلع یا کسی طرح کی شرعی تفریق حاصل کئے بغیر دوسری جگہ نکاح کرنا جائز نہ ہوگا۔

وأما نكاح منكوحة الغير ومعتدته (إلى قوله) إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً الخ. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۵۱٦، زكريا ٤/۲۷٤، ٥/۱۹۷، البحرالرائق، كوئٹه ٤/۱٤٤، زكريا ٤/۲٤۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍محرم الحرام ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/۵۱۲۶)

شوہر سے طلاق حاصل کئے بغیر عدالت مجاز سے نکاح فسخ کرا کر دوسرے سے نکاح

سوال [۵۷۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہندہ کا نکاح رشید سے ہوا تھا، پھر اس سے طلاق حاصل کئے بغیر عدالت مجاز سے فسخ نکاح کرا کر مجید سے نکاح کروا دیا گیا، تو دوسرا نکاح جو مجید سے ہوا ہے یہ جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبدالواحد، کھوکران، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہندوستانی عدالت مجاز سے عورتوں کا اپنا نکاح فسخ کرانا شرعی طور پر معتبر نہیں ہے؛ لہٰذا ہندہ شرعی طور پر اب بھی رشید ہی کی بیوی ہے۔ دوسرا نکاح جو مجید کے ساتھ ہوا ہے وہ شرعی طور پر معتبر نہیں ہے۔ (مستفاد: ایضاح النوادر ۲/ ۱۵۲)

وَلَنْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكَافِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا. [النساء: ۱۴۱]

لم ينفذ حكم الكافر على المسلم الخ (شامي، كتاب القضاء، باب التحكيم، زكريا ۸/ ۱۲۶، كراچي ۵/ ۴۲۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ رجب المرجب ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۹۳۹)

شوہر سے طلاق لئے بغیر دوسری جگہ نکاح

سوال [۵۷۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بہار النساء کے شوہر کا انتقال ہو گیا اور اس شوہر سے اس کے بطن سے ایک بچہ بھی ہے۔ اب عدت گذر جانے کے بعد اس نے اپنے دیور سے اپنے والدین کی غیر موجودگی میں نکاح کرلیا آیا یہ نکاح ہوا یا نہیں؟

(۲) اب شوہر ثانی میں ان بن ہوگئی بہار النساء اپنے میکے چلی گئی میکے والے اس کا تیسرا نکاح کرنا چاہتے ہیں؛ جبکہ شوہر ثانی نے ابھی ان کو طلاق بھی نہیں دی ہے؛ لہٰذا یہ تیسرا نکاح منعقد ہوگا یا نہیں؟

(۳) شوہر ثانی کو دھمکیاں دے کر یا مار توڑ کر اس سے طلاق لینا چاہتے ہیں، ان کا یہ فعل کیسا ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل جواب عنایت فرمائیں عین نوازش ہوگی۔

المستفتی: محمد اکرم سرائے ترین سنبھل، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) بہار النساء نے عدت گذر جانے پر والدین کی عدم موجودگی میں اپنے دیور سے جو نکاح کیا ہے، وہ نکاح شرعاً منعقد ہوگیا ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۱۰/۳۹)

ولاية ندب على المكلفة ولو بكراً (إلى قوله) لامكلفة فنفذ نكاح حرة مكلفة بلارضا ولي الخ (شامي، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ۳/۵۵، زكريا ٤/١٥٤)

(۲) شوہر ثانی سے طلاق لینے سے پہلے بہار النساء کے لئے دوسری جگہ نکاح کرنا حرام ہے۔

لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره. (علمگيري ١/٢٨٠، جديد زكريا ١/٣٤٦)

(۳) طلاق کے لئے زبردستی کرنا شرعاً جائز نہیں ہے اور مار توڑ کی دھمکیاں دے کر طلاق حاصل کرنے والے گنہگار رہوں گے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۱۰/۱۲۲)

ويجب لو فات الإمساك بالمعروف ويحرم لو بدعيا و من محاسنه التخلص به من المكاره الخ. (شامي، ٣/٢٢٩، زكريا ٤/٤٢٨، ٤/٤٢٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/۴۸۲۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵/۵/۱۴۱۷ھ

عدالت کی طلاق کے بعد دوسری جگہ نکاح

سوال [۵۷۲۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری ہمشیرہ تقریباً ڈھائی سال سے اپنے میکہ میں رہ رہی ہے، ان کے شوہر ڈھائی سال پہلے انہیں پہونچا کر واپس نہیں آئے، کئی مرتبہ ذمہ دار سے جو ان کے وکیل اور ذمہ دار تھے، بات چیت بھی کی اور ان پر زور بھی دیا کہ وہ آکر ہمشیرہ کو لے جائیں یا اگر ہمشیرہ کے شوہر نہیں چاہتے ہیں تو انہیں چھوڑ دیں، مگر وہ اس پر بھی راضی نہیں ہیں، ان کا کہنا ہے کہ وہ اس کو اسی طرح لٹکائے رکھیں گے، نہ تو طلاق ہی دیں گے اور نہ لے کر جائیں گے، ہمشیرہ کی گود میں تقریباً تین سال کا ایک بچہ بھی ہے؛ لہٰذا معلوم یہ کرنا ہے کہ ہمشیرہ کی دوسری شادی کیلئے خلع یا طلاق کی کوئی صورت نکل سکتی ہے یا نہیں؟ اگر ہم عدالت کے ذریعہ طلاق لے لیں، تو دوسری شادی جائز ہوگی یا نہیں؟

المستفتی: معراج احمد بٹواری، امروہہ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب تک شوہر سے طلاق یا شرعی تفریق حاصل نہ ہوجائے، دوسری جگہ نکاح کرنا جائز نہیں اور عدالت کی طلاق کا کوئی اعتبار نہیں؛ بلکہ ایسی صورت میں اولاً شوہر کو کسی طرح خلع پر راضی کرلیا جائے، اگر اس پر بھی وہ تیار نہ ہو تو عورت اپنا معاملہ محکمہ شرعیہ یا شرعی پنچایت میں پیش کردے، وہاں سے تفریق حاصل ہونے کے بعد عورت عدت گذار کر دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے۔ (مستفاد: الحیلۃ الناجزۃ ۶۱، کفایت المفتی قدیم ۹۳/۶، جدید زکریا ۱۱۸/۶، احسن الفتاوی، زکریا ۴۱۲/۵)

وَلَنْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكَافِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ . [النساء: ۱۴۱] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ رجمادی الثانیہ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۹۳۲/۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱/۷/۱۴۱۷ھ

شوہر سے تفریق حاصل کئے بغیر دوسری جگہ نکاح کرنے کا حکم

سوال [۵۷۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ۹ رسال پہلے میری بیٹی کا نکاح ہوا تھا؛ لیکن آج تک اس کی رخصتی نہیں ہوئی ہے، مجبوری کے حالات میں اس کا نکاح ہوا تھا، اب یہ پتہ چلا کہ وہ لڑکا شراب پیتا ہے، جوا کھیلتا ہے، اس وجہ سے میری لڑکی وہاں جانا نہیں چاہتی وہ کہتی ہے، اگر مجھے اس کے ساتھ رہنے پر مجبور کیا گیا تو میں زہر کھا کر یا آگ لگا کر اپنی جان ختم کرلوں گی، اس طرح میری لڑکی کی عمر بڑھتی جا رہی ہے اور اس کے چھوٹے بھائی بہن کی بھی؟ کیا ایسے حالات میں میں اپنی بیٹی کا نکاح کسی دوسری جگہ کرسکتی ہوں؟ کیا شریعت اس بات کا حکم دیتی ہے؟

المستفتیه: جمیلہ خاتون، کرولہ سرسید نگر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفیق: چونکہ شرعی ضابطہ کے مطابق وہ نکاح درست ہو چکا ہے؛ اس لئے وہ نکاح بہر حال صحیح اور معتبر ہو چکا 'شریعت میں شرابی، کبابی کا نکاح بھی درست ہوجاتا ہے؛ اس لئے جب تک وہ شخص طلاق نہیں دیتا ہے، اس وقت تک آپ اپنی بیٹی کا نکاح دوسری جگہ نہیں کرسکتی ہیں۔ اور اگر آپ کو یہ اندیشہ ہے کہ شرابی، کبابی ہونے کی وجہ سے لڑکی کے ساتھ نبھاؤ نہیں ہوسکے گا اور خلع وطلاق علی المال پر بھی وہ تیار نہیں ہے، تو قریب کے محکمۂ شرعیہ میں درخواست دیدیں، وہ شرعی ضابطہ کے مطابق کوئی فیصلہ کریں گے۔

لایجوز للرجل أن یتزوج زوجة غیره. (هندیة، زکریا ۱/ ۲۸۰ جدید زکریا ۱/ ۳۴٦، بدائع الصنائع، زکریا ۲/ ۵٤۸، دارالکتب العلمیة بیروت ۳/ ٤٥١، کراچي ۲/ ۲٦۸، شامي، کراچي ۳/ ۱۳۲، ۵۱٦، زکریا ٤/ ۲۷٤، ۵/ ۱۹۷، البحرالرائق کوئٹه ٤/ ۱٤٤، زکریا ٤/ ۲٤۲، مبسوط دارالکتب العلمیة بیروت ۳۰/ ۲۸۹)

والمحصنت من النساء عطف علیٰ أمهاتکم: یعني حرمت علیکم المحصنات من النساء أي ذوات الأزواج لایحل للغیر نکاحهن ما لم یمت زوجها، أو یطلقتها، وتنقضي عدتها من الوفاة، أو الطلاق. (تفسیر مظهري، زکریا۲/۲۷۳-۲۷۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر:الف ۴۰/ ۱۱۵۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۵/۵/۱۴ھ

بغیر تفریق کے نکاح

سوال [۵۷۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے ہندہ سے نکاح کیا اور کچھ مدت تک دونوں ایک ساتھ رہے اورزید حق زوجیت ادا کرتا رہا، کچھ مدت کے بعد یعنی چار پانچ مہینہ کے بعد ہندہ کے گھر والوں نے ہندہ کا نکاح بکر سے کرا دیا، زید کے طلاق دیئے بغیر،تو یہ بکر کا نکاح ہندہ سے درست ہے یا نہیں؟ اور ہندہ زید کے نکاح میں رہنا چاہتی ہے اور زید بھی ہندہ کو اپنی زوجیت میں رکھنا چاہتا ہے،تو کیا ہندہ کو بکر سے طلاق لینی پڑے گی اور زید کو تجدید نکاح کی ضرورت ہے یا پہلا نکاح کافی ہے؟

المستفتی: محمد شہاب رضا،محلّہ ڈیریا،مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب زید نے اپنی بیوی ہندہ کو طلاق نہیں دی اور کوئی وجہ تفریق بھی نہیں ہوئی اور ایسی حالت میں ہندہ کا نکاح بکر کے ساتھ ہوا،تو وہ نکاح باطل اور بکر کی ہندہ کے ساتھ زنا کاری رہی ہے۔اور ہندہ بدستور زید ہی کی بیوی ہے،زید کو ہر وقت یہ حق حاصل ہے کہ ہندہ کو اپنے پاس لاکر بیوی بنا کر رکھے،اس میں تجدید نکاح کی بھی

ضرورت نہیں اور نہ ہی بکر سے طلاق لینے کی ضرورت؛ کیونکہ وہ زید ہی کی بیوی ہے۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً (وقوله) ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة؛ لأنه زنا الخ. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۳/۵۱۶، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶/۷۸۷۰)

طلاق لئے بغیر منکوحہ کا دوسری جگہ نکاح

سوال [۵۷۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہندہ ایک ایسی لڑکی ہے جس کا حالت نابالغی کمسنی میں والدین نے آٹھ سال قبل نکاح کردیا تھا، بالغ ہونے تک والدین کے گھر رہی، اس عرصہ میں ہندہ کے شوہر نے کوئی خبر نہ لی اور نہ ہی لینے آیا، آٹھ سال کی مدت گزرنے کے بعد ہندہ کا نکاح ثانی دوسری جگہ کسی صورت میں جائز ہے؟ اگر طلاق لئے بغیر اس کا نکاح کرادیا گیا ہوتو کیا یہ جائز ہے؟

(۲) امام مسجد نے اپنے طور سے یہ نکاح ان کے گھر جاکر پڑھایا؛ اور امام صاحب کو نکاح اول بھی بتایا گیا؛ مگر امام صاحب سے انہوں نے اخفاء کیا، بعدہ تحقیق ہوئی کہ یہ نکاح ثانی ہے، کیا ان امام صاحب کی امامت مکروہ ہے؟

(۳) چندافراد نے ان کے اس فعل کو برا سمجھ کر ان کے پیچھے نماز پڑھنی چھوڑ دی، کیا انہوں نے شرعاً جائز کام کیا؟ بینوا وتوجروا.

المستفتی: امتیاز احمد، مدرسہ رحمت العلوم، قصبہ ناگل سوتی، بجنور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: (۱) جب لڑکی کا نکاح نابالغی میں والدین نے کرادیا، تو بالغ ہونے کے بعد لڑکی کو خیار بلوغ حاصل نہیں ہوگا۔

فإن زوجهما الأب، والجد أي الصغير والصغيرة، فلاخيار لهما بعد بلوغهما. (هداية، اشرفي بكڈپو ديو بند ۲/ ۳۱۷)

اوراس لڑکی کا دوسری جگہ بغیر طلاق لیئے نکاح کرنا جائز نہیں۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته (إلى أن قال) لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ۳/ ۱۳۲، زكريا ٤/ ۲۷٤)

لہٰذا بغیر طلاق لیئے ہوئے اگر نکاح کردیا گیا تو نکاح بالکل جائز نہیں ہوگا، اگر دوسری جگہ نکاح کرنا چاہتے ہیں، تو شوہر کو کچھ لالچ دے کر اس سے طلاق لے لی جائے اور پھر دوسری جگہ نکاح کردیں تو جائز ہوگا۔

وان تشاق الزوجان وخافا أن لا يقيما حدود الله، فلابأس بأن تفتدى نفسها منه بمال يخلعها به، فإذا فعل ذلک وقع بالخلع تطليقة بائنة. (هداية اشرفى ديو بند ۲/ ٤٠٤)

(۲،۳) اگر امام صاحب کو نکاح اول کا علم تھا، اس کے باوجود نکاح ثانی پڑھا دیا، تو یہ امام صاحب کا فعل حرام ہے، اب اگر امام صاحب اپنے اس فعل شنیع سے توبہ کر لیتے ہیں، تو ان کے پیچھے نماز بلا کراہت درست ہے۔

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم، التائب من الذنب كمن لاذنب له. (مشكوة شريف ۱/ ۲۰٦)

اور اگر امام صاحب اپنے اس فعل شنیع سے توبہ نہ کریں اور اسی پر مصر ہیں تو ان کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۳/ ۱۴۹)

ويكره إمامة فاسق (وفي الشامية) أما الفاسق فقد عللوا كراهة تقديمه؛

بأنه لا يهتم لأمر دينه وبأن في تقديمه للإمامة تعظيمه وقد وجب عليهم إهانته شرعاً (إلى ان قال) **أن كراهة تقديمه كراهة تحريم.** (درمختار مع الشامي، كراچي ۱/ ٥٦٠، زكريا ۲/ ۲۹۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ محرم الحرام ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/ ۳۲۹۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۱/۲۹ھ

شوہر سے تفریق حاصل کئے بغیر بیوی کا دوسرا نکاح کر لینا

سوال [۵۷۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زینت بیگم دختر جناب انوار حسین، ساکن محلہ راج چندوسی مرادآباد کی شادی یامین ساکن رحمٰن سرائے علی گڑھ سے ہوئی تھی، دوسال ساتھ ساتھ رہے ایک لڑکا نعیم پیدا ہوا، یامین اپنی بیوی زینت بیگم اور لڑکے نعیم کو ماں کے گھر چندوسی پہونچا کر لاپتہ ہوگیا، تقریباً ۲۲/ سال بیوی ماں کے گھر رہتی ہے، دوسال پہلے عبدالقدیر ولد عبدالعزیز محلّہ گڑھی قصبہ سرولی، بریلی نے ان سے نکاح کرلیا، تقریباً ۲۴/ سال کے بعد ان کا پہلا شوہر یامین گھر واپس آگیا، وہ اپنی بیوی کو رکھنا چاہتا ہے، گھر پر آنے کے بعد تقریباً ۴/ ماہ زندہ رہے، اب ان کا انتقال ہوگیا ہے، زینت بیگم اب بھی عبدالقدیر ولد عبدالعزیز کے گھر رہ رہی ہے، اب عبدالقدیر ولد عبدالعزیز زینت بیگم کے ساتھ کیا معاملہ کرے؟ وضاحت فرمائیں۔

المستفتی: عبدالعزیز، سرولی، بریلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زینت بیگم کو جب اس کے شوہر یامین نے طلاق نہیں دی تھی اور ایک عرصۂ دراز تک غائب رہا، تو اس کی وجہ سے وہ اس کی زوجیت سے نہیں نکلی؛ بلکہ اسی کی بیوی رہی؛ لہٰذا عبدالقدیر نے جو زینت بیگم سے شرعی تفریق حاصل کئے

بغیر نکاح کرلیا تھا، وہ نکاح ہی نہیں ہوا اور زینت بیگم بدستور پہلے شوہر کی بیوی رہی؛ لہٰذا اس کے واپس آنے پر زینت کو اسی کے ساتھ چلے جانا لازم تھا اور جب پہلا شوہر یامین کا انتقال ہوگیا ہے، تو زینت بیگم پر عدت وفات چار مہینہ دس دن گذارنا لازم ہے، اس کے بعد عبدالقدیر کے ساتھ نکاح درست ہوجائے گا۔ (مستفاد: الحیلۃ الناجزہ ۱۲۳-۱۲۵)

عن المغيرة بن شعبةؓ، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم امرأة المفقود امراته حتى يأتيها الخبر. (سنن الدارقطني، كتاب النكاح، دارالكتب العلميه بيروت ۳/۲۱۷، رقم: ۳۸۰٤)

أما حكمه ماذكر محمدؒ في الكتاب، أنه يعتبر حياً في حق نفسه حتى لايقسم ماله بين ورثته ولاتتزوج نساؤه. (تاتار خانية، زكريا ۷/٤٤۸، رقم: ۱۰۸٥٥)

ولو تزوج بمنكوحة الغير، وهو لايعلم أنها منكوحة الغير، فوطئها تجب العدة، وإن كان يعلم أنها منكوحة الغير لاتجب الخ.

(عالمگري، زكريا ۱/۲۸۰ جديد ۱/۳٤٦)

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا. [البقرة: ۲۳٤] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۰/رجب المرجب ۱۴۳۴ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/۱۱۱۹۰)	۱۰/۷/۱۴۳۴ھ

پہلے شوہر سے طلاق حاصل کئے بغیر دوسری جگہ نکاح

سوال [۵۷۲٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شوہر رئیس اور بیوی شاہین میں جھگڑا ہوا، اس کے بعد بیوی شاہین اپنے میکہ چلی گئی اور اس دوران شوہر رئیس اپنی بیوی کو کچھ خرچہ بھی دیتا رہا، اس کے بعد ایک عورت نے

شاہین کو بہلا پھسلا کر شاہین کا نکاح دوسرے مرد سے کر دیا اور شاہین کے پہلے شوہر نے ابھی شاہین کو طلاق بھی نہیں دی ہے، تو شاہین کا دوسرے مرد کلو کے ساتھ نکاح کرنا صحیح ہوگا یا نہیں اور شاہین کے پہلے نکاح کا کیا ہوگا؟

المستفتی: محمد رئیس، بغدادی مسجد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جب شاہین کے پہلے شوہر نے طلاق نہیں دی ہے، تو اس سے طلاق لئے بغیر شاہین کا نکاح جو دوسرے مرد کے ساتھ ہوا ہے، وہ نکاح باطل ہے اور دوسرے مرد کے ساتھ رہنا حرام کاری اور زنا کاری ہے اور شاہین بدستور پہلے شوہر کے نکاح میں باقی ہے۔

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره. (فتاوی عالمگيري، زكريا ١/ ٢٨٠، جديد ١/ ٣٤٦)

أما نكاح معتدة الغير ومنكوحته، فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، زكريا ٤/ ٢٧٤، ٥/ ١٩٧، كراچي ٣/ ١٣٢، ٥١٦، البحرالرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۴/ رجمادی الثانیہ ۱۴۳۴ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۱۵۲/۴۰)	۱۴۳۴/۶/۲۳ھ

مطلقہ حلالہ سے منع کرے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۷۲۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد حنیف ولد محمد خلیل صاحب مرحوم محلّہ نئی بستی کو بڑا نیم مرادآباد زوجہ کا نام فرمیدہ بیگم ولد یامین صاحب مرحوم محلّہ چھپروالی مسجد عیدگاہ روڈ، ان دونوں کی شادی کا عرصہ

تقریباً ۲۶/سال ہوگیا تھا، ۲۶/سال کے بعد دونوں میاں بیوی میں اسقدر جھگڑا ہوا کہ محمد حنیف نے اپنی بیوی فرمیدہ بیگم کو طلاق دے دی، طلاق کے بعد فرمیدہ بیگم اپنے والد مرحوم کے گھر آ گئی اور طلاق کی عدت ۳/ماہ ۱۰/دن کی پوری کرلی گئی، مگر فرمیدہ بیگم کہتی ہے کہ میں دوسرا نکاح نہیں کروں گی اور نہ میں حلالہ کروں گی اور میں پہلے شوہر محمد حنیف کے ساتھ رہنا چاہتی ہوں، میں دوسرے کے ساتھ نکاح نہیں کروں گی، بار بار یہی کہتی ہے، میرے بچے جوان ہیں اور لڑکی بھی جوان ہے، اب آپ بتایئے شریعت کیا کہتی ہے؟

المستفتی: محمد حنیف، نیا بستی، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر شوہر نے دوران جھگڑا بیوی کو تین طلاق دے دی ہوں تو پہلے شوہر کے پاس بغیر حلالہ شرعی کے نکاح کر کے بھی جانا جائز نہیں، اگر پہلے شوہر کے پاس رہنا ہے تو شرعی حلالہ کے بعد ہی جاسکتی ہے اور شرعی حلالہ کی شکل یہ ہے کہ تین ماہواری گذر جانے کے بعد کسی دوسرے مرد سے نکاح کرلے، پھر اس مرد سے ہمبستری ہوجانے کے بعد وہ مرد مر جائے یا طلاق دے دے، پھر اس کے بعد تین ماہواری گذر جانے کے بعد پہلے شوہر کے ساتھ شرعی نکاح کر کے میاں بیوی والی زندگی گذار سکتے ہیں، اس کے بغیر پہلے شوہر کے پاس جانے کی کوئی شکل نہیں۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۹/ ۲۰۹)

وإن كان الطلاق ثلاثا في الحرة، وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجًا غيره نكاحاً صحيحاً، ويدخل بها، ثم يطلقها، أو يموت عنها.

(فتاوی عالمگیري، زکریا ۱/ ۴۷۳ جدید ۱/ ۵۳۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۸۰۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۶/۵/۶ھ

حمل کی حالت میں طلاق کے بغیر دوسرے سے نکاح اور بچہ کا ثبوت

سوال [۵۷۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ معتصم بن عبدالغفور کا نکاح لحاظاً بنت عنایت علی سے ہوا، اور وہ امید سے ہوگئی اس کے تین ماہ بعد لحاظا کا نکاح بغیر طلاق کے بشارت بن عبدالودود سے ہوگیا، اب اس لڑکی سے پیدا ہونے والا لڑکا ہے اور اتفاق کہ معتصم اور بشارت دونوں کا انتقال ہوگیا ہے، اب موجودہ بچہ کا نسب کون سے شوہر سے جڑے گا اور ترکہ دونوں سے ملے گا یا کسی ایک سے؟

المستفتی: محمد عمران، تنکار، بھاگل پور (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں جو شکل لکھی گئی ہے، اس میں لحاظاً بنت عنایت علی کا نکاح محمد معتصم بن عبدالغفور کے ساتھ صحیح ہوگیا اور اس سے طلاق لئے بغیر بشارت ابن عبدالودود کے ساتھ جو نکاح ہوا ہے، وہ درست نہیں ہوا، بشارت کے ساتھ بدکاری ہوئی ہے اور لحاظاً سے جو لڑکا پیدا ہوا ہے، وہ معتصم ہی کا ہے بشارت کا نہیں ہے اور آگے سلسلہ نسب اور وراثت وغیرہ کی بات معتصم ہی کے ساتھ جاری ہوگی۔

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الولد للفراش وللعاهر الحجر . (بخاري شريف، كتاب البيوع، باب تفسير المشبهات، النسخة الهندية ١/ ٢٧٦، رقم:٢٠٠٧، ف:٢٠٥٣)

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لايوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً؛ ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة لأنه زنى. (شامي، كراچي ٣/٥١٦، ٣/١٣٢، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، زكريا ٤/٢٤٢، كوئٹه ٤/١٤٤)

لایجوز للرجل أن یتزوج زوجة غیرہ. (ھندیة، زکریا ۱/ ۲۸۰ جدید ۱/ ۳٤۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷؍ربیع الاول ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/ ۹۹۳۹)

شوہر سے طلاق لئے بغیر دوسری جگہ نکاح کرنا

سوال [۵۷۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عوت جس کا نام شائستہ عشرت بنت نگار بیگم ہے، شائستہ کا نکاح اول ۹-۷-۸-۱۹۷ء میں ہوا تھا، کچھ ٹائم کے بعد میاں بیوی میں اختلاف پیدا ہوگیا تھا، شائستہ بنا طلاق کے اپنے والد کے گھر پر آ گئی، جس میں بیچ میں کچھ لوگوں نے بات چیت کرا کر شوہر کو بھی ان کے والد کے مکان پر رکھوادیا؛ لیکن پھر بھی حالات سازگار نہ ہو سکے، نتیجہ یہ ہوا کہ لڑکا اپنے گھر شائستہ اپنے والد کے گھر بلا طلاق کے رہتی رہی، اسی بیچ ایک لڑکے کی پیدائش ہوئی، بچہ کی پیدائش کے بعد اس آدمی نے سمجھوتہ کرنے کی کوشش کی؛ لیکن کوئی نتیجہ نہیں نکلا، اسی طرح سے ۱۷؍سال کا گذر گئے، ۱۷؍سال کے بعد اس عورت نے دوسرا نکاح کرلیا ہے، نہ تو پہلے شوہر سے طلاق لی، نہ عدت گذاری، نہ کوئی مہر جہیز واپس لیا، بچہ کا ۱۷؍سال کا خرچ بھی نہیں لیا ہے، تو دوسرا نکاح جائز ہے یا ناجائز؟ جبکہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ نکاح جائز ہے اور ہم فتوی لے چکے ہیں، دوسرے شوہر کا انتقال ہوگیا ہے، تو وہاں پر وہ اپنا حق مانگ رہی ہیں۔

المستفتی: مسعود اقبال، گوئیاں باغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مسئولہ صورت میں شوہر اول سے طلاق لئے

بغیر نکاح ثانی صحیح اور درست نہیں ہوا؛ بلکہ باطل ہوا ہے، اس نکاح کے ذریعہ دوسرے شوہر کے ساتھ زنا کاری و بدکاری رہی ہے اور اس دوسرے نکاح کو جو لوگ جائز کہہ رہے ہیں وہ غلط اور بے بنیاد ہے، اگر انہوں نے کہیں سے جواز کا فتویٰ لیا ہے، تو وہ ہمارے پاس بھیجئے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۷/۱۹۴)

وأما نكاح منكوحة الغير -لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً. (شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ١٩٧/٥، كراچي ١٣٢/٣، ٥١٦/٣، وهكذا في البدائع، زكريا٢/٥٤٨، كراچي ٢٦٨/٢، درالكتب العلمية بيروت ٤٥١/٣)

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره. (هندية، زكريا ٢٨٠/١، جديد ٣٤٦/١)

اور دوسرا شخص جس سے ناجائز نکاح ہوا ہے، اس کے انتقال کے بعد یہ عورت اس کے ترکہ سے وراثت پانے کی مستحق نہیں ہے؛ بلکہ یہ آج بھی پہلے شوہر کی بیوی ہے۔

لأن الإرث ثبت بالنص على خلاف القياس في النكاح الصحيح مطلقاً، فيقتصر عليه. (در مختار على الشامي، زكريا ٣٥١/٤، كراچي ١٨٦/٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۲؍ربیع الاول ۱۴۲۱ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵؍۶۵۷۷)	۱۲/۴/۱۴۲۱ھ

کورٹ کی طلاق کے بعد دوسری جگہ نکاح کا حکم

سوال [۵۷۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شوہر اپنے گھر سے باہر چلے جاتے ہیں اور ایک دو سال باہر رہتے ہیں، گھر میں بیوی کے لئے کوئی خرچہ پانی نہیں بھیجتے ہیں اور بیوی کو خبر پہنچتی ہے کہ آپ کے شوہر زندہ ہیں اور اب زندگی بسر کرنے کے لئے کوئی ذریعہ معاش نہیں، نہایت غریب ہے،

دوسروں کے گھروں میں جا کر کام کر کے روزی روزگار حاصل کرتی ہے اور لڑکی جوان ہے، ناجائز کام میں پھنسنے کا ڈر ہے؛ لہٰذا اب یہ لڑکی سرکاری کورٹ میں جا کر ڈائی پیش کر دیتی ہے (نکاح کو توڑتی ہے) اور دوسرے آدمی سے نکاح کر لیتی ہے، تو کیا دوسرا نکاح ہو جائے گا یا نہیں اور شوہر اول کے گھر آنے سے بیوی کس کی ہوگی؟

المستفتی: نور الزماں، آسامی، جامعہ اسلامیہ محمودیہ بنگال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیوی اور بال بچوں کا نان ونفقہ شوہر کے ذمہ ہے، اگر وہ نہیں دیتا ہے تو عورت کو شوہر کے خلاف عدالت شرعیہ یا محکمۂ شرعیہ میں مقدمہ دائر کر کے اپنے نفقہ کے مطالبہ کا حق ہے؛ لیکن نفقہ نہ دینے کی وجہ سے غیر مسلم عدالت میں جا کر نکاح ختم کرنے کے لئے چارہ جوئی کرنا جائز نہیں ہے اور نہ ہی غیر مسلم عدالت کا شوہر سے نکاح ختم کرنے اور طلاق دینے کا فیصلہ کرنا شرعاً معتبر ہے؛ لہٰذا غیر مسلم عدالت سے نکاح ختم کر کے دوسری جگہ جو نکاح کرتی ہے شرعاً وہ نکاح باطل ہے اور اس کے ساتھ زناکاری ہوگی اور بیوی بدستور اپنے سابقہ شوہر کے نکاح میں باقی ہے۔ (مستفاد: ایضاح النوادر ۲/۱۵۲)

لـم يـنـفذ حكم الكافر على المسلم، وينفذ للمسلم على الذمي الخ

(شامي، كراچي ٥/٤٢٨، زكريا٨/١٢٦)

وأما نكاح منكوحة الغير - لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً.

(شامي، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، كراچي٣/١٣٢، ٣/٥١٦،البحر الرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا٤/٢٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱؍رجب المرجب ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/۶۸۰۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۷/۱ھ

(۲۲) باب نکاح المعتدة

معتدہ کونکاح کا پیغام دینا

سوال [۵۷۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اب سے بارہ سال قبل اپنے بڑے بھائی کی بیوی سے ناجائز جنسی تعلقات قائم کئے اور کئی سال تک زناکاری کرتا رہا، جب ان ناجائز تعلقات کا علم رشتہ داروں کو ہوگیا، تو وہ اپنی محبوبہ کو لے کر فرار ہوگیا اور آج بھی اس کے ساتھ رہتا ہے، کچھ عرصہ گذارنے کے بعد زید کے سگے بھتیجے کا مشتبہ حالات میں انتقال ہوگیا اور اس نے اپنے پیچھے جوان العمر بیوہ اور تین نابالغ بچے چھوڑے، مرحوم کی زندگی میں کچھ حالات اس طرح کے پیش آئے جن سے اندازہ ہوا کہ زید نے مرحوم کی زندگی میں ہی اس کی مسماۃ سے ناجائز تعلقات قائم کر لئے تھے، ان تعلقات کا علم اس وقت ہوا؛ جبکہ ان کی آپسی گفتگو سنی گئی اور ٹیپ کرلی گئی، جو ثبوت کے طور پر محفوظ ہے ان کی گفتگو اور یہ باور کرنے پر مجبور کرتی ہے کہ زید اور بیوہ مذکورہ نے راستہ کا کانٹا دور کرانے کے لئے مرحوم کو زہر دے کر ہلاک کیا۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں زید اور مسماۃ مذکورہ کے لئے فتوی صادر فرمائیں۔

المستفتی: ظہیر عالم ڈانگ، بارہ دری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مرحوم ومغفور کو زہر دے کر ہلاک کرنے کی بات اس وقت تک شرعی طور پر معتبر نہ ہوگی، جب تک دو شرعی گواہوں کے خود دیکھنے پر شہادت نہ ہو یا خود وہ لوگ اقرار نہ کریں، جن کا ایسے فعل شنیع میں دخل دینے کا شبہ ہے، اس کے بغیر محض شکوک وشبہات اور فون پر گفتگو اس کے ثبوت پر حجت نہیں ہوسکتی ہے؛ اس لئے شرعی طور پر

زید اور بیوہ مذکورہ پر کوئی سزا نہیں ہے؛ البتہ اگر ان دونوں نے بے حیائی کی بات کی ہے تو ان پر بے حیائی کا گناہ ہوگا، توبہ کرنی چاہئے اور عدت گذرنے کے بعد دوسرے مرد سے شادی کی گفتگو کرنا شرعاً ممنوع نہیں ہے بلکہ جائز اور درست ہے؛ البتہ نکاح سے قبل با قاعدہ فحش اور بے حیائی کی بات کرنا گناہ ہے؛ اس لئے اس سے توبہ کرنا ضروری ہے۔

حضرت فاطمہ بنت قیسؓ عدت میں تھی حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہارے پاس عدت ختم ہوتے ہی اگر کوئی نکاح کا پیغام آئے گا، تو مجھے بتلا دینا؛ چنانچہ اس کے بعد حضرت معاویہؓ اور ابوالجہم کی طرف سے دو پیغام آئے تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ معاویہ تو فقیر ہے اور ابوالجہم عورتوں پر بہت سخت ہے، تم اسامہ بن زید کے ساتھ نکاح کرلو؛ چنانچہ عدت کے بعد ہی حضرت اسامہ کے ساتھ نکاح ہوگیا۔

حدیث شریف کی عبارت حسب ذیل ہے:

فإذا انقضت عدتک فجاء أحد يخطبک، فأتيني، فلما انقضت عدتي خطبني أبو جهم، ومعاوية، قالت: فأتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت ذلک له، فقال: أما معاوية فرجل لا مال له، وأما أبو جهم فرجل شديد على النساء، قالت: فخطبني أسامة بن زيد، فتزوجني. فبارک الله لي في أسامة. (ترمذي شريف، كتاب النكاح، باب ماجاء أن لا يخطب الرجل على خطبة أخيه، النسخة الهندية ۱/ ۲۱۵، دار السلام رقم: ۱۱۳۵)

اور محض نکاح کے ارادہ سے عاشقانہ گفتگو سے زہر کا گمان کرنا قرآنی حکم سے منع ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوْا. [سوره حجرات: ۱۲] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

كتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷ر محرم الحرام ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲ ر ۴۶۳۱)

دوران عدت دوسرے سے نکاح

سوال[۵۷۳۲]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کوتین طلاق دیدی، بیوی ابھی عدت میں تھی تقریباً ایک یادوحیض گذرنے کے بعد اس نے جان بوجھ کر دوسرے مرد سے شادی کرلی، توایسی صورت میں یہ نکاح باطل ہوا۔ اب سوال یہ ہے کہ پہلی ہی رات میں استقرار حمل ہوگیا، تو اس بچہ کا نسب پہلے مرد سے ثابت ہوگا یا دوسرے سے جبکہ اسی حمل سے یہ بچہ پیدا ہوا۔ اب احساس ہوا کہ جائزطریقہ سے نکاح ہونا چاہئے، توکیااب نکاح کرنے کے لئے دوبارہ عدت گذارنی ہوگی یاوضع حمل کےفوراًبعدنکاح جائز ہے؟

المستفتی: عبداللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں اس بچہ کا نسب نہ پہلے شوہر سے ثابت ہوگا اور نہ ہی دوسرے سے ثابت ہوگا، اس بچہ کواس کی ماں کی طرف منسوب کردیا جائے گا، پہلے شوہر سے نسب ثابت اس لئے نہ ہوگا کہ شوہر ثانی نے ایک یادوحیض گذرنے کے بعداس سے نکاح کیا ہےاورحیض کا آنا رحم کے خالی ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ دوسرے شوہر سے اس لئے ثابت نہ ہوگا کہ یہ نکاح باطل ہےاورنکاح باطل میں نسب کا ثبوت نہیں ہوتا اوروضع حمل کے بعدعدت پوری ہوگئی ہے،صحیح طریقہ سے نکاح کرنے کے لئے دوبارہ عدت گذارنالازم نہیں؛ لہٰذافوراً نکاح کرنا جائز ہے۔

أما منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلاً قال فعلى هذا يفرق بين فساده وباطله في العدة؛ ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة لأنه زنىٰ.

(شامي، زكريا ٤/ ٢٧٤، كراچي ٣/ ١٣٢، زكريا٥/ ١٩٧، كراچي ٣/ ٥١٦، البحرالرائق، زكريا٤/ ٢٤٢، كوئٹه ٤/ ١٤٤)

والظاهر أن المراد بالباطل ماوجوده كعدمه ولذا لا يثبت النسب ولا العدة في نكاح المحارم أيضاً. (شامي، زكريا٤/ ٢٧٤، كراچي٣/ ١٣٢)

أما إذا لم تكن هناك شبهة تسقط الحد بأن كان عالما بالحرمة فلا يلحق به الولد عند الجمهور، وكذلك عند بعض مشائخ الحنفية؛ لأنه حيث وجب الحد فلا يثبت النسب. (الموسوعة الفقهية الكويتية٨/ ١٢٤)

الحيضة الواحدة: لتعريف براءة الرحم، والثانية: لحرمة النكاح، والثالثة: لفضيلة الحرية. (مبسوط، دارالكتب العلمية بيروت٦/ ٤٢)

أي عدة هولاء ثلاث حيض في الحرة التي تحيض وإنما كان كذلك لأنها وجبت لتعرف براءة الرحم لالقضاء حق النكاح. (البحرالرائق، زكريا٤/ ٢٣٥، كوئٹه٤/ ١٣٨)

العدة لاتجب إلا في نكاح صحيح كذا في السراج الوهاج. (هندية، زكريا١/ ٥٢٨، جديد ١/ ٥٨٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۳۸۵/۴۰)

مطلقہ کا عدت کی تکمیل سے قبل دوسرا نکاح کرنا

سوال [۵۷۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عورت کو تین طلاق دیدی گئی اور دوسرے ہی دن اس کا نکاح کسی دوسرے شخص سے پڑھا دیا گیا، وہ نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟

المستفتی: عبدالصمد قاسمی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عدت پوری ہونے سے قبل جو نکاح ہوا ہے، وہ شرعاً باطل ہوا ہے، اس نکاح سے وہ عورت اس دوسرے شخص کی بیوی نہیں ہوئی، ان کا ایک ساتھ رہنا حرام کاری ہوگی۔

وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتَّى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ. [البقرہ:۲۳۵]

وأما نكاح منكوحة الغير و معتدته (إلى قوله) لأنه لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي۳/۱۳۲، ۵۱۶،زكريا ۴/۲۷۴، ۱۹۷/۵،البحرالرائق، كوئٹه۴/۱۴۴، زكريا ۴/۲۴۲)

ومنه أن لا تكون معتدة الغير. (بدائع الصنائع،كراچي۲/۲۶۸، زكريا۲/۵۴۹، دارالكتب العلمية بيروت۳/۴۵۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵ر صفر المظفر ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/۳۸۸۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۲/۲۵ھ

تکمیل عدت سے قبل دوسرا نکاح کرنا

سوال [۵۷۳۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا انتقال ہوگیا، اب اس کی بیوی ہندہ نے عدت پوری ہونے سے پہلے ہی دوسرے سے نکاح کرلیا، اس صورت میں اس کا نکاح درست ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل جواب عنایت فرمائیں کرم ہوگا۔

المستفتی: محمد اختر، حافظ بننے کی پلیہ، مرادآباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر سوال نامہ کا درج شدہ بیان صحیح ہے، تو ہندہ

کا دوسرا نکاح شرعاً درست نہیں ہے، اگر دوسرے شوہر کو عدت پوری نہ ہونے کا علم ہے، تو نکاح بالکل باطل ہے اور اگر علم نہیں ہے تو نکاح فاسد ہے، بہرحال مذکورہ نکاح صحیح نہیں ہے۔

أما نكاح الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة، إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلاً ، قال فعلى هذا يفرق بين فساده و باطله في العدة الخ. (شامي، كراچي ٣/١٣٢، ٣/٥١٦، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحر الرائق، كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢، هكذا في المبسوط، دارالكتب العلمية بيروت ٣/٢٨٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ ر رمضان المبارک ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵/۱۳۹۰)

کیا مطلقہ دوران عدت نکاح کرسکتی ہے؟

سوال [۵۷۳۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شوہر نے طلاق دیدی ہے اور تقریباً دس گیارہ دن گذر گئے ہیں، تو اس اثناء عدت میں وہ عورت دوسرے سے نکاح کرسکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد ابراہیم شاہ، پیت پور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پوری عدت تین حیض گذرنے سے پہلے دوسرے مرد سے نکاح شرعاً جائز نہیں ہے، اگر نکاح کیا جائے تو وہ شرعاً صحیح نہیں ہوگا، اور یہ دونوں میاں بیوی نہیں کہلائیں گے۔

أما نكاح الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة، إن علم أنها للغير؛ لأنها لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلاً . (شامي، كراچي ٣/١٣٢

۵۱۶/۳، زكريا ۲۷٤/٤، ۱۹۷/٥، البحر الرائق، كوئٹه ٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢،هكذا في البدائع، كراچي ٢٦٨/٢، زكريا٢/ ٥٤٩، دارالكتب العلمية بيروت ٣/ ٢٨٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱؍جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵؍۱۸۱۲)

بحالت عدت مطلقہ کا دوسرا نکاح کرنا

سوال[۵۷۳۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مطلقہ عورت حالت عدت میں نکاح ثانی دوسرے سے کرسکتی ہے یانہیں؟ اگر کرلے تو کیا حکم ہے؟

المستفتی: محفوظ الرحمٰن

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مطلقہ عورت حالت عدت میں ازروئے شرع دوسرے سے نکاح نہیں کرسکتی، اگر حالت عدت میں نکاح کرلے تو شرعاً یہ نکاح باطل ہے اور ساتھ رہنا حرام کاری ہوگی۔

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره، وكذالک المعتدة سواء كانت العدة عن طلاق، أو وفاة. (فتاوى عالمگيري، زكريا ١/ ٢٨٠ جديد ١/ ٢٤٦، وهكذا في الشامي، كراچي٣/ ١٣٢، ٥١٦/٣، زكريا ٢٧٤/٤، ١٩٧/٥، البحر الرائق كوئٹه٤/ ١٤٤، زكريا ٤/ ٢٤٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍صفر المظفر ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴؍۶۴۸۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲؍۲؍۱۴۲۱ھ

درمیان عدت نکاح کا حکم

سوال [۵۷۳۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ عدت کے درمیان نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اور مطلقہ عورت کی عدت کتنی ہے؟ شرعی حکم تحریر فرمائیں کرم ہوگا۔

المستفتی: عزیزاللہ خاں، اصالت پورہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کسی شخص کی بیوی پر طلاق واقع ہوجائے یا شوہر کا انتقال ہوجائے اور بیوی ابھی عدت کے اندر رہے، تو اس حالت میں دوسرے مرد کے ساتھ نکاح درست نہیں ہوتا ہے، اگر جان بوجھ کر عدت کے اندر دوسرے مرد کے ساتھ نکاح کیا جائے گا، تو وہ نکاح منعقد نہیں ہوگا اور اس کے ساتھ زندگی گذارنا زناکاری اور بدکاری ہوگی اور مطلقہ عورت کی عدت تین ماہواری ہے۔

ومنها أن لاتكون معتدة الغير. لقوله تعالىٰ: ولاتعزموا عقدة النكاح حتى يبلغ الكتاب أجله أي ماكتب عليها من التربص. (بدائع الصنائع، زكريا۲/۵٤۹، كراچي۲/۲٦۸، دارالكتب العلمية بيروت۳/٤۵۱)

وينكح مبانته بمادون الثلاث في العدة وبعدها بالإجماع، ومنع غيره فيها لاشتباه النسب. (در مختار مع الشامي، زكريا۵/٤۰، كراچي ۳/٤۰۹)

وإذا طلق الرجل امرأته طلاقاً بائناً، أورجعياً، أووقعت الفرقة بينهما بغير طلاق وهي حرة ممن تحيض فعدتها ثلاثةأقراء الخ. (هداية اشرفى ۲/٤۲۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴/ربیع الاول ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/۹۱۹۱)

دوران عدت نکاح کرنا

سوال [۵۷۳۸]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی جس کی طلاق کوایک ماہ ہو چکا ہےاوروہ لڑکی کسی دوسرے شخص کے گھر پر رہتی ہے، اس لڑکی کے نہ ہی ماں باپ ہیں اور نہ ہی بھائی بہن میں سے کوئی موجود ہے، اب اس لڑکی کا نکاح ایک دوسرے لڑکے کے ساتھ ہونے جارہا ہے؛ جبکہ اس لڑکی نے عدت طلاق نہیں گذاری ہے، تو اس لڑکی کا نکاح ثانی ہوسکتا ہے یانہیں؟ کم ازکم کتنا وقت گذرنا چاہئے؟

المستفتی: عبدالحفیظ، مغل پورہ، لال اسکول، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طلاق ہوئے ابھی صرف ایک مہینہ گذرا ہے اورطلاق کے بعد دوسرے مرد سے نکاح کرنے کے لئے حکم شرعی اورشرط یہی ہیکہ طلاق کی عدت یعنی تین ماہواری گذرجائیں، اس کے بعد کسی دوسرے مرد کے ساتھ نکاح جائز ہے؛ لہٰذا تین ماہواری گذرنے سے پہلے پہلے دوسرے مرد کے ساتھ نکاح درست نہیں؛ لہٰذا مکمل تین ماہواری گذرنے کا انتظار کیا جائے، اس کے بعد دوسرا نکاح کیا جائے۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلا. (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۳/۵۱٦، زكريا ٤/۲۷٤، ٥/۱۹۷، البحرالرائق، زكريا ٤/۲٤۲، كوئٹه ٤/١٤٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵ر جمادی الاولیٰ ۱۴۲۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳٦/۹۰۰۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۷/۵/۱۵ھ

دوران عدت نکاح کرنا

سوال [۵۷۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے تین سال قبل اپنی لڑکی کا رشتہ طے کیا اس کے بعد چھان بین پر معلوم ہوا کہ لڑکی کا ہونے والا شوہر دین سے قطعی غافل اور شرابی اوباش ہے، جب زید نے یہ شکایتیں کیں تو لڑکے کی بہن ودیگر رشتہ دار اور اس رشتہ کرانے میں معاون (درمیانی فرد) نے قسم کھا کر یقین دلایا، یقین ہونے پر زید نے اپنی لڑکی سے نکاح کر دیا، شادی ورخصتی کے دو یوم کے بعد لڑکی کے آنے پر معلوم ہوا کہ لڑکا واقعی طرح طرح کے نشوں میں ملوث ہے اور یہ کہ زید کی لڑکی کے سسرال والوں نے جہیز کا نام رکھتے ہوئے طعنہ زنی کی، جب زید نے ذمہ داران سے شکایت کی تو شوہر مذکور نے ان ہی ذمہ داران کو گالیاں بکیں اور مار پیٹ کی، تب ہی ذمہ داران زید کے پاس آکر اپنی ذمہ داری سے سبکدوشی ظاہر کر کے چلے گئے، زید نے اپنی لڑکی کو روک لیا اور کسی بڑے ذمہ دار اور بااثر شخصیت کو لانے کیلئے شوہر مذکور سے کہا، جس پر لڑکے نے کہا کہ میری بیوی ہے میں جانوں؛ جبکہ بیوی مذکورہ جانے سے انکار کرتی رہی، اس پر لڑکے نے اس امر کا کہ میری بیوی ایک لاکھ روپیہ وزیور لے کر فرار ہوگئی اپنے شہر میں دعویٰ کر دیا، درمیان مقدمہ لڑکی کی نند (شوہر مذکور کی بہن) نے آکر کہا کہ لڑکا اپنی بیوی کو اپنے یہاں رکھے گا بھی نہیں اور طلاق بھی نہیں دے گا؛ بلکہ لڑکی کو اسی طرح بوڑھا کر دے گا، اس کے بعد تب ہی سے زید طلاق حاصل کرنے کی کوشش کرنے لگا لگ بھگ ڈھائی سال کی متواتر کوشش اور دعاؤں کے بعد زید نے ذمہ داران اور اچھی شخصیتوں کے ذریعہ اس ظالم سے اپنی لڑکی مذکورہ کو آزاد کرالیا، لڑکی کے آزاد ہوتے ہی اللہ کے کرم سے فوراً ایک رشتہ آگیا، دوسرے رشتہ کرنے والے کہتے ہیں کہ ہم لوگ رشتہ فوراً کر کے جانا چاہتے ہیں؛ کیونکہ ہمارے پاسپورٹ کے ویزے میں وقت نہیں ہے اور دوسری بات یہ کہ ہم لوگ

نکاح کی رسید دکھا کر لڑکی مذکورہ کا پاسپورٹ بنوائیں گے، لڑکا نمازی ہے بفضل الٰہی زید کو بتایا جائے؛ کیونکہ طلاق کے بعد لڑکی مذکورہ کے لئے ایک منزل عدت کی ہے۔

مندرجہ بالا حالات میں عدت کے لئے کیا حکم دین ہے؛ تاکہ زید اپنی لڑکی کا دوسری جگہ نکاح کرا کے اپنی ذمہ داری اور فرض سے سبکدوش ہو سکے؟

نوٹ: طلاق ۲۵/اپریل ۱۹۹۲ء کو ہوئی ہے اور لڑکی مذکورہ نے اپنے تمام مطالبات مہر وغیرہ بروقت طلاق معاف کر دیئے ہیں۔

المستفتی: محمد رفیق شیدی سرائے، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شرعی طور پر طلاق ہونے کے بعد عدت پوری ہونے سے پہلے دوسری جگہ نکاح ناجائز اور حرام ہے، اگر عدت کے دوران نکاح کر دیا جائے، تو شرعاً نکاح صحیح نہ ہوگا؛ اس لئے ہرگز ایسا ارادہ نہ کیا جائے۔

وأما منكوحة الغير ومعتدته (إلى قوله) **لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً؛ ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة لأنه زنى.** (شامي، كراچي ۳/۱۳۲، ۳/۵۱٦، زكريا ٤/۲۷٤، ٥/۱۹۷، البحرالرائق، زكريا ٤/۲٤۲، كوئٹه ٤/۱٤٤، وهكذا في الهندية ۱/۲۸۰، جديد ۱/۳٤٦ بدائع الصنائع، كراچي ۲/۲٦۸، زكريا ۲/٥٤۹، دارالكتب العلمية بيروت ۳/٤٥۱، مبسوط دارالكتب العلمية بيروت ۳۰/۲۸۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/شوال المکرّم ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/۲۸۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۴/۱۰/۱۴۱۲ھ

دوران عدت نکاح کا حکم شرعی

سوال [۵۷۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ہماری بستی میں ایک عورت کوطلاق مغلظہ ہوئی، ابھی طلاق دیئے ہوئے بیس دن ہوئے تھے کہ عورت نے دوسرا نکاح کرلیا۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ دوسرا نکاح منعقد ہوایانہیں؟ برائے کرم قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں عین نوازش ہوگی۔

المستفتی: محمد ایوب، نئی بستی، ہلدوانی، شاہی چکن بریانی سینٹر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: طلاق کے بیس دن بعد دوسرے مرد سے جونکاح ہوا ہے، اگر جانبین میں سے دونوں نے جان بوجھ کر یہ نکاح کیا ہے، تو وہ نکاح باطل ہوا ہے، اب دوسرے شوہر کے ساتھ جو ہمبستری ہوگی وہ بدکاری اور حرام کاری ہوگی؛ اس لئے فوری طور پر دونوں کے درمیان تفریق لازم ہے۔

أما نكاح منكوحة الغير و معتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلا. (شامي، كراچي ٣/٥١٦، ٣/١٣٢، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحر الرائق، زكريا ٤/٢٤٢، كوئٹه ٤/١٤٤، قاضي خان ١/٣٦٦، جديد ١/٢٢١ هندية ١/٢٨٠ جديدزكريا ١/٣٤٦)

واتفقوا على التوبة من جميع المعاصي واجبة، وإنها واجبة على الفور لايجوز تأخيرها سواء كانت صغيرة أو كبيرة. (شرح النووي ٣/٣٥٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸؍شوال المکرّم ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/۱۱۶۷۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۸/۱۰/۱۴۳۵ھ

عدت سے قبل بغیر حلالہ کے شوہر کا مطلقہ سے نکاح کرنا

سوال [۵۷۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی کو ایک ہی مجلس میں تین طلاق دی اور مکمل عدت سے قبل بغیر حلالہ کے شوہر نے اس مطلقہ بیوی سے نکاح کرلیا، تقریباً ساڑھے تین سال سے یونہی زندگی بسر کررہا ہے۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ شوہر نے جو اس مطلقہ بیوی سے تکمیل عدت سے قبل نکاح کرکے مجامعت وغیرہ کی اور پھر اس سے اولاد پیدا ہوئی، تو ان جملہ اشیاء مذکورہ کا شریعت میں کیا حکم ہے؟ نیز اس عورت کے ساتھ زندگی گذارنے کی کوئی جواز کی صورت ہو، تو تشفی بخش جواب سے نوازیں؟

المستفتی: ضیاء الدین، بیر بھومی، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر نے مطلقہ ثلاثہ سے حلالہ کے بغیر جو نکاح کیا ہے، یہ زنا اور حرام کاری ہے، اگر شریعت اسلامی ہوتی تو دونوں کو سنگسار کردیا جاتا؛ لہٰذا اب مرد اور عورت دونوں کے لئے لازم ہے کہ دونوں ایک دوسرے سے فوراً علیحدہ ہوجائیں۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/۵۱۳)

أما المطلقة ثلثاً إذا جامعها زوجها في العدة مع علمه أنها حرام عليه ومع إقراره بالحرمة لاتستأنف العدة؛ ولكن يرجم الزوج والمرأة.

(فتاوی عالمگیري،زکریا ۱/ ۵۳۲ جدید ۱/ ۵۸۵)

اگر دونوں ایک ساتھ رہنا چاہیں تو جواز کی صورت یہ ہے کہ عورت کسی شخص سے باقاعدہ نکاح کرے اور وہ شخص ہمبستری کے بعد طلاق دیدے یا مرجائے اس کے بعد عدت گذار کر پھر آپس میں نکاح درست ہے۔

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ ۝ [البقرۃ:۲۲۹]

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۱ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۶۷۲۴)	۱۴۲۱/۶/۵ھ

عدت گذارے بغیر نکاح

سوال [۵۷۴۲]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک ایسی عورت جوکہ حاملہ تھی کسی وجہ سے حمل گرگیااورڈاکٹرنی کی رائے کے مطابق پیٹ بالکل صاف ہوگیا، پورا یقین ہے کہ وہ اب حاملہ نہیں ہے، بعدہ فوراً طلاق کی نوبت پہونچی اورکسی بھی وقت شوہر سے تنہائی نہیں ہوئی۔ دریافت طلب بات یہ ہے کہ مذکورہ حالات میں عدت کے بغیر نکاح ہوسکتا ہے یانہیں؟

المستفتی: سلطان احمد، جامع مسجد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حمل کے گرجانے کے بعد اگر طلاق کی نوبت آگئی اورکسی بھی وقت شوہر سے تنہائی نہیں ہوئی، تب بھی عورت پر تین حیض تک عدت گذارنا واجب ہے اور بغیر عدت گذارے دوسرا نکاح کرنا کسی بھی حال میں درست نہیں ہوگا۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۴۰۲/۶، جدید زکریا ۴۲۰/۶)

وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَه.[البقرة: ٢٣٥]

إذا طلق الرجل امرأته طلاقاً بائناً، أو رجعياً –إلى ما قال– وهي حرة ممن تحيض فعدتها ثلاثة أقراء. (عالمگيري زكريا ٥٢٦/١، جديد١/ ٥٨٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفااللہ عنہ
۸/رجب المرجب ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۴۴۴/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۵/۷/۶ھ

معتدہ کا دوسری جگہ نکاح کرنا

سوال [۵۷۴۳]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ زید نے اپنی بیوی ہندہ کو طلاق دیدی ہے اور ہندہ چاہتی ہے کہ وہ دوسری شادی جلدی ہی کرے عدت سے قبل تو کیا اس کے لئے جائز ہے کہ وہ دوسری شادی کرے؟

المستفتی: جابر حسین، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عدت کی حالت میں عورت کا دوسرے شوہر سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے، تین حیض گذرنے کے بعد دوسرے شوہر سے نکاح کرسکتی ہے۔
(مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۱۰/ ۳۳۱)

وهي في حق حرة تحيض لطلاق، أو فسخ بعد الدخول حقيقةً، أوحكماً ثلاث حيض كوامل. (در مختار مع الشامي، زكريا ۵/ ۱۸۱، كراچي ۳/ ۵۰۴، ۵۰۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۵/ رجب المرجب ۱۴۲۱ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۸۳۲/۳۵)	۱۵/ ۷/ ۱۴۲۱ھ

طلاق نامہ پرانگوٹھا لگوانے سے طلاق اور عدت کے اندر نکاح

سوال [۵۷۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکا نواب جان جو کہ بالغ ہے، جس کے والدین نہایت شریف ہیں لڑکا بے نمازی بے ادب بدتمیز ہے ناکارہ ہے، آئے دن اس کی یہ شکایتیں ملتی ہیں کہ اس نے فلاں کی لڑکی کو پکڑ لیا، عزت دار ماں باپ نے کئی جگہ سے رشتہ چلانے کی کوشش کی؛ لیکن درمیانی لوگوں نے رشتہ نہیں ہونے دیا مجبوراً ایک ایسی لڑکی سے جس کے ماں باپ نہایت غریب ہیں اور یہ لڑکی ایک سال سے چھوٹی ہوئی ہے اپنے والدین کے گھر پر تھی لڑکی اور لڑکے کے والدین نے آپس میں مشورہ کر کے پہلے شوہر کا انگوٹھا لے کر لڑکی کو آزاد کرالیا

اور مجبوری کے تحت ایک ماہ گیارہ دن کے بعد دوسرے لڑکے نواب جان سے نکاح کردیا، حالات کی مجبوری کو سامنے رکھتے ہوئے کیا یہ نکاح درست ہے؟ اور اس نکاح میں شامل ہونے والوں کے لئے کیا حکم ہے؟

المستفتی: قمرالدین، کندرکی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: انگوٹھا لگانے کا مطلب اگر طلاق دلوانا ہے اور زبانی یا تحریری طلاق ہی دینا مراد ہے تو اگرچہ شوہر سے طلاق ہوگئی ہے، مگر ایک ماہ گیارہ دن میں عدت پوری نہیں ہوسکتی؛ اس لئے دوسرا نکاح جو نواب جان کے ساتھ ہوا ہے، وہ شرعی طور پر نہیں ہوا ہے دونوں میں فوراً علیحدگی لازم ہے، وہ نواب جان کی بیوی نہیں ہوئی۔

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلاً؛ ولهذا يجب الحد مع العلم بالحرمة لأنه زنى. (شامي، كراچي ٣/٥١٦، ٣/١٣٢، زكريا ٤/٢٧٤، ٥/١٩٧، البحرالرائق، زكريا ٤/٢٤٢، كوئٹه ٤/١٤٤)

اور جو لوگ اس دوسرے نکاح میں شریک ہوئے ہیں ان کو توبہ کرلینی چاہئے۔
فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲؍۴۸۰۷)

(۲۳) باب نكاح المطلقة

مطلقہ مغلظہ کا بعد العدۃ دوسری جگہ نکاح کرنا

سوال [۵۷۴۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ڈھائی سال کا عرصہ ہوا، جب میری شادی ہوئی تھی، میرے شوہر آگ میں جل کر ختم ہوگئے تھے، پھر میرا نکاح دیور سے ہوگیا تھا، اس نے بھی کچھ عرصہ بعد تین طلاق دیدی تھی، اب میں پھر تیسرے آدمی سے نکاح کرنا چاہتی ہوں۔ کیا شرعاً اجازت ہے میرا نکاح ہوسکتا ہے؟ میرا کوئی دوسرا سہارا نہیں ہے مجبوراً نکاح کرنا چاہتی ہوں۔

المستفتی: ساجدہ بی، کرولہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: برتقدیر صحت واقعہ جب شوہر نے طلاق مغلظہ دیدی اور دوسال کا عرصہ گذر گیا، تو اس کی عدت مکمل ہوگئی اب تیسرے شخص سے نکاح کرنا جائز اور درست ہے۔

وكذا لو قالت امرأته لرجل طلقني زوجي وانقضت عدتي لابأس أن ينكحها. (در مختار، كتاب الطلاق، باب العدة،، زكريا ۵/۲۱۵، كراچي ۳/۵۲۹)

يجوز لها أن تتزوج بآخر إن كان قد طلقها. (عالمگيري، زكريا ۱/۵۲۸ جديد ۱/۵۸۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ صفر المظفر ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۶۵۸)

طلاق کے ڈھائی ماہ بعد دوسرا نکاح کرنا

سوال[۵۷۴۶]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنی لڑکی شکیلہ کی شادی کی تو شکیلہ بعد الدخول اپنے میکہ چلی آئی اورشوہر کے گھر نہ جانے کا ارادہ کرلیا، تو زید نے شوہر سے طلاق لے کراس کی دوسری شادی کردی؛ جبکہ میاں بیوی کی فرقت پانچ ماہ رہی اور طلاق کی مدت ڈھائی ماہ رہی۔ کیا اس کی دوسری شادی شریعت کے مطابق ہوئی یانہیں؟

المستفتی: ظفرالہدیٰ، چمپارنی، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگرطلاق ہوجانے کے بعدڈھائی ماہ کے درمیان میں تین مرتبہ ماہواری آچکی ہے، تو دوسرا نکاح صحیح اور درست ہوچکا ہے اور اگر ڈھائی ماہ میں مرتبہ ماہواری نہیں آئی، تو دوسرا نکاح صحیح نہ ہوگا۔

عن مسروق في التي تزوجت في عدتها، قال: فرق عمر رضي الله عنه بينهما، وقال: كان النكاح حراما فجعل الصداق حراماً، فجعل الصداق في بيت المال. (سنن سعيد ابن منصور، باب المرأة تزوج في عدتها، دارالكتب العلمية بيروت ١/١٨٨، رقم: ٦٩٤)

لايجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره، وكذلك المعتدة، كذا في السراج الوهاج سواء كانت العدة عن طلاق، أووفاة. (هندية، كتاب النكاح، الباب الثالث في المحرمات القسم السادس المحرمات التي يتعلق بها حق الغير، زكريا١/ ٢٨٠، جديد ١/٣٤٦)

إذا طلق الرجل امرأته (إلى قوله) وهي حرة ممن تحيض فعدتها ثلثة قروء. (هداية، اشرفي ديوبند٢/٤٢٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفااللہ عنہ
۳۰/ذی قعدہ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/۳۴۷۴)

مطلقہ مرتدہ سے دوبارہ نکاح

سوال [۵۷۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ انوار احمد نے اپنی بیوی نور جہاں کو اس کی آوارگی کی بناء پر طلاق دے کر گھر سے نکال دیا اور نور جہاں گھر سے چلی گئی اور مرتد ہو کر کسی غیر مسلم سے شادی کر لی اس کے بعد کسی مسلمان کو اس کا علم ہوا کہ نور جہاں مسلمان ہیں، تو اس مسلمان نے نور جہاں کو ہندو کے گھر سے نکال کر نور جہاں سے نکاح کر لیا، اس کے بعد نور جہاں کے غلط چال چلن کو دیکھ کر اس بندۂ خدا نے بھی نور جہاں کو طلاق دے دی۔

نیز نور جہاں نے بھی پھر مرتد ہو کر کسی غیر مسلم سے شادی کر لی اور ہندو کے گھر میں رہنے لگی، جہاں نور جہاں رہتی تھی وہ قصبہ انوار کے گاؤں کے قریب تھا، اس کا پتہ سابق شوہر انوار احمد کو چل گیا اور دوسرے لوگوں نے انوار سے کہا کہ یہ بڑی شرم کی بات ہے کہ نور جہاں ہمارے قریب ہی ہندو کے گھر میں رہ رہی ہے، تو انوار احمد اس غیرت کی وجہ سے موقع پا کر نور جہاں کو ہندو کے گھر سے نکال لایا اور مسلمان کر کے نور جہاں کو گھر میں رکھنے لگا، تو نور جہاں نے کہا یا تو مجھ سے نکاح کر و ورنہ میں موقع پا کر بھاگ جاؤں گی اور مرتد ہو جاؤں گی۔ آیا ان حالات کے پیش نظر اس سے کس شکل میں نکاح کرے اور نور جہاں کو آئے ہوئے تقریباً آٹھ ماہ ہو چکے ہیں اور وہ حاملہ بھی نہیں ہے؟ لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ ان حالات کو سمجھ کر جواب سے نوازیں۔

المستفتی: محمد اسلام قاسمی، خادم مدرسہ خازن العلوم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: انوار احمد نے نور جہاں کو اگر چہ تین طلاق دیدی تھی، پھر بھی انوار احمد کے لئے نور جہاں کے ساتھ نکاح درست ہو جائے گا؛ کیونکہ انوار احمد کے طلاق دینے کے بعد نور جہاں کسی مسلمان شخص سے نکاح ثانی کر چکی ہے اور اگر تین طلاق

نہیں دی تھی تب توہرحال میں نکاح جائز ہے۔

قال اللہ تبارک و تعالیٰ: فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ. [البقرہ: ۲۳۰]

وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة، وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها، ثم يطلقها، أويموت عنها.

(فتاوی عالمگیري، زکریا ۱/ ۴۷۳، جدید ۱/ ۵۳۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ رجب المرجب ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/ ۱۸۶۹)

مطلقہ مرتدہ کا پہلے شوہر سے نکاح

سوال [۵۷۴۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عورت نور جہاں اپنے شوہر کے پاس سے غیر آدمیوں کے ساتھ فرار ہوگئی، اس کا کوئی پتہ نہیں کہ کہاں ہے، اس کے شوہر نے اس کو طلاق دیکر دوسری شادی کر لی، تقریباً چار سال کے بعد نور جہاں کا پتہ چلا کہ وہ کسی غیر مسلم کے ساتھ ہے اور خود بھی کافر ہوگئی ہے، اس کے کافر ہونے کی شہادت موجود ہے، کافر ہونے کے پتہ ہونے کے بعد اس کے شوہر کو لوگوں نے برا بھلا کہا کہ تیری عورت غیر مسلم کے ساتھ ہے اس کو پہلے وہاں سے بلالے، نور جہاں سے کہا گیا تو نور جہاں اس شرط پر راضی ہوئی کہ میں اپنے پہلے مسلمان شوہر کے ساتھ مسلمان ہوکر نکاح کرسکتی ہوں ورنہ ہندو ہی رہوں گی، تو اس کا شوہر اس صورت میں نکاح کرسکتا ہے؟ نور جہاں کو مسلمان کرنے کے بعد حلالہ کرنا پڑے گا یا بغیر حلالہ کے نکاح ہوسکتا ہے یا کوئی اور صورت ہے؟

مفصل جواب تحریر کردیں مسئلہ بہت نازک صورت اختیار کرچکا ہے، مہربانی فرماکر

جواب جلد تحریر کردیں ورنہ کوئی اور بات ہوسکتی ہے جوزیادہ پریشان کرنے والی ہے۔

المستفتی: محمد الیاس قاسمی، مدرس مدرسہ فیض العلوم، افضل گڈھ، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نور جہاں کا مسئلہ اس سے پہلے یہاں آچکا ہے، اس کا جواب ۱۴/رجب ۱۴۱۰ھ کو جاچکا ہے موجودہ سوال میں اور اس سے قبل والے سوال میں فرق ہے، جناب مولانا محمد اسلام قاسمی مدرس مدرسہ خازن العلوم وڑیال نے سوال یوں لکھا ہے، انوار احمد نے اپنی بیوی نور جہاں کو طلاق دے کر نکال دیا اور نور جہاں نے مرتد ہوکر کسی غیر مسلم سے شادی کرلی، تو مسلمان کو علم ہونے پر ایک مسلمان شخص نے اس سے شرعی نکاح کرلیا، پھر اس نے بھی طلاق دیدی تو پھر مرتد ہوکر غیر مسلم کے یہاں چلی گئی، تو اب انوار احمد دوبارہ نور جہاں سے شادی کرنا چاہتا ہے، اگر ایسا ہی ہے تو انوار کے لئے نور جہاں کے ساتھ نکاح ہر صورت میں جائز ہے اور اگر ایسا نہیں ہے؛ بلکہ شوہر اول نے ہی طلاق دی ہے اور تین طلاق سے کم یعنی دو یا ایک دی تھی، تو بھی شوہر کے لئے دوبارہ نور جہاں سے شادی کرنے کی اجازت ہے، ہندو کے یہاں سے فوراً علیحدہ کرلیا جائے اور ہندو کی عدت بھی ضروری نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹/شعبان المعظم ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/۱۹۱۹)

مطلقہ ثلاثہ کا طلاق کے گیارہ ماہ بعد دوسرا نکاح کرنا

سوال [۵۷۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے داماد نے میری لڑکی کو تین طلاق دیدی ہیں، تقریباً گیارہ ماہ کا عرصہ ہوگیا، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ طلاق ہوگئی یا نہیں؟ اور اب دوسری جگہ نکاح کر سکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: شجاعت خاں، محلّہ لالباغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں آپ کی لڑکی پر طلاق مغلظہ واقع ہوگئی ہے اور طلاق دیئے ہوئے گیارہ ماہ گذر چکے ہیں؛ لہٰذا عدت بھی گذر چکی ہے، اب جہاں چاہے نکاح کرسکتی ہے اور پہلے شوہر کے ساتھ بغیر حلالہ شرعیہ نکاح جائز نہ ہوگا۔
(مستفاد: احسن الفتاوی ۱۲۹/۵، فتاوی دارالعلوم ۹۱/۹)

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ. [سورة البقرة: ۲۳۰]

عن عائشة رضی، قالت: سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم: عن رجل طلق امرأته فتزوجت زوجاً غيره فدخل بها، ثم يطلقها قبل أن يواقعها أ تحل لزوجها الأول؟ قالت: قال البنى صلى الله عليه وسلم: لا تحل للأول حتى تذوق عسيلة الأخر ويذوق عسيلتها. (سنن أبي داؤد، كتاب الطلاق، باب المبتوتة لا يرجع إليها زوجها حتى تنكح زوجاً غيره، النسخة الهندية ۳۱٦/۱، دارالسلام رقم: ۲۳۰۹)

يجوز لها أن تتزوج بآخر إن كان قد طلقها. (هندية، زكريا ۵۲۸/۱، جديد ۵۸۱/۱)

لو قالت امرأته لرجل: طلقني زوجي وانقضت عدتي لا بأس أن ينكحها.
(در مختار، كراچي ۵۲۹/۳، زكريا ۲۱۵/٤)

وإذا قال لإمرأته: أنت طالق وطالق وطالق، ولم يعلقه بالشرط إن كانت مدخولة طلقت ثلاثاً. (هندية، زكريا ۳۵۵/۱، جديد ٤۲۳/۱)
فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ رجمادی الثانیہ ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۸۳۳/۲۴)

حلالہ کے بعد نکاح کرنا اور اہل بستی کا اس کو حرام کہنا

سوال [۵۷۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ذاکر حسین ولد امیر حسن کا نکاح مسماۃ بی بی مکھاں کے ساتھ ہوا تھا اور ان سے ایک بچی ہے اور ذاکر حسین کی بہن بی بی فاطمہ کا نکاح برکت علی کے ساتھ ہوا تھا، جو بی بی مکھاں کے بھائی ہیں یعنی آپس میں بٹہ کی رشتہ داری تھی ذاکر حسین اور بی بی مکھاں کے درمیان اچھی زندگی گذر رہی تھی اور برکت علی بی بی فاطمہ کو نہیں بسانا چاہتا تھا، بی بی مکھاں کے بھائی برکت علی اور اس کی ماں نے ذاکر حسین سے زبردستی طلاق لینا چاہی بی بی مکھاں تیار نہیں تھی، اس کے بعد برکت علی اور برادری والوں نے زبردستی ذاکر حسین سے تین طلاق لے لی، چار ماہ کے بعد برکت علی اپنی بیوی مکھاں کا نکاح دوسری جگہ کرنے لگے، وہ بھاگ کر ذاکر حسین کے گھر آ گئی لیکن چونکہ تین طلاق تھی اس لئے حلالہ کے بغیر نکاح نہیں ہوسکتا تھا چنانچہ ذاکر حسین کے چھوٹے بھائی طالب حسین کے ساتھ بی بی مکھاں کا نکاح کردیا، نکاح کے دس دن بعد طالب حسین نے طلاق دیدی، بی بی مکھاں نے ذاکر حسین کی والدہ کے پاس تین ماہ دس دن عدت گذارنے کے بعد بی بی مکھاں کا نکاح پہلے شوہر ذاکر حسین سے کردیا اور نکاح شریعت کے مطابق ہوا ہے، تو برادری والے نے ذاکر حسین اور اس کے والد حاجی امیر حسین کو بستی سے باہر نکالنے لگے کہ تم حرام کار ہو؛ جبکہ وہ اکیلا ہے، تو برادری والوں کا ایسا کرنا جائز ہے؟ اور نکاح درست ہوا یا نہیں؟

المستفتی: قمرالدین، قاسمی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ذاکر حسین کا حلالہ شرعیہ کے بعد مسماۃ بی بی مکھاں کے ساتھ نکاح کرنا شرعی طور پر جائز اور درست ہے، بستی کے لوگوں کے لئے یہ جائز

نہیں ہے کہ اس کو حرام کار کہہ کر بستی سے باہر نکالدیں۔

وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة، وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً، ويدخل بها، ثم يطلقها، أو يموت عنها .

(هندية، زكريا ١/٤٧٣، جديد١/٥٣٥ تاتار خانية، زكريا ديوبند٥/١٤٧، رقم:٧٥٠٣)

عن أنس بن مالكؓ، ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لاتباغضوا ولاتدابروا وكونوا عباد الله اخوانا. (مسلم شريف، كتاب البر والصلة، باب تحريم التحاسد والتباغض والتدابر، النسخة الهندية٢/٣١٥، بيت الأفكار رقم:٢٥٥٩)

عن واثلة بن الأسقعؓ، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتظهر الشماتة لأخيك فيرحمه الله ويبتليك. (سنن الترمذي، أبواب صفة القيامة، باب بلاترجمة، النسخة الهندية٢/٧٧، دارالسلام رقم:٢٥٠٦، مشكاة٢/٤١٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍محرم الحرام ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۵۹۶)

خلع شدہ عورت سے بلاحلالہ نکاح

سوال [۵۷۵۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عورت دو سال قبل خلع حاصل کر کے شوہر سے الگ ہوگئی تھی، اس کے بعد سے کسی سے نکاح نہیں کیا، اس طویل عرصہ کے بعد اب اسی شوہر کے ساتھ ازدواجی زندگی گذارنی چاہتی ہے، اس صورت میں تجدید نکاح کافی ہے یا حلالہ کرانا ضروری ہے؟

المستفتی: محمد عبدالحکیم حسینی قاسمی، حیدرآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: صورت مسئولہ میں عورت نے خلع لینے کے بعد دو

سال کے عرصہ میں کسی دوسرے مرد سے نکاح نہیں کیا ہے، تو اگر خلع کے وقت عورت حاملہ تھی اور وضع حمل ہو گیا ہے، یا دو سال کے عرصہ میں تین حیض مکمل ہو چکے ہیں، تو عورت نکاح سے بالکل باہر ہو گئی ہے، عورت کو اب پہلے شوہر کے ساتھ رہنے کے لئے صرف دوبارہ نکاح کر لینا کافی ہے، حلالہ کی ضرورت نہیں۔ (مستفاد: فتاوی رحیمیہ قدیم ۱۶۰/۳، معارف القرآن ۵۰۶/۱)

اور یہ حکم اس وقت ہے؛ جبکہ شوہر نے خلع کے وقت زبانی تین طلاق نہ دی ہوں۔

قال اللّٰہ تبارک و تعالیٰ: فَاِمۡسَاکٌ بِمَعۡرُوۡفٍ اَوۡ تَسۡرِیۡحٌ بِاِحۡسَانٍ .

[البقرہ: ۲۲۹] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳ ربیع الاول ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳۴۲/۲۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۳/۲۰ھ

کیا طلاق کے بعد بیوی دوسری شادی کرسکتی ہے؟

سوال [۵۷۵۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے شوہر بار بار بھائیوں سے پیسے لانے پر مجبور کرتے تھے، ایک بار ایسا ہوا کہ میرے شوہر کے پیسے مانگنے پر میرے بھائی نے ۳۵۰۰۰/روپئے دیدیئے کاروبار کرنے کے لئے؛ لیکن وہ رقم کاروبار میں نہ لگا کر سٹہ میں لگادی، اس بات کو لے کر آپس میں کچھ بات بڑھی تو میرے شوہر نے تین بار طلاق دیدی۔

طلاق کے الفاظ یہ ہیں: طلاق، طلاق، طلاق میں نے تجھے آزاد کیا، یہ واقعہ چار سال قبل کا ہے اس بات کو میں حلفیہ کہتی ہوں یہ الفاظ میں نے اور میری دو بیٹیوں نے اپنے کانوں سے سنے ہیں، اس واقعہ کا علم جب میرے بھائی اور خالو کو ہوا، تو ان کے معلوم کرنے پر میرے شوہر نے اقرار کیا کہ ہاں دو مرتبہ طلاق دی ہے؛ لیکن اب وہ انکار کرتا ہے کہ میں نے

کوئی طلاق نہیں دی ہے، جب سے میں اپنی ماں کے گھر رہتی ہوں، ان دونوں صورتوں میں طلاق وعدت ہوچکی ہو،تو کیا میں دوسرا نکاح کرسکتی ہوں؟

المستفتی: عرشی خاں، نجیب آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال کا حاصل یہ ہے کہ بیوی اس بات کی مدعیہ ہے کہ شوہر نے تین طلاقیں دیدی تھیں اور ایک بار آزاد کردیا کا لفظ استعمال کیا تھا اور آزاد کردیا کا لفظ بھی ہمارے عرف میں طلاق صریح کے لئے استعمال ہوتا ہے،تو بیوی کے دعویٰ کے مطابق تین طلاق واقع ہوگئی اور ایک طلاق لغو ہوگئی ، ایسی صورت میں بیوی شوہر کے لئے قطعی طور پر حرام ہوچکی ہے اور بیوی کے لئے شوہر کے پاس جانا اور اس کو قابو دینا قطعی طور پر جائز نہیں ہے اور شوہر کی طرف سے دو باتیں سامنے آئی ہیں کہ بیوی کے بھائی اور اس کے خالو کے سامنے اس نے دو طلاقوں کا اقرار کرلیا تھا اور اس واقعہ کے زمانہ سے بیوی شوہر سے بالکل الگ رہی ہے،تو ایسی صورت میں بعد میں شوہر کہتا ہے کہ میں نے کوئی طلاق نہیں دی، تو شوہر کے اس انکار کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا؛ اس لئے کہ دو گواہوں کے سامنے طلاق کا اقرار کر چکا ہے؛ لہٰذا اگر طلاق کے واقعہ کے بعد سے میاں بیوی کے درمیان ملاقات نہیں ہوئی ہے،تو چار سال کی مدت میں اس کے اقرار کے مطابق دو طلاق واقع ہوکر بیوی بائنہ ہوچکی ہے اور اس مدت میں عدت بھی پوری ہوگئی ہے؛ لہٰذا اب عورت کہیں بھی دوسرے شخص سے نکاح کر کے باعصمت زندگی گذار سکتی ہے۔

ان من أقر بطلاق سابق یکون ذٰلک ایقاعاً منه في الحال. (المبسوط للسرخسي، دارالکتب العلمیة بیروت ۱۰۹/٤)

ونصابها لغیرها من الحقوق سواء کان الحق مالاً، أو غیره کنکاح وطلاق......رجلان......أو رجل وامرأتان. (شامي، کتاب الشهادات، زکریا ۵۱۷۸/۸ شامی کراچی/٤٦٥، هندیة، زکریا ۳/٤٥١، جدید ۳/۳۸۸،

المحيط البرهاني، المجلس العلمي بيروت ١٤٦/١٣، رقم: ١٤٨٧٤، كوئٹه ١٧٦/١٠، تبيين الحقائق، امداديه ملتان٤ /٢٠٩، زكريا٥ /١٥١، البحرالرائق ١٠٣/٧، هداية، مكتبة البشرىٰ٥ /٤٠٢)

وابتداء العدة في الطلاق عقيب الطلاق وفي الوفاة عقيب الوفاة، فإن لم تعلم بالطلاق، أو الوفاة حتى مضت مدة العدة، فقد انقضت عدتها.

(هداية، اشرفي ديوبند٢ /٤٢٥، هندية زكريا ١ /٥٣٢، جديد ١ /٥٨٤)

وتنقطع الرجعة إن حكم بخروجها من الحيضة الثالثة، إن كانت حرة.

(هندية، زكريا ١ /٤٧١، جديد١ /٥٣٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍رجب المرجب ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۱۸۹/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۰؍۷؍۱۴۳۴ھ

شوہر ثانی سے طلاق کے بعد شوہر اول سے نکاح

سوال [۵۷۵۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں نے اپنی بیوی کو تین طلاق دے دی تھی، عدت کے بعد میری بیوی نے دوسرے مرد سے نکاح کرلیا تھا، ایک دومہینہ وہ دونوں میاں بیوی کی طرح ساتھ رہے، پھر اس دوسرے شوہر نے طلاق دیدی۔ اب میں اسے رکھنا چاہتا ہوں، تو حلال طریقہ سے رکھنے کا شرعاً کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد نور الٰہی، محلّہ نواب پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سائل سے زبانی معلوم ہوا ہے کہ دوسرے شوہر سے طلاق کے بعد بغیر عدت اور بغیر نکاح کے شوہر اول نے اپنے پاس رکھا ہے اور اس میں سال بھر سے بھی زیادہ عرصہ گذر چکا ہے، تبلیغی جماعت میں جانے کے بعد سائل کو اس طرح

حرام کاری پر احساس پیدا ہوا، اب وہ حلال طریقہ سے رکھنا چاہتا ہے، تو حلال طریقہ سے رکھنے کے لئے دوسرے شوہر کی عدت کے بعد نکاح کر کے رکھنا جائز ہے اور چونکہ دوسرے شوہر کی طلاق کو سال بھر سے بھی زیادہ ہو چکا ہے؛ لہٰذا اس مدت کے اندر عدت بھی پوری ہو چکی ہے، اب دونوں بلا تاخیر آپس میں نکاح کر کے حلال طریقہ سے رہ سکتے ہیں اور اب تک جو ساتھ میں رہے ہیں، وہ ناجائز طریقہ سے رہنا ہوا ہے؛ اس لئے اس کے بارے میں اللہ کی بارگاہ میں ندامت اور شرمندگی کے ساتھ سچی توبہ کر کے اللہ سے گناہوں کی معافی مانگیں۔

ومبدأ العدة بعد الطلاق، وبعد الموت على الفور، وتنقضي العدة، وإن جهلت المرأة بهما......لأنها أجل فلا يشترط العلم بمضيه سواء اعترف بالطلاق، أو أنكر. (شامي، كتاب الطلاق، باب العدة، كراچي ۳/ ۵۲۰، زكريا ۵/ ۲۰۲)

وإن كان الطلاق ثلثاً في الحرة، وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً، ويدخل بها، ثم يطلقها، أو يموت عنها كذافي الهدايه. (فتاوى عالمگيري، زكريا ۱/ ۴۷۳، جديد ۱/ ۵۳۵)

وصح نكاح حبلىٰ من زنا لامن غيره، وإن حرم وطؤها حتى تضع......لونكحها الزاني حل له وطؤها إتفاقاً والولد له. (شامي، كراچي ۳/ ۴۹، زكريا ۴/ ۱۴۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ ذی قعدہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۰۸۵۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۵/ ۱۱/ ۱۴۳۳ھ

تیسرا شوہر طلاق دیدے تو اول وثانی شوہر کے لئے نکاح کا حکم

سوال [۵۷۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاق دی، پھر اس عورت نے دوسرے

مرد سے عدت کے بعد شادی کرلی ؛لیکن اس نے بھی جماع سے پہلے اس کو تین طلاق دی، پھر اس نے تیسرے مرد سے شادی کرلی، اس نے اس سے جماع بھی کیا؛ لیکن پھر طلاق دیدی تو اب یہ عورت کس شوہر کے لئے حلال ہوگی؟ آیا پہلے والے شوہر کے لئے یا دوسرے والے شوہر کے لئے حلال ہوگی؟

المستفتی: شاداب حسین، لالباغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب تیسرے شوہر نے جماع اور ہمبستری کے بعد طلاق دی ہے، تو عدت گذرنے کے بعد پہلے یا دوسرے شوہر سے کسی کے ساتھ بھی نکاح کرنا اس کے لئے جائز اور درست ہوجائے گا۔

وإذا طلق الرجل امرأته ثلاثاً، فتزوجت بزوج آخر، وطلقها الزوج الثاني ثلاثاً قبل الدخول بها، تزوجت بثالث ودخل بها، حلت للزوجين الأولين فأيهما تزوج صح، كذا في المحيط. (هندية، زكريا ١/٤٧٣، جديد ١/٥٣٦ الفتاوى التاتار خانية٥/١٥٠، رقم: ٧٥١٠) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۹ر جمادی الثانیہ ۱۴۲۶ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۸۵۲/۳۸)	۱۴۲۶/۶/۱۰ھ

عدت گزرنے کے بعد دوسرا نکاح

سوال [۵۷۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد وہاج الدین نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیدی اور اس کے بعد تین ماہواری بھی گذر گئی ہے، تو اب دوسرے سے نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں شرعاً کیا حکم ہے؟

المستفتی: ڈاکٹر محمد شاکر، لالہ پور پیپل سانہ، سرجن نگر، ٹھاکردوارہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بشرط صحت سوال اگر طلاق کے بعد تین ماہواری کے ساتھ عدت پوری ہوچکی ہے،تو اب اس عورت کے لئے اپنی مرضی کے مطابق دوسرے مرد سے نکاح کرکے باعصمت زندگی گذارنا جائز ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ. [البقرہ:۲۲۸]

عن عائشة قالت: أمرت بريرة أن تعتد بثلاث حيض. (سنن ابن ماجه الطلاق، باب خيار الأمة إذا أعتقت، النسخة الهندية ۱/ ۱۵۰، دارالسلام رقم:۲۰۷۷)

وإذا طلق الرجل امرأته طلاقاً بائناً، أو رجعياً، أو وقعت الفرقة بينهما بغير طلاق وهي حرة ممن تحيض فعدتها ثلثة أقراء. (هداية، كتاب الطلاق، باب العدة، اشرفي ديو بند ۲/ ۴۲۲)

يجوز لها أن تتزوج بآخر إن كان قد طلقها. (هندية، زكريا ۱/ ۵۲۸، جديد ۱/ ۵۸۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹؍شوال ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۶۹۱۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۹/۱۰/۱۴۲۱ھ

مطلقہ بائنہ سے نکاح کرنا

سوال [۵۷۵۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی کے بعد زید کی بیوی صرف ایک دن زید کے گھر رہ کر میکہ چلی گئی، اپنی بیوی کے ساتھ زید بھی سسرال چلا گیا، سسرال میں زید کی بیوی بہت بدتمیزی سے پیش آئی، زید کی بیوی اپنے میکہ میں تھی زید بار بار وہاں جایا کرتا تھا، مگر زید کی بیوی کوئی بات چیت نہیں کرتی تھی، اس غصے میں آکر زید نے اپنے والدین سے کہا کہ اگر میری بیوی سسرال آکر میکہ چلی جائے گی تو طلاق ہوجائے گی پھر دوسری مرتبہ آکر اپنے والدین سے بولا کہ

اگر میری بیوی سسرال آ کر میکہ چلی جائے گی تو طلاق ہو جائیگی زید کی بیوی زید کی موجودگی میں سسرال آئی ہے، کچھ دن زید اپنی بیوی کے ساتھ رہا ہے، اس کے بعد زید پردیس چلا جاتا ہے اور کچھ دن بعد بیوی بھی میکہ چلی جاتی ہے اور زید کی غیر موجودگی میں بیوی کبھی میکہ کبھی سسرال آتی جاتی رہتی ہے۔

اب زید تین ماہ تین دن کے بعد پردیس سے گھر جاتا ہے، گھر میں جا کر کسی عالم سے معلوم کیا تو وہ بتاتے ہیں کہ اس بات کا فتوی مفتیان کرام دیں گے، تو وہاں کوئی مفتی نہ ملنے کی وجہ سے زید بغیر مسئلہ معلوم کئے اپنی بیوی سے دوسری مرتبہ نکاح پڑھوالیتا ہے، تو کیا اس طرح نکاح ہوا کہ نہیں دوسرے نکاح کے بعد پھر زید پردیس چلا گیا۔

المستفتی: مصورالاسلام، داداولی مسجد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں جب زید کی بیوی سسرال آ کر میکہ چلی گئی تو اس پر دو طلاق رجعی واقع ہوگئیں، اگر زید کے واپس آنے سے پہلے پہلے اس درمیان بیوی کو تین مرتبہ ماہواری آچکی ہے، تو عدت بھی پوری ہوگئی اور اس درمیان زید نے رجعت نہیں کی؛ اس لئے اب دونوں طلاق رجعی بائنہ ہوگئیں؛ لہٰذا اب زید بیوی کو دوبارہ رکھنا چاہے تو رکھنے کے لئے دوبارہ نکاح کرنا لازم ہے؛ اس لئے بعد میں آ کر زید کا نکاح کر لینا درست ہوگیا اور دو طلاق اس صورت میں ہے کہ جب زید نے دوبارآ کر والدین سے یہ کہا کہ اگر بیوی میکہ جائیگی تو اسے طلاق، یہ پہلی مرتبہ کی خبر نہ ہو، اگر پہلی مرتبہ کی خبر اور تاکید مراد لی ہے تو صرف ایک ہی طلاق واقع ہوگی۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۹/ ۳۷۰)

عن الحسن فلا تعضلوهن، قال حدثني معقل بن يسار أنها نزلت فيه، قال زوجت أختالي من رجل، وفطلقها حتى إذا انقضت عدتها جاء يخطبها، فقلت له زوجتک، وفرشتک، وأكرمتک، فطلقها، ثم جئت تخطبها؟ لا والله لا تعود إليک أبداً، وكان رجلا لا بأس به، وكانت المرأة تريد أن

ترجع إليه، فأنزل الله هذه الآية ”فلا تعضلوهن“، فقلت الأن أفعل يا رسول الله! قال: فزوجها إياه. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب من قال لا نكاح الا بولي ٢/ ٧٧٠، رقم:٤٩٣٧، ف:٥١٣٠)

إذا كان الطلاق بائناً دون الثلاث فله أن يتزوجها في العدة وبعد انقضاءها. (هداية، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل فيما تحل به المطلقة، اشرفي ديوبند ٢/ ٣٩٩، الفتاوى التاتار خانية، زكريا ٥/ ١٤٨، رقم:٧٥٠٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۱؍محرم الحرام ۱۴۲۱ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۴۵۰/۳۴)	۱۴۲۱/۱/۲۱ھ

مطلقہ غیر مدخول بہا کا عدت گزارے بغیر نکاح

سوال [۵۷۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: جہانہ خاتون بنت منیر الدین صاحب مرحوم مقام و پوسٹ: جنگل پور، وایا: گوبند پور ضلع دھنباد کی شادی محمد اللہ شیخ ابن حسین بخش مقام شیام پور ڈاکخانہ کانگڑا سرائے، ضلع: امروہہ سے ۱۹۹۹/۳/۲۰ء کو ہوئی، محمد اللہ شیخ کے ہمراہ حافظ محمد صابر اوران کی بیوی نوری خاتون بھی آئی تھی، یہ سبھی لوگ نکاح کے بعد ایک ہی ساتھ دھنباد سے امروہہ بذریعہ ٹرین روانہ ہوگئے، اس دوران جہانہ خاتون پورے سفر میں روتی رہی، حافظ صابر کے پوچھنے پر جہانہ خاتون نے اپنی ناراضگی کا اظہار کیا کہ اسے شوہر محمد اللہ شیخ پسند نہیں ہے؛ اس لئے حافظ صابر نے امروہہ پہونچنے سے پہلے مرادآباد پر محمد اللہ سے طلاق کا مطالبہ کیا اور شوہر محمد اللہ شیخ نے یہ خیال کرتے ہوئے کہ شاید آئندہ نباہ مشکل ہو نہایت راز داری کے ساتھ ۱۹۹۹/۳/۲۲ء کو جہانہ خاتون کو طلاق دیدی۔

واضح رہے کہ اس درمیان ان دونوں کے درمیان خلوت بھی نہیں ہوئی، پھر کچھ دنوں بعد حافظ محمد صابر نے غیر مدخول بہا جہانہ خاتون کا نکاح ایک دوسرے لڑکے محمد یونس ٹیلرس کے ساتھ اس کی رضامندی سے عدت گذارے بغیر کر دیا؛ چونکہ یونس کو جہانہ کے پہلے نکاح کا قطعی علم نہ تھا؛ اس لئے دونوں آپس میں میاں بیوی کی طرح زندگی گذارنے لگے اور اب جہانہ خاتون دو ماہ کی حمل سے ہے؛ لہٰذا دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا جہانہ خاتون کا نکاح ثانی محمد یونس ٹیلرس کے ساتھ بغیر عدت گذارے درست ہے یا نہیں؟ عندالشرع جو بھی حکم ہو دلائل کے ساتھ جواب مرحمت فرمائیں؟

المستفتی: محمد جمیل اختر، مقام و پوسٹ: جنگل پور، دھنباد (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: چونکہ سوال نامہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان دونوں میں خلوت نہیں ہوئی ہے اور خلوت سے پہلے پہلے مرادآباد اسٹیشن پر ہی طلاق دیدی گئی ہے، جس سے جہانہ خاتون پر طلاق بائن پڑگئی؛ اس لئے دوسری جگہ جو اس کا نکاح ہوا ہے بالکل درست ہے؛ کیونکہ مطلقہ غیر مدخول بہا پر عدت واجب نہیں ہے۔

قال الله تبارک وتعالیٰ: ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا. [الاحزاب:۴۹]

وفي الظهيرية: ولو كان النكاح فاسداً، ففرق القاضي بينهما، إن فرق قبل الدخول لاتجب العدة. (الفتاوى التاتار خانية، زكريا ۵/۲۲۶، رقم:۷۷۲۳)

وفي الخانية: وكذا "لاعدة" لو طلقها قبل الخلوة. (قاضيخان على هامش الهندية، زكريا ۱/۵۴۹، جديد ۱/۳۴۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۱۳۸)

مطلقہ مغلظہ کا بعد العدۃ دوسری جگہ نکاح کرنا

سوال [۵۷۵۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری شادی عرصہ ڈیڑھ سال قبل علاء الدین صاحب سے ہوئی تھی، شادی کے فوراً بعد وہ مجھے مارنے پیٹنے لگے اور گندی گندی گالیاں دیتے تھے اور کئی بار مجھ سے کہا کہ ریشمہ میں نے تجھے طلاق دی اور پھر ۹۴/۸/۵ء کو علاء الدین نے مجھے مارا اور مجھ سے پانچ چھ بار کہا کہ ریشمہ میں نے تجھے طلاق دی، ریشمہ میں نے تجھے طلاق دی، جس کو میں نے منظور کرلیا اور علاء الدین مجھے میرے میکہ میں چھوڑ آئے، پھر میں نے ان سے کوئی واسطہ نہیں رکھا اور نہ وہ لینے آئے۔

مؤرخہ ۹۴/۱۲/۲۳ء کو دوسرا نکاح میں نے کرلیا اور میری طلاق اور نکاح کے بیچ میرے کپڑے تین بار گندے ہو چکے تھے، اب آپ بتائیں مجھے طلاق ہوئی اور نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟

المستفتیه: ریشمی پروین، رحمت نگر، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر سائلہ کا بیان صحیح ہے تو سائلہ پر طلاق مغلظہ واقع ہو چکی ہے اور نکاح اور طلاق کے درمیان تین مرتبہ کپڑے گندے ہونے سے مراد تین مرتبہ ماہواری ہے، تو ایسی صورت میں عدت پوری ہونے کے بعد دوسرا نکاح کرنا ثابت ہوگا اور عدت پوری ہو جانے کے بعد دوسری جگہ اپنی مرضی سے نکاح شرعاً جائز اور درست ہے؛ اس لئے دوسرا نکاح بھی شرعاً جائز اور درست ہو چکا ہے۔

وإذا طلق الرجل امرأته طلاقاً بائناً (إلى قوله) وهي حرة ممن تحيض

فعدتها ثلثة أقراء. (هداية، اشرفي ديوبند ٢/٤٢٢)

لوقالت امرأته لرجل: طلقني زوجي وانقضت عدتي، لابأس أن ينكحها.

(در مختار، كراچي٣/٥٢٩، زكريا٤/٢١٥)

يجوزلها أن تتزوج بآخر إن كان قد طلقها. (هندية، زكريا ١/٥٢٨، جديد ١/٥٨١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ:شبیراحمد قاسمی عفااللہ عنہ
۲۹/ ذی قعدہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۴۲۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۱۱/۲۹ھ

عدت گذرنے کے بعد نکاح کرنا

سوال [۵۷۵۹]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی ہندہ سے ہوئی تھی، تین لڑکے تولد ہوئے، سوء اتفاق ۲۵/۱۰/۹۴ءکو بھاگل پور ہندو مسلم فساد میں زید کی اہلیہ مع تینوں بچوں کے شہید ہوگئی، قانون ہند کے مطابق ان کو پورا پورا معاوضہ بھی ملا کچھ عرصہ گزرنے کے بعد زید کے خسر صاحب نے زید کوتسلی دیتے ہوئے اپنی چھوٹی لڑکی کے ساتھ نکاح کی پیش کش کی زید چونکہ حادثہ عظیمہ کی وجہ سے دماغی الجھنوں میں تھا، کبھی اثبات میں اور کبھی نفی میں جواب دیتا رہا، بالآخر بہت زیادہ اصرار پرنکاح کے لئے تیار ہوگیا اورشہید ہندہ کی چھوٹی بہن سے نکاح کرلیا، جس کی عمر نکاح کے وقت ۱۴/سال تھی، بعدنکاح ازدواجی زندگی میں مصروف ہوگئے، کچھ دنوں کے بعد زید اور ان کے خسر صاحب کے درمیان کسی بنا پر کشیدگی ہوگئی اور زید نے اپنی دوسری بیوی رابعہ کو دوطلاق دیدی، جس کے دو چار گواہ بھی ہیں؛ لیکن زید کا خسر کہتا ہے کہ تین طلاق دی ہے؛ لہٰذا میں لڑکی کوکسی بھی حال میں نہیں بھیجوں گا۔

پنچایت کے اصرار پر خسر نے کہا کہ تین سال کے بعد نکاح ثانی زید سے کردوں گا،

ادھر زید کی پریشانی میں اضافہ ہوگیا، قیام وطعام کی پریشانی کی وجہ سے زید نے کہا ہم اتنی لمبی مدت انتظار نہیں کریں گے اور پھر کچھ دنوں کے بعد نہایت غریب لڑکی سے نکاح کرلیا۔

اب رابعہ مطلقہ بائن کے والد کے قول کے مطابق تین سال کا عرصہ پورا ہوگیا اور دفعہ ہند کے قانون کے مطابق اس کی عمر ۱۸/ سال ہوجاتی ہے، زید چاہتا ہے کہ میں رابعہ کو بھی اصول شرع کے مطابق اپنی زوجیت میں لے لوں، اب اس کی کیا شکل ہوگی؟

المستفتی: محمد فاروق، محلّہ: مہیشی ملک پور، بھاگلپور (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر زید نے رابعہ کو صرف دو طلاق دے رکھی ہے، تو ایسی صورت میں چونکہ اس درمیان میں عدت بھی گذر چکی ہے؛ اس لئے دو طلاق بائنہ ثابت ہوگئی ہے۔ اب بلاحلالہ محض نکاح کرلینا کافی ہے شریعت کے مطابق عقد نکاح کرکے زوجیت میں رکھ سکتا ہے۔

عن الحسن فلا تعضلوهن، قال حدثني معقل بن يسار أنها نزلت فيه، قال زوجت أختالى من رجل، وفطلقها حتى إذا انقضت عدتها جاء يخطبها، فقلت له زوجتک، وفرشتک، واكرمتک، فطقلها، ثم جئت تخطبها؟ لاوالله لاتعود إليک أبداً، وكان رجلا لا بأس به، وكانت المرأة تريد أن ترجع إليه، فأنزل الله هذه الآية ”فلا تعضلوهن“، فقلت الأن أفعل يا رسول الله! قال: فزوجها إياه. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب من قال لا نكاح الا بولي ۲/ ۷۷۰، رقم:۴۹۳۷، ف: ۵۱۳۰، سنن الترمذي، التفسير سورة البقره، النسخة الهندية ۲/ ۱۲۷، دارالسلام رقم:۲۹۸۱)

وإذا كان الطلاق بائناً دون الثلاث فله أن يتزوجها في العدة وبعد انقضاء ها. (هداية، اشرفي ديوبند ۲/ ۳۹۹، الفتاوى التاتار خانية، زكريا۵/ ۱۴۸،

رقم: ٧٥٠٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ ذی قعدہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۴۲۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۹/۱۱/۱۴۱۵ھ

طلاق ثلاثہ کے بعد ڈھائی سال تک شوہر کے ساتھ رہ کر دوسرے سے شادی کرنا

سوال [۵۷۶۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ رسیدہ بنت حاجی محمد یسین کے شوہر ابوبکر ولد مستری محمد وجیہ نے اپنے بیان حلفی میں وضاحت کی کہ میں نے اپنی بیوی رشیدہ کو چھ سال پہلے تین طلاق دیدی تھی؛ لیکن طلاق کے بعد ڈھائی سال تک وہ میرے مکان میں بغیر نکاح کے رہتی رہی، ڈھائی سال بعد رشیدہ میرے مکان سے فرار ہوگئی، گھر سے فرار ہونے کے سترہ دن بعد اس نے اختر علی ولد اشرف علی سے نکاح کرلیا، ابوبکر کے بیان کی روشنی میں رشیدہ کا نکاح اختر علی سے صحیح ہوا یا نہیں؟

(۲) کچھ لوگ اس نکاح کو جائز نہیں کہتے، ان کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: مظفر حسین ولد صابر علی، ٹانڈہ بادلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب شوہر ابوبکر نے اپنی بیوی رشیدہ کو چھ سال قبل تین طلاقیں دیدی ہیں، تو اسی وقت اس کے اوپر طلاق مغلظہ واقع ہوکر وہ شوہر کے نکاح سے بالکل الگ ہوچکی تھی اور تین طلاق کے بعد ڈھائی سال تک جو ابوبکر کے پاس رہی ہے اس دوران دونوں کے درمیان زنا کاری اور حرام کاری ہوتی رہی ہے اور اس درمیان رشیدہ کی عدت بھی خود بخود پوری ہوچکی تھی اور اس کے ڈھائی سال بعد فرار ہوکر

اختر علی سے جو نکاح کیا ہے، وہ نکاح شرعی طور پر درست ہو گیا ہے؛ اس لئے کہ فرار ہونے سے پہلے ہی رشیدہ کی عدت پوری ہو چکی تھی۔

وإن كان الطلاق ثلثاً في الحرة، وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً، ويدخل بها، ثم يطلقها، أويموت عنها. (هندية، زكريا ١/٤٧٣ جديد ١/٥٣٥)

ولو طلقها ثلاثاً وهو يقيم معها، فان كان مقراً بالطلاق تنقضي العدة، وإن كان منكرا تجب العدة من وقت الإقرار زجراً لهما هو المختار. (هندية، زكريا ١/٥٣٢ جديد ١/٥٨٤)

واما المطلقة ثلاثاً إذا جامعها زوجها في العدة مع علمه أنها حرام عليه ومع إقراره بالحرمة لاتستأنف العدة. (هندية، زكريا ١/٥٣٢، جديد ١/٥٨٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/۱۰۰۴۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۵/۲۹ھ

(۲۴) باب الولایة والکفاءة

والدین میں سے حق ولایت کس کو حاصل ہے؟

سوال [۵۷۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی بیوی جاہلہ نافرمان اور گستاخ ہے، وہ لڑکی کی شادی اپنی مرضی کے مطابق کررہی ہے، تجویز شدہ لڑکا معمولی دنیوی تعلیم رکھتا ہے، اس کے اندر دینی تعلیم نہیں ہے اس کو قرآن پاک یاد نہیں ہے، وہ پابند صوم وصلوۃ نہیں ہے، اہل مال ہے زید کی رائے کے مطابق لڑکا عالم یا حافظ قرآن اور دیندار اور پابند صوم وصلوۃ ہونا چاہئے، اگرچہ اس کی مالی حیثیت (توکلت علی اللہ) معمولی ہو، زید کی منشاء ہے کہ لڑکی کو فروعی اور فالتو سامان دے کر اس کی مالی مدد کر کے کسی حد تک اپنا اطمینان کرلیا جائے، تو وہ بہتر ہے (**واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب**) زید کا منشاء ہے کہ بیوی کو اس کا حکم اور نیک خیال تسلیم کرنا چاہئے یا مطمئن کرنا چاہئے؟ زید کی بیوی خود بھی شوہر کے ساتھ گستاخانہ اور نافرمانی کا عمل پیش کررہی ہے اور اپنی اولاد لڑکے لڑکیوں کو بھی باپ کے خلاف گستاخی اور بےادبی پر اور نافرمانی پر اکسارہی ہے، ایسی صورت میں زید بیوی بچوں کے مقابلہ میں زور وزبردستی کرے یا راہ فرار اختیار کرے، شرعاً کیا کرے ایسی سرکش اور گستاخ بیوی کے بارے میں شریعت کا کیا حکم نافذ ہوتا ہے؟

المستفتی: اظہار خاں، پیپل سانہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: لڑکی کی شادی میں رشتہ پسند کرنے کا اختیار باپ کو ہوتا ہے ماں کو نہیں؛ لہٰذا اگر ماں جس کو پسند کرتی ہے، اس کو باپ پسند نہ کرے تو ماں کو کوئی اختیار

نہیں ہے کہ باپ کی مرضی کے بغیر رشتہ کردے؛ لہٰذا باپ جس کو پسند کریگا، اسی کے ساتھ لڑکی کا نکاح ہونا چاہئے، اس معاملہ میں شرعی طور پر سارے اختیارات باپ کو حاصل ہیں ماں کو نہیں؛ لہٰذا باپ ماں کی مرضی کے خلاف اور اپنی مرضی کے مطابق رشتہ کرنے پر زور دے سکتا ہے۔

ولا ولاية......بغير العصبات من الأقارب، ولاية التزويج عند أبي حنيفةؒ الخ. (هداية، كتاب النكاح، باب في الأولياء والأكفاء، اشرفي ديوبند ٢/٣١٨)

وليس بغير العصبات من الأقارب ولاية التزويج. (تبيين الحقائق،مكتبة امدادية ملتان ٢/١٢٦، زكريا٢/٥١٣)

و في القهستاني: وعندهما، وفي رواية عن الإمام لاولاية لغير العصبات وعليه الفتوى (مجمع الأنهر، مصري قديم ١/٣٣٨، دارالكتب العلمية بيروت ١/٤٩٨، الموسوعة الفقهية الكويتية٤١/٢٧٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰؍صفر المظفر ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۶۴۰/۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۷/۲/۳۰ھ

محض والد کی ناراضگی سے مناسب رشتہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا

سوال [۵۷۶۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ۲۲؍سالہ ایک لڑکی ہے چار پانچ سال سے اس لڑکی کے رشتہ کی بات چیت چل رہی تھی اور وہ رشتہ پختہ بھی ہوگیا تھا، زبانی اس کے ماں باپ سے عہد و پیمان ہو چکا تھا، آنا جانا ہوتا رہا اب میں نے تاریخ ودن مقرر کرنے کو کہا کہ کس دن نکاح ہونا ہے، کس تاریخ میں بارات لے کر آئیں، تو اب اس لڑکی کے باپ نے کہا کہ میں تمہارے وہاں نکاح نہیں کروں گا، میری ان کی اونچ نیچ کی باتیں بھی ہوئیں، لڑکی ان باتوں کو اندر سے سن رہی تھی، لڑکی نے کہا کہ میری بارات اسی جگہ سے آئے گی جہاں بات ہوچکی ہے۔ دوسری جگہ

شادی نہیں کروں گی، آئندہ چل کر میں اس طعن کو برداشت نہیں کروں گی کہ وہاں سے ہٹا کر میرے والد صاحب مجھے دوسری جگہ کریں، کل کو جٹھانی وغیرہ سے کوئی جھگڑا ہوتا ہے اور ہو ہی جاتا ہے، کل وہ مجھے طعنہ دیں گی کہ ایسی تھی جبھی تو چار پانچ سال کی منگنی چھوٹی تھی اور ہمارے گھر آئی مجھے اللہ نے عقل دی ہے، میں اپنے حالات کوخوب جانتی ہوں، ایسا ہرگز نہیں ہوگا میں وہیں جاؤں گی، جہاں میری پہلے بات ہوچکی ہے، باپ کا اصرار برابر یہی ہے کہ میں تیری شادی وہاں نہیں کروں گا، لڑکی کا اصرار ہے کہ وہیں کروں گی۔

اب لڑکی اپنے دادا، چچا وغیرہ کے ذریعہ اپنا نکاح پہلی ہی جگہ یعنی جہاں سے اس کی بات تھی کرلیتی ہے، تو اس کا یہ نکاح ہوگا؟ اور لڑکی کی بات شرعاً درست ہوگی یا نہیں؟ شریعت کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: محمد محمود حسن، بشن پور اغوانپور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر رشتہ قابل اطمینان ہے اور شرعاً اس میں کوئی ضرر نہیں اور باپ نے مذکورہ جگہ مطمئن ہوکر ہی رشتہ کیا تھا اور بعد میں کسی ذاتی رنجش کی بنا پر باپ وہاں سے انکار کررہا ہے؛ جبکہ لڑکی اور گھر کے دیگر افراد دادا، چچا وغیرہ سب اس رشتہ پر رضامند ہیں تو لڑکی کو ان تمام اعزاء واقرباء کی رضامندی کے ساتھ اس جگہ شرعاً نکاح کرلینا جائز ہے۔

فرضا البعض من الأولياء قبل العقد، أو بعده كالكل لثبوته لكل.

(در مختار على الشامي، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ۳/۵۷، زكريا ديوبند ۴/۱۵۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/۷۲۳۱)

مناسب رشتہ ملنے پر باپ کی ناراضگی کے ساتھ نکاح

سوال [۶۳۵۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنی سالی کا رشتہ طے کیا، جس پر لڑکی اور تمام گھر والے رضا مند ہیں، لڑکی عاقل بالغ ہے اور اس رشتہ کو پسند کرتی ہے؛ لیکن لڑکی کا باپ تنہا اس رشتہ کو ختم کرنے کی کوشش کرتا ہے اور مقصد صرف گھر والوں کو پریشان کرنا ہے، لڑکی کا باپ آوارہ آدمی ہے، جس کو نہ کمانے سے کوئی مطلب تمام وقت بازاروں میں شریروں اور آوارہ لوگوں کے ساتھ گذارتا ہے، گھر کی اچھائی، برائی سے اس کو کوئی مطلب نہیں ہے، تو معلوم یہ کرنا ہے کہ جب باپ کی مذکورہ حالت ہے اور وہ محض گھر والوں کو پریشان کرنے کی وجہ سے رشتہ کو ختم کرے؛ جبکہ خود لڑکی اور اس کے تمام گھر والے اس رشتہ پر رضا مند ہیں، تو اگر باپ کی رضا حاصل کیئے بغیر تمام گھر والے لڑکی کی پسندیدہ جگہ شادی کر دیں تو نکاح میں کوئی خلل تو نہیں آئے گا؟

المستفتی: صادق علی، کبیر نگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مسئولہ صورت میں جبکہ لڑکی اور تمام گھر والے اس رشتہ پر رضا مند ہیں، تو باپ کو بلا وجہ شرعی ناراض نہیں ہونا چاہئے؛ بلکہ راضی ہو کر اس اہم فریضہ کی ادائے گی میں شریک ہونا چاہئے؛ اس لئے کہ حدیث شریف میں ہے کہ جب بچہ بالغ ہو جائے اور پسندیدہ رشتہ مل جائے، تو پھر ماں باپ کو اس میں تاخیر نہیں کرنی چاہئے۔ خدانخواستہ اس درمیان اگر بچہ کسی گناہ میں ملوث ہو جائے تو اس کے گناہ کا بار باپ پر ہی پڑے گا؛ اس لئے باپ کو راضی ہو کر اس اہم ذمہ داری سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہئے۔

بالفرض اگر باپ کی رضا حاصل کیئے بغیر لڑکی کی پسندیدہ جگہ اس کی اجازت سے نکاح کر دیا گیا تو یہ نکاح شرعاً صحیح ہو جائے گا۔

عن أبي سعيد وابن عباسؓ، قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ولد له ولد، فليحسن اسمه، وأدبه، فإذا بلغ فليزوجه، فإن بلغ ولم يزوجه فأصاب إثما فإنما إثمه على أبيه. (شعب الإيمان للبيهقي،باب في حقوق الأولاد، والأهلين، دارالكتب العلمية بيروت٦/ ٤٠١، رقم:٨٦٦٦، مشكوٰة ٢٧١)

عن أبي هريرةؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا خطب إليكم من ترضون دينه، وخلقه، فزوجوه، إلا تفعلوه تكن فتنة في الأرض، وفساد عريض. (ترمذي شريف، كتاب النكاح، باب ماجاء إذا جاء كم من ترضون دينه فزوجوه، النسخة الهندية ١/٢٠٧، دارالسلام رقم:١٠٨٤، مشكوٰة شريف ٢٦٧)

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي (در مختار) وفي الشامية: ما باشرته من غير كفء. (شامي، كتاب النكاح، باب الولي كراچي ٣/٥٥، زكريا٤/ ١٥٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۷۱۵۳ھ)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۴/۴ھ

اولیاء کی رضامندی کی صورت میں کفو یا غیر کفو میں نکاح کا حکم

سوال [۵۷٦۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی کے رشتے کے متعلق اس کے بھائی نے استخارہ کیا تو استخارہ میں جس لڑکے کا انتخاب ہوا، تو اس لڑکے کے متعلق تقریباً دس آدمیوں نے تحقیق کی تو لڑکا بالکل صحیح نہیں نکلا؛ اور لڑکی کے اولیاء اس لڑکے سے رشتہ کرنا نہیں چاہتے ہیں جبکہ لڑکی کے بھائی کو اصرار ہے کہ ہم نے استخارہ سے انتخاب کیا ہے؛ اس لئے شادی وہیں سے ہوگی، تو اس مسئلہ کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟

المستفتی: محمد شعیب، متعلم مدرسہ شاہی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اگرلڑکی بالغہ ہےاوروہ مذکورلڑکے کےساتھ نکاح پسندنہیں کرتی،تو وہاں نکاح نہیں کرنا چاہئےلڑکی کی رضاءپر بھائی کےاستخارے کوترجیح نہیں ہوگی۔اوراگرلڑکی اسی لڑکے کےساتھ نکاح کرنا چاہتی ہے،تواسی کےساتھ زیادہ اولیٰ رہےگااوراگرلڑکی اوراس کےاولیاءوہاں نکاح کرنا پسند نہ کریں،تب بھی بھائی کےاستخارہ کا اعتبار نہ ہوگااورلڑکی اوراس کےاولیاءکےمنشاءکی مطابق لڑکےکاانتخاب کرنا ہوگا۔حاصل یہ ہےکہ اگرلڑکی کی مرضی نہ ہو،توکسی کےانتخاب کااعتبار نہ ہوگااوراگرلڑکی کی مرضی ہے،توکسی کےاعتراض وانتخاب وناگواری کااعتبار نہ ہوگا۔(مستفاد:بہشتی زیور۴/۶)

اوراگرلڑکاغیرکفو ہےتواولیاءکی رضاءمندی کےبغیرنکاح درست نہ ہوگا۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي (در مختار) ويفتى في غير الكفوء بعدم جوازه أصلاً . وهو المختار للفتوىٰ لفساد الزمان. (الدر المختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكرياديوبند٤/١٥٥، ١٥٦، كراچي٣/٥٥،٥٦، هندية زكريا١/٢٩٢، جديد ١/٣٥٨)

نفذ نكاح حرة مكلفة بلاولي؛ لأنها تصرف في خالص حقها، وهي من أهله لكونها عاقلة بالغة. (مجمع الأنهر،دارالكتب العلمية بيروت١/٤٨٨، مصري قديم ١/٣٣٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیراحمد قاسمی عفااللہ عنہ
۲۰/ربیع الاول۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر:الف۲۵/۱۸۱۷)

والد کی موجودگی میں بھائی کا غیرکفو میں بہن کا نکاح کرانا

سوال[۵۷۶۵]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ سلطانہ خاتون بنت سید محمد اصغر علی کا نکاح سلطانہ کے ایک بھائی بنام سید پرویز علی نے ایک پٹھان شخص محمد عارف ولد حمید خاں کے ساتھ (جبکہ باپ سید محمد اصغر علی صاحب خود وہاں موجود تھے) لڑکی کے باپ سے خفیہ طور پر بغیر اجازت کے غیر کفو میں نکاح کردیا ہے، تو شرعاً یہ نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟ اور باپ اب بھی ناراض ہے اور لڑکی کو ہرگز بھیجنا نہیں چاہتا، تو شریعت کی روشنی میں یہ نکاح صحیح سمجھا جا سکتا ہے؟ مع حوالہ تحریر فرمائیں، نوازش ہوگی۔ نیز ابھی لڑکی کی رخصتی نہیں ہوئی۔

المستفتی: سید محمد اصغر علی، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: باپ کی موجودگی میں باپ کے بغیر اجازت اور بغیر رضا مندی سید زادی کا نکاح غیر کفو (خاں صاحب) کے ساتھ شرعاً صحیح نہیں ہوا ہے اور باپ کی موجودگی میں بھائی کی ولایت شرعاً معتبر نہیں ہے؛ اس لئے سطانہ خاتون کا نکاح محمد عارف خاں کے ساتھ درست نہیں ہوا ہے اور سلطانہ خاتون کا نکاح آئندہ دوسرے شخص کے ساتھ درست ہو جائے گا اور جب رخصتی نہیں ہوئی تو عدت گذارنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔

(مستفاد: فتاویٰ دارالعلوم ۷/۲۱۳، ۷/۲۱۲)

ویفتی في غیر الکفء بعدم جوازہ اصلاً. وهو المختار للفتویٰ لفساد الزمان، فلاتحل مطلقة ثلاثا نکحت غیر کفء بلارضا ولي (وقوله) لو استووا في الدرجة وإلا فللأ قرب منهم حق الفسخ. وفي الشامي: وهذا إذا کان لها ولي لم یرض به قبل العقد فلا یفید الرضا بعده الخ (الدر المختار مع الشامي، کتاب النکاح، باب الولي، زکریا دیوبند ٤/ ١٥٧، ١٥٨، کراچي ٣/ ٥٦، هکذا في البحر الرائق، کوئٹه ٣/ ١١٠، زکریا دیوبند٣/ ١٩٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/ ذی الحجہ ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/ ۲۰۶۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۳/ ۱۲/ ۱۴۱۰ھ

والدہ کی مرضی کے بغیر اپنی پسند سے نکاح کرنا

سوال [۵۷٦٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری عمر ۴۵/سال ہے، اب تک شادی نہیں کی، اب شادی کرنا چاہتی ہوں؛ لیکن جب بھی کوئی رشتہ والدہ کو دکھایا جاتا ہے، تو وہ ان کو پسند نہیں آتا ہے؛ لہٰذا اگر میں ان کی اجازت کے بغیر شادی کرلوں اور شادی کے بعد والدہ کہہ دے کہ میں ان سے راضی نہیں ہوں، تو آخرت میں کوئی پکڑ تو نہیں ہوگی؟

المستفتی: آر آر شمسی، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ اپنا نکاح خود اپنی پسند سے کرسکتی ہیں صحت نکاح کے لئے والدہ کی رضامندی ضروری نہیں ہے۔

وشرط صحة نكاح الصغير (إلى قوله) لا مكلفة، فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي، والأصل ان كل من تصرف في مالي تصرف في نفسه ومالا فلا. (شامي، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/ ١٥٥، كراچي ٣/ ٥٥، كذا في الهندية، زكريا ١/ ٢٨٧، ومجمع الأنهر مصري قديم ١/ ٣٣٣، دارالكتب العلمية ١/ ٤٨٨ بيروت، تبيين الحقائق، مكتبة امداديه ملتان ٢/ ١١٧، زكريا ٢/ ٤٩٢، البحر الرائق، كوئٹه ٣/ ١٠٩، زكريا ديوبند ٣/ ١٩٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۹/ رجب المرجب ۱۴۱۵ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۴۱۱۵)	۱۴۱۵/۷/۱۰ھ

والدین کا لڑکے کی پسند کے خلاف دوسری جگہ نکاح کرانا

سوال [۵۷٦۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں:　کہ ایک لڑکا مسلمان ہے، وہ اپنی ہی برادری کی لڑکی سے محبت کرتا ہے، مگر اس لڑکے کے گھر والے اس لڑکی کو نہیں چاہتے ہیں، گھر والوں نے اس لڑکے کے سامنے تمام مجبوریاں رکھ کر زبردستی رشتہ دوسری جگہ طے کرادیا ہے، لڑکا کسی بھی قیمت پر تیار نہیں ہے، جب گھر میں اس مضمون پر بہت تکرار ہوئی، تو اس لڑکے نے یہ بات کہدی کہ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر شادی کروں گا، تو اپنی پسند کی لڑکی سے کروں گا، زندگی میں کسی اور لڑکی کے ساتھ شادی نہیں کروں گا؛ حالانکہ لڑکے کے گھر کے سارے افراد لڑکے کی پسند پر ناراض ہیں؛ لیکن لڑکا یہی چاہتا ہے کہ وہ اپنی پسند کی لڑکی کے ساتھ شادی کرے، لڑکا آج بھی اس بات پر اٹل ہے کہ شادی کرے، تو اپنی پسند کی کریگا۔ مہربانی کر کے اس کا جواب دیں؛ کیونکہ گھر والے دوسری طے کر چکے ہیں، اس کے ساتھ شادی ہوسکتی ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں اس کا جواب کیا ہوگا؟

المستفتی: محمد قاسم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ صورت میں گھر والوں کا لڑکے کو اس کی مرضی کے خلاف دوسری جگہ شادی کرنے پر مجبور کرنا صحیح نہیں ہے، جہاں وہ چاہتا ہے وہیں شادی کردینی چاہئے۔

ولا تجبر البالغة البكر على النكاح لانقطاع الولاية بالبلوغ (در مختار) وفي الشامية ولا الحر البالغ. (شامي، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ۳/۵۸، زكريا ۴/۱۵۹، مستفاد البحر الرائق، كوئٹه ۳/۱۱۰، زكريا ۳/۱۹۴، مجمع الأنهر، دار الكتب العلمية بيروت ۱/۴۹۰، هداية اشرفي ديوبند ۲/۳۱۴)

لڑکے کو مجبور کر کے اس کی مرضی کے خلاف نکاح کرادیا جائے اور لڑکا بوقت نکاح زبان سے قبول کرلے تو وہ نکاح بھی صحیح ہوجائے گا۔

وصح نكاحه، وطلاقه، وعتقه، لو بالقول لا بالفعل. (در مختار مع الشامي، كراچي٦/١٣٧، زكريا ٩/١٨٩)

لیکن لڑکے نے جو قسم کھائی ہے، اس کا ایک کفارہ بھی ادا کرنا لازم ہوگا اور قسم کا کفارہ دس مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلانا ہے اور اس کی قیمت بھی دی جاسکتی ہے، جو دس صدقہ ء فطر بنتے ہیں۔ (بہشتی زیور ۳/۵۳)

وَلٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُمُ الْاَيْمَانَ فَكَفَّارَتُهُ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ. [المائدہ:۸۹]

وكفارته تحرير رقبة، أواطعام عشرة مساكين كما مر في الظهار، أوكسوتهم بما يصلح للأوساط. (در مختار مع الشامي، كراچي ٣/٧٢٥، ٧٢٦، زكريا ٥/٥٠٣، تبيين الحقائق،مكتبه امدادية ملتان ٣/١١٢، زكريا ديوبند ٣/١٤١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳۰/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/۵۷۹۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۶/۱ھ

والدین کا بالغ لڑکے کو نکاح پر مجبور کرنا

سوال [۵۷٦۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکے کا رشتہ ہوئے ڈیڑھ سال سے زائد ہو چکا ہے، جب لڑکے کا رشتہ کیا تھا، تو لڑکے نے پرزور انکار کیا تھا اور اب بھی کہتا یہی ہے کہ یہ رشتہ مجھے قبول نہیں، اگر آپ نے شادی کر بھی دی، تو میں فوراً طلاق دیدوں گا، لڑکے کی عمر اس وقت تقریباً اکیس سال ہے اور عید کے بعد شادی کا یہ پروگرام طے ہونا ہے۔

نوٹ: ہر شخص یعنی ماں باپ، بھائی، بہن، عزیز واقارب اور دوست واحباب بھی

لڑکے کو سمجھا چکے اور لڑکا لڑکی کو بھی دیکھ چکا ہے۔اب آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں یہ تحریر کریں کہ ہم یہ شادی زبردستی کرادیں،تو شریعت کے مطابق جائز ہوگی یا ناجائز؟

المستفتی: عبدالرشید،محلّہ:یوسف چوک ٹانڈہ بادلی،رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: بالغ لڑکے کو نکاح پر مجبور کرنا والدین اوراعزاء کے لئے شرعاً جائز نہیں ہے۔

كما في الدر المختار ولا تجبر البالغة البكر على النكاح لانقطاع الولاية بالبلوغ. في الشامية: ولاتجبر البالغةولا الحر البالغ. (الدر المختار، كتاب النكاح، باب الولي، مصري ٢/ ٤١٠، كراچي ٣/ ٥٨، زكريا٤/ ١٥٩)

بلکہ لڑکے کی رضامندی شرعاً ضروری ہے۔فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍رمضان المبارک ۱۴۰۷ھ
(فتویٰ نمبر:الف ۲۳؍۲۲۰)

اولیاء کی اجازت کے بغیر نابالغہ کے نکاح کا حکم

سوال [۵۷۶۹]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری ۱۱؍سال کی نابالغ لڑکی بشریٰ خاتون لیاقت حسین کے گھر اس کی لڑکی سے پڑھنے جاتی تھی، لیاقت حسین خود شادی شدہ ہے، اس کے بھی ۱۱؍سال کا ایک لڑکا اور۱۳؍سال کی لڑکی ہے، بشریٰ خاتون کی عمر بھی ۱۱؍سال سے کچھ اوپر تھی،لیاقت حسین نے آج سے تقریباً دو ماہ پہلے میری لڑکی بشریٰ کے بارے میں میرے بہنوئی کو حیدرآباد بذریعہ خط اطلاع دی کہ میں نے جبار کی لڑکی بشریٰ سے نکاح کیا ہے،اس وقت لڑکی اور میں لڑکی کا باپ بھی حیدرآباد مقیم تھا؛اس لئے اسی وقت اس نکاح کے بارے میں مجھے معلوم ہوا اوراسی

خط سے لڑکی کو بھی معلوم ہوا، اس سے پہلے اس نکاح کے بارے میں بالکل علم نہیں تھا، لیاقت حسین نے نکاح کی دو رسیدیں تیار کروائی ہیں، ایک رسید ۱۷/اپریل ۱۹۹۸ء کی دوسری رسید ۱۹/ ۹۸/۶ ء کی ہے، دونوں رسیدوں میں بھی تقریباً دو ماہ کا فرق ہے، دونوں رسیدوں کی تیاری کے وقت لڑکی نابالغ تھی۔

دریافت یہ کرنا ہے اس طرح جعلی رسیدیں تیار کر کے؛ جبکہ لڑکی اور اس کے باپ کے دستخط بھی جعلی ہیں، گواہ اور وکیل بھی خود لیاقت حسین کے دوست اور نوکر ہیں اور لڑکی کے باپ کو نکاح کے بارے میں کوئی علم نہیں، لڑکی اب بھی انکار کرتی ہے تو یہ نکاح ہوا یا نہیں؟

المستفتی: عبد الجبار، محلہ لال باغ، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جن تاریخوں میں نکاح کی رسیدیں بنائی گئی تھیں، ان تاریخوں میں بشریٰ خاتون نابالغ تھی اور نابالغ لڑکی کا نکاح باپ کی زندگی میں باپ کی اجازت کے بغیر صحیح نہیں ہوتا ہے؛ اس لئے مذکورہ صورت میں بشریٰ خاتون کا نکاح مذکورہ مرد کے ساتھ شرعی طور پر صحیح نہیں ہوا ہے، اس نکاح کی بناء پر بشری خاتون کو اس آدمی کے پاس بھیجنا جائز نہ ہوگا۔

عن عائشةؓ، قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أيما امرأة نكحت بغير إذن مواليها، فنكاحها باطل، ثلاث مرات الحديث. (سنن أبي داؤد، النكاح، باب في الولي،النسخة الهندية، ۱/ ۲۸٤، دارالسلام رقم:۲۰۸۳)

وهو أي الولي شرط صحة نكاح صغير، ومجنون، ورقيق. (در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ۳/۵۵، زكريا ٤/۱۵۵)

والولي في النكاح العصبة بنفسه بلا توسط أنثىٰ على ترتيب الإرث والحجب. (در مختار مع الشامي، زكريا٤/ ۱۹۰، كراچي ۳/٧٦،

الموسوعة الفقهية الكويتية ۲۷۵/٤۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۷۹۱/۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۶/۲ھ

بالغہ کا جبراً نکاح کرنا

سوال [۵۷۷۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہندہ کا نکاح زید کے ساتھ ہندہ کے والدین نے ہندہ کی بغیر رضامندی کے کردیا ہے، ہندہ بالغہ ہے اور نکاح کے بعد زید کے گھر گئی ہے، دونوں یکجا رہے؛ لیکن زید کو اپنے قریب نہیں لگنے دیا اور نہ صحبت کرنے دی، ہندہ کہتی ہے کہ میرے والدین نے زبردستی میرا نکاح کیا اور انگوٹھا یا دستخط لگوایا ہے، گواہان بھی کہتے ہیں کہ ہندہ کا نکاح زبردستی اس کے والدین نے زید کے ساتھ کیا اور ہندہ انکار کرتی تھی، تقریباً ایک سال ہوگیا ہے؛ لیکن اب بھی ہندہ وہاں جانے سے انکار کرتی ہے، اس کو نکاح نہیں مانتی اور اگر مجھ کو زبردستی وہاں پر بھیجا گیا تو میں زید کے گھر نہیں بسونگی۔ تو کیا یہ نکاح ہوگیا ہے یا نہیں؟ اگر یہ نکاح ہوگیا ہے تو اب ہندہ کے متعلق کیا فیصلہ کیا جائے؛ جبکہ ہندہ وہاں پر جانے کو رضامند نہیں؟

المستفتی: محمد رفیق مالیرکوٹلہ (پنجاب)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب ہندہ کا نکاح والدین نے جبراً کردیا اور اب تک وہ رضامند نہیں ہوئی۔ نیز بلا رضامندی ہی شوہر کے گھر گئی اور شوہر کو اپنے قریب نہیں ہونے دیا، تو اس کا نکاح منعقد نہیں ہوا، والدین پر ضروری ہے کہ لڑکی کی رضامندی کو ملحوظ رکھتے ہوئے دوسری شادی کردیں۔

عن خنساء بنت خذام الأنصارية، أن أباها زوجها وهي ثيب،

فكرهت ذلك، فأتت رسول الله صلى الله عليه وسلم فرد نكاحها. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب إذا زوج ابنته وهي كارهة، فنكاحه مردود،النسخة الهندية۲/ ۷۷۱،رقم:۴۹۴۵، ف:۵۱۳۸)

ولو زوجها وليها فقالت: لا أرضي (إلى قوله) لم يجز. (هندية، كتاب النكاح،الباب الرابع في الأولياء في النكاح، زكريا۱/ ۲۸۸، جديد ۱/ ۳۵۴)

إذا دخل بها وهي مكرهة، فحينئذ لايثبت الرضا. (هندية، زكريا۱/ ۲۸۹، جديد ۱/ ۳۵۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍شعبان المعظم ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱؍ ۴۱۴۵)

اولیاء کا جبراً بالغہ کا نکاح کرنا

سوال [۵۷۷۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہندہ کا نکاح ۵؍جون جمعرات ۲۰۰۸ء کو اپنی چچازاد بہن رقیہ نامی لڑکی سے ہوا، نیز رخصتی ۴؍اکتوبر بروز ہفتہ بعد نماز عشاء عمل میں آئی، بندہ جب شب زفاف میں بیوی سے ملاقات کی غرض سے حجرۂ عروسی میں گیا اور بیوی سے سلام ودعاء کے بعد جب صحبت کا ارادہ کیا، تو اس نے سختی سے انکار کردیا، کافی بحث ومباحثہ کے بعد اس سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ مجھ سے نکاح پر راضی نہیں تھی، اس کے والدین نے زبردستی اس کا نکاح بندہ کے ساتھ کردیا؛ چنانچہ پھر بندہ نے اس سے سوال کیا جب تم راضی نہیں تھی، تو نکاح نامہ پر دستخط کیوں کئے، تو اس نے جواب دیا کہ دستخط میں نے نہیں کئے؛ بلکہ بڑی بہن نے کئے ہیں، یاد رہے کہ رقیہ خاتون نے نکاح نامہ پر دستخط لیتے وقت سوائے رونے اور چلانے کے نہ دستخط کئے اور نہ ہی زبان سے نکاح پر اپنی رضامندی کا اقرار کیا۔ یہی وجہ ہے کہ آج تقریباً

ڈیڑھ دو سال کا عرصہ گذر گیا اب تک صحبت نہیں کرنے دی۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ مذکورہ بالا صورت میں بندہ کا نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟ اگر ہوا ہے تو مہر کتنا لازم ہوگا ؟

المستفتی : وصی احمد، سنت کبیر نگر (یو پی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: حسب تحریر سوال مسئولہ صورت میں بالغہ لڑکی کے بیان کے مطابق نہ تو اس نے آپ سے نکاح پر رضامندی ظاہر کی تھی اور نہ ہی نکاح نامہ پر دستخط کئے تھے؛ بلکہ باپ نے بدون اس کی رضا واجازت کے بہن کے جعلی دستخط کے ساتھ اس کا نکاح آپ سے کر دیا اور نہ ہی اس نے شب عروسی میں آپ کو ہاتھ لگانے دیا، بلکہ اسی وقت صاف انکار کر دیا میں نے نہ تو نکاح کی اجازت دی ہے اور نہ ہی نکاح قبول کیا ہے، تو ایسی صورت میں نکاح منعقد نہیں ہوا اور اگر آپ نے اس مدت میں اپنی چچازاد بہن سے صحبت نہیں کی ہے (جیسا کہ سوالنامہ میں مذکور ہے) تو آپ پر مہر بھی واجب نہیں ہے؛ البتہ اس لڑکی سے علیحدگی لازم ہے۔

عن خنساء بنت خذام الأنصارية، أن أباها زوجها وهي ثيب، فكرهت ذلك، فأتت رسول الله صلى الله عليه وسلم فرد نكاحها. (صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب إذا زوج ابنته وهي كارهة، فنكاحه مردود، النسخة الهندية ٢/ ٧٧١، رقم: ٤٩٤٥، ف: ٥١٣٨)

والصحيح أن البكاء –إلى قوله– إن كان مع الصوت، والصياح لايكون رضا. كذا في فتاوى قاضيخان وهو الأوجه وعليه الفتوىٰ. (هندية، الباب الرابع في الأولياء في النكاح ١/ ٢٨٧، جديد زكريا ١/ ٣٥٣، كذا في الشامي، زكريا ٤/ ١٦٠ – ١٦١، كراچي ٣/ ٥٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍ ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۰۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۴/۲۱ھ

لڑکی کو بتائے بغیر اس کی شادی کر دینا

سوال[۵۷۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید ایک لڑکی خالدہ سے شادی کا خواہشمند تھا اور خالدہ بھی اس کے ساتھ بخوشی شادی کے لئے رضا مند تھی، خالدہ کے والدین نے ایک اور لڑکے سے شادی طے کردی، جب اس بات کا علم خالدہ کو ہوا، تو اس نے صراحۃً کہدیا کہ میں زید کے علاوہ کسی اور سے شادی کے لئے رضا مند نہیں، باوجود خالدہ کے انکار کرنے کے والدین نے دوسری جگہ شادی کردی، نکاح کے وقت خالدہ سے معلوم بھی نہیں کیا گیا، خالدہ کا کہنا یہ ہے کہ اگر مجھ سے نکاح کے بارے میں کہا جاتا تو میں انکار کردیتی، میری شادی زبردستی کی گئی ہے، میں اس پر راضی نہیں اسی بلا اجازت ومرضی کے بعد خالدہ کو شوہر کے یہاں رخصت کیا اور وہ ماں باپ کی عزت کی خاطر بادل ناخواستہ رخصت ہوکر شوہر کے یہاں آئی۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ نکاح ہوا یا نہیں؟ یہ نکاح اگر نہیں ہوا تو یہ رشتہ برقرار رکھنے کی کیا صورت ہے؛ جبکہ خالدہ نکاح کے لئے تیار نہیں ہے؟

المستفتی: محفوظ الرحمٰن، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر رخصتی کے بعد لڑکی شوہر کے ساتھ ہمبستری ہوچکی ہے اور شوہر کو مجامعت پر قدرت دیدی ہے، تو شرعاً نکاح صحیح ہو چکا ہے اور اگر شوہر کے ساتھ خلوت صحیحہ نہیں ہوئی ہے اور نہ مجامعت ہوئی ہے تو نکاح صحیح نہیں ہوا ہے۔

عن خنساء بنت خذام الأنصارية، أن أباها زوجها وهي ثيب، فكرهت ذلك، فأتت رسول الله صلى الله عليه وسلم فرد نكاحها.

(صحيح البخاري، كتاب النكاح، باب إذا زوج ابنته وهي كارهة، فنكاحه مردود، النسخة الهندية ۲/ ۷۷۱، رقم: ۴۹۴۵، ف: ۵۱۳۸)

اورنکاح کو برقرار رکھنے کی یہ صورت ہوسکتی ہے کہ شوہر اس لڑکی کے ساتھ اس کی رضا مندی سے صحبت کرلے۔

عن ابن عباسؓ، أن جارية بكر أتت النبي صلى الله عليه وسلم فذكرت أن أباها زوجها وهي كارهة، فخيرها النبي صلى الله عليه وسلم.
(سنن أبي داؤد، كتاب النكاح، باب في البكر يزوجها أبوها و لايستامرها، النسخة الهندية ١/ ٢٨٥، دارالسلام رقم:٢٠٩٦)

لأن رضاهما يكون بالدلالة كما ذكره بقوله أو ماهو في معناه من فعل يدل على الرضا كطلب مهرها، ونفقتها، وتمكينها من الوطء. (در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/ ١٦٤، ١٦٥، كراچي٣/ ٦٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۳۰ر ذی قعدہ ۱۴۱۴ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۷۳۲)	۳۰/ ۱۱/ ۱۴۱۴ھ

لڑکی کی اجازت کے بغیر والد کی اجازت سے نکاح پڑھانا

سوال [۵۷۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ قاضی صاحب نے مجلس نکاح میں مجمع کثیر کے اندر لڑکی کے والد اور اسی کے گاؤں کے ایک دوسرے شخص کی موجودگی میں لڑکی کے والد کی اجازت سے لڑکے کے گاؤں میں نکاح پڑھایا؛ لیکن لڑکا اور لڑکی کے گاؤں کے درمیان کافی دوری کی وجہ سے قاضی صاحب نے نکاح پڑھاتے وقت لڑکی سے اجازت نہیں لی، جس کی وجہ سے بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ نکاح نہیں ہوا؛ لہٰذا دوبارہ نکاح پڑھایا جائے، تو کیا نکاح اول درست ہے یا نہیں؟ یا دوبارہ نکاح پڑھایا جائے، اس مسئلہ کا شرعی حکم کیا ہے؟ نکاح کے وقت لڑکی بالغ تھی اور لڑکا بھی بالغ تھا۔

المستفتی: قربان علی، مدھوبنی، متعلم درجہ ہفتم مدرسہ شاہی مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگراس طرح نکاح ہوجانے کے بعدلڑکی کو جب اطلاع ہوئی اوراس نے اس کورد نہیں کیا؛ بلکہ صراحتًا یا دلالۃً اجازت دی یا رضامندی ظاہر کی تو شرعاً مذکورہ نکاح صحیح اور درست ہو چکا ہے۔

زوجها وليها، وأخبرها رسوله، أوفضولي عدل، فسكتت عن رده مختارة، أوضحكت غير مستهزئة، أو تبسمت، أوبكت بلاصوت فهو إذن الخ.

(الدر المختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/١٥٩، ١٦٠، كراچي ٣/٥٩، الموسوعة الفقهية الكويتية ٤١/ ٢٧٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶/ ۷۴۳۸)

نکاح میں زوجین کی رضا مندی کا لحاظ

سوال [۵۷۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اولاد کے اوپر اللہ تعالیٰ نے یہ لازم قرار دیا ہے کہ وہ اپنے والدین کو خوش رکھے اوران کے حقوق کا لحاظ رکھے، تو کیا کہیں والدین پر بھی اولاد کے بارے میں یہ حکم ہے کہ وہ بھی اولاد کی خوشی اور رضا مندی کا خیال رکھیں اور جس کام پراولاد راضی ہواسی کام پر والدین بھی رضامندی کا اظہار کریں، اگر صرف اولاد ہی کے اوپر ان کے حقوق کا لحاظ لازم ہے، تو پھر بوقت نکاح لڑکا یا لڑکی سے کیوں اجازت طلب کرتے ہیں؟

المستفتی: محمد ناصرالدین کرولہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: والدین کوخوش رکھنے کا مسئلہ اپنی جگہ اہم اور مستقل مسئلہ ہے اورکسی لڑکی سے نکاح کا مسئلہ اس سے الگ مستقل دوسرا مسئلہ ہے۔

شریعت نے دونوں کا حکم مستقل طور پر بیان کیا ہے اولاد پر لازم ہے کہ والدین کو خوش رکھیں اور والدین پر لازم ہے کہ نکاح کے معاملہ میں لڑکے اور لڑکی کی مرضی کا لحاظ رکھے، اور ان کی مرضی کے بغیر والدین کی طرف سے دباؤ ڈال کر کے ان کا نکاح کر دینا جائز نہیں، اس میں والدین گنہگار رہوں گے؛ اس لئے نکاح کے معاملہ میں والدین کو اولاد کی رضا مندی کا لحاظ رکھنا لازم ہے، جہاں لڑکا یا لڑکی نکاح کرنا پسند کریں، اگرچہ والدین کو وہ جگہ پسند نہ ہو، تب بھی والدین کو اولاد کی مرضی کے مطابق نکاح کے معاملہ میں رضامند ہونا لازم ہے۔

عن ابن عباسؓ أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: الثيب أحق بنفسها من وليها، والبكر تستأمر، وإذنه سكوتها. (صحيح مسلم، كتاب النكاح، باب استيذان الثيب في النكاح بالنطق والبكر بالسكوت، النسخة الهندية ١/٤٥٥، بيت الأفكار رقم: ١٤٢١)

ومنها رضا المرأة إذا كانت بالغة بكراً، كانت أوثيباً، فلا يملك الولي إجبارها على النكاح عندنا. (فتاوى عالمگيري، كتاب النكاح، الباب الأول في تفسيره الخ، زكريا ١/٢٦٩، جديد ١/٣٢٢، فتاوى قضيخان على هامش الهندية، زكريا ١/٣٣٥، جديد ١/٢٠٤)

ولا يزوج البكر البالغة أبوها على كره منها. (فتاوى تاتار خانية، زكريا ٤/٩١، رقم: ٥٦١٨، كوئٹه ٣/٢٣)

لا يجوز نكاح أحد على بالغة صحيحة العقل من أب، أو سلطان بغير إذنها بكراً كانت أو ثيباً. (فتاوى هندية، زكريا ١/٢٨٧، جديد ١/٣٥٣)

عن المغيرة بن شعبة قال خطبت امرأة قال: فقال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم نظرت إليها قلت لا، قال فانظر إليها، فإنه أحرىٰ ان يؤدم بينكما. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب النكاح، باب نظر الرجل إلى المرأة يريد تزوجها، دارالفكر ١٠/٢٤٨، ٢٤٩، رقم: ١٣٧٧٥، قديم ٧/٨٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶؍ ۷۶۰۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴؍۴؍ ۱۴۲۳ھ

کیا بالغہ لڑکی کا اپنی مرضی سے کیا ہوا نکاح درست ہے؟

سوال [۵۷۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ احقر شادی شدہ ہے، اب دوسرا نکاح کیا ہے، جس لڑکی سے نکاح کیا ہے، اس کے باپ کے کہنے کے مطابق ۱۷ رسال کی ہے، نکاح باپ کی اجازت کے بغیر لیکن ماں کی مرضی سے ہوا ہے اور لڑکی سے گواہوں کے سامنے تین مرتبہ پوچھا گیا، لڑکی نے جواب میں ہاں کہا اور نکاح نامہ پر دستخط بھی کیے، لڑکی انصاری ہے اور لڑکا میمن ہے اور دونوں دیوبندی خیالات کے ہیں، لڑکی ابھی باپ کے گھر میں ہی ہے، باپ کو پتہ نہیں ہے کہ میری لڑکی کا نکاح ہو چکا ہے۔ صورت مسئولہ میں معلوم یہ کرنا ہے کہ:

(۱) باپ کی اجازت کے بغیر نکاح ہوا یا نہیں؟

(۲) کیا باپ کو فسخ نکاح کا اختیار ہے؟

المستفتی: محمد اقبال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکے کی برادری عرف ورواج کے اعتبار سے لڑکی کی برادری سے کمزور نہ ہونی چاہیے اور لوگوں سے معلوم ہوا کہ میمن برادری انصاری برادری سے کمزور نہیں ہے؛ اس لئے عاقل بالغ لڑکی کا نکاح باپ کی مرضی کے بغیر منعقد ہو چکا ہے؛ البتہ اگر مہر مثل سے کم پر نکاح ہوا ہے تو باپ کو اعتراض کا حق ہے یہی ظاہر روایت کے مطابق ہے۔

عن ابن عباسؓ أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: الأيم أحق بنفسها من وليها، والبكر تستأذن في نفسها، وإذنها صماتها. قال: نعم! (صحيح مسلم، كتاب النكاح، باب استيذان الثيب في النكاح بالنطق والبكر بالسكوت، النسخة الهندية ۱/ ۴۵۵، بيت الأفكار رقم: ۱۴۲۱)

ولا تجبر البالغة البكر على النكاح؛ لانقطاع الولاية بالبلوغ الخ.
(در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/١٥٩، كراچي ٣/٥٨)

الكفاءة هي حق الولي لاحقها. (در مختار، كراچي ٣/٨٥، زكريا ديوبند ٤/٢٠٧)

وإذا تزوجت المرأة ونقصت عن مهر مثلها، فللأولياء الاعتراض عليها. عند أبي حنيفةؒ حتى يتم لها مهر مثلها، أو يفارقها. (هداية، اشرفيه ديوبند ٢/٣٤٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰؍۱۰۸۹۵)

کیا لڑکی ولی یا اس کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں کرسکتی؟

سوال [۶۷۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی اس کے دوستوں نے ہندہ سے کرادی؛ جبکہ زید اور ہندہ کے ماں باپ یا کوئی بھی رشتہ دار قطعی طور پر شادی کے لئے راضی نہ تھے صرف یہی دونوں راضی تھے، دوستوں نے باہر لے جاکر دونوں کا نکاح بغیر گھر والوں کو خبر کرائے کردیا؛ لیکن دونوں کے درمیان نکاح کے بعد بھی ہمبستری یا جسمانی تعلقات قائم نہیں ہوئے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ شادی شریعت کے مطابق جائز ہے کہ نہیں؟ کیونکہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ کوئی بھی لڑکی بغیر ولی کے یا اس کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں کرسکتی ہے؟ جواب کتاب وسنت سے تحریر فرمادیں۔

المستفتی: محمد خالد ملک

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عاقلہ بالغہ لڑکی کا اپنے کفو اور برادری میں مناسب مہر کے ساتھ نکاح کرلینے سے شرعی طور پر نکاح صحیح اور درست ہوجاتا ہے، اگرچہ اس

کا ولی موجود نہ ہو یا ولی راضی نہ ہو، ہاں البتہ اگر غیر کفوا ور غیر برادری میں نکاح کرلیا ہے یا کفو میں، اس کے معیار سے بہت کم مہر باندھا ہے، تو اس کے ولی کی اجازت یا حاضری کے بغیر صحیح اور درست نہیں ہے۔

و لا يصح النكاح من غير كفء، أو بغبن فاحش أصلاً (إلى قوله) **وإن كان من كفوء وبمهر المثل صح الخ** (الدر المختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/١٧٣، ١٧٤، كراچي ٣/٦٨)

اور جس حدیث شریف میں ولی کی اجازت کا حکم آیا ہے اور بغیر اجازت نکاح باطل ہونے کو کہا گیا ہے، اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ غیر کفوا ور قلیل مہر کے ساتھ نکاح منعقد نہیں ہوتا ہے؛ لیکن یہ حدیث شریف کفوا ور مثل سے نکاح کرنے کے خلاف نہیں ہے، ورنہ حدیث میں عورت کا اپنے نکاح میں ولی سے زیادہ حقدار ہونے کا ذکر بھی آیا ہے۔

الثيب أحق بنفسها من وليها، والبكر يستأذنها أبوها في نفسها. (صحيح مسلم، كتاب النكاح، باب استيذان الثيب في النكاح بالنطق والبكر بالسكوت، النسخة الهندية ١/٤٥٥، بيت الأفكار رقم: ١٤٢١، مشكوٰة شريف ٢/٢٧٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰؍ ربیع الثانی ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹؍ ۳۴۱۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۰؍۴؍۱۴۱۴ھ

عاقل بالغ لڑکی کا گواہوں کی موجودگی میں نکاح کرنا

سوال [۵۷۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زیبہ فردوس نامی لڑکی نے جو کہ نہٹور کی رہنے والی ہے، بذریعہ رقعہ ہٰذا جو ساتھ میں منسلک ہے، ذوالفقار صاحب کو اپنے نکاح کا وکیل بنایا، ذوالفقار صاحب نے

حسب وکالت دو گواہان کی موجودگی میں مذکورہ عورت کا نکاح پڑھوادیا، جس کی رسید بھی ساتھ میں روانہ کی جارہی ہے، دریں صورت کیا یہ نکاح درست ہے اور شریعت کے اعتبار سے وہ لڑکی محمد یونس کی زوجہ ہے اور حق زوجیت وصول کرسکتی ہے؟ تمام کاغذات اور رقعہ ہذا کا بغور مطالعہ کر کے شرعی حکم تحریر فرمادیں۔

المستفتی: محمد زاہد، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: عاقل بالغ لڑکی جب اپنی مرضی سے برادری کے لڑکے کے ساتھ گواہوں کی موجودگی میں مناسب مہر کے عوض میں نکاح کرے تو شرعاً وہ نکاح درست ہوجاتا ہے اور مذکورہ نکاح میں مہر فاطمی باندھا گیا ہے، جو مناسب مہر ہے؛ لہٰذا مذکورہ نکاح اگر لڑکی کی مرضی اور خوشی سے ہوا ہے، تو صحیح اور درست ہو چکا اور یہ لڑکی محمد یونس کی شرعی بیوی بن گئی ہے۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي، والأصل أن كل من تصرف في ماله تصرف في نفسه ومالا فلا. (در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ۳/ ۵۵،۵۶، زكريا ديوبند ۴/ ۱۵۵، كذا في الهندية، زكريا ۱/ ۲۸۷، جديد ۱/ ۳۵۳، ومجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۱/ ۴۸۸، مصري قديم ۱/ ۳۳۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۰ رشوال المکرم ۱۴۲۴ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۱۷۶)	۱۴۲۴/۱۱/۳ھ

اولیاء کے علاوہ دیگر لوگوں کی موجودگی میں عاقل بالغ لڑکے لڑکی کا نکاح

سوال [۵۷۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکی نے اپنے ماں باپ کی غیر موجودگی میں اپنے ہوش وحواس کے ساتھ بنا

کسی ڈر یا دباؤ کے ایک وکیل اور دو گواہ کے درمیان اقرار کیا اور نکاح کی اجازت دی، اس کے بعد معتبر قاضی نے تقریباً دس آدمیوں کی موجودگی میں سنت طریقہ سے نکاح پڑھایا، لڑکا لڑکی دونوں پٹھان ہیں، لڑکی کی عمر ۲۲؍سال لڑکے کی عمر ۳۳؍سال ہے اور دونوں کنوارے ہیں۔

المستفتی: حافظ محمد اختر خان شہباز پور کلاں، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب لڑکے اور لڑکی دونوں عاقل و بالغ ہوشیار ہیں اور دونوں ہم کفو اور ایک برادری سے متعلق ہیں، تو ایسی صورت میں ولی اور ماں باپ کی غیر موجودگی میں بلا اجازت شرعی گواہوں اور مسلمانوں کی موجودگی میں دونوں کا نکاح صحیح اور درست ہے۔

عن ابن عباسؓ، أن النبي صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال: الأیم أحق بنفسها من ولیها، والبکر تستأذن في نفسها. (صحیح مسلم، کتاب النکاح، باب استیذان الثیب في النکاح بالنطق والبکر بالسکوت، النسخة الهندیة ۱/۴۵۵، بیت الأفکار رقم: ۱۴۲۱)

فنفذ نکاح حرة مکلفة بلا رضا ولي. (در مختار، کتاب النکاح، باب الولي، زکریادیو بند ۴/۱۵۵، کراچی ۳/۵۵، تبیین الحقائق، مکتبہ امدادیة ملتان ۲/۱۱۷، زکریا ۲/۴۹۳) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۲۲؍صفر المظفر ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۲۶۲/۳۷)

بالغ لڑکی کا والدین کی اجازت کے بغیر نکاح کرنا

سوال [۵۷۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی ساجدہ جو کسی اسکول میں تعلیم حاصل کرتی تھی روز اسکول جاتی آتی

تھی، کچھ دنوں کے بعد ایک لڑکے نے جواس کے پڑوس ہی میں رہتا تھا، ایک خط دیا جس میں اظہار محبت کے بارے میں لکھا تھا، جب اس لڑکی نے خط پڑھا تو غصہ ہوگئی، تو اس لڑکے نے بہت سمجھایا بجھایا، تو تیار ہوگئی، جب لڑکی اسکول جاتی آتی تھی، تو ایک روز وہ لڑکا کہیں لے گیا، جہاں اس نے دوست اور اس کے سگے بھائی بھی موجود تھے، وہاں ایک اور آدمی شادی شدہ تھا کل دس آدمی تھے، ہمارا کوئی رشتہ دار وہاں نہیں تھا، تو ہم سے پوچھا گیا کہ تم تیار ہو تو میں نے کہہ دیا کہ میں تیار ہوں، تو میری شادی ہوگئی، میں نے قبول کرلیا اور اس رجسٹر میں میں نے تین جگہ دستخط بھی کیا اس کے بعد میں گھر آ گئی، اسی دس میں سے ایک نے وہاں پر میرا نکاح پڑھایا جب میں گھر آ گئی تو کچھ دنوں کے بعد میری والدہ کو پتہ چل گیا، تو میرا اسکول جانا بند کردیا، لڑکی کی امی نے ان سے قسم لی کہ تم قرآن پاک ہاتھ میں لے کر قسم کھاؤ کہ تم نے فلاں لڑکے سے شادی کی ہے یا نہیں؟ تو اس لڑکی نے کلام پاک اٹھا کر قسم کھائی کہ میری شادی نہیں ہوئی ہے اور لڑکے نے یہ کہلایا تھا کہ چاہے تمہاری گردن پر تلوار رکھ دے، تو تم شادی کے بارے میں مت بتانا؛ اس لئے اس نے قرآن اٹھا کر قسم کھالی، اس کے بعد سے اس کی والدہ یعنی لڑکی کی والدہ نے اسکول جانے کے لئے اجازت دیدی، کچھ دنوں کے بعد لڑکا لڑکی کو لے کر کہیں چلا گیا، دو روز لڑکی لڑکے کے پاس رہی اور تیسرے روز اپنی والدہ کے گھر آ گئی، ان دنوں میں لڑکی سے لڑکے نے دخول بھی کیا ہے۔ اب لڑکی اس کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی اور لڑکی کی والدہ بھائی وغیرہ اس بات کو ناگوار سمجھ رہے ہیں کہ ہماری بیٹی اس لڑکے کے گھر جائے، تو اس صورت میں کیا ہوگا نکاح ہوا یا نہیں؟ اگر نکاح ہوگیا ہے، تو دوسری شادی کرانے کے لئے کوئی صورت ہو تو قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل تحریر فرمائیں۔

المستفتی: محمد صابر کٹیہاری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر لڑکا لڑکی دونوں ایک ہی کفو اور ایک ہی

برادری سے متعلق ہیں، تو دونوں کے درمیان مذکورہ نکاح صحیح ہو چکا ہے، اب دوسری جگہ اس لڑکی کا نکاح درست نہ ہوگا اور سابق نکاح ہی کے ساتھ اسی لڑکے کے ساتھ میاں بیوی کی زندگی گذارنا جائز ہوگا۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي، والأصل ان كل من تصرف في ماله تصرف في نفسه وقوله ويفتىٰ في غير الكفء بعدم جوازه أصلاً وهو المختار. (در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/١٥٥-١٥٦، كراچي ٣/٥٦، وكذا في البحر الرائق، كوئٹه ٣/١٠٩-١١٠، زكريا٣/١٩٢-١٩٤)

لو زوجت الحرة البالغة العاقلة نفسها جاز. (الموسوعة الفقهية الكويتية٧/ ٨٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍ربیع الاول ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۰۶۲/۳۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۳/۷ھ

والدین کی اجازت کے بغیر بالغہ لڑکی کا نکاح

سوال [۵۷۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اور ہندہ نے کافی دنوں سے پیار ومحبت سے متاثر ہو کر آپس میں ایک مستحکم عہد و پیمان کی روشنی میں نہایت خوشی کے ساتھ والدین سے بغاوت کر کے بلا اجازت نکاح شرعی کرلیا ہے، نکاح کے بعد قانونی زد سے بچاؤ کے لئے کورٹ میرج بھی کرلیا ہے، جب والدین کو اس بات کا پتہ چلا تو انتہائی خفگی کا اظہار کرتے ہوئے نکاح سے نفرت کرتے ہیں، لڑکی فی الحال والدین کے زیر نگرانی ہے اور والدین چاہتے ہیں کہ ہم اپنی مرضی سے نکاح کرائیں۔ اب ایسی صورت میں قرآن وحدیث کی روشنی میں یہ بتائیں کہ نکاح جائز ہوا ہے یا نہیں؟ ہندہ کو اپنی مرضی سے نکاح کرنے کا شرعی اختیار حاصل ہے یا نہیں؟

المستفتی: ڈاکٹر محمد خلیل رحمت نگر گلی-۴ سر سید نگر، مرادآباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: لڑکی اگر بالغہ ہے اور جس لڑکے سے نکاح کیا ہے، وہ لڑکی کی ہی برادری میں سے ہے یا ایسی برادری میں سے ہے، جس کو معاشرہ اور ماحول میں عمدہ جانا جاتا ہے، تو ایسی صورت میں ہندہ کا ماں باپ کی اجازت کے بغیر نکاح کر لینا شرعاً درست ہے اور یہ نکاح شرعی طور پر منعقد ہو چکا ہے۔ اب ہندہ زید کی ہی بیوی ہے، اسی حالت میں ہندہ کے ماں باپ کے لئے دوسرے مرد سے نکاح کرانا شرعاً درست نہیں ہے؛ بلکہ وہ نکاح باطل ہوگا۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۸/۴۳)

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضي ولي. (در مختار مع الشامي، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/ ١٥٥، كراچي ٣/ ٥٥)

قال رحمه الله نفذ نكاح حرة مكلفة بلا ولي، وهذا عند أبي حنيفةؒ وأبي يوسف في ظاهر الرواية. (تبيين الحقائق، مكتبه امداديه ملتان ٢/ ١١٧، زكريا ٢/ ١١٧، هندية ١/ ٢٨٧)

أما نكاح منكوحة الغير فلم ينعقد أصلاً. (شامي، كراچي ٣/ ١٣٢، زكريا ديوبند ٤/ ٢٧٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹/محرم الحرام ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۴۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۱/۱۸ھ

گھر والوں کی رضامندی کے بغیر لڑکی کا نکاح

سوال [۵۷۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکا لڑکی بالغ اور عاقل ہیں دونوں نے قاضی وکیل اور گواہ کے سامنے نکاح کر لیا، مگر لڑکی کے گھر والے راضی نہیں ہیں اور انہوں نے لڑکی کا دوسرا نکاح طے کر دیا

تو معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا دوسرا نکاح صحیح ہوگا شریعت کا حکم بیان فرمائیں؟

المستفتی: محمد ناصر مرادآبادی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چونکہ لڑکا لڑکی بالغ ہیں اور لڑکی نے اپنے کفو میں نکاح کیا ہے، تو یہ نکاح شرعاً درست ہے، یہ دونوں آپس میں میاں بیوی ہو چکے؛ لہٰذا اس شوہر سے طلاق یا تفریق حاصل کئے بغیر جو نکاح طے کیا جارہا ہے وہ قطعاً درست نہیں ہے، اگر اس طرح نکاح کر کے دوسرے شوہر کے پاس بھیجدیا گیا تو یہ حرام کاری وزنا کاری ہوگی۔

فنفذ نکاح حرة بلا رضا ولي. (الدر مع الرد، کتاب النکاح، باب الولي، زکریا دیوبند ٤/ ١٥٥، کراچي ٣/٥٥، ملتقی الأبحر مع مجمع الأنهر مصري قدیم ١/ ٣٣٢، دارالکتب العلمیة بیروت ١/ ٤٨٨)

أما منكوحة الغير فلم ينعقد أصلا ‘لانه لم يقل احد بجوازه. (شامی زکریا ٤/ ٢٧٤ کراچی ٣/ ١٣٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٦/ ذی قعدہ ١٤٢١ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٣٥/ ٦٩٣٤)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٤٢١/١١/٨ھ

بالغان کا والدین کی رضامندی کے بغیر نکاح کرنا

سوال [۵۷۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ واسق سرور ایک لڑکا ترنم پروین سے محبت کرتا تھا دونوں کے گھر والے نکاح کرنے پر راضی نہیں تھے؛ اس لئے میں نے ترنم کو اپنے یہاں سے قریب ایک گاؤں میں لے جا کر نکاح پڑھوا لیا اور نکاح کے وقت سات آٹھ آدمی بھی موجود تھے، لڑکی کی عمر ١٦/ سال اور میری عمر ٢٢/ سال ہے میں شیخ زادہ ہوں اور لڑکی رنگریز برادری سے تعلق رکھتی ہے تو شرعاً میرا نکاح ہو گیا یا نہیں؟

(۲) اگر میرا نکاح ہوگیا ہے تو لڑکی والوں کو رخصتی کردینا ضروری ہے یا نہیں؟
اور نکاح کے بعد طلاق کا مطالبہ شرعاً کیسا ہے اور لڑکی کو تقریباً ۵/ یا ۶/ ماہ میں اپنے ساتھ بھی رکھ چکا ہوں؛ لیکن جب لڑکی والوں کو علم ہوگیا، تو اب لڑکی میکہ میں ہے، اب وہ لوگ بھیجنے کے لئے تیار نہیں ہیں اور لڑکی کو حمل بھی ہوگیا تھا، جسے لڑکی والوں نے گروادیا ہے شرعی حکم تحریر فرمادیں نوازش ہوگی۔

المستفتی: واسق سرور، محلّہ: افغانان، شیرکورٹ بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: (۱) مذکورہ صورت میں آپ کا نکاح ترنم پروین سے صحیح ہوگیا ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۸/۲۰۶)

الكفاء ة معتبرة من جانبه أي الرجل (إلى قوله) لاتعتبر من جانبها؛ لأن الزوج مستفرش، فلا تغيظه دناء ة الفراش–وقال الشامي: في رد المختار ان نكاح الشريف الوضعية لازم فلا اعتراض للولي. (شامي، كتاب النكاح، باب الكفاءة، كراچي ۳/۸۳، ۸۵، زكريا ٤/۲۰۷)

فالكفاء ة تعتبر للنساء لا للرجال على معنى أنه تعتبر الكفاء ة في جانب الرجال للنساء ولا تعتبر في جانب النساء للرجال؛ لأن النصوص وردت بالاعتبار في جانب الرجال خاصة. (بدائع الصنائع، كراچي ۲/۳۲۰، زكريا۲/۶۲۹)

(۲) چونکہ یہ نکاح لڑکی نے اپنے سے اعلیٰ کفو میں کیا ہے؛ اس لئے صحیح اور درست ہے؛ لہٰذا اولیاء اور والدین پر لازم ہے کہ موجودہ شوہر کے ساتھ رخصت کردیں۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي. (در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ۳/۵۵، زكريا ديوبند٤/۱۵۵، سكب الأنهر مع مجمع الأنهر مصري قديم ۱/۳۳۲، دارالكتب العلمية بيروت ۱/٤۸۹)

عن ابن عباسؓ، أن النبي صلی اللّٰه علیه وسلم قال: الأیم أحق بنفسها من ولیها. الحدیث (صحیح مسلم، کتاب النکاح، باب استیذان الثیب في النکاح بالنطق والبکر بالسکوت،النسخة الهندیة ۱/ ۴۵۵، بیت الأفکار رقم: ۱۴۲۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/ ۵۳۳۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/ ۶/ ۱۴۱۸ھ

عاقل بالغ لڑکی کا ولی کی اجازت کے بغیر نکاح

سوال [۵۷۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر ایک پندرہ سال کی لڑکی جس کو حیض آتا ہو، اپنی مرضی سے اپنی برادری کے برابر برادری والے مسلم لڑکے سے نکاح کر لیتی ہے، تو وہ نکاح ہوگا یا نہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل جواب عنایت فرمائیں۔ واضح رہے کہ لڑکی کی عمر لڑکی کے گھر والوں کی طرف سے پندرہ سال لکھائی گئی تھی؛ جبکہ Medical Legal Report میں تقریباً انیس سال کی عمر بتائی گئی تھی اور یہ معاملہ گیارہ سال پہلے کا ہے، اس دوران ایک بچہ کی پیدائش ہوئی ہے۔

المستفتی: افضال احمد معرفت محبوب احمد، محلّہ: حیات نگر گل-۳، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت میں پندرہ سال کی لڑکی کو بالغ شمار کیا جاتا ہے اور سوال نامہ سے پتہ چلتا ہے کہ پندرہ سال تو صرف کاغذوں میں ہے؛ جبکہ حقیقت میں لڑکی ۱۹/ سال کی ہے، تو ایسی صورت میں سرکاری قانون کے مطابق بھی وہ لڑکی بالغ تھی؛ لہٰذا اس کا نکاح شرعی طور پر اپنی برادری کے برابر برادری والے لڑکے کے ساتھ جائز اور درست ہو چکا تھا، اگرچہ ماں باپ کی مرضی کے بغیر نکاح ہوا ہو تب بھی وہ نکاح معتبر تھا

اورجو بچی پیدا ہوئی ہے، وہ بہرحال ماں باپ دونوں کی وارث بنے گی۔ (آپ کے مسائل اوران کا حل ۱۱۲/۶-۱۱۳، فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۵۳۶/۱۰-۵۵۲)

نفذ نكاح حرة مكلفة بلا ولي؛ لأنها تصرفت في خالص حقها وهي من أهله؛ لكونها عاقلة بالغة- وروي الحسن عن الإمام أنه إن كان الزوج كفواً نفذ نكاحها، وإلا فلم ينعقد. (البحر الرائق، كتاب النكاح، باب الأولياء والاء كفاء، زكريا ۱۹۲/۳، كوئٹه ۱۰۹/۳ هداية اشرفية ديوبند ۲م۳۱۳، شامي، كراچي ۵۵/۳-۵٦، زكريا ديوبند ۱۵۵/٤-۱۵٦)

قال أبو جعفر: و إذا تزوجت المرأة البالغة الصحيحة العقل بغير أمر وليها، فالنكاح جائز، وإن كان كفوا لها لم يكن للأولياء أن يفرقوا بينهما، وإن كان غير كفولها كان لوليها أن يفرقوا بينهما. (شرح مختصر الطحطاوي جديد ۲۵۵/٤-۲۵٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ صفر المظفر ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۴۲۲/۴۰)

ولی کی اجازت کے بغیر عاقل، بالغ لڑکی کا نکاح

سوال [۵۷۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنی چچازاد بہن سے دو مسلمان گواہوں کے سامنے ایک نکاح خواں کے ذریعہ نکاح کرلیا، لڑکی کی عمر ۱۶؍ سال ہے، یہ نکاح درست ہے یا نہیں؟

سوال یہ ہے کہ گواہوں نے نکاح کے رجسٹر میں اپنا صحیح نام درج نہیں کیا تو کیا اس سے نکاح پر کچھ اثر پڑیگا؟

المستفتی: محمد عادل

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید کا اپنی چچازاد بہن سے نکاح شرعاً درست ہے؛ اس لئے کہ دونوں عاقل بالغ اور شرعی احکام کے مکلّف ہیں اور ان کا اولیاء کی اجازت کے بغیر بھی نکاح درست ہوجائے گا؛ لیکن گواہوں کا موجود ہونا اور سننا شرط ہے، دستخط شرط نہیں ہے؛ لہٰذا رجسٹر پر غلط نام درج کرنے سے نکاح پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

ولاینعقد نکاح المسلمین إلا بحضور شاهدین حرین، عاقلین، بالغین مسلمین رجلین، أورجل و امرأتین عدولا کانوا أوغیر عدول.

(هدایة، کتاب النکاح اشرفیة دیوبند ۲/۳۲۶)

ینعقد نکاح الحرة العاقلة البالغة برضاها أي بعقدها الدال علی رضاها. (العنایة، اشرفیة دیوبند ۳/۲۴۷، الکفایة، اشرفیة دیوبند ۳/۴۶)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍رجب المرجب ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۲۰۶/۴۰)

بالغ لڑکے اور لڑکی کا والدین کی رضامندی کے بغیر نکاح کرنا

سوال [۵۷۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکا اور لڑکی دونوں بالغ ہیں اور عقلمند وسمجھدار ہیں اور دونوں کی عمر تقریباً ۲۰؍۲۱؍سال ہے، ان دونوں نے اپنی مرضی سے گواہ اور وکیل کی موجودگی میں قاضی کے روبرو اپنا نکاح کرلیا ہے، مگر لڑکی کے ماں باپ رشتہ دار وغیرہ راضی نہیں ہیں اور انہوں نے لڑکی کا دوسرا نکاح کسی اور مقام پر لے جاکر زبردستی کسی کے ساتھ کرادیا ہے۔ کیا یہ دوسرا نکاح جائز اور صحیح ہے؟ اور اگر نہیں ہے تو اس دوسرے نکاح کے گواہ وکیل جن لوگوں کے علم میں یہ بات ہے کہ لڑکی کا

پہلے نکاح ہو چکا ہے اسلام کے کس زمرے میں آتے ہیں؟ دونوں نے نکاح کی رسید بھی حاصل کرلی ہے، دونوں کی برادری بھی ایک ہی ہے۔

المستفتی: محمد مرسلین ولد مستقیم، محلّہ: سرائے شیخ محمود، تھانہ: کوتوالی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب لڑکا لڑکی دونوں ہم کفو وہم برادری ہیں اور دونوں عاقل بالغ ہیں تو دونوں کا اپنی مرضی سے گواہوں کے سامنے نکاح کرلینا شرعاً صحیح اور درست ہے۔ اب دونوں آپس میں میاں بیوی ہیں؛ لہٰذا اس شوہر سے شرعی طلاق یا تفریق حاصل کرنے سے قبل دوسری جگہ جو نکاح ہوا ہے، وہ شرعاً صحیح نہیں ہوا، اس دوسرے شخص کے ساتھ رہنا زناکاری ہوگی۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي. (در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/١٥٥، كراچي٣/٥٥، هداية اشرفية ديوبند٢/٣١٣)

أما نكاح منكوحة الغير و معتدته فالدخول فيه لايوجب العدة إن علم أنها للغير، فإنه لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلاً الخ (شامي، زكريا ديوبند٤/٢٧٤، كراچي ٣/١٣٢، البحرالرائق، زكريا ديوبند ٤/٢٤٢، كوئٹه ٤/١٤٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍شوال المکرّم ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۵۸۹۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۱۰/۲۱ھ

ولی کا لڑکی کی اجازت کے بغیر، اور لڑکی کا ولی کے اجازت کے بغیر نکاح کرنا

سوال [۵۷۸۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) کہ کیا ولی بالغہ لڑکی کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر کرسکتا ہے؟

(۲) کیا بالغہ لڑکی اپنا نکاح ولی کی اجازت کے بغیر کرسکتی ہے یا نہیں؟

(۳) ولی کون کون لوگ ہوسکتے ہیں بالترتیب تحریر فرمائیں؟

المستفتی: محمد فاروق، محلّہ: اشراف ٹولہ، سندیلہ، ہردوئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) بالغہ باکرہ کے نکاح کے لئے اس کی دلالۃً یا صراحۃً اجازت ضروری ہے، اس کی اجازت کے بغیر نکاح شرعاً منعقد نہ ہوگا۔

عن ابن عباسؓ، أن النبي صلی اللہ علیہ وسلم قال: الأیم أحق بنفسها من ولیها، والبکر تستأذن في نفسها، وإذنها صماتها. (صحیح مسلم، کتاب النکاح، باب استیذان الثیب في النکاح بالنطق والبکر بالسکوت، النسخة الهندیة ۱/۴۵۵، بیت الأفکار رقم: ۱۴۲۱)

عن ابن عباس أن جاریة بکراً أتت النبي صلی اللہ علیہ وسلم، فذکرت أن أباها زوجها وهي کارهة، فخیرها النبي صلی اللہ علیہ وسلم. (سنن أبي داؤد، کتاب النکاح، باب في البکر زوجها أوبها ولایستئامرها، النسخة الهندیة ۱/۲۸۵، دارالسلام رقم: ۲۰۹۶)

لا ینفذ عقد الولي بغیر رضاها عندنا. (البحرالرائق، کتاب النکاح، باب الأولیاء والاکفاء، کوئٹہ ۳/۱۱۰، زکریا ۳/۱۹۴)

لاینفذ عقد الولي بغیر استئمار–توقف علی رضاها. (شامي، زکریا ۴/۱۵۹، کراچي ۳/۵۸)

(۲) بالغہ باکرہ لڑکی ولی کی اجازت کے بغیر اگر کفو میں نکاح کرے تو منعقد ہوجائے گا اور اگر غیر کفو میں نکاح کرتی ہے، تو مفتی بہ قول کے مطابق منعقد ہی نہ ہوگا۔

عن بحریة بنت هاني بن قبیحة، قالت: زوجت نفسي القعقاع بن شور، وبات عندي لیلة، وجاء أبي من الأعراب؛ فاستعدي علیا،

وجاء ت رسله فانطلقوا به إليه، فقال: أدخلت بها؟ قال: نعم! فأجاز النكاح.

(سنن الدارقطني، كتاب النكاح، دارالكتب العلمية بيروت ۳/ ۲۲۳، رقم: ۳۸۳۷۰)

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي (در مختار) ويفتى في غير الكفء بعدم جوازه. وهو المختار للفتوىٰ لفساد الزمان. (درمختار على شامي، زكريا ٤/ ١٥٥ تا١٥٧، كراچي ٣/ ٥٥-٥٦، هندية، زكريا ١/ ٢٨٧، بدائع الصنائع، زكريا ٢/ ٥١٦)

(۳) باب نکاح میں ولی سے مراد عصبہ بنفسہ ہے یعنی بیٹا، پوتا، باپ، دادا، تایا، چچا، بھائی وغیرہ ہیں۔

اي للولي إذا كان عصبة أي بنفسه. (درمختار، زكريا ٤/ ١٥٦، كراچي ٣/ ٥٦)

ثم الولي بترتيب عصوبة الإ نكاح. (شامي، زكريا ٣/ ١٢١، كراچي ٢/ ٢٢٠، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، دارالكتاب ديوبند ٥٨٩، هكذا في البدائع، زكريا ٢/ ٥٠٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵؍ ذی قعدہ ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۶۹۵۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵/ ۱۱/ ۱۴۲۱ھ

بالغہ لڑکی اور لڑکے کا اپنا نکاح خود کرنا

سوال [۵۷۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکے اور لڑکی نے دو گواہوں کی موجودگی میں شرعی طور پر نکاح کرلیا اور اس کے بعد دونوں میں ازدواجی تعلقات بھی قائم ہوگئے؛ لیکن بوقت نکاح لڑکی کے والدین کو علم نہیں تھا؛ بلکہ بعد میں علم ہوا۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ نکاح صحیح ہوا ہے یا نہیں؟ جبکہ طرفین بالغ ہیں، لڑکا اور لڑکی انصاری برادری سے متعلق ہیں اور مہر پچاس ہزار روپیہ طے پایا ہے۔

نوٹ: لڑکے کی عمر ۲۸ ؍سال اور لڑکی کی عمر ۲۷ ؍سال ہے۔

المستفتی: رئیس احمد، دھام پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں واضح طور پر لکھا گیا ہے کہ لڑکا ۲۸؍ سال کا ہے اورلڑکی ۲۷؍سال کی ہے اور دونوں ایک ہی برادری سے متعلق ہیں اورمہر بھی پچاس ہزارروپیہ معقول ہے اور دوشرعی گواہوں کی موجودگی میں عقد نکاح کیا گیاہے، تو ایسی صورت میں شرعی طور پر یہ نکاح منعقد ہوچکا ہے، اور دونوں شریعت کے نزدیک میاں بیوی ہیں اور ایسے نکاح میں کسی کے لئے اعتراض کا حق بھی نہیں رہتا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۱۱؍۱۵۲)

عن معمر قال: سألت الزهري، عن امرأة تزوج بغير ولي؟ فقال: إن كان كفوءا جاز. (المصنف لإبن أبي شيبة، كتاب النكاح، باب من أجازه بغير ولي ولم يفرق، مؤسسه علوم القرآن جديد۹/ ٤١، رقم:١٦٩٩٩)

الحرة العاقلة البالغة إذا زوجت نفسها من رجل هو كفو لها بكرا كانت أو ثيباً، نفذ النكاح في ظاهر رواية أبي حنيفةؒ الا أن الزوج إذا لم يكن كفوا فللأولياء حق الاعتراض. (تاتارخانية، زكريا٤/ ١٠٠، رقم:٥٦٤٤)

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي......والاعتراض في غير الكفء أي في تزويجها نفسها من غير كفء. (در مختار مع الشامي، زكريا٤/ ١٥٥-١٥٦، كراچي٣/ ٥٥-٥٦)

فإذا أذنت المرأة للرجل أن يزوجها من نفسه فعقد بحضرة شاهدين جاز. (هداية اشرفيه ديو بند ٢/ ٣٢٢) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱؍جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹؍۱۰۶۷۲)

والدین کی اجازت کے بغیر بالغ لڑکے اورلڑکی کا نکاح کرنا

سوال [۵۷۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک نکاح ۱۲/نومبر۱۹۹۳ء کو ہوا، جس میں لڑکا اورلڑکی دونوں بالغ ہیں لڑکے کی عمر۲۷/سال اورلڑکی کی عمر۲۰/سال ہے، دونوں سمجھ دار عاقل ہیں، اپنی مرضی سے نکاح کیا ہے، جس میں نکاح کے سب کاغذات موجود ہیں اور گواہ حضرات بھی موجود ہیں اوراس کے بعد کچھ لوگوں نے زبردستی دوسری جگہ لڑکی کی شادی کردی ہے، پہلے نکاح سے کوئی بھی طلاق نہ ہوئی اور نکاح پر نکاح کردیا ہے۔ اب جس امام نے نکاح پڑھا یا اور جو اس میں شریک تھے اور گواہ حضرات ان لوگوں کے لئے کیا حکم ہے؟ کیا ان لوگوں کا نکاح ٹوٹا یا نہیں؟ اور بطور ثبوت رسید حاضر ہے، لڑکی اور لڑکا بالغ عاقل اور کسی ڈر یا خوف کے بغیر اپنے نفع اور نقصان کو سوچ کر اپنا نکاح کرسکتے ہیں؟ اور وہ دونوں کسی ولی کے بغیر خود ولی ہوسکتے ہیں یا نہیں؟

المستفتی: محمد حفیظ اللہ شاہ پونچھ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پہلا نکاح جو لڑکی نے اپنی مرضی سے کیا ہے اور لڑکا لڑکی دونوں ہم کفو اور ہم برادری ہیں تو شرعی طور پر وہ نکاح صحیح ہو چکا ہے اور بعد والا نکاح جو لڑکی کی مرضی کے خلاف کردیا گیا ہے صحیح نہیں ہوا، اس کے پاس جانا لڑکی کے لئے حرام ہوگا۔

عن اسماعیل بن سالم عن الشعبي قال: إن كان كفئا جاز.

(المصنف لإبن شيبه، كتاب النكاح، باب من أجازه بغير ولي ولم يفرق مؤسسه علوم القرآن ۹/۴۱، رقم: ۱۶۲۰۰)

أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة،

إن علم أنها للغير؛ لأنه لم يقل أحد بجوازه، فلم ينعقد أصلاً .

(شامي، كتاب النكاح، باب المهر مطلب في النكاح الفاسد، زكريا ديوبند ٤/٢٧٤، كراچي ٣/١٣٢، البحرالرائق، باب العدة كوئٹه ٤/١٤٤، زكريا ٤/٢٤٢)

اور نکاح نامہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ لڑکا سید ہے اور لڑکی قریشی؛ اس لئے بلاشبہ ان کا نکاح صحیح ہو چکا ہے؛ اس لئے دوسرا نکاح باطل ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/ذی الحجہ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷۶۴/۳۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۱۲/۲۱ھ

پچیس سالہ لڑکی کا بذات خود کفو میں نکاح کرنا

سوال [۵۷۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی جو بالغ ہے، جس کی عمر تقریباً ۲۴/ یا ۲۵/ سال ہے اور یہ لڑکی ایک لڑکے کو بار بار شوہر تسلیم کرتی ہے اور تحریر بھی دیتی ہے کہ آپ میرے شوہر ہیں اور وہ لڑکا بھی بالغ اور عاقل ہے اور اس لڑکی کو بیوی تسلیم کرتا ہے اور بار بار تحریر میں بھی بیوی لکھتا ہے کہ آپ میری بیوی ہیں، اور لڑکی نے دو گواہوں کے سامنے لڑکے سے کہا کہ میں آپ سے نکاح کرتی ہوں اور لڑکے نے ان دونوں گواہوں کے سامنے کہا کہ میں قبول کرتا ہوں۔ شریعت مطہرہ کی روشنی میں دریافت طلب امر یہ ہے کہ نکاح ہوا یا نہیں؟ جواب سے نوازیں۔

المستفتی: محمد اسلام، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر واقعہ بالکل صحیح ہے اور لڑکا، لڑکی دونوں ایک ہی کفو اور برادری کے ہیں، تو نکاح صحیح ہو چکا ہے اور اگر برادری اور کفو میں نہیں ہیں، تو لڑکی کے باپ بھائی کی اجازت کے بغیر مذکورہ نکاح صحیح نہیں ہوسکتا۔

ویفتی في غیر الکفء بعدم جوازه أصلاً. وهو المختار للفتوی. (الدر المختار، کتاب النکاح، باب الولي، زکریادیوبند ٤/١٥٥، کراچي ٣/٥٥، وهکذا في الهندیة، زکریا ١/٢٩٢، جدید ١/٣٥٨، البحرالرائق، کوئٹه ٣/١١٠، زکریا دیوبند ٣/١٩٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳؍ ربیع الاولیٰ ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵؍۱۷۰۲)

بالغہ لڑکی کا والدین کی رضامندی کے بغیر کفو میں نکاح

سوال [۵۷۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکا جس کی عمر ۱۸؍۱۹ سال ہوگی اور ایک لڑکی جس کی عمر ۱۶؍۱۷ سال کی ہوگی دونوں میں محبت ہوگئی ہے، جب لڑکے کے والد کو معلوم ہوا، تو لڑکے کو سمجھایا اور ڈانٹا بھی پھر بھی لڑکا نہیں مانا اور لڑکے نے لڑکی کے والد کے پاس کئی بار پیغام بھیجا، مگر لڑکی کے گھر والوں نے انکار کردیا، اس کے بعد لڑکی اپنے بہنوئی کے یہاں گئی ہوئی تھی، وہ وہاں سے بھاگنے میں کامیاب ہوگئی اور اکیلے ہی بھاگ کر ایک دوسرے گاؤں میں اس لڑکے کے پاس آگئی، اس گاؤں کے پڑھے لکھے لوگوں نے نکاح پر زور اور دباؤ ڈالا تو شرعی گواہوں کی موجودگی میں ہم برادری لڑکا اور لڑکی کے درمیان عقد نکاح ہوگیا؛ لیکن جیسے ہی لڑکی والوں کو نکاح کا علم ہوا، تو انہوں نے پولیس کیس کردیا اور لڑکی کی عمر ۱۳؍۱۴ سال تحریر کرائی، اس کے بعد لڑکی والے چند بڑے آدمیوں کے فیصلے پر راضی ہوگئے کہ لڑکی مجھے واپس دیدے، تو میں پولیس کیس واپس لے لوں گا، لڑکے سے زبردستی دباؤ ڈال کر انگوٹھے کا نشان لگوایا گیا ہے اور زبان سے الفاظ طلاق نہیں کہے۔ اور نہ ہی کوئی تحریر دی ہے یہ لڑکے کا حلفیہ بیان ہے، صورت

مذکورہ میں بیوی پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ ابھی شوہر کے نکاح میں باقی ہے یا نہیں؟

المستفتی: اعجاز حسین، کمال پور فتح آباد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ سے واضح ہوتا ہے کہ مذکورہ لڑکی اپنی مرضی اور خوشی سے نکاح پر آمادہ ہوئی ہے اور لڑکی بالغ ہوچکی ہے، شریعت اسلامی میں جب بالغ لڑکی اپنے والدین کی مرضی کے بغیر ہم برادری اور ہم کفو میں نکاح کر لیتی ہے، تو وہ صحیح اور معتبر ہوجاتا ہے؛ لہٰذا صورت مذکورہ میں شرعی طور پر نکاح صحیح ہوچکا ہے۔

فنفذ نکاح حرۃ مکلفۃ بلا رضا ولي. (الدر المختار، کراچي ۳/۵۵، زکریا ٤/١٥٥)

اور لڑکے سے پولیس کیس اور دباؤ کے ذریعہ سے طلاق نامہ پر جو انگوٹھا لیا گیا ہے، اس سے شرعی طور پر طلاق واقع نہیں ہوئی ہے؛ جبکہ لڑکے نے اپنی زبان سے طلاق کے الفاظ نہیں کہے ہیں؛ لہٰذا صورت مذکورہ میں لڑکا، لڑکی دونوں کا نکاح شرعاً بدستور باقی ہے اور دونوں شرعاً میاں بیوی ہیں؛ لہٰذا لڑکے سے شرعی طلاق حاصل کئے بغیر دوسری جگہ لڑکی کا نکاح ناجائز اور باطل ہوگا۔

وکذلک کل کتاب لم یکتبہ بخطہ ولم یملہ بنفسہ لا یقع بہ الطلاق إذا لم یقر أنہ کتابہ الخ (فتاوی التاتار خانیة، کتاب الطلاق، الفصل السابع، زکریا٤/٥٣١، ٥٣٢، کوئٹہ٣/ ٣٨٠، المحیط البرهاني، المجلس العلمي٤/٤٨٦، رقم:٤٩٢٩، هندیة، زکریا ١/٣٧٩، جدید ١/٤٤٦، الموسوعة الفقهیة الکویتیة٤ ١٧٦/٣، شامي، کراچي٣/٢٤٧، زکریا دیوبند ٤/٤٥٦)

یعنی جس خط کو شوہر نے از خود نہیں لکھا اور نہ ہی اس کو اپنی مرضی سے لکھوایا اس سے شرعاً طلاق واقع نہیں ہوتی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍شعبان المعظم ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/۲۳۳۰)

بالغہ لڑکی کا والدین کی رضامندی کے بغیر مناسب مہر پر کفو میں نکاح کرنا

سوال [۵۷۹۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک بالغ لڑکا، لڑکی جو ذات کے اعتبار سے ایک ہیں، اپنے والدین کی غیر رضامندی سے دو گواہوں کی موجودگی میں نکاح کر لیتے ہیں، تو کیا ان دونوں کا نکاح شرعی حیثیت سے جائز ہے یا نہیں؟ مفصل جواب تحریر فرمائیں۔

المستفتی: محمد شکیل محلّہ: کھوکران، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مناسب مہر کے ساتھ کفو اور برادری میں والدین کی بغیر رضامندی کے نکاح کیا ہے، تو شرعاً نکاح صحیح اور جائز ہے۔

عن معمرؓ، قال: سألت الزهري، عن امرأة تزوج بغير ولي؟ فقال: إن كان كفؤا جاز. (المصنف لإبن أبي شيبة، كتاب النكاح، باب من أجازه بغير ولي ولم يفرق، مؤسسه علوم القرآن ۹/۱ ٤، رقم: ۱٦۱۹۹)

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي الخ. (الدر المختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ٤/۱۵۵، كراچي ۳/۵۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

كتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ شعبان المعظم ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/ ۲۳۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۸/۸/۱۴۱۱ھ

بیس سالہ لڑکی کا والدین کی رضامندی کے بغیر کفو میں نکاح کرنا

سوال [۵۷۹۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نازخاں نے اپنے حقیقی ماموں کی بیٹی صفیہ خاتون سے جس کی عمر تقریباً بیس

سال ہے، دو گواہوں کی موجودگی میں ایک لاکھ روپیہ مہر کے عوض نکاح کرلیا ہے، لڑکی کے والدین اس نکاح سے راضی نہیں ہیں اور وہ ناز خان سے بغیر طلاق حاصل کئے اپنی لڑکی کا نکاح کسی دوسری جگہ کرنا چاہتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ولی کی اجازت کے بغیر نکاح درست نہیں ہوتا ہے، صفیہ خاتون ناز خان کے ساتھ رہنے پر بضد ہے اور کسی بھی طرح دوسری جگہ نکاح کے لئے تیار نہیں ہے، ایسی صورت میں ناز خان سے بغیر طلاق لئے صفیہ خاتون کا نکاح دوسری جگہ درست ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: عبدالقدوس، سہارن پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بیس سال کی لڑکی عاقلہ بالغہ ہوتی ہے، اس نے جو اپنی مرضی سے اپنی برادری کے آدمی ناز خان کے ساتھ ولی کی مرضی کے بغیر نکاح کرلیا ہے، وہ شرعی طور پر معتبر اور صحیح ہے اور ایک لاکھ روپیہ مہر بہت زیادہ ہے، شرعی طور پر کم نہیں ہے؛ اس لئے صفیہ خاتون ناز خان کی بیوی ہے، اس سے شرعی تفریق حاصل کئے بغیر دوسری جگہ صفیہ خاتون کا نکاح صحیح نہ ہوگا۔

فنفذ نکاح حرة مکلفة بلا رضا ولي الخ. (الدر المختار، کتاب النکاح، باب الولي، زکریا ٤/ ١٥٥، کراچي ٣/ ٥٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/ ذی قعدہ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۵۰۳۲)

اولیاء کی رضامندی کے بغیر غیر کفو میں نکاح

سوال [۵۷۹۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ (الف) ایک مرد ہے ہندو (ب) ایک عورت ہے مسلمان (الف) ہندو

گھرانہ میں پیدا ہوا، اس کی شادی ایک ہندو عورت کے ساتھ ہندو رسم ورواج کے مطابق ہوئی، شادی کے چند سال بعد (الف) اپنی بیوی کے ساتھ مہاراشٹر کے ایک چھوٹے سے شہر کی ایک کمپنی میں ملازم کی حیثیت سے آتا ہے، اس کو کمپنی کی طرف سے رہائش کے لئے مکان ملتا ہے، جہاں دونوں میاں بیوی رہتے ہیں۔ الف کے مکان کے پڑوس میں ایک مسلمان فیملی کا مکان ہے یہ مسلمان فیملی ممبئی رہتی ہے، مگر سال میں ایک دو مرتبہ اپنے اس مکان میں بغرض تفریح جاتی ہے، پڑوسی ہونے کے ناطے اس مسلمان فیملی کا اس ہندو فیملی سے رابطہ قائم ہوتا ہے ایک دوسرے کے گھروں میں آنے جانے کا سلسلہ شروع ہوتا ہے، مسلمان فیملی کی ایک تعلیم یافتہ بی اے پاس لڑکی اس ہندو آفیسر کے یعنی الف کے عشق میں پھنس جاتی ہے، دونوں ایک دوسرے سے چھپ کر ملتے ہیں یہ سلسلہ سالوں تک چلتا رہتا ہے۔ الف جا کر ایک مسجد میں مسلمان ہوتا ہے، پھر ''ب'' کے ساتھ نکاح شریعت کے مطابق کرتا ہے، دونوں کچھ دنوں تک میاں بیوی کی طرح چھپ کر زندگی گذارتے ہیں، دھیرے دھیرے یہ خبر لڑکی کے والدین کو مل جاتی ہے، گھر میں ایک کہرام برپا ہوتا ہے، لڑکی کے والدین اس شادی کو کسی بھی طرح قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے ہیں اور لڑکی کو اس نکاح سے دست بردار کرنے کی پوری کوشش کرتے ہیں، مگر لڑکی کسی کی بات نہیں مانتی لڑکی کے والدین تھک ہار کر ایک چال چلتے ہیں لڑکی کو کہتے ہیں کہ جب تم اس کے ساتھ رہنا ہی چاہتی ہو، تو تم اس کو اپنے گھر بلالو احباب رشتہ داروں کے سامنے ایک چھوٹی سی تقریب کر کے تمہارے نکاح کی اور تصدیق کردی جائے، لڑکی اپنے شوہر کو اپنے گھر پر بلاتی ہے، مگر لڑکی کے والدین تصدیق کے بجائے بند کمرہ میں اس لڑکے کے ساتھ نازیبا حرکت کرتے ہیں، ڈانٹتے ہیں پھٹکارتے ہیں زدوکوب کرتے ہیں اور لڑکے سے ایک طلاق نامہ جو پہلے سے تیار تھا، اس پر دستخط لیتے ہیں۔ اب والدین اپنی لڑکی کو کہتے ہیں کہ تمہاری طلاق ہوگئی ہے، مگر لڑکی مانتی نہیں ہے اور آج بھی الف کے ساتھ ملتی ہے، لڑکی کے والدین کہتے ہیں تم حلالہ کرلو، مگر لڑکی کہتی ہے کہ میرے کو طلاق

ہوئی ہی نہیں ہے؛ اس لئے حلالہ کا سوال ہی نہیں اٹھتا لڑکی سمجھتی ہے کہ اس کے والدین کی یہ دوسری چال ہے۔ برائے کرم آپ شریعت کے مطابق بتائیے کہ طلاق ہوگئی یا نہیں؟ لڑکا مسلمان ہوگیا ہے اور آج بھی مسلمان ہے دونوں ایک دوسرے کے ساتھ آج بھی ملتے ہیں دونوں نے نکاح کے علاوہ کورٹ میں بھی شادی کرلی ہے۔

المستفتی: الطاف کریم، خطیب مسجد جماعت جمہوریہ، کالونی بازار روڈ ممبئی-۵۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عدم کفو کی وجہ سے ''ب'' کا نکاح الف کے ساتھ اولیاء کی مرضی کے خلاف صحیح قول کے مطابق منعقد ہی نہیں ہوا۔

ویفتی في غیر الکفء لعدم جوازہ أصلاً، وھو المختار للفتویٰ لفساد الزمان. (الدر المختار، کتاب النکاح، باب الولي، زکریا دیوبند ٤/١٥٧، ١٥٨، کراچي ٣/٥٦، البحر الرائق کوئٹہ٣/١١٠، زکریا دیوبند٣/١٩٤، کراچي٣/١٢٨، منحة الخالق، زکریا ٣/١٩٤، کوئٹہ٣/١١٠، کراچي ٣/١٢٨، ھندیة، زکریا ١/٢٩٢، جدید ١/٣٥٨)

لیکن اگر بچہ پیدا ہوگیا ہے یا حمل ظاہر ہو چکا ہے تو نکاح کو برقرار رکھ کر حق کفائت مسقوط ہوگا۔ **حتی تلد منه لئلا یضع الولد.** (در المختار، ٢/٣٢٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲؍ ذی الحجہ ۱۴۰۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳؍۴۰۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۰۷/۱۲/۲۲ھ

ولی کی اجازت کے بغیر ایک ہی خاندان کے لڑکی ولڑکے کا نکاح

سوال [۵۷۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں حارث ولد حاجی فہیم ساکن: جامع مسجد نے اپنی چچازاد بہن زکیہ بنت

محمد عظیم ساکن: محلّہ جامع مسجد کے ساتھ بتاریخ ۱۴/ مارچ ۲۰۱۴ء بروز جمعہ تقریباً ۱۲/ بجے محلّہ جامع مسجد کے پاس ایک مکان میں نکاح کرلیا ہے، نکاح میں مہر ۱۵/ ہزار روپیہ طے ہوئے ہیں۔ اسلام کے مطابق یہ بتانے کی زحمت کریں کہ اس نکاح میں کوئی خامی تو نہیں ہے؟

المستفتی: حارث ولد حاجی فہیم، ساکن محلّہ جامع مسجد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب بالغ لڑکا اور بالغہ لڑکی نے آپس کی رضامندی سے دو گواہوں کی موجودگی میں نکاح کرلیا ہے اور دونوں ایک برادری اور ایک ہی خاندان کے ہیں، تو بلاشبہ یہ نکاح منعقد ہوکر صحیح ہوگیا، شرعی طور پر دونوں میاں بیوی ہیں۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي. (شامي، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ۳/۵۵، زكريا ٤/١٥٥)

وعلى هذا يبنى الحرة البالغة العاقلة إذا زوجت نفسها من رجل...... جاز ......فهو أنها لما بلغت عن عقل وحرية فقد صارت ولية نفسها في النكاح، فلا تبقي موليا عليها كالصبي العاقل إذا بلغ. (بدائع الصنائع، زكريا ديوبند ۳/۵۱۳، كراچي ۲/۲٤۷، البناية اشرفيه ديوبند ٥/٧٠، الموسوعة الفقهية الكويتية ٧/٨٠)

نفذ نكاح حرة مكلفة بلا ولي...... لأنها تصرف في خالص حقها، وهي من أهله. (مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية بيروت ۱/٤٨٨) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ	الجواب صحیح:
۸/ رجب المرجب ۱۴۳۵ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/ ۱۱۵۹۴)	۸/ ۷/ ۱۴۳۵ھ

اسلام میں کفاءت اور مساوات کا حکم

سوال [۵۷۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ (اسلام میں برابری کا اعتبار رہے) جبکہ بہشتی زیور کے چوتھے حصے ص:۱۹۳ر مسئلہ نمبر۶ ر پر تحریر ہے کہ مسلمان ہونے میں برابری کا اعتبار فقط مغل پٹھان وغیرہ اور قوموں میں ہے، شیخ سید، علوی اور انصاری میں اس کا اعتبار نہیں، اس کا کیا مطلب ہے، آگے تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص خود مسلمان ہو اور باپ کافر تھا، وہ اس شخص کے برابر کا نہیں جو خود بھی مسلمان ہے اور اس کا باپ بھی مسلمان تھا اور جو شخص خود مسلمان ہے اور اس کا باپ بھی مسلمان ہے؛ لیکن اس کا دادا مسلمان نہیں وہ اس عورت کے برابر کا نہیں جس کا دادا بھی مسلمان ہے، اسلام نے سب کو برابری کا حق دیا ہے۔ فرمان رسول ہے نہ کسی گورے کو کالے، نہ کسی عربی کو عجمی پر فوقیت حاصل ہے؛ بلکہ بہتر وہی ہے جو تقویٰ والا ہے؛ لہٰذا اس کی بھی وضاحت فرمائیں؟

المستفتی: حاجی اسلام قمر، جنگل پورہ ایکسٹنشن مسجد روڈ، بھوگنئی (دہلی-۱۱)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں سائل نے جو سوال لکھا ہے، اس میں بہشتی زیور کی عبارت صحیح طور پر نقل نہیں کی؛ بلکہ بہشتی زیور کی صحیح عبارت یہ ہے جو ہم لکھ رہے ہیں کہ مسلمان ہونے میں برابری کا اعتبار فقط مغل، پٹھان وغیرہ اور قوموں میں ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ ہندوستان میں شیخوں، سیدوں، علویوں اور انصاریوں کے علاوہ باقی تمام قومیں جن میں مغل پٹھان وغیرہ بھی شامل ہیں، سب کے سب حضرت محمد بن قاسم کے ذریعہ سے سندھ اور ہندوستان کے فتح ہونے کے بعد اسلام لانے والوں میں شامل ہیں۔

انہیں میں لگ بھگ نوے ہزار انسان خواجہ معین الدین چشتیؒ کے ہاتھوں پر اسلام لائے، پھر حضرت نظام الدین اولیاء کے ہاتھوں پر لاکھوں نے اسلام قبول کیا، پھر حضرت مجدد الف ثانی کے ذریعہ لاکھوں نے اسلام قبول کیا، اسی طرح شدہ شدہ اسلام میں داخل

ہونے کا سلسلہ انگریزی دورِ حکومت تک مسلسل جاری رہا ہے، اس کے بعد بہت ہی کم تعداد میں سلسلہ باقی ہے اوران ہی میں ہندوستان کی ساری قومیں شامل ہیں، حضرت تھانویؒ نے مختصر عبارت میں یہی بات لکھی ہے کہ مسلمان ہونے میں برابری کا اعتبار فقط مغل پٹھان وغیرہ اورقوموں میں ہے، اس عبارت میں یہ ساری قومیں شامل ہوگئیں، اس کے بعد جو آگے لکھتے ہیں کہ شیخوں، سیدوں، علویوں اور انصاریوں میں اس کا کچھ اعتبار نہیں اور انصاریوں سے مراد شیخ انصاری ہیں، جو حضرت ابوایوب انصاریؓ کی طرف منسوب ہیں، یہ سب کے سب عربی النسل ہیں وہ اصلی ہندوستانی نہیں ہے، ان سب میں آپس میں برابری کا اعتبار نہیں ہے؛ بلکہ سب ہم کفو ہیں اوراس کے بعد جو آگے کی عبارت ہے، اس کو سمجھانے کے لئے بطورِ تمہید کے یہ عبارت لکھی گئی تھی اورآگے کی عبارت یہ ہے کہ جو شخص خود نومسلم ہے، وہ اس شخص کے برابر نہیں سمجھا جاتا، جس کا باپ مسلمان تھایا اس کا دادا مسلمان تھا اوراس عدم برابری کی علت یہ ہے کہ جس کا باپ یا دادا مسلمان تھا اس کا معاشرہ مسلمانوں کے معاشرہ سے ہم آہنگ اور ملتا جلتا ہو چکا ہوتا ہے، اس کی لڑکیاں پرانے مسلمانوں کے معاشرہ میں گھل مل چکی ہوتی ہیں اور جو شخص خود نومسلم ہے، اس کا معاشرہ رہن سہن پرانے مسلمانوں کے معاشرہ اور رہن سہن سے ہم آہنگ نہیں ہوسکتا۔ بہرحال کچھ نہ کچھ فرق ہوگا جس کے نتیجہ میں پرانے مسلمان کی لڑکی کا اس نومسلم کے پاس رہ کر کے ہم مزاج بن کر نبھاؤ مشکل ہوجائے گا، اوراگر پرانے مسلمان کے لڑکے کے یہاں ہوگی تو نبھاؤ میں آسانی ہوگی اور جہاں نبھاؤ آسانی سے ہوجاتا ہے، وہاں گھر چل جاتا ہے اور جہاں نبھاؤ مشکل ہوتا ہے، وہاں طلاق اورتفریق کی نوبت آجاتی ہے، جس کی وجہ سے گھر برباد ہوجاتا ہے، اس حکمت کی وجہ سے شریعت نے برابری کو کچھ حیثیت دے رکھی ہے، ورنہ اللہ کے یہاں کوئی فرق نہیں ہے؛ بلکہ اس کے یہاں برتری کا سارا مدار تقویٰ پر ہے، یہی بہشتی زیور کی مذکورہ مختصر عبارت کا مطلب ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۳۲۹/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۶/۵ھ

مقصد کفاءت

سوال [۵۷۹۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر کوئی دیوبندی لڑکا کسی غیر مقلد کی لڑکی سے شادی کرتا ہے تو اس کا کیا جواب ہے، اور اگر کوئی دیوبندی آدمی اپنی لڑکی کی شادی کسی غیر مقلد کے یہاں کرے تو اس کا کیا جواب ہے؟ اگر کسی دیوبندی نے اپنی لڑکی کی شادی غیر مقلد کے یہاں کردی اور وہ لڑکی اپنے مسلک کو اختیار کرتی ہے، تو لڑکا منع کرتا ہے کہ تم میرے مسلک پر چلو اور وہ نہیں چلتی، تو لڑکا اسے دھمکی دے کر اپنے گھر سے بے گھر کردیتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ اگر تو میرے مسلک کو نہیں اختیار کرے گی، تو اپنے گھر ہمیشہ کے لئے چلی جا، تو کیا اس سے طلاق لے سکتے ہیں یا نہیں؟ اگر لے سکتے ہیں تو اس کا جواب تسلی بخش تحریر فرمائیں؟

المستفتی: محمد ہاشم گونڈوی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت میں شادی کے لئے ہم کفو تلاش کرنے کی اس لئے ترغیب دی گئی ہے کہ اگر غیر کفو میں شادی ہوجاتی ہے، تو نبھاؤ دشوار ہوجاتا ہے، اور جب پہلے ہی سے یہ بات معلوم ہے کہ حنفی کا غیر مقلد کے ساتھ نبھاؤ ہونا دشوار ہے، تو اس لئے حنفی لوگوں کو غیر مقلدین کے یہاں کا رشتہ قبول نہیں کرنا چاہئے؛ تاکہ بعد میں گھر برباد نہ ہو اور سوال میں یہ بات بھی پوچھی گئی ہے کہ میاں بیوی کے درمیان نزاع اور اختلاف ہونے کی وجہ سے علیحدگی کی نوبت آجائے، تو ایسی صورت میں دونوں طرف کے لوگوں کو سنجیدہ ہوکر خوبصورت طریقہ سے علیحدگی اختیار کرنی چاہئے، جیسا کہ قرآن مقدس میں اس کا ذکر ہے۔

وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِنْ اَهْلِهَا اِنْ يُرِيْدَا اِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا . [النساء: ۳۵] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/ ذی قعدہ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰/ ۱۰۸۴۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۲/۱۱/ ۱۴۳۳ھ

لڑکی کے والدین کی رضامندی شرط ہے نہ کہ لڑکے کے والدین کی

سوال [۵۷۹۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محلے میں پڑوسی لڑکے اور لڑکی میں تعلقات تھے، بارہا سمجھایا گیا؛ لیکن بے اثر ثابت ہوا، ایک رات دونوں کو بات چیت کرتے دیکھ کر دریافت کرنے پر نکاح کی رضامندی ظاہر کی، تو اسی وقت محلّہ والے مسجد کے امام ومؤذن کو طلب کر کے رات کے تقریباً ۲/ بجے نکاح خوانی کر کے لڑکی کو گھر روانہ کیا؛ کیونکہ لڑکے کے والدین اس نکاح سے متفق نہ تھے اور محلّہ والوں کو برا بھلا کہتے ہیں، اس قسم کا نکاح جو رات ۲/ بجے والدین کی ناراضی کے ساتھ کیا گیا ٹھیک ہے؟ اور یہ نکاح درست ہے؟ ان دونوں لڑکے اور لڑکی کے بارے میں کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد قاسم جھلارہ ضلع بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر لڑکی کے والدین راضی ہیں تو نکاح ہر حال میں صحیح اور درست ہے، لڑکے کے والدین کا راضی ہونا شرط نہیں ہے اور اگر لڑکی کے والدین راضی نہیں ہیں اور لڑکا اور لڑکی دونوں ایک ہی کفو اور برادری کے بھی نہیں ہے، تو یہ نکاح درست نہیں ہوگا اور اگر دونوں کی برادری اور کفو ایک ہے، تو لڑکی کے والدین کی بغیر رضا

مندی کے بھی نکاح صحیح اور درست ہوجائے گا۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي (إلى قوله) ويفتى في غير الكفء بعدم جوازه أصلاً. وهو المختار للفتوىٰ لفساد الزمان.

(الدرالمختار، كتاب النكاح، باب الولي، كراچي ۳/۵۵،۵۶، زكريا ٤/١٥٥، ١٥٦، وهكذا في البحر الرائق، كوئٹه ۳/۱۰۹، ۱۱۰، زكريا ديوبند ۳/۱۹۲،۱۹٤، هندية زكريا ۱/۲۸۷، جديد ۱/۳۵۳، ۲۹۲، جديد ۱/۳۵۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۷۱۴/)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴/ھ

غیر کفو میں نکاح سے متعلق مختلف مقام کے فتاوی

سوال [۵۷۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہماری لڑکی نے خفیہ طور پر گھر سے فرار ہوکر محلّہ کے ایک ایسے لڑکے سے شادی کرلی، جو کسی بھی اعتبار سے ہم لوگوں کا کفو نہیں ہے، جس پر والدین اور اہل خاندان بے حد ناراض ہیں؛ لہٰذا الحیلۃ النا جزہ ۸۴/ باب خیار کفاءت کے تحت اجازت ولی کے بغیر مذکورہ نکاح کالعدم ہونے کی وجہ سے معصیت اور حرامکاری ہے، اور اگر یہ صحیح ہے تو اہل خاندان اور اہل محلّہ کو کیا کرنا چاہئے؟

(۲) واضح رہے کہ مذکورہ بالا مسئلہ کے تعلق سے دوسری جگہ سے فتویٰ لیا جا چکا ہے (جس کی نقل ہمرشتہ ہے) جس کا لڑکے اور لڑکی دونوں نے انکار کر دیا ہے، تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ علماء اور مفتیان کے فتوی کے منکر کا کیا حکم ہے؟ گذارش ہے کہ شرعی نصوص کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتیہ: عطیہ خاتون

جواب منجانب: مفتی شفقت اللہ صاحب مفتی اشرف المدارس ہردوئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر لڑکی ولی (باپ) کی اجازت کے بغیر اپنا نکاح غیر کفو میں کسی شخص سے کرلے، تو وہ نکاح منعقد نہ ہوگا اور لڑکی کا ناجائز طریقہ پر رہنا قرار دیا جائے گا اور دونوں مرد وعورت سخت گنہگار رہوں گے؛ لہٰذا لڑکی کو سمجھایا جائے اور اس کو حکم شرعی بتلایا جائے تاکہ لڑکی اس سے تعلق ختم کرلے اور گناہ سے محفوظ رہے؛ لیکن اگر اس کے باوجود لڑکی تعلق ختم کرنے پر آمادہ نہ ہو، تو گناہ سے بچانے کے خیال سے ولی کو اجازت دیدینا چاہئے۔

وفي الدر المختار: والكفاءة هي حق الولي لاحقها. وفي الشامية: فإن حاصله أن المرأة إذا زوجت نفسها من كفء لزم على الأولياء وإن زوجت من غير كفؤ لا يلزم ولايصح. (شامي، زكريا ٤/ ٢٠٧، كراچي ٣/٨٣- ٨٤)

وقال الله تعالىٰ في القرآن المجيد: وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَان. [پ:٦/ ع:٥] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: شفقت اللہ
خادم التدریس والافتاء اشرف المدارس ہردوئی (یوپی)
۲/ ذی قعدہ ۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح:
محمد افضال الرحمٰن غفرلہ
خادم اشرف المدارس ہردوئی (یوپی)

جواب منجانب: مولانا مفتی امام علی صاحب دانش، ادارہ محمودیہ محمدی لکھیم پور کھیری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: **فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي وله أي للولي إذا كان عصبة، ولو غير محرم كابن عم في الأصح. خانية: وخرج ذو الأرحام والأم، وللقاضي الاعتراض في غير الكفء مالم تلد منه**

(حتی قال) ویفتی في غیر الکفء بعدم جوازه أصلاً. وهو المختار للفتویٰ لفساد الزمان الخ. (وفي الدرالمختار بهامش رد المختار۲/۲۹٤)

وینعقد نکاح الحرة البالغة برضاها، وإن لم یعقد علیها ولي بکراً کانت أوثیباً (إلی) وعن أبي حنیفةؒ وأبي یوسفؒ أنه لا یجوز في غیر الکفو. (الهدایه ۲/۱۹۳)

ان فقہی روایات کی بناپر اکثر مشائخ نے اسی قول پرفتوی دیا ہے کہ بالغہ کا نکاح غیر کفو میں بلااجازت ولی صحیح نہیں ہوتا۔ (امداد الفتاوی ۲۲۲/۴، واحسن الفتاوی، کتاب النکاح ۹۶/۵)

لہٰذا اہل خاندان کو چاہئے کہ مسئلہ کو واضح کر کے سمجھائیں اور نہ ماننے پر قطع تعلق کریں یا یہ کہ اگر مناسب سمجھیں تو ولی سے اجازت دلوادیں اور نکاح صحیح کرادیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: امام علی عفی عنہ
صدرالمدرسین ادارہ محمودیہ محمدی لکھیم پور
۳/ ذی قعدہ ۱۴۲۳ھ

دارالافتاء مدرسہ شاہی کا جواب

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفیق: سوال نامہ اور دوسری جگہ کے جوابات کو بغور دیکھا جاچکا، سوال نامہ میں محض یہ لکھا ہے کہ یہ نکاح ہر اعتبار سے غیر کفو میں ہوا ہے، مگر غیر کفو کی وضاحت نہیں کی گئی تاکہ شرعی طور پر کہاں تک غیر کفو ہے، شریعت اس کے بارے میں کیا حکم دیتی ہے، غور کیا جاسکتا؛ اس لئے سوال کو مجمل سمجھا گیا تاہم اگر ایسے غیر کفو میں لڑکی نے نکاح کیا جس میں ہر اعتبار سے لڑکی والے لڑکے والوں کے مقابلہ میں اعلی نسب سمجھے جاتے ہوں، تو حکم شرعی حسب ذیل ہے کہ ایسی صورت میں متأخرین نے حسن بن زیادؒ کے قول پر زجر وانتظام کے طور پر یہ فتوی دیا ہے کہ نکاح منعقد نہیں ہوگا؛ لیکن ظاہر الروایۃ اور جمہور فقہاء کی رائے کے مطابق نکاح منعقد ہو چکا ہے اور اولیاء کو صرف

اعتراض کا حق ہے؛ لہٰذا قاضی شرعی اور مسلم حاکم کے پاس فسخ نکاح کی اپیل کا حق حاصل ہے اور فسخ نکاح سے قبل دونوں کا ساتھ رہنا زنا کاری شمار نہ ہوگا۔

احقر کو اس مسئلہ میں حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب نور اللہ مرقدہ کے اس فتوی سے اتفاق ہے، جو کفایت المفتی ٥/٢٠٦ میں موجود ہے۔

الكفاءة معتبرة . وفي الشامية: جاز للولي الفسخ، وهذا بناء على ظاهر الرواية من أن العقد صحيح، وللولي الاعتراض أما على رواية الحسن. وهو المختار للفتوىٰ من أنه لا يصح. (شامي، كراچي ٣/ ٨٤، زكريا ٤/ ٢٠٦)

يفتى في غير الكفء بعدم جوازه أصلاً، وهو المختار للفتوىٰ لفساد الزمان. (در مختار، كراچي ٣/٥٦، زكريا ديو بند ٤/ ١٥٦)

لہٰذا اگر کسی نے عدم جواز اور عدم صحت نکاح کے فتوی کا انکار کیا ہے، تو اس کے سامنے ظاہر الروایۃ والا فتوی ہوگا؛ اس لئے اس پر شرعی طور پر کوئی الزام نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٢٢ر محرم الحرام ١٤٢٤ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٣٦/٧٨٧٥)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
٢٢/١/١٤٢٤ھ

اعلی خاندان بتا کر اعلی نسب کی لڑکی سے نکاح

سوال [٥٧٩٩]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص مسمیٰ زید نے جو کنجڑوں کے خاندان سے ہے، ایک حسب ونسب والی لڑکی مسماۃ ہندہ سے جو کہ نسب کے اعتبار سے اعلی سمجھی جاتی ہے، اپنے نسب کو چھپا کر اپنے کو پٹھان ظاہر کر کے پچیس ہزار روپیہ مہر پر نکاح کیا یہ بتا کر کہ پہلی بیوی کو طلاق ہوگئی ہے اور اپنے کو پونے دس ہزار روپیہ کا ملازم بتلایا، لڑکی کے اولیاء میں ایک حقیقی بھائی ہے،

جو بالکل بے عقل ہے اور ایک سوتیلا بھائی ہے، جو لڑکی سے سخت ناراض ہے، اس نکاح کا کسی کو علم نہ ہوا باہر لے جا کر ایک جگہ نکاح پڑھوانا چاہا، مگر وہاں کے حالات مساعد نہ ہونے کی بناء پر وہاں سے دوسرے قصبہ میں اپنی کسی عزیزہ کے مکان پر ایک مسجد کے امام کو بلا کر نکاح پڑھوا یا گیا، اب تک بھی نہ لڑکی کو علم ہے اور نہ ہی اس کے اولیاء اور خاندان میں کسی کو علم ہے کہ نکاح غیر کفو میں ہوا، تو اس کا جواب مرحمت فرمائیں کہ نکاح درست ہے یا نہیں؟

کنجن صحیح النسب کا کفو نہیں سمجھا جاتا۔ فتاوی محمودیہ جلد ۱۰ ار سے تو معلوم ہوتا ہے کہ نکاح ہی درست نہیں ہوا، اگر نکاح درست ہوگیا اور طلاق ہوجائے تو مہر واجب ہوگا یا نہیں؟ جبکہ خلوت ہوچکی ہے اور طلاق کی عدت ہوگی یا نہیں؟ اگر بچہ کی پیدائش ہوگئی کیونکہ ایک ہفتہ اس کے یہاں رہ چکی ہے تو ثابت النسب سمجھا جائے گا یا نہیں؟ مفصل جواب مرحمت فرمانے کی زحمت فرمائیں۔

المستفتی: محمد اسجد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر اعلی نسب کی لڑکی ہے اور کسی نیچے درجے کے مرد نے اپنے آپ کو ہم کفو اور اعلی نسب کا بتلا کر اس کے ساتھ نکاح کرلیا ہے اور بعد میں مرد کا غیر کفو اور دھوکہ بازی کا علم ہوجائے تو لڑکی اور لڑکی کے اولیاء کو اس نکاح کے فسخ کر دینے کا حق ہے۔

لو انتسب الزوج لها نسباً غير نسبه، فإن ظهر دونه وهو ليس بكفء فحق الفسخ ثابت للكل الخ (شامي، كتاب النكاح، باب الكفاءة، كراچي ۳/۸۵، ۳/۱۰۵، زكريا ٤/۲۰۸، ٥/۱۷٦، هندية زكريا ۱/۲۹۳، جديد ۱/۳۸٦، البحرالرائق، كوئٹه ۳/۱۲٦، زكريا ۳/۲۲٦)

نیز حضرت حسن بن زیادؒ کے قول پر ہی فتوی ہے؛ لہٰذا جب مذکورہ مسئلہ میں شوہر کا غیر کفو ہونا ظاہر ہوچکا ہے تو سوتیلے بھائی کی مرضی نہ ہونے کی وجہ سے وہ نکاح ہی منعقد نہیں ہوا۔

ویفتی في غیر الکفء بعدم جوازه أصلاً . وهو المختار للفتویٰ لفساد الزمان. (در مختار، زکریا ٤/ ١٥٦، کراچي ٣/٥٦)

اور اگر ایسے نکاح میں اولاد پیدا ہوجائے تو حق اولاد کی وجہ سے نکاح کو معتبر تسلیم کرلیا جاتا ہے، پھر اولاد بھی ثابت النسب شمار ہوجاتی ۔

کما في التنویر الاعتراض في غیر الکفء مالم یسکت حتی تلد منه لئلا یضیع الولد. وتحته في الشامیة: أي بالتفریق بین أبویه، فإن بقاهما مجتمیعین علی تربیته احفظ له بلا شبهة فافهم الخ (در مختار، زکریا٤/١٥٦، کراچي ٣/٥٦)

نیز اگر جماع ہو چکا ہے اور اس کے بعد طلاق ہوجائے تو مہر اور عدت دونوں واجب ہوجائیں گی۔

فإن کان قد دخل بها فلها الأقل مما سمی لها ومن مهر المثل......وتجب العدة ویعتبر في الجماع في القبل الخ (تاتارخانیة، کوئٹه٣/١١، زکریا دیوبند ٤/٧٧، رقم: ٥٥٧٠، المحیط البرهاني، المجلس العلمي٤/١٦٨، رقم:٣٩٤٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍رجب المرجب ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰؍ ۵۸۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲؍۷؍۱۴۱۹ھ

غیر برادری میں عالم سے نکاح کرنا

سوال [۵۸۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید عالم ہے وہ ایک گاؤں کے مدرسہ میں تعلیم دیتا تھا اور جو مدرسہ کے صدر تھے وہ دین دار اور شریف تھے اور شیخ برادری سے تعلق رکھتے ہیں اور ایک لڑکی جوان ہے اور وہ لڑکی مدرسہ میں درجہ حفظ میں پڑھنے والی دو لڑکیوں کا پارہ سبق اور آموختہ بھی سن

لیا کرتی تھی، تو زید نے شریف گھرانا دیکھ کر غائبانہ طور پر لڑکی کو شادی کا پیغام دیا، تو اس لڑکی نے تحریری طور پر رضامندی کا اظہار کیا اور اس رضامندی کا علم اس لڑکی کی پھوپھی زاد بہن کو بھی تھا، جو عاقلہ و بالغہ تھی زید نے مطالبہ کیا کہ آپ اس رضامندی کو تحریری شکل میں پیش کریں، تو زیادہ معتبر ہوگا کہ میں نے آپ کے ساتھ شادی کی یا نکاح کیا، تو اس لڑکی نے یہ الفاظ تحریر کئے کہ ''میں نے آپ کے ساتھ شادی کی'' شادی کی، شادی کی، تو اس لڑکی کی تحریر پر زید نے دو گواہ بنالئے اور زید نے لڑکی کے پاس فون کیا اور یہ لفظ کہا کہ میں نے قبول کرلیا اور پھر اسی وقت زید نے لڑکی سے کہا کہ میں نے آپ کے ساتھ نکاح کیا تو اس لڑکی نے ہاں کردیا، جب ان تمام باتوں کا علم لڑکی کے والدین کو ہوا، تو انہوں نے کہا یہ تو بہت غلط ہوا، اور ان کے خاندان اور دیگر اعزاء واقرباء طعن وتشنیع کرنے لگے کہ زید غیر برادری کا ہے، تو کیا اس لڑکی کے والدین کا اور خاندان اور دیگر اعزاء اقرباء کا غصہ کرنا اور طعن وتشنیع کرنا اور اس کو معیوب سمجھنا نکاح کے نافذ ہونے میں دخل انداز ہوگا یا نہیں؟ اور کیا اس کا عالم ہونا شیخ زادی لڑکی کے لئے کفو بن سکتا ہیں یا نہیں؟

المستفتی: حافظ طفیل احمد، بھاگووالا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نوجوان لڑکی کے یہ الفاظ تحریر کرنے کی وجہ سے کہ میں نے شادی کی، شادی کی، شادی کی، اور اس پر زید کے دو گواہ بنانے کی وجہ سے نکاح ہوجائے گا۔

ینعقد النکاح بالکتاب کما ینعقد بالخطاب وصورته أن یکتب إلیها یخطبها فإذا بلغها الکتاب احضرت الشهود وقرأته علیهم. وقالت: زوجت نفسي منه، أو تقول إن فلانا کتب إلي یخطبني فاشهدوا عني أني زوجت نفسي منه. (شامي، کتاب النکاح، زکریا ۴/۷۳، کراچي ۳/۱۲، الموسوعة الفقهیة الکویتیة ۴۱/۲۴۱، فتح القدیر، دارالفکر مصري ۳/۱۹۷، زکریا ۳/۱۸۹، کوئٹه ۳/۱۹۷)

عالم بڑی سے بڑی برادری کا کفو بن سکتا ہے، اس کے بعد والدین اعزاء واقرباء ودیگر خاندان کے لوگوں کا طعن وتشنیع کرنا اوراس کو معیوب سمجھنا نکاح کے نافذ ہونے میں دخل انداز نہ ہوگا۔

والسلطان، والعالم کان کفوا وان لم یملک ما ینفق. (تاتارخانية، کوئٹه ۳/ ٦٠، زکریا٤/ ١٣٤، رقم: ٥٧٤٠)

وان بالعالم فکفء لأن شرف العلم فوق شرف النسب، والمال کما جزم به البزازی وارتضاه الکمال وغیرهم والوجه فیه ظاهر، ولذا قیل أي لکون شرف العلم أقویٰ ان عائشةؓ أفضل من فاطمةؓ. (شامي، زکریا دیوبند ٤/ ٢١٨، کراچي ٣/ ٩٢، البنایه اشرفیة دیوبند ٥/ ١١٤، مجمع الأنهر مصري قدیم ١/ ٣٤٠، دارالکتب العلمیة بیروت ١/ ٥٠١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍صفر المظفر ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۹۳۱/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۲/۱۹ھ

دیو بندی لڑکی کا بریلوی لڑکے سے نکاح کرنا

سوال [۵۸۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں الحمد للہ علماء دیو بند سے تعلق رکھتا ہوں اور جہاں میری بیٹی کا رشتہ طے ہورہا ہے، وہ اعلی حضرت کے ماننے والے ہیں، معلوم یہ کرنا ہے کہ شرعی اعتبار سے ایسا کرنے میں کوئی عذر تو نہیں ہے؟ حضرت سے درخواست ہے کہ جواب دے کر احسان فرمائیں۔

المستفتی: بدر القمر، تمبا کو والان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفیق: ماں باپ اوراولیاء کی رضامندی سے بیٹی

کا نکاح کسی بھی ایمان والے کے ساتھ درست ہے؛ لیکن شریعت میں ہم کفو اور برابری کا اعتبار اس لئے کیا گیا ہے؛ تاکہ بعد میں کہیں نبھاؤ نہ ہو سکے، اب یہ نکاح لڑکی کے حق میں کہاں تک بہتر رہے گا وہ آپ کو خود سوچنا ہے، اگر نبھاؤ نہ ہونے کا خطرہ ہو تو ہم مسلک لڑکے کے ساتھ لڑکی کی شادی کرنی چاہئے۔

ولزم النكاح ...... ولو بغير كفء إن كان الولي المزوج بنفسه أبا، أو جداً. (شامي، كتاب النكاح، باب الكفاءة، كراچي ۳/ ٦٧، زكريا ٤/ ١٧١)

الكفاءة معتبرة في باب النكاح، ثم اعتبارها من وجوه –إلى قوله– الخامس التقوىٰ، والحسب حتى لاتكون الفاسق كفوا للعدل.

(الفتاوى التاتار خانية، زكريا ٤/ ١٣١ تا ١٣٧، رقم: ٥٧٣٣/٥٧٥٣)

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تخيروا لنطفكم وانكحوا الأكفاء، وانكحوا إليهم. (سنن ابن ماجه، كتاب النكاح، باب الاكفاء، النسخة الهندية ١/ ١٣١، دارالسلام رقم: ١٩٦٨، المستدرك للحاكم، كتاب النكاح، مكتبه نزار مصطفىٰ الباز ٣/ ١٠١١، رقم: ٢٦٨٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱؍ ذی الحجہ ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹؍ ۱۰۲۳۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۱۲/۲ھ

پٹھان مرد کا انصاری لڑکی سے نکاح

سوال [۵۸۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے لڑکے پرویز کے نکاح کی بات چیت ایک انصاری گھرانے میں لگی ہے، پورا گھر اس رشتہ کے لئے تیار ہے؛ لیکن میری بیوی اس رشتہ کے لئے تیار نہیں ہے، اس کا کہنا ہے کہ میں دوسری قوموں کے یہاں رشتہ نہیں کروں گی، وہ کسی بھی حالت میں ماننے کو تیار

نہیں ہے، میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ مسلمانوں میں قوم کا کوئی سوال نہیں ہے، آپ سے گذارش ہے کہ شریعت کی روشنی میں جواب دیں۔

المستفتی: میاں جان، گھیر پیپل والا، رامپور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: برادری کفو کا شریعت میں جو اعتبار ہے، وہ صرف لڑکی والوں کی طرف سے ہے، لڑکوں کی طرف سے ان کے اولیاء اور وارثین کو کسی قسم کے اعتراض اور لڑکی والوں میں خامی اور کمی نکالنے کا حق نہیں ہے؛ اس لئے آپ کی بیوی کا لڑکی والوں میں خامی اور کمی نکالنا قطعاً جائز نہیں، پٹھان مرد کے لئے انصاری لڑکی کے ساتھ نکاح کرنا بلا شبہ و بلا کراہت جائز اور درست ہے۔

الكفاءة معتبرة من جانبه أي الرجل؛ لأن الشريفة تأبي أن تكون فراشا للدني ولذا لا تعتبر من جانبها؛ لأن الزوج مستفرش فلا تغيظه دناءة الفراش، وهذا عند الكل في الصحيح. (شامي، كتاب النكاح، باب الكفاءة، كراچي ۳/۸۳، ۸٤، زكريا ديوبند ٤/۲۰۷، وهكذا في بدائع الصنائع، كراچي ۲/۳۳۰، زكريا ديوبند ۲/٦۲۹) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۲۲/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۳۷۹/۳۷)	۱۴۲۵/۵/۲۲ھ

کیا انصاری درزیوں کے ہم کفو ہیں؟

سوال [۵۸۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا یہ کہنا کہ جولا ہے درزیوں کے جوڑ کے نہیں ہیں، گناہ ہے یا یہ صحیح بات ہے؟

المستفتی: تحسین خان سکندرآباد، بلندشہر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سید اور شیخ کے علاوہ شادی میں ہندوستانی تمام باشندے نسب کے اعتبار شرعاً برابر ہیں، وہ آپس میں ہم کفو اور ہم جوڑ ہیں شادی بیاہ کے لئے برابر ہیں، اب رہی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں کس کا مرتبہ اور کس کا درجہ بڑھا ہوا ہے، تو اس کو اللہ تعالیٰ نے خود ہی قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے:

قال الله تعالیٰ: اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ . [الحجرات:١٣]

اللہ تعالیٰ کے یہاں تم میں سب سے افضل سب سے اونچے مرتبہ کا وہ ہے، جو متقی پرہیز گار ہے، اللہ تعالیٰ سید، شیخ، جولاہہ، درزی کو نہیں دیکھتا؛ بلکہ تقویٰ ہی کو دیکھتا ہے؛ اس لئے نسب کا فخر کرنا کسی کے لئے بھی جائز نہیں ہے۔

عن ابن عمر رضي الله عنه، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم خطب الناس يوم فتح مكة، فقال: يأيها الناس: إن الله قد أذهب عنكم عبية الجاهلية، وتعاظمها بآبائها، فالناس رجلان: برتقي كريم على الله، وفاجر شقي هين على الله. الحديث (ترمذي، كتاب التفسير، باب ومن سورة الحجرات، النسخة الهندية ٢/١٦٢، دارالسلام رقم: ٣٢٧٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٢ ربیع الثانی ١٤١٨ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٣٣/ ٥٢٤٢)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٢/٤/١٤١٨ھ

بالغہ پٹھان لڑکی کا نیلگر لڑکے کے ساتھ نکاح

سوال [٥٨٠٤]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی جس کی عمر تقریباً ٣٥ سال ہے اور جو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہے اور دماغی طور پر پوری طرح سے صحت مند ہے، اس نے ایک لڑکا جس کی عمر تقریباً ٣٦/

سال ہے اور جو دماغی طور پر صحت مند ہے اور جو الگ الگ برادریوں سے تعلق رکھتے ہیں، اب سے دو سال قبل والدین کی اجازت کے بغیر شرعی طور پر نکاح کرلیا ہے اور رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوگئے ہیں، لڑکی والدین کے ساتھ رہتی ہے؛ لیکن وقتاً فوقتاً موقعہ ملنے پر لڑکا اور لڑکی لطف زوجیت بھی اٹھاتے ہیں۔

اب لڑکی کے والدین کو اس نکاح کا علم ہوگیا ہے اور وہ اس نکاح کو ناجائز سمجھتے ہیں اور رخصتی سے انکار کررہے ہیں، لڑکی پٹھان برادری اور لڑکا نیلگر برادری سے ہے۔

(۱) قرآن وسنت کی روشنی میں یہ نکاح جائز ہے؟

(۲) ہندوستان جیسے ملک میں جبکہ پوری قوم اختلافات کا شکار ہوا اسلام میں ذات برادری کا کیا تصور موجود ہے؟

المستفتی: نوشاد احمد، سہارن پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: تیس پینتیس سالہ لڑکی جب اس کی دماغی حالت صحیح ہے اور اب تک اس کا نکاح نہیں ہوسکا، اور پھر اس نے اولیاء کی اجازت کے بغیر اپنی مرضی سے ایسے خاندان کے لڑکے سے نکاح کرلیا ہے کہ عام طور پر ان میں مناکحت نہ ہوتی ہو اور عار سمجھی جاتی ہو، تو امام حسن بن زیادؒ کے قول کے مطابق نکاح منعقد نہیں ہوتا اور جائز نہیں ہوتا؛ لیکن حضرت امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسف اور امام محمد بن حسن شیبانیؒ کے نزدیک نکاح اس طور پر جائز ہوتا ہے کہ اولیاء کو نکاح فسخ کرنے کا حق حاصل رہتا ہے اور انہیں کے قول کو ظاہر الروایۃ سے تعبیر کرتے ہیں، یعنی باپ اور بھائی وغیرہ کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ قاضی کی عدالت سے اس نکاح کو فسخ کرادیں۔ اور جہاں قاضی شرعی نہ ہو اور محکمۂ شرعیہ یا شرعی پنچایت موجود ہو وہاں جاکر نکاح فسخ کرانے کا حق حاصل ہوتا ہے اور اگر پنچایت بھی نہ ہو تو سرکاری عدالت میں جہاں مسلم جج ہو، اس کے ذریعہ نکاح فسخ

کرانے کا حق حاصل ہوتا ہے اور نکاح فسخ کرانے کا فیصلہ حاصل کرنے سے پہلے پہلے دونوں کے درمیان جنسی تعلق کو زنا کا ارتکاب نہیں قرار دیا جاسکتا۔

حضرت مفتی کفایت اللہؒ نے کفایت المفتی قدیم ۵/ ٦ ٢٠، جدید زکریا ۵/ ۱۹۷ میں نہایت اعتدال سے ایک فتوی لکھا ہے، جس میں انہوں نے فقہاء کی عبارت کی وضاحت فرمائی ہے کہ متأخرین نے جو حسن بن زیادؒ کے قول پر فتوی دیا ہے کہ نکاح منعقد نہیں ہوتا، وہ معلول بعلت فساد زمانہ ہے، جو خود بتاتا ہے کہ یہ ایک زجر وانتظام کا فتوی ہے نہ یہ کہ حلت وحرمت کی بنیاد اس پر قائم کی جاسکتی ہے؛ لہٰذا اگر لڑکی کے والدین اس نکاح کو باقی رکھنا نہیں چاہتے ہیں تو ان کو مقامی شرعی پنچایت یا محکمۂ شرعیہ یا مسلم جج کے ذریعہ سے پہلے نکاح کو فسخ کرانا پڑے گا یا لڑکا خود طلاق دیدے، اس کے بعد عدت گزرنے کے بعد دوسری جگہ نکاح کر سکتے ہیں۔ یہی امام ابو حنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ، امام محمدؒ کا قول ہے۔
(مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/ ٦ ٢٠، جدید زکریا ۵/ ۱۹۷)

ثـم المرأة إذا زوجت نفسها من غير كفء صح النكاح في ظاهر الـرواية. والـمـختار في زماننا للفتوىٰ رواية الحسن. وقوله في البزازيه ذكـر بـرهان الأئمة أن الفتوى في جواز النكاح بكراً كانت أو ثيباً على قـول الإمـام الأعـظـم، وهـذا إذا كان لها ولي، فإن لم يكن صح النكاح اتـفـاقـاً بينهما. (عـالـمـگيـري، كتـاب الـنـكـاح، البـاب الخامس في الأكفاء في النكاح،زكريا ١/ ٢٩٢، جديد ١/ ٣٨٥)

ولا يكون التفريق بذلک إلا عند القاضي، يريد به أنه ينبغي للولي أن يـرفـع إلي الـقـاضي ليفسخ العقد بينهما، أما بدون فسخ القاضي لاينفسخ النكاح بينهما. (تاتارخانية، كوئٹه ٣/ ٦٤، زكريا ديوبند٤/ ١٤٠، رقم: ٥٧٦٠)

ولـه أي لـلـولـي إذا كـان عـصبة الاعتراض في غير الكفء فيفسخه ويتـجـدد النكاح (در مختار) و في الشامية: والظاهر أنه لا خلاف في صحة

العقد، وإن هذا القول المفتى بهٖ خاص بغير الكفء كما أشار إليه الشارح.
(شامي، زكريا ٤/ ١٥٦، كراچي٣/ ٥٦)

وله أي لكل من الأولياء إذا لم يرض واحد منهم الاعتراض أي ولاية المرافعة إلى القاضي ليفسخ. (مجمع الأنهر، مصري قديم١/ ٣٣٣، دار الكتب العلمية بيروت ١/ ٤٨٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۳۴۲/۳۸)

سیفی برادری لڑکے کا انصاری برادری لڑکی کیساتھ نکاح

سوال [۵۸۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نوید عامر سیفی ولد ابرار حسین مرحوم وشاہانہ پروین انصاری بنت صابر حسین انصاری نے اپنی مرضی سے ۲۶/ فروری ۱۹۹۴ء بروز پیر کو شرعی طور پر نکاح کر لیا تھا کچھ وقت گذرنے کے بعد جب اس نکاح کا دونوں فریقین کے گھر کے افراد کو علم ہوا، تو وہ لوگ کافی فکرمند اور پریشان ہوگئے، دونوں فریقین کے متعلقین نے اس نکاح کی تصدیق ہونے پر کچھ ذمہ دار افراد کو بیچ میں ڈال کر اس سلسلہ میں بات چیت کرائی، مگر کوئی حل نہ نکل سکا اور دونوں فریقین کے گھر والوں میں ٹکراؤ اور جھگڑے کی نوبت آپہونچی لڑکی کے والد کو کافی سمجھایا گیا کہ بہتر ہوگا کہ لڑکی کی رخصتی کردیں، مگر وہ راضی نہیں ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ایک تو غلط قدم اور پھر برادری بھی الگ ہے، میں ایسا نہیں کروں گا، آخر کار متعلقین نے یہ طے کیا کچھ وقت خاموشی اختیار کر لی جائے، حالات سازگار ہونے کے بعد ہی کچھ کیا جائے گا، وقت گذرتا گیا اور دونوں کو ایک ساتھ زندگی گذارنے کا کوئی موقع نہیں ملا، آخر کار ۲۰/ مارچ ۲۰۰۰ء کو لڑکی کے بھائی محمد سلیم ومحمد فہیم کی موجودگی میں بر مکان اختر حسین پکا باغ مراد آباد نوید عامر نے

گواہان اختر کمال ندیم ولڑکی کے بھائیوں کی موجودگی میں شاہانہ پروین کو اپنی زوجیت سے بذریعہ فون پر آزاد کردیا، جس کو خود شاہانہ پروین نے اپنے کانوں سے سنا، اس کی تصدیق لڑکی کے بھائی محمد فہیم نے کی شاہانہ پروین ہی فون پر موجود تھی کوئی دوسرا نہیں؟

المستفتی: محمد محبوب عالم، دیندار پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سیفی اور انصاری اگرچہ الگ الگ برادری سمجھی جاتی ہیں؛ لیکن شریعت کے نزدیک یہ دونوں برادری ایک دوسرے کی ہم کفو بن سکتی ہیں؛ اس لئے بالغ لڑکے اور لڑکی نے گواہوں کی موجودگی میں جو نکاح کیا ہے، وہ شریعت کے نزدیک درست ہوگیا، بشرطیہ مہر بھی مناسب انداز میں باندھا گیا ہو اور اس نکاح کے بعد دونوں نے کسی بھی طریقہ سے آپس میں جنسی تعلق قائم کرلیا تھا اور اس کے بعد خاندانی اختلافات کے دوران لڑکے نے لڑکی کو فون پر سوال نامہ میں مذکورہ طریقہ سے آزادی دیدی ہے، تو اس سے ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی۔

فإذا قال: رهاكردم أي سرحتک يقع به الرجعي مع أن أصله كناية وماذاک إلا لأنه غلب في عرف الناس استعماله في الطلاق. (شامي، كتاب الطلاق، باب الكنايات، قبيل مطلب لا اعتبار بالإعراب هنا، كراچي ٢٩٩/٣، زكريا٤/ ٥٣٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٢٠ /ربیع الاولیٰ ١٤٢٨ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٩٢١٤/٣٨)

سیفی برادری لڑکے کا فقیر برادری لڑکی کے ساتھ نکاح

سوال [٥٨٠٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ ایک لڑکی جو عاقل بالغ ہے اور اپنے اچھے برے سے بخوبی واقف ہے، لڑکی کا ننہال شیخ برادری سے تعلق رکھتا ہے؛ جبکہ لڑکی کا ددھیال فقیر برادری یعنی میاں صاحب ہے؛ لیکن والد اپنے آپ کو سید کہلواتے ہیں اور والدہ بھی جو کہ غلط اور دھوکہ ہے، لڑکی نے اپنی مرضی سے ایک لڑکا جو کہ سیفی برادری سے تعلق رکھتا ہے سے نکاح کر رکھا ہے اور آئین ملک نے بھی ان کے نکاح کو منظوری دے رکھی ہے اور دونوں فریقین خوشی خوشی ازدواجی زندگی گذار رہے ہیں اور لڑکی حق زوجیت بھی ادا کر رہی ہے؛ لیکن لڑکی کی والدہ والد اس نکاح کو غلط اور ناجائز کہتے ہیں؛ جبکہ لڑکی کی چھوٹی بہن کی شادی بنجارہ برادری میں کی گئی ہے؛ لہٰذا اس مسئلہ میں شرعی حکم سے آگاہ فرمائیں نوازش ہوگی۔

نوٹ: لڑکی کے عزیز دار مختلف برادریوں میں شادی کر چکے ہیں ماموں چچا وغیرہ شیخ، پٹھان، بنجارے وغیرہ۔

المستفتی: محمد نعیم سیفی، کسرول مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سیفی برادری، فقیر برادری سے نیچی اور کمتر نہیں ہے؛ اس لئے کہ فقیر خاندان کی لڑکی جو عاقل بالغ ہے، اس کا اپنی مرضی سے سیفی خاندان کے لڑکے کے ساتھ نکاح کرنا مسئلہ کفو کے خلاف نہیں ہے؛ اس لئے نکاح درست ہے؛ جبکہ اس کا مہر اس کی دوسری بہنوں سے کم نہ ہو۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي والاعتراض في غير الكفء الخ. وفي الشامية: وكذا له الاعتراض في تزويجها نفسها باقل من مهر مثلها حتى يتم مهر المثل الخ (الدر المختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا٤/ ١٥٥، ١٥٦، كراچي ٣/ ٥٥، ٥٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹/ ربیع الثانی ۱۴۲۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۹۸۰/۳۸)

سلمانی برادری کا قریشی میں نکاح کرنا

سوال [۵۸۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں ایک لڑکے سے پیار کرتی ہوں ایک دن مسجد میں جا کر ہم دونوں نے خدا کو حاضر و ناظر مان کر قرآن وحدیث کی روشنی میں بنا کسی خطبہ نکاح کے دو گواہوں کے سامنے جس لڑکے سے میں پیار کرتی ہوں اس نے مجھے اپنی بیوی قبول کرلیا ہے، اور مجھ سے بھی کہا کہ آپ بھی کہو تو میں نے ہاں کہہ دیا یعنی میں نے بھی اسے اپنا شوہر تسلیم کرلیا، خوشی خوشی موجودہ دونوں گواہوں کے سامنے بعد میں میں نے کہا کہ اس میں میرے والدین خوش نہیں ہیں، میں چاہتی ہوں کہ والدین بھی خوش ہوں، تو اچھا ہوتا کہ ہمارا نکاح دنیا کی نظر میں صحیح ہو، یہ بات جب تک والدین خوش نہ ہوں صحیح نہیں ہے، مگر میں نے تو دو گواہوں کے سامنے ہاں کہہ دیا ہے، تو کیا یہ ہمارا نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟ جیسا کہ ہم دونوں کا مذہب ایک ہی ہے، یعنی اسلام تو کیا میرا دوسرے سے نکاح جائز ہوگا؟

نوٹ: میری برادری قریشی ہے اور میرے شوہر کی برادری سلمانی ہے، ہم دونوں ہم پیشہ ہیں، پولس ڈپارمنٹ میں کام کرتے ہیں میرے شوہر کا نام محمد نسیم ہے۔

المستفتية: نور سحر، ایس پی آفس، جی، آر، پی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: عجم میں نسب کا اعتبار نہیں؛ بلکہ پیشہ کا اعتبا ہے، اور قریشی کا خاندانی پیشہ قصابی ہے اور سلمانی کا خاندانی پیشہ حلاقی ہے اور دونوں قریب قریب ایک درجہ کے پیشے ہیں؛ اس لئے دونوں ہم کفو ہیں؛ لہٰذا نور سحر نے والدین کی مرضی کے بغیر اپنی خوشی سے محمد نسیم کے ساتھ جو نکاح کیا ہے، وہ شرعی طور پر صحیح ہوگیا۔ اب نور سحر کے لئے دوسرے مرد سے نکاح کرنا جائز نہ ہوگا، اگر دوسرے مرد سے نکاح کرلے گی تو وہ زنا کاری

ہوتی رہے گی؛ لہٰذا نورسحر کو اپنے حقیقی شوہر محمد نسیم کے ساتھ رہنا لازم ہے۔

فنفذ نكاح حرة مكلفة بلا رضا ولي والأصل أن كل من تصرف في ماله تصرف في نفسه الخ (در مختار، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا٤/ ١٥٥، كراچي ٣/ ٥٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ رمحرم الحرام ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۲۸۲/۳۲)

(۲۵) باب خیار البلوغ

نابالغی کی حالت میں والدین کا نکاح کرانا

سوال [۵۸۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر کسی لڑکی کی بلوغت کی عمر سے کافی قبل بچپن ہی میں اس کے ماں باپ نے نکاح کر دیا ہو اور وہ لڑکی اس نکاح کو ناپسند کرتی ہے، تو کیا صورت ہوگی کہ وہ اپنے نکاح کو فسخ کر سکے اور کتنی عمر کے بعد؟

المستفتی: تسلیم احمد اکبر پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر نابالغی میں باپ نے نکاح کر دیا ہے، تو بالغ ہونے کے بعد نکاح پسند نہ ہونے کی وجہ سے اس نکاح کو ختم کرنے کا حق نہ ہوگا اور اسی نکاح پر قائم رہنا لازم ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۶/ ۱۵۶)

لو فعل الأب، أو الجد عند عدم الأب لايكون للصغير والصغيرة حق الفسخ بعد البلوغ الخ (شامي، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ٤/ ١٧٤، كراچي ٣/ ٦٨، مصري ٢/ ٤٢٠)

بخلاف ما إذا زوجهما الأب، والجد، فإنه لا خيار لهما بعد بلوغهما. (البحرالرائق، باب الأولياء والأكفاء، كوئٹه ٣/ ١٢٠، زكريا ديوبند ٣/ ٢١١)

وللولي نكاح المجنونة والصغير والصغيرة ولوثيباً، فإن كان أبا، أوجدا لزم. (ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر، دالاراالكتب العلمية بيروت ١/ ٤٩٤)

وفي سكب الأنهر: ولاخيار لهم بعد البلوغ. (سكب الأنهر، دار الكتب

العلمية بيروت ١/ ٤٩٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵؍ ذی الحجہ ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸؍۲۹۱۴)

نابالغی کی حالت میں والدین کا کرایا ہوا نکاح لازم ہے

سوال [۵۸۰۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی جس کی شادی نابالغی میں اس کے والدین نے کردی تھی، شادی ہوئے تقریباً ۴؍سال ہوچکے ہیں۔ اب لڑکی کے والدین اس کو شوہر کے گھر نہیں بھیجنا چاہتے ہیں، واضح رہے کہ اس لڑکی کی رخصتی بھی اب تک نہیں ہوئی ہے، اس وقت لڑکی سن بلوغ کو پہونچنے والی ہے؛ چونکہ لڑکی کے والدین صورت حال یہ دیکھ رہے ہیں کہ ہماری لڑکی کا نباہ نہیں ہوسکتا ہے؛ اس لئے رشتہ ختم کرنا چاہتے ہیں، صورت مسئولہ میں کیا رشتہ ختم کرنے کی اجازت ہے، مگر لڑکے والے چھوڑنے پر تیار نہیں ہیں؟

المستفتی: محمد طیب مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نابالغی کی حالت میں جب لڑکی کے والد نے نکاح کرادیا تھا، تو نکاح لازم ومنعقد ہوگیا؛ لہٰذا بغیر شوہر کے طلاق یا خلع کے تفریق نہیں ہوسکتی اور نہ ہی شوہر سے شرعی طریقے سے تفریق حاصل کئے بغیر دوسری جگہ نکاح جائز ہوسکتا ہے، وہ بدستور شوہر کی بیوی رہے گی۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۹؍۱۲۸)

وأما نكاح الصغير والصغيرة جبراً، ولو ثيباً، ولزم النكاح، ولو بغبن فاحش.

(تنوير الأبصار مع الشامي، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/ ١٧٠، ١٧١، كراچي ٣/ ٦٥، هكذا في تبيين الحقائق، زكريا ديوبند ٢/ ٥٠٥، مكتبة امداديه ملتان ٢/ ١٢٢)

ویقع طلاق کل زوج بالغ عاقل. (درمختار مع الشامي، کتاب الطلاق، قبیل مطلب في الإکراه علی التوکیل بالطلاق، والنکاح والعتاق، زکریا دیوبند ٤/٤٣٨، کراچي ٣/٢٣٥، هندية ١/٣٥٣، جدید زکریا ١/٤٢٠، مجمع الأنهر قدیم ١/٣٨٤، دارالکتب العلمیة بیروت ٢/٨٠٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳؍ شعبان المعظم ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۹۶۹)

دادا دادی کا تیرہ سال کے لڑکے کا زبردستی نکاح کرنا

سوال [۵۸۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بندہ محمد عارف ابن حاجی انصار کی شادی تیرہ سال کی عمر میں زبردستی یعنی ناپسندگی کے باوجود ریشمہ بنت حاجی شبیر کی لڑکی سے کردی (ہندوستانی قانون کے اعتبار سے بالغ ہونے سے پہلے کی شادی کو نہیں مانا جاتا ہے) یہ شادی دادا، دادی نے کرائی تھی، والدین بھی شریک تھے، دادا، دادی نے قسم کھائی تھی اگر لڑکی خوبصورت اور خوب سیرت نہ ہو، تو چھوڑ دینا، بندہ محمد عارف نے جب اپنی بیوی ریشمہ کو دیکھا تو ناپسند ہونے کا اظہار کردیا، محمد عارف نے بالغ ہونے کے بعد والدین اور سسر صاحب اور دیگر رشتہ داروں کی موجودگی میں تین طلاق دیدی، پھر جس مجلس میں بھی طلاق کا تذکرہ کرتا تو یونہی کہتا رہا میں تین طلاق دے چکا ہوں۔

اب معاملہ یہاں تک پہونچ چکا ہے کہ سسر صاحب کا کہنا ہے کہ اگر تو نے لڑکی کو نہ رکھا تو تیرا مڈر ہوجائے گا، دیگر رشتہ دار اور سسر صاحب بھی کہتے ہیں ہم طلاق کو نہیں مانتے لڑکی کو کسی بھی حال میں رکھنا پڑیگا نہیں تو پٹائیبھی ہوگی جھوٹے کیس میں بھی الجھادیں گے، کبھی قتل کی دھمکی دیتے ہیں؛ اس لئے چند سوالات مطلوب ہیں۔

(۱) یہ نکاح صحیح ہوایا نہیں؟

(۲) محمد عارف نے بالغ ہونے کے بعد والدین اور سسر کے سامنے تین طلاقیں دی اور ہر مجلس میں کہتا ہے کہ میں طلاق دے چکا ہوں، تین طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

(۳) کیا بندہ محمد عارف ریشمہ کو اپنے نکاح میں طلاق کے بعد بغیر نکاح کے یا بغیر حلالہ کے رکھ سکتا ہے؟

(۴) اگر عارف طلاق دینے کے بعد بغیر نکاح کے ریشمہ کو اپنے نکاح میں رکھتا ہے تو حرام کاری ہوگی یا نہیں؟ اور جو اولاد ہوگی وہ حرامی ہوگی یا نہیں؟

(۵) ریشمہ کو لڑکے کے گھر لانے میں جن لوگوں نے سسر صاحب کا ساتھ دیا، وہ سب اور ساس سسر اور والد صاحب اس حرام کاری کے گناہ میں شریک ہوں گے یا نہیں؟

(۶) جو لوگ یوں کہتے ہیں کہ ہم طلاق کو نہیں مانتے طلاق نہیں پڑی تجھے تو ہر حال میں رکھنا ہی ہے، تو ایسے لوگ مسلمان رہے یا نہیں؟

المستفتی: عارف خان

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت میں بلوغیت کا اصل مدار سالوں پر نہیں؛ بلکہ اس کے آثار وعلامات پر ہے، مثلاً داڑھی، زیر ناف، بغل کے بال، مونچھ وغیرہ میں سے کوئی ایک نکل آئے یا احتلام ہو جائے اور تیرہ سال کے لڑکے میں ان میں سے کسی علامت کے ظاہر ہونے سے وہ بالغ شمار ہو جائے گا۔ اب سائل خود دیکھ لے کہ شادی کے وقت شرعی طور پر بالغ ہوا تھا یا نہیں اور اگر سائل نابالغ تھا، تو باپ اور دادا کی مرضی سے جو نکاح ہوا تھا، وہ شرعی طور پر صحیح ہو چکا تھا، اور بعد میں جب تین طلاق دی، تو اس سے طلاف مغلظہ واقع ہوگئی۔ اب بغیر حلالہ کے دوبارہ اس کے ساتھ نکاح بھی درست نہ ہوگا اور بغیر حلالہ شرعی کے میاں بیوی کی طرح رہنا زنا کاری اور حرام کاری ہوتی رہے گی۔ اور بغیر حلالہ رکھنے پر زور دینے والے سب گنہگار ہوں گے سب پر توبہ لازم ہوگی؛ البتہ اس درمیان جو اولاد پیدا ہوئی وہ ثابت النسب شمار ہوگی، آئندہ یوں ہی بغیر حلالہ رکھنا حرامکاری کا سلسلہ رہے گا۔

فـإن زوجهـمـا الأب، أو الـجـد: يـعـنـي الـصـغيـر، والـصغيـرة فـلاخيـارلهـما بعد بلوغهما الخ. (هـداية، كتـاب الـنكاح، باب الولي، اشرفية ديوبند في الأولياء والأكفاء، ۲/ ۳۱۷)

وإن كـان الـطـلاق ثـلاثـاً في الحرة، وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تـنـكـح زوجـاً غيـره نـكاحا صحيحاً ويدخل بها، ثم يطلقها أويموت عنها. (عـالـمگيـري، كتـاب الـطـلاق، فـصـل فيـمـا تـحـل بـه المطلقـه وما يتصل لـه، زكريا ديوبند۱/ ۴۷۳، جديد ۱/ ۵۳۵)

الـمبتـوتة بـالثـلاث إذاوطئها الزوج بشبهة كانت شبهة الفعل. قوله بـأن وطـئهـا المطلقة بالثلاث، أو على مال لم تتمحض للفعل؛ بل هي شبهة عـقـد أيـضـاً فـلاتناقض أن لا ثبوت النسب لوجود الشبهه العقد (إلى قوله) **وان الـنسب يثبت إذاا دعاه.** (شـامـي، مـطـلـب في ثبوت النسب من المطلقة، زكريا ديوبند۵/ ۲۳۲، كراچي ۳/ ۵۴۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹ ر محرم الحرام ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۴۳۰/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۹/۱/۱۴۲۹ھ

نابالغی میں والدین کے کرائے ہوئے نکاح میں خیار کا حکم

سوال [۵۸۱۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری عمر چار سال کی تھی میرے والد نے میرا نکاح نابالغ لڑکے سے کر دیا تھا، اب میں خود بالغ ہوچکی ہوں اپنا نکاح اپنی مرضی سے دوسرا کرنا چاہتی ہوں، اس وقت میرے والد صاحب کے دماغ میں کمی تھی صحیح نہیں تھا، اس کے بارے میں علماء دین کی کیا رائے ہے، ایک حدیث لکھ رہی ہوں جو میں نے علماء دین سے سنی ہے حدیث یہ ہے کہ ایک بالغ لڑکی اللہ کے رسول کے پاس آئی، اللہ کے رسول سے کہنے لگی کہ میرے والد نے میرا

نکاح نابالغی میں کردیا تھا جب میری چار سال کی عمر تھی، اب میں خود بالغ ہوں وہاں پر جانا نہیں چاہتی ہوں، نہ مجھ کو وہ آدمی پسند ہے اس کے بارے میں مجھ کو فرمایئے میں کیا کروں، اللہ کے رسول نے فرمایا تمہاری ناپسندیدگی کے باوجود تمہارے والد نے تمہارا نکاح نابالغی میں کردیا تھا، اب تمہارے والد تمہارا نکاح تمہاری مرضی کے بغیر نہیں کرسکتے ہیں، تمہاری مرضی ہے اس نکاح کو قائم رکھو یا توڑ سکتی ہو اور اپنی مرضی سے دوسری شادی کرسکتی ہو۔

اس حدیث کو صحابی رسول عبداللہ بن عباس بیان کرتے ہیں یہ مجھے یاد نہیں رہا کہ کونسی حدیث سے ثابت ہے، اس حدیث کو پوری لکھیں، اللہ کے رسول نے عربی میں کس طرح بیان کی اردو میں ترجمہ کس طرح ہے پرچے کے پیچھے اس کا جواب لکھیں اور اجازت دیں تاکہ جواب آنے پر اپنا نکاح کرلوں، لڑکا اپنی مرضی سے پسند کرلیا ہے دین دار ہے، جواب کا انتظار ہے، اللہ تعالیٰ بزرگان دین کے سائے میں مجھ کو نیک توفیق دیں۔آمین

خدا حافظ جواب آنے پر اپنا قدم آگے بڑھاؤں گی۔

المستفتیة: شاہدہ بانو، خورشید احمد پینٹر، کوٹھی ۱۷ رسیکٹر اے- ۲۸، چندی گڑھ (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بحالت نابالغی آپ کے والد نے آپ کا جو نکاح کردیا ہے وہ شرعاً لازم ہوچکا ہے، آپ کو اسی شوہر کے ساتھ زندگی گذارنا لازم ہے، اس شوہر سے طلاق یا شرعی تفریق حاصل کئے بغیر کسی دوسرے کے ساتھ شرعاً آپ کا نکاح صحیح نہیں ہوگا، ہمیشہ حرام کاری میں مبتلا سمجھا جائے گا۔

فإن زوجهما الأب، أو الجد: يعني الصغير، والصغيرة فلاخيار لهما بعد بلوغهما؛ لأنهما كاملا الرأي وافرا الشفقة، فيلزم العقد بمباشرتهما كما إذا باشراه برضاء هما بعد البلوغ الخ. (هداية، كتاب النكاح، باب في الأولياء والأكفاء، اشرفية ديوبند ۲/۳۱۷، الدر المختار مع الشامي، كوئٹه۲/۳۳۰، كراچي۳/۶۵، زكريا ديوبند۴/۱۷۰، ۱۷۱، فتاوى عالمگيري، زكريا ۱/۲۸۵، جديد ۱/۳۵۱)

آپ نے جس حدیث شریف کے بارے میں لکھا ہے، اس میں اس لڑکی کا واقعہ ہے جو باپ کے نکاح کراتے وقت بالغ ہوچکی تھی اور بوقت نکاح آپ نابالغہ تھیں۔

عن ابن عباسؓ قال أن جارية بكرا أتت النبي صلى الله عليه وسلم، فذكرت أن أباها زوجها وهي كارهة، فخيرها النبي صلى الله عليه وسلم.

(سنن أبي داؤد، كتاب النكاح، باب في البكر يزوجها أبوها ولايستأمرها، النسخة الهندية ١/٢٨٥، دارالسلام رقم:٢٠٩٦، مشكوٰة ٢/٢٧١، وعلى هامش المشكاة)

وهي كارهة فيه أنه لاخيا للولي على البالغة ولو كانت بكراً (وقوله لو كانت صغيرة لما اعتبر كراهتها. (حاشية مشكوٰة ٢/٢٧١)

آپ کے والد کی دماغی حالت میں کیا کمی تھی، اس کی شرعی شہادتوں کے ساتھ تفصیلی ثبوت کے بعد غور کیا جاسکتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
٩ ر رمضان المبارک ١٤٠٨ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ٢٤/ ٨٧١)	١٤٠٨/٩/٩ھ

نابالغی میں نکاح ہوجانے کے بعد والدین کا اس کو فسخ کرنا

سوال [٥٨٢١]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ لڑکا اور لڑکی دونوں نابالغ ہیں اور ان کے والدین نے اسی حالت میں ان کا نکاح کردیا۔ اب کسی بنا پر ان دونوں کے بالغ ہونے سے پہلے ان کے والدین نے نکاح فسخ کردیا یا ان کے بالغ ہونے کے بعد رخصتی سے پہلے ان کے والدین نے نکاح فسخ کردیا، آیا ان دونوں شکلوں میں والدین کے ایسا کرنے سے نکاح فسخ ہوا یا نہیں؟ یا کسی ایک شکل میں؟ وضاحت فرمادیں۔

المستفتی: محمد مصطفیٰ، چاندکھیڑی، مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نابالغ لڑکے اورلڑکی کا نکاح نابالغی کی حالت میں ہوجانے کے بعد (ولی اقرب) والدین کو بلوغیت سے قبل یابعد دونوں حالتوں میں فسخ کا اختیار نہیں بالغ ہونے سے پہلے اس لئے اختیار نہیں کہ فسخ کے لئے شرعی وجہ اور قضاء قاضی لازم ہے کہ قاضی کے فیصلہ کے بغیر محض والدین کو یہ حق حاصل نہیں۔

أما الطلاق فلا يتكمن منه أب الزوج، ولاالقاضي. وأما الفسخ فلايجوز إلا بسبب. (تاتار خانية، كتاب الطلاق، الفصل الثالث، كوئٹه٣/ ٢٥٥، زكريا٤/ ٣٩٣، رقم:٦٥٠٦)

اور بالغ ہونے کے بعد بھی والدین کو فسخ نکاح کا اختیار حاصل نہیں ہے اورلڑکی کو خیار بلوغ حاصل ہے، جس کے لئے قضاء قاضی بھی لازم ہے، اس میں والدین کا کوئی اختیار نہیں۔

اختيار الصغير أو الصغيرة بعد البلوغ في خيار البلوغ. وهذه الفرقة لاتقع إلا بتفريق القاضي. (بدائع الصنائع، كراچي٢ /٣٣٦، زكريا ديو بند ٢/ ٦٥٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍صفر المظفر ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۹۰۴/۳۶)

حالت صغر میں کیا ہوا نکاح کب فسخ ہوسکتا ہے؟

سوال [۵۸۱۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ عاقلہ کا نکاح اس کے ولی نے بکر کے ساتھ کم سنی میں کر دیا تھا، اب عاقلہ نااتفاقی کی بنناء پر بکر سے طلاق چاہتی ہے، مگر بکر طلاق اس وجہ سے نہیں دیتا ہے کہ میری بہن عاقلہ کے بھائی کی زوجیت میں ہے، میں طلاق نہیں دوں گا، بکر کے ساتھ خط

کتابت بھی ہوئی اور لوگ جا کر اس معاملہ میں ملے بھی؛ لیکن وہ طلاق دینے کے لئے راضی نہیں ہے اور زوجیت میں رکھنے کے حق میں تھا ابھی تک حیات ہے۔

المستفتی: محمد یعقوب، مالیرکوٹلہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر باپ یا دادا نے نابالغی میں نکاح کر دیا تھا، تو وہ لازم ہو چکا ہے، اس کا فسخ ہرگز جائز نہیں ہوگا، ہاں البتہ اگر باپ، دادا کے علاوہ کسی اور نے نکاح کر دیا تھا، تو بالغ ہونے پر فسخ بھی جائز اور بعد فسخ نکاح بھی زید کے ساتھ صحیح اور درست ہوگا۔

عن عطاء أنه إذا أنكح الرجل ابنه الصغير فنكاحه جائز، ولا طلاق له. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب النكاح، باب الأب يزوج ابنه الصغير، دارالفكر ۱۰/ ۳٦٥، رقم: ١٤١٢٦)

عن سلم بن أبي الذيالؓ، قال كتب عمر بن عبد العزيز في اليتيمين إذا تزّوجها وهما صغيران، أنهما بالخيار. (المصنف لإبن شيبة، كتاب النكاح، اليتيمة تزوج وهي صغيرة، مؤسسه علوم القرآن۹/ ۵۷، رقم: ١٦٢٥٢)

فإن زوجها الأب أو الجد فلا خيار بعد البلوغ (وقوله) وإن زوجها غير الأب، والجد فلكل واحد منهما الخيار إن شاء أقام على النكاح وإن شاء فسخ. (الجوهرة النيرة، كتاب النكاح، مكتبة امدادية ملتان ۲/ ۷٤، دارالكتاب ديو بند ۲/ ۷۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/ ربیع الثانی ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/ ۱۲۰۳)

بچپن میں کئے ہوئے رشتہ کو جوانی میں ختم کرنا

سوال [۵۸۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ اگر کسی لڑکی کے والدین نے بچپن میں کسی سے کہہ دیا کہ تیری لڑکی میرے لڑکے کے لئے حالانکہ بچپن میں اس طرح کرنا صحیح نہیں ہے، مگر لڑکا جوانی میں اب اس لڑکی سے نکاح کرنا نہیں چاہتا ہے والدین زبردستی کررہے ہیں، ایسی صورت میں کیا کیا جائے کیا اپنی پسند کی کریں؟ یا والدین کی بات کو ترجیح دیں؟

المستفتی: محمد فاروق اسماعیل، ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر منتخب شدہ لڑکی پسند نہیں ہے، اور اس کے ساتھ اب تک نکاح شرعی نہیں ہوا ہے اور حدود اللہ کو قائم رکھ کر اس کے ساتھ زندگی گذارنا دشوار نظر آرہا ہے، تو والدین کی مرضی کے خلاف جولڑکی پسند آجائے اس سے نکاح کر کے باعصمت زندگی گذارنا جائز ہے اور یہ نافرمانی میں داخل نہیں ہوگا۔

قولہ تعالیٰ: فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ. [النساء:۳] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰؍رجب المرجب ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶؍۱۸۵۱)

نابالغی میں اہل محلّہ کے کئے ہوئے نکاح کو بلوغ کے بعد ختم کرنا

سوال [۵۸۱۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ قیصر کا بحالت نابالغی بعمر ۱۲؍سال اہلیان محلّہ نے نکاح کرادیا تھا، نکاح کی اجازت قیصر کے نابالغ بھائی بعمر ۸؍سال سے دلادی گئی تھی، قیصر کے باپ کا انتقال ہوچکا تھا، ان ایام میں عدت گذار رہی تھی، اب جبکہ قیصر بالغہ ہوچکی ہے، وہ اس نکاح کو منظور نہیں کرتی، نکاح ہونے کے بعد سے تادم تحریر وہ اپنے سسرال میں بھی نہیں گئی ہے، کیا ازروئے شرع قیصر جہاں بالغہ ہونے کے بعد اپنے نابالغی میں ہوئے نکاح کو فسخ کرسکتی ہے؟

امید ہے کہ آں محترم اپنے خداداد علم نیز قرآن وسنت کی روشنی میں مکمل ومفصل جواب مع حوالہ وسند عنایت فرما کر عنداللہ ماجور اور عندالناس مشکور ہوں گے، ناگوار طبع نہ ہو تو بوقت جواب شرح وقایہ جلد ثانی کتاب النکاح، حدیث ابی سلمہ بنی عبدالرحمٰن ومثل ذلک پیش نظر رہے تو مناسب ہوگا۔

المستفتی: مولوی محمد احمد خاں سلیم، نجیب آبادی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں اگر قیصر جہاں نے بالغ ہوتے وقت فوراً ہی یا بالغ ہونے کے بعد نکاح کے علم ہوتے ہی اہل محلّہ کے کیے ہوئے نکاح کو فسخ کرنے کا اظہار کر دیا ہے، تو مذکورہ نکاح فسخ کر کے دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے؛ لیکن اگر بوقت بلوغ سکوت اختیار کیا تھا، اب بعد میں عدم رضا کا اظہار کر رہی ہے، تو موجودہ نکاح شوہر کے طلاق کے بغیر ختم نہیں ہوسکتا۔ نیز فسخ نکاح عدالت شرعیہ کے ذریعہ سے کرنا ہوگا؛ اس کے بغیر دوسری جگہ نکاح صحیح نہیں ہوسکتا۔

عن سلم بن أبي الذيالؓ، قال: كتب عمر بن عبد العزيز في اليتيمين إذا تزّوجها وهما صغيران، أنهما بالخيار. (المصنف لإبن شيبة، كتاب النكاح، اليتيمة تزوج وهي صغيرة، مؤسسه علوم القرآن۹/ ۵۷، رقم: ۱۶۲۵۲)

إذا كان المزوج للصغير والصغيرة غير الأب، والجد فهما الخيار بالبلوغ، أو العلم به، فإن اختار الفسخ لا يثبت الفسخ إلا بشرط القضاء.

(شامي، كتاب النكاح، باب الولي، زكريا ديوبند ٤/ ١٧٦، كراچي ٣/ ٧٠، هداية، اشرفي بکڈپو ديوبند ٢/ ٣١٧، شرح وقايه، مكتبه بلال٢/ ٢١ تا ٢/ ٢٣) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ ذی الحجہ ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/ ۱۰۲۶)

(۲۶) باب المهر

چار قسم کے مہروں کی تفصیل

سوال [۵۸۱۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ جوانوں کی شادی اسلامی مقصود ومطلوب ہوا کرتی ہے، بعض احباب کا کہنا ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ کا نکاح کیا ہے، آپ دونوں کی عمر ومہر فاطمی کی صحیح مقدار معلوم کرائی جائے؛ تا کہ یہ سنت نبویہ ﷺ زندگی میں ہر ایماندار اپنائے یہ مہر فاطمی پر عمل سنت ہی ہوگا، تو ارشاد واشاعت چاہئے، غالباً آپ شاہی مسجد یا مدنی مسجد میں قرآن پاک کی تفسیر وترجمہ کرتے ہوں گے۔

قرآن الفجر آپ کو آواز دیتا ہوگا یہ پیغام مدینہ منورہ گر قبول افتد زہے عز وشرف

المستفتی: محمد قاسم مدینہ منورہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت میں چار قسم کے مہر کا بیان ملتا ہے، ان میں سے حسب حیثیت جس کو اختیار کیا جائے گا وہ خلاف سنت وخلاف شریعت نہ ہوگا۔

(۱) اقل مہر مہر اُم سلمہ“ غریب مزدور، رکشہ، ٹھیلہ والوں کا مہر جو اقل مہر کہلاتا ہے (یعنی سب سے کم) مہر کی اقل مقدار دس درہم ہے، اس سے کم مہر نہیں ہوتا؛ لہٰذا غریب ترین لوگ دس درہم سے لے کر حسب استطاعت جتنے چاہیں مہر باندھ سکتے ہیں؛ لیکن اتنا ہو کہ جتنا بسہولت ادا کر سکیں، ایسے غریب لوگوں کے لئے مہر فاطمی مسنون نہ ہوگا؛ اس لئے کہ مہر فاطمی کی قیمت اس وقت گیارہ بارہ ہزار روپئے ہے، جس کا ادا کرنا ان کے بس کی بات نہیں ہے، ایسے لوگوں کے بارے میں حدیث شریف میں ارشاد ہے۔

عن أبي العجفاء السلميؓ، قال: خطبنا عمر فقال: ألا لا تغالوا بصدق النساء، فإنها لو كانت مكرمة في الدنيا، أو تقوىٰ عند الله، كان أولاكم بها النبي صلى الله عليه وسلم. (سنن أبي داؤد، كتاب النكاح، باب الصداق، النسخة الهندية١/ ٢٨٧، دارالسلام رقم:٢١٠٦، سنن الترمذي، كتاب النكاح، باب ماجاء في مهر النساء، باب منه ،النسخة الهندية١/ ٢١١، دارالسلام رقم:١١١٤، سنن ابن ماجه، باب صداق النساء، النسخة الهندية١ /١٣٥، دار السلام رقم:١٨٨٧، مسند الدارمي ، دار المغني٣/١٤١١، رقم:٢٢٤٦)

دس درہم میں ساڑھے سات ماشے چاندی ہوتی ہے،جس کا وزن موجودہ گرام کے حساب سے تین تولہ ۶۱۸ ملی گرام ہوتا ہے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹، جواہر الفقہ ۱/۴۲۴)

عن جابرؓ، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا صداق دون عشرة دراهم. (سنن دار قطني، كتاب النكاح، دارالكتب العلمية بيروت٣/ ١٧٣، رقم:٣٥٦٠)

ولو سمىٰ أقل من عشرة فلها العشرة عندنا. (هداية، كتاب النكاح ، باب المهر اشرفي ديو بند٢/ ٣٢٤)

(۲) مہر فاطمی یہ ان لوگوں کے لئے ہے کہ جو بسہولت مہر فاطمی کی مقدار ادا کر سکتے ہیں جیسے کہ دس بیس پچاس ہزار کے مالک لوگ ہیں؛ اس لئے کہ خود مہر فاطمی کی قیمت اس وقت گیارہ ہزار روپئے ہے، اور حدیث میں مہر فاطمی کی مقدار پانچ سو درہم ہے، جس کا وزن موجودہ گرام کے حساب سے ۱۵۳ تولہ ۹۰۰ ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت ہے۔ (مستفاد: بہشتی زیور ۶/۴۲، ۱۲/۴، ایضاح المسائل ۱۲۹، جواہر الفقہ قدیم ۱/۴۲۴، جدید زکریا ۳/۴۰۸، حاشیہ امداد الفتاوی ۲/۳۰۷، محمودیہ قدیم ۳/ ۲۲۶، جدید ڈابھیل ۱۲/ ۲۷، فتاوی دارالعلوم ۸/ ۲۷، تنظیم الاشتات ۳/ ۳۲۳)

عن أبي سلمة قالت: سألتُ عائشة كم كان صداق نساء النبي صلى الله عليه وسلم، قالت: كان صداقه في أزواجه اثنتى عشرة أوقية ونشاً هل تدري ماالنشّ؟ هو نصف اوقية وذلک خمس مائة درهم (وفي رواية)

ما اصدق امرأ ة من نسائه ولاأصدقت امرأة من بناته أكثر من أثنتى عشرة اوقية. (ابن ماجه، كتاب النكاح، باب صداق النساء، النسخة الهندية ١/١٣٣، دارالسلام رقم: ١٨٨٦، معناه في صحيح مسلم، النكاح باب الصداق ......النسخة الهندية ١/٤٥٨، بيت الأفكار رقم: ١٤٢٦، سنن النسائي، كتاب النكاح القسط في الأصدقة، النسخة الهندية ٢/٧٢، سنن أبي داؤد، كتاب النكاح، باب الصداق، النسخة الهندية ١/٢٨٧، دارالسلام رقم: ٢١٠٥، ترمذي شريف، كتاب النكاح، باب مهر النساء، النسخة الهندية ١/٢١١، دارالسلام رقم: ١١١٤، مشكاة ٢/٢٧٧)

(۳) مہر ام حبیبہ یہ ان لوگوں کے لئے ہے کہ جو مذکورہ حیثیت سے زیادہ وسعت رکھتے ہیں اور اس قسم کا مہر ادا کرنا مالی اعتبار سے ان پر گراں نہیں گزرے گا، ایسے لوگوں کے لئے اس قسم کا مہر متعین کرنا خلاف سنت یا خلاف شریعت نہ ہوگا --- جیسے کہ لکھ پتی لوگ ہیں، جو شادی کے موقع پر دیگر اخراجات کے علاوہ صرف شادی ہال میں ستر اسی ہزار روپئے خرچ کر دیتے ہیں، مہر ام حبیبہؓ کی مقدار ابوداؤد، نسائی وغیرہ کی روایت کے مطابق چار ہزار درہم ہے، اس وقت اس کی قیمت ۸۸ یا ۹۰ ہزار روپئے ہے، جو شخص شادی ہال میں ستر اسی ہزار روپئے خرچ کرسکتا ہے اس کے لئے مہر ام حبیبہؓ ادا کرنا کوئی مشکل بات نہیں ہے، جو لڑکی کا اہم ترین حق ہے۔ نیز مشورۃً یہ بات ہے کہ شادی ہال وغیرہ میں اتنا روپیہ خرچ نہیں کرنا چاہئے۔

عن أم حبيبة أنها كانت تحت عبيد الله بن جحش فمات بأرض الحبشة فزوجها النجاشي النبي صلى الله عليه وسلم، فأمهرها عنه أربعة آلاف (وفي رواية) أربعة آلاف درهم. (ابو داؤد شريف، كتاب النكاح، باب الصداق، النسخة الهندية ١/٢٨٧، دارالسلام رقم: ٢١٠٧، سنن النسائي الصغرى، كتاب النكاح، القسط في الأصدقة، النسخة الهندية ٢/٧٢، دارالسلام رقم: ٣٣٥٢، السنن الكبرىٰ للبيهقي التزويج على أربعة آلاف، دارالكتب العلمية بيروت ٣/٣١٥، رقم: ٥٥١٢، مشكاة ١/٢٧٧)

(۴) مہر ام کلثومؓ: یہ ان لوگوں کے لئے ہے جو مذکورہ حیثیت سے بھی اوپر کے مالک ہیں جیسے امراء، سلاطین، بادشاہ اور ان جیسے لوگ، ان لوگوں کے لئے یہ مہر خلاف

شریعت نہیں اور نہ خلاف سنت؛ بلکہ اتنا مہر اپنی حیثیت کے مطابق اختیار کرنا سنت کے مطابق ہوگا، مہر ام کلثومؓ کی مقدار احادیث شریفہ میں بیان کے مطابق چالیس ہزار درہم ہے، جو حضرت عمر فاروقؓ نے ادا فرمائی ہے۔

أن عمر بن الخطابؓ أصدق أم كلثوم بنت علي أربعين ألف درهم.

(المصنف لإبن شيبة، كتاب النكاح، من تزوج على المال الكثير وزوج به موسسه علوم القرآن ٩/١٣٩، رقم: ١٦٦٤٤، السنن الكبرى للبيهقي، دار الفكر ١١/٦، رقم: ١٤٦٩٠، اسد الغابه ٣٨٧/٦، الأصابة ٤٦٦/٨)

یہ بات ہرگز نہیں کہی جاسکتی کہ حضرت عمر فاروقؓ نے مذکورہ مقدار کرکے خلاف سنت یا خلاف شریعت عمل کیا ہے۔

(۲) حضرت فاطمہؓ کی عمر بوقت نکاح پندرہ سال پانچ ماہ اور حضرت علیؓ کی عمر اکیس سال پانچ ماہ تھی۔ (مستفاد بہشتی زیور ۴۲/۶، سیرت طیبہ ۲۳۳، سیرۃ النبیؐ ۴۳۲/۲)

وتزوجها وهي ابنت خمس عشر سنة وخمسة أشهر –وسنة يومئذ إحدى وعشرون سنة وخمسة أشهر. (زرقانی ۳۵۸/۲، اسد الغابه ۲۲۰/۶) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ ربیع الاول ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۱۵۶/۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۳/۲۸ھ

دور نبوت کی مہریں

سوال [۵۸۱۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: دور نبوت میں جن مہروں کی مقدار ثابت ہے تحریر فرمادیں چاہے حضور ﷺ کی بیویوں کا مہر ہو یا بیٹیوں کا؟

المستفتی: محمد اعلم جامع مسجد مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دور نبوت اور دور صحابہؓ میں چار قسم کے مہروں کا ثبوت ملتا ہے اور یہ چاروں قسمیں آدمی کی مالی حیثیت کے اعتبار سے ہیں۔

(۱) مهر ام سلمة: یہ حضرت ام المؤمنین ام سلمہؓ کا مہر ہے، جو حضور ﷺ نے بطور مہر کے حضرت ام سلمہؓ کو عطا فرمائے ہیں۔ جس کا وزن موجودہ گراموں کے اعتبار سے ۳۰ر گرام ۶۱۸، ملی گرام چاندی ہے یعنی دس گرام کے تولہ سے تین تولہ اور ۶۱۸ر ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت بازار سے معلوم کی جائے۔ (مستفاد: انوار نبوت ۶۵۱)

(۲) مهر فاطمی: اس کی مقدار صحیح قول کے مطابق ۵۰۰ درہم ہے، جس کا وزن موجودہ گراموں کے حساب سے ڈیڑھ کلو تیس گرام ۹۰۰ر ملی گرام چاندی ہے۔ (انوار نبوت ۶۵۲)

(۳) مهر ام حبيبه: اس کی مقدار چار ہزار درہم ہے، جو مہر فاطمی کے ۸ر گنا ہے، جس کا وزن موجودہ گراموں کے حساب سے ۱۲ر کلو ۲۴۴ر گرام ۹۴۴ ر ملی گرام ہے، اس کی قیمت بھی بازار سے معلوم کر لیں۔ (انوار نبوت ۶۵۳)

(٤) مهر ام کلثومؓ: حضور ﷺ کی نواسی، حضرت علی وفاطمہ کی بیٹی، حضرت ام کلثومؓ کیساتھ حضرت عمرؓ نے چالیس ہزار درہم کے عوض میں نکاح فرمایا ہے، جس کی مقدار مہر فاطمی کے اسی گنا اور مہر ام حبیبہؓ کے دس گنا ہوتی ہے۔ (انوار نبوت ۶۵۵)

تزوج عمر أم كلثومؓ على مهر أربعين ألفاً. (الاصابة، دار الكتب العلمية بيروت ۸/ ۴٦٦)

أن عمر بن الخطاب رضي الله عنه أصدق أم كلثوم بنت علي أربعين ألف درهم. (السنن الكبرىٰ جديد ۱۱/ ٦، نسخة قديم ۷/ ۲۳۳، رقم: ۱٤٦۹۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
ار شعبان المعظم ۱۴۲۶ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸ / ۸۹۱۸)	۱۴۲۶/۸/۱ھ

دورِ نبوت وصحابہ رضی اللہ عنہ کے مہر

سوال[۵۸۱۸]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ آپ کی کتاب ایضاح المسائل میں دوطرح کے مہر کی تفصیل ہے، ایک دس درہم، دوسرے پانچ سو درہم، ہر زمانہ کے حساب سے صحیح وضاحت ہے، ان کے علاوہ جو اور مہر ہیں، ان کی بھی اسی طرح وضاحت چاہتے ہیں، جو ہر زمانہ میں اس وقت کے حساب سے حساب لگایا جاسکے؛ کیونکہ کئی سال پہلے آپ کا تحریر کردہ چار طرح کے مہر کے بارے میں ایڈیشن ندائے شاہی میں پڑھا تھا، وہ ذہن سے نکل گیا اور کسی کتاب میں مل نہ سکا؛ لہٰذا حضرت والا اپنی مصروفیات میں سے قیمتی وقت لگا کر جواب تحریر فرمادیں۔

المستفتی: اصغر علی امام مسجد ابوبکر صدیقؓ، کرولہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: مہر کی چار قسمیں ہیں جو دورِ نبوت اور دورِ صحابہؓ سے ثابت ہیں، ان کو احقر نے انوارِ نبوت میں حوالوں کے ساتھ نقل کردیا ہے، یہاں اختصار کے ساتھ لکھا جارہا ہے تفصیل دیکھنا ہو تو انوارِ نبوت میں دیکھ لیں۔

(۱) اقل مہر اور مہر ام سلمہؓ: جس سے کم مہر معتبر ہی نہیں، اس کی مقدار دس درہم ہے، جس میں بارہ ماشہ کے حساب سے دو تولہ ساڑھے سات ماشہ چاندی ہے، موجودہ زمانہ کے گراموں کے حساب سے تیس گرام چھ سو اٹھارہ ملی گرام ۳۰ گرام ۶۱۸ ملی گرام ہوتا ہے۔

(مستفاد ایضاح الطحاوی ۳/۱۹۳، ایضاح المسائل ۱۲۹، انوارِ نبوت ۶۵۰)

(۲) مہر فاطمی: راجح اور مفتی بہ قول کے اعتبار سے پانچ سو درہم ہے، اس کا وزن بارہ ماشہ کے تولہ کے حساب سے ۱۳۱/ تولہ تین ماشہ چاندی ہے اور گراموں کے حساب سے ڈیڑھ کلو تیس گرام نو سو ملی گرام ۳۰ چاندی ہے۔ (مستفاد انوارِ نبوت ۶۵۲، ایضاح الطحاوی ۳/۱۹۳)

(۳) مہر ام حبیبہؓ: ابوداؤد، نسائی وغیرہ کی روایات کے مطابق چار ہزار درہم ہے، جو

مہر فاطمی کے آٹھ گنا ہے؛ چنانچہ موجودہ زمانہ کے گرام کے حساب سے ۱۲۲۴۴، گرام ۹۴۴ ملی گرام ہوتا ہے، یعنی بارہ کلو ۲۴۴ گرام ۹۴۴ ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت ہے۔

(۴) مہر ام کلثومؓ ہے، اس کی مقدار السنن الکبری للبیہقی کی روایت کے مطابق چالیس ہزار درہم ہے جو مہر فاطمی کے اسی گناہ ہوتا ہے اور مہر ام حبیبہؓ کے دس گناہ ہے انوارنبوت ۶۵۰ تا ۶۵۵ الاصابہ دارلکتب العلمیۃ بیروت ۶۶/۸ ، سنن کبری دار الفکر بیروت ۶/۱۱ حدیث رقم: ۱۴۶۹۰۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲ر شوال المکرّم ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۱۸۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۱۰/۲۲ھ

جملہ بنات رسول ﷺ کا مہر کتنا تھا

سوال [۵۸۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ جملہ بنات رسول ﷺ کا مہر کتنا تھا وضاحت کے ساتھ ہر ایک کا مہر تحریر فرمادیں عین کرم ہوگا۔

المستفتی: محمد مطیع الرحمٰن، گلشہید، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جملہ بنات رسول ﷺ کے مہروں کی تفصیل الگ الگ کسی معتبر وصحیح روایت میں نظر سے نہیں گذری، البتہ اتنا ملتا ہے کہ تمام صاحبزادیوں کے مہر ساڑھے بارہ اوقیہ ہے اور ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے تو کل پانچ سو درہم ہوتے ہیں۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲/ ۲۹۵)

جو بارہ ماشہ کے تولہ سے ۱۳۱ر تولہ ۳ر ماشہ چاندی ہوتی ہے اور موجودہ دور کے دس گرام کے تولہ کے حساب سے ۱۵۳۰ر تولہ ۹۰۰ر ملی گرام چاندی ہوتی ہے۔

(مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱۶۹/۲۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۳/۵/۱ھ

امہات المؤمنینؓ کا مہر کتنا تھا؟

سوال [۵۸۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ جملہ امہات المؤمنینؓ کا مہر کتنا تھا از راہ کرام ہر ایک کا مہر الگ الگ مع حوالہ کتب معتبرہ تحریر فرما کر شکر گذاری کا موقع دیں۔

المستفتی: مطیع الرحمٰن، گلشہید، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: امہات المؤمنینؓ کے مہروں کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کا مہر پانچ سو درہم تھا۔ (سیرۃ مصطفیٰ ۲۸۷/۳، مطبع اشرفی، بہشتی زیور ۴۴/۶)

(۲) حضرت سودہؓ کا مہر چار سو درہم تھا۔ (سیرۃ مصطفیٰ ۲۹۳/۳)

(۳) حضرت عائشہؓ کا مہر چار سو درہم تھا۔ (سیرۃ مصطفیٰ ۲۹۳/۳، علم الفقہ ۷۷/۶)

(۴) حضرت حفصہؓ کا مہر چار سو درہم تھا۔ (علم الفقہ ۷۸/۶)

(۵) حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کا مہر پانچ سو درہم تھا۔ (سیرۃ مصطفیٰ ۳۰۴/۳)

(۶) حضرت ام سلمہ بنت ابی امیہؓ کا مہر دس درہم تھا۔ (سیرۃ مصطفیٰ ۳۰۶/۳، علم الفقہ ۷۸/۶)

(۷) حضرت زینب بنت جحشؓ کا مہر دس درہم تھا۔ (۳۱۷/۳، علم الفقہ ۷۸/۶)

(۸) حضرت جویریہ بنت الحارثؓ کا مہر چار سو درہم تھا۔ (سیرۃ مصطفیٰ ۳۳۹/۳، علم الفقہ ۷۹/۶)

(۹) حضرت ام حبیبہؓ کا مہر چار سو دینار تھا۔ (سیرۃ مصطفیٰ ۳۳۲/۳، علم الفقہ ۷۹/۶، بہشتی زیور ۴۴/۶)

(١٠) حضرت میمونہؓ کا مہر پانچ سو درہم تھا۔ (سیرۃ مصطفیٰ ٣/٣٤٨)

(١١) حضرت صفیہ بنت حییؓ کا مہر درہم یا دینار نہیں تھا؛ بلکہ ان کو حضور ﷺ نے ایک باندی مہر میں عطا فرمائی تھی، جس کا نام رزینہ تھا یہ باندی حضور ﷺ کی خادمہ تھی اور حضرت صفیہؓ نے بعد میں حضرت رزینہ کو آزاد کر دیا تھا۔

روي أن النبي صلى الله عليه وسلم، لما تزوج صفية بنت حيي أمهرها خادماً وهي رزينة. الحديث (اسد الغابة، دارالفكر بيروت ٦/ ١١٠، ومعناه في زوائد الهيثمى بحواله طبراني و أبو يعلىٰ، مجمع الزوائد، دارالكتب العلمية بيروت ٩/ ٢٥١، المعجم الكبير للطبراني، دارإحياء التراث العربي بيروت ٢٤/ ٢٧٧، رقم: ٧٠٥، السنن الكبرىٰ للبيهقي، دارالفكر بيروت ١٠/ ٣٣٥، رقم: ١٤٠٤٥)

اور بعض روایات میں اس کا ذکر ہے کہ ان کی آزادی کو ان کے لئے مہر قرار دیا ہے اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے اسی کو راجح قرار دیا ہے۔

قال: وكره بعض أهل العلم أن يجعل عتقها صداقها حتى يجعل لها مهراً سوى العتق والقول الأول أصح. (فتح البارى، دارالفكر بيروت ٩/ ١٢٩، دارالريان للتراث العربي بيروت ٩/ ٣٢، اشرفيه ديوبند تحت رقم الحديث: ٥٠٨٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١/ جمادی الاولیٰ ١٤١٣ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٢٨/ ٣١٦٩)

مہر کے سلسلے میں عرب وعجم کا حکم یکساں ہے یا الگ الگ؟

سوال [٥٨٢١]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ عرب میں لڑکے کی شادی ہوتی ہے، لڑکے والا ایک اچھی رقم لڑکی والوں کو مہر

کے نام پر دیتا ہے کیا یہ دین میں ہے؟ اگر ہے تو ہمارے ملک میں ایسا کیوں نہیں ہوتا یا ہمارے ملک میں اسلامی قانون کچھ اور ہے؟

المستفتی: دلشاد حسین، پیر غیب، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت کا حکم عرب اور عجم ہر جگہ کے لئے یکساں ہے، مہر کی ادائیگی لڑکے کے اوپر ہر حال میں لازم ہوتی ہےچاہے مہر کو ادھار کردے یا چاہے نکاح کے وقت مکمل ادا کردے ان دونوں شکلوں میں پہلے ادا کرنے والی شکل زیادہ بہتر ہے، عرب میں پہلے ہی مہر کی ادائیگی کردینے کا دستور ہے اور یہی شریعت میں زیادہ افضل اور پسندیدہ ہے اور ہمارے ہندوستان میں مہر کی ادائیگی میں عام طور پر غفلت برتی جاتی ہے پہلے یا فوری کرنے کا دستور بہت ہی کم ہے؛ بلکہ عام طور پر شوہر اپنی بیوی کا مقروض رہتا ہے اور اگر ادائیگی پر قدرت ہوجانے کے باوجود مہر کی ادائیگی میں غفلت برتتا ہے، تو یہ شوہر کی طرف سے ایک قسم کی غفلت ہے، جو شریعت میں ناپسندیدہ ہے۔ نیز جو لوگ ادائیگی پر قدرت ہوتے ہوئے عمر کی آخری مدت تک پہنچ جاتے ہیں اور ادا نہیں کرتے ہیں یا حیلہ بہانہ کرکے اور دباؤ ڈال کر کے بیوی سے معاف کروا لیتے ہیں ایسے لوگ گناہ گار ہوتے ہیں۔

هو حكم العقد فإن المهر يجب بالعقد أو بالتسمية. (مجمع الأنهر، كتاب النكاح، باب المهر، دار الكتب العلمية ۱/۵۰۸)

أقول: لا أدري لم خص مهر المثل بالذكر والحال أن وجوب المهر مطلقاً مسمىٰ كان أو مهر المثل من أحكام النكاح، فكان الأولى هو الإجراء على العموم. (كفاية مع فتح القدير زكريا ۳/۳۰٤)

قال الكاساني: لو لم يجب المهر بنفس العقد لايبالي الزوج عن إزالة هذا الملك بأدنى خشونة تحدث بينهما؛ لأنه لا يشق عليه إزالته لما لم يخف لزوم المهر فلا تحصل المقاصد المطلوبة من النكاح، ولأن

مصالح النكاح ومقاصده لاتحصل إلا بالموافقة ولا تحصل الموافقةإليها إلا إذا كانت المرأة عزيزة مكرمة عند الزوج، ولا عزة إلا بانسداد طريق الوصول إلا بمال له خطر عنده. (الموسوعة الفقهية الكويتية ۳۹/۱۵۲-۱۵۳)

لايجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير السبب الشرعي.

(شامي، كتاب الحدود، باب التعزير زكريا ٦/١٠٦، كراچي ٤/٦١، هندية، كتاب الحدود، الباب السابع في حد القذف والتعزير زكريا ٢/١٦٧ جديد زكريا ١/١٨٨)

ليس لأحد أن يأخذ مال غير بلا سبب شرعي. (شرح المجلة رستم باز مكتبة اتحاد بك ڈپو ١/٩٢، رقم المادة:٩٧) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۱/ ۱۲۰۹۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۶/۶/۲ھ

مہر سے متعلق چند سوالات

سوال [۵۸۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں: کہ مقرر شدہ مہر کو اپنی شوہر مرضی سے بڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ اسی طرح عورت مقرر شدہ مہر کو کم کرسکتی ہے یا نہیں؟

(۲) مہر معجّل طے شدہ میں تاجیل کر سکتے ہیں یا نہیں؟

(۳) شوہر کے انتقال کے بعد اس کے ترکہ میں سے مہر کی ادائیگی ضروری ہے یا نہیں؟ اگر بیوی اپنا مہر معاف کردے یا باپ بھائی وغیرہ کو اختیار دیدے تو وہ معاف کرسکتے ہیں یا نہیں؟

(۴) معاشرہ کا دستور یہ ہوگیا ہے کہ نکاح کے وقت مہر متعین ہوجاتا ہے، مگر زندگی میں شوہر اس کی ادائیگی نہیں کرتا اور نہ عموماً اس کی ادائے گی کی فکر ہوتی ہے اور اگر شوہر مہر ادا بھی کرنا چاہے تو عورت کہتی ہے کہ میں کیا کروں گی، ہاں البتہ اگر طلاق ہوجائے تو مہر کا

مطالبہ ہوتا ہے یا شوہر کا انتقال ہو جائے تو عورت سے کہتے ہیں کہ تو معاف کردے وہ معاف کردیتی ہے؛ اس لئے دریافت طلب بات یہ ہے کہ زندگی میں اگر شوہر کے لئے عورت اس معاشرہ میں مہر معاف کردے تو وہ معافی سمجھی جائے گی یا نہیں؟

واضح رہے کہ عورتیں اس جذبہ کے تحت معاف کرتی ہیں کہ اگر معاف نہیں کیا تو شوہر پریشان کرے گا یا اس لئے کہ مہر لے لینا ایک نئی سی بات ہوگی اور ایسی عورت کو معاشرہ میں اچھا نہیں سمجھا جائے گا، اسی طرح شوہر کے انتقال کے بعد کی معافی شرعاً معتبر ہوگی یا نہیں؟ اگر عورت کا انتقال ہو جائے تو اس کے مہر کی رقم کے حقدار کون ہیں؟

المستفتی: محمد جاوید، چاند پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) نکاح کے بعد شوہر اپنی مرضی کے مطابق بیوی کے مقررہ مہر میں جتنا چاہے حسب منشاء اضافہ کرسکتا ہے، اسی طرح بیوی کو بھی شریعت نے یہ اختیار دیا ہے کہ وہ اپنے مہر میں کمی کرسکتی ہے۔

فإن زادها في المهر بعد العقد لزمته الزيادة. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفيه ديوبند ۲/۳۲۵، شامي، كراچي ۳/۱۱۱، زكريا ۴/۲۴۶)

وإن حطت عنه من مهرها صح الحط. (هداية، اشرفی ديوبند۲/۳۲۵، شامي، كراچي۳/۱۱۳، زكريا۴/۲۴۸)

(۲) مہر معجّل کو زوجہ کی اجازت سے مؤجل کرسکتے ہیں۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۸/۲۶۴، ۸/۲۸۲)

(۳) شوہر کے انتقال کے بعد تقسیم ترکہ سے پہلے اس کی بیوی کا مہر ادا کرنا لازم ہے۔

أما الأول فلأن المسمیٰ دين في ذمته وقد تأكد بالموت، فيقضي من تركته. (هداية، اشرفي ديوبند۲/۳۳۷)

نیز بیوی کے مہر معاف کرنے سے معاف ہو جاتا ہے اور اگر اپنے باپ یا بھائی کو اس کا اختیار دیدے، تو ان کے معاف کرنے سے بھی مہر معاف ہو جائیگا۔

وصح حطها لكله أوبعضه عنه وقيد بحطها؛ لأن حط أبيها غير صحيح لو صغيرة ولو كبيرة توقف على إجازتها ولا بد من رضاها. (شامي، كراچي ۳/۱۱۳، زكريا۴/۲۴۸، هداية، اشرفي ديو بند۲/۳۲۵، عزيز الفتاویٰ۴۴۹)

(۴) جو شخص نکاح کے بعد مہر متعین ادا کرنے کی نیت نہ رکھے اور نہ اس کی فکر کرے تو ایسا شخص سخت گنہگار رہے۔ حدیث شریف میں ایسے شخص کے لئے سخت وعید آئی ہے۔

عن ميمون الكردي عن أبيه، قال: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم لامرة ولامرتين ولاثلاثة حتى بلغ عشر مرار: أيما رجل تزوج امرأة بما قل من المهر، أو كثر ليس في نفسه أن يؤدي إليها حقها خدعها، فمات ولم يودإليها حقها لقي الله يوم القيامة، وهوزان. (المعجم الأوسط للطبراني، دارالفكر، بيروت ۱/۵۰۱، رقم:۱۸۵۱)

اور شوہر کے انتقال کے بعد بھی عورت مہر معاف کردے، تو بھی معاف ہوجائے گا؛ لیکن عورتوں پر دباؤ ڈال کر اور معاف نہ کرنے پر بعد میں پریشان کرنا سراسر ظلم اور ناانصافی ہے، اسی طرح زبردستی دباؤ ڈال کر مہر معاف کرایا جائے، تو مہر معاف نہیں ہوتا علی حالہ باقی رہے گا۔

وصح حطها لكله، أوبعضه عنه. (شامي، كراچي ۳/۱۱۳، زكريا ديو بند۴/۲۴۸)

ولابد في صحة حطها من الرضا حتى لوكانت مكرهة لم يصح.

(هندية، زكريا ۱/۳۱۳، جديد زكريا ۱/۳۸۰)

نیز ابھی بیوی کا مہر ادا نہ ہوا تھا اور وہ انتقال کرگئی تو اس کے مرنے کے بعد مہر اس کا وارثوں کا حق بن جائے گا اور ان میں شرعی اعتبار سے تقسیم ہوگا، اس میں شوہر اس کی اولادیں اور والدین سب شامل ہوں گے۔ (مستفاد: عزیز الفتاوی ۴۴۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ رجمادی الثانیہ ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۸۱۹/۳۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۶/۱۶ھ

مہر سے متعلق چند سوالات وجوابات

سوال[۵۸۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شریعت کے مطابق کتنے طرح کے مہر باندھے جاتے ہیں؟

نیز یہ بھی واضح فرمادیں کہ موجودہ وقت کے حساب سے چاندی کی قیمت سے مہر فاطمی اورشرع پیغمبری کی رقم کتنی بنتی ہے؟

(۲) مہر کی رقم ادا کرنا چاہے تو کس مقام پر ادا کرنی ہوگی اور کتنی رقم ادا کرنی ہوگی؟

المستفتی: نبی جان سیفی، محلّہ گوئیاں باغ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت کے مطابق مہر باندھنے کا مطلب یہ ہے کہ شوہر کی حیثیت کے مطابق مہر باندھا جائے، جس کو شوہر آسانی کے ساتھ ادا کرسکے اورمہر فاطمی کی مقدار ڈیڑھ کلوتیس گرام ۹۰۰ ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت ادائیگی کے وقت میں صرافہ سے معلوم کرلیں اورمہر کی ادائیگی کا مقام وہی ہے، جہاں پر بیوی موجود ہو اوراسی دن کی قیمت کا اعتبار رہے، جس دن مہر ادا کیا جائے، مہر شرع پیغمبری کی کوئی اصطلاح شریعت سے ثابت نہیں ہے، عوام میں اس نام سے ایک مہر مشہور ہے، بعض علاقوں میں اس سے مراد اقل مہر ہوتا ہے اور بعض جگہ اس سے مہر فاطمی مراد لیتے ہیں؛ اس لئے اس کی کوئی خاص مقدار ہم متعین کر کے بیان نہیں کرسکتے؛ بلکہ مہر باندھنے والے اسی وقت اپنی مراد ظاہر کردیا کریں کہ اس سے کون سا مہر مراد لیتے ہیں۔(مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

ویعتبر قیمة یوم الوجوب وقالا: یوم الأداء وتحته في الشامیة: وفي المحیط یعتبر یوم الأداء بالإجماع وهو الأصح، ویقوم في البلد الذي المال فیه. (شامي، کتاب الزکاة، باب زکاة الغنم، کراچي ۲/۲۸۶، زکریا ۳/۲۱۱، الدر المنتقي، دار الکتب العلمیة بیروت ۱/۳۰۱، البحر الرائق،

کوئٹہ ۲/ ۲۲۱، زکریا ۲/ ۳۸۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲/ ذی قعدہ ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۱۹۳)

مہر سے متعلق چند سوالات وجوابات

سوال [۵۸۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بعض جگہوں پر رواج ہے کہ ناکح امیر ہو یا غریب، معزز قسم کا آدمی ہو یا عام آدمی، اسی طرح منکوحہ کسی رئیس گھرانہ کی لڑکی ہو یا غریب ومتوسط گھرانے کی فرد ہو بوقت نکاح مہر کی تعیین میں کوئی فرق نہیں ہوتا، دونوں کا مہر یکساں ہوتا ہے مثلاً ۲۲/ ہزار روپیہ مہر کا ماحول چل رہا ہے، تو امیر وغریب دونوں طرح کی لڑکیوں کا مہر رواج کے تحت ایک ہی متعین کیا جاتا ہے۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ مہر کی رقم شرعاً یکساں ہے یا اس میں حیثیت کے مطابق تفاوت وفرق ہے؟ اگر فرق ہے تو مہر کی تعیین کے وقت لڑکی کی مالی حیثیت کا اعتبار ہوگا یا لڑکے کی حیثیت ملحوظ رکھی جائے گی؟

(۲) ہندوستانی روپیہ کی شکل میں اقل مہر اور مہر فاطمی کی تعیین فرمائیں اسی کے ساتھ مہروں کی زیادتی پسند کرنے کے ماحول میں مہر فاطمی متعین کرنا کیسا ہے؟ رسم ورواج کے مطابق مہر کی تعیین بہتر ہے یا مہر فاطمی؟

(۳) مہر کے متعلق عام تصور یہ ہے کہ مہر دینا تو ہے نہیں یہ تو صرف ایک رسمی چیز ہے؛ لہٰذا جتنا بھی متعین ہوجائے کوئی پریشانی کی بات نہیں ہے، اگر دیا بھی تو عند الطلاق وہ بھی پنچایت کم تعداد میں فیصلہ کردے گی۔

تحقیق طلب امر یہ ہے کہ عند النکاح مہر کے متعلق یہ خیال کرنا کیسا ہے؟ نیز شرعی طور

پر اس کا کیا حکم ہے؟ تحقیقی و تفصیلی جواب سے نوازیں۔

المستفتی: مولوی ریاض الحسن، مدرسہ ارشاد العلوم، ٹانڈہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) تمام لوگوں کے لئے مہر کی ایک خاص مقدار متعین کر کے اسی پر پابندی کرنا جائز نہیں ہے، ہر شخص اپنی اپنی حیثیت کے مطابق مہر کی مقدار متعین کر سکتا ہے، اس میں کسی کو دخل دینے کا حق نہیں ہے۔ نیز شوہر ہی مہر ادا کرنے والا ہے؛ اس لئے اسی کی حیثیت کا لحاظ رکھنا چاہئے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۲۴۶/۱۳، جدید ڈابھیل ۳۴/۱۲)

(۲) مہر کی اقل مقدار دس درہم ہے، موجودہ زمانہ میں گراموں کے حساب سے ۳۰/گرام ۶۱۸/ملی گرام چاندی ہوتی ہے، اس کی قیمت خود صرافہ سے معلوم کر لیجئے اور مہر فاطمی کی مقدار ڈیڑھ کلو ۳۰/گرام ۹۰۰/ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت بھی صراف سے معلوم کر لیجئے کتنے روپئے بنتے ہیں۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

نیز اگر حیثیت ہو تو مہر فاطمی مقرر کرنا بھی بہتر ہے؛ لیکن اگر کوئی غریب ہے تو اس کے لئے کم سے کم بہتر ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۲۴۶/۱۳، جدید ڈابھیل ۳۴/۱۲)

(۳) اگر مقرر کرتے وقت مہر ادا کرنے کی نیت نہیں رہی ہو تب بھی مہر لازم ہو جاتا ہے، غلط نیت کا گناہ اس کے سر پر ہوگا، مگر ادا کرنا ہر حال میں لازم ہوگا۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۳۰۲/۸)

وما یفعله بعض أهل الجفاء، والخیلاء، والریاء من تکثیر المهر للریاء، والفخر وهم لایقصدون أخذه من الزوج وهو ینوی أن لا یعطیهم إیاه؛ فهذه منکر قبیح مخالف للسنة خارج عن الشریعة الخ (فتاوی ابن تیمیه ۱۹۳/۳۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/محرم الحرام ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۱۲۴/۳۳)

استطاعت سے زائد مہر باندھنا

سوال [۵۸۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شرعاً مہر کتنا ہونا چاہئے اور جو آج کل لوگ اتنا زیادہ مہر کر دیتے ہیں، جس کو آدمی ادا نہیں کرسکتا ہے، تو کیا یہ درست ہے اور اس کو کتنا مہر ادا کرنا چاہئے؟

المستفتی: فہیم احمد، نگینوی مدرسہ اشرف المدارس، ہردوئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شرعاً مہر کی مقدار دس درہم ہے، اس سے کم نہ ہونا چاہئے، اگر دس درہم سے کم مہر باندھا ہے تب بھی دس درہم لازم ہوں گے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۲۶۵/۸، ایضاح المسائل ۱۲۹)

وأقل المهر عشرة دراهم–ولو سمیأقل من العشرة فلها العشرة.

(هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفية ديوبند ۲/ ۳۲٤)

اور زیادتی کی کوئی مقدار متعین نہیں ہے اوسط درجہ کے صاحب حیثیت لوگوں کے لئے مہر فاطمی باندھنا بہتر ہے، جو آسانی سے مہر فاطمی ادا کرسکیں اور جو کمزور غریب لوگ ہیں جو روز کی کمائی پر گذارہ کرتے ہیں، ان کے لئے مہر فاطمی مسنون نہیں؛ اس لئے کہ وہ مہر فاطمی ادا کرنے پر قادر نہیں ہیں؛ بلکہ ان کے لئے اتنی مقدار باندھنا مسنون ہے، جتنی مقدار وہ آسانی سے ادا کرسکیں؛ لیکن دس درہم سے کم بھی نہ ہونا چاہئے۔ اور جو لوگ کروڑ پتی اور ارب پتی ہیں، ان کے لئے مہر ام حبیبہؓ باندھنا زیادہ بہتر ہے؛ البتہ اتنا زیادہ مہر مقرر کرنا کہ ادا نہ کیا جاسکے یہ ناجائز ہے۔

عن أبي العجفاء السلميؓ، قال: خطبنا عمر فقال: ألا لا تغالوا بصدق النساء. (أبو داؤد شريف، كتاب النكاح، باب الصداق، النسخة الهندية ۱/ ۲۸۷، دارالسلام رقم: ۲۱۰٦)

لیکن جتنا مہر عقد نکاح کے وقت متعین کر دیا گیا اور شوہر نے اسے تسلیم کر لیا، تو اس کی ادائیگی ضروری ہوگی۔

وتجب العشرة إن سماها أو دونها ويجب الأكثر منها إن سمىٰ الأكثر. (در مختار، كراچي ۳/ ۱۰۲، زكريا ٤/ ۲۳۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴ ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۶۶۱۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۴/۲۴ھ

لڑکے پر زور ڈال کر اس کی حیثیت سے زیادہ مہر باندھنا

سوال [۵۸۲۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا نکاح ہونے جارہا تھا، لڑکی والوں نے مہر فاطمی مقرر کرنا چاہا تو اس نے اس کو اپنی حیثیت سے زیادہ بتایا، پھر کہا گیا کہ سوا سات ہزار مقرر کرو، تو اس کو بھی حیثیت سے زیادہ بتایا بالآخر پھر مہر فاطمی کے بارے میں کہا گیا کہ مہر فاطمی مقرر کرو ورنہ بارات واپس لیجاؤ، تو زید نے کہا کہ ٹھیک ہے، مہر فاطمی مقرر کرو ہم طلاق ہی نہیں دیں گے، تو مہر کیا لیں گے، اس طرح نکاح ہوگیا اور رسید پر بھی مہر فاطمی لکھا ہے، تو شرعاً یہ نکاح ہوا یا نہیں؟ جبکہ مہر نہ دینے کی نیت شوہر کی ہے شرعی حکم کیا ہے؟

المستفتی: عبد الکریم، کانٹھ، معرفت مولانا تنویر احمد ہاسپوری، مدرسہ فیض العلوم کانٹھ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر نہ دینے کی نیت سے زید گنہگار ہوگا توبہ کرلے اور بوقت نکاح چونکہ مہر فاطمی طے ہوا ہے اور وہی رسید میں بھی لکھا گیا ہے؛ اس لئے مہر فاطمی ہی شرعاً مقرر ہو چکا ہے۔ نیز نکاح بھی بلاشبہ صحیح اور درست ہو چکا ہے۔

وما فرض بتراضيهما، أو بفرض قاض مهر المثل (إلى قوله) أوزيد على ما سمىٰ فإنها تلزمه بشرط قبولها في المجلس، أو قبول ولي الصغيرة

ومعرفة قدرها، وبقاء الزوجية على الظاهر الخ (در مختار، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۳/ ۱۱۲، زكريا ۴/ ۲۴۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶/ ذی قعدہ ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۲۸۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۶/ ۱۱/ ۱۴۲۰ھ

جبراً مہر مثل سے زیادہ مہر لوگوں نے مقرر کر دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۸۲۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح میں لڑکے کی مرضی کے بغیر زبردستی ۲۰/ ہزار روپیہ اور نصف بیگھہ زمین مہر میں متعین کر دیا گیا ہے اتنا بھاری مہر پر لڑکا نہ بوقت نکاح راضی تھا اور نہ ہی اب راضی ہے۔ نیز لڑکی کا مہر مثل بھی اتنا نہیں ہے، اس کی خاندانی عورتوں کا اس سے بہت ہی کم ہوتا ہے، تو سوال یہ ہے کہ اس طرح زبردستی باندھے ہوئے مہر کا ادا کرنا لڑکے پر واجب ہے یا نہیں؟ جبکہ لڑکے نے بوقت نکاح صراحت سے انکار کر دیا تھا کہ میرے اندر اتنی صلاحیت نہیں ہے کہ اتنا بھاری مہر ادا کرسکوں، جواب مدلل مرحمت فرمائیں۔

المستفتی: محمد رفاقت حسین، بھاگلپوری، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شوہر پر مذکورہ متعین کیا ہوا بھاری مہر ادا کرنا واجب نہیں ہوگا، صرف مہر مثل ادا کرنا لازم ہوگا، اس سے زیادہ ادا کرنا اس پر لازم نہیں ہے، مہر مثل کا مطلب یہ ہے کہ لڑکی کی دوسری بہن، اور پھوپھی وغیرہ کے مہر کی جو مقدار ہے وہ مہر مثل ہے، اس شوہر پر بھی اتنی مقدار مہر ادا کرنا لازم ہوگا اور جو زائد ہے وہ اس پر واجب نہیں ہوگا۔

وإن أكره على النكاح جاز العقد، فإن كان المسمىٰ مثل مهر المثل، أو أقل جاز (إلى قوله) وإن كان أكثر من مهر المثل فالزيادة باطلة. (الجوهرة النيرة،

کتاب الإکراہ، امدادیہ ملتان ۲/۳۵۵، دارالکتاب دیوبند۲/۳۳۷، ھکذافی شامي، کراچي ۶/۱۳۷، زکریا۹/۱۸۹)

فإن کان المسمیٰ أکثر من مهر المثل فالزیادہ باطلة، ویجب مقدار مهر المثل؛ لأنه فات الرضا في الزیادة بالإکراہ الخ (البحرالرائق، زکریا۸/۱۳۶، کوئٹہ۸/۷۵، ھکذا في ھندیة، زکریا ۱/۳۰۳، جدیدزکریا ۱/۳۶۹، قاضي خان علی الھندیة، زکریا ۱/۳۸۳، جدیدزکریا۱/۲۴۰ مبسوط السرخسي، دارالکتب العلمیة ۵/۹۲) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ ربیع الثانی ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/۱۱۸۹)

اقل مہر اور اکثر مہر کی مقدار

سوال [۵۸۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر کی کم سے کم مقدار وزیادہ سے زیادہ مقدار کتنی ہے؟ شرعاً مفصل طور پر روشناس فرمائیں؟

المستفتی: محمد افضال، اڑپورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اسلامی شریعت میں مہر کی کم سے کم مقدار دس درہم ہے، اور دس درہم میں دو تولہ ساڑھے سات ماشہ چاندی ہوتی ہے اور یہ موجودہ گراموں کے حساب سے تیس گرام چھ سو اٹھارہ ملی گرام چاندی ہوتی ہے اور شریعت میں مہر کی زیادہ مقدار کی کوئی تعیین نہیں ہر ایک اپنی حیثیت کے مطابق جو تعیین کرلے گا وہی اس کے اوپر لازم ہوگا۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

عن جابرؓ، أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: لاصداق دون عشرة دراهم. (سنن دار قطني، النکاح ۳/ ۱۷۳، رقم: ۳۵۶۰)

أقله عشرة دراهم لحديث البيهقي وغيره لا مهر أقل من عشرة دراهم......ويجب الأكثر أي بالغاً ما بلغ منها إن سمیٰ الأكثر. (در مختار مع الشامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۳/ ۱۰۱- ۱۰۲، زكريا ٤/ ۲۳۰-۲۳۳، هداية، اشرفي ديو بند ۲/ ۳۲٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍شعبان المعظم ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵؍ ۶۸۷۰)

مہر کی کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ مقدار

سوال [۵۸۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر کی کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ کتنی مقدار ہے؟ جواب سے نوازیں۔

المستفتی: ایم، اے، خان، محلّہ تالی ٹھاکردوارہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کم سے کم مقدار دس درہم چاندی یا اس کی قیمت ہے اور زیادتی کی کوئی مقدار نہیں جتنا متعین کیا جائے اتنا ادا کرنا واجب ہوگا۔

وأقله عشرة دراهم (وقوله) ويجب الأكثر منها إن سمیٰ الأكثر.

وفي الشامي: أي بالغاً ما بلغ. (تنوير مع الدر المختار، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۳/ ۱۰۱- ۱۰۲، زكريا ٤/ ۲۳۰-۲۳۳، کوئٹہ ۲/ ۳۵۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۷؍رجب المرجب ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴؍ ۸۱۲)

اقل مہر کی مقدار

سوال [۵۸۳۰]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دور حاضر میں موجودہ اوزان کے اعتبار سے مہر کی اقل مقدار کیا ہے؟

المستفتی: قاری محمد اظہر اصالتپورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اقل مہر کی مقدار بارہ ماشہ کے تولہ کے حساب سے دوتولہ ساڑھے سات ماشہ ہے۔(جواہر الفقہ ۱/۴۲۳)

اور موجودہ گراموں کے حساب سے ۳۰/گرام ۶۱۸/ملی گرام ہے اور دس گرام کے تولہ کے حساب سے تین تولہ ۶۱۸/ملی گرام چاندی ہے، اس سے کم شریعت میں کوئی مہر نہیں ہے۔(مستفاد: ایضاح المسائل ص:۱۲۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱/جمادی الثانیہ ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/۲۸/۲۷)

دس درہم کی مقدار تولہ اور پیسوں کے حساب سے

سوال [۵۸۳۱]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک اقل مہر دس دراہم ہیں؛ لیکن درایں زمانہ مہر میں دراہم کارواج نہیں، تو دس دراہم کے لئے تولے کتنے ہوں گے یا اگر پیسوں سے ادائیگیٔ مہر کی جائے تو کتنی رقم دس دراہم کے برابر ہوگی؟

المستفتی: فرید احمد، ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دس درہم کا وزن موجودہ گراموں کے اعتبار سے ۳۰/گرام ۶۱۸/ملی گرام چاندی ہوتی ہے اور دس گرام کے تولہ کے حساب سے ۳/تولہ

۶۱۸ رملی گرام چاندی ہوتی ہے۔(ایضاح المسائل ۱۲۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶ر جمادی الثانیہ ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۶۲۸/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۹/۶/۱۶ھ

دورِ حاضر کے اوزان کے اعتبار سے دس درہم کی مقدار

سوال [۵۸۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دین مہر نکاح میں کم سے کم کتنا باندھنا چاہئے، دس درہم مہر کا آج کے دور کے اعتبار سے کتنا روپیہ بنتا ہے؟ اگر بغیر مہر کے نکاح پڑھا دیا جائے تو کتنا مہر ادا کرنا پڑے گا؟ مہر کا باندھنا نکاح میں شرعی طور پر کیا درجہ رکھتا ہے۔

لا مهر أقل من عشر دراهم کا مطلب کیا ہے شرع محمدی مہر کتنا کہلائے گا، مہر فاطمی کا کتنا روپیہ بنتا ہے؟

المستفتی: قطب الدین قاسمی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: دس درہم کی مقدار اوزان کے حساب سے ۳۰ رگرام ۶۱۸ رملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت بازار سے معلوم کر لیجئے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

(۱) مہر کا باندھنا نکاح میں شرعی طور پر لازم اور واجب ہے کم سے کم اتنا باندھنا لازم ہے، جو اوپر لکھا گیا ہے، اگر مہر باندھا نہیں ہے تو مہر مثل لازم ہوگا۔

(۲) مہر شرعی محمدی کی کوئی اصطلاح شریعت میں نہیں ہے، اگر اس سے عوام مہر فاطمی مراد لیتے ہیں، تو اس سے مہر فاطمی لازم ہوگا اور اگر اقل مہر مراد لیتے ہیں، تو اس سے اقل مہر لازم ہوگا۔(مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

(۳) مہر فاطمی ۱۲/ ماشہ کے تولہ سے ۱۳۱/ تولہ ۳/ ماشہ چاندی ہے گراموں کے حساب سے ڈیڑھ کلو ۳۰/ گرام ۹۹۰/ ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت بازار سے معلوم کرلی جائے۔
(مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۵/ محرم الحرام ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/ ۵۰۹۹)

مہر میں پانچ روپئے مقرر کئے تو نکاح ہوگیا؟

سوال [۵۸۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنی لڑکی کے نکاح میں پانچ روپیہ مہر بندھوایا ہے، تو کیا نکاح ہوگیا یا نہیں ہوا؟ اگر نکاح ہوگیا تو اس کو مہر میں کتنے روپئے ادا کرنے پڑیں گے؟ قرآن و حدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: امیر حسین، رامپور (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح ہوگیا اور شوہر پر دس درہم جو دو تولے ساتھ ماشے چار رتی چاندی کے برابر ہے یا اس کی قیمت شوہر پر لازم ہوئی درمختار میں ہے۔

وتجب العشرة إن سماها أو دونها. (درمختار، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ٣/ ١٠٢، زكريا ٤/ ٢٣٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ الفقیر محمد ایوب نعیمی
دالافتاء جامعہ نعیمیہ مرادآباد
۲۱/ اگست ۱۹۹۱ء

الجواب صحیح: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/ صفر المظفر ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/ ۲۵۵۳)

دس درہم سے کم مہر مقرر کرنا

سوال [۵۸۳۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: اگر مہر کی اقل مقدار سے کم مہر باندھا جائے تو کیا حکم ہے؟

المستفتی: محمد اطہر، محلّہ: اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر تین تولہ ۶۱۸ ملی گرام چاندی سے کم مہر باندھا جائے تو شرعاً تین تولہ ۶۱۸ ملی گرام چاندی واجب ہوگی۔

ولو سمیٰ أقل من عشرة فلها العشرة. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر، اشرفي ديوبند۲/۳۲٤)

وتجب العشرة إن سماها أو دونها. (درمختار، كراچي۳/۱۰۲، زكريا٤/۲۳۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱ر جمادی الثانیہ ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/۲۷۲۸)

مہر فاطمی، مہر ام حبیبہؓ اور اقل مہر کی تفصیل

سوال [۵۸۳۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حضور ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہؓ کا کیا مہر متعین کیا تھا اور آپ ﷺ نے اپنی جو شادیاں کی تھیں، ان کا کیا کیا مہر تھا اور اب موجودہ زمانہ میں کم سے کم مہر کی مقدار کیا ہے کہ جس سے نکاح جائز ہوجائے؟ درہم ودنانیر کی مقدار بھی اور اب اس زمانہ میں ان کے کتنے روپئے ہوتے ہیں؟ مذکورہ تمام مہروں کے متعلق تفصیل سے تحریر فرمائیں۔

المستفتی: عبدالعزیز بھرت نگر، دہلی-۶۵

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: راجح اور صحیح قول کے مطابق حضرت فاطمہؓ کا مہر ۵۰۰؍درہم تھا اور اسے مہر فاطمی کہتے ہیں۔ (مستفاد: امداد الفتاوی ۲؍۲۹۵؍ایضاح المسائل ۲۱۹)

حضرت ام حبیبہؓ کے علاوہ تمام ازواج مطہرات کا مہر ۵۰۰؍درہم تھا جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔

عن أبي سلمة بن عبد الرحمنؓ، قال: سألت عائشة زوجة النبي صلى الله عليه وسلم: كم كان صداق رسول الله صلى الله عليه وسلم: قالت كان صداقه لأزواجه ثنتى عشرة أوقية ونشاً. قالت: أتدري ما النش؟ قال: قلت: لا، قالت: نصف أوقية، فتلك خمس مائة درهم؛ فهذا صداق رسول الله صلى الله عليه سلم لأزواجه. (مسلم شريف، كتاب النكاح، باب الصداق وجواز كونه تعليم قرآن الخ ، النسخة الهندية ١/٤٥٨، دارالسلام رقم:١٤٢٦)

حضرت ام حبیبہؓ کا مہر ۴۰۰۰؍درہم تھا، جو نجاشی نے متعین کیا تھا۔

عن الزهري أن النجاشي زوج أم حبيبة بنت أبي سفيان من رسول الله صلى الله عليه وسلم على صداق أربعة آلاف درهم وكتب بذلك إلي رسول الله صلى الله عليه وسلم فتقبل. (ابوداؤد، كتاب النكاح، باب الصداق، النسخة الهندية١/٢٨٧، دارالسلام رقم:٢١٠٨)

مہر کی کم سے کم مقدار دس درہم ہے، اس سے کم مہر نہیں ہوتا۔

أقله عشرة دراهم. (در مختار، كتاب النكاح، باب المهر، زكريا ٤/٢٣٠، كراچي ٣/١٠١)

موجودہ اوزان کے اعتبار سے اقل مہر کی مقدار ۳۰؍گرام ۶۱۸؍ملی گرام چاندی ہے یا جو اتنی چاندی کی قیمت ہو۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

اور مہر فاطمی کی مقدار موجودہ اوزان سے ڈیڑھ کلو ۳۰؍گرام ۹۰۰؍ملی گرام چاندی

یااس کی قیمت ہے۔(مستفاد: ایضاح المسائل ١٣٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفااللہ عنہ
٢٣رمحرم الحرام ١٤١٧ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٣٢/ ٤٦٢٨)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
٢٤/١/ ١٤١٧ھ

اقل مہر اور مہر فاطمی کی مقدار

سوال[٥٨٣٦]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر کی کم سے کم مقدار موجودہ سکۂ رائج الوقت کے حساب سے کتنی ہے؟ مفصل تحریرفرمائیں۔

نیز مہر فاطمی کی موجودہ اوزان کے اعتبار سے کیا مقدار ہے؟

المستفتی: ابوطاہر، بھدائی، پوسٹ: جھکڑا، بردوان (بنگال)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (١) شریعت اسلامی میں مہر کی کم سے کم مقدار حنفی مذہب کے مطابق قدیم اوزان کے اعتبار سے دوتولہ ساڑھے سات ماشہ چاندی ہے۔

(مستفاد: جواہرالفقہ قدیم ٢/ ٤٢٣، جدید زکریا ٣/ ٤٠٩)

اورموجودہ دس گرام کے تولہ کے حساب سے تین تولہ ٦١٨ رملی گرام چاندی ہوتی ہے، اس کی قیمت بازار سے معلوم کرلی جائے۔

(٢) مہر فاطمی کی مقدار ١٢ر ماشہ کے تولہ کے حساب سے ١٣١ر تولہ ٣ر ماشہ ہے اوراس کی مقدار موجودہ اوزان کے حساب سے ڈیڑھ کلو ٣٠ر گرام ٩٠٠ رملی گرام چاندی ہوتی ہے،اس کی قیمت بازار سے معلوم کرلی جائے۔(مستفاد: ایضاح المسائل: ٢١٩) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفااللہ عنہ
١٢رشعبان المعظم ١٤١١ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٢٦/ ٢٣٤٢)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٢/ ٨/ ١٤١١ھ

حضور ﷺ کے زمانہ کے اعتبار سے مہر فاطمی کی مقدار

سوال [۵۸۳۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی کی کیا مقدار ہے؟ حضور ﷺ کے مبارک زمانہ کے رائج سکوں اور وزن کے اعتبار سے اس کی کیا مقدار تھی؟ اور اب ہمارے موجودہ ہندی رائج سکوں اور وزن کے اعتبار سے اس کی کیا مقدار بنے گی؟ تولہ، ماشہ، رتی کے حساب سے کتنی اور کلو، گرام کے حساب سے کتنی درہم، دینار، مثقال، اوقیہ ان عربی اوزان کی ہمارے ہندی اوزان کے اعتبار سے (یعنی تولہ ماشہ رتی یا کلوگرام کے اعتبار سے) کتنی کتنی مقدار ہے؟

المستفتی: محمد عباس، ہلدوانی، لائن-۷

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر فاطمی کی مقدار حضور ﷺ کے مبارک زمانہ کے رائج سکوں اور وزن کے اعتبار سے ۵۰۰/درہم اور تولہ کے حساب سے ۱۳۱/تولہ ۳/ماشہ چاندی تھی اور موجودہ ہندی رائج سکوں اور وزن کے اعتبار سے اس کی مقدار ڈیڑھ کلو ۳۰/گرام ۹۰۰/ملی گرام چاندی ہے۔ اور ایک درہم کی مقدار ہندی مروجہ وزن کے حساب سے ۳/گرام ۳۰۲/ملی گرام چاندی ہے اور ایک دینار کی مقدار ۴/گرام ۳۷۴/ملی گرام سونا ہے۔

مثقال اور دینار کا وزن ایک ہی ہے یعنی مثقال بھی ۴/گرام ۳۷۴/ملی گرام کا ہوتا ہے، صرف یہ فرق ہے کہ دینار سونے کا ایک سکہ ہے اور مثقال ایک وزن کا نام ہے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل: ۲۱۹)

كما في الرعاية مثقال هو لغة مايؤذن به شرعاً إسم للمقدار المعين الذي يقدر به الذهب ونحوه وهو الدينار الواحد؛ لأن الدينار إسم للقعة المضروبة المقدرة. (الرعاية ۱/۲۲۹)

اور ایک اوقیہ ۱۲۲ر گرام ۴۷ر ملی گرام چاندی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵ر محرم الحرام ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴ر ۵۹۹۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۵/۱/۱۴۲۰ھ

مہر فاطمی کی مقدار

سوال [۵۸۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی کی مقدار کتنی ہے تحریر فرما دیں؟

المستفتی: گلفام حسین، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہر فاطمی کی مقدار ڈیڑھ کلو ۳۰ر گرام ۹۰۰ر ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت ۷ر روپیہ فی گرام کے حساب سے دس ہزار سات سو سولہ روپیہ تیس پیسہ ہوں گے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل: ۱۳۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲ر ذی الحجہ ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱ر ۴۲۴۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲/۱۲/۱۴۱۵ھ

مہر فاطمی کی مقدار

سوال [۵۸۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی یعنی مہر شرع پیغمبری کی کیا مقدار ہے؟ تحریر فرمائیں۔

المستفتی: بشیر احمد، محلّہ: پیر غیب، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہر فاطمی ۵۰۰ر درہم ہے، اس کا وزن گراموں

کے حساب سے ڈیڑھ کلو۳۰ رگرام ۹۰۰ رملی گرام چاندی ہے، آج اس کی قیمت گیارہ ہزار چھ سو اٹھائیس روپیہ ہے۔ مستفاد: ایضاح المسائل: ۱۳۰ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷/ صفر المظفر ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۶۱۸/۳۳)

مہر فاطمی کی مقدار کیا ہے؟

سوال [۵۸۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی کی مقدار کیا ہے؟

المستفتی: محمد اکرام، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: صحیح اور راجح اور مفتی بہ قول کے مطابق مہر فاطمی کی مقدار ۵۰۰ ر درہم جس میں ۱۲ / ماشہ کے تولہ کے حساب سے ۱۳۱ / تولہ ۳ / ماشہ ہوتا ہے، یعنی ڈیڑھ کلو۳۰ رگرام ۹۰۰ رملی گرام چاندی ہے اور دس گرام کے تولہ سے ۱۵۳ / تولہ ۹۰۰ رملی گرام چاندی ہے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۳۰)

اور آج دس گرام کی قیمت ۷۲ / روپیہ ہے، تو اس کے حساب سے آج کے دن مہر فاطمی کی قیمت گیارہ ہزار بائیس روپیہ ۴۸ / پیسہ ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۴۴۹/۳۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۵/۸ھ

مہر فاطمی کے دونوں قولوں کا حدیث سے ثبوت

سوال [۵۸۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ مہر فاطمی کے بارے میں جو دو قول ہیں ۴۸۰/درہم اور ۵۰۰/درہم یہ دونوں روایت حدیث کی کس کتاب میں ہیں؟ حوالہ درج فرمائیں۔ نیز یہ فرمائیں کہ ۱۳۱/تولہ ۳/ماشہ اور ۱۵۰/تولہ کی جو مقدار ہے، تو کیا ۴۸۰/درہم کے حساب سے ۱۳۱/تولہ ۳/ماشہ ہوتا ہے اور ۵۰۰/درہم کے حساب سے ۱۵۰/تولہ تحقیقی جواب عنایت فرمائیں۔

المستفتی: ابوالکلام

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہر فاطمی کے بارے میں ۴۸۰/اور ۵۰۰/درہم کے سلسلہ میں جو دو قول مروی ہیں، ان دونوں کا ثبوت کتب حدیث میں موجود ہے؛ چنانچہ ۵۰۰/درہم والی روایت ابن ماجہ شریف ۱۳۷، ابوداؤد شریف ۲۸۷/۱/حاشیہ مشکوۃ شریف ۲۷۷/۱/پر مذکور ہے۔

اور ۵۰۰/درہم کے حساب سے ۱۳۱/تولہ ۳/ماشہ چاندی ہوتی ہے اور ۱۵۰/تولہ کی کوئی روایت موجود نہیں ہے۔ (مستفاد: جواہر الفقہ قدیم ۴۲۴/۱، جدید زکریا ۴۰۹/۳، ۴۱۰، محمودیہ قدیم ۲۲۶/۳، جدید ڈابھیل ۳۰/۱۲) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

الجواب صحیح:	کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ	۸/جمادی الاولیٰ ۱۴۱۹ھ
۱۴۱۹/۵/۱۴ھ	(فتویٰ نمبر: الف ۵۷۴۴/۳۳)

مہر فاطمی ومہر شرعی پیغمبری کی مقدار

سوال [۵۸۴۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمیؓ کی مقدار کیا ہے؟ مہر شرع پیغمبری کی مقدار کیا ہے؟

المستفتی: محمد قاسم جھلارہ، بجنور (یوپی)

جواب منجانب: مدرسہ حبیبہ مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) صورت مسئولہ میں مہر فاطمی ۵۰۰/درہم ہے، ماشہ کے حساب سے ۱۷۵۰/ ماشہ ہے، تولہ کے حساب سے ۲/سوساڑھے بیالیس تولہ ہے۔

(۲) مہر شرعی کم سے کم دس درہم ہے، ماشہ کے حساب سے ۳۵/ ماشہ ہے۔ یعنی ایک ماشہ کم ۳/تولہ۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: اشتیاق حسین عفا اللہ عنہ
۹/ذی الحجہ ۱۴۱۱ھ

جواب منجانب: مدرسہ شاہی مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) مہر فاطمی کی مقدار ۵۰۰/درہم چاندی ہے اور بارہ ماشہ کے تولہ کے حساب سے ایک سو اکتیس تولہ تین ماشہ چاندی ہوتی ہے۔ اور موجودہ گراموں کے حساب سے ڈیڑھ کلو ۳۰/گرام ۹۰/ملی گرام چاندی ہے اور دس گرام کے تولہ کے حساب سے ۱۵۳ تولہ ۹۰۰/ملی گرام ہوتی ہے۔ (مستفاد: جواہر الفقہ ۱/۴۲۴)

(۲) اگر مہر شرع پیغمبری سے اقل مہر مراد ہے، تو اقل مہر دس درہم ہیں اور ۱۲/ ماشہ کے تولہ کے حساب سے ۲/تولہ ساڑھے سات ماشہ ہے۔ (مستفاد: جواہر الفقہ قدیم ۱/۴۲۳، جدید زکریا ۳/۴۰۹-۴۱۰)

اور موجودہ گراموں کے حساب سے ۳۰/گرام ۶۱۸/ملی گرام ہے اور دس گرام کے تولہ کے حساب سے تین تولہ ۶۱۸/ملی گرام چاندی ہوتی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ذی الحجہ ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/۲۴۸۰)

مہر فاطمی کی مقدار پر تحقیقی جواب

سوال [۵۸۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مؤرخہ ۲۷/نومبر ۱۹۸۸ء بروز اتوار محمد ارشد امروہوی کا نکاح شگفتہ ساکن: محلّہ کسرول مرادآباد کے ساتھ آپ نے پڑھایا تھا، اس وقت مہر فاطمی کا تذکرہ چلا آپ نے اس کی تعداد ۱۳۱/تولے چاندی سکہ تسلیم کی، دوران گفتگو میں یہ بندہ احقر بھی داخل ہوگیا تھا، میں نے ۱۵۰/تولہ چاندی بتلائی تھی، آپ نے پیچھے مڑکر دیکھا اور جواب دیا کہ ہم نہیں جانتے یہ غلط ہے یہ آپ کا جواب تھا، اس جواب کے بجائے اگر مجھ سے اس کا حوالہ طلب فرمالیتے تو پتہ ہوجاتا؛ لہٰذا دیوبندی ہی مکتب فکر کی کتاب ''ایک عالمی تاریخ''، جس کے مصنف مولانا محمد عثمان معروفی اعظم گڈھ یوپی ص: ۳۳۳/ سے مہر فاطمی تحریر کرتا ہوں۔

(۱) ۵۰۰/درہم، ایک سوساڑھے ستاون روپیہ بھر چاندی۔

(۲) ۴۸۰/درہم ۱۵۱/روپیہ بھر اور دو ماشہ چاندی۔

(۳) ۴۰۰/درہم =۱۲۶/روپیہ بھر چاندی۔

(۴) ۴۰۰/مثقال ۱۸۰/روپیہ بھر چاندی یا ۱۵۰/تولہ۔

نوٹ: ملاعلی قاری نے چوتھے قول کو راجح کہا ہے۔ (مرقاۃ شرح مشکوۃ) آپ جواب ضرور دیں!

المستفتی: توفیق احمد قادری، چشتی، مالک نیشنل بکڈپو امروہہ ضلع: مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ کا ارسال کردہ خط پڑھ کر جواب نہ دینے اور خاموشی اختیار کرنے کا ارادہ کرلیا تھا؛ کیونکہ خاکسار نے اپنے لئے یہ طریقہ بنالیا ہے کہ اگر کوئی کچھ کہدے تو فوراً دل میں یہ سوچ لیتا ہے کہ اگر واقعی کہنے والے نے صحیح کہا ہے تو اس

کو اپنے لئے باعث اصلاح سمجھ لیتا ہے اور اگر کہنے والے نے غلط کہا ہے، تو اپنے آپ کو یہ تسلی دیدیتا ہے کہ کہنے والے نے جو کچھ کہا ہے، تو اس کا کچھ اثر خاکسار پر نہیں پڑسکتا، کہنے دو لیکن آپ نے اپنی تحریر میں جواب دینے پر زور دیا ہے، اس لئے جواب لکھنے پر مجبور ہو رہا ہے اولاً آپ کو ۲۷/نومبر کی گفتگو کے دوران جو باتیں ہوئی تھیں، ان کی ایک ایک کرکے یاددہانی کرانی مناسب سمجھتا ہے، بوقت نکاح خوانی بعض احباب نے احقر سے مہر فاطمی کی مقدار معلوم کی تھی، تو احقر نے اس کی مقدار ۱۳۱/تولہ ۳/ماشہ چاندی بتلائی تھی، اس پر آپ نے علم الفقہ کے حوالہ سے ۱۵۲/تولہ چاندی بیان کی تھی نہ کہ ۱۵۰/تولہ، بقول آپ کے آپ قوی الحافظہ ہیں؛ اس لئے آپ کو ایک ایک جملہ یاد ہوگا اور احقر نے علم الفقہ میں ۱۵۲/تولہ ہونے کا انکار کیا تھا۔

نیز احقر نے یہ بھی کہا تھا کہ ۱۵۲/تولہ اگر آپ نے کسی کتاب میں دیکھا ہے، تو وہ نصاب زکوۃ کے سلسلہ میں ہوگا، آپ کو اشتباہ ہو رہا ہے، پھر آپ کے اصرار پر احقر نے کہا تھا کہ اگر علم الفقہ میں ۱۵۲/تولہ لکھا ہے تو وہ غلط ہوگا، اس پر آپ نے خط کے ذریعہ سے علم الفقہ کا حوالہ پیش کرنے کا وعدہ کیا تھا، تو احقر نے کہا تھا کہ علم الفقہ مدرسہ شاہی میں بھی ہے، تب اس وقت بعض احباب نے یہ کہا تھا کہ توفیق احمد صاحب بہت کتابیں رکھنے والے آدمی ہیں، تو احقر نے کہا تھا کہ شاہی تشریف لائیں، وہاں بھی بہت ساری کتابیں ہیں، اب آپ پر تعجب ہے کہ اتنا حافظہ ہونے کے باوجود زیر بحث کتاب بھول گئے اور ۱۵۲/تولہ کے بجائے ۱۵۰/تولہ یاد رہا- تاہم علم الفقہ کے حوالہ کے دعوی کا تو آپ شاید انکار نہ فرمائیں گے، تو عرض ہے کہ علم الفقہ میں نہ تو ۱۵۲/تولہ کا ذکر ہے اور نہ ہی ۱۵۰/تولہ کا؛ بلکہ اس میں تو ۱۰۴/تولہ ۲/ماشہ کا ذکر ہے ملاحظہ ہو علم الفقہ ۸۱/۶۔

مہر فاطمی کی تعیین کے سلسلہ میں بہت اقوال ہیں، ان میں سے مشہور ترین ۱۰/اقوال معتبر ترین کتب حدیث وفقہ سے پیش کئے جاتے ہیں۔

نمبر ۱: ۵۰۰/درہم ساڑھے ایک سوستاون روپیہ، ۱۳۱/تولہ ۳/ماشہ چاندی۔

(مستفاد: جواہر الفقہ قدیم ۱/۴۲۴، جدید زکریا ۳/۴۰۸، ۴۰۹، حاشیہ امداد الفتاوی مطبوعہ دیوبند ۲/۳۰۷، حاشیہ فتاوی محمودیہ قدیم ۳/۲۲۶، جدید ڈابھیل ۱۲/۳۰، بحوالہ اوزان شرعیہ و حاشیہ بہشتی زیور ۴/۱۲، حاشیہ فتاوی دار العلوم ۸/۲۷۷، تنظیم الاشتات شرح مشکوۃ ۳/۳۲۳، ایک عالمی تاریخ ۳۳/قول اول)

نمبر ۲: ۴۸۰/درہم ۱۵۱/روپیہ ۲/ماشہ ۱۲۶/تولہ چاندی۔ (ترمذی شریف، کتاب النکاح، باب مہر النساء، النسخۃ الہندیۃ ۱/۲۱۱، دار السلام رقم: ۱۱۱۴، سنن أبي داؤد، کتاب النکاح، باب الصداق، النسخۃ الہندیۃ ۱/۲۸۷، دار السلام رقم: ۲۱۰۵، ابن ماجہ شریف، کتاب النکاح، باب صداق النساء، النسخۃ الہندیۃ قدیم ۱/۱۳۳، دار السلام رقم: ۱۸۸۶، مشکوۃ ۲/۲۷۷، مرقاۃ، کتاب النکاح، باب الصداق، امدادیہ ملتان ۶/۲۴۶، مصنف عبد الرزاق، المجلس العلمی بیروت ۶/۱۷۷، رقم: ۱۰۴۰۷، احسن الفتاوی ۵/۳۱، ایک عالمی تاریخ ۳۳/قول ثانی)

نمبر ۳: ۴۰۰/درہم ۱۲۶/روپیہ ۱۰۵/تولہ چاندی۔ (ایک عالمی تاریخ ۳۳/قول ثالث)

(عمدة القاري، كتاب النكاح، باب قول الله تعالىٰ: وآتوا النساء صدقاتهن نحلة. (دار إحيار التراث العربي بيروت ۱۳۷/۲۰، زكريا ۱۴/۱۰۲، شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۳/۱۰۱، زكريا ۴/۲۳۱، فتح القدير، درا الفكر بيروت ۳/۳۱۸، كوئٹه ۳/۲۰۶، زكريا ۳/۳۰۶، اشعة اللمعات ۳/۱۲۶)

نمبر ٤: ۴۰۰/مثقال ۱۸۰/روپیہ، ۱۵۰/تولہ چاندی۔ (مرقاۃ ملتانی، امدادیہ ملتان ۶/۲۴۶، فتاوی رحیمیہ قدیم ۶/۴۴۴، جدید زکریا ۸/۲۳۱، فتاوی محمودیہ قدیم ۳/۲۱۵، جدید ڈابھیل ۱۲/۲۷، احسن الفتاوی ۵/۳۱، ایک عالمی تاریخ ۳۳/قول رابع)

نمبر ۵: ۵۰۰/درہم، ۱۴۵/تولہ دس ماشہ۔ (امداد المفتیین ۳/۲۰۱، جدید نسخہ ۵۶۴)

نمبر ٦: ۵۰۰/درہم، ۱۳۲/تولہ کے قریب۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۳/۲۲۶، جدید ڈابھیل ۱۲/۳۰، فتاوی رحیمیہ قدیم ۶/۴۴۵، جدید زکریا ۸/۲۳۲، نظام الفتاوی ۱/۳۹۵)

نمبر ۷: ۴۰۰/مثقال، ۱۰۴/تولہ، ۲/ماشہ۔ (علم الفقہ ۶/۸۰)

نمبر ۸: ۵۰۰/درہم، ۱۳۵/روپیہ کچھ پیسے۔ (مستفاد: امداد الفتاوی دیوبند

۲/۳۰۷، مطبوعہ، کراچی ۲/۲۹۵)

نمبر ۹: ۵۰۰/درہم، ۱۴۰/تولہ چاندی کے برابر ہے۔ (نظام الفتاوی ۱/۳۹۵)

نمبر ۱۰: ۱۹/مثقال سونا۔ (مرقاۃ، امدیہ ملتان ٦/٢٤٦، یہ قول علماء کے نزدیک مردود ہے)

حضرت ملا علی قاری کی عبارت میں قول رابع کے لئے وجہ ترجیح کا کوئی لفظ نہیں ہے؛ بلکہ حضرت مولانا عثمان صاحب معروفی مدظلہ نے مفہوم مخالف سے ترجیح کا مطلب نکالا ہے۔ حضرت ملا علی قاریؒ کی عبارت ذیل میں درج ہے۔

ثم ذكر السيد جمال الدين المحدث في روضة الأحباب: أن صداق فاطمة كان أربع مائة مثقال فضة، والجمع أن عشرة دراهم سبعة مثاقيل مع عدم اعتبار الكسور؛ لكن يشكل نقل ابن الهمام أن صداق فاطمة كان أربع مائة درهم وعلى كل فما اشتهر بين أهل مكة من أن مهرها تسعة عشرة مثقالاً من الذهب فلا أصل له. (مرقاة، امديه ملتان ٦/٢٤٦)

حضرت کی عبارت میں کہیں بھی الفاظ ترجیح میں سے کوئی بھی لفظ نہیں ہے؛ بلکہ ۱۹/مثقال سونا مہر فاطمی ہونے پر رد فرمایا ہے، اور مذکورہ اقوال میں سے ۱۹/مثقال سونے کا قول علمائے محققین میں سے کسی نے بھی نہیں لیا ہے، اور نہ ہی حضرات اکابر اہل فتاوی میں سے کسی نے اس قول کو نقل فرمایا ہے اور حضرت ملا علی قاری نے سارے اقوال نقل بھی نہیں فرمائے ہیں اور مختلف اقوال میں سے کسی ایک قول کو ترجیح دینے کے لئے حضرات فقہاء کے یہاں کچھ الفاظ مخصوص ہیں، ان میں سے سولہ الفاظ جو مشہور ہیں ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:

١. عليه الفتوىٰ. ٢. وبه يفتى. ٣. وبه نأخذ ٤. وعليه الاعتماد. ٥. وعليه عمل اليوم. ٦. وعليه عمل الأمة. ٧. وهو الصحيح. ٨. وهو الأصح. ٩. وهو الأظهر. ١٠. وهو لمختار في زماننا. ١١. وفتوى مشائخنا. ١٢. وهو الأشبه. ١٣. وهو الأوجه. ١٤. وهو الأحوط. ١٥. هو الأولىٰ. ١٦. وهو الأرفق (عقود رسم المفتى معرىٰ:٣٢، محشىٰ:٨٦)

ان میں سے کسی بھی لفظ سے حضرت ملا علی قاریؒ نے وجہ ترجیح بیان نہیں فرمائی ہے؛

بلکہ حضرت نے صرف علامہ جمال الدین محدث اور صاحب مواہب کی عبارت نقل فرما کر ۱۹/مثقال سونے کے قول پر رد فرمایا ہے، جو اوپر نقل کردہ اقوال میں سے قول ۱۰/ ہے، اس سے آگے وجہ ترجیح کے سلسلہ میں کچھ نہیں فرمایا؛ لہٰذا حضرت اقدس مولانا عثمان صاحب معروفی دامت برکاتہم نے جو وجہ ترجیح ملا علی قاریؒ کی طرف منسوب فرمائی ہے، اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔

نیز حضرت ملا علی قاریؒ خود اس مقام پر آکر الجھ گئے ہیں؛ چنانچہ انہوں نے مہر فاطمی کے بارے میں دو قول نقل فرمائے ہیں۔قول اول: ۴۸۰/درہم. قول ثانی: ۴۰۰/مثقال. پھر دونوں میں تطبیق دینے کے لئے فرمایا کہ اگر دس درہم کو سات مثقال کے برابر قرار دیا جائے تو ۴۸۰/درہم اور ۴۰۰/مثقال کا وزن برابر ہو جاتا ہے؛ حالانکہ دس درہم کو سات مثقال کے برابر قرار دیا جائے تو ۴۸۰/درہم ۴۰۰/مثقال کے برابر نہیں ہوتے ہیں؛ بلکہ ۴۸۰/درہم کا وزن ۳۳۶/مثقال کے برابر ہوتا ہے؛ اس لئے اہل فتاوی اور اکابر مفتیان کی تحقیقات پر عمل کرنا لازم ہوگا؛ چنانچہ حضرت تھانوی قدس سرہ کی تحقیق ۵۰۰/درہم کی ہے، امداد الفتاوی، کراچی ۲/۲۹۵، مطبوعہ دیوبند ۲/۳۰۷، جو کہ ۱۳۱/تولہ ۳/ماشہ کے برابر ہوتا ہے، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب سابق مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند نے شروع میں امداد المفتین میں ۱۴۵/تولہ ۱۰/ماشہ کا فتوی دیا تھا، امداد المفتین ۳/۲۰۱، پھر بعد میں غایت درجہ کی تحقیق کے بعد رسالہ اوزان شرعیہ لکھا اور اس میں ۱۳۱/تولہ ۳/ماشہ چاندی پر فتوی دیا اور آخر تک اسی پر قائم رہے۔(مستفاد: جواہر الفقہ ۱/۴۲۴)

اسی طرح حضرت مفتی اعظم ہند حضرت مفتی محمود حسن صاحب دامت برکاتہم نے کسی زمانہ میں ۱۵۰/تولہ چاندی پر فتوی دیا تھا، پھر بعد میں ۱۳/ربیع الاول ۱۳۹۱ھ میں ۱۳۲/تولہ کے قریب چاندی پر فتوی دیا ہے۔(مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۳/۲۲۶، جدید ڈابھیل ۱۲/۳۰)

اور اس کے حاشیہ میں ۱۳۲/تولہ کے قریب کا مطلب جواہر الفقہ کے اندر اوزان شرعیہ نام کا

رسالہ مراد ہے کے حوالہ سے ۱۳۱/ تولہ ۳/ ماشہ واضح فرمادیا ہے، نظام الفتاوی میں بھی ۱۳۲/ کے قریب کہنے کا یہی مطلب ہے؛ لہٰذا راجح یہی ہے کہ مہر فاطمی ۵۰۰/ درہم ہے موجودہ گراموں کے حساب ڈیڑھ کیلو ۳۰/ گرام اور ۹۰۰/ ملی گرام چاندی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/ ۱۲۳۷)

مہر کی ادائیگی کی شرعاً کیا حیثیت ہے؟

سوال [۵۸۴۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مہر کی ادائیگی کی شرعاً کیا حیثیت ہے؟

المستفتی: محمد انس قاسمی، ہردوئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر کی ادئیگی معجّل (نقد) ہونے کی صورت میں شوہر پر فی الفور واجب ہے اور مؤجل (ادھار) ہونے کی صورت میں تاخیر کی گنجائش ہے؛ لیکن اس کا ادا کرنا شوہر پر بہرصورت لازم اور ضروری ہے، حتی کہ مہر ادا کئے بغیر شوہر کے انتقال کرجانے کی صورت میں تجہیز وتکفین کے بعد تقسیم ترکہ سے پہلے اولاً بیوی کا مہر ادا کیا جائے گا۔

ثم عرف المهر في العناية اسم للمال الذي يجب في عقد النكاح على الزوج في مقابلة البضع. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۳/ ۱۰۰، زكريا ٤/ ۲۳۰)

موجب النكاح عند الإطلاق لتسليم المهر، أولا عيناً، أو ديناً. (حاشية سعدي، چلبي مع فتح القدير، كوئٹه ۳/ ۲٤۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۱۴۶۹)

مہر معجّل اولیٰ ہے یا مؤجل؟

سوال [۵۸۴۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بوقت عقد یا بعد العقد شرعاً وعقلاً مہر معجّل اولیٰ وافضل ہے یا مہر مؤجل؟

المستفتی: مظاہر حسین، بلاس پور، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شرعاً وعقلاً ہر اعتبار سے مہر معجّل افضل اور اولیٰ ہے۔

لأن المعجل خير من المؤجل. (هداية، كتاب الصلح، باب الصلح في الدين، اشرفی دیو بند ۳/ ۲۵۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ر صفر المظفر ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۶۴۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲/۴/ ۱۴۱۷ھ

مہر معجّل، مؤجل اور مہر عند الطلب کسے کہتے ہیں؟

سوال [۵۸۴۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر مؤجل کیا اور مہر معجّل کسے کہتے ہیں؟

(۱) مہر معجّل کس وقت ادا کیا جائے اور مہر مؤجل کس وقت ادا کرنا چاہئے؟

(۳) نیز مہر عند الطلب کسے کہتے ہیں؟

المستفتی: چودھری عبد الباری، محلّہ: اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر مؤجل وہ ہے جو بعد میں ادا کرنا طے پایا ہو اور مہر معجّل وہ ہے جو فی الحال ادا کرنا طے پایا ہو۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۸/ ۲۴۹)

(۲) مہر معجّل ہمبستری ہوتے ہی ادا کرنا شوہر پر لازم ہوتا ہے اور مہر مؤجل کے لئے

اگرکوئی وقت مقرر نہیں کیا گیا ہے، تو موت یا طلاق کے وقت ادا کرنا لازم ہوتا ہے، اس سے قبل لازم نہیں۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۸/۲۸۵، ۸/۲۷۴)

ولم يذكر الوقت للمؤجل (إلى قوله) ويقع ذلك على وقت وقوع الفرقة بالموت، أو بالطلاق. (فتاوى عالمگيري، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل الحادي عشر، زكريا ١/٣١٨، جديد زكريا ١/٣٨٤ الموسوعة الفقهية ٣٩/١٦٦)

(۳) مہر عند الطلب جس کے بارے میں یہ طے کر لیا جائے کہ عورت جب مطالبہ کرے گی اس وقت ادا کرنا ہوگا۔

والذي عليه العادة في مثل هذا التأخير إلى اختيار المطالبة. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، زكريا ٤/٢٩٢، كراچي ٣/١٤٥-٢/٤٩٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ ربیع الاول ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۳/۵۸۳)

مہر مؤجل ومعجّل کا حدیث سے ثبوت

سوال [۵۸۴۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر معجّل ومہر مؤجل کیا یہ آپ کے زمانے سے ثابت ہے؟ اس بارے میں اگر کوئی صریح حدیث ہو، تو رہنمائی فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں۔

المستفتی: عبد اللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر معجّل کا مطلب یہ ہے کہ نقد اور فوری ادا کیا جائے، اور مہر مؤجل کا مطلب یہ ہے کہ ادھار مقرر کیا جائے، دور صحابہؓ میں مہر معجّل کا دستور تھا، پہلے ہی ادا کرنے کا رواج تھا اور یہی دستور آج تک جزیرۃ العرب میں جاری ہے، وہاں نکاح سے پہلے پہلے مہر ادا کر دیا جاتا ہے کم از کم عقد نکاح کے وقت ادائیگی

ضروری سمجھی جاتی ہے؛ لیکن مہر عورت کا ایک واجبی حق ہے جو مرد کے اوپر لازم ہوتا ہے اور انسان کے ساتھ مجبوریاں لاحق ہوتی ہیں؛ لہٰذا اگر شوہر فوری ادا کرنے پر قادر نہیں ہے، تو شریعت نے ادھار کی گنجائش رکھی ہے۔

قال اللہ تعالی: وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ. [بقرہ: ۲۸۰]

اگر فوری ادا کرنے پر قادر نہیں ہے تو قدرت کے وقت تک کے لئے مہلت دینے کی گنجائش ہے اور حضرات فقہاء نے اس کی بھی تصریح کردی ہے کہ ادھار کی مدت اگر متعین نہیں کی گئی ہے، تو صحیح ہے یا نہیں؟ تو قول راجح کے مطابق صحیح اور درست ہے؛ البتہ صریح حدیث شریف میں ادھار کا ذکر صراحت کے ساتھ دستیاب نہ ہوسکا۔

فقہی جزئیات ملاحظہ فرمائیں:

ثم لا خلاف لأحد أن تأجيل المهر إذا كان إلى غاية معلومة نحو شهر، أو سنة، إنه صحيح وإن كان لا إلي غاية معلومة، فقد اختلف المشائخ فيه بعضهم قالوا: لا يصح. وبعضهم قالوا: يصح وهو الصحيح. (تاتار خانية، زكريا، كتاب النكاح، فصل في المهر ٤/ ١٩١، رقم: ٥٩٣٠)

ولو قال نصفه معجل و نصفه مؤجل كما جرت العادة في ديارنا، ولم يذكر الوقت للمؤجل اختلف المشائخ فيه قال بعضهم: لا يجوز الأجل ويجب حالاً، كما إذا قال: تزوجتکِ على ألف مؤجلة. وقال بعضهم: يجوز ويقع ذلک على وقت وقوع الفرقة بالطلاق، أو الموت.

(بدائع الصنائع، زكريا ٢/ ٥٨٠، کوئٹہ ٢/ ٢٨٨، بيروت ٣/ ٥١٥، كراچي ٢/ ٢٨٩)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸ محرم الحرام ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۶۸۴)

مہر معجّل ومؤجل میں فرق

سوال [۵۸۴۸]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بروقت نکاح جومہر مقرر کیا جاتا ہے، اس میں مہر معجّل وغیر معجّل یعنی مؤجل میں کیافرق ہے؟ تفصیل کے ساتھ وضاحت فرمائی جائے۔

المستفتی: حاجی صداقت حسین، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر مؤجل اس کوکہا جاتا ہے، جس کوفوری دینے کی شرط نہیں ہے اوراس کوادھارمہر بھی کہا جاتا ہے اورمہر معجّل اس کو کہتے ہیں، جس مہر کی فوری ادائے گی کا شوہر نے وعدہ کیا ہو یا عرف میں جتنی مقدار کوعلی الفور دیناضروری سمجھا جاتا ہو اوراگرفوری ادانہیں کیا ہے، تو عورت کے مطالبہ پرفوری ادا کرنا لازم ہو جاتا ہے اور ادا نہ کرنے کی صورت میں عورت کو یہ حق پہونچتا ہے کہ شوہر کے پاس نہ جائے۔

ولها منعه من الوطء......لأخذ ما بين تعجيله، أو أخذ قدر ما يعجل لمثلها عرفاً. (تنوير الأبصار، كراچي ۳/۱٤۳، زكريا٤/ ۲۹۰- ۲۹۱)

فإن كان قد شرط تعجيل كله، فلها الامتناع حتى تستوفيه كله.

(الموسوعة الفقهية ۳۹/ ۱٦٦)

وإن فرض الصداق مؤجلاً، أو فرض بعضه مؤجلاً إلى وقت معلوم، أو إلى أوقات كل جزء منه إلى وقت معلوم صح. (الموسوعة الفقهية ۲۹/ ۱٦۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفااللہ عنہ
۲۱ رصفرالمظفر ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸/ ۹۸۹۴)

مہر مؤجل ومعجّل کی ادائیگی کا طریقہ

سوال[۵۸۴۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر معجّل کی ادائیگی کس طرح ہوگی؟ اور غیر معجّل کی ادائیگی کا طریقہ کیا ہوگا؟

المستفتی: حاجی صداقت حسین، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر معجّل کی ادائیگی عورت کے مطالبہ پر فوری لازم ہوجاتی ہے اور ہر مؤجل کی ادائیگی مطالبہ پر لازم نہیں ہوتی؛ بلکہ شوہر اپنی سہولت اورآسانی سے ادا کرتا رہے گا۔

وإن فرض الصداق مؤجلاً، أو فرض بعضه مؤجلاً إلی وقت معلوم، أو إلی أوقات کل جزء منه إلی وقت معلوم صح، وهو إلی أجله وإن أجل الصداق ولم یذکر محل الأجل صح و محله فرقة البائنة. (الموسوعة الفقهية ۳۹/ ۱۶۸)

فإن کا ن قد شرط تأجیل کله، فلها الامتناع حتی تستوفیه کله. (الموسوعة الفقهية ۳۹/ ۱۶۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱ رصفر المظفر ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۸۹۴/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۲/۲۱ھ

مہر میں اشرفی کی جگہ روپئے، پیسے دینا

سوال[۵۸۵۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے مہر میں تین اشرفی متعین کی اشرفی کا دور ختم ہونے کی وجہ سے

شوہراپنی بیوی کواختیار دیتاہے کہ بتاؤ بعوض اشرفی تم کتنے روپے لوگی، اگر بیوی تین یاپانچ یادس ہزارروپے پرراضی ہوجائے،تو مہرادا ہوگی یانہیں؟ اشرفی کی قیمت اوراس کی مقدار بتائیں؟

المستفتی: محمد جہانگیر، محلّہ: شیام نگر، میرٹھ (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایک اشرفی کاوزن ایک مثقال کے برابر ہے اورایک مثقال میں چار گرام ۳۷۴/ملی گرام ہوتا ہے؛ لہٰذا ۳۱۳/اشرفی کی مقدار ۱۳۱۳/ہزار ایک سو بائیس، ملی گرام ہوا، جس میں ایک تولہ تین گرام ایک سو بائیس ملی گرام بنتا ہے، اس کی قیمت آج کے زمانہ میں تیس ہزار روپیہ سے اوپر ہی ہوگی اور بیوی تین اشرفی کی قیمت کی مستحق ہے جو۳۰-۳۱/ ہزارروپیہ کی بنتی ہے، وہی ادا کرنا شوہر پرلازم ہےاور دھوکہ دے کر کم ادا کرنے سے بقیہ ذمہ سے ساقط نہ ہوگا۔ (مستفاد: محمودیہ ڈابھیل۱۲/۴۰، فتاوی دارالعلوم ۸/۴۲۵، جواہرالفقہ قدیم ۱/۴۲۳، جدید زکریا ۳/۴۰۹)

المثقال هو الدينار عشرون قيراطاً، والدرهم أربعة عشر قيراطاً، والقيراط خمس شعيرات. (هندية، كتاب الزكاة، الباب الثالث في زكاة الذهب والفضة، زكريا ۱/۱۷۹، جديد زكريا ۱/۲٤٠)

فلو كسدت وصار النقدغيرها، فعليه قيمتها يوم كسدت على المختار. (شامي، كراچي ۳/۱۰۲، زكريا ٤/۲۳۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵/ربیع الثانی ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/۱۰۶۶۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۵/۴/۱۴۳۳ھ

شب زفاف میں بیوی کوبطور گفٹ کوئی چیز دینا

سوال [۵۸۵۱]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح میں مہر مؤجل یعنی ادھار ہے، تو جب بیوی کے پاس جائے اگر اس

وقت گفتگو کرنے سے قبل کوئی سامان بطور گفٹ دیدے، تو اس کا شرعاً کیا حکم ہے؟ اور بیوی سے کچھ دئے بغیر ملاقت کرنا کیسا ہے؟ حدیث سے اس کا ثبوت ہے یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح میں مہر مؤجل ہونے کی صورت میں جب بیوی کے پاس جائے، تو گفتگو کرنے سے قبل کوئی سامان بطور گفٹ دیدیا، تو یہ بہتر ہے تاکہ بیوی مانوس ہوجائے؛ البتہ کچھ دیئے بغیر گفتگو کرنا بھی درست ہے۔ حدیث شریف میں دونوں طرح کا حکم ثابت ہے۔

عن ابن عباس قال: لما تزوج عليٌّ فاطمة، قال له رسول الله صلى الله عليه وسلم: أعطها شيئاً. قال: ما عندي شيئ؟ قال: أين درعک الحطمية.
(ابو داؤد شریف، كتاب النكاح، باب في الرجل يدخل بامرأته قبل أن ينقدها، النسخة الهندية ۱/۲۸۹، دارالسلام رقم:۲۱۲۵)

أعطها شيأ ولعله صلى الله عليه وسلم أمره بذلک أن يعطيها بطريق المهر المعجل تأنيسالها وجبرا لخاطرها. (بذل المجهود، قديم سهارنپور ۳/۲۴۷، جديد دارالبشائر الإسلامية ۸/۵۴)

عن عائشة قال: أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أدخل امرأة على زوجها قبل أن يعطيها شيئًا. (ابوداؤد شریف، النسخة الهندية ۱/۲۹۰، دارالسلام رقم:۲۱۲۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳؍صفر المظفر ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۴۵۱/۴۰)

شب عروسی میں مہر کا تذکرہ کیسے کریں؟

سوال[۵۸۵۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل

کے بارے میں: کہ نکاح ہونے کے بعد شب عروسی میں مہر کا تذکرہ کیسے لایا جائے، مثلاً مہراس قدر ہے کہ اس کولڑکا فی الوقت ادانہیں کرسکتا ہے یا مہر تو کم ہے؛ لیکن لڑکے کے پاس کچھ نہیں ہے، اس کا کیا طریقہ ہوگا؟

المستفتی: محمد فیض خاں، مفتاحی دہلوی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر پورا مہر مؤجل اور ادھار ہے تو شب عروسی میں تذکرہ کی ضرورت نہیں۔ اور اگر معجّل اور فوری ادا کرنے کی شرط ہے، تو مہر کا تذکرہ کرنا چاہئے، اگر فوری ادا کرنے کی طاقت نہیں ہے، تو بیوی سے مہلت لے لے اور اگر اکٹھا ادا کرنے کی کسی طرح ہمت نہیں ہے، تو قسطوار ادا کرنے کے لئے حسب گنجائش طے کرلیا جائے اور اسی کے مطابق ادا کرتا رہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۸/۳۲۳)

وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ. [بقرہ: ۲۸۰] فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ	الجواب صحیح:
۲ ربیع الثانی ۱۴۱۳ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/ ۳۱۱۲)	۱۴۱۳/۴/۲ھ

مہر ہمبستری سے پہلے دی جائے یا بعد میں؟

سوال [۵۸۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ عورت کے ساتھ ہمبستری ہونے سے پہلے مہر ادا کرسکتے ہیں یا نہیں؟ اور ہمبستری ہونے کے بعد مہر ادا کیا تو مہر ادا ہوگا یہ نہیں؟

المستفتی: انور میاں، محلّہ: اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مہر معجّل مقرر ہوا ہے، تو ہمبستری سے پہلے ادا کرنا واجب ہے یہاں تک کہ مہر ادا نہ کرنے کی صورت میں بیوی کو اختیار رہو گا کہ جب تک

مہر ادا نہ کرے شوہر کو اپنے پاس نہ آنے دے۔

نیز ہمبستری کے بعد ادا کرنے سے بھی مہر شرعاً ادا ہوجاتا ہے۔ (مستفاد: فتاوی دار العلوم ۲۴۸/۸)

عن ابن عباس قال: لما تزوج عليٌ فاطمة، قال له رسول الله صلى الله عليه وسلم: أعطها شيئًا. قال: ما عندي شيئ؟ قال: أين درعك الحطمية. (سنن أبي داؤد، كتاب النكاح، باب في الرجل يدخل بامرأته قبل أن ينقدها، النسخة الهندية ٢٨٩/١، دارالسلام رقم:٢١٢٥)

للمرأة منع نفسها من وطء الزوج وإخراجها من بلادها حتى يوفيها مهرها الخ. (البحر الرائق، كتاب النكاح، باب المهر، كوئٹه ١٧٦/٣، زكريا ٣٠٨/٣، فتاوى شامي، كراچي ١٤٣/٣، مصري٤٩٢/٤، الموسوعة الفقهية الكويتية ١٧٠/٣٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍ جمادی الثانیہ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/ ۱۲۵۵)

ادائیگی مہر سے قبل بیوی سے ہمبستری کرنا

سوال [۵۸۵۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بغیر مہر ادا کئے بیوی سے ملنا کیسا ہے، اگر چہ بعد میں مہر ادا کرنے کی نیت ہو؟

(۲) اور اگر مہر ادا کرنیکی نیت نہ ہو تو اس صورت میں بیوی سے ملنا کیسا ہے؟ بالتفصیل باحوالہ تحریر فرمائیں عین نوازش ہوگی۔

المستفتی: محمد وثیق الرحمٰن پورنوی، مقام ایچاله، پوسٹ: محمدیہ، وایا: قصبہ، پورنیہ (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بغیر مہر ادا کئے بیوی سے ہمبستری کرنا جائز

ہے؛ البتہ بیوی کو مہر کی بناء پر ہمبستری سے شوہر کو منع کرنے کا حق حاصل ہے، اگر مہر معجّل باندھا گیا ہے۔

ولها منعه من الوطء ودواعيه (إلى قوله) لأخذ مابين تعجيله .

(الدر المختار، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ٣/١٤٣، زكريا٤/ ٢٩٠)

(۲) اگر مہر ادا کرنے کی نیت نہ ہو اور ادا نہ کرے تو اس کا گناہ شوہر پر ہوگا؛ لیکن ہمبستری ناجائز نہ ہوگی؛ کیونکہ ہمبستری کے جواز کے لئے صرف نکاح شرط ہے اور نکاح ہو چکا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸ ر صفر المظفر ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷/ ۲۵۶۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۲/۲/۲۸ھ

مہر معجّل میں برضا قدرت دینے کے بعد دوبارہ منع کرنے کا حق نہیں

سوال [۵۸۵۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا ہندہ کے ساتھ پانچ ہزار روپیہ سکۂ رائج الوقت کے عوض نکاح ہوا، مذکورہ مہر معجّل مقرر کیا گیا، ایک صورت یہ ہے کہ شب زفاف میں ہندہ اپنے آپ کو برضا ورغبت بغیر مطالبہ بھی زید کے سپرد کردیتی ہے اس شکل میں واقع ہونے والی وطی درست ہے یا ناجائز؟

(۲) دوسری صورت یہ ہے کہ مہر معجّل ہونے کی بنیاد پر ہندہ اپنے اوپر زید کا تصرف ہونے سے روکتی ہے اور پھر مہر معجّل کا مطالبہ کرتی ہے، مگر زید قوی ہونے کی وجہ سے جبراً اس پر غلبہ پالیتا ہے اور چار و ناچار وطی واقع ہو جاتی ہے، صورت مذکورہ میں یہ وطی جائز قرار پائے گی یا ناجائز یا حرام؟ بحوالہ کتاب نقل فرمائیں۔

المستفتی: مختار حسین، سہس پور، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: درست اور حلال ہے، نیز جب برضا ورغبت شوہر کو وطی پر قدرت دی ہے، تو آئندہ وطی سے ممانعت نہیں کرسکتی۔

الخلاف فيما إذا كان الدخول برضاها الخ. (هداية، اشرفی ديوبند ٢/ ٣٣٤)

وتحته في البناية: فعند أبي حنيفة إذا منعت نفسها بعد الدخول لاتسقط نفقتها؛ لأن المنع بحق وعندهما لانفقه لها. وقال فخر الإسلام بزدوي في شرح الجامع الصغير كان أبو القاسم الصفاد يفتى في المنع بقول أبي يوسفؒ و محمدؒ. وفي السفر بقول أبي حنيفةؒ وقال هذا أحسن في الفتيا يعنى بعد الدخول لا تمنع نفسها لطلب المهر، فإذا امتنعت لاتسقط نفقتها. (شرح هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفيه ديوبند ٥/١٨٩-١٩٠، وهكذا في الهندية، زكريا ١/ ٣١٧، جديد زكريا ١/ ٣٨٣)

البتہ مہر کا مطالبہ ہمیشہ کرسکتی ہے۔

(٢) اکراہ اور زبردستی کرنا ناجائز ہے؛ البتہ نفس وطی حلال ہے حرام نہیں؛ البتہ عورت کو شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر جانے اور آئندہ وطی سے روکنے اور شوہر کے گھر نہ رہنے کا حق رہے گا، مہر وصول ہو جانے کے بعد ہر طرح تابعدار ہو جانا لازم ہے۔

لو أرادت أن تمنع نفسها لإستيفاء المعجل-إلى-وكذا إذا دخل بها وهى صغيرة، أو مكرهة. (هندية، زكريا ١/ ٣١٧، جديد زكريا ١/ ٣٨٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٦ر صفر المظفر ١٤٠٨ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٥٠٨/٢٣)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٤٠٨/٢/١٦ھ

چارسومثقال چاندی کا وزن

سوال[۵۸۵۶]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میری بیٹی عرفانہ پروین کا مہرشرع پیغمبری یعنی چارسومثقال نقرہ (چاندی) معجّل قرار پائی ہے موجودہ دور کے حساب سے کتنے وزن کی چاندی ہوگی۔

المستفتی: محمد خورشید، تمباکووالان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ۴۰۰/مثقال چاندی کا وزن گراموں کے حساب سے ایک کیلو۹۴۷،گرام۶۰۰/ملی گرام ہوتا ہے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۳۰)
فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیراحمد قاسمی عفااللہ عنہ
۲۱/جمادی الثانیہ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر:الف ۳۱/۴۰۷۴)

مہر کی ادائیگی میں تاخیر کرنے یا نہ دینے کا حکم

سوال[۵۸۵۷]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگرکوئی شخص مہرادا کرنے میں کوتاہی کرے یاادا ہی نہ کرے،تو شرعاً اس کا کیاحکم ہے؟ جواب کی مفصل وعام فہم زبان میں وضاحت فرمائی جائے نوازش ہوگی اللہ تعالیٰ جزائے خیرعطافرمائے گا۔

المستفتی: حاجی صداقت حسین،ٹمبرمرچنٹ،اصالت پورہ،مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نکاح کے بعداصل حکم یہ ہے کہ جلدازجلد

عورت کا مہر ادا کردیا جائے، مہر کی ادائیگی میں شوہر کو کوتاہی نہیں کرنی چاہئے، مہر نہ دینے کا ارادہ رکھنے والا شخص سخت گنہگار ہوگا۔ احادیث میں ایسے شخص کے بارے میں شدید وعیدیں آئی ہیں۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: آتُوا النِّسَآءَ صَدُقَاتِهِنَّ آتُوا النِّسَآءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً فَإِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ نَفْسًا فَكُلُوهُ هَنِيئًا مَرِيئًا. [النساء: ٤]

عن عائشةؓ ''نحلة'' قالت واجبة. (الدر المنثور، دارالکتب العلمية بيروت ٢/ ٢١٢)

ولما كان الصداق عطية من الله تعالىٰ على النساء صارت فريضة وحقا لهن على الأزواج. (تفسير مظهري، زكريا٢/ ٢٢١)

عن زيد بن أسلم قال: سمعته يقول: قال النبي صلى الله عليه وسلم: من نكح امرأة وهو يريد أن يذهب بمهرها، فهو عندالله زان يوم القيٰمة.

(مصنف ابن أبي شيبة، مؤسسه علوم القرآن بيروت٩/ ٤٠٦، رقم: ١٧٦٩٩، الدر المنثور ٢/ ٢١٢، مجمع الزوائد، دارالکتب العلمية،بيروت ٤/ ١٣٢، المعجم الأوسط، دار الفكر بيروت١/ ٥٠١، رقم:١٨٥١، مصنف عبد الرزاق، رقم:١٤٤٣)

عن عائشة وأم سلمة قالتا: ليس شيئ أشد من مهر امرأة، أو أجر أجير. (مصنف ابن أبي شيبة، مؤسسه علوم القرآن بيروت٩/ ٤٠٦، رقم: ١٧٧٠٠، الدر المنثور٢/ ٢١٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٢١ ؍صفر المظفر ١٤٣١ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٩٨٩٤/٣٨)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
٢١/٢/١٤٣١ھ

دین مہر کی مالک بیوی ہے

سوال [٥٨٥٨]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ میں نے تین شادیاں کیں، پہلی بیوی سے دولڑکے اور دوسری بیوی سے تین لڑکیاں اور تیسری بیوی سے دولڑکیاں، دولڑکے ہیں، زید کے پاس دومکان ہیں، جن میں سے ایک مکان جوسہ منزلہ ہے، پہلی اور دوسری بیوی کی مہر میں نصف نصف دیدیا اور تیسری بیوی کی مہر میں ایک مکان جوٹین سیٹ ہے دیدیا، اس کے بعد زید ہی کی حیات میں دوسری بیوی کا انتقال ہوگیا، پھر زید کے انتقال کے بعد دوسری بیوی کی اولاد کی نگہداشت تیسری بیوی نے کی دوسری بیوی کی بچیوں کی شادیاں کرنے کے بعد پہلی بیوی کی اولاد تیسری بیوی کو اس مکان سے نکالنا چاہتی ہیں اور ان تینوں بچیوں کی کفالت ایک دوکان جو اسی مکان میں ہے کے کرایہ سے چل رہی ہے، ان کو وہ لڑکے نہ تو مکان ہی دینا چاہتے ہیں اور نہ ہی وہ دوکان دینا چاہتی ہے۔ جواب طلب یہ ہے کہ ان تینوں بیویوں کی اولاد کے درمیان میراث کس طرح تقسیم ہوگی؟ کیا ان لڑکوں کا مکان خالی کرنے کو کہنا درست ہے؟ اور ان بچیوں کو محروم کرنا کہاں تک درست ہے؟ واضح رہے کہ زید نے اپنے انتقال کے وقت اور کوئی چیز ترکہ میں ان دونوں مکانوں کے علاوہ نہیں چھوڑا۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: تینوں بیویوں کے دین مہر میں جس مکان کا جتنا حصہ دیا گیا ہے، اتنا اتنا حصہ اسی بیوی کی ملکیت ہے اور تیسری بیوی کو الگ سے ٹین سیٹ کا جو مکان دیا ہے، وہ اسی کی ملکیت ہے، کسی ایک کی اولاد کو یہ حق نہیں کہ دوسرے کی اولاد کو اس کے متعینہ حصہ سے نکالے اور جس بیوی کے حصہ میں دوکان آئی ہے، وہ دوکان بھی اسی بیوی کی ملکیت ہوگی۔

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه. (شعب الإيمان للبيهقي، دارالكتب العلمية بيروت ٣٨٧/٤، رقم: ٥٤٩٢)

لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي. (قواعد الفقه ۱۱۰،
هندية، زكريا ۲/۱٦۷)

باقی سوال نامہ میں یہ بات صاف طور پر واضح نہیں ہے کہ تیسری بیوی یا دوسری بیوی کی لڑکیوں کو کس مکان سے نکالا جارہا ہے، تین منزلہ مکان کے نصف حصہ سے نکالا جارہا ہے یا دوسرے مکان ٹین سیٹ سے نکالا جارہا ہے، جو تیسری بیوی کے دین مہر میں ہے یہ بات واضح نہیں ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۱۰۵/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۵/۶/۱۴۲۴ھ

کیا مہر کی ادائیگی کے بعد بیوی میکہ نہیں جاسکتی؟

سوال [۵۸۵۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نقد مہر دینے کے بعد بیوی اپنے میکہ میں نہیں رہ سکتی، اگر رات کو یا اور دو چار رات دن رکنا ہو، تو خاوند کے ساتھ رک سکتی ہے، ورنہ خاوند کے ساتھ جانا اور واپس آنا ضروری ہے، تو اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ مہر پورا نہ دیا جائے، اگر پورا مہر دیا جائے تو بیوی اپنے میکہ میں نہیں جانے کو پائے گی آیا یہ صحیح ہے یہ نہیں؟

المستفتی: عبد الصمد، رامپور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: نقد مہر دینے کے بعد شوہر کی اجازت کے بغیر بیوی اپنے میکہ میں نہیں جاسکتی؛ البتہ اگر شوہر نے اجازت دیدی تو جانے کی اجازت ہے، پھر بھی زیادہ دن تک نہ رہے زیادہ دن رہنے سے جانبین سے فتنہ کا اندیشہ رہتا ہے۔
(مستفاد: امداد الفتاوی ۲/۱۷۲)

فإن في كثرة الخروج فتح باب الفتنة خصوصاً إذا كانت شابة والزوج من ذوى الهيئات. (فتح القدير، كتاب الطلاق، باب النفقة، زكريا ٤/ ٣٥٨، كوئٹه ٤/ ٢٠٨، دارالفكر بيروت ٤/ ٣٩٨، مستفاد: امداد الفتاوى ٢/ ١٧٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴ ربیع الثانی ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۸۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴/ ربیع الثانی/ ۱۴۱۶ھ

کیا مہر کے ساتھ جوڑے کی رقم کا بھی مطالبہ درست ہے؟

سوال [۵۸۶۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کچھ لوگ بوقت نکاح لڑکی والوں سے جہیز کے ساتھ جوڑے کی رقم بھی لیتے ہیں، پھر اگر کسی وجہ سے زوجین کے درمیان علیحدگی ہوجائے، تو لڑکی والے اپنے ساز وسامان کے ساتھ جوڑے کی رقم بھی واپس لے لیتے ہیں؛ لیکن اگر علیحدگی کے بعد شوہر کا انتقال ہوجائے، تو لڑکی والوں کو یہ حق رہے گا کہ وہ شوہر کے ترکہ سے جوڑے کی رقم کا مطالبہ کرے؟ جیسا کہ مہر کے مطالبہ کا حق رہتا ہے اور کیا اس کو بھی قرض کے زمرے میں شامل کر کے بعد ادائیگی قرض ترکہ کی تقسیم عمل میں آئے گی؟

المستفتی: محمد رضوان، امداد العلوم، حیدرآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر جوڑے کی رقم سے مراد وہ رقم ہے جو دولہے کا جوڑا بنانے کے لئے بھیجی گئی ہے اور اس رقم سے دولہے کا جوڑا بنادیا گیا ہے اور جوڑا بنا کر اس نے پہن لیا ہے، تو ایسی صورت میں وہ رقم لڑکی کے شوہر کے لئے بطور تحفہ ہے؛ اس لئے اس رقم کی واپسی کا مطالبہ درست نہیں ہے؛ لہٰذا علیحدگی کے موقع پر نہ اس کا مطالبہ شوہر سے درست ہوگا اور نہ شوہر کی موت کے بعد اس کے ترکہ سے لینے کا حق ہوگا۔

بعثت الصهرة إلى بيت الختن ثياباً لارجوع لها بعده ولو قائمة، ثم سئل، فقال لها الرجوع لو قائماً. قال الزاهدي: والتوفيق أن البعث الأول قبل الزفاف، ثم حصل اللزفاف، فهو كالهبة بشرط العوض وقد حصل فلا ترجع، والثاني بعد اللزفاف فترجع الخ (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۳/ ۱۵۵، زكريا٤/ ۳۰٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍ربیع الاول ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۱۰۱۴)

بیوی کے انتقال کے بعد مہر کس کو ملے گا؟

سوال [۵۸۶۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عورت انتقال کرگئی، اس عورت کے شوہر نے مہر ادانہیں کئے، وہ ادا کرنا چاہتا ہے، اس عورت کے بچے بھی ہیں اب اس عورت کے بھائی مہر ادا کرنے سے متعلق زور دے رہے ہیں، تو وہ مہر کس کو دینا چاہئے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر مذکورہ عورت کی اولاد میں سے کوئی لڑکا بھی ہے، تو عورت کا بھائی عورت کے ترکہ کے کسی جز کا بھی حقدار نہ ہوگا؛ البتہ مہر کو ۴؍سہام میں تقسیم کرکے ایک خود شوہر کو ملے گا اور بقیہ بچوں کو ملیں گے۔

الأقرب فالأقرب يرجحون بقرب الدرجة أعني، أو لهم بالميراث جزء الميت أي البنون. (سراجي ١٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۵؍صفر المظفر ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۸۸۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۵/۲/۲۵ھ

عورت کے انتقال کے بعد بھی مہر کی ادائیگی واجب ہے

سوال [٥٨٦٢]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک عورت کا انتقال ہوا اوران کے شوہر کے ذمہ ابھی مہر باقی ہے اورعورت نے مرتے وقت کچھ کہا بھی نہیں تو اس صورت میں اس عورت کے مہر کو کیا کیا جائے گا؟

المستفتی: عبدالکریم، محلّہ: کٹگھر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اگرعورت نے بصراحت دین مہر معاف نہیں کیا ہے، تو موت کے بعد ورثاء کے درمیان بقدر حصص وراثت تقسیم ہوگی اور خود شوہر بھی وارثین میں داخل ہے، اگرعورت کی کوئی اولاد نہ ہو، تو شوہر کو نصف ملے گا بقیہ نصف دوسرے ورثاء کے درمیان تقسیم ہوگا اور اگر عورت کی اولاد موجود ہے، تو شوہر کو ایک چوتھائی ملے گا بقیہ تین چوتھائی دوسرے ورثاء کے درمیان تقسیم ہوجائے گا۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ٢٥٨/٨)

واما للزوج فحالتان النصف عند عدم الولد، وولد الابن وإن سفل والربع مع الولد وولد الابن وإن سفل الخ (سراجي: ١٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
٢/رجب المرجب ١٤٠٨ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٧٨٥/٢٤)

متوفی بیوی کا مہر کس طرح ادا کریں؟

سوال[٥٨٦٣]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری بیوی کا انتقال ہوگیا ہے، جس کے مہر مبلغ ٢٥/ ہزار کے لکھے

ہوئے ہیں، جن کی ادائیگی نہیں ہوئی ہے اور لڑکی کے ماں باپ بھی موجود ہیں، اب اس کی ادائیگی کا کیا طریقہ ہونا چاہئے ؟

المستفتی: سرتاج احمد، نئی آبادی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر بیوی کی کوئی اولاد نہیں ہے، تو بیوی کا مہر اور جہیز کا سامان سب چھ سہام میں تقسیم ہوکر ۳؍سہام شوہر کو ملیں گے اور ۲؍سہام باپ کو اور ایک سہام ماں کو ملے گا۔ نیز پورا مہر ادا کرنا لازم ہے، مگر پورے میں سے نصف خود شوہر کو ملے گا۔

زوج وأبوين للزوج النصف، وللأم ثلث ما بقي فيكون المسئلة من ستة.
(سراجي: ١٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/ ۳۴۷۶)

بیوی مہر کا مطالبہ کس سے کرے؟

سوال [۵۸۶۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے اپنی بیوی کو دو مرتبہ طلاق دی اور عدت گذر چکی، عدت زید کے گھر میں ہی گذاری زید لگ بھگ ایک سال کے عرصہ سے زیادہ سعودی عرب میں رہتا ہے وہیں سے زید نے بذریعہ ٹیلی فون کے طلاق دی، لڑکی کے وارثین چاہتے ہیں کہ اب دوسری جگہ پر اس لڑکی کا نکاح کردیں، زید نے مہر ادا کئے یا نہیں یہ معلوم نہیں ہے اور نہ یہاں پر اس کی ایسی کوئی ملکیت ہے اور سعودی عرب میں بھی قرضدار ہے اور والدین بھی زید کے خوشحال نہیں ہیں، ایسی حالت میں لڑکی کے وارثین اگر زید کے وارثین سے مہر طلب کریں تو کیا یہ جائز ہے یا نہیں یا زید ہی ذمہ دار ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر کا ذمہ دار شوہر ہی ہوتا ہے؛ لہٰذا مطلقہ بیوی کو اپنے شوہر ہی سے اس حق کے مطالبہ کا حق ہے، شوہر کے والدین اور وارثین پر اس کی ادائیگی لازم نہیں ہے؛ اس لئے وارثین سے مطالبہ کا حق بھی نہیں ہے۔

وَاُحِلَّ لَکُمْ مَا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِکُمْ مُحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسَافِحِیْنَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِیْضَةً. [النساء: ٢٤]

وإذا خلا الرجل بامرأته وليس هناك مانع من الوطئ، ثم طلقها فلها كمال المهر. (هداية، اشرفي ديوبند ٢/ ٣٢٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ ذی قعدہ ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۳۴۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵/ ۱۱/ ۱۴۲۰ھ

دین مہر کی ادائیگی مرحوم کے ترکہ سے کی جائے گی؟

سوال [۵۸۶۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مرحوم کی بیوی کے مہر پچیس ہزار روپے تھے، شادی کے موقعہ پر مرحوم نے اپنی بیوی کو چاندی سونے کے زیورات وغیرہ چڑھائے تھے، جو ابھی موجود ہیں، اب دین مہر کی ادائیگی کیسے ہو؟ ادائیگی کی ذمہ داری مرحوم پر تھی یا مجھ پر یعنی لڑکے کے باپ پر؟

المستفتی: عبد الباری، پوڑی والے، نجیب آباد، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر کی ادائیگی مرحوم کے ترکہ سے ہوگی، جو زیور چڑھایا تھا، اس کو دیتے وقت اگر ملکیت یا عدم ملکیت کی صراحت نہیں کی ہے، تو برادری کے رواج وعرف کے مطابق حکم ہوگا، اگر برادری کا رواج مالک بنانے کا ہے، تو وہ مرحوم کی

بیوی کا ہوگا۔ اور اگر مالک بنانے کا نہیں ہے، تو وہ مرحوم کے ترکہ میں شامل ہوگا۔

إذا بعث الزوج إلى أهل زوجته أشياء عند زفافها منها ديباج فلما زفت إليه أراد أن يستود من المرأة الديباج ليس له ذلك إذا بعث إليها على جهة التمليك. (هندية قديم زكريا ١/٣٢٧، جديد زكريا١/٣٩٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٩ / ربیع الثانی ١٤١٦ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٣٢/ ٤٤١٦)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٩/ ٤/ ١٤١٦ھ

بیوی کی اجازت کے بغیر شوہر کا مہر میں تصرف کرنا

سوال [٥٨٦٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی ملکیت میں دو مکان ہیں، ایک مکان میں زید مع اہل وعیال رہتا ہے، دوسرے مکان میں زید کے تایا زاد بھائی اور ان کے بچے ہیں، وہ اس مکان پر عرصہ سے قابض اور دخیل ہیں۔ پہلا مکان جس میں زید اپنے اہل وعیال کے ساتھ رہتا ہے، وہ زید کی بیوی کے مہر میں لکھا ہوا ہے، یہ مکان بہت خستہ حالت میں ہے، اس میں ایک چھوٹا سا کمرہ ہے، اسی میں زید مع اہل وعیال کے گذارا کرتا ہے، زید کے اہل وعیال میں بیوی، چار لڑکیاں، ایک لڑکا ہے، دو لڑکیاں جوان ہیں، فوری طور پر شادی کرنے کے قابل ہیں، زید کی مالی حالت کمزور ہے، جس کی بنا پر اپنی بیوی کی مرضی کے بغیر اپنے پڑوسی ابوالحسن کے ہاتھ اس کے پختہ لینٹر والے مکان سے جو کہ چھوٹا ہے کے مکان سے ایک لاکھ پچاس ہزار روپیہ کے عوض زید نے اپنے اس مکان سے جو کہ اس کی بیوی کے مہر میں لکھا ہوا ہے بدل لیا ہے رجسٹری ہو چکی ہے؛ لیکن زید کی بیوی مکان بدلنے کے لئے تیار نہیں ہے اور فریق ثانی جس سے مکان بدلہ ہے وہ رجسٹری کی واپسی کو تیار نہیں ہے اور جرمانہ کے طور پر دوہری رجسٹری

اوراوپر کے خرچ کے لئے زید کے پاس رقم نہیں ہے، زید کا دوسرا مکان جس پر زید کے تایازاد بھائی قابض ہیں، ان کے دخل کی وجہ سے کوئی بھی خریدار معقول رقم اس مکان کی دینے کو تیار نہیں ہوتا، جس سے لڑکیوں کی شادی اور رجسٹری واپسی کا خرچ پورا ہو سکے۔ اب زید پریشان ہے کیا کرے، رہائشی مکان بدلنے پر بیوی بیحد ناراض ہے، دوسرے مکان پر بھائیوں کا قبضہ ہے، زید کے لئے اس حالت میں قرآن وحدیث کی روشنی میں شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے؟

المستفتی: رحمت اللہ پینٹر، نینی تال

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب مذکورہ مکان بیوی کو مہر میں دیا جاچکا ہے، تو وہ اسی کی ملکیت میں ہوگا، اس کی اجازت اور مرضی کے بغیر شوہر کو اس میں تصرف اور ترمیم کی اجازت نہیں ہے؛ لہٰذا جو عقد مبادلہ ہوا ہے، اس کے صحیح ہونے کے لئے اس کی رضامندی لازم ہے ورنہ واپسی لازم ہوگی اور اگر وہ راضی ہو جائے تو تبادلہ میں ڈیڑھ لاکھ روپیہ جو مل رہا ہے، وہ بیوی ہی کی ملکیت ہوگی وہ اگر نہ دے تو لڑکیوں کی شادی میں خرچ کرنا شوہر کے لئے جائز نہ ہوگا۔

لا یجوز لأحد أن یتصرف في ملک الغیر بغیر إذنه الخ. (قواعد الفقه ۱۱۰، شرح المجلة إتحاد دیوبند ۱/ ۶۱، رقم المادہ: ۹۶) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱؍محرم الحرام ۱۴۱۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۱/ ۳۸۰۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۱/۱/۱۴۱۵ھ

لڑکے کا باپ کی طرف سے ماں کا مہر ادا کرنا

سوال [۵۸۶۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے والد نے اپنی زندگی میں میری والدہ کا مہر ادا نہیں کیا اور نہ ہی کچھ مال چھوڑا جس سے مہر ادا کیا جا سکے؛ لیکن میں چاہتا ہوں کہ اپنے مال سے اپنے والد کی طرف

سے اپنی والدہ کا مہر ادا کروں، تو کیا میرے لئے ایسا کرنا درست ہے؟ اور کیا اس طرح مہر ادا ہو جائے گا یا کوئی اور شکل ہو تو تحریر فرمائیں؟

المستفتی: احمد سعید، دہلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ کی والدہ کا مہر والد کے اوپر مالی قرضہ ہے، جب ادا کئے بغیر والد دنیا سے فوت ہو گئے، تو والد کی طرف سے مہر کا قرضہ ادا کر دینا اولاد کی خوش نصیبی ہے اور والد کے لئے نجات کا باعث ہے؛ اس لئے آپ کے والد کی طرف سے مہر کا قرضہ ادا کرنا بلا تردد جائز ہے اور والد کے لئے عذاب سے نجات پانے کا ذریعہ ہوگا۔ اور خود آپ کے لئے باعث خوش نصیبی ہوگی۔

عن ابن عباسؓ، أن رجلاً قال یا رسول الله إن أمه توفیت أفینفعها ان تصدقت عنها، فقال: نعم! قال: فإن لی مخرفا وأشهدک انی تصدقت به عنها. (مسند أحمد ۱/ ۳۷۰، رقم: ۳۵۰٤، بخاري شریف، کتاب الوصایا، باب مایستحب لمن توفي فجأة أن یتصدقوا عنه، النسخة الهندیة ۱/۳۸٦، رقم: ۲٦۷۹، ف: ۲۷٦۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ر رجب المرجب ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۱۲۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۹/۷/۱۴۲۴ھ

شوہر کی وفات کے بعد اس کے والد سے مہر کا مطالبہ کرنا

سوال [۵۸٦۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے لڑکے یونس کی شادی زینب بنت یونس کے ساتھ ہوئی تھی، میرا لڑکا چوڑی کی کٹائی پر مزدوری کا کام کرتا تھا، شادی سے پہلے تو صحت مند تھا کوئی بیماری نہیں تھی،

اچانک بعد شادی بخار آیا کچھ پیلیا جیسا بڑے ڈاکٹروں کو دکھلانے پر پتہ چلا کہ اس کے گردے میں خرابی آگئی ہے، ہم نے اس کا بھی علاج کرایا، میں ایک مزدور ہوں رکشہ چلاتا ہوں اور مکھن وغیرہ لاتا ہوں، پریشانی کی حالت میں میں نے لڑکی والے کو اطلاع دی کہ لڑکا بیمار ہے اور پوری تفصیل میں نے انہیں بتادی، اس کے باوجود بھی ان لوگوں نے کوئی مشورہ نہیں دیا؛ بلکہ لڑکی کو اپنے گھر لے گئے یہ کہہ کر کہ ہمیں لڑکی کا علاج کرانا ہے، لڑکی کے نہ آنے پر لڑکے کی حالت اور بگڑتی گئی، انہوں نے درمیان والے کو بھیج کر یہ کہلوایا کہ ہماری لڑکی کو طلاق دے دو اور جو سامان ہم نے تمہیں دیا ہے، اسے واپس کردو، پھر بھی ہم نے کئی بار لڑکی کو بلایا؛ لیکن لڑکی نہیں آئی، ہم نے ان سے کہا کہ فتوی منگالو، اسی کے مطابق کام کریں گے، اچانک وہ ایک دن چھ سات لوگوں کو لے کر آئے، پھر ایک دن آٹھ دس لوگوں کو لے کر آئے اور شادی سے پہلے کی عیب نکالنے لگے کہ لڑکا پہلے سے ہی بیمار تھا دھوکہ دے کر شادی کرائی گئی ہے، اس کا صدمہ لڑکے کو ہوا جس کے سبب اس کی موت ۳۱ رمئی ۲۰۰۷ء کو یعنی شادی کے سات ماہ بعد ہوئی، میت کی ہم نے انہیں اطلاع بھی دی؛ لیکن وہ لوگ نہیں آئے اور ہم سے مہر وسامان کا مطالبہ کرتے ہیں، تو ہم سامان واپس کرنے کو تیار ہیں۔ آپ یہ بتائیں کہ مہر کی ادائیگی کس پر واجب ہے؛ جبکہ لڑکا ادائیگی مہر سے پہلے ہی گزر چکا اور والدین اس لائق نہیں کہ مہر ادا کریں؛ کیونکہ خود ہی مجبور ہیں۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔

المستفتی: محمد شفیق عالم، محلّہ: چکرکی ملک، مرادآباد (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر لڑکے کا کچھ مال اس کے والد کے پاس ہے، تو اسی مال کے ذریعہ بیوی کا مہر ادا کرنا ضروری ہے؛ لیکن اگر لڑکے نے مرتے وقت کچھ بھی نہیں چھوڑا ہے، تو مہر کا مطالبہ اس کے والد سے کرنا درست نہیں ہے؛ ہاں البتہ اگر لڑکی

معاف کردے تو لڑکا قیامت کے حساب وکتاب سے محفوظ ہو جائے گا اور جو کچھ بھی جہیز کا سامان ہے اور جو زیورات اس کے ماں باپ کے دئے ہوئے ہوں یا اس کی ملکیت میں دیگر زیورات ہوں وہ سب لڑکی کا حق شرعی ہے اور مہر جو ادا ہو چکا ہے وہ بھی لڑکی کا شرعی حق ہے اور جو ادا کرنے سے باقی رہ گیا ہو، وہ بھی لڑکی کا حق ہے۔

ولایطالب الأب؛ لأن المهر مال یلزم ذمة الزوج ولا یلزم الأب بالعقد إذ لو لزمه لما أفاد الضمان شیئاً. (شامي، کتاب النکاح، باب المهر، کراچي ۳/۱٤۱، زکریا٤/۲۸۷)

ثم ذکر أن المهر لایلزم أبا الفقیر بلا ضمان. (شامي، کراجي ۳/۱٤۲، زکریا٤/۲۸۸)

بل کل أحد یعلم أن الجهاز للمرأة. (شامي، کراچي ۳/۱۵۸، زکریا ٤/۳۱۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۳۳۵/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۵/۶/۱۴۲۸ھ

شوہر مہر ادا نہ کرے تو باپ پر ادا کرنا لازم ہے؟

سوال [۵۸۶۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ راشدہ خاتون بنت شمس احمد اصالت پورہ کا عقد انور علی پسر حاجی عبد السلام صاحب پیر زادہ کے ساتھ ہوا ہے، ۲۳/ اگست ۱۹۸۶ء کو انور علی کا انتقال ہوگیا، شوہر اپنے والدین کے ساتھ رہتا تھا، جو کچھ کماتا تھا باپ کے حوالہ کر دیتا تھا؛ اس لئے اپنا کوئی ترکہ نہیں چھوڑ سکا، راشدہ خاتون کا دین مہر ۱۵/ ہزار ہے اور راشدہ خاتون کو والدین جہیز میں اتنا سونے کا زیور، بندے، ۱/ تولہ ٹیکہ، آدھا تولے چوڑی ۲/ عدد، ۱/ تولے نتھن چار

آنے بھر، انگوٹھی ۶ ؍آنے بھر کل وزن ۳ ؍تولے ۲ ؍آنے بھر چاندی ایک جوڑا توڑے بجھوائے وزن ۱۵ ؍تولے دیا۔ اب سوال طلب یہ ہے کہ راشدہ خاتون کے دین مہر اورسامان جہیزاور زیورات کا شرعاً کیا فیصلہ ہے؟ شوہر کے یہاں کا زیورسونا، جھومر ۳ ؍تولے، چوڑی ۶ ؍عدد ۳ ؍تولے، کنگن ۲ ؍عدد ۲ ؍تولے، ایک سیٹ (ہار، بندے، انگوٹھی) ۵ ؍تولے، شوق بند ۵ ؍تولے چاندی کا وزن ۵۰ ؍تولے سونے کا کل وزن ۱۸ ؍تولے۔ اوردونوں بچے والدہ کےساتھ نانی کے گھر پر رہتے ہیں۔

المستفتی: شمس احمد، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگرراشدہ خاتون کےشوہرانورعلی نے ذاتی طور پر کوئی ترکہ نہیں چھوڑا ہے،تواس کا دین مہرشوہر کے والدعبدالسلام پرادا کرنا لازم نہیں ہے،اگر وہ تبرعاًادا کرناچاہےتووہ اس کی مرضی ہے،اگر باپ نےادائیگی کی ذمہ داری نہیں لی تھی۔

نیزشوہر کی طرف سے جوزیورات دیئے گئے ہیں،اگرلڑکی کی صراحۃً ان کی مالک بنائی گئی ہے،تووہ بھی لڑکی کی ملکیت میں ہوں گےاوراگرکوئی صراحت نہیں تھی تواگرآپ کے یہاں کاعرف لڑکی کے مالک ہوجانے کا ہے،توبھی لڑکی ہی ان کی مالک ہوگی ورنہ نہیں۔ اورراشدہ خاتون کےتمام وہ زیورات وسامان جہیز جواس کےوالدین نے دیئے ہیں،ان سب کی حقدارراشدہ خاتون ہے،ان میں کسی کا کوئی حق نہیں ہے۔(مستفاد:فتاوی دارالعلوم ۸/ ۳۴۷)

لأن المهر مال يلزم ذمة الزوج، ولا يلزم الأب بالعقد. (شامي، كراچي ۳/ ۱٤۱، زكريا٤/ ۲۸۷)

جهز إبنته، ثم مات فطلب بقية الورثة القسمة (إلى قوله) فهو لها خاصة. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، زكريا٤/ ۳۰۹، كراچي۳/ ۱۵۷)

اورانورعلی کےدونوں بچوں کےاخراجات انورعلی کے باپ پرواجب ہونگے۔

والنفقة لكل ذي رحم محرم إذا كان صغيرا فقيراً (قوله) لأن الصلة

في القرابة القريبة واجبة. (هداية، اشرفي ديو بند۲/٤٤٦)

ونفقة الأولاد الصغار (إلى قوله) إذا لم يكن له أب (وقوله) وإن كان له جد (إلى قوله) وروي الحسن عن أبي حنيفة أنها على الجد وحده لجعله كالأب الخ. (فتح القدير، كوئٹه٤/٢١٧، زكريا٤/ ٣٧١- ٣٧٢، درالفكر بيروت٤/١١ ٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳/ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/ ۱۲۳۴)

برائے حلالہ نکاح میں مہر کی مقدار ومعافی کا حکم

سوال [۵۸۷۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دوسرے کے ساتھ نکاح کرانے کی شکل میں مہر کتنا مقرر ہونا چاہئے، وہ بھی تحریر فرمادیں؛ چونکہ یہ دوسرا نکاح صرف حلالہ کے لئے کیا جائے گا اور جس کے ساتھ یہ نکاح ہوگا اس شخص کو یہ مہر دینا ہوگا یا معاف کرانے سے معاف ہوجائے گا حلالہ کی شرط کیا ہوگی؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپس کی رضامندی سے جتنا چاہے مہر باندھ سکتا ہے؛ لیکن دس گرام کے تولہ سے تین تولہ ۶۱۸ ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت سے کم نہ ہو۔

نیز بیوی اگر اپنی خوشی سے مہر معاف کردیتی ہے، تو معاف ہوجائے گا۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۸/ ۲۵۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/ ۲۷۴۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۲/۶/۱۱ھ

شادی سے قبل زنا کرانے والی عورت کا مہر

سوال [۵۸۷۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری شادی کو چار مہینے ہو گئے، مجھے لوگوں نے دھوکہ دے کر شادی کروادی، شادی سے پہلے اس لڑکی کا تعلق کسی دوسرے شخص سے تھا، جو ان سے کئی بار ہمبستری کر چکا ہے، اس کا پتہ مجھے پہلی رات میں ہو چکا ہے کہ اس کا پردہ بکارت زائل ہو گیا ہے، پھر بھی مجھ پر بیس ہزار روپیہ کا مہر مقرر کر دیا گیا۔ کیا مجھ پر مہر دینا واجب ہے یا نہیں؟ دوسری بات یہ ہے کہ شادی کے بعد بھی اس نے اپنی اولاد کو زائل کر دیا۔

المستفتی: محمد عظیم، جامع مسجد، وارثی نگر، گلی نمبر ۴ ر مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب شادی ہو کر بیوی کے ساتھ باضابطہ ہمبستری ہو چکی ہے، تو پورے مہر کی ادائیگی شوہر کے اوپر لازم ہو گئی، چاہے شادی سے پہلے بیوی کا پردۂ بکارت العیاذ باللہ بدکاری کے ذریعہ سے ختم ہو چکا ہو؛ اس لئے کہ پورا مہر ادا کرنا جو واجب ہوتا ہے، وہ پردۂ بکارت کی وجہ سے نہیں ہے؛ بلکہ ہمبستری کی وجہ سے ہوتا ہے اور یہاں شوہر نے بیوی کے ساتھ باضابطہ ہمبستری کر لی ہے؛ اس لئے شوہر طلاق دے گا تو پورے مہر ۲۰ ر ہزار روپئے کی ادائیگی لازم ہے۔

ولو شرط البكارة فوجدها ثيباً لزمه الكل؛ لأن المهر إنما شرع لمجرد الاستمتاع دون البكارة. (درمختار مع الشامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۱۲٦/۳، زكريا ۲٦٦/٤)

ويجب الأكثر منها إن سمى الأكثر ويتأكد عند وطء، أو خلوة صحت من الزوج. وفي الشامية: إنما يتأكد لزوم تمامه بالوطء ونحوه.

(در مختار مع الشامي، كراچي ۳/ ۱۰۲، زكريا ٤/ ۲۳۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸/ ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۳۲۳/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۴/۲۰ھ

موجودہ وقت کے اعتبار سے مہر فاطمی کی مقدار

سوال [۵۸۷۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی کی سکۂ رائج الوقت کے حساب سے کتنی رقم بنتی ہے؟ پکی چاندی کا بھاؤ اکٹھی یعنی ۱۰۰/ یا ۵۰/ تولہ لینے پر ۸۰/ روپیہ تولہ ہے۔

المستفتی: شاہ زماں

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہر فاطمی پانچ سو درہم چاندی ہے، جس کا وزن بارہ ماشہ کے تولہ کے حساب سے ۱۳۱/ تولہ تین ماشہ ہے اور موجودہ زمانہ کے گراموں کے حساب سے ۱۵۳۰ گرام ۹۰۰/ ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت صراف سے معلوم کر لیجئے؛ چونکہ قیمت بدلتی رہتی ہے؛ اس لئے ہم قیمت نہیں لکھتے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۳۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۴۴۹/۳۶)

رائج الوقت کے اعتبار سے مہر فاطمی کی مقدار

سوال [۵۸۷۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی کی شرعی مقدار کیا ہے؟ سکۂ رائج الوقت کے اعتبار سے اس کی کتنی رقم بنتی ہے؟

المستفتی: عبد المطلب، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہرِ فاطمی کی شرعی مقدار پانچ سو درہم چاندی ہے، جس کا وزن بارہ ماشہ کے تولہ کے حساب سے ۱۳۱؍ تولہ تین ماشہ ہے اور موجودہ زمانہ کے گراموں کے حساب سے ۱۵۳۰؍گرام ۹۰۰؍ ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت صراف سے معلوم کرلیجئے؛ چونکہ قیمت بدلتی رہتی ہے؛ اس لئے ہم قیمت نہیں لکھتے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۳۰، جواہر الفقہ قدیم ۱؍۴۲۴، جدید زکریا ۳؍۴۰۸-۴۰۹، اوزان شرعیہ ۴۲۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍ محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶؍ ۷۴۵۷)

رائج الوقت سکہ کے مطابق مہرِ فاطمی کی مقدار

سوال [۵۸۷۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہرِ فاطمی کی کتنی مقدار ہے؟ سکۂ رائج الوقت کے مطابق خلاصہ فرمائیں؟

المستفتی: رکن الدین خاں، ٹانڈہ کوٹھی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہرِ فاطمی کی مقدار ڈیڑھ کیلو، ۵۳۰؍ گرام ۹۰۰؍ ملی گرام چاندی ہے، اس کی کیا قیمت بیٹھتی ہے؟ صرافہ سے معلوم کرلیا جائے، ہم اس لئے لکھ نہیں سکتے کہ قیمت روز گھٹی بڑھتی رہتی ہے اور جس دن ادا کیا جائے اس دن کی قیمت کا اعتبار ہے۔ (مستفاد: ایضاالمسائل ۱۳۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸؍ ۹۹۸۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۴؍۶؍۱۴۳۱ھ

موجودہ اوزان کے اعتبار سے مہر فاطمی کی مقدار

سوال [۵۸۷۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی کی مقدار کیا ہے؟ موجودہ اوزان کے اعتبار سے تحریر فرمادیں۔

المستفتی: محمد ندیم نئی بستی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر فاطمی کی مقدار پانچ سو درہم ہے، موجودہ گراموں کے حساب سے اس کا وزن ڈیڑھ کیلو تیس گرام نو سو ملی گرام چاندی ہے، یعنی پندرہ سو تیس گرام اور ۹۰۰ر سو ملی گرام چاندی۔ (مستفاد: انوارنبوت ۶۵۲)

عن أبي سلمةؓ، سألت عائشةؓ عن صداق رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ عیله وسلم، فقالت: ثنتا عشرة أوقية ونش فقلت ومانش؟ قالت: نصف أوقية.

(ابو داؤد شریف، کتاب النکاح، باب الصداق، النسخة الهندية ۲۸۷/۱، درالسلام رقم:۲۱۰۵)

وفي النسائي وذلک خمس مائة درهم. (نسائي شريف، باب التزويج على سور من القرآن، القسط في الأصدقة، النسخة الهندية ۷۲/۲، درالسلام رقم:۳۳۴۹) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ر صفر المظفر ۱۴۳۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۷۴۱/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۰/۲/۱۹ھ

مہر شرعی پیغمبری

سوال [۵۸۷۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری لڑکی عرفانہ پروین کے مہر شرعی پیغمبری یعنی چار سو مثقال نقرہ چاندی معجّل قرار پائے تھے، اس کو اس کے شوہر نے طلاق دی ہے، عرفانہ پروین مہر پانے

کی حقدار ہوگی یا نہیں؟

المستفتی: خورشید، تمبا کو والان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ۴۰۰ ر مثقال کا وزن ایک کیلو ۴۹۷ ر گرام ۶۰۰ ر ملی گرام ہے، جب شوہر نے عرفانہ پروین کو طلاق دی ہے تو ایسی صورت میں شوہر کے اوپر مکمل مہر ادا کرنا واجب ہوگا۔

إن المهر وجب بنفس العقد (إلى قوله) وإنما يتأكد لزوم تمامه بالوطء و نحوه. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۳/۱۰۲، زكريا ۴/۲۳۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۱ ر جمادی الثانیہ ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳/۵۳۵۶)

مہر پیغمبری کیا ہے؟

سوال [۵۸۷۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر پیغمبری (شرع پیغمبری) کیا ہے اور اس کی موجودہ رقم کیا بنتی ہے؟ کتاب وسنت کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر شرع پیغمبری کی اصطلاح شریعت میں نہیں ہے، کتاب وسنت میں اس کا ثبوت نہیں ہے؛ لیکن عوام کے درمیان اس نام کا مہر مشہور ہے، بعض لوگوں سے معلوم ہوا کہ، اس سے اقل مہر مراد ہوتا ہے، تو ایسی صورت میں اس سے شریعت محمدی میں مہر کی آخری حد مراد ہوگی اور شریعت میں مہر کی آخری حد دس درہم ہے، جو ۱۲ ر ماشہ کے تولہ سے دو تولہ ساڑھے سات ماشہ چاندی ہوتی ہے اور موجودہ گراموں کے حساب سے ۳۰ ر گرام ۶۱۸ ر ملی گرام چاندی ہوتی ہے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

اس کی قیمت صرافہ سے معلوم کرلی جائے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰؍شعبان المعظم ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۵۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۶/۸/۱۰ھ

مہر شرع پیغمبری کی تعریف ومقدار

سوال [۵۸۷۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر شرع پیغمبری کیا ہے اور کتنا ہے؟

المستفتی: محمد سرتاج کرولہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہر شرع پیغمبری کی کوئی اصطلاح شریعت سے ثابت نہیں ہے، دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض عوام اس سے مہر فاطمی مراد لیتے ہیں اور مہر فاطمی کی مقدار پانچ سو درہم ہے، ۵۰۰؍ درہم ۱۲؍ ماشہ کے تولہ سے ۱۳۱؍ تولہ تین ماشہ چاندی ہے اور موجود زمانہ کے گراموں کے حساب سے ڈیڑھ کیلو تیس گرام ۹۰۰ ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت بازار سے معلوم کرلیں۔ (ایضاح المسائل ۱۳۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۰۶۳)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۵/۱۶ھ

مہر فاطمی ومہر شرع پیغمبری

سوال [۵۸۷۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی کی مقدار کیا ہے؟ مہر شرع پیغمبری کی حقیقت کیا ہے؟

المستفتی: فخر عالم، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر فاطمی کی مقدار موجوہ اوزان کے حساب سے ڈیڑھ کیلو ۳۰؍گرام ۹۰۰؍ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت صرافہ سے معلوم کرلی جائے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

مہر پیغمبری کی کوئی اصطلاح شریعت سے ثابت نہیں، بعض لوگ اس سے اقل مہر مراد لیتے ہیں اوراس سے اکثر لوگ مہر فاطمی مراد لیتے ہیں؛ لہٰذا مہر فاطمی اور مہر شرع پیغمبری میں کوئی فرق نہیں رہا دونوں ایک ہی چیز کے نام ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹؍۱۰۰۶۶)

مہر شرع پیغمبری اور مہر فاطمی کی مقدار

سوال [۵۸۸۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر شرع پیغمبری اور مہر فاطمی کی مقدار کیا ہے؟ زمانہ نبوت میں کیا تھی اور زمانہ موجودہ میں اس کی مقدار کیا ہوسکتی ہے؟

المستفتی: حاجی صداقت حسین، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر شرع پیغمبری کی کوئی اصطلاح شریعت میں نہیں ہے؛ لیکن عوام کے درمیان اس سے شریعت محمدی میں اقل مہر یعنی مہر کی آخری حد مراد ہوتی ہے، جودس گرام کے تولہ سے ۳؍تولہ ۶۱۸؍ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت ہے، جو مروجہ اوزان سے ۳۰؍گرام ۶۱۸؍ملی گرام چاندی بنتی ہے۔

وأقل المهر عشرة دراهم. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر، اشرفي

دیو بند ۲/ ۳۲٤)

وكان مهر بعض أزواج النبي صلى الله عليه وسلم كأم سلمةؓ ما يساوي عشرة دراهم. (حاشية ابوداؤد، كتاب النكاح، باب الصداق، رقم الحاشية ۱، هندي نسخة ۱/ ۲۸۷)

اور اگر عوام میں مہر شرع پیغمبری سے مہر فاطمی مراد ہو، تو جو حکم مہر فاطمی کا ہے وہی حکم اس کا بھی ہے، مہر فاطمی کی مقدار دس گرام کے تولہ کے حساب سے ۱۵۳؍تولہ ۹۰۰؍ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت ہے، مہر شرع پیغمبری اور مہر فاطمی کی مقدار موجودہ زمانہ میں باعتبار وزن کے اسی قدر ہے جس قدر زمانۂ نبوت میں تھی۔

عن أبي سلمةؓ، قال: سألت عائشة عن صداق رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: ثنتا عشرة أوقية ونش الخ. (ابوداؤد، النخسة الهندية ۱/ ۲۸۷، دارالسلام رقم:۲۱۰٥)

وفي النسائي وذٰلک خمس مائة درهم. (نسائي شريف، باب التزويج على سور من القرآن، القسط في الأصدقة، النسخة الهندية۲/ ۷۲، درالسلام رقم: ۳۳٤۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱؍صفر المظفر ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۸۹۴/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۲/۲۱ھ

مہر شرع پیغمبری کی تحقیق

سوال [۵۸۸۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہندوستان کے کچھ مقامات میں یہ بات رائج ہے کہ عورتوں کے نکاح میں مہر مہر شرع پیغمبری طے کیا جاتا ہے، کیا مہر شرع پیغمبری کا وجود ہے یا عوام میں غلط رائج ہو گیا ہے، اس کی مقدار شرعاً کیا ہے؟ موجودہ زمانہ میں ہندوستان میں اس کی کتنی رقم بنتی ہے۔

المستفتی: اظہار الحق، حسن گڈھ، گونڈا علی گڑھ (یوپی)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہر شرع پیغمبری کی کوئی اصطلاح شریعت میں نہیں ہے اور نہ ام المؤمنین میں سے کسی کا مہر ہے؛ لیکن عوام کے درمیان اس نام کا مہر مشہور ہے، اس سے کہیں اقل مہر مراد ہوتا ہے اور کہیں مہر فاطمی مراد ہوتا ہے، اگر مہر شرع پیغمبری سے اقل مہر مراد ہو تو وہاں پر اس سے دس درہم چاندی یا اس کی قیمت مراد ہوگی، اس کا وزن موجوہ زمانہ کے اعتبار سے ۳۰/گرام ۶۱۸/ملی گرام ہوتا ہے اور دس گرام کے تولہ سے ۳/تولہ ۶۱۸/ ملی گرام چاندی ہوتی ہے اور جہاں مہر فاطمی مراد لیا جاتا ہے، وہاں پر ۵۰۰/درہم مراد ہوتا ہے۔ اور موجودہ گراموں کے حساب سے ڈیڑھ کیلو ۳۰/گرام ۹۰۰/ملی گرام چاندی یا اس کی قیمت ہے؛ اس لئے جہاں شرع پیغمبری مہر لکھواتے ہیں وہاں پر اقل مہر مراد ہے یا مہر فاطمی صراحت کے ساتھ اس کی وضاحت کردینا لازم ہے۔ (مستفاد: جواہر الفقہ قدیم ۱/۴۲۴، جدید زکریا ۳/۴۰۹، ایضاح المسائل ۱۲۹) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/ربیع الاول ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶/۷۹۹۷)

مہر فاطمی اور شرع پیغمبری میں فرق

سوال [۵۸۸۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ آج کل کے دور میں مہر فاطمی کی اصل صورت کیا ہے اور شرع پیغمبری میں کیا فرق ہے، موجودہ زمانہ میں دونوں کی کیا رقم ہوگی؟

المستفتی: محمد حسن خاں، مغل پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر فاطمی کا وزن ۱۲/ ماشہ کے تولہ سے ۱۳۱/ تولہ ۳/ ماشہ چاندی ہے اور موجودہ زمانہ کے گراموں کے حساب سے ڈیڑھ کیلو ۳۰/ گرام ۹۰۰/ ملی گرام چاندی ہے اور دس گرام کے تولہ کے حساب سے ۱۵۳/ تولہ ۹۰۰/ ملی گرام ہے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۳۰)

اور مہر شرع پیغمبری کے نام سے کوئی اصطلاح شریعت میں نہیں ہے، مگر عوام کے درمیان اس نام کا مہر مشہور ہے، اگر اس سے اقل مہر اور آخری حد مراد ہوتی ہے، تو ۱۲/ ماشہ کے تولہ سے ساڑھے سات ماشہ چاندی مراد ہوگی اور گراموں کے حساب سے ۳۰/ گرام ۶۱۸/ ملی گرام چاندی ہوگی۔ اور اگر اس سے مہر فاطمی مراد ہے تو ڈیڑھ کیلو ۳۰/ گرام ۹۰۰/ ملی گرام چاندی مراد ہوگی۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

اور روپیہ کے حساب سے کتنا ہوتا ہے صراف سے معلوم کرلیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹/ ذی قعدہ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۵۰۴۳)

مہر شرع پیغمبری کی مقدار کیا ہے؟

سوال [۵۸۸۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مسمیٰ محمد اکرام ولد امانت اللہ قوم سیفی ساکن: محلّہ بقاباد، قصبہ: بچھراؤں کا عقد بہ ہمراہ مسماۃ منی خاتون بنت منشی احمد قوم سیفی، ساکن جیتھو لی، مؤرخہ ۸/ جون ۱۹۸۸ء ہوا، مہر شرع پیغمبری طے ہوا۔ ۷/ جون ۱۹۸۹ء کو مسمیٰ محمد اکرام نے اپنی زوجہ کو اپنے نکاح سے طلاق دے کر علیحدہ کردیا۔

اب شرعی نقطۂ نظر سے محمد اکرام کو کتنا روپیہ مہر کا ادا کرنا چاہئے؟ نکاح نامہ کی فوٹو اسٹیٹ پشت پر ہے، دونوں فریقین نے مجھے اپنے تصفیہ کے لئے سرپنچ مقرر کیا ہے؛ اس لئے

شرعاً کتنا مہر ادا کرایا جاوے۔

المستفتی: علیم الدین، سابق چیرمین حسن پور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: اگر مہر شرع پیغمبری سے حضور ﷺ کا مہر مراد ہے، جو آپ نے ازواج مطہرات کو دیا ہے، تو اس کی مقدار پانچ سو درہم یعنی ایک سو اکتیس تولہ تین ماشہ چاندی یا اس کی قیمت ہے، بازار سے بھاؤ معلوم کرکے قیمت لگائی جائے۔

عن أبي سلمةؓ، قالت :سألت عائشةؓ كم كان صداق رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ فقالت: كان صداقه لأزواجه ثنتى عشرة أوقية ونش، فقلت: تدري ما النش؟ قلت: نصف أوقية، فتلك خمس مائة درهم.

(مشكوة شريف، ۲/ ۲۷۷)

اور اگر اس سے مہر کی کم سے کم مقدار مراد ہے تو شریعت میں کم سے کم مقدار دس درہم ہے، جس میں دو تولہ ساڑھے سات ماشہ ہوتا ہے اور ایک تولہ میں ۸/ ماشہ ہوتا ہے۔

(مستفاد: جواہر الفقہ قدیم ۱/۴۲۳، جدید زکریا ۳/۴۰۸)

وأقل المهر عشرة دراهم. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر، اشرفي ديوبند ۲/ ۳۲٤)

اور اگر عوام میں مہر شرع پیغمبری کی مقدار اور مصداق میں اختلاف ہے، تو جن لوگوں کا قول لڑکی کے مہر مثل کے قریب ہو اتنا دینا ہوگا۔ اور اگر یہ بھی نہ ہو تو علی الإ طلاق لڑکی کا مہر مثل لڑکی کو دیدینا شوہر پر واجب ہوگا، مہر مثل سے مراد وہ مہر ہے جو اس جیسی لڑکیوں کے لئے عام طور پر باندھا جاتا ہے، مثلاً اس کی بہن، پھوپھی وغیرہ۔

اختلفا في المهر فالقول قول المرأة إلى تمام مهر مثلها، والقول قول الزوج فيما زاد على مهر المثل. (هداية، اشرفي ديوبند ۲/ ۳۳۵، هكذا في الدر المختار، كراچي ۳/ ۱٤۸، زكريا ٤/ ۲۹٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۱/ ذی الحجہ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵/ ۱۵۶۱)

مہر فاطمی اور مہر پیغمبری کی مقدار کیا ہے؟

سوال [۵۸۸۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: مہر کی مقررہ رقم اور مہر شرع فاطمی مہر شرع پیغمبری کی کتنی رقم سکۂ رائج الوقت بنتی ہے، تفصیل کے ساتھ شرع فاطمی شرع پیغمبری بتلائیے کون سا مہر باعث ثواب ہے؟

المستفتی: حاجی میاں جان، محلّہ: دولت باغ، مسجد گلا کاٹی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر فاطمی کی مقدار قدیم اوزان سے ۱۳۱/ تولہ ۳/ ماشہ چاندی ہے اور موجودہ اوزان سے دس گرام کے تولہ کے حساب سے ڈیڑھ کیلو تیس گرام ۹۰۰/ ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت صرافے سے معلوم کر لی جائے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۳۰)

اور مہر شرع پیغمبری کی کوئی اصطلاح شریعت محمد میں نہیں ہے؛ لیکن عوام کے درمیان اس نام کا مہر مشہور ہے، اس سے اقل مہر مراد لیا جاتا ہے اور اقل مہر دس گرام کے تولہ سے ۳/ تولہ ۶۱۸/ ملی گرام چاندی ہوتی ہے، اس کی قیمت بھی صرافے سے معلوم کر لی جائے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰/ ربیع الاول ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/ ۳۰۹۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۰/ ۳/ ۱۴۱۳ھ

شوہر کو مہر فاطمی کی مقدار معلوم نہ ہونے پر مہر مثل کا وجوب

سوال [۵۸۸۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر زید کا نکاح مہر فاطمی پر ہوا اور زید کو مہر فاطمی کا علم نہیں تھا کہ مہر فاطمی

کتنے کو کہتے ہیں؟ اور نکاح ہوجانے کے بعد زید کو مہر فاطمی کا علم ہوا کہ مہر فاطمی اتنے روپیہ کو کہا جاتا ہے اور اب زید مہر فاطمی دینا نہیں چاہتا اور لڑکی کچھ مہر کے بارے میں نہیں کہہ رہی ہے، تو کیا زید کے اوپر مہر فاطمی دینا واجب ہوگا یا کوئی مہر دینا واجب ہوگا؟

المستفتی: نورالعین، دیوریاوی، متعلم مدرسہ شاہی مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر زید کو مہر فاطمی کی مقدار بالکل معلوم نہیں رہی ہے، نہ اجمالاً اور نہ ہی تفصیلاً اور بعد میں معلوم ہونے پر طاقت سے باہر کہہ رہا ہے، تو ایسی صورت میں زید پر اپنی بیوی کے لئے مہر مثل واجب ہوگا اور مہر مثل کا مطلب یہ ہے کہ بیوی کی بہن، پھوپی وغیرہ کا جو مہر باندھا گیا ہے، وہی لازم ہوگا۔

وإذا تزوجها على مثل هذا الزنبيل حنطة، أو بوزن هذا الحجر ذهباً، أو على قدر مهر فلانة أوقيمة هذا العبد أو قيمة عبد يجب مهر المثل ولا يزاد على المسمىٰ. (هندية، كتاب النكاح، الباب السابع، الفصل الخامس في المهر، زكريا ١/ ٣١٠، جديد زكريا ١/ ٣٧٦) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸ رمحرم الحرام ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸ / ۲۹۸۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸/۱/۱۴۱۳ھ

سکۂ رائج الوقت سے کیا مراد ہے؟

سوال [۵۸۸۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نکاح کے وقت جو قاضی حضرات سکۂ رائج الوقت مہروں کے ساتھ بولتے ہیں، تو سکۂ رائج الوقت سے کیا مراد ہے، ہمارے علاقہ میں بولتے ہیں، دس ہزار روپئے مہر سکۂ رائج الوقت یا مہر فاطمی سکۂ رائج الوقت، تو سکہ رائج الوقت سے کیا مراد ہے؟

المستفتی: عبدالرشید

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بوقت نکاح قاضی حضرات مہروں کیساتھ جوسکہ رائج الوقت بولتے ہیں، اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ مہر کی ادائیگی کے وقت ملک کے اندر جو روپیہ رائج ہوتا ہے، اسی کی ادیگی مراد ہوتی ہے؛ لہٰذا دس ہزار مہر سکۂ رائج الوقت سے مراد ادائیگی کے وقت میں جو روپیہ رائج اور عام ہو، اسی کا دس ہزار روپیہ مراد ہوتا ہے۔

إذا اشترىٰ من آخر شيئاً بألف درهم، ولم يسم شيئًا؛ فهذا على وجهين. الأول: أن يكون في البلد نقد واحد معروف. وفي هذا الوجه جاز العقد، ويتصرف إلى نقد البلد بحكم العرف؛ لأن المعروف كالمشروط. (تاتارخانية، زكريا٨/٢٧٣، رقم:١١٨٩١)

فالذي ينبغي أن لا يعدل عنه اعتبار زمن الواقف إن عرف.....(قال الشامي) **قلت: وفي زماننا وقبله بمدة مديدة ترك الناس التعامل بلفظ الدرهم، وإنما يذكرون لفظ القرش وهو اسم لأربعين نصف فضة، وهذا يختلف باختلاف الزمان، فينظر إلى قرش زمن الواقف أيضاً.** (شامي، كتاب البيوع، باب المتفرقات، مطلب فيما ينصرف إليه الدرهم، كراچي٥/٢٣٢-٢٣٣، زكريا٧/٤٨٦-٤٨٧)

وتعتبر القيمة يوم الوجوب وقالا: يوم الأداء وهو الأصح. (در مختار مع الشامي، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم، كراچي٢/٢٨٦، زكريا٣/٢١١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

الجواب صحیح:	کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ	۱۰؍جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ
۱۰؍۶؍۱۴۳۲ھ	(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۴۳۵/۳۹)

مہر فاطمی کی نقدی قیمت

سوال [۵۸۸۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نئے وزن کے حساب سے جو مہر فاطمی کی مقدار ۱۵۳ر تولہ ۹۰۰ر ملی

گرام چاندی ہوتی ہے، اس کی کل قیمت کیا ہوگی یہاں کئی جگہ دوکانوں پر چاندی کی قیمت معلوم کی گئی اکثروں نے ۱۰۰؍روپیہ فی تولہ بتایا، اگر سوروپیہ ہی قیمت لگائی جائے تو مذکورہ مقدار کی کل کتنی رقم بنے گی؟

المستفتی: عطاءالرحمٰن

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر فاطمی کی مقدار ۱۵۳۰؍گرام ۹۰۰؍ملی گرام چاندی ہے، جس میں دس گرام کے تولہ کے حساب سے ۱۵۳؍تولہ ۹۰۰؍ملی گرام چاندی ہوتی ہے، اس کی قیمت مارکیٹ میں گھٹتی بڑھتی رہتی ہے اور بعض دفعہ تو دوسرے تیسرے دن بڑھنے گھٹنے کا اخبار میں اعلان آتا رہتا ہے؛ اس لئے قیمت لکھنا مناسب نہیں؛ بلکہ جس دن اس کی ادائیگی کی ضرورت پیش آئے اس دن مارکیٹ سے معلوم کرلیا جائے، اس دن کے بھاؤ کے اعتبار سے ادا کرنا ہوتا ہے۔

يعتبر يوم الأداء بالإجماع وهو الأصح، فهو تصحيح للقول الثاني الموافق لقولهما وعليه فاعتبار يوم الأداء يكون متفقاً عليه عنده وعندهما. (شامي، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم، كراچي ۲/ ۲۸٦، زكريا ۳/ ۲۱۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹؍رجب المرجب ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۴۶۴/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۹/۷/۱۴۲۵ھ

مہر فاطمی کس قیمت سے ادا کی جائے گی؟

سوال [۵۸۸۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دس سال پہلے زید کے ذمہ مہر فاطمی تھا، اب ادا کر رہا ہے، مگر چاندی

کے ریٹ بہت بڑھ گئے ہیں، کیا زید کی بیوی چاندی کا ریٹ کم لگا کر مہر فاطمی کے پیسے پہلے ریٹ پر لے سکتی ہے؟ مہر ادا ہو جائے گا؟

المستفتی: عبدالرشید

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہر فاطمی کی مقدار ڈیڑھ کیلو تیس گرام نو سو ملی گرام چاندی ہوتی ہے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

اور اس کی قیمت اس دن کے ریٹ کے حساب سے لگائی جاتی ہے، جس دن مہر ادا کیا جاتا ہے؛ لہٰذا دس سال پہلے مہر فاطمی باندھا ہے اور آج ادا کرنا ہے، تو پہلے ہی کے ریٹ کے حساب سے قیمت لگانا جائز نہیں ہے۔

وتعتبر القيمة يوم الوجوب وقالا: يوم الأداء وهو الأصح (درمختار) وفي الشامية: إن المعتبر عنده فيها يوم الوجوب وقيل يوم الأداء. وفي المحيط: يعتبر يوم الأداء بالإجماع وهو الأصح. (شامي، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم، كراچي ۲/ ۲۸٦، زكريا ۳/ ۲۱۱) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۴۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۰/۶/۱۴۳۲ھ

مہر کی ادائے گی میں کس وقت کی قیمت کا اعتبار ہے؟

سوال [۵۸۸۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا نکاح ۱۲/ ربیع الاوّل ۱۴۲۴ھ مطابق ۷/ دسمبر ۲۰۰۳ء کو ہوا اس وقت جو زید کے نکاح میں مہر مقرر ہوا مہر فاطمی، جس کی قیمت اس وقت ساڑھے ۱۲/ ہزار روپیہ تھی، جو نکاح کے وقت رسید میں لکھ دی گئی تھی۔ اب کیا اس کو اُس وقت کی رقم دینی ہے یا اِس وقت کی؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں۔

المستفتی: مشاہد حسین اشرفی، سرائے سنبھل، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: رسید میں مہر کی صراحت دیکھی گئی ہے، اس میں مہر فاطمی لکھا ہوا ہے، جس کی قیمت بوقت عقد ساڑھے بارہ ہزار روپیہ تھی، یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ مہر کی ادائیگی جس وقت کی جائے، اسی وقت کی قیمت کا اعتبار ہے اور عقد کے وقت کی قیمت کا اعتبار نہیں ہے اور مہر فاطمی کی مقدار ڈیڑھ کیلو ۳۰ / گرام ۹۰۰ / ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت ادائیگی کے دن بازار سے معلوم کرکے ادا کردیں۔ (ایضاح المسائل ۱۳۰)

وإن كان دينا كان للزوج أن يحبسه ولايدفع غيره؛ لأن الدراهم والدنانير لاتتعينان لعقود المعاوضات وإن عينت إلا إذا كانت نقرة، أوتبراً، أو ذهباً، أو فضةً؛ فإنها تتعين إذا عينت وإذا ورد الطلاق قبل الدخول لها، ففي كل موضعٍ كان للرجل أن يعطيها غيره. (تاتارخانية، كتاب النكاح، الفصل السابع عشر، زكريا٤/ ١٦٣، رقم:٥٨٤٣)

وعندهما في الفصلين جميعاً يؤدي قيمتها يوم الأداء في النقصان درهمين، ونصفاً. وفي الزيادة عشرة هما يقولان: الواجب جزء من النصاب وغير المنصوص عليه حق لله تعالىٰ غير أن الشرع أثبت له ولاية أداء القيمة اما تيسرا عليه وأما نفلا للحق والتسير له في الأداء دون الواجب. (بدائع الصنائع، كتاب الزكاة، فصل في التصرف في مال الزكاة قديم ٢/ ٢٣، جديد زكريا٢/ ١١٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳ / ربیع الاول ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۸ / ۹۹۲۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۳/۳ھ

مہر فاطمی میں چاندی کی قیمت دی جائے تو کونسی قیمت معتبر ہوگی؟

سوال [۵۸۹۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی میں چاندی کا وزن ایک کلو سے زائد ہوتا ہے، اگر کوئی شخص چاندی کے بجائے اس کی قیمت ادا کرے تو کونسی قیمت لگائی جائے گی؛ اس لئے کہ صراف کی دوکان میں الگ بھاؤ ہوتا ہے اور سرکاری بھاؤ الگ ہوتا ہے اور دونوں بھاؤ میں تقریباً دو ڈھائی ہزار روپیہ فی کیلو کا تفاوت ہو جاتا ہے۔

فریقین میں اختلاف ہوگیا لڑکی والے صراف کی دوکان کے حساب سے قیمت لگاتے ہیں اور لڑکے والے سرکاری بھاؤ کے حساب سے لگاتے ہیں؛ کیونکہ روپئے پیسے کا مول سرکاری ہے یعنی پبلک نہیں؟ آپ محقق ومدلل جواب عنایت فرمائیں کہ کس حساب سے حساب لگایا جائے گا؟

(۲) نیز ماشہ، تولہ، بھری، ان تینوں میں کیا فرق ہے؟ تینوں ہم وزن ہیں یا ان کے مابین فرق ہے؟

المستفتی: ارشد خاں شاہد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب فریقین کے درمیان اختلاف ہوگیا، اور چاندی کا بھاؤ صراف کی دوکان اور سرکاری دوکان میں الگ الگ ہے، تو ادائیگی کے دن کی خریداری کے بھاؤ کا اعتبار ہوگا، دونوں فریق ادائیگی کے دن بازار میں جاکر قیمت معلوم کرلیں، اس روز جو قیمت بازار میں ہوگی وہی ادا کی جائے گی۔ (مستفاد: ایضاح النوادر ۳۸)

عند أبي حنيفةؒ في الزيادة والنقصان جميعاً يؤدي قيمتها يوم الحول. وعندهما في الفصلين جميعاً يؤدي قيمتها يوم الأداء. (بدائع الصنائع، كتاب الزكاة، فصل في اموال التجارة في الزكاة، كراچي ۲/ ۲۳، جديد زكريا ۲/ ۱۱۵)

وقال ذٰلک والصحیح أن هذا مذهب جمیع أصحابنا الخ.

(بدائع الصنائع ۲/۲۲، جدید زکریا۲/۱۱٤)

(۲) تولہ اور ماشہ میں فرق یہ ہے، ۸/رتی کا ایک ماشہ ہوتا اور ۱۲/ ماشہ کا ایک تولہ۔

(مستفاد: ایضاح المسائل ۱۳۰، ایضاح الطحاوی ۱۹۳/۳)

بھری کے بارے میں ہم کو معلومات نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۶۱۸۶/۳۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۰/۶/۲۶ھ

ایک زمانہ کے بعد مہر کی ادائیگی کا حکم

سوال [۵۸۹۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ دریافت طلب امر یہ ہے کہ میری شادی ۱۹۴۵ء میں ہوئی تھی، اس وقت انگریزی سکہ چاندی کا روپیہ تھا تعداد مہر میں مبلغ ۳۵/روپیہ ۱۰/آنہ چھ پائی مقرر ہوئی تھی؛ لیکن احقر آج تک اس کو ادا نہ کرسکا اہلیہ کا انتقال بھی ہوگیا۔ احقر اب اس کی ادائیگی کرنا چاہتا ہے، اب اس کی تعداد کیا ہوگی اور اس کا قاعدہ کیا ہوگا؟ جس سے احقر اپنے قرض سے بری ہوجائے، اہلیہ کے بھتیجے بھی ہیں اور پانچ لڑکے ایک لڑکی ہے۔ تفصیل سے نوازیں ایک صاحب کہتے ہیں ۳۵/روپیہ دس آنہ چھ پائی کے بقدر چاندی موجودہ اوزان کے اعتبار سے دو سونناوے، دوسوساڑھے چون ملی گرام ہوتی ہے کیا یہ صحیح ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر اس زمانہ میں جب آپ کی شادی ہوئی تھی، چاندی کا سکہ چلتا تھا تو آج آپ کی اہلیہ کا مہر چاندی کے ۳۵/روپیہ ۱۰/آنہ چھ پائی کا حساب لگا کر ادا کیا جائے گا اور اس کا وزن اور قیمت صرافہ سے جا کر معلوم کیا جائے کہ آج سے ۵۸/

سال پہلے چاندی کا جوسکہ چلتا تھا، اس کا وزن کتنا ہوتا تھا؟

استقرض من الفلوس الرائجة فعليه مثلها كاسدة ولا يغرم قيمتها. قال الشامي: أي إذا هلك وإلا فيرد عينها اتفاقاً. (درمختار مع الشامي، كتاب البيوع، باب المرابحة والتولية، فصل في القرض، كراچي ٥/١٦٢، زكريا٧/ ٣٩٠) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۳ر جمادی الثانیہ ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۰۹۴/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۶/۱۳ھ

مہر فاطمی کی قیمت نکاح کے وقت کے اعتبار سے دی جائے گی یا طلاق کے؟

سوال [۵۸۹۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری بہن کا تقریباً پانچ سال پہلے مہر فاطمی کے عوض نکاح ہوا تھا، اب اس کو طلاق ہوگئی ہے۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس کا مہر کس حساب سے ادا ہوگا، نکاح کے وقت کا اعتبار ہوگا یا طلاق کے وقت کا؟ جو بھی ہو حکم شرعی سے مطلع فرمائیں عین کرم ہوگا۔

المستفتی: محمد رضی، محلہ: چلہ امروہہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہر فاطمی کا وزن ڈیڑھ کلو تیس گرام نو سو ملی گرام چاندی ہے، جس دن وہ مہر ادا کیا جائے گا، اسی دن کی قیمت کا اعتبار ہوگا۔ (مستفاد: کفایت المفتي قدیم ۵/ ۱۲۸، جدید زکریا ۵/ ۱۲۷، محمودیہ ڈابھیل ۱۲/ ۵۸، کتاب الفتاوی ۴/ ۴۹۰)

الزوج مخير في تسلميه وتسليم قيمته...... وإنما يتقرر مهراً بالتسليم، فتعتبر قيمته يوم التسليم. (بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل في بيان ادنى المهر، زكريا ٢/ ٥٦٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ر شعبان المعظم ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۱۶۰/۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۸/۹ھ

مہر فاطمی کی مقدار اور مہر کس ریٹ سے ادا کریں؟

سوال[۵۸۹۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مہر فاطمی کی مقدار کیا ہے؟

(۲) مہر کی ادائیگی کے وقت کون سے ریٹ سے مہر ادا کئے جائیں، مارکیٹ ریٹ سے ادا کریں یا اخبار میں جو ریٹ چھپتے ہیں، ان کے حساب سے ادا کریں شرعی حکم کیا ہے؟

المستفتی: محمد یونس سیوہارا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: مہر فاطمی کی مقدار موجودہ گراموں کے حساب سے ڈیڑھ کلو ۳۰ رگرام ۹۰۰ رملی گرام چاندی ہے اور مہر کی ادائیگی کے وقت میں آپ کے شہر اور علاقہ کی مارکیٹ اور بھاؤ کا اعتبار ہوگا؛ لہٰذا اس مارکیٹ میں چاندی کی جو بھی قیمت ہوگی، اسی کے اعتبار سے مہر ادا کیا جائے گا۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۲۹)

وتعتبر القيمة يوم الوجوب. وقالا: يوم الأداء (درمختار) وتحته في الشامية: يعتبر يوم الأداء بالإجماع وهو الأصح. (شامي، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم، كراچي ۲/۲۸٦، زكريا ديوبند ۳/۲۱۱، الدر المنتقي، دارالكتب العلمية بيروت ۱/۳۰۱، البحرالرائق، كوئٹه ۲/۲۲۱، زكريا ۲/۳۸٦)

ويقوم في البلد الذي المال فيه، ولو في مفازة ويقومها ففي أقرب الأمصار إليه المالك في البلد الذي فيه المال، ولو كان في مفازة تعتبر قيمته في أقرب الأمصار إلى ذلك الموضع. (در مختار زكريا ۳/۲۱۱، كراچي ۲/۲۸٦، فتاوى عالمگيري، زكريا ۱/۱۸۰، جديد ۱/۲٤۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۷/ ذی الحجہ ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۵۶۵)

مہر میں قیمت کا اعتبار عقد کے وقت کا ہوگا یا ادائیگی کے وقت کا؟

سوال [۵۸۹۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی ۲۰۰۲ء میں ہوئی اور مہر فاطمی مہر میں طے ہوا، زید اپنا مہر اس وقت ادا نہیں کر سکا اور اس وقت چاندی کی قیمت ۸۰/روپیہ گرام تھی اور اس وقت مہر ادا کرنا چاہتا ہے، اس وقت چاندی کی قیمت ۱۰۰/روپیہ گرام ہے۔ اب زید موجودہ قیمت ادا کرے گا یا ۲۰۰۲ء کی قیمت ادا کرے گا۔

نوٹ: ندائے شاہی ماہ فروری ص:۴۴/ پر مہر کی ادنی مقدار دس درہم یا اس کے بقدر قیمت ہے، قیمت کا اعتبار عقد کے وقت کا ہوگا، ادائیگی کے وقت کا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جب مہر فاطمی متعین ہوا ہے، تو اصلاً مہر فاطمی ہی دینا چاہئے اور وہ پانچ سو درہم چاندی ہیں، موجودہ اوزان کے اعتبار سے ڈیڑھ کلو ۳۰/گرام ۹۰۰/ملی گرام ہے، بیوی کو اسی مہر کے مطالبہ کا حق بدستور باقی رہتا ہے، ہاں البتہ شریعت نے ادائیگی کی آسانی کے لئے مہر کا بدل قیمت دینے کی بھی اجازت دی ہے۔

رسالہ ندائے شاہی کی عبارت دیکھی گئی، اس پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ادائیگی کے وقت کیا بیوی کو مہر فاطمی کے مطالبہ کا حق نہیں رہتا ہے؟ اگر شوہر یوم العقد کی قیمت دینا چاہے اور بیوی قیمت کے بجائے اصل مہر فاطمی کا مطالبہ کرے تو کیا فیصلہ ہونا چاہئے؟ ظاہر بات ہے کہ بیوی کو اپنا بعینہ مہر فاطمی کے مطالبہ کا حق حاصل ہے، تو بدل کی صورت میں اس وقت کی قیمت کے مطالبہ کا بھی حق ہوگا اور رسالہ ندائے شاہی میں جو یوم العقد کی قیمت کا اعتبار لکھا ہوا ہے اور وہی موضوع بحث بھی بنا ہوا ہے، تو اس کی حقیقت یہ ہے کہ قیمت لگانے کے بارے میں فقہاء کے جزئیات دو طرح ہیں:

(۱) وہ جزئیات جس میں یوم العقد کی قیمت کے اعتبار کرنے کو لکھا گیا ہے۔

(۲) وہ جزئیات ہیں جس میں یوم الاداء کی قیمت کا اعتبار کیا گیا ہے، رسالہ ندائے شاہی کے مضمون نگار نے پہلی قسم کی جزئیات کو دیکھ کر یوم العقد کی قیمت کا اعتبار لکھا ہے، جوراجح اور مفتی بہ قول نہیں ہے؛ بلکہ راجح اور مفتی بہ قول یہی ہے کہ یوم الاداء کی قیمت کا اعتبار کیا جائے گا؛ البتہ یوم العقد کی قیمت کے اعتبار کی یہ شکل ہوسکتی ہے کہ عقد کے وقت مہر فاطمی کی قیمت بھی اسی وقت لگا کر نکاح کی رسید میں صراحت کردی گئی ہو،تو ایسی صورت میں اصل مہر چاندی نہیں ہوتا ہے؛ بلکہ اس کا بدل جو عقد کے وقت میں بنا تھا وہی اصل مہر بن جائے گا ،مثلاً نکاح کی رسید میں اس طرح صراحت کردے کہ مہر فاطمی ہے، جس کی قیمت آج فلاں تاریخ کو اتنے روپئے بنتے ہیں، تو یوم العقد میں قیمت لگا کر اگر روپیہ کی صراحت کردی گئی ہے،تو پھر یوم العقد کا اعتبار درست ہے، ورنہ یوم الاداء کا اعتبار کرنا ضروری ہوگا۔

ولا يجوز دفع غيره من غير رضاها، فكان مستقراً مهراً بنفسه في ذمته، فتعتبر قيمته يوم الاستقرار وهو يوم العقد فأما الثوب و إن وصف فلم يتقرر مهراً في الذمة بنفسه؛ بل الزوج مخير في تسليمه وتسليم قيمته في إحدى الروايتين على ما نذكر إن شاء الله، وإنما يتقرر مهراً بالتسليم فتعتبر قيمته يوم التسليم. (بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل في بيان أدنى المهر، زكريا ۲/ ٥٦٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍صفر المظفر ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۶۷۵/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۶/۲/۴ھ

شوہر کا مہر دینے سے انکار کرنا

سوال [۵۸۹۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ محمد زید نے رقیہ کو چار آدمی کی موجودگی میں تین طلاقیں دیدیں۔

اب محمد زید رقیہ کو مہر دینے کو منع کر رہا ہے؛ لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ اس مسئلہ میں شریعت کیا کہتی ہے؟ آپ اس کو قرآن وحدیث کی روشنی میں واضح فرمادیں۔

المستفتی: محمد سراج الدین، رحمت نگر، گلی نمبر ا، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر کے ذمہ میں واجب ہو جانے کے بعد اس کو ادا کرنا لازم ہوتا ہے؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں جب شوہر نے بیوی کو طلاق دیدی اور مہر اس کے ذمہ لازم ہو چکا تھا، تو اس مہر کو ادا کرنا ضروری ہوگا، شوہر کا مہر ادا کرنے سے منع کرنا شرعاً جائز نہیں ہے، مہر کا ادا کرنا اس پر بہر حال واجب ہے۔

والمهر يتأكد بإحدى معان ثلاثة: الدخول، والخلوة الصحيحة، وموت أحد الزوجين...... حتى لا يسقط منه شيئٌ بعد ذلك. (هندية، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل الثاني فيما يتأكدبه المهر، زكريا قديم ١/٣٠٣، زكريا جديد ١/٣٧٠)

فحاصله أن المهر يجب بالعقد و يتأكد بإحدى معان ثلاث الدخول، والخلوة الصحيحة. (البحر الرائق، كوئٹه ٣/١٤٣، زكريا٣/ ٢٥١، ٢٥٢)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: (إلى قوله) ألا لاتظلموا، ألا لاتظلموا، ألا لاتظلموا، أنه لا يحل مال امرئٍ الا بطيب نفس منه. (مسند إمام أحمد بن حنبل٥ /٧٣، رقم: ٢٠٩٧١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰؍محرم الحرام ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹؍۱۰۵۸۲)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۱/۱۰ھ

شوہر بیوی کو طلاق دے کر مہر نہ دے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۸۹۶]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: زید اور ہندہ دونوں میاں بیوی ہیں، ان دونوں میں کچھ نا اتفاقی ہوئی، زید ہندہ کو طلاق دینا چاہتا ہے؛ لیکن وہ مہر دینے پر تیار نہیں ہے، ہندہ کہتی ہے کہ مجھے میرا مہر دیجئے اور طلاق دیجئے، مہر دس ہزار روپیہ اور موجودہ زیور ہے از روئے شرع مطلع فرمائیں کہ لڑکی اپنے حق کی حقدار ہوئی یا نہیں؟ اور ایسی صورت میں زید پر کیا حکم عائد ہوتا ہے؟

المستفتی: عبدالحی، بھوجپوری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طلاق دینے کا حق شوہر کا ہے، اس پر کوئی جبر نہیں ہے، اگر وہ اپنے اختیار سے طلاق دیدے گا تو شوہر کے اوپر پورا مہر ادا کرنا اور سامان جہیز کا واپس کر دینا واجب ہوگا۔

أن تأجيل المهر إلى غاية معلومة نحو شهر، أو سنة صحيح، وإن كان لا إلى غاية معلومة (إلي قوله) **قال بعضهم يصح وهو الصحيح وهذا لأن الغاية معلومة في نفسها وهو الطلاق، أوموت الخ.** (فتاوى عالمگيري، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل الحادي عشر في منع المرأة نفسها، زكرياقديم ۱/۳۱۸، زكريا جديد ۱/۳۸۵) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲؍ ربیع الثانی ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴؍۱۱۹۷)

نا قابل جماع عورت کا مہر

سوال [۵۸۹۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری لڑکی کی شادی آج سے تقریباً آٹھ ماہ قبل محمد عالم کے ساتھ ہوئی تھی، نکاح کے بعد رخصتی ہوئی، رات جب دونوں ایک جگہ ہوئے تو میری لڑکی حق زوجیت ادا نہ کرسکی؛ کیونکہ اس کی شرمگاہ بند تھی، اس کے بعد بھی وہ تین بار اپنے شوہر کے پاس گئی؛ لیکن حق زوجیت ادا نہ کرسکی، اب میرے گھر پر ہے اور اس کو طلاق ہورہی ہے، ان حالات کے مدنظر میری لڑکی کو مہر نکاح لینا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: سراج الدین

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر یہ بات تحقیق سے ثابت ہوچکی ہے کہ لڑکی کی شرمگاہ تنگ ہونے کی وجہ سے وہ قابل مجامعت نہیں ہے اور اس کی ڈاکٹری جانچ بھی ہوچکی ہے اور لڑکی والے بھی اس بات کا اقرار کررہے ہیں، تو ایسی صورت میں میاں بیوی کے درمیان جو تنہائی ہوئی ہے، شرعی طور پر یہ تنہائی معتبر نہیں ہے؛ اس لئے اب اگر طلاق ہوجاتی ہے، تو یہ قبل الدخول طلاق کے حکم میں ہے، تو ایسی صورت میں شوہر پر صرف نصف مہر ادا کرنا واجب ہوتا ہے؛ لہٰذا فرزانہ آدھا مہر مانگنے کا حق رکھتی ہے، پورا مہر اس کو نہیں ملے گا۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۲۶۸/۳، جدید ڈابھیل ۱۰۳/۱۲، عزیز الفتاوی ۴۴۰/۱)

وإن طلقها قبل الدخول، والخلوة، فلها نصف المسمیٰ. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفي ديو بند ۳۲٤/۲)

ومن الموانع لصحة الخلوة أن تكون المرأة رتقاء، أو قرناء، أو عفلاء أوشعراء، كذا في التبيين. (عالمگيري، زكريا قديم كتاب النكاح، الباب السابع في المهر الفصل الثاني فيما يتأكد به المهر والمتعة، قديم ۳۰۳/۱ جديد ۳۷۱/۱) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۶۱۳/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۶/۴/۱۴۲۳ھ

رتقاء کو طلاق دینے پر نصف مہر لازم

سوال [۵۸۹۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: میرے بھائی کی شادی آٹھ ماہ پہلے ہوئی تھی، لڑکی اس قابل نہیں ہے کہ حق زوجیت ادا کر سکے اس کی شرمگاہ بند ہے، اس وجہ سے لڑکی حق زوجیت ادا نہیں کر سکتی ہے، ڈاکٹروں کے مشورہ کے مطابق اس کا علاج امریکہ میں ہوسکتا ہے، دوران علاج جان کا بھی خطرہ ہے، علاج کے لئے اتنا خرچ نہ لڑکی والے کر سکتے ہیں اور نہ لڑکے والے۔ اور اس مرض کا علم لڑکی والوں کو پہلے سے تھا، لڑکے والوں کو دھوکہ دے کر رکھا گیا، یہ پتہ چلا ہے کہ وہ اپنی لڑکی کو دولہن دیکھنا چاہتے تھے، لڑکی سسرال میں تین دن رہ چکی ہے، تینوں مرتبہ حق زوجیت ادا نہ کرسکی۔

اب لڑکی اپنے گھر رک گئی ہے طلاق کی نوبت آگئی ہے، لڑکی کے والدین مہر کا مطالبہ کررہے ہیں، ان حالات میں لڑکے پر مہر ادا کرنا واجب ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: محمد عتیق، بروالان، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس عورت کی شرم گاہ اس طرح بند ہو کہ حق زوجیت پورا نہ ہوسکے، تو جب اس کا شوہر اسے طلاق دیدے، تو اس کا نصف مہر شوہر کے ذمہ واجب ہوتا ہے۔

کما في الهداية: فليست الخلوة صحيحة حتى لو طلقها كان لها نصف المهر؛ لأن هذه الأشياء موانع. وفي الفتح: ومن فصل الموانع ذكر منها الرتق، والقرن، والعفل. (فتح القدير، كتاب النكاح، باب المهر، زكريا۳/ ۳۲۰،

کوئٹہ ۳/۲۱۷، دارالفکر بیروت۳/ ۳۳۲، تنویر الأبصار مع الشامیة، کراچي ۳/۱۱٤،
زکریا٤/ ٢٥٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۱۷/ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف۳۲/۴۷۸۱)	۱۷/۴/۱۴۱۷ھ

رخصتی سے قبل طلاق کی صورت میں مہر کی ادائیگی کا حکم

سوال [۵۸۹۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک جگہ میرے بڑوں نے میرا رشتہ طے کردیا، ۱۵/۲۰/دن کے بعد میرے دل میں والدہ کو حج پر لے جانے امنگ پیدا ہوئی ہے، سوچا کہ اگر نکاح ہوتا تو میں ان کا بھی فارم بھر کر تینوں لوگ ساتھ چلیں گے، پھر ایسا ہوگیا کہ اس لڑکی سے میرا نکاح ہوگیا، میں نے پاسپورٹ کی تیاری شروع کردی، کچھ ٹائم کے بعد مجھے پتہ چلا کہ جس لڑکی سے میرا رشتہ یعنی نکاح ہوا ہے، وہ لڑکی کریکٹر کی غلط ہے، اس پر میں نے غور وفکر شروع کردی سچائی سامنے آتی چلی گئی میں نے اس لڑکی سے فون پر بات کرکے سب کچھ بتا دیا، جس کے میں نے ثبوت حاصل بھی کئے، مجھے نفرت تو ہوئی پھر بھی میں نے سوچا کہ اسے نبھانے کی کوشش کرلیں گے، مگر نکاح کے بعد بھی اس نے کسی لڑکے سے اپنا گندہ تعلق بنانے کی پوری کوشش کی؛ جوکہ نہایت گندگی بھری کیسٹ ہے، جوکہ میں نے حاصل کرلی۔

اب مجھے پوری طرح نفرت ہوگئی، اور میں نے اس سے فون پر ہی تین بار طلاق لفظ کہہ کر اپنے معاملے کو پاک صاف کرلیا، اب وہ بھی اپنے میکے میں ہے، رخصت نہیں ہوئی تھی، رخصتی عید پر ہوگی، صرف نکاح ہوا تھا۔ اب مجھے برائے مہربانی بتائیں شریعت کی روسے اس کا میرے اوپر کیا حق بنتا ہے اور کیا مجھے دینا ہے، اس کے مہر ۵۰/ ہزار

روپیہ بندھے تھے، کیا مہر دینا ہے اور کتنا دینا ہے؟ مجھے آگاہ کریں تاکہ اس قرض کو ادا کر کے میں سبکدوش ہوجاؤں۔

المستفتی: پیرغیب، کھنی گلی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس لڑکی سے پچاس ہزار روپیہ مہر پر عقدِ نکاح کیا، پھر رخصتی سے پہلے اس کو تین طلاق دیدی ہے، تو وہ زوجیت سے خارج ہوچکی ہے۔ اوراس طرح رخصتی سے پہلے طلاق دینے سے شرعاً نصف مہر ادا کرنا لازم ہوجاتا ہے؛ لہٰذا پچاس ہزار روپیہ مہر میں سے پچیس ہزار روپیہ ادا کرنا لازم ہوگا،اس کے علاوہ اور کسی چیز کے مطالبہ کا حق باقی نہیں رہے گا۔

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ. [البقرہ:۲۳۷]

وللمطلقة قبل الدخول نصف المفروض. (تاتارخانية، زكريا ٤/ ٢٢٠، رقم: ٦٠٢٢)

ويجب نصفه: أي نصف المهر بطلاقٍ قبل وطء، أو خلوةٍ. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي٣/ ١٠٤، زكريا ٤/ ٢٣٥)

وإن طلقها قبل الدخول، والخلوة، فلها نصف المسمىٰ. (هداية، اشرفي ديو بند٢/ ٣٢٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۹؍ جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹؍ ۱۰۴۵۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۶/۲۹ھ

ہمبستری سے قبل طلاق کی صورت میں مہر کا حکم

سوال [۵۹۰۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ زید نے نکاح کیا اور نکاح کے بعد بغیر ہمبستری کے ممبئی چلا گیا، وہاں سے اس کو تین طلاق دیدی، اس صورت میں مہر کتنا مقرر ہوگا؛ جبکہ فاطمی مہر مقرر کیا گیا تھا؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب تحریر فرمائیں۔

المستفتی: شیخ جسیم الدین

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر شوہر کے گھر آنے کے بعد شوہر زید اور لڑکی دونوں ایک کمرہ میں تنہائی اختیار کر چکے ہیں، تو ایسی صورت میں اگر چہ ہمبستری نہیں کی ہے، پھر بھی پورا مہر ادا کرنا لازم ہوگا۔

وإن طلقها قبل الدخول، والخلوة، فلها نصف المسمیٰ (وقوله) وشرط أن یکون قبل الخلوة؛ لأنها کالدخول. (هداية، کتاب النکاح، باب المهر اشرفي دیوبند ۲/ ۳۲۴) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۶؍محرم الحرام ۱۴۱۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۳؍۵۱۶۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۲۶/۱/۱۴۱۸ھ

خلوت سے قبل طلاق کی صورت میں مہر کا حکم

سوال [۵۹۰۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے لڑکے محمد زبیر ولد نعمت اللہ نے ایک نکاح بغیر میرے یا کسی عزیز کے علم میں لائے کر لیا اور مہر فاطمی مقرر ہوئے؛ لیکن دونوں کے درمیان حق زوجیت قائم نہیں ہوا۔ اب کسی وجہ سے لڑکے نے کئی لوگوں کی موجودگی میں تین مرتبہ طلاقیں دیدیں؛ لہٰذا لڑکے کے ذمہ مہر کی ادائیگی واجب ہے یا نہیں؟

المستفتی: نعمت اللہ قریشی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب لڑکے نے اپنی منکوحہ کو رخصتی سے پہلے تین طلاق دیدی ہے، تو اس سے اس کی منکوحہ بیوی پر تین طلاق مغلظہ واقع ہوگئی ہے، اور رخصتی اور خلوت سے پہلے طلاق دینے سے نصف مہر واجب ہوتا ہے؛ لہٰذا جو مہر فاطمی مقرر ہوا ہے، اس کا نصف ادا کرنا لازم ہوجائے گا۔

وإن طلقها قبل الدخول بها، والخلوة، فلها نصف المسمیٰ؛ لقوله تعالیٰ: وان طلقتموهن من قبل ان تمسوهن.الآية (هداية، كتاب النكاح، باب المهر، اشرفي ديوبند۲/ ۳۲٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴؍ ربیع الاول ۱۴۲۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۴۹۶/۳۸)

خلوت صحیحہ سے قبل طلاق کی صورت میں مہر کا حکم

سوال [۵۹۰۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی شادی زینب کے ساتھ مہر متعینہ سے ہوئی چھ سات مہینہ گذر گئے، مگر ابھی تک میاں بیوی نے نہ کبھی خلوت اختیار کی اور نہ ہی کسی طرح کی بات چیت کی، ایک دن مجلس بلائی گئی اور زید کو زینب کی طرف آمادہ کیا گیا، مگر وہ اس کی طرف مائل ہونے کے بجائے حاضرین کے سامنے اس نے اپنی منکوحہ کو طلاق دیدی۔

اب ایسی صورت میں زید پر زینب کو کیا کیا چیز دینا فرض، واجب اور سنت ہے؟ مدلل اور مفصل جواب تحریر فرما کر ممنون ومشکور فرمائیں عین کرم ہوگا۔

المستفتی: عبدالباری، مسکونہ مہتری، ڈاکخانہ: پھرکیہ، پورنیہ (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اگرنابالغ شوہر نے اپنی بیوی کوخلوت صحیحہ سے پہلے طلاق دی ہے،توشوہر پرنصف مہرادا کرناواجب ہے، متعہ وغیرہ واجب نہیں ہے۔

ويجب نصفه بطلاق قبل وطء أو خلوة. وفي الشامي: أي نصف المهر المذكورة. (الدر المختار مع الشامي، كتاب النكاح، باب المهر، زكريا ٤/٢٣٥، كراچي ٣/١٠٤)

وتستحب المتعة عن سواها: أي المفوضة إلا من سمىٰ لها مهر وطلقت قبل وطء، فلا تستحب لها. (الدر المختار، باب المهر، كراچي ٣/١١١، زكريا ٤/٢٤٥) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۳/ ذی الحجہ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۵۶۸/۲۵)

خلوت صحیحہ سے قبل طلاق ہو جائے تو کتنا مہر ملے گا؟

سوال [۵۹۰۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ جناب مختار احمد کا عقد نکاح ہمراہ مسماۃ شاہجہاں بیگم عرف بدھو سے بالعوض مبلغ ایک ہزار روپیہ نصف معجّل اور نصف مؤجل عمل آیا اور نکاح نامہ کی خانہ کیفیت میں مبلغ پانچ سو روپیہ حقیقت سے وصول پائے تحریر ہوئے۔

قدرتی معذوری اور ڈاکٹری مشورہ کی وجہ سے مسماۃ شاہجہاں بیگم مذکورہ کی رخصتی عمل میں نہیں آئی اور مسماۃ شاہجہاں بیگم مذکورہ نے بعوض مبلغ پانچ سو روپیہ اپنے شوہر مختار احمد سے خلع کرلیا اور مابین زوجین طلاق زبانی عمل میں آگئی، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ مذکورہ بالا تفصیل کے بعد خلوت صحیحہ سے پہلے شاہجہاں نے طلاق لے لی، تو کل مہر ایک ہزار میں سے کتنے کی حقدار تھی؟

المستفتی: محمد وکیل

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب شاہجہاں بیگم نے خلوت صحیحہ سے قبل بعوض مہر پانچ سو رروپیہ کی جائیدا پر قبضہ کر کے اپنے شوہر سے اس پر خلع کر لیا، تو اب شاہجہاں بیگم کا مہر مکمل طریقہ پر ادا ہوگیا؛ اس لئے کہ خلوت صحیحہ سے قبل طلاق دینے پر نصف مہر واجب ہوتا ہے اور اس پر شاہجہاں نے قبضہ کر کے خلع کر لیا۔ اب وہ بقیہ پانچ سو روپیہ کی مستحق نہیں ہے۔

فإن طلقها قبل الدخول بها، فلها نصف. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفي ديو بند۲/ ۳۳۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۵ر شعبان المعظم ۱۴۱۴ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵۵۰/۳۱)	۱۴۱۴/۸/۵ھ

طلاق قبل الدخول کی صورت میں مہر اور نکاح کے خرچہ کا حکم

سوال [۵۹۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا نکاح رقیہ سے ہوا (رخصتی نہیں ہوئی) مہر دس ہزار نصف معجّل اور نصف غیر معجّل تھے۔ زید اپنی مردانی کمزوری کی وجہ سے رخصتی کرنے کو تیار نہیں ہے اور رقیہ کے عزیز بھی ان حالات میں یہی بہتر سمجھ رہے ہیں کہ رخصتی نہ کی جائے۔

(۱) سوال یہ ہے کہ اگر زید رقیہ کو طلاق دیتا ہے، تو رقیہ مہر کی حقدار ہے یا نہیں؟ اور اگر ہے تو کتنے مہر کی؟

(۲) نکاح کے موقع پر رقیہ کے والدین کا قریب چار ہزار روپئے خرچہ ہوا، وہ روپئے ان کو زید سے لینا چاہئے یا نہیں؟ اور کتنا لینا چاہئے۔ جواب سے نوازیں کرم ہوگا۔

المستفتی: محمد انصار علی، مغل پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) قبل رخصتی طلاق دینے سے نصف مہر دینا شوہر کے ذمہ لازم ہے۔

وإن طلقها قبل الدخول،والخلوة، فلها نصف المسمىٰ. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفي ديوبند ٢/ ٣٢٤، فتاوى عالمگيري ، جديد ١/ ٣٧٤، قديم زكريا١/ ٣٠٨، زيلعى امدايه ملتان٢/ ١٣٨، زكريا ٢/ ٥٣٩)

(۲) نکاح کے موقع پر رقیہ کے والدین نے جو خرچ کیا ہے زید سے اس کا مطالبہ شرعاً جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاوی رحیمیہ قدیم ۳/ ۱۲۸، جدید زکریا ۸/ ۴۰۷)

لارجوع فيما تبرع عن الغير. (قواعد الفقه، اشرفی دیوبند ۱۰٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹ / ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵/ ۱۷۷۱)

طلاق ثلاثہ کے بعد دین مہر اور جہیز کا حکم

سوال [۵۹۰۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ طلاق ثلاثہ کے بعد لڑکی کا مہر لڑکے کے ذمہ واجب ہے یا نہیں؟ اور جو لڑکی کے باپ نے سامان جہیز دیا ہے، وہ لڑکے کے گھر موجود ہے، وہ بھی واپس ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اور اس لڑکی کے دو بچے ہیں ایک لڑکا اور ایک لڑکی ،لڑکی کی عمر ۴/ سال ،لڑکا ۵/ ماہ کا ہے،لڑکی اپنے بچوں کو لے کر اپنے باپ کے گھر آ گئی ہے بچوں کا کیا ہوگا؟

مندرجہ ذیل سوالوں کا جواب مطلوب ہے۔

(۱) میری مطلقہ ثلاثہ لڑکی کا دین مہر لڑکے (شوہر) کے ذمہ موجود ہے، تو کیا اس کو دینا ضروری ہے یا نہیں؟ جبکہ لڑکے نے تینوں طلاقیں دیدی ہیں؟

(۲) لڑکی کا سامان جہیز بھی لڑکے کے یہاں ہے، تو کیا لڑکے پر اس کا واپس کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

(۳) لڑکی کے دو بچے ہیں، ایک لڑکی ۴ر سال اور لڑکا ۵ر ماہ کا ہے، ان کا حق پرورش کس کو ہے اور پرورش کے خرچ کا ذمہ دار کون ہوگا لڑکی یا لڑکا؟

المستفتی: گوچھن بیگ، محلّہ: اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب شوہر کی طرف سے شرعی طلاق سے تفریق ہوگئی ہے، تو شوہر پر پورے دین مہر ادا کرنا واجب ہے اور بیوی کے سامان جہیز اس کو واپس کردینا واجب ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۸/۳۵۷)

اور لڑکا ۷ر سال کی عمر تک اور لڑکی بالغ ہونے تک بیوی اپنی پرورش میں رکھ سکتی ہے، اس عرصہ میں بچوں کے اخراجات شوہر پر لازم رہیں گے۔

فعليه المسمىٰ إن دخل بها، أومات عنها؛ لأنه بالدخول يتحقق تسليم المبدل وبه يتأكد البدل وبالموت ينتهي النكاح نهايته (إلى قوله) **فيتقرر بجميع مواجبه.** (هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفي ديوبند ٢/٣٢٤)

والحاضنة أمّاً، أو غيرها أحق به أي بالغلام حتى يستغني عن النساء وقدر بسبع وبه يفتىٰ (إلى قوله) **أحق بها بالصغيرة حتى تحيض أي تبلغ في ظاهر الرواية.** (الدر المختار، باب الحضانة، كراچي ٣/٥٦٦، زكريا ٥/٢٦٧)

ونفقة أولاد الصغار على الأب. (هداية، اشرفي ٢/٤٤٤) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللّٰہ عنہ
۲۱ر رمضان المبارک ۱۴۰۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۴/ ۸۹۱)

خلوت صحیحہ کے بعد مہر اور عدت کا حکم

سوال [۵۹۰۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے

بارے میں: کہ رقیہ کا نکاح زید سے ہوا، نکاح کے وقت رقیہ نے زبان سے اقرار نہیں کیا؛ بلکہ دستخط کردیئے، پھر رخصتی ہوکر سسرال چلی آئی، رات میں پہلی ملاقات رقیہ کی زید سے ہوئی، تو رقیہ زید کو دیکھتے ہی چیخ مار کر بیہوش ہوجاتی ہے، اتنے میں زید نے امی کو آواز دی، پھر رقیہ کو باہر لایا گیا، رقیہ صبح اپنے میکہ آجاتی ہے، رقیہ کے بیہوش ہونے کی وجہ یہ تھی کہ پہلے سن چکی تھی کہ لڑکے کی عمر زیادہ ہے، مگر اس کو یقین نہ آیا، یقین اس وقت آیا جبکہ پہلی ملاقات ہوئی، رقیہ بتارہی ہے کہ لڑکے کی عمر تقریباً ۵۵؍سال ہے؛ جبکہ لڑکی کی عمر ۲۲؍سال ہے، بہر حال تمام حالات اپنے میکے والوں کو بتادئے لڑکی والوں نے لڑکے سے طلاق دلوادی۔

اب دریافت یہ کرنا ہے کہ لڑکی پر عدت واجب ہے یا کفارہ ادا کرنا ہوگا، کیوں کہ رقیہ بتاری ہے کہ زید کا میرے جسم پر ہاتھ تو درکنار سلام وکلام تک نہیں ہوا۔ اور یہ بتائیں مہر ادا کرنا ہوگا یا نہیں؟ اگر ادا کرنا ہوگا تو کتنا لڑکی والوں کو یا لڑکے والوں کو؟ حدیث کی روشنی میں حوالوں کے ساتھ وضاحت فرمائیں۔

المستفتی: شہناز بیگم، پرنس روڈ-۶؍مغلپورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب میاں بیوی میں خلوت صحیحہ ہوگئی ہے، تو پوری طرح مدخول بہا کا حکم وجوب مہر اور وجوب عدت کے بارے میں لگ جائے گا؛ لہٰذا رقیہ پر عدت گذارنا واجب ہوگا اور اگر رقیہ نے مہر معاف نہیں کیا ہے اور نہ ہی خلع وغیرہ کیا ہے، تو زید پر پورا مہر ادا کرنا لازم ہوگا اور مہر شوہر ہی پر واجب ہوا کرتا ہے۔

وإذا خلا الرجل بامرأته وليس هناک مانع من الوطئ، ثم طلقها، فلها كمال المهر……وعليها العدة في جميع هذه المسائل. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفي ديوبند ۲/ ۳۲۵-۲/ ۳۲۶) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۹؍محرم الحرام ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۹/ ۲۲۷۹)

خلوت صحیحہ کے بعد کتنا مہر لازم ہے؟

سوال [۵۹۰۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ سائل کی شادی ۱۰؍دسمبر ۲۰۰۴ء کو انجام پذیر ہوئی، شب عروسی میں جب میں دولہن کے کمرے میں گیا، تو وہ دیوانوں جیسی حرکتیں کرنے لگی کہ میرے قریب مت آنا میں تیری صورت سے نفرت کرتی ہوں، میں تیرے ساتھ نہیں رہنا چاہتی، تو نے اگر میرا جسم چھونے کی کوشش کی تو میں چھت پر سے نیچے کود جاؤں گی، میں نے ذرا سختی اختیار کی تو وہ فورا کمرہ سے باہر چلی گئی اور اپنی چوڑیاں توڑ ڈالیں اور خودکشی کرنے پر آمادہ ہوگئی اور گھر کی عورتوں کے سامنے بھی دیوانگی کی حرکتیں کیں، دو ماہ سے وہ اپنے ماں باپ کے گھر ہے، اس حالت میں اگر اس کو طلاق دیتا ہوں تو کیا یہ میرا عمل شریعت کی رو سے جائز ہوگا یا نہیں اور چونکہ میں حق زوجیت ادا کرنے میں ناکام رہا، تو کیا اس کے مہر کی رقم ادا کرنا مجھ پر لازم ہوگا؟

المستفتی: ضیاء الرحمٰن، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب میاں بیوی دونوں نے ایک کمرہ میں تنہائی اختیار کرلی اور کمرہ کا دروازہ بند کر کے تنہائی حاصل ہوگئی۔ نیز شوہر کا خود اس بات کا اقرار کرنا کہ میں نے اس سے ہمبستری پر سختی اختیار کی تو معلوم ہوا کہ اس خلوت میں آگے بھی کچھ کام ہوا ہے اور مستفتی سے زبانی معلوم ہوا کہ شوہر نے اس بات کا بھی اقرار کیا ہے کہ لڑکی کے بغل کے بال کافی لمبے لمبے تھے، اس نے اس کو صاف نہیں کیا ہے؛ لہٰذا مذکورہ صورت میں خلوت صحیحہ پائی گئی؛ اس لئے اب اگر شوہر اپنی مرضی سے طلاق دے گا تو پورا مہر ادا کرنا لازم ہوگا۔

عن محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا: من كشف خمار امرأة ونظر إليها، فقد وجب الصداق دخل بها، أولم يدخل. (السنن الكبریٰ للبیهقي، كتاب الصداق، دارالفكر بيروت ١١/ ٥١، رقم: ١٤٨٥٠)

وروي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، أنه قال من كشف خمار امرأته ونظر إليها وجب الصداق دخل بها، أو لم يدخل وهذا نص في الباب.
(بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل و أما بيان مايتأكد به المهر، كراچي ٢/ ٢٩٢، جديد زكريا ٢/ ٥٨٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ محرم الحرام ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۶۳۲)

مطلقہ مدخولہ کا مہر کتنا ہے، نصف یا کامل؟

سوال [۵۹۰۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی جس کی شادی کو تقریباً پونے دوسال گذر گئے ہیں، وہ اپنے شوہر کے ساتھ، شوہر کے ماں باپ و بھائی بہن کے ساتھ راضی خوشی سے رہ رہی ہے اور اس کا ایک ۵/ ماہ کا بیٹا بھی ہے، ایک دن اچانک صبح ۱۱/ بجے اپنے شوہر کی غیر موجودگی میں ساس و نند سے چھپ کر اپنے اس بچے کو ساتھ لے کر اپنی سسرال سے بھاگ کر اپنے والدین کے گھر چلی گئی ہے، شوہر کو جب اس بات کا پتہ چلا تو شوہر نے اپنے ایک عزیز کو اس کے والدین کے گھر دیکھنے کے لئے بھیجا، اس شخص کے معلوم کرنے پر اس نے بتایا کہ میں اپنی سسرال والوں کو دھوکہ دے کر اپنے والدین کے گھر آ گئی ہوں۔

اب میں وہاں نہیں جاؤں گی، میں اپنے والدین کے گھر رہ کر اپنا مستقبل بناؤں گی یا مجھے میرے شوہر کے والدین سے علیحدہ مکان لے کر دیدو، اس کا یہ بیان ہے کہ میرا

شوہر پانچ روپیہ کا بھی آدمی نہیں ہے، مجھے شوہر نہیں چاہئے، مجھے اس بچے کے لئے باپ کا نام چاہئے ،اس کے گھر سے بھاگ جانے اوراس کی اس بیان بازی سے اس کا شوہر سخت ناراض ہےاوروہ بھی اس لڑکی کوجوابھی تک اس کی بیوی ہے،اپنے گھر میں یا اپنے دل میں کوئی جگہ دینا نہیں چاہتا؛ لہٰذا میں مسئلہ یہ جاننا چاہتا ہوں کہ ان حالات میں اورلڑکی کےاس طرح کے بیان سے کیا ثابت ہوتا ہے؟ کیا لڑکی اپنے اس شوہر سے طلاق چاہتی ہے؛ جبکہ وہ اپنی زبان سے طلاق کا لفظ ادا کرنا نہیں چاہتی، کیااس طرح گھر سے بھاگی ہوئی لڑکی کو شوہر اگر اپنی طرف سے طلاق دے، تو کیا لڑکی اپنے اس مہر کی حقدار ہے، جوحق مہرشوہر کی طرف واجب ہے یانہیں؟

المستفتی: تحسین جمال،

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال میں ذکرکردہ حالت میں طلاق واقع ہوجائے تو بھی شوہر کے ذمہ مہر کی ادائیگی لازم رہے گی بغیرادا کئے ساقط نہ ہوگا خواہ بیوی کاقصور ہو۔

وإذا تأكد المهر بما ذكر لا يسقط بعد ذٰلک، وإن كانت الفرقة من قبلها. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي۳/۱۰۲، زكريا ٤/۲۳۳)

إنما يتأكد لزوم تمامه بالوطء ونحوه. (شامي، كراچي۳/۱۰۲، زكريا٤/۲۳۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیراحمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸؍رجب المرجب ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر:الف ۳۷/ ۸۴۴۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۸/۷/ ۱۴۲۵ھ

بدکارہ بیوی کوطلاق دینے کے بعد مہر کا حکم

سوال[۵۹۰۹]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میں نے اپنی بیوی کے پاس ایک موبائل برآمد کیا، جو میں نے اپنی بیوی کو نہیں دیا تھا، جب میں نے اس کے بارے میں دریافت کیا کہ کہاں سے ملا، تو وہ لڑنے لگی اور زور زور سے شور مچانے لگی اور میرے اوپر طلاق دینے کے لئے دباؤ ڈالنے لگی اور مجھ سے جھگڑا کر کے بچوں کو روتا ہوا چھوڑ کر گھر سے نکل گئی اور جب میں اسے ڈھونڈتا ہوا جامع مسجد پارک کے سامنے ایک دوکان پر پہونچا جہاں پر مجھے اس کے ہونے کا شک تھا، تو وہ ہاں پر ایک شخص کے ساتھ موجود تھی، مجھے دیکھ کر وہ زور زور سے چیخنے لگی کہ مجھے طلاق دے، میں نے اسے وہیں پر تین طلاق دیدی اور وہ اس شخص کے ساتھ موٹر سائیکل پر بیٹھ کر چلی گئی۔

دریافت یہ کرنا ہے کہ مہر دینا ہے یا نہیں؟ طلاق ہوئی یا نہیں طلاق کا اقرار بھی کرتی ہے؟

المستفتی: ریاض الدین، فیل خانہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں جب آپ نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیدی ہیں، تو طلاق مغلظہ وقع ہوکر بیوی قطعی طور پر حرام ہو چکی ہے، اب آپ کے لئے اس کو بیوی بنا کر اپنے پاس رکھنا قطعاً جائز نہیں ہے؛ بلکہ اس سے علیحدگی لازم ہے۔ نیز آپ کے ذمہ مقررہ مہر کی ادائے گی بہر حال لازم اور ضروری ہے۔

ولو قال لزوجته: أنت طالق طالق طالق طلقت ثلاثاً. (الأشباه، قديم مطبع ديوبند ٢١٩)

وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة، أو ثنتين في الأمة، لايحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها، أو يموت عنها. (تاتار خانية، زكريا ١٤٧/٥، رقم:٧٥٠٣، ومثله في الفتاوى العالمگيري، زكريا ٤٧٣/١، جديد ٥٣٥/١)

ويتأكد عند وطء، أو خلوة صحت من الزوج، أو موت أحدهما (درمختار) وتحته في الشامية: إنما يتأكد لزوم تمامه بالوطء ونحوه.

(شامي، کراچي ۳/ ۱۰۲، زکریا٤/ ۲۳۳) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴ محرم الحرام ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۵۸۹)

شوہر پر دباؤ ڈال کر طلاق لینے کی صورت میں مہر اور جہیز کا حکم

سوال[۵۹۱۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد انیس عرف گڈو کی بیوی کے گھر والے طلاق لینا چاہتے ہیں؛ حالانکہ کئی پنچایت ہوئیں اور اس میں محمد انیس نے پنچایت کی جانب سے لڑکی والوں کی ساری شرائط کو منظور کرتے ہوئے اپنی بیوی کو رکھنا چاہا اور اپنا گھر بسانا چاہا، سارے فیصلے اور پنچایت کے سارے شرائط ماننے کے باوجود لڑکی والے لڑکے سے طلاق لینا چاہتے ہیں، کیا اس صورت میں مہر اور سامان کو واپس کرنا ہے یا نہیں؟ وضاحت سے مدلل جواب دیں۔

المستفتی: محمد انیس عرف گڈو، خلونئی بستی گلی-٦ رمرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورت مسئولہ میں جب لڑکا لڑکی والوں کی تمام شرائط ماننے کو تیار ہے، تو اس پر بلا وجہ طلاق کا دباؤ ڈالنا صحیح نہیں ہے، تاہم اگر وہ طلاق دینے پر تیار ہو جائے تو دو شکلیں ہے:

(۱) اگر بلا کسی شرط کے طلاق دے گا تو مہر اور سامان سب واپس کرنا لازم ہوگا۔

(۲) اگر اس شرط پر طلاق دے کہ میں مہر نہیں دوں گا، تو ایسی صورت میں طلاق کے بعد مہر دینا اس پر واجب نہ ہوگا اور سامان اگر ایسا ہے کہ جو خالص لڑکی کی ملک ہے، مثلاً وہ چیز جو لڑکی والوں کی طرف سے اپنی لڑکی کو دی گئی ہے، تو اس کی واپسی بہر حال لازم ہے، خواہ وہ جس حال میں ہو اور لڑکے والوں کی طرف سے دیئے گئے سامان کے بارے

میں برادری کے عرف کو دیکھا جائے گا، اگر واپسی کا عرف ہوگا، تو واپسی لازم ہوگی اور اگر واپسی کا رواج نہ ہوگا تو واپسی لازم نہ ہوگی۔ (مستفاد: فتاوی احیاء العلوم ۱/۲۹۲، کفایت المفتی قدیم ۵/۱۲۳، جدید زکریا ۵/۱۲۳)

ویسقط المهر عنه في الخلع؛ لأنه مسقط. (طحطاوي علی الدر، کوئٹه ۲/۱۸۸)

فإن خفتم ان لا یقیما حدود الله فلا جناح علیهمافیما افتدت به علی ما إذا کان النشوز منها سواء کان منه نشوزاً أیضاً أولا. (طحطاوي علی الدر، کوئٹه ۱۸۸)

لو جهز ابنته بجهاز أوسلمها ذلک لیس له الاسترداد منها ولا لورثته بعده إن سلمها ذلک في صحته؛ بل تختص به ویفتیٰ. (شامي زکریا ٣٠٦/٤، کتاب النکاح، باب المهر کراچي ١٥٥/٣، فتاوی عالمگیري، کتاب النکاح، الباب السابع في المهر الفصل السادس عشر في جهاز البنت زکریا قدیم ٣٢٧/١، جدید ٣٩٣/١) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ ربیع الاول ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶/ ۷۵۴۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۳/۶ھ

طلاق ثلاثہ کے بعد لڑکی والوں کا مہر اور جہیز کا مطالبہ کرنا

سوال [۵۹۱۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ محمد سلیمان عرف مسلم نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیدیں اور اب لڑکی والے بوقت نکاح جہیز میں دیئے گئے سامان اور مہر کا مطالبہ کررہے ہیں، تو ان کا یہ مطالبہ شرعاً کیسا ہے؟

المستفتی: عبدالغنی، بارہ دری، سرائے؛ حسینی بیگم کھجور والی مسجد، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب محمد سلیمان نے اپنی بیوی کو تین طلاق

دیدیں، تو طلاقیں واقع ہوکر بیوی محمد سلیمان پر حرام ہوگئی، اب بغیر شرعی حلالہ کے بیوی محمد سلیمان کے لئے حلال نہیں ہوگی۔

وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة –لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها، ثم يطلقها، أو يموت عنها. (عالميگري، كتاب الطلاق، الباب السادس في الرجعة الخ، فصل فيما تحل به المطلقة وما يتصل به قديم ٤٧٣/١، جديد ٥٣٥/١)

والدین کی طرف سے شادی کے موقع پر لڑکی کو جو چیزیں جہیز میں دی گئیں، وہ اس کی ملکیت ہیں، وہ کسی کا حق نہیں؛ اس لئے اب طلاق کے بعد شوہر سے جہیز اور اپنے مہر کے مطالبہ کا حق لڑکی کو حاصل ہے۔ (مستفاد: عزیز الفتاوی ۴۴۵)

بل كل أحد يعلم أن الجهاز للمرأة إذا طلقها تأخذه كله. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ١٥٨/٣، زكريا ٣١١/٤)

لو جهز إبنته وسلمه إليها ليس له في الاستحسان استرداده منها وعليه الفتوى. (فتاوى عالمگيري، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل السادس عشر في جهاز البنت زكريا قديم ٣٢٧/١، جديد ٣٩٣/١) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲؍محرم الحرام ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶؍۷۴۴۴)

کیا مطلقہ مغلظہ کا مہر اور عدت کا نفقہ شوہر پر لازم ہے؟

سوال [۵۹۱۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکی جس کا نکاح تقریباً ایک سال قبل ہوا تھا، اس دوران لڑکی اپنی سسرال آتی جاتی رہی، اب آ کر لڑکی غیر محرم کے ساتھ فرار ہوگئی، دوسرے دن لڑکی کے

سسرال والے اس کو برآمد کر کے میکہ لے آئے اور شوہر کو بلا کر تین دفعہ طلاق دلا دی؛ جبکہ شوہر نے ابھی تک مہر ادا نہیں کیا ہے، اب بعد طلاق اس منکوحہ مطلقہ کا مہر شوہر پر ادا کرنا اور عدت کا خرچہ ادا کرنا واجب ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد عرفان سنبھل

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر نے چونکہ بلاشرط معافی مہر طلاق دی ہے؛ اس لئے اس پر پورا مہر ادا کرنا لازم ہے اور ناشزہ نافرمان بیوی کے لئے عدت کا خرچہ شوہر پر لازم نہیں ہوتا اور جب بیوی شوہر کو چھوڑ کر کے دوسرے مرد کے ساتھ فرار ہوگئی ہے، تو اس کا ناشزہ اور نافرمان ہونا واضح ہوگیا ہے۔

والمهر يتأكد بأحد معان ثلاثة الدخول، والخلوة الصحيحة، وموت أحد الزوجين سواء كان مسمىٰ، أو مهر المثل حتى لا يسقط شيئ منه بعد ذلک إلا بالإبراء من صاحب الحق. (بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل واما بيان مايتأكد به المهر، زكريا ٢/ ٥٨٤، هندية، زكريا ١/ ٣٠٣،جديد ١/ ٣٧٠، شامي، كراچي ٣/ ١٠٢، زكريا٤/ ٢٣٣)

جاءت من قبل المرأة بمعصية مثل الردة وتقبل ابن الزوج فلا نفقة لها؛ لأنها صارت حابسة نفسها بغير حق، فصارت كما إذا كانت ناشزة. (هداية ياسر نديم واشرفی ديوبند ٢/ ٤٤٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍محرم الحرام ۱۴۳۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۴۰/ ۱۱۳۸۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۸/۱/۱۴۳۵ھ

بیوی کا طلاق وعدت کے بعد مہر کا مطالبہ کرنا

سوال[۵۹۱۳]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نشہ کی حالت میں شوہر نے اپنی بیوی کوتین طلاق دی انیس دن کے بعد بچہ پیدا ہوا، اس کا خرچ سب شوہر نے اٹھایا بائیس دن کے بعد اپنے میکہ چلی آئی ،تو اب ازروئے شرع کیا بیوی کومہر اورعدت کے خرچ میں سےکون سا مطالبہ دینا لازم ہوگا؟؛ لہٰذا سوال کا جواب شریعت کی روسے عنایت فرمائیں۔

المستفتی: حاجی محمد یامین، لالباغ نئ آبادی، گلی-۱، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: نشہ کی حالت میں بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے؛ لہٰذا بچہ کی ولادت سے ۱۹/ دن پہلے شوہر نے جوتین طلاق دی ہیں، اس کی وجہ سے بیوی پر طلاق مغلظہ واقع ہوگئی ہے،جس کی وجہ سے بیوی شوہر پر بالکل حرام ہوگئی ہےاور ولادت کا خرچہ برداشت کرنا شوہر کےاوپر ہر حال میں لازم ہوتا ہے،اس نے جوخرچہ برداشت کیا ہے، وہ اپنی جگہ درست ہےاور بیوی کا اپنے میکہ چلی جانا؛اس لئے درست ہے کہ اب وہ اس کی بیوی نہیں رہی ہے اور بیوی کا اپنے مہر اور جہیز کا مطالبہ کرنا درست ہے، وہ سب ادا کرنا شوہر کےاوپر لازم ہے۔

قال في البدائع: وإذا تأكد المهر بما ذكر لا يسقط بعد ذٰلک، وإن كانت الفرقة من قبلها؛ لأن البدل بعد تأكده لا يحتمل السقوط إلا بالإبراء كالثمن إذا تأكد بقبض المبيع. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، زكريا٤/ ٢٣٣، كراچي ٣/٢ ١٠)

المعتدة عن الطلاق تستحق النفقة، والسكنىٰ، كان الطلاق رجعياً، أو بائناً، أوثلاثا، حاملا كانت المرأة، أو لم تكن. (هندية، زكريا ١/ ٥٥٧، جديد١م٦٠٥) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴؍صفر المظفر ۱۴۳۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۸۷۹/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۱/۲/۱۲ھ

کیا طلاق مغلظہ کے بعد اسی سے نکاح کی صورت میں دوبارہ مہر واجب ہوگا؟

سوال [۵۹۱۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ افضل نے اپنی بیوی کو طلاق مغلظہ دیا اور مہر بھی ادا کر دیا، پھر افضل نے اسی عورت سے شادی کی از سرنو (دوبارہ) مہر واجب ہوگا یا نہیں؟ سوال مذکور کا مدلل جواب دیں۔

المستفتی: محمد معین الدین، گڈاوی، متعلم مدرسہ شاہی، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب افضل نے اپنی بیوی کو طلاق مغلظہ دیدی ہے، تو اب بغیر حلالہ شرعیہ کے اس کے ساتھ از سرنو نکاح کرنا جائز نہیں۔ اور اگر حلالہ کے بعد از سرنو نکاح ہوا ہے، تو مہر ادا کرنا واجب ہوگا اور مہر کی مقدار وہی ہوگی جو اس میں طرفین کی رضامندی سے متعین ہوگی۔

إذا تزوج المرأة ودخل بها، ثم طلقها بائناً، ثم تزوجها – كان عليه مهر بالنكاح الأول، ومهر كامل بالنكاح الثاني. (فتاوى عالمگيري، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل الثالث عشر في تكرار المهر، زكريا ۱/۳۲۳، جديد ۱/۳۹۰) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴؍ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۶۱۲/۳۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۳/۴/۲۴ھ

نفقۂ واجبہ کے ذریعہ ادائے مہر کی نیت کرنا

سوال [۵۹۱۵]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کا نکاح ہوااور مہر میں ۱۵؍ ہزار روپیہ مقرر ہوا؛ لیکن زید کی حالت خستہ ہونے کی وجہ سے وہ مہر ادا کرنے پر قادر نہیں ہے۔

نیز زید کو اتنی قوت حاصل ہے کہ وہ اپنی بیوی کو بیس روپیہ روزانہ گذارے کے لئے دے سکتا ہے؛ لیکن وہ چالیس روپیہ روزانہ کے حساب سے مانگتی ہے، اسی طرح وہ سال میں تین جوڑے کپڑے اور جوتی وغیرہ کا مطالبہ کرتی ہے جو کہ قوت سے زائد ہے، تو ایسی صورت میں ان چیزوں کو لیتے ہوئے ادائیگی مہر کی نیت کرلے، تو درست ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: محمد خالد حسین، بھٹی اسٹریٹ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: کپڑا جوتا اور بیوی کے گذارے کے لئے دی جانے والی رقوم میں جو کہ شوہر پر شرعاً واجب ہے ادائیگی مہر کی نیت کرنا درست نہیں ہے؛ بلکہ مہر کی ادائیگی مستقل طور پر ہونا ضروری ہے، جس کا عورت کو بھی علم ہونا لازم ہے۔

وذكر فقيه أبو الليث أن القول قوله في متاع لم يكن واجباً على الزوج كالخف والملاءة ونحوه، وفي متاع كان واجباً عليه كالخمار، والدرع، ومتاع كالخف ليل، فليس له أين يحتسب من المهر. كذا في المحيط السرخسي. (هندية، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر الفصل الثاني عشر في اختلاف الزوجين في المهر، زكريا ۱/ ۳۲۲، جديد ۱/ ۳۸۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶؍ رجب المرجب ۱۴۲۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۶۲۱۲)

شوہر کی جانب سے مہر کے ارادے سے دیئے گئے زیورات کا حکم

سوال [۵۹۱۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہم نے شادی میں زیور لڑکے کی دولہن کو مہر کی نیت سے چڑھایا ہے؛ لیکن نکاح کے وقت رسید میں لکھوانے کا دھیان نہیں رہا، وزن زیور ۹/تولے کا ہے، اس وقت سونے کا بھاؤ چھ ہزار روپیہ تولہ کا تھا، یہ زیور مہر کی رقم میں ادا ہوسکتا ہے یا نہیں؟ طلاق ہونے پر زیور لڑکے والوں کو واپس ہوجاتا ہے اور جہیز لڑکی والوں کو واپس ہوجاتا ہے؟

المستفتی: محمد ابراہیم

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر کی نیت سے جو زیورات چڑھائے گئے ہیں، ان کو مہر میں شمار کرکے واضح کرسکتے ہیں، اگر اس وقت رسید میں چڑھانے کا دھیان نہیں رہا، تو بعد میں اس بات کو واضح کرسکتے ہیں کہ جو زیور ہم نے چڑھایا ہے، وہ مہر میں شمار ہوگا۔

نیز آپ کی برادری میں چونکہ تفریق کے وقت لڑکے کی جانب سے چڑھائے گئے زیورات واپس کردیئے جاتے ہیں، تو اگر مذکورہ زیور مہر کی نیت سے نہ چڑھایا ہوتا تب بھی اس کو مہر میں شمار کرکے واضح کرنا درست ہے۔

ومن بعث إلى امرأته شيئاً، فقالت: هو هدية، وقال الزوج هو من المهر، فالقول قوله لأنه هو المملك، فكان أعرف بجهة التمليك كيف وإن الظاهر أنه يسعىٰ في إسقاط الواجب. وفي الحاشية تحت هذه العبارة؛ لأن ذٰلك شيئ في ذمته، فالظاهر من حاله أنه يريد إبراء ذمته. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفی دیوبند ۲/ ۳۳۷) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۴/ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۷/ ۸۳۸۶)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۵/۵/۲۴ھ

مہر میں زیور دینا

سوال [۵۹۱۷]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر کوئی شخص مہر میں نقد رقم کے بجائے بیوی کو دینے کے لئے زیور طے کرے، تو مہر کی ادائیگی ہوجائے گی اور ایسا کرنا جائز ہے یا نقد رقم مہر میں طے ہوئی، پھر اتنی رقم کا زیور دیدے یا زیادہ قیمت کا زیور دیدے، تو اس طرح مہر ادا ہوجائے گا، اس سلسلہ میں شریعت کی رہنمائی درکار ہے۔

المستفتی: جلیل حسن، نواب پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: ہر ایسی چیز کا مہر مقرر کرنا صحیح ہے، جو عرف میں مال سمجھی جاتی ہو؛ لہٰذا زیور کا مہر مقرر کرنا بلاشبہ درست ہے اور مہر میں رقم مقرر کر کے اس کے بدلے میں اگر اسی قیمت یا زیادہ کا زیور وغیرہ دیدیا جائے تو اس سے بھی مہر ادا ہوجائے گا۔

المهر لا يكون إلا ما هو مال، أو مايوجب تسليم مال. (تاتارخانية، ۱۵۹/٤، رقم: ٥٨٣٤)

المهر لا يخلو إما أن يكون ديناً، أوعينا، ونعني بالعين العروض، والحيوان، والعقار، والمكيل، والموزون إذا كانا بأعيانهما، ونعني بالدين الدراهم، والدنانير، أما إذا كان المهر عينا، فليس للزوج أن يدفع إليها غيره، وإن كان دينا كان للزوج أن يحبسه ويدفع غيره. (تاتارخانية، ۱٦۳/٤، رقم: ٥٨٤٣)

ومن بعث إلى إمرأته شيئًا، فقالت: هو هدية وقال هو من المهر فالقول قوله، من غير المهيا للأكل؛ لأنه المملك، فكان أعرف بجهة التمليك الخ. (تبيين الحقائق، كتاب النكاح، باب المهر، امداديه ملتان ۵۸۱/۲، زكريا ۵۸۱/۲) **فقط واللّٰه سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۰؍صفر المظفر ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/ ۱۰۲۸۷)

بیوی کو مہر میں زیور دینا

سوال [۵۹۱۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ مندرجہ ذیل عبارت صحیح ہے یا غلط مثبت یا منفی جو فیصلہ ہو وہ باعث ازالہ نزاع ہوگا عبارت یہ ہے، جو زیور بیوی کو دیا گیا ہے، اگر اس کے بارے میں یہ بات پہلے سے طے ہو چکی تھی کہ مہر میں زیور دیا جائے گا تب تو مہر میں زیور دینا درست ہے اور اگر یہ بات طے نہیں ہوئی تھی؛ بلکہ یہ زیور اسی طرح بیوی کو دیا گیا ہے، جس طرح معاشرہ اور سماج میں دلہنوں کو دیا جاتا ہے اور بعد میں اس طرح کے زیور کو مہر کہہ دیا جائے، تو یہ درست نہیں ہے؟ مہر کی وہ رقم جو قاضی کے نکاح نامہ میں تحریر کی گئی ہے، وہ دینی لازمی ہے الا یہ کہ بیوی اپنا مہر خود ہی معاف کردے، تو معاف ہو جائے گا۔ جواب جلد از جلد عنایت فرمائیں۔

المستفتی: عبد اللہ، امروہہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ تحریر میں جو مسئلہ لکھا گیا ہے، وہ صحیح اور درست ہے۔

ومن بعث إلى امرأته شيئافقالت هو هدية وقال الزوج هومن المهر فالقول قوله لأنه هو المملک فكان أعرف بجهةالتمليک ألخ. (هدايه، كتاب النكاح، باب المهر اشرفی ديوبند ۲/ ۳۳۷)

وإذا تأكد المهر بما ذكر لا يسقط بعد ذلک...... لأن البدل بعد تأكده لا يحتمل السقوط إلا بالإبراء كالثمن إذا تأكد بقبض المبيع.

(شامي، باب المهر زكريا ٤/ ٣٣٣، كراچي ٣/ ١٠٢) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۶ ؍محرم الحرام ۱۴۱۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲ ؍۴۲۸۴)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۶/۱/۱۴۱۶ھ

بیوی کو دیئے ہوئے سامان میں سالوں بعد مہر کی نیت کرنے کا حکم

سوال [۵۹۱۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری شادی کو نو سال سے کچھ زیادہ عرصہ ہو چکا ہے، جب میں نے شادی کی تھی، تو مہر فاطمی کے عوض شادی کی تھی، اس وقت مہر کچھ نہیں دیا تھا؛ لیکن بہت سارا سامان میں نے اپنی بیوی کو دیدیا تھا، اس وقت کچھ نیت نہیں کی تھی، اب میں نیت کرتا ہوں کہ جو کچھ دیا تھا وہی مہر کے بدلہ میں ہوجائے تو کیا وہی کافی ہے یا الگ سے دینا پڑے گا؛ حالانکہ اب میرے پاس مہر کے بقدر پیسہ نہیں ہیں؛ کیونکہ میں اس وقت ایک ملازم ہوں۔

المستفتی: نوید حسین، کالا پیادہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو سامان آپ نے بغیر مہر کی نیت کے دیا ہے اور اب نو سال کے بعد ان سامانوں کے بارے میں جو بغیر مہر کی نیت کے دیئے ہیں اور نہ ہی بیوی کو اس سلسلہ میں بتلایا ہے کہ شادی کے بعد مہر دیتے رہے ہیں، مہر کی نیت کرنے سے مہر ادا نہ ہوگا؛ بلکہ مہر کا قرضہ بدستور لازم رہے گا اور جب شادی کے وقت مہر فاطمی طے ہوا ہے، تو جس وقت ادا کیا جائے گا اس وقت کے بازار کی قیمت کا اعتبار کر کے مہر ادا کرنا لازم ہوگا اور مہر فاطمی کی مقدار ڈیڑھ کیلو تیس گرام ۹۰۰ ؍ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت بازار سے معلوم کر لی جائے۔

وإذا بعث الزوج إلى أهل زوجته أشياء عند زفافها منها ديباج، فلما

زفت إليه أراد أن يسترد من المرأة الديباج ليس له ذلک إذا بعث إليها على جهة التمليک. (هندية، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل السادس عشر في جهاز البنت، زكريا ۱/۳۲۷، جديد زكريا ۱/۳۹۳)

وتعتبر القيمة يوم الوجوب وقالا يوم الأداء (درمختار) وفي الشامية: يعتبر يوم الأداء وهو الأصح. (شامي، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم، كراچي ۲/۲۸٦، زكريا ۳/۲۱۱، الدر المنتقي، دارالكتب العلمية بيروت ۱/۳۰۱، البحر الرائق، كوئٹه ۲/۲۲۱، زكريا ۲/۳٦۸، جديد زكريا ۱/۳۹۳) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷؍جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۹/۱۰٦۷۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۳/۵/۷ھ

مہر میں نصف کی جگہ قاضی غلطی سے پورا مکان لکھ دے تو کیا حکم ہے؟

سوال [۵۹۲۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شمس الحق ولد عبدالحق، ساکن: محلہ اصالت پورہ مرادآباد کا نکاح نازیہ انجم بنت محمد اعظم صاحب محلہ اصالت پورہ مرادآباد سے تاریخ ۱۸؍فروری ۲۰۰۴ء بروز اتوار کو ہوا تھا، میری شادی میں جو مہر طے ہوا تھا، نکاح کی رسید میں قاضی جی نے لکھا تھا وہ مہر فاطمی ایک سو اکتیس تولہ چاندی اور ایک مکان؛ لیکن قاضی جی نے غلطی سے مکان کے نصف حصہ کے بجائے ایک مکان لکھ دیا نصف حصہ مکان کا دین مہر میری امی نے بحق میری زوجہ بیع نامہ رجسٹری کرا دیا تھا۔ اب نوبت الگ ہونے کی آ گئی اور میری ایک بیٹی بھی ہے، جس کی عمر ایک ماہ ہے یہ بتائیں کہ قاضی جی نے جو غلطی سے نکاح نامہ میں ایک مکان لکھا ہے وہ دیا جائے گا یا وہ جس کا نصف حصہ مکان طے پایا تھا جس کی رجسٹری ہوئی تھی اور اس میں میری بیٹی کا کتنا حصہ بنتا ہے اور اگر میری زوجہ مجھ سے الگ ہو کر کسی دوسرے شخص سے نکاح کرے تب بھی وہ

اس جائیداد کی مالک رہے گی؛ لیکن میں اپنی زوجہ کو الگ کرنا نہیں چاہتا؛ لیکن میری زوجہ کے ماں باپ الگ کرنا چاہتے ہیں۔

المستفتی: شمس الحق ولد عبدالحق، اصالت پورہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مکان کا نصف حصہ مہر میں دینے کی بات چیت ہوئی تھی اور جانبین میں یہی طے ہوا تھا اور اسی کی بنیاد پر نصف حصہ بیع نامہ رجسٹری کر کے زوجہ کے نام مستقل کر دیا گیا ہے، تو نکاح نامہ میں جو غلطی سے ایک مکان لکھا گیا ہے، وہ نصف مکان ہی ایک مکان شمار ہوگا؛ لہٰذا مذکورہ مکان کو نصف حصہ کر کے دیوار کھینچ دی جائے، تو دو مکان خود بخود ہو جائیں گے۔

نیز نکاح نامہ میں یہ بھی متعین نہیں ہے کہ ایک مکان کتنے گز کا ہے اور کس محلّہ کا ہے؛ اس لئے مکان سے نصف مکان مراد ہو سکتا ہے؛ لہٰذا طلاق دینے کے بعد مہر فاطمی کے ساتھ رجسٹری شدہ نصف مکان بھی مہر میں آپ کی بیوی کو مل جائے گا، نیز طلاق دینے کے بعد جب عورت کا نکاح دوسرے مرد کے ساتھ ہو جائے تب بھی مہر میں ملا ہوا مکان اسی کا ہوگا، دوسری جگہ نکاح کر لینے کی وجہ سے اس کا حق باطل نہ ہوگا۔

أن المسمیٰ تأکد بالتسمیة، والعقد جمیعا، فلتأکده لا یسقط کله لا بالطلاق، ولا بالموت. (مبسوط سرخسي، دارالکتب العلمیة بیروت ٥/٦٤)

أن الحق متی ثبت واستقر لا یسقط إلا بإسقاطه. (هدایة، باب طلب الشفعه، اشرفي ٤/٣٩٤)

بیوی کے دین مہر میں بیٹی کا کوئی حصہ نہیں ہے، ہاں البتہ بیوی کی موت کے بعد اگر باقی ہے، تو بطور وراثت اس کا حصہ بن سکتا ہے، نیز اگر آپ اپنی بیوی کو طلاق دینا نہیں چاہتے ہیں اور زوجہ کے ماں باپ الگ کرنا چاہتے ہیں، تو اس کی کیا وجہ ہے، اگر آپ کی طرف سے ظلم و زیادتی ہو رہی ہے، تو ان کا علیحدگی چاہنا درست ہے اور اگر آپ کی طرف

سے کسی قسم کی ظلم وزیادتی نہیں ہے اور حق زوجیت صحیح طریقہ سے ادا ہورہا ہے، اس کے باوجود زوجہ کے ماں باپ علیحدگی چاہتے ہیں، تو وہ لوگ گنہگار ہوں گے۔

وقال صلى الله عليه وسلم أيما امرأة اختلعت من زوجها من نشوز فعليها لعنة الله، والملائكة والناس اجميعن؛ ولأن فيه كفران النعمة. (مبسوط سرخسي، دارالكتب العلمية بيروت٦/٢)

عن ثوبانؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أيما امرأة سألت زوجها طلاقاً في غير مابأس فحرام عليها رائحة الجنة. (ابوداؤد شريف، كتاب الطلاق، باب في الخلع، النسخة الهندية ١/٣٠٣، دارالسلام رقم:٢٢٢٦) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۸ر صفر المظفر ۱۴۲۶ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۶۹۰/۳۷)	۱۴۲۶/۲/۸ھ

یہ دوسوگز کا مکان ہے اس کو بیچ کر مہر لو کہنے سے مہر کی ادائیگی

سوال[۵۹۲۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص کی شادی ہوئی تھی، نکاح میں مہر فاطمی مقرر ہوا تھا، ابھی مہر ادا نہیں کیا تھا کہ بیوی نے ایک دن مہر کا مطالبہ کیا، تو شوہر نے کہا یہ دوسوگز کا مکان ہے، اس کو بیچ کر مہر لے لو، تو کیا اس طرح سے مہر ادا ہوجائے گا یا نہیں؟

المستفتی: محمد واصف، امروہہ، جے پی نگر

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شوہر کا یہ کہنا کہ یہ دوسوگز کا مکان ہے، اس کو بیچ کر مہر لے لو محض اس طرح کہنے سے مہر ادا نہیں ہوگا؛ بلکہ شوہر پر لازم ہے کہ یا تو مکان بیوی

کے نام کردے یا بیوی اس مکان کو بیچ کر اپنا دین مہر وصول کر کے بقیہ رقم شوہر کو لوٹا دے۔

کان للزوج أن یحبسه ویدفع غیره؛ لأن الدراهم، والدنانیر لا تتعینان لعقود المعاوضات. (الفتاوی التاتارخانیة ٤/١٦٣، رقم:٥٨٤٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۵/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۱۱۰/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۴/۵/۱۵ھ

مہر کے روپیوں کے عوض زمین خرید کر دینا

سوال [۵۹۲۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید نے نکاح کیا فاطمہ سے اور مہر مقرر رہوا ساٹھ ہزار روپئے، زید نے اب تک مہر ادا نہیں کیا، اب زید مہر کے عوض سو گز زمین فاطمہ کے نام کرانا چاہتا ہے، جس کی قیمت ایک لاکھ پچھتر ہزار روپئے ہے۔ اور فاطمہ اس پر راضی ہے تو کیا مہر ادا ہو جائے گا یا ساٹھ ہزار روپئے بھی ادا کرنے ہوں گے؟

المستفتی: ظہیر احمد، اغوان پور، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سوال نامہ سے معلوم ہوا کہ فاطمہ کا مہر ساٹھ ہزار روپیہ ہے، جو زید کے اوپر واجب الاداء ہے اور زید کی سو گز زمین جس کی قیمت ایک لاکھ پچھتر ہزار روپیہ ہوسکتی ہے، اس کے بارے میں زید کو اختیار ہے کہ ساٹھ ہزار روپیہ مہر کے عوض میں بیوی کے نام فروخت کردے اور مالک کو اختیار رہتا ہے کہ اپنی ملکیت کی چیز جتنے میں چاہے فروخت کرے اور اس طرح زید کی طرف سے فاطمہ کا مہر ادا ہو جائے گا۔

لأن الملک ما من شانه أن یتصرف فیه بوصف الاختصاص.

(شامي، کتاب البیوع، زکریا ۷/۱۰، کراچي ٤/٥٠٢، الموسوعة الفقهیة

الكويتية ٤١٤/٢٩، ٥٠٢/٤)

ولـو بـعث إلى امرأته شيئًا ولم يذكر جهة عند الدفع غير جهة المهر (إلى قوله) وقال هو من المهر فالقول له. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ١٥١/٣، زكريا ٣٠١/٤، هداية اشرفي ديوبند ٣٣٧/٢، الموسوعة الفقهية الكويتية ٢٠٥/٣٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۳ رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۹۲۳/۴۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۴/۱/۵ھ

چیک کے ذریعہ مہر ادا کرنا

سوال [۵۹۲۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے ایک دوست کی شادی ہونے والی ہے اور وہ مہر کی رقم چیک کے ذریعہ دینا چاہتا ہے، چیک لڑکی کے نام ہوگا، دوراندیشی کے لئے دوسرا بہانہ نہ ہوسکے یہ چیک قاضی کے سامنے دیا جائے گا یا جب لڑکی سے ملاقات کی جائے اس وقت یعنی شادی والے دن سے چار پانچ روز کے بعد رقم لڑکی کے خاتے میں جمع ہوگی؟؛ لہٰذا اس مسئلہ کا جواب مطلوب ہے۔

المستفتی: محمد نسیم کرولہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: مہر کی رقم کو چیک کے ذریعہ سے دینا جائز اور درست ہے۔ نیز اس میں رقم کی زیادہ حفاظت ہوتی ہے؛ جبکہ شوہر کے کھاتے میں رقم موجود ہو اور مہر کی رقم کا چیک رقم ہی کے قائم مقام ہوتی ہے۔

الصک كتاب الإقرار بالمال وغيره. (لغة الفقهاء، كراچي ٢٧٥)

وغیر الدراهم یقوم مقامها باعتبار القیمة وقت العقد في ظاهر الروایة. (هندیة، کتاب النکاح، الباب السابع في المهر الفصل الاول، زکریا ۱/ ۳۰۲جدید ۱/ ۳٦۸) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۲/ ۴۸۱۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۷/۵/۲ھ

ساس کا بیٹی کے دین مہر کو داماد کے قرضہ میں مجری کرنا

سوال [۵۹۲۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص کی شادی ہوئی اس کی والدہ نے اس کی بہو کو شہر میں رکھنے سے انکار کیا، خود سب لوگ شہر میں رہتے تھے، بہو کو کرولہ پر بھیجنے کو کہا اور کہا کہ اگر شہر میں رکھنا ہو، تو کہیں دوسری جگہ انتظام کرلو؛ چنانچہ سسرال والوں نے داماد کو اپنے یہاں رکھا، تو داماد نے ٹین وغیرہ ڈال کر رہنا شروع کر دیا، پھر داماد نے کہا میں اس پر لینٹر ڈال کر اسے اچھا بنانا چاہتا ہوں، ساس نے منع کیا، پھر چار پانچ ہزار خرچہ کی اجازت دی، مگر جب اس نے بنایا تو تیرہ ہزار کا حساب ساس پر یا مکان پر آگیا، ساس پہلے ہی زیادہ مکان میں لگانے سے منع کر رہی تھی، مگر داماد ہونے کے ناطے تیرہ ہزار کا کاغذ پر اقرار کرلیا اور تین ہزار روپیہ تقریباً ڈیڑھ ماہ ہوئے دیدیا، دس بقایا لکھ دیئے، اس کے داماد نے ایک ماہ بعد لڑکی کو تین بار طلاق دیدی، تو اب مسئلہ یہ دریافت کرنا ہے کہ دس ہزار کا داماد کا جو مطالبہ ہے، وہ اپنی بیوی کا حساب مہر وغیرہ کا ہے، اس میں انہوں نے مجریٰ کر دیا کہ تم اپنی بیٹی کو دیدو، ساس کا کہنا ہے کہ آٹھ سال کا میرا کرایہ ملنا چاہئے؛ کیونکہ اب میرا ان کا رشتہ ختم ہوگیا، تو داماد کو دس ہزار ملنا چاہئے یا ساس کو کرایہ ملنا چاہئے؟

المستفتی: زوجہ حکیم اکرام الٰہی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب مکان میں اس کا دس ہزار روپیہ باقی ہے اور مکان ساس کے قبضہ میں ہے اور دس ہزار روپیہ داماد کا حق ہے، تو دین مہر اس میں سے ساس کے توسط سے بیوی کو منتقل کرنا درست ہے یا داماد کو دس ہزار ادا کردے، پھر داماد بیوی کو مہر میں ادا کردے اور تعمیرات کا مسئلہ ایسا ہے کہ شروع میں کم معلوم ہوتا ہے بعد میں خرچ بڑھتا جاتا ہے؛ لہٰذا جب ساس نے شروع میں اجازت دی ہے، پھر درمیان میں خرچ بڑھتا جارہا تھا، اس وقت نہ روکنا اجازت ہے۔

أمور المسلمين على السراد، حتى يظهر غيره. (قواعد الفقه، اشرفي ديو بند ٦٣) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ	الجواب صحیح:
۷/ ذی قعدہ ۱۴۱۸ھ	احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
(فتویٰ نمبر: الف ۵۵۰۹/۳۳)	۱۴۱۸/۱۱/۷ھ

مہر فاطمی قسطوار ادا کرنا

سوال [۵۹۲۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ (۱) زاہد کی شادی خالدہ سے ہوئی اور نکاح میں مہر فاطمی مقرر ہوا اور کچھ نہیں، اب زاہد اپنی زوجہ کو مہر کی رقم ادا کرنا چاہتا ہے؛ لیکن بیک وقت نہیں تھوڑا تھوڑا، اب زاہد کس طرح ادا کریگا؟

(۲) مہر فاطمی کی رقم کتنی ہوگی؟

(۳) اگر کچھ رقم امسال ادا کرے، پھر آئندہ سال ادا کرنا چاہتا ہے یعنی قسطوار؛ لیکن گذشتہ سال چاندی کی قیمت کم تھی اور آئندہ سال بڑھ گئی، تو چاندی کی قیمت بدلنے سے مہر کی قیمت بڑھتی رہے گی؟ مثال کے طور پر مہر فاطمی تھا پانچ ہزار روپئے اور زاہد نے ایک ہزار روپیہ ادا کردیا اور آئندہ سال چاندی کی قیمت بڑھنے کی وجہ سے پانچ ہزار ہوگئی، تو کیا زاہد کو

اب چار ہزار روپئے ادا کرنا ہوگا یا پانچ ہزار روپئے؟

المستفتی: محمد مختار عالم، سکٹھونگلہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) اگر زاہد کے پاس بیک وقت مہر فاطمی ادا کرنے کی طاقت نہیں ہے، تو قسطوار ادا کرنا جائز اور درست ہوگا۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: **وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ.** [البقرہ: ۲۸۰]

(۲) مہر فاطمی کی مقدار قدیم تولہ کے حساب سے ۱۳۱؍ تولہ تین ماشہ چاندی ہے اور موجودہ گراموں کے حساب سے دس گرام کے تولہ سے ۱۵۳؍ تولہ ۹۰۰؍ ملی گرام چاندی ہے، اس کی قیمت صراف سے معلوم کرلی جائے۔ (مستفاد: ایضاح المسائل ۱۳۰)

(۳) ہر سال قیمت میں فرق آجاتا ہے، تو ہر سال جتنی چاندی کی قیمت ادا ہوتی رہے گی، اس کی قیمت ادائیگی کے سال کے اعتبار سے ہوگی۔

فيعتبر قيمتها يوم الأداء. (بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل واماصفة الواجب في أموال التجارة، امداديه ملتان ۲/ ۲۲، جديد زكريا ۲/ ۱۱۱) **فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۲؍ ربیع الاولیٰ ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/ ۳۰۸۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۳/ ۳/ ۱۴۱۳ھ

حسب حیثیت تھوڑا تھوڑا مہر ادا کرنا

سوال [۵۹۲۶]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید اپنی بیوی کو اس کی عادت واخلاق کے غلط ہونے کی وجہ سے طلاق دیتا ہے، اب اس کے رشتہ دار زید سے مہر فی الفور اکھٹا ایک ساتھ مانگتے ہیں، زید کا مہر مہر فاطمی ہے، زید فی الفور اتنے مہر کی وسعت نہیں رکھتا ہے، زید اپنی بیوی کے رشتہ دار سے کہتا ہے حسب

حیثیت میں تھوڑا تھوڑا کر کے اس کا دین مہر ادا کروں گا؛ لیکن رشتہ دار اس بات پر راضی نہیں ہوتے ہیں، تو بتائیں کہ شریعت میں کیا زید کے لئے حسب حیثیت تھوڑا تھوڑا مہر ادا کرنے کی کوئی گنجائش ہے یا کسی طرح دین مہر اکھٹا ہی جس طرح بھی ہو ادا کرنا ہوگا؟

المستفتی: فیاض، مقام: ڈھمرا، پوسٹ: چریا، بھاگل پور (بہار)

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) اگر زید کے اندر پورا مہر ایک دفعہ ادا کرنے کی وسعت نہیں ہے، تو لڑکی اور لڑکی والوں پر لازم ہے کہ حسب حیثیت زید پر قسط مقرر کردیں یا زید کے اندر اکھٹا ادا کرنے کی وسعت پیدا ہونے تک زید کو مہلت دیدیں، وسعت نہ ہونے کی صورت میں اکھٹا ادا کرنا زید پر شرعاً واجب نہیں ہے۔

قوله تعالیٰ: **وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ.** [البقرہ: ۲۸۰] **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹ رمضان المبارک ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۵/ ۱۳۹۷)

مہر میں دیئے گئے مکان میں وراثت کا حکم؟

سوال [۵۹۲۷]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میری شادی پر میرے والدین نے ایک مکان میری بیوی کے حق مہر میں دیدیا تھا، میں اور میری بیوی پاکستان بننے پر پاکستان چلے گئی، میری والدہ محترمہ اس مکان میں رہتی رہیں، والد صاحب کا انتقال میرے سامنے ہوگیا تھا؛ لہٰذا میں اور میری بیوی والدہ صاحبہ کے پاس آتے جاتے رہے، درمیان میں مجھے والدہ صاحبہ سے ملنے آنے میں کچھ زیادہ عرصہ ہوا؛ لیکن جب میں آیا تو والدہ صاحبہ بیمار چل رہی تھیں، میرے آنے پر والدہ صاحبہ نے مجھ سے کہا کہ یہ مکان تمہاری بیوی کے مہر میں ہے، میں آج تک اس کی حفاظت کرتی رہی

ہوں۔اب میری زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں ہے کہ کب وقت پورا ہوجائے؛ لہٰذا اب تم آ گئے ہوتم جو چاہو اس کا کرو میں نے والدہ صاحبہ سے کہا یہ مہر کا مسئلہ ہے، میں اپنی بیوی کی مرضی کے بغیر کچھ نہیں کرسکتا اور اس وقت بیوی پاکستان میں ہے اور حکومت کے قانون کے مطابق تو وہ مالک نہیں ہے،تو والدہ صاحبہ نے کہا کہ میں قرآن وسنت کے قانون پر عمل کررہی ہوں اورقرآن وسنت کا قانون پوری دنیا میں ایک ہے؛ لہٰذا یہ مکان تمہاری بیوی کے حق مہر کا ہے اور وہ اس کی مالک ہے؛ لہٰذا قرآن وسنت کی روشنی میں معلوم یہ کرنا ہے کہ والدہ صاحبہ کا انتقال ہوچکا ہے، میری بیوی حق مہر چھوڑنے کو تیار نہیں ہے، میری سگی دو ہمشیرہ ہیں؛ لہٰذا یہ مکان صرف میری بیوی کا ہے یا دونوں ہمشیرہ کا؟

برائے کرم اس مسئلہ کا حل تحریر فرمائیں، مندرجہ بالا بیان میرا حلفیہ بیان ہے، غلط بیانی اس میں بالکل نہیں خدا گواہ ہے۔

المستفتی: عبدالباری،محلّہ: سرائے ترین، مرکز والی مسجد،مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگرسائل کا تحریر کردہ بیان صحیح ہے،تو مذکورہ مکان صرف سائل کی بیوی کی ملکیت میں ہے،اس میں سائل کی ہمشیراں وغیرہ کسی کا کوئی حق وابسطہ نہیں ہے اورسائل کی ہمشیراں کے لئے اس میں اپنے حق کا دعویٰ کرنا ہرگز درست نہیں ہے۔

لایجوز أن یأخذ مال أحد بلا سبب شرعي. (قواعد الفقہ، اشرفي دیوبند ۱۱۰)

لا یجوز لأحد من المسلمین أخذ مال أحد بغیر سبب شرعي.

(شامي، کتاب الحدود، باب التعزیر، کراچي ٤/٦١، زکریا٦/١٠٦) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/محرم الحرام ۱۴۱۳ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۸/ ۲۹۶۰)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۰/۱/ ۱۴۱۳ھ

کیا لڑکی کے مطالبۂ طلاق کی وجہ سے مہر معاف ہوجاتا ہے؟

سوال [۵۹۲۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ میرے بھائی مجیب عالم کا نکاح تقریباً پانچ ماہ پہلے یاسمین بنت شفیق احمد ضلع: رامپور کے ساتھ ہوا تھا، مجیب پہلے ہی کان سے کم سنتا تھا اور زبان میں کچھ ہکلاہٹ تھی جو شادی سے پہلے کچھ نہیں چھپایا گیا، اب پانچ ماہ کے بعد یاسمین بنت شفیق احمد، مجیب عالم کے گھر میں رہنے سے انکار کر رہی ہے، کافی کوشش کے باوجود بھی آنے کو تیار نہیں ہے اور وہ طلاق مانگ رہی ہے، اس صورت میں ہم کیا کریں طلاق دیں یا نہیں؟ اور اگر طلاق دی جائے تو مہر واجب ہوگا یا نہیں کچھ لوگ کہہ رہے ہیں کہ اگر لڑکی اپنی مرضی سے طلاق لے رہی ہے، تو مہر نہیں دیا جائے گا؟

المستفتی: مظہر عالم، نزد مسلم انٹر مسلم کالج دھوبی گھاٹ، کٹگھر، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: مسئولہ صورت میں جبکہ خود بیوی طلاق کا مطالبہ کر رہی ہے، تو شوہر مہر کی معافی پر طلاق دینے کی شرط لگا سکتا ہے، اگر بیوی اس شرط کے ساتھ طلاق لینے پر راضی ہو تو یہ خلع کی شکل ہوجائیگی اور بیوی کو مہر اور نفقہ نہیں ملے گا؛ البتہ جہیز وغیرہ کا جو سامان ہے، وہ اسے واپس لینے کی حقدار ہوجائے گی۔

ويسقط الخلع في نكاح صحيح، والمباراة: أي الإبراء من الجانبين كل حق لكل منهما على الآخر مما يتعلق بذلك النكاح (تنوير الابصار) وفي الشامية: قوله كل حق شمل المهر، والنفقة. (شامي، كتاب الطلاق، باب الخلع، كراچي ۳/۴۵۲، زكريا ۵/۱۰۴)

بل كل أحد يعلم أن الجهاز للمرأة إذا طلقها تأخذه كله. (شامي،

کراچي ۳/ ۱۵۸، زکریا٤ / ۳۱۱) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۸؍ ربیع الثانی ۱۴۲۸ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۹۲۵۸/۳۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۸/۴/۱۸ھ

مہر معاف کرنے کے بعد مہر کا مطالبہ کرنا

سوال [۵۹۲۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک پنچایت بلائی گئی، جس میں اقبال اور اس کی بیوی ہندہ بھی موجود تھی، اقبال نے اپنی بیوی ہندہ کی طلب پر پنچایت کے روبرو تین مرتبہ طلاق دی اور ہندہ نے پنچایت کے روبرو تین مرتبہ مہر معاف کر دیا، جہیز وغیرہ کا بھی لین دین ہو چکا، اب معلوم یہ کرنا ہے کہ بیوی نے جو مہر معاف کیا ہے، کیا وہ واجب الاداء ہے یا نہیں؟ واضح رہے کہ ہندہ نے پہلی رات میں بھی بلا کسی دباؤ کے مہر معاف کر دیا تھا اور آج طلاق لیتے وقت بھی پنچایت کے روبرو معاف کیا اس صورت میں حکم شریعت کیا ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں۔

المستفتی: اقبال حسین، محلّہ: ٹھا کران، بلاری، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب ہندہ نے بلا کسی جبر اور دباؤ کے پہلے ہی مہر معاف کر دیا تھا اور پھر طلاق کے وقت بھی بخوشی معاف کیا، جس پر پوری پنچایت گواہ موجود ہے، تو اب اس معافی کے بعد عورت کو مہر کے مطالبہ کا حق نہیں ہے۔

وصح حطها لكله، أوبعضه قبل أولا . (درمختار علی الشامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۳/ ۱۱۳، زكريا ٤ /۲٤۸) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲؍ رجب المرجب ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۲۹۹/۳۵)

بیوی مہر واپس کرنے کے بعد ثواب کی مستحق ہوگی؟

سوال[۵۹۳۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ عورت اپنے شوہر کو مہر معاف کررہی ہے، اپنی خوشی سے جب کہ شوہر مہر کو ادا کررہا ہے، عورت اس رقم کو لوٹا رہی ہے، اس صورت میں عورت ثواب کی مستحق ہے یا نہیں؟ اس صورت میں مہر ادا ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: محمد اقبال شمسی ہاؤس، طویلہ اسٹریٹ مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر کی ادائیگی کی یہ شکل ہے کہ شوہر مہر کی رقم عورت کے حوالہ کردے، پھر عورت اپنی مرضی سے وہ رقم شوہر کو ہبہ کردے، تو شوہر کی طرف سے مہر بھی ادا ہوجائے گا اور بیوی کو انفاق علی ذوی القربیٰ کا ثواب بھی ملے گا اور اگر بیوی مہر پر قبضہ کرنے سے پہلے بحالات صحت ورضا مہر معاف کردے، تو شوہر کی طرف سے مہر ادا نہیں ہوگا؛ البتہ ذمہ سے ساقط ہوجائے گا۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ قدیم ۱۳/ ۲۴۴، جدید ڈابھیل ۱۲/ ۷۰)

للمرأة أن تهب مالها لزوجها من صداق دخل بها زوجها، أولم يدخل وليس لأحد من أوليـاء هـا أب و لاغيره الاعتراض عليها. (عالمگيري، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل العاشر في هبة المهر، زكريا ١/ ٣١٦، جديد ١م ٣٨٢)

وصح حطها لكله، أو بعضه (عنه). (درمختار مع الشامي، كراچي ٣/ ١١٣، زكريا ٤/ ٢٤٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

كتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۴/ جمادی الثانیہ ۱۴۲۱ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۵/ ۶۷۱۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۱/۶/۵ھ

مہر کس کا حق ہے؟

سوال [۵۹۳۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شادیوں میں جو مہر باندھے جاتے ہیں ۲۰/ ہزار ۲۵/ ہزار تو جب وہ لڑکا مہر ادا کرے، تو وہ مہر کس کو دے، لڑکی کو یا اس کے والدین کو؟

المستفتی: امداد اللہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہر بیوی کا حق ہے؛ لہٰذا بیوی ہی کو دینا ضروری ہے، وہ اپنا حق جو چاہے کرے۔

نفذ تصرف المرأة في الكل لبقاء ملكها. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ۳/ ۱۰۵، زكريا ٤/ ۲۳۷) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۸/ شعبان المعظم ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/ ۵۸۸۱)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۹/۸/۹ھ

مہر کی ادائیگی کی صورت

سوال [۵۹۳۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بوقت نکاح جو مہر باندھا جاتا ہے، اس کی ادائیگی کی کیا صورت ہے؟ اور شوہر کو وہ مہر کتنی مدت میں ادا کر دینا چاہئے عورت کے شوہر کا انتقال ہوگیا، مہر اس وقت تک ادا نہیں کیا اور نہ ہی بیوی نے معاف کیا شوہر کے انتقال کے بعد اس کی بیوی اگر مہر معاف کرے تو کیا مہر معاف ہوجائے گا؟

المستفتی: عطاء الرحمٰن، کوری روانہ، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت کا اصل حکم یہی ہے کہ بیوی کا مہر جلد از جلد ادا کر دیا جائے؛ لیکن جب شوہر نے ادا نہیں کیا یہاں تک کہ شوہر کا انتقال بھی ہوگیا، تو اب شوہر کے ترکہ سے بیوی کو مہر دیا جائے گا، اب اگر بیوی اپنا حق مہر معاف کر دے، تو معاف بھی ہو جائے گا۔

ولنا أن المهر وجوبا حق الشرع على ما مر وإنما يصير حقا لها في حالة البقاء، فتملك الإبراء دون النفي. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر، اشرفي ديو بند ٣٢٤/٢) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۹/محرم الحرام ۱۴۲۶ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۸۶۲۹/۳۷)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۶/۱/۹ھ

مہر معاف کرنا

سوال [۵۹۳۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ پہلی رات میں لڑکے نے لڑکی سے کہا کہ آپ اپنا مہر ابھی لیں گی یا معاف کریں گی، تین مرتبہ پوچھنے پر لڑکی نے کہا یہ مہر میں نے اور میرے اللہ نے معاف کیا، اس کا کیا مسئلہ ہے؟ لکھئے عنایت ہوگی۔

المستفتی: شاہنواز، چندوسی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر لڑکی نے بغیر دباؤ اور مجبوری کے بخوشی مہر معاف کر دیا ہے اور سوال نامہ کے درج شدہ الفاظ کو بخوشی کہا ہے، تو ایسی صورت میں مہر معاف ہو چکا ہے اور شوہر کے ذمہ سے مہر ساقط ہو چکا ہے۔ (مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۲۶۶/۸)

وان حطت عنه من مهرها صح الحط؛ لأن المهر حقها. (هداية، كتاب النكاح، باب المهر اشرفي ديو بند٢/ ٣٢٥)

وصح حطها لكله، أو بعضه عنه قبل أو لا. (در مختار، كراچي ٣/ ١١٣، زكريا٤/ ٢٤٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٨/ جمادی الاولیٰ ١٤١٣ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٢٨/ ٣١٨٥)

بیوی مہر معاف کر سکتی ہے یا نہیں؟

سوال [٥٩٣٤]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ بیوی مہر معاف کر سکتی ہے یا نہیں؟

المستفتی: عبید اللہ، بھاگل پوری

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: مہر بیوی کی اپنی ذاتی ملکیت ہے، اس کو اپنی ذاتی ملکیت میں ہر طرح کے تصرف کا حق ہے بغیر کسی دباؤ کے بیوی غریب شوہر کے اوپر سے مہر معاف کردے، تو اس کو اختیار ہے۔

واتفق العلماء على أن المرأة المالكة لأمر نفسها إذا وهبت صداقها لزوجها نفذ ذلك عليها و لا رجوع لها فيه. (تفسير قرطبي، سورة النساء: ٤، دارالكتب العلمية بيروت ٥/ ١٨)

وصح حطها لكله، أو بعضه عنه قبل أو لا. (شامي، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ٣/ ١١٣، زكريا٤/ ٢٤٨) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
١٥/ جمادی الاولیٰ ١٤٣٤ھ
(فتویٰ نمبر: الف ٤٠/ ١١١٠٨)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
١٥/ ٥/ ١٤٣٤ھ

مہر معاف کرانے یا عورت کے خود معاف کرنے کا حکم

سوال [۵۹۳۵]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر عورت اپنے شوہر کے کہنے پر مہر معاف کردے، تو کیا معاف ہوجاتا ہے؟

(۲) اور اگر عورت خود سے معاف کردے، تو معاف ہوجاتا ہے یا نہیں؟

المستفتی: محمد وثیق الرحمٰن، پورنوی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) اگر شوہر نے صرف معاف کرنے کو کہا اور کسی قسم کی دباؤ اور جبر کی شکل اختیار نہیں کی ہے اور شوہر کے کہنے پر بیوی نے اپنی خوشی سے معاف کردیا ہے، تو شرعاً معاف ہوجائے گا۔

وصح حطها لكله، أو بعضه. (در مختار، كتاب النكاح، باب المهر، زكريا٤/٢٤٨، كراچي٣/١١٣)

ولابد في صحة حطها من الرضا حتى لو كانت مكرهة لم يصح. (عالمگيري، زكريا١/٣١٣، جديد ١/٣٨٠)

(۲) جی ہاں معاف ہوجاتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸؍صفر المظفر ۱۴۱۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۷؍ ۲۵٦۴)

بیوی نے پہلی رات مہر لینے سے انکار کردیا تو کیا حکم ہے؟

سوال[۵۹۳٦]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر شادی کی پہلی رات شوہر بیوی کو نقد حق مہر ادا کرے اور بیوی لینے سے انکار

کردے،توبعدمیں اگرطلاق واقع ہوجائے،توشوہر پرکیالازم ہوگا؟ وہ حق مہراداکرے یانہیں؟

نوٹ: بیوی نے انکارمیں لفظ معاف اپنی زبان سےنہیں اداکیاہے۔

المستفتی: امجد حسین ،اصالت پورہ ،مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگربیوی لینے سے انکارکردےاورمعاف کردے،تو طلاق واقع ہونے کے بعدمطالبہ کاحق نہ ہوگا، اگرچہ بوقت انکار معافی کا لفظ استعمال نہ کیاہو؛اس لئے کہ عرف میں مہر کے لینے سے انکارمعافی کے لئےمستعمل ہے۔

الثابت بالعرف كالثابت بالنص. (رسم المفتی قدیم ۹۵) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ:شبیراحمدقاسمی عفااللہ عنہ
۲۵/ذی الحجہ ۱۴۱۱ھ
(فتویٰ نمبر:الف ۲۴۹۶/۲۷)

شب زفاف میں مہرکی معافی کرانا

سوال [۵۹۳۷]: کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہم لوگ شرع کے مطابق ایک مسئلہ دریافت کرناچاہتے ہیں؛ کیونکہ ہم اس سے ناواقف ہیں،جس کے سبب دماغ بھٹک رہاہے،کئی لوگوں سے دریافت کیا؛لیکن کوئی بھی تشفی بخش جواب نہ دے سکا؛ لہٰذا التماس ہے کہ مہربانی فرماکراس کی بابت صحیح مسئلہ اوروجہ بتانے کی زحمت کریں عین نوازش ہوگی۔

مسئلہ:شادی کی پہلی رات میں اپنی بیوی سے مہرمعاف کرائے جاتے ہیں،توکیاوہ مہراگربیوی معاف کردے،توہمیشہ کے لئے معاف ہوجاتے ہیں یاکہ اگرخدانخواستہ طلاق ہوجائے،تووہ مہر کے روپئے شوہرکواداکرناہوتے ہیں،اگرطلاق کے بعدوہ روپئے شوہرکواداکرنا لازمی ہیں،توپھرشادی کی پہلی رات میں بیوی کےقول کے مطابق وہ معاف کیوں نہیں ہوتے؟

المستفتی: حافظ محمد طاہرحسین کیراف عبدالرحمٰن چکی والے،اصالت پورہ،مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر بیوی پہلی رات میں بلا کسی جبر و دباؤ کے بخوشی ورضاء اپنا مہر معاف کردیتی ہے، تو معاف ہوجائے گا، پھر آئندہ کبھی مطالبہ کا حق نہیں ہوگا اور اگر جبر و دباؤ سے معاف کرایا جاتا ہے، تو معاف نہیں ہوگا بعد میں مطالبہ کا حق باقی رہے گا۔ (مستفاد: بہشتی زیور اختری ۴/۱۴، دار العلوم ۸/۳۰۵)

وصح حطها لكله، أو بعضه عنه قبل أولا. (الدر المختار، كتاب النكاح، باب المهر، زكريا٤/٢٤٨، كراچي ٣/١١٣، هداية اشرفي ديوبند ٢/٣٢٥)

وحط المرأة من مهرها؛ لأن المهر في حالة البقاء حقها. (البحرالرائق كوئٹه٣/١٥٠، زكريا ٣/٢٦٣)

عن ابن عباسؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ضرر ولا ضرار. الحديث (مسند أحمد بن حنبل ١/٣١٣، رقم:٢٨٦٧، الاشباه و النظائر قديم مطبع ديوبند ١٣٩) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰؍ جمادی الثانیہ ۱۴۱۰ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۲۶/۱۸۲۳)

شب زفاف میں معاف کیے ہوئے مہر کی حیثیت

سوال [۵۹۳۸]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شادی کے بعد شب زفاف میں شوہر بیوی سے مہر معاف کراتا ہے اور بیوی بھی کہہ دیتی ہے کہ میں نے معاف کیا، میرے اللہ نے معاف کیا، تو ایسی صورت میں مہر معاف ہوجائے گا یا نہیں؟ اس کے بعد اگر بیوی مہر کا مطالبہ کرے تو کرسکتی ہے یا نہیں؟ اور اگر مطالبہ نہیں کرتی تو شوہر بری الذمہ ہوگا یا نہیں؟

المستفتی: انیس احمد، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شب زفاف میں شوہر کے مطالبہ پر بیوی کا مہر معاف کر دینا ایک قابل غور بات ہے؛ اس لئے کہ مہر کی معافی صحیح طور پر اسی وقت ممکن ہے جب بیوی طیب نفس اور خوشی سے اپنا مہر معاف کر دے اور شب زفاف میں جب شوہر نے مہر کی معافی کا مطالبہ کر دیا تو بیوی کے لئے بدمزگی سے بچنے کے لئے اور خوشی کے ماحول کو خراب ہونے سے بچانے کے واسطے اس کے علاوہ کوئی دوسری شکل نہیں ہے کہ شوہر کے مطالبہ پر مہر معاف کر دے، اس طرح سے مہر معاف کرنا قطعی طور پر طیب نفس اور خوشی سے نہیں ہوتا؛ اس لئے حضرت تھانویؒ نے طیب نفس سے معاف کرنے کا ضابطہ یوں بیان فرمایا ہے کہ مہر کی رقم بیوی کے حوالہ کر دی جائے اور اس کے بعد وہ اپنی خوشی و مرضی سے بغیر کسی دباؤ کے شوہر کو واپس کر دے؛ لہٰذا شب زفاف میں مہر کے معاف کرانے میں طیب نفس کی کوئی شکل نہیں پائی جاتی؛ اس لئے شب زفاف میں معاف کرانے کے باوجود مہر معاف نہیں ہوگا، بعد میں بیوی کو مہر کے مطالبہ کا حق بدستور باقی رہے گا اور شوہر اس معافی کی وجہ سے بری الذمہ نہیں ہوگا۔ (مستفاد: معارف القرآن ۲/۱۶۹، سورۃ النساء: ۴ کے ذیل میں)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ألا لاتظلموا ألا لايحل مال امرئ إلا بطيب نفسه منه.

(مشكوة شريف ٢٥٥، شعب الايمان، دارالكتب العلمية بيروت ٣٨٧/٤، رقم: ٥٤٩٢)

لايجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي. (شامي، كتاب الحدود، باب التعزير، زكريا ١٠٦/٦، كراچي ٦١/٤) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۴/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۰۴۳۴/۳۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۳۲/۶/۱۴ھ

مہر معاف کردوں گی کہنے سے مہر کا حکم

سوال[۵۹۳۹]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ زید کی بیوی کا انتقال ہونے کے قریب ہے، دو چار دن پہلے زید اور بیوی میں مہر کے متعلق بات ہوئی تو زید کی بیوی نے زید سے کہا کہ میں مہر وغیرہ سب معاف کردوں گی، تم کو قرض دار نہیں چھوڑوں گی؛ لیکن میری ماں، بھائی کو آنے دو، اسی اثناء میں زید کی بیوی کا انتقال ہوجاتا ہے۔

اب بیوی کا مہر معاف سمجھا جائے گا یا شوہر کو مہر ادا کرنا ہوگا اور اگر ادا کرنا ہو، تو اس کی کیا صورت ہے؟ اب یہ زید کس کو مہر کی قیمت دے گا؟ جبکہ زید کے سسرال والوں میں کوئی بھی مہر وغیرہ طلب نہیں کرتا اس کا صحیح طریقہ تحریر فرمائیے۔ جواب بہت جلد عنایت فرمائیں نوازش ہوگی۔

المستفتی: مولوی خلیل احمد، شوپوری، پوسٹ: پیغمبر پور، سوار

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بیوی نے مذکورہ الفاظ سے مہر معاف کرنے کا صرف وعدہ کیا تھا معاف نہیں کیا ہے؛ اس لئے شوہر کے اوپر شرعاً مہر کی ادائیگی واجب ہوگی اور یہ مہر بیوی کا ترکہ شمار ہوگا، اس میں بیوی کے تمام شرعی ورثاء حقدار ہوں گے؛ لہٰذا اگر بیوی کی اولاد نہیں ہے، تو شوہر کو کل مہر کا نصف ملے گا اور اگر بیوی کی اولاد موجود ہے، تو شوہر کو کل مال کا ربع ملے گا بقیہ دوسرے ورثاء کو ملے گا بقیہ اگر ورثاء کی تعداد ونام درج کردیا جاتا تو سب کے لئے سہام بھی بنا دیئے جاتے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۶ر جمادی الثانیہ ۱۴۰۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۱۲۷۲/۲۴)

زبردستی دین مہر معاف کروانا

سوال [۵۹۴۰]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک لڑکا تھا جس کا نام اورنگ زیب تھا اس کی شادی کو تقریباً ڈیڑھ سال ہوئے تھے، اس کا اب انتقال ہوگیا، شادی میں لڑکی کے گھر والوں نے چالیس ہزار روپئے کا سامان دیا تھا، چالیس ہزار میں لڑکی کا جہیز بھی شامل تھا اور لڑکے کے کپڑے وغیرہ سب اس میں شامل تھے اور لڑکی کو کچھ زیورات ان کے گھر والوں نے دیئے تھے (یعنی لڑکی کے گھر والوں نے) اور نکاح میں دین مہر دس ہزار روپئے اور پانچ اشرفی باندھا گیا تھا، اورنگ زیب کے انتقال کے دو گھنٹے بعد لڑکی کے پاس ایک مولانا صاحب گئے اور کچھ عورتیں گئیں، لڑکی سے کہا کہ دین مہر معاف کردو، تو اس لڑکی نے دین مہر معاف کردیا۔

اب تین مہینے کے بعد لڑکی کہتی ہے کہ میں نے دین مہر معاف نہیں کیا، تو اس کا شرعی حکم کیا ہے، کیا دین مہر معاف ہوا یا نہیں؟

(۲) اور چالیس ہزار روپئے بھی مانگ رہی ہے، اس کے بارے میں کیا حکم شرعی ہے اور اگر دیا جائے گا، تو کون ادا کرے گا؟

(۳) دوسرے بھائی نے اس کے رہنے کے لئے مکان بھی دلوایا تھا اور کاروبار کے لئے پچیس ہزار روپئے بھی دیئے تھے اور گھر کا ضروری سامان بھی دیا تھا، اورنگ زیب کی والدہ نے بھی کچھ زیورات دیئے تھے، تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

(۴) مرحوم کے گھر میں چار مشینیں ہیں ایک سلائی مشین تین کڑھائی مشین اور مرحوم کا بینک میں تقریباً دس ہزار روپیہ ہے تو یہ کس کو ملے گا؟

(۵) اورنگ زیب کے انتقال کے بعد اس کی بیوی نے چار مہینہ کا حمل بھی گرادیا اپنے ماں باپ کے کہنے پر حالانکہ یہ لوگ اب بھی اسے رکھنے کے لئے تیار ہیں حکم شرعی سے مطلع فرمائیں؟

المستفتی: طفیل احمد مہاراشٹری، ایس کے بہلو ممبئی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: (۱) اورنگ زیب کے انتقال کے دو تین گھنٹہ کے بعد کچھ عورتیں اور مولانا صاحب کے لڑکی کے پاس جانے کا مطلب یہ ہے کہ ابھی اورنگ زیب کا جنازہ روانہ بھی نہیں ہوا ہوگا، تو ایسی حالت میں اس طرح لوگوں کا جا کر کے بیوی پر مہر معاف کرنے سے متعلق اصرار کر کے دباؤ ڈالنا اور ایسی حالت میں مجبور ہو کر کے اس کا مہر معاف کرنے سے معاف نہیں ہوتا ؛ بلکہ بطیّب خاطر اور خوشی ومرضی سے معاف کرنے سے معاف ہوتا ہے اور یہاں کوئی خوشی اور مرضی نہیں تھی ؛ اس لئے مذکورہ صورت میں مہر معاف نہیں ہوا۔

ولا بد في صحة حطها من الرضا حتى لو كانت مكرهة لم يصح.
(عالمگيري، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل السابع في الزيادة في المهر، زكريا ۱/۳۱۳، جديد ۱/۳۸۰)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل مال امرئٍ مسلم إلا بطيب نفس منه. (شعب الإيمان، دارالكتب العلمية بيروت ۳۸۷/۴، رقم: ۵۴۹۲، مسند أبي يعلىٰ الموصلي، دارالكتب العلمية بيروت ۹۱/۲، رقم: ۱۵۶۷، مجمع الزوائد، دارالكتب العلمية بيروت ۲۶۵/۳، مستدرك حاكم قديم ۹۳/۱، جديد مكتبه نزار مصطفىٰ الباز بيروت ۱۳۷/۱، رقم: ۳۱۸، بالفاظ ديگر جامع الاحاديث رقم: ۲۶۷۵۹، مسند إمام أحمد بن حنبل ۷۲/۵، رقم: ۲۱۱۴۰)

(۲) چالیس ہزار روپئے مانگنے کی بات بظاہر سوال نامہ میں غلط ہے؛ البتہ ایسا ممکن ہے کہ چالیس ہزار روپئے لے کر جانبین کی مرضی کے مطابق سامان خریدا گیا ہو؛ اس لئے کہ سوال نامہ خود ہی بتا رہا ہے کہ ان روپیوں کے اندر جہیز کا سامان بھی شامل ہے؛ اس لئے اصل واقعہ اور سوال کی حقیقت سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ چالیس ہزار روپئے کے مختلف سامان ہیں، تو لڑکی کو وہ تمام سامان واپس لینے کا حق ہے؛ لیکن وہ سامان جس حالت میں ہے، اسی حالت

میں لینے کا حق ہے پرانے ہوگئے ہوں تو پرانی حالت میں ٹوٹ گئے ہوں تو ٹوٹی ہوئی حالت میں صحیح سالم اور نئے ہیں تو اسی حالت میں الغرض جو سامان جس حالت میں ہے، اسی حالت میں لینے کا حق ہے، چالیس ہزار روپئے نقد مانگنے کا حق نہیں ہے۔

قال اللّٰه تعالیٰ: اِنَّ اللّٰهَ یَأْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوْا الْاَمَانَاتِ اِلٰی اَهْلِهَا. [النساء:۵۸]

ومنها وجوب الأداء إلى المالک؛ لأن اللّٰه تعالیأمر بأداء الأمانات إلى أهلها، وأهلهامالكها. (بدائع الصنائع، كتاب الوديعة، فصل واما بيان حال الوديعة، زكريا ۵/۳۱۳)

واما حكمها فوجوب الحفظ على المودع وصيرورة المال أمانة في يده ووجوب أدائه عند طلب مالكه. (عالمگيري،زكريا ٤/۳۳۸ جديد ۱/۳٤۹)

وهي أمانة هذا حكمها مع وجوب الحفظ والأداء عند الطلب.

(درمختار مع شامي، كراچي ۵/٦٦٤، زكريا ۸/٤۵۵)

(۳) اورنگ زیب کے بھائیوں نے اس کو رہنے کیلئے جو گھر دیا تھا اور کاروبار کے لئے پچیس ہزار روپئے اور گھر کا ضروری سامان دیئے تھے، اگر یہ تمام چیزیں امانت کے طور پر دی تھیں، تو یہ تمام چیزیں اورنگ زیب کی ملکیت ہیں اور اس کی وفات کے بعد ترکہ میں شامل ہوں گی اور اورنگ زیب کی والدہ نے جو زیورات اپنی بہو کو دئے تھے اس میں عرف کا اعتبار ہوگا، اگر عرف میں ساس کی جانب سے بہو کو اس جیسے زیورات کا مالک بنایا جاتا ہے، تو عورت اس کی مالک ہوجائیگی اور اگر عاریت اور استعمال کے طور پر دیا تھا، تو وہ زیورات عاریت میں شمار ہوں گے، اسے لینے کا حق نہیں ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/۱۳۱-۵/۱۲۳، جدید زکریا ۵/۱۳۰-۱۳۲، فتاوی دارالعلوم ۸/۳۶۳)

فلو وهب لذى رحم محرم منه نسباً، ولو ذميًا، أو مستأمنا لايرجع.

(شامي، كتاب الهبة، باب للرجوع في الهبة، كراچي ۵/۷۰٤، زكريا ۸/۵۱۲)

بعث إلى امرأة ابنه متاعاً، ثم ادعىٰ أنه بعث أمانة صدق. (تاتارخانية، زكريا ٤/۲۱۰، رقم: ۵۹۹۱)

(۴) یہ سارا سامان مشینیں یہ سب کی سب اورنگ زیب کے ترکہ میں شمار ہوں گے اوران کو چار حصہ کر کے ایک حصہ اورنگ زیب کی بیوی کا حق ہے؛ اس لئے کہ اولاد کی عدم موجودگی میں بیوی کو چوتھا حصہ ملتا ہے۔

ویقسم الباقي بعد ذٰلک بین ورثته أي الذین ثبت إرثهم بالکتاب، أوالسنة. (شامي، کتاب الفرائض، کراچي ٦/ ٧٦١، زکریا ١٠/ ٤٩٧، السراجي في المیراث ٥)

أما للزوجات فحالتان الربع للواحدة فصاعدة عندم عدم الولد وولد الابن وإن سفل. (السراجي في المیراث ١٢)

فیفرض للزوجة فصاعداً الثمن مع ولد، أو ولد ابن وإن سفل، والربع لها عند عدمها. (تنویر الأبصار مع الشامي٦/ ٧٦٩، ٧٧٠، زکریا ١٠/ ٥١٢)

(۵) بلا عذر شرعی جان بوجھ کر حمل کا گرا دینا گناہ کبیرہ ہے، حمل گرانے میں جن کا مشورہ شامل ہے بیوی کے ساتھ وہ بھی گنہگار رہوں گے، سب کے اوپر توبہ لازم ہے۔

عن أبي عبیدة بن عبد الله عن أبیه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: التائب من الذنب کمن لا ذنب له. (سنن ابن ماجه، أبواب الزهد، باب ذکر التوبة،النخسة الهندیة٣ ٣١، دارالسلام رقم: ٤٢٥٠) **فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم**

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۷ ارصفر المظفر ۱۴۲۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۶/ ۷۹۲۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۴/۲/۱۸ھ

شوہر کے انتقال کے بعد مہر معاف کروانا

سوال [۵۹۴۱]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ کسی کے شوہر کا وہ انتقال ہوگیا اوراس نے مہر ادا نہیں کیا تھا، توپڑوس کے

لوگ کہتے ہیں کہ تو اپنے شوہر کا مہر معاف کردے، جو اس نے ادا نہیں کیا ہے، تو عورت ان کے اصرار کرنے پر معاف کردیتی ہے آیا یہ معاف کرنا اور کہنا صحیح ہے یا نہیں؟

المستفتی: نظام الدین، بھوپالی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: شوہر نے اپنی زندگی میں بیوی کا مہر ادا نہیں کیا تھا، تو شوہر کے انتقال کے بعد ترکہ میں سے بیوی کا مہر ادا کرنا لازم ہے، پڑوس کے لوگوں کا بیوی پر اصرار کرتے ہوئے یہ کہنا کہ مہر معاف کردے درست نہیں ہے اور عورت مجبور ہوکر شرم و حیاء کی وجہ سے مہر معاف کردے، تو یہ معافی معتبر نہیں سمجھی جائے گی؛ بلکہ عورت کا مہر شوہر کے ذمہ علی حالہ باقی رہے گا، شوہر کے ترکہ میں سے بیوی کا مہر ادا کرنا لازم اور ضروری ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی قدیم ۵/۱۱۱، جدید زکریا ۵/۱۱۲)

ولا بد في صحة حطها من الرضا حتى لو كانت مكرهة لم يصح.

(هندية، كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل السابع في الزيادة في المهر، زكريا ۱/۳۱۳، جديد زكريا ۱/۳۸۰)

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۱۰/رجب المرجب ۱۴۱۹ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴/۵۸۵۸)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۲/۷/۱۴۱۹ھ

میت کے کان میں مہر معاف کرنا

سوال [۵۹۴۲]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ہمارے یہاں ایک رواج ہے، جب کسی کے گھر میت ہوجاتی ہے، تو اس کی قریبی عورت اور خاندان اور پڑوس کی عورتیں اپنے اپنے گھر سے گیہوں، چاول، دال، آٹا،

مرچ وغیرہ میت کے گھر پہونچاتی ہیں اور پھر وہ سارا راشن کسی غریب کو دیدیا جاتا ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ یہ کیا طریقہ ہے، اس طرح سے میت کے گھر پر چیزیں پہونچانی درست ہیں؟ اگر درست نہیں تو عوام کو اس سے کس طرح سے منع کریں اور سمجھائیں، ایسے ہی اگر شوہر کا انتقال ہوتا ہے، تو اس کی عورت کو دیگر عورتیں مجبور کرتی ہیں کہ اپنے شوہر کے کان میں کہہ دے کہ میں نے مہر معاف کردیا۔ کیا اس طرح مہر معاف کرانے سے مہر معاف ہوجائے گا یا اس عدم ادائیگی کا وبال شوہر پر رہے گا؟

المستفتی: عبدالرشید قاسمی، سیڑھا، بجنور

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: میت کے گھر آٹا، گیہوں وغیرہ راشن پہونچانے کے متعلق کسی حدیث وفقہ کی عبارت نظر سے نہیں گذری، یہ عوام کی ایجاد کردہ ہے۔ نیز غریب وفقیر کو صدقہ کرنا فی نفسہ نیک کام ہے، مگر جس کو دینا ہے وہ اپنے گھر سے دے سکتا ہے، میت کے گھر لے جانے کی ضرورت نہیں۔

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ. [سورة النحل:۱۲۵]

کے طریقہ سے سمجھایا جائے؛ البتہ تیار شدہ کھانا میت کے پسماندگان کے لئے بھیجنا حدیث شریف سے ثابت ہے؛ کیونکہ وہ لوگ اپنی مشغولیت وغم کی وجہ سے کھانا تیار نہ کرسکیں گے۔

ویستحب لجیران أهل المیت والأقرباء الأباعد تهیئة طعام لهم یشبعهم یومهم ولیلتهم. لقوله صلی اللّٰه علیه وسلم اصنعوا لآل جعفر طعاماً، فقد جاء هم مایشغلهم الخ. (شامي، کتاب الصلاة، باب صلوة الجنازة، زکریا۳/۱۴۸، کراچي ۲/۲۴۰، هکذا هندیة، زکریا ۵/۳۴۴،جدید ۵/۳۹۸ قاضیخان علی الهندیة، زکریا۳/۴۰۵،جدید۳/۲۹۲)

اور موت کے بعد کان میں مہر معاف کرنے کی بات کسی صحیح روایت یا فقہ کی عبارت میں دیکھنے میں نہیں آئی؛ ہاں البتہ مہر معاف کردینے سے معاف ہوجاتا ہے۔

إن المرأ يعامل في حق نفسه كما أقربه الخ. (قواعد الفقه اشرفي ١٤)
فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۲/ربیع الثانی ۱۴۱۴ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۳۴۲۵/۲۹)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۱۴/۴/۲۲ھ

مجبور ہوکر طلاق دینے کی صورت میں مہر کا حکم

سوال [۵۹۴۳]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ اگر بیوی شوہر کو چھوڑ کر چلی جائے اور باوجود کوشش کے نہ آئے، مجبور ہوکر طلاق دینی پڑے، تو کیا ایسی صورت میں طلاق دینے کے بعد شوہر کے ذمہ دین مہر کی ادائے گی لازم ہے؟

المستفتی: عبدالجبار، مرادآباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: اگر طلاق دینے سے قبل بیوی سے طلاق علی المال یا خلع بعوض مہر کا معاملہ نہیں کیا گیا، تو ایسی صورت میں آپ کے ذمہ مہر کی ادائیگی لازم ہے۔
(مستفاد: فتاوی دارالعلوم ۲۴۹/۸)

وتجب العشرة إن سماها، أو دونها ويجب الأكثر منها إن سمىٰ الأكثر ويتأكد عند وطء، أو خلوة صحت من الزوج، أو موت أحدهما.
(درمختار، كتاب النكاح، باب المهر، كراچي ١٠٢/٣، زكريا ٢٣٣/٤) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

کتبہ: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ
۲۸/محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
(فتویٰ نمبر: الف ۷۰۵۳/۳۵)

الجواب صحیح:
احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ
۱۴۲۲/۱/۲۹ھ